اور ان میں سے کوئی کسی (دوسرے) کے قبلہ کی پیروی کرنے والا نہیں، اور اگر آپ نے ان کی خواہشات کی پیروی کی

مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ اَلَّذِيْنَ

مِّنْۢ بَعْدِ	مَا جَآءَكَ	مِنَ الْعِلْمِ	اِنَّكَ	اِذًا	لَّمِنَ	الظّٰلِمِيْنَ	اَلَّذِيْنَ
اس کے بعد	کہ آچکا آپکے پاس	علم	بیشک آپ	اب	سے	بے انصاف	اور جنہیں

اس کے بعد کہ آپ کے پاس علم آچکا تو اب بیشک آپ بے انصافوں میں سے ہوں گے۔ اور جنہیں

اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ

اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يَعْرِفُوْنَهٗ	كَمَا	يَعْرِفُوْنَ	اَبْنَآءَهُمْ	وَاِنَّ	فَرِيْقًا	مِّنْهُمْ
ہم نے دی	کتاب	وہ اسے پہچانتے ہیں	جیسے	وہ پہچانتے ہیں	اپنے بیٹے	اور بیشک	ایک گروہ	ان سے

ہم نے کتاب دی وہ اسے پہچانتے ہیں جیسے وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں، اور بیشک ان میں سے ایک گروہ

لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴۶﴾ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ

لَيَكْتُمُوْنَ	الْحَقَّ	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	اَلْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّكَ	فَلَا تَكُوْنَنَّ
وہ چھپاتے ہیں	حق	حالانکہ وہ	وہ جانتے ہیں	حق	سے	آپ کا رب	پس آپ نہ ہو جائیں

حق کو چھپاتا ہے حالانکہ وہ جانتے ہیں (یہ) حق ہے آپ کے رب کی طرف سے پس آپ نہ ہو جائیں

مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ

مِنَ	الْمُمْتَرِيْنَ	وَلِكُلٍّ	وِّجْهَةٌ	هُوَ	مُوَلِّيْهَا	فَاسْتَبِقُوا	الْخَيْرٰتِ
سے	شک کرنے والے	اور ہر ایک کے لئے	ایک سمت	وہ	اس طرف رُخ کرتا ہے	پس تم سبقت لے جاؤ	نیکیاں

شک کرنے والوں سے۔ اور ہر ایک کے لئے ایک سمت ہے جس طرف وہ رُخ کرتا ہے پس تم نیکیوں میں سبقت لے جاؤ،

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۴۸﴾

اَيْنَ مَا	تَكُوْنُوْا	يَاْتِ بِكُمُ	اللّٰهُ	جَمِيْعًا	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ
جہاں کہیں	تم ہوگے	لے آئیگا تمہیں	اللہ	اکٹھا	بیشک اللہ	پر	ہر	چیز	قدرت رکھنے والا

جہاں کہیں تم ہوگے اللہ تمہیں اکٹھا کرلے گا، بے شک اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۖ

وَ	مِنْ حَيْثُ	خَرَجْتَ	فَوَلِّ	وَجْهَكَ	شَطْرَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
اور	جہاں سے	آپ نکلیں	پس کر لیں	اپنا رُخ	طرف	مسجد حرام

اور جہاں سے آپ نکلیں، پس اپنا رُخ مسجد حرام کی طرف کر لیں ،

وَإِنَّهُ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ۗ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَمِنْ حَيْثُ

وَإِنَّهُ	لَلْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	وَمَا	اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ	وَمِنْ حَيْثُ
اور بیشک یہی	حق	آپ کے رب سے	اور نہیں	اللہ	بے خبر	اس سے جو	تم کرتے ہو	اور جہاں سے

اور بیشک آپ کے رب (کی طرف) سے یہی حق ہے اور اللہ اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو- اور جہاں کہیں سے

خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۖ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا

خَرَجْتَ	فَوَلِّ	وَجْهَكَ	شَطْرَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَحَيْثُ	مَا كُنْتُمْ	فَوَلُّوْا
آپ نکلیں	پس کر لیں	اپنا رُخ	طرف	مسجد حرام	اور جہاں کہیں	تم ہو	سو کر لو

آپ نکلیں اپنا رُخ مسجد حرام کی طرف کر لیں، اور تم جہاں کہیں ہو سو کر لو

وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۗ إِلَّا الَّذِيْنَ

وُجُوْهَكُمْ	شَطْرَهٗ	لِئَلَّا	يَكُوْنَ	لِلنَّاسِ	عَلَيْكُمْ	حُجَّةٌ	إِلَّا	الَّذِيْنَ
اپنے رُخ	اس کی طرف	تاکہ نہ	رہے	لوگوں کے لئے	تم پر	کوئی دلیل	سوائے	وہ جو کہ

اپنے رُخ اس کی طرف، تاکہ لوگوں کے لئے تم پر کوئی دلیل نہ رہے سوائے ان کے لئے جو

ظَلَمُوْا مِنْهُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ وَلِأُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ

ظَلَمُوْا	مِنْهُمْ	فَلَا تَخْشَوْهُمْ	وَاخْشَوْنِيْ	وَلِأُتِمَّ	نِعْمَتِيْ	عَلَيْكُمْ	وَلَعَلَّكُمْ
بے انصاف	ان سے	سو تم نہ ڈرو اُن سے	اور ڈرو مجھ سے	تاکہ میں پوری کروں	اپنی نعمت	تم پر	اور تاکہ تم

ان میں سے بے انصاف ہیں، سو تم ان سے نہ ڈرو، اور مجھ سے ڈرو تاکہ میں اپنی نعمت تم پر پوری کر دوں، اور تاکہ تم

تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ كَمَا أَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَ

تَهْتَدُوْنَ	كَمَا	أَرْسَلْنَا	فِيْكُمْ	رَسُوْلًا	مِّنْكُمْ	يَتْلُوْا	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِنَا	وَ
ہدایت پاؤ	جیسا کہ	ہم نے بھیجا	تم میں	ایک رسول	تم میں سے	وہ پڑھتے ہیں	تم پر	ہمارے حکم	اور

ہدایت پاؤ- جیسا کہ ہم نے تم میں ایک رسول تم میں سے بھیجا، وہ تم پر ہمارے حکم پڑھتے ہیں، اور

يُزَكِّيكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا

يُزَكِّيكُمْ	وَيُعَلِّمُكُمُ	الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَيُعَلِّمُكُمْ	مَّا	لَمْ تَكُوْنُوْا
اور پاک کرتے ہیں تمہیں	اور سکھاتے ہیں تم کو	کتاب	اور حکمت	اور سکھاتے ہیں تمہیں	جو	تم نہ تھے

اور وہ تمہیں پاک کرتے ہیں، اور تمہیں کتاب وحکمت (دانائی) سکھاتے ہیں، اور تمہیں وہ سکھاتے ہیں جو تم نہ تھے

تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿۱۵۲﴾

تَعْلَمُوْنَ	فَاذْكُرُوْنِيْٓ	اَذْكُرْكُمْ	وَاشْكُرُوْا لِيْ	وَلَا	تَكْفُرُوْنِ
جانتے	سو یاد کرو مجھے	میں یاد رکھوں گا تمہیں	اور تم شکر کرو میرا	اور نہ	ناشکری کرو میری

جانتے - سو مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد رکھوں گا، اور تم میرا شکر کرو اور میری ناشکری نہ کرو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اسْتَعِيْنُوْا	بِالصَّبْرِ	وَالصَّلٰوةِ	اِنَّ	اللّٰهَ
اے	جو کہ	ایمان لائے	تم مدد مانگو	صبر سے	اور نماز	بیشک	اللہ

اے ایمان والو! تم صبر اور نماز سے مدد مانگو، بیشک اللہ

مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۭ

مَعَ	الصّٰبِرِيْنَ	وَلَا	تَقُوْلُوْا	لِمَنْ	يُّقْتَلُ	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	اَمْوَاتٌ
ساتھ	صبر کرنے والے	اور نہ	کہو	اسے جو	مارے جائیں	میں	راستہ	اللہ	مُردہ

صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے - اور جو اللہ کی راہ میں مارے جائیں انہیں مُردہ نہ کہو،

بَلْ اَحْيَاۗءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ

بَلْ	اَحْيَاۗءٌ	وَّ	لٰكِنْ	لَّا تَشْعُرُوْنَ	وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ	بِشَيْءٍ	مِّنَ	الْخَوْفِ
بلکہ	زندہ	اور	لیکن	تم شعور نہیں رکھتے	اور ضرور ہم آزمائیں گے تمہیں	کچھ	سے	خوف

بلکہ وہ زندہ ہیں، لیکن تم (اس کا) شعور نہیں رکھتے - اور ہم تمہیں ضرور آزمائیں گے کچھ خوف سے،

وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ۭ وَبَشِّرِ

وَالْجُوْعِ	وَنَقْصٍ	مِّنَ	الْاَمْوَالِ	وَالْاَنْفُسِ	وَالثَّمَرٰتِ	وَبَشِّرِ
اور بھوک	اور نقصان	سے	مال (جمع)	اور جان (جمع)	اور پھل (جمع)	اور خوشخبری دیں آپ

اور بھوک سے، اور مال وجان اور پھلوں کے نقصان سے، اور آپ خوش خبری دیں

الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ

الصّٰبِرِيْنَ	الَّذِيْنَ	اِذَآ	اَصَابَتْهُمْ	مُّصِيْبَةٌ	قَالُوْٓا	اِنَّا لِلّٰهِ	وَاِنَّآ
صبر کرنے والے	وہ جو	جب	پہنچے انہیں	کوئی مصیبت	وہ کہیں	ہم اللہ کے لئے	اور ہم

صبر کرنے والوں کو ۔ وہ جنہیں جب کوئی مصیبت پہنچے تو وہ کہیں ہم اللہ کے لئے ہیں اور ہم

اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ

اِلَيْهِ	رٰجِعُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	عَلَيْهِمْ	صَلَوٰتٌ	مِّنْ	رَّبِّهِمْ	وَ
اس کی طرف	لوٹنے والے	یہی لوگ	ان پر	عنایتیں	سے	ان کا رب	اور

اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ۔ یہی لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی طرف سے عنایتیں ہیں ، اور

رَحْمَةٌ ۭ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ

رَحْمَةٌ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُهْتَدُوْنَ	اِنَّ	الصَّفَا	وَالْمَرْوَةَ
رحمت	اور یہی لوگ	وہ	ہدایت یافتہ	بیشک	صفا	اور مروہ

رحمت ہے ، اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں ۔ بیشک صفا اور مروہ

مِنْ شَعَاۗىِٕرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ

مِنْ	شَعَاۗىِٕرِ	اللّٰهِ	فَمَنْ	حَجَّ	الْبَيْتَ	اَوِ	اعْتَمَرَ	فَلَا جُنَاحَ	عَلَيْهِ
سے	نشانات	اللہ	پس جو	حج کرے	خانہ کعبہ	یا	عمرہ کرے	تو نہیں کوئی حرج	اس پر

اللہ کے نشانات سے ہیں ، پس جو کوئی خانہ کعبہ کا حج کرے یا عمرہ تو اس پر کوئی حرج نہیں

اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۭ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۵۸﴾

اَنْ	يَّطَّوَّفَ	بِهِمَا	وَمَنْ	تَطَوَّعَ	خَيْرًا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	شَاكِرٌ	عَلِيْمٌ
کہ	وہ طواف کرے	ان دونوں	اور جو	خوشی سے کرے	کوئی نیکی	تو بیشک	اللہ	قدردان	جاننے والا

کہ ان دونوں کا طواف کرے ، اور جو خوشی سے کوئی نیکی کرے تو بیشک اللہ قدردان ، جاننے والا ہے ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ

اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَكْتُمُوْنَ	مَآ اَنْزَلْنَا	مِنَ	الْبَيِّنٰتِ	وَالْهُدٰى	مِنْۢ بَعْدِ
بیشک	جو لوگ	چھپاتے ہیں	جو نازل کیا ہم نے	سے	کھلی نشانیاں	اور ہدایت	اس کے بعد

بیشک جو لوگ چھپاتے ہیں جو اللہ نے کھلی نشانیاں اور ہدایت نازل کی ، اس کے بعد کہ

مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ

مَا بَيَّنّٰهُ	لِلنَّاسِ	فِي الْكِتٰبِ	اُولٰٓئِكَ	يَلْعَنُهُمُ	اللّٰهُ	وَيَلْعَنُهُمُ
ہم نے واضح کر دیا	لوگوں کے لئے	کتاب میں	یہی لوگ	لعنت کرتا ہے ان پر	اللہ	اور لعنت کرتے ہیں ان پر

ہم نے اسے کتاب میں لوگوں کے لئے واضح کر دیا، یہی لوگ ہیں جن پر اللہ لعنت کرتا ہے اور ان پر لعنت کرتے ہیں

اللّٰعِنُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا فَاُولٰٓئِكَ

اللّٰعِنُوْنَ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	تَابُوْا	وَاَصْلَحُوْا	وَبَيَّنُوْا	فَاُولٰٓئِكَ
لعنت کرنے والے	سوائے	وہ لوگ جو	انہوں نے توبہ کی	اور اصلاح کی	اور واضح کیا	پس یہی لوگ ہیں

لعنت کرنے والے۔ سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے توبہ کی اور اصلاح کی اور واضح کر دیا، پس یہی لوگ ہیں

اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اَتُوْبُ	عَلَيْهِمْ	وَاَنَا	التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
میں معاف کرتا ہوں	انہیں	اور میں	معاف کرنے والا	رحم کرنے والا	بیشک	جو لوگ	کافر ہوئے

جنہیں میں معاف کرتا ہوں، اور میں معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہوں۔ بیشک جو لوگ کافر ہوئے

وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

وَمَاتُوْا	وَهُمْ	كُفَّارٌ	اُولٰٓئِكَ	عَلَيْهِمْ	لَعْنَةُ	اللّٰهِ	وَالْمَلٰٓئِكَةِ
اور وہ مر گئے	اور وہ	کافر	یہی لوگ	ان پر	لعنت	اللہ	اور فرشتے

اور وہ (کافر) ہی مر گئے، یہی لوگ ہیں جن پر لعنت ہے اللہ کی اور فرشتوں کی،

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ

وَالنَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	لَا يُخَفَّفُ	عَنْهُمُ	الْعَذَابُ
اور لوگ	تمام	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	نہ ہلکا ہوگا	ان سے	عذاب

اور تمام لوگوں کی۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، ان سے عذاب ہلکا نہ ہوگا،

وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

وَلَا	هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	وَاِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ
اور نہ	انہیں	مہلت دی جائے گی	اور معبود تمہارا	معبود	ایک (یکتا)	نہیں	عبادت کے لائق	سوائے اس کے

اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی۔ اور تمہارا معبود یکتا معبود ہے، اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں،

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾ إِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَ

الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ	إِنَّ	فِيْ	خَلْقِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضِ	وَ
نہایت مہربان	رحم کرنے والا	بیشک	میں	پیدائش	آسمانوں	اور زمین	اور

نہایت مہربان، رحم کرنے والا۔ بیشک زمین اور آسمانوں کی پیدائش میں، اور

اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا

اخْتِلَافِ	الَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	وَالْفُلْكِ	الَّتِيْ	تَجْرِيْ	فِي	الْبَحْرِ	بِمَا
بدلتے رہنا	رات	اور دن	اور کشتی	جو کہ	بہتی ہے	میں	سمندر	ساتھ+جو

رات اور دن کے بدلتے رہنے میں، اور (اس) کشتی میں جو سمندر میں بہتی ہے (ان چیزوں کے) ساتھ جو

يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ

يَنْفَعُ	النَّاسَ	وَمَا	أَنْزَلَ	اللّٰهُ	مِنَ السَّمَآءِ	مِنْ	مَّآءٍ	فَأَحْيَا	بِهِ	الْأَرْضَ
نفع دیتی ہے	لوگ	اور جو کہ	اتارا	اللہ	آسمانوں سے	سے	پانی	پھر زندہ کیا	اس سے	زمین

لوگوں کو نفع دیتی ہیں، اور جو اللہ نے آسمانوں سے پانی اتارا، پھر اس سے زمین کو زندہ کیا

بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۖ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ

بَعْدَ مَوْتِهَا	وَبَثَّ	فِيْهَا	مِنْ	كُلِّ	دَآبَّةٍ	وَتَصْرِيْفِ	الرِّيٰحِ
اس کے مرنے کے بعد	اور پھیلائے	اس میں	سے	ہر (قسم)	جانور	اور بدلنا	ہوائیں

اس کے مرنے کے بعد، اور اس میں ہر قسم کے جانور پھیلائے، اور ہواؤں کے بدلنے میں،

وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

وَالسَّحَابِ	الْمُسَخَّرِ	بَيْنَ	السَّمَآءِ	وَالْأَرْضِ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ
اور بادل	تابع	درمیان	آسمان	اور زمین	نشانیاں	لوگوں کے لئے

اور زمین و آسمان کے درمیان تابع بادلوں میں نشانیاں ہیں (ان) لوگوں کے لئے (جو)

يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ أَنْدَادًا

يَعْقِلُوْنَ	وَمِنَ	النَّاسِ	مَنْ	يَتَّخِذُ	مِنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	أَنْدَادًا
عقل والے	اور سے	لوگ	جو	بناتے ہیں	سے	سوائے	اللہ	شریک

عقل والے ہیں۔ اور جو لوگ اللہ کے سوائے کوئی شریک بناتے ہیں

يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ

يُحِبُّونَهُمْ	كَحُبِّ	اللّٰهِ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَشَدُّ	حُبًّا	لِّلّٰهِ	وَلَوْ
محبت کرتے ہیں ان سے	جیسے محبت	اللہ	اور جو لوگ	ایمان لائے	سب سے زیادہ	محبت	اللہ کیلئے	اور اگر

وہ ان سے محبت کرتے ہیں جیسے اللہ کی محبت، اور جو لوگ ایمان لائے (انہیں) اللہ کی محبت سب سے زیادہ ہے، اور اگر

يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ

يَرَى	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْٓا	اِذْ يَرَوْنَ	الْعَذَابَ	اَنَّ	الْقُوَّةَ	لِلّٰهِ	جَمِيْعًا
دیکھ لیں	وہ جنہوں نے	ظلم کیا	جب دیکھیں گے	عذاب	کہ	قوت	اللہ کے لئے	تمام

دیکھ لیں جنہوں نے ظلم کیا (اس وقت کو) جب یہ عذاب دیکھیں گے کہ تمام قوت اللہ کے لئے ہے

وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ

وَاَنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعَذَابِ	اِذْ تَبَرَّاَ	الَّذِيْنَ	اتُّبِعُوْا	مِنَ	الَّذِيْنَ
اور یہ کہ	اللہ	سخت	عذاب	جب بیزار ہو جائیں گے	وہ لوگ جو	پیروی کی گئی	سے	جنہوں نے

اور یہ کہ اللہ کا عذاب سخت ہے۔ جب بیزار ہو جائیں گے وہ جن کی پیروی کی گئی ان سے جنہوں نے

اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ﴿۱۶۶﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

اتَّبَعُوْا	وَرَاَوُا	الْعَذَابَ	وَتَقَطَّعَتْ	بِهِمُ	الْاَسْبَابُ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ
پیروی کی	اور وہ دیکھیں گے	عذاب	اور کٹ جائیں گے	ان سے	وسائل	اور کہیں گے وہ	وہ جنہوں نے

پیروی کی تھی اور وہ عذاب دیکھ لیں گے، اور ان سے تمام وسائل کٹ جائیں گے۔ اور وہ کہیں گے جنہوں نے

اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ

اتَّبَعُوْا	لَوْ اَنَّ	لَنَا	كَرَّةً	فَنَتَبَرَّاَ	مِنْهُمْ	كَمَا	تَبَرَّءُوْا	مِنَّا	كَذٰلِكَ
پیروی کی	کاش کہ	ہمارے لئے	دوبارہ	تو ہم بیزاری کرتے	ان سے	جیسے	انہوں نے بیزاری کی	ہم سے	اسی طرح

پیروی کی تھی کاش ہمارے لئے دوبارہ (دنیا میں لوٹ جانا ہوتا) تو ہم ان سے بیزاری کرتے جیسے انہوں نے ہم سے بیزاری کی، اسی طرح

يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ﴿۱۶۷﴾

يُرِيْهِمُ	اللّٰهُ	اَعْمَالَهُمْ	حَسَرٰتٍ	عَلَيْهِمْ	وَمَا هُمْ	بِخٰرِجِيْنَ	مِنَ النَّارِ
انہیں دکھائے گا	اللہ	ان کے عمل	حسرتیں	ان پر	اور نہیں وہ	نکلنے والے	آگ سے

اللہ ان کے عمل انہیں حسرتیں بنا کر دکھائے گا، اور وہ آگ سے نکلنے والے نہیں۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّلَا تَتَّبِعُوْا

يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	كُلُوْا	مِمَّا	فِي الْاَرْضِ	حَلٰلًا	طَيِّبًا	وَّلَا	تَتَّبِعُوْا
اے	لوگ	تم کھاؤ	اس سے جو	زمین میں	حلال	پاک	اور نہ	پیروی کرو

اے لوگو! کھاؤ اس میں سے جو زمین میں ہے حلال اور پاک، اور پیروی نہ کرو

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۶۸﴾ اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ

خُطُوٰتِ	الشَّيْطٰنِ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ	اِنَّمَا	يَاْمُرُكُمْ
قدم (جمع)	شیطان	بیشک وہ	تمہارا	دشمن	کھلا	صرف	تمہیں حکم دیتا ہے

شیطان کے قدموں کی، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ وہ تمہیں حکم دیتا ہے صرف

بِالسُّوْۗءِ وَالْفَحْشَاۗءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَي اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَ

بِالسُّوْۗءِ	وَالْفَحْشَاۗءِ	وَاَنْ	تَقُوْلُوْا	عَلَي اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	وَ
برائی	اور بے حیائی	اور یہ کہ	تم کہو	اللہ پر	جو	تم نہیں جانتے	اور

برائی اور بے حیائی کا، اور یہ کہ تم اللہ (کے بارے میں) کہو جو تم نہیں جانتے۔ اور

اِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا

اِذَا	قِيْلَ	لَهُمُ	اتَّبِعُوْا	مَآ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	قَالُوْا	بَلْ نَتَّبِعُ	مَآ اَلْفَيْنَا
جب	کہا جاتا ہے	انہیں	پیروی کرو	جو اُتارا	اللہ	وہ کہتے ہیں	بلکہ ہم پیروی کریں گے	جو ہم نے پایا

جب انہیں کہا جاتا ہے اس کی پیروی کرو جو اللہ نے اتارا تو وہ کہتے ہیں بلکہ ہم اسکی پیروی کرینگے جس پر ہم نے پایا

عَلَيْهِ اٰبَاۗءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَاۗؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْـــًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۷۰﴾

عَلَيْهِ	اٰبَاۗءَنَا	اَوَلَوْ	كَانَ	اٰبَاۗؤُهُمْ	لَا يَعْقِلُوْنَ	شَيْـــًٔا	وَّلَا يَهْتَدُوْنَ
اس پر	اپنے باپ دادا	بھلا اگرچہ	ہوں	انکے باپ دادا	نہ سمجھتے ہوں	کچھ	اور نہ ہدایت یافتہ ہوں

اپنے باپ دادا کو، بھلا اگرچہ اُن کے باپ دادا کچھ نہ سمجھتے ہوں اور ہدایت یافتہ نہ ہوں۔

وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ

وَمَثَلُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	كَمَثَلِ	الَّذِيْ	يَنْعِقُ	بِمَا	لَا يَسْمَعُ
اور مثال	جن لوگوں نے	کفر کیا	مانند حالت	وہ جو	پکارتا ہے	اس کو جو	نہیں سُنتا

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کی مثال اس شخص کی حالت کے مانند ہے جو اس کو پکارتا ہے جو نہیں سُنتا

إِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷۱﴾

إِلَّا	دُعَآءً	وَّنِدَآءً	صُمٌّۢ	بُكْمٌ	عُمْيٌ	فَهُمْ	لَا يَعْقِلُوْنَ
سوائے	پکارنا	اور چلانا	بہرے	گونگے	اندھے	پس وہ	نہیں سمجھتے

سوائے پکارنے اور چلانے (کی آواز کے) وہ بہرے گونگے، اندھے ہیں، پس وہ نہیں سمجھتے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	كُلُوْا	مِنْ	طَيِّبٰتِ	مَا رَزَقْنٰكُمْ	وَاشْكُرُوْا	لِلّٰهِ
اے	جو لوگ	ایمان لائے	تم کھاؤ	سے	پاک	جو ہم نے تمہیں دیا	اور شکر کرو	اللہ کا

اے وہ لوگ! جو ایمان لائے ہو، تم پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں دی ہیں اور تم اللہ کا شکر کرو

اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ

اِنْ كُنْتُمْ	اِيَّاهُ	تَعْبُدُوْنَ	اِنَّمَا	حَرَّمَ	عَلَيْكُمُ	الْمَيْتَةَ	وَالدَّمَ
اگر تم ہو	صرف اسکی	بندگی کرنے ہو	درحقیقت	حرام کیا	تم پر	مُردار	اور خون

اگر تم صرف اس کی بندگی کرتے ہو۔ درحقیقت (ہم نے) تم پر حرام کیا ہے مُردار اور خون

وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ

وَلَحْمَ	الْخِنْزِيْرِ	وَمَا	اُهِلَّ	بِهٖ	لِغَيْرِ اللّٰهِ	فَمَنِ	اضْطُرَّ
اور گوشت	سُؤر	اور جو	پکارا گیا	اس پر	اللہ کے سوا	پس جو	لاچار ہو جائے

اور سُؤر کا گوشت، اور جس پر اللہ کے سوا (کسی اور کا نام) پکارا گیا، پس جو لاچار ہو جائے

غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۷۳﴾

غَيْرَ بَاغٍ	وَلَا	عَادٍ	فَلَآ	اِثْمَ	عَلَيْهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
نہ سرکشی کرنیوالا	اور نہ	حد سے بڑھنے والا	تو نہیں	گناہ	اس پر	بیشک	اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا

مگر نہ سرکشی کرنے والا ہو، نہ حد سے بڑھنے والا تو اس پر کوئی گناہ نہیں، بیشک اللہ بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ

اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَكْتُمُوْنَ	مَآ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	مِنَ	الْكِتٰبِ	وَيَشْتَرُوْنَ	بِهٖ
بیشک	جو لوگ	چھپاتے ہیں	جو اتارا	اللہ	سے	کتاب	اور وصول کرتے ہیں وہ	اس سے

بے شک جو لوگ وہ چھپاتے ہیں جو اللہ نے (بصورت) کتاب نازل کیا اور اس سے وصول کرتے ہیں

ثَمَنًا قَلِيلًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ

ثَمَنًا	قَلِيلًا	اُولٰۗىِٕكَ	مَا يَاْكُلُوْنَ	فِيْ	بُطُوْنِهِمْ	اِلَّا	النَّارَ	وَلَا	يُكَلِّمُهُمُ
قیمت	تھوڑی	یہی لوگ	نہیں کھاتے	میں	اپنے پیٹ (جمع)	مگر (صرف)	آگ	اور نہ	بات کرے گا

تھوڑی قیمت، یہی لوگ ہیں جو اپنے پیٹوں میں صرف آگ بھرتے ہیں اور اُن سے بات نہیں کرے گا

اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱۷۴ اُولٰۗىِٕكَ

اللّٰهُ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَلَا	يُزَكِّيْهِمْ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	اُولٰۗىِٕكَ
اللہ	قیامت کے دن	اور نہ	پاک کرے گا انہیں	اور ان کے لئے	عذاب	دردناک	یہی لوگ

اللہ قیامت کے دن، اور نہ انہیں پاک کرے گا، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ یہی لوگ ہیں

الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ

الَّذِيْنَ	اشْتَرَوُا	الضَّلٰلَةَ	بِالْهُدٰى	وَالْعَذَابَ	بِالْمَغْفِرَةِ	فَمَا
جنہوں نے	مول لی	گمراہی	ہدایت کے بدلے	اور عذاب	مغفرت کے بدلے	سو کس قدر

جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی، اور مغفرت کے بدلے عذاب، سو کس قدر

اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ۝۱۷۵ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّ

اَصْبَرَهُمْ	عَلَى	النَّارِ	ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	نَزَّلَ	الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ	وَاِنَّ
بہت صبر کرنے والے وہ	پر	آگ	یہ	اس لئے کہ	اللہ	نازل کی	کتاب	حق کے ساتھ	اور بیشک

وہ آگ پر بہت صبر کرنے والے ہیں۔ یہ اس لئے کہ اللہ نے حق کے ساتھ کتاب نازل کی، اور بیشک

۲۱ ع ۹ ۵

الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ۝۱۷۶ ع لَيْسَ الْبِرَّ

الَّذِيْنَ	اخْتَلَفُوْا	فِي	الْكِتٰبِ	لَفِيْ	شِقَاقٍ	بَعِيْدٍ	لَيْسَ	الْبِرَّ
جو لوگ	اختلاف کیا	میں	کتاب	میں	ضد	دُور	نہیں	نیکی

جن لوگوں نے کتاب میں اختلاف کیا وہ ضد میں دُور (جا پڑے) ہیں۔ نیکی یہ نہیں

اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ

اَنْ	تُوَلُّوْا	وُجُوْهَكُمْ	قِبَلَ	الْمَشْرِقِ	وَ	الْمَغْرِبِ	وَلٰكِنَّ
کہ	تم کرلو	اپنے منہ	طرف	مشرق	اور	مغرب	اور لیکن

کہ تم اپنے منہ مشرق یا مغرب کی طرف کرلو، مگر

الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَ

الْبِرَّ	مَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ	الْاٰخِرِ	وَالْمَلٰٓئِكَةِ	وَالْكِتٰبِ	وَ
نیکی	جو	ایمان لائے	اللہ پر	اور دن	آخرت	اور فرشتے	اور کتاب	اور

نیکی یہ ہے جو ایمان لائے اللہ پر، اور یوم آخرت پر، اور فرشتوں، اور کتابوں پر، اور

النَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ

النَّبِيّٖنَ	وَاٰتَى	الْمَالَ	عَلٰى حُبِّهٖ	ذَوِي الْقُرْبٰى	وَالْيَتٰمٰى	وَالْمَسٰكِيْنَ
نبی (جمع)	اور دے	مال	اس کی محبت پر	رشتہ دار	اور یتیم (جمع)	اور مسکین (جمع)

نبیوں پر، اور اس کی محبت پر مال دے رشتہ داروں کو، اور یتیموں، اور مسکینوں کو،

وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ

وَابْنَ السَّبِيْلِ	وَالسَّآئِلِيْنَ	وَفِي الرِّقَابِ	وَاَقَامَ	الصَّلٰوةَ
اور مسافر	اور سوال کرنے والے	اور گردنوں میں	اور قائم کرے	نماز

اور مسافروں کو، اور سوال کرنے والوں کو، اور گردنوں (کے آزاد کرانے) میں، اور نماز قائم کرے،

وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ

وَاٰتَى	الزَّكٰوةَ	وَالْمُوْفُوْنَ	بِعَهْدِهِمْ	اِذَا	عٰهَدُوْا	وَالصّٰبِرِيْنَ
اور ادا کرے	زکوٰۃ	اور پورا کرنے والے	اپنے وعدے	جب	وہ عہد کریں	اور صبر کرنے والے

اور زکوٰۃ ادا کرے، اور جب وہ وعدہ کریں تو اسے پورا کریں، اور صبر کرنے والے

فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۭ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۭ

فِي	الْبَاْسَآءِ	وَالضَّرَّآءِ	وَحِيْنَ	الْبَاْسِ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	صَدَقُوْا
میں	سختی	اور تکلیف	اور وقت	جنگ	یہی لوگ	وہ جو کہ	انہوں نے سچ کہا

سختی میں، اور تکلیف میں، اور جنگ کے وقت، یہی لوگ سچے ہیں،

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ

وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُتَّقُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	كُتِبَ	عَلَيْكُمُ
اور یہی لوگ	وہ	پرہیزگار	اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	فرض کیا گیا	تم پر

اور یہی لوگ پرہیزگار ہیں۔ اے ایمان والو! تم پر فرض کیا گیا

الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى

الْقِصَاصُ	فِي الْقَتْلٰى	اَلْحُرُّ	بِالْحُرِّ	وَالْعَبْدُ	بِالْعَبْدِ	وَالْاُنْثٰى
قصاص	مقتولوں میں	آزاد	آزاد کے بدلے	اور غلام	غلام کے بدلے	اور عورت

قصاص مقتولوں (کے بارہ) میں آزاد کے بدلے آزاد، اور غلام کے بدلے غلام، اور عورت

بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَ

بِالْاُنْثٰى	فَمَنْ	عُفِيَ	لَهٗ	مِنْ	اَخِيْهِ	شَيْءٌ	فَاتِّبَاعٌ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَ
عورت کے بدلے	پس جسے	معاف کیا جائے	اسکے لئے	سے	اس کا بھائی	کچھ	تو پیروی کرنا	مطابق دستور	اور

کے بدلے عورت، پس جسے اس کے بھائی کی طرف سے کچھ معاف کیا جائے تو دستور کے مطابق پیروی کرے، اور

اَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ

اَدَآءٌ	اِلَيْهِ	بِاِحْسَانٍ	ذٰلِكَ	تَخْفِيْفٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	وَرَحْمَةٌ	فَمَنِ
ادا کرنا	اسے	اچھا طریقہ	یہ	آسانی	سے	تمہارا رب	اور رحمت	پس جو

اسے اچھے طریقہ سے ادا کرے، یہ تمہارے رب کی طرف سے آسانی اور رحمت ہے، پس جس نے

اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۸﴾ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ

اعْتَدٰى	بَعْدَ	ذٰلِكَ	فَلَهٗ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَلَكُمْ	فِي	الْقِصَاصِ
زیادتی کی	بعد	اس	تو اسکے لئے	عذاب	دردناک	اور تمہارے لئے	میں	قصاص

اس کے بعد زیادتی کی تو اس کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اور تمہارے لئے قصاص میں

حَيٰوةٌ يّٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا

حَيٰوةٌ	يّٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ	كُتِبَ	عَلَيْكُمْ	اِذَا
زندگی	اے عقل والو	تاکہ تم	پرہیزگار ہو جاؤ	فرض کیا گیا	تم پر	جب

زندگی ہے، اے عقل والو! تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ۔ تم پر فرض کیا گیا ہے کہ جب

حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۖ نِ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَ

حَضَرَ	اَحَدَكُمُ	الْمَوْتُ	اِنْ	تَرَكَ	خَيْرَا	نِ الْوَصِيَّةُ	لِلْوَالِدَيْنِ	وَ
آئے	تمہارا کوئی	موت	اگر	چھوڑا	مال	وصیت	ماں باپ کے لئے	اور

تم میں سے کسی کو موت آئے اگر وہ مال چھوڑے تو وصیت کرے ماں باپ کے لئے اور

الْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ فَمَنْ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا

الْاَقْرَبِيْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	حَقًّا	عَلَى	الْمُتَّقِيْنَ	فَمَنْ	بَدَّلَهٗ	بَعْدَ	مَا
اور رشتہ دار	دستور کے مطابق	لازم	پر	پرہیزگار	پھر جو	بدل دے اسے	بعد	جو

اور رشتہ داروں کے لئے دستور کے مطابق، یہ لازم ہے پرہیزگاروں پر۔ پھر جو کوئی اسے بدل دے اس کے بعد

سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

سَمِعَهٗ	فَاِنَّمَا	اِثْمُهٗ	عَلَى	الَّذِيْنَ	يُبَدِّلُوْنَهٗ	اِنَّ	اللّٰهَ
اس کو سُنا	تو صرف	اس کا گناہ	پر	جو لوگ	اسے بدلا	بیشک	اللہ

کہ اس نے اس کو سُنا تو اس کا گناہ صرف ان لوگوں پر ہے جنہوں نے اسے بدلا ، بیشک اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۸۱﴾ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ

سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	فَمَنْ	خَافَ	مِنْ	مُّوْصٍ	جَنَفًا	اَوْ اِثْمًا	فَاَصْلَحَ
سُننے والا	جاننے والا	پس جو	خوف کرے	سے	وصیت کرنیوالا	طرفداری	یا گناہ	پھر صلح کرادے

سُننے والا جاننے والا ہے۔ پس جو کوئی وصیت کرنے والے سے طرفداری یا گناہ کا خوف کرے پھر صلح کرادے

۲۲ ع ۶ ۶

بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

بَيْنَهُمْ	فَلَآ اِثْمَ	عَلَيْهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ
ان کے درمیان	تو نہیں گناہ	اس پر	بیشک	اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	اے	وہ لوگ جو

ان کے درمیان تو اس میں کوئی گناہ نہیں، بیشک اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اے لوگو!

اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

اٰمَنُوْا	كُتِبَ	عَلَيْكُمُ	الصِّيَامُ	كَمَا	كُتِبَ	عَلَى	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكُمْ
ایمان لائے	فرض کئے گئے	تم پر	روزے	جیسے	فرض کئے گئے	پر	جو لوگ	تم سے پہلے

جو ایمان لائے ہو (مومنو) ! تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۳﴾ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا

لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ	اَيَّامًا	مَّعْدُوْدٰتٍ	فَمَنْ	كَانَ	مِنْكُمْ	مَّرِيْضًا
تاکہ تم	پرہیزگار بن جاؤ	چند دن	گنتی کے	پس جو	ہو	تم میں سے	بیمار

تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔ گنتی کے چند دن ہیں، پس تم میں سے جو کوئی بیمار ہو

أَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۭ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ

أَوْ	عَلٰى	سَفَرٍ	فَعِدَّةٌ	مِّنْ	أَيَّامٍ أُخَرَ	وَعَلَى	الَّذِيْنَ	يُطِيْقُوْنَهٗ
یا	پر	سفر	تو گنتی	سے	دوسرے (بعد کے) دن	اور پر	جو لوگ	طاقت رکھتے ہوں

یا سفر پر ہو تو گنتی پوری کرے بعد کے دنوں میں، اور اُن پر ہے جو طاقت رکھتے ہیں

فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ۭ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ۭ وَاَنْ تَصُوْمُوْا

فِدْيَةٌ	طَعَامُ	مِسْكِيْنٍ	فَمَنْ	تَطَوَّعَ	خَيْرًا	فَهُوَ	خَيْرٌ لَّهٗ	وَاَنْ	تَصُوْمُوْا
بدلہ	کھانا	نادار	پس جو	خوشی سے کرے	کوئی نیکی	تو وہ	بہتر اس کے لئے	اور اگر	تم روزہ رکھو

ایک نادار کو کھانا کھلانے کی۔ پس جو خوشی سے کوئی نیکی کرے وہ اس کے لئے بہتر ہے، اور اگر تم روزہ رکھو

خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۴﴾ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ

خَيْرٌ لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	شَهْرُ	رَمَضَانَ	الَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	فِيْهِ
بہتر تمہارے لئے	اگر	تم ہو	جانتے ہو	مہینہ	رمضان	جس	نازل کیا گیا	اس میں

تو تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔ رمضان کا مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا،

الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ

الْقُرْاٰنُ	هُدًى	لِّلنَّاسِ	وَبَيِّنٰتٍ	مِّنَ	الْهُدٰى	وَ	الْفُرْقَانِ	فَمَنْ
قرآن	ہدایت	لوگوں کے لئے	اور روشن دلیلیں	سے	ہدایت	اور	فرقان	پس جو

قرآن لوگوں کے لئے ہدایت ہے، اور ہدایت کی روشن دلیلیں، اور فرقان (حق کو باطل سے جُدا کرنے والا) پس جو

شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۭ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ

شَهِدَ	مِنْكُمُ	الشَّهْرَ	فَلْيَصُمْهُ	وَمَنْ	كَانَ	مَرِيْضًا	اَوْ	عَلٰى	سَفَرٍ
پائے	تم میں سے	مہینہ	چاہیے کہ روزے رکھے	اور جو	ہو	بیمار	یا	پر	سفر

تم میں سے جو مہینہ پائے اسے چاہیے کہ روزے رکھے، اور جو بیمار ہو یا سفر پر ہو

فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ۭ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ

فَعِدَّةٌ	مِّنْ	اَيَّامٍ اُخَرَ	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	بِكُمُ	الْيُسْرَ	وَلَا يُرِيْدُ	بِكُمُ	الْعُسْرَ
تو گنتی پوری کرے	سے	بعد کے دن	چاہتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	آسانی	اور نہیں چاہتا	تمہارے لئے	دشواری

وہ بعد کے دنوں میں گنتی پوری کرلے، اللہ تمہارے لئے آسانی چاہتا ہے اور دشواری نہیں چاہتا،

وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ

وَلِتُكْمِلُوا	الْعِدَّةَ	وَلِتُكَبِّرُوا	اللّٰهَ	عَلٰى	مَا هَدٰىكُمْ	وَلَعَلَّكُمْ
اور تاکہ تم پوری کرو	گنتی	اور اگر تم بڑائی کرو	اللہ	پر	جو تمہیں ہدایت دی	اور تاکہ تم

اور تاکہ تم گنتی پوری کرو اور تاکہ تم اللہ کی بڑائی بیان کرو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت دی اور تاکہ تم

تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ

تَشْكُرُوْنَ	وَاِذَا	سَاَلَكَ	عِبَادِيْ	عَنِّيْ	فَاِنِّيْ	قَرِيْبٌ	اُجِيْبُ
شکر ادا کرو	اور جب	آپ سے پوچھیں	میرے بندے	میرے متعلق	تو میں	قریب	میں قبول کرتا ہوں

شکر ادا کرو۔ اور جب میرے بندے آپ سے میرے متعلق پوچھیں تو میں قریب ہوں، میں قبول کرتا ہوں

دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ

دَعْوَةَ	الدَّاعِ	اِذَا	دَعَانِ	فَلْيَسْتَجِيْبُوْا	لِيْ	وَلْيُؤْمِنُوْا	بِيْ	لَعَلَّهُمْ
دعا	پکارنے والا	جب	مجھ سے مانگے	پس چاہیے حکم مانیں	میرا	اور ایمان لائیں	مجھ پر	تاکہ وہ

پکارنے والے کی دعا جب وہ مجھ سے مانگے پس چاہیے کہ وہ میرا حکم مانیں، اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ وہ

يَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾ اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ ؕ

يَرْشُدُوْنَ	اُحِلَّ	لَكُمْ	لَيْلَةَ	الصِّيَامِ	الرَّفَثُ	اِلٰى	نِسَآئِكُمْ
وہ ہدایت پائیں	جائز کر دیا گیا	تمہارے لئے	رات	روزہ	بے پردہ ہونا	طرف (سے)	اپنی عورتوں

ہدایت پائیں۔ تمہارے لئے جائز کر دیا گیا روزہ کی رات میں اپنی عورتوں سے بے پردہ ہونا،

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ

هُنَّ	لِبَاسٌ	لَّكُمْ	وَاَنْتُمْ	لِبَاسٌ	لَّهُنَّ	عَلِمَ	اللّٰهُ	اَنَّكُمْ	كُنْتُمْ
وہ	لباس	تمہارے لئے	اور تم	لباس	اُن کے لئے	جان لیا	اللہ	کہ تم	تم تھے

وہ تمہارے لئے لباس ہیں، اور تم اُن کے لئے لباس ہو، اللہ نے جان لیا کہ تم

تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ۚ فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ

تَخْتَانُوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	فَتَابَ	عَلَيْكُمْ	وَ	عَفَا	عَنْكُمْ	فَالْـٰٔنَ	بَاشِرُوْهُنَّ
خیانت کرتے	اپنے تئیں	سو معاف کر دیا	تم کو	اور	درگزر کی	تم سے	پس اب	ان سے ملو

اپنے تئیں خیانت کرتے تھے سو اُس نے تم کو معاف کر دیا اور تم سے درگزر کی، پس اب اُن سے ملو

وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۛ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ

وَابْتَغُوْا	مَا	كَتَبَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	وَكُلُوْا	وَاشْرَبُوْا	حَتّٰى	يَتَبَيَّنَ
اور طلب کرو	جو	لکھ دیا	اللہ	تمہارے لئے	اور کھاؤ	اور پیو	یہاں تک کہ	واضح ہو جائے

اور جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دیا ہے طلب کرو اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ واضح ہو جائے

لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۛ ثُمَّ

لَكُمُ	الْخَيْطُ	الْاَبْيَضُ	مِنَ	الْخَيْطِ	الْاَسْوَدِ	مِنَ	الْفَجْرِ	ثُمَّ
تمہارے لئے	دھاری	سفید	سے	دھاری	سیاہ	سے	فجر	پھر

تمہارے لئے فجر کی سفید دھاری سیاہ دھاری سے ، پھر

اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ ۙ

اَتِمُّوا	الصِّيَامَ	اِلَى	الَّيْلِ	وَلَا	تُبَاشِرُوْهُنَّ	وَاَنْتُمْ	عٰكِفُوْنَ
تم پورا کرو	روزہ	تک	رات	اور نہ	ان سے ملو	جبکہ تم	اعتکاف کرنے والے

تم رات تک روزہ پورا کرو ، اور ان سے ملو جب تم اعتکاف کرنے والے ہو

فِى الْمَسٰجِدِ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

فِى الْمَسٰجِدِ	تِلْكَ	حُدُوْدُ	اللّٰهِ	فَلَا	تَقْرَبُوْهَا	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ
مسجدوں میں	یہ	حدیں	اللہ	پس نہ	اس کے قریب جاؤ	اسی طرح	واضح کرتا ہے

مسجدوں میں (حالتِ اعتکاف میں) یہ اللہ کی حدیں ہیں پس ان کے قریب نہ جاؤ، اسی طرح واضح کرتا ہے

اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ

اللّٰهُ	اٰيٰتِهٖ	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ	وَلَا	تَاْكُلُوْٓا	اَمْوَالَكُمْ	بَيْنَكُمْ
اللہ	اپنے حکم	لوگوں کے لئے	تاکہ وہ	پرہیزگار ہو جائیں	اور نہ	کھاؤ	اپنے مال	آپس میں

اللہ لوگوں کے لئے اپنے حکم، تاکہ وہ پرہیزگار ہو جائیں۔ اور اپنے مال آپس میں نہ کھاؤ

بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ

بِالْبَاطِلِ	وَتُدْلُوْا	بِهَآ	اِلَى الْحُكَّامِ	لِتَاْكُلُوْا	فَرِيْقًا	مِنْ	اَمْوَالِ	النَّاسِ
ناحق	اور (نہ) پہنچاؤ	اس سے	حاکموں تک	تاکہ تم کھاؤ	کوئی حصہ	سے	مال	لوگ

ناحق ، اور اس سے حاکموں تک (رشوت) نہ پہنچاؤ تاکہ تم لوگوں کے مال سے کوئی حصہ کھاؤ

بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِيَ

بِالْاِثْمِ	وَاَنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ	الْاَهِلَّةِ	قُلْ	هِيَ
گناہ سے	اور تم	جانتے ہو	وہ آپ سے پوچھتے ہیں	سے	نئے چاند	آپ کہہ دیں	یہ

گناہ سے (نا جائز طور پر) اور تم جانتے ہو۔ اور آپ سے نئے چاند کے بارہ میں پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیں یہ

مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ

مَوَاقِيْتُ	لِلنَّاسِ	وَالْحَجِّ	وَلَيْسَ	الْبِرُّ	بِاَنْ	تَاْتُوا	الْبُيُوْتَ	مِنْ
(پیمانہ) اوقات	لوگوں کے لئے	اور حج	اور نہیں	نیکی	یہ کہ	تم آؤ	گھر (جمع)	سے

لوگوں کے لئے اور حج کے لئے (پیمانہ) اوقات ہیں، اور نیکی یہ نہیں کہ تم گھروں میں آؤ

ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۪

ظُهُوْرِهَا	وَلٰكِنَّ	الْبِرَّ	مَنِ	اتَّقٰى	وَاْتُوا	الْبُيُوْتَ	مِنْ	اَبْوَابِهَا
ان کی پشت	اور لیکن	نیکی	جو	پرہیزگاری کرے	اور تم آؤ	گھر (جمع)	سے	دروازے

ان کی پشت سے، بلکہ نیک وہ ہے جو پرہیزگاری کرے، اور گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ،

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ

وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَقَاتِلُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	الَّذِيْنَ
اور تم ڈرو	اللہ	تاکہ تم	کامیابی حاصل کرو	اور تم لڑو	میں	راستہ	اللہ	وہ جو کہ

اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم کامیابی حاصل کرو۔ اور تم اللہ کے راستہ میں ان سے لڑو جو

يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَاقْتُلُوْهُمْ

يُقَاتِلُوْنَكُمْ	وَلَا تَعْتَدُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	الْمُعْتَدِيْنَ	وَاقْتُلُوْهُمْ
تم سے لڑتے ہیں	اور زیادتی نہ کرو	بیشک	اللہ	نہیں پسند کرتا	زیادتی کرنے والے	اور انہیں مار ڈالو

تم سے لڑتے ہیں اور زیادتی نہ کرو، بیشک اللہ زیادتی کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور انہیں مار ڈالو

حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَ

حَيْثُ	ثَقِفْتُمُوْهُمْ	وَ	اَخْرِجُوْهُمْ	مِنْ	حَيْثُ	اَخْرَجُوْكُمْ	وَ
جہاں	تم انہیں پاؤ	اور	انہیں نکال دو	سے	جہاں	انہوں نے تمہیں نکالا	اور

جہاں انہیں پاؤ اور انہیں نکال دو جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا، اور

الْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

الْفِتْنَةُ	اَشَدُّ	مِنَ	الْقَتْلِ	وَلَا	تُقٰتِلُوْهُمْ	عِنْدَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
فتنہ	زیادہ سنگین	سے	قتل	اور نہ	اُن سے لڑو	پاس	مسجد حرام (خانہ کعبہ)

فتنہ قتل سے زیادہ سنگین ہے، اور اُن سے مسجد حرام (خانہ کعبہ) کے پاس نہ لڑو

حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ كَذٰلِكَ جَزَآءُ

حَتّٰى	يُقٰتِلُوْكُمْ	فِيْهِ	فَاِنْ	قٰتَلُوْكُمْ	فَاقْتُلُوْهُمْ	كَذٰلِكَ	جَزَآءُ
یہاں تک کہ	وہ تم سے لڑیں	اس میں	پس اگر	وہ تم سے لڑیں	تو تم ان سے لڑو	اسی طرح	سزا

یہاں تک کہ وہ یہاں تم سے لڑیں، پس اگر وہ تم سے لڑیں تو تم ان سے لڑو، اسی طرح سزا ہے

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹۱﴾ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۲﴾ وَقٰتِلُوْهُمْ

الْكٰفِرِيْنَ	فَاِنِ	انْتَهَوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَقٰتِلُوْهُمْ
کافر (جمع)	پھر اگر	وہ باز آجائیں	تو بیشک	اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	اور تم ان سے لڑو

کافروں کی۔ پھر اگر وہ باز آجائیں تو بیشک اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اور تم ان سے لڑو

حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا

حَتّٰى	لَا تَكُوْنَ	فِتْنَةٌ	وَّيَكُوْنَ	الدِّيْنُ	لِلّٰهِ	فَاِنِ	انْتَهَوْا	فَلَا
یہاں تک کہ	نہ رہے	کوئی فتنہ	اور ہو جائے	دین	اللہ کے لئے	پس اگر	وہ باز آجائیں	تو نہیں

یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے اور دین اللہ کے لئے ہو جائے ، پس اگر وہ باز آجائیں تو نہیں

عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَ

عُدْوَانَ	اِلَّا	عَلَى	الظّٰلِمِيْنَ	اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ	بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ	وَ
زیادتی	سوائے	پر	ظالم (جمع)	حرمت والا مہینہ	بدلہ حرمت والا مہینہ	اور

(کسی پر) زیادتی سوائے ظالموں کے۔ حرمت والا مہینہ بدلہ ہے حرمت والے مہینہ کا، اور

الْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ

الْحُرُمٰتُ	قِصَاصٌ	فَمَنِ	اعْتَدٰى	عَلَيْكُمْ	فَاعْتَدُوْا	عَلَيْهِ	بِمِثْلِ
حرمتیں	بدلہ	پس جس	زیادتی کی	تم پر	تو تم زیادتی کرو	اس پر	جیسی

حرمتوں کا بدلہ ہے ، پس جس نے تم پر زیادتی کی تو تم اس پر زیادتی کرو جیسی

مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۛ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ

مَا	اعْتَدٰى	عَلَيْكُمْ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	مَعَ
جو	اس نے زیادتی کی	تم پر	اور تم ڈرو	اللہ	اور	جان لو	کہ	اللہ	ساتھ

اس نے تم پر زیادتی کی، اور اللہ سے ڈرو، اور جان لو کہ اللہ ساتھ ہے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ

الْمُتَّقِيْنَ	وَاَنْفِقُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	وَلَا	تُلْقُوْا	بِاَيْدِيْكُمْ
پرہیزگاروں	اور تم خرچ کرو	میں	راستہ	اللہ	اور نہ	ڈالو	اپنے ہاتھ

پرہیزگاروں کے۔ اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور (اپنے آپ کو) اپنے ہاتھوں نہ ڈالو

معانقہ ۱

اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَاَحْسِنُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۹۵﴾ وَاَتِمُّوا

اِلَى	التَّهْلُكَةِ	وَاَحْسِنُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُحْسِنِيْنَ	وَاَتِمُّوا
طرف (میں)	ہلاکت	اور نیکی کرو	بیشک	اللہ	دوست رکھتا ہے	نیکی کرنے والے	اور پورا کرو

ہلاکت میں، اور نیکی کرو، بیشک اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اور پورا کرو

الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ۭ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ

الْحَجَّ	وَالْعُمْرَةَ	لِلّٰهِ	فَاِنْ	اُحْصِرْتُمْ	فَمَا	اسْتَيْسَرَ	مِنَ	الْهَدْيِ
حج	اور عمرہ	اللہ کے لئے	پھر اگر	تم روک دیئے جاؤ	تو جو	میسر آئے	سے	قربانی

حج اور عمرہ اللہ کے لئے، پھر اگر تم روک دیئے جاؤ تو جو قربانی میسر آئے (پیش کرو)

وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ۭ فَمَنْ كَانَ

وَلَا	تَحْلِقُوْا	رُءُوْسَكُمْ	حَتّٰى	يَبْلُغَ	الْهَدْيُ	مَحِلَّهٗ	فَمَنْ	كَانَ
اور نہ	منڈاؤ	اپنے سر	یہاں تک	پہنچ جائے	قربانی	اپنی جگہ	پس جو	ہو

اور اپنے سر نہ منڈاؤ یہاں تک کہ قربانی اپنی جگہ پہنچ جائے، پھر جو کوئی

مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ

مِنْكُمْ	مَّرِيْضًا	اَوْ	بِهٖٓ	اَذًى	مِّنْ	رَّاْسِهٖ	فَفِدْيَةٌ	مِّنْ	صِيَامٍ	اَوْ
تم میں سے	بیمار	یا	اسکے	تکلیف	سے	اس کا سر	تو بدلہ	سے	روزہ	یا

تم میں سے بیمار ہو یا اس کے سر میں تکلیف ہو تو وہ بدلہ دے روزہ سے یا

صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ۘ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى

صَدَقَةٍ	اَوْ	نُسُكٍ	فَاِذَآ	اَمِنْتُمْ	فَمَنْ	تَمَتَّعَ	بِالْعُمْرَةِ	اِلَى
صدقہ	یا	قربانی	پھر جب	تم امن میں ہو	تو جو	فائدہ اٹھائے	ساتھ۔عمرہ	تک

صدقہ سے یا قربانی سے، پھر جب تم امن میں ہو تو جو فائدہ اٹھائے حج کے ساتھ عمرہ (ملا کر)

الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ

الْحَجِّ	فَمَا	اسْتَيْسَرَ	مِنَ الْهَدْيِ	فَمَنْ	لَّمْ يَجِدْ	فَصِيَامُ	ثَلٰثَةِ
حج	تو جو	میسّر آئے	سے۔قربانی	پھر جو	نہ پائے	تو روزہ رکھے	تین

تو اسے جو قربانی میسر آئے (دیدے) پھر جو نہ پائے تو وہ روزے رکھ لے تین

اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ۗ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ۗ ذٰلِكَ

اَيَّامٍ	فِي الْحَجِّ	وَسَبْعَةٍ	اِذَا رَجَعْتُمْ	تِلْكَ	عَشَرَةٌ	كَامِلَةٌ	ذٰلِكَ
دن	حج میں	اور سات	جب تم واپس آجاؤ	یہ	دس	پورے	یہ

دن کے حج (کے ایام) میں اور سات جب تم واپس آجاؤ، یہ دس پورے ہوئے، یہ

لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ

لِمَنْ	لَّمْ يَكُنْ	اَهْلُهٗ	حَاضِرِي	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ
لئے۔جو	نہ ہوں	اسکے گھر والے	موجود	مسجد حرام	اور تم ڈرو	اللہ	اور

اس کے لئے ہے جس کے گھر والے مسجد حرام میں موجود نہ ہوں (نہ رہتے ہوں) اور تم اللہ سے ڈرو اور

۲۴ ع ۸

اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۹۶﴾ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ

اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	اَلْحَجُّ	اَشْهُرٌ	مَّعْلُوْمٰتٌ	فَمَنْ
جان لو	کہ	اللہ	سخت	عذاب	حج	مہینے	معلوم (مقرر)	پس جس نے

جان لو کہ اللہ سخت عذاب والا ہے۔ حج کے مہینے مقرر ہیں، پس جس نے

فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ ۙ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ۗ

فَرَضَ	فِيْهِنَّ	الْحَجَّ	فَلَا	رَفَثَ	وَلَا فُسُوْقَ	وَلَا	جِدَالَ	فِي الْحَجِّ
لازم کر لیا	ان میں	حج	تو نہ	بے پردہ ہو	اور نہ گالی دے	اور نہ	جھگڑا	حج میں

ان میں حج لازم کر لیا تو وہ نہ بے پردہ ہو، نہ گالی دے، نہ جھگڑا کرے حج میں

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ

وَمَا	تَفْعَلُوْا	مِنْ خَيْرٍ	يَّعْلَمْهُ	اللّٰهُ	وَتَزَوَّدُوْا	فَاِنَّ	خَيْرَ
اور جو	تم کرو گے	نیکی سے	اسے جانتا ہے	اللہ	اور تم زادِ راہ لے لیا کرو	پس بیشک	بہتر

اور تم جو نیکی کرو گے اللہ اسے جانتا ہے، اور تم زادِ راہ لے لیا کرو، پس بے شک بہتر

الزَّادِ التَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۷﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ

الزَّادِ	التَّقْوٰى	وَاتَّقُوْنِ	يٰٓاُولِى الْاَلْبَابِ	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ
زادِ راہ	تقویٰ	اور مجھ سے ڈرو	اے عقل والو	نہیں	تم پر	کوئی گناہ

زادِ راہ تقویٰ ہے، اور اے عقل والو! مجھ سے ڈرتے رہو - تم پر کوئی گناہ نہیں

اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ

اَنْ	تَبْتَغُوْا	فَضْلًا	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَاِذَآ	اَفَضْتُمْ	مِنْ	عَرَفٰتٍ
اگر تم	تلاش کرو	فضل	سے	اپنا رب	پھر جب	تم لوٹو	سے	عرفات

اگر تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو (تجارت کرو)، پھر جب تم عرفات سے لوٹو

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۠ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ

فَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	عِنْدَ	الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ	وَاذْكُرُوْهُ	كَمَا	هَدٰىكُمْ
تو یاد کرو	اللہ	نزدیک	مشعرِ حرام	اور اسے یاد کرو	جیسے	اسنے تمہیں ہدایت دی

تو اللہ کو یاد کرو مشعرِ حرام کے نزدیک (مزدلفہ میں)، اور اللہ کو یاد کرو جیسے اس نے تمہیں ہدایت دی

وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۱۹۸﴾ ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ

وَاِنْ	كُنْتُمْ	مِّنْ قَبْلِهٖ	لَمِنَ	الضَّآلِّيْنَ	ثُمَّ	اَفِيْضُوْا	مِنْ حَيْثُ
اور اگر	تم تھے	اس سے پہلے	ضرور سے	ناواقف	پھر	تم لوٹو	سے۔ جہاں

اور اگر اس سے پہلے تم ناواقفوں میں سے تھے - پھر تم لوٹو جہاں سے

اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۹﴾ فَاِذَا

اَفَاضَ	النَّاسُ	وَاسْتَغْفِرُوا	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	فَاِذَا
لوٹیں	لوگ	اور مغفرت چاہو	اللہ	بیشک	اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	پھر جب

لوگ لوٹیں، اور اللہ سے مغفرت چاہو، بیشک اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے پھر جب

قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ

قَضَيْتُمْ	مَّنَاسِكَكُمْ	فَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَذِكْرِكُمْ	اٰبَآءَكُمْ	اَوْ	اَشَدَّ
تم ادا کر چکو	حج کے مراسم	تو یاد کرو	اللہ	جیسی تمہاری یاد	اپنے باپ دادا	یا	زیادہ

تم حج کے مراسم ادا کر چکو تو اللہ کو یاد کرو جیسے کہ تم اپنے باپ دادا کو یاد کرتے تھے یا اس سے بھی زیادہ

ذِكْرًا ؕ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا وَمَا لَهٗ

ذِكْرًا	فَمِنَ النَّاسِ	مَنْ	يَقُوْلُ	رَبَّنَا	اٰتِنَا	فِى	الدُّنْيَا	وَمَا	لَهٗ
یاد	پس۔ سے۔ آدمی	جو	کہتا ہے	اے ہمارے رب	ہمیں دے	میں	دنیا	اور نہیں	اسکے لئے

یاد کرو، پس کوئی آدمی کہتا ہے اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں (بھلائی) دے اور اس کے لئے نہیں ہے

فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿۲۰۰﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا

فِى	الْاٰخِرَةِ	مِنْ خَلَاقٍ	وَمِنْهُمْ	مَنْ	يَقُوْلُ	رَبَّنَآ	اٰتِنَا	فِى الدُّنْيَا
میں	آخرت	کچھ حصہ	اور ان سے	جو	کہتا ہے	اے ہمارے رب	ہمیں دے	دنیا میں

آخرت میں کچھ حصہ۔ اور ان میں سے جو کوئی کہتا ہے اے ہمارے رب! ہمیں دے دنیا میں

حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

حَسَنَةً	وَفِى الْاٰخِرَةِ	حَسَنَةً	وَقِنَا	عَذَابَ	النَّارِ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ
بھلائی	اور آخرت میں	بھلائی	اور ہمیں بچا	عذاب	آگ (دوزخ)	یہی لوگ	ان کے لئے

بھلائی اور آخرت میں بھلائی، اور دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔ یہی لوگ ہیں ان کے لئے

نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۲۰۲﴾ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ

نَصِيْبٌ	مِّمَّا	كَسَبُوْا	وَاللّٰهُ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ	وَاذْكُرُوا	اللّٰهَ
حصہ	اس سے جو	انہوں نے کمایا	اور اللہ	جلد	حساب لینے والا	اور تم یاد رکھو	اللہ

حصہ ہے اس میں سے جو انہوں نے کمایا، اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ اور تم اللہ کو یاد کرو

فِىْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِىْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ

فِىْٓ	اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ	فَمَنْ	تَعَجَّلَ	فِىْ	يَوْمَيْنِ	فَلَآ	اِثْمَ	عَلَيْهِ
میں	دن۔ گنتی کے	پس جو	جلد چلا گیا	میں	دو دن	تو نہیں	گناہ	اس پر

گنتی کے چند (مقررہ) دنوں میں، پس جو دو دن جلدی چلا گیا تو اس پر کوئی گناہ نہیں

وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا

وَمَنْ	تَاَخَّرَ	فَلَا	اِثْمَ	عَلَيْهِ	لِمَنِ	اتَّقٰى	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاعْلَمُوْٓا
اور جس	تاخیر کی	تو نہیں	گناہ	اس پر	لئے - جو	ڈرتا رہا	اور تم ڈرو	اللہ	اور جان لو

اور جس نے تاخیر کی اس پر کوئی گناہ نہیں (یہ اس کے لئے ہے) جو ڈرتا رہا، اور تم اللہ سے ڈرو، اور جان لو

اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِى

اَنَّكُمْ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَمِنَ	النَّاسِ	مَنْ	يُّعْجِبُكَ	قَوْلُهٗ	فِى
کہ تم	اس کی طرف	جمع کئے جاؤ گے	اور سے	لوگ	جو	تمہیں بھلی معلوم ہوتی ہے	اسکی بات	میں

کہ تم اس کی طرف جمع کئے جاؤ گے۔ اور لوگوں میں (کوئی ایسا بھی ہے) کہ اس کی بات تمہیں بھلی معلوم ہوتی ہے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِىْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿۲۰۴﴾

الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَيُشْهِدُ	اللّٰهَ	عَلٰى	مَا	فِىْ قَلْبِهٖ	وَهُوَ	اَلَدُّ	الْخِصَامِ
زندگی	دنیا	اور وہ گواہ بناتا ہے	اللہ	پر	جو	اس کے دل میں	حالانکہ وہ	سخت	جھگڑالو

(دنیوی زندگی (کے امور) میں اور وہ اللہ کو گواہ بناتا ہے اپنے دل کی بات پر، حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے۔

وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِى الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ

وَاِذَا	تَوَلّٰى	سَعٰى	فِى	الْاَرْضِ	لِيُفْسِدَ	فِيْهَا	وَيُهْلِكَ	الْحَرْثَ
اور جب	وہ لوٹے	دوڑتا پھرے	میں	زمین	تاکہ فساد کرے	اس میں	اور تباہ کرے	کھیتی

اور جب وہ لوٹے تو زمین (ملک) میں دوڑتا پھرے تاکہ اس میں فساد کرے، اور تباہ کرے کھیتی

وَالنَّسْلَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿۲۰۵﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ

وَ	النَّسْلَ	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ	الْفَسَادَ	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُ	اتَّقِ	اللّٰهَ
اور	نسل	اور اللہ	ناپسند کرتا ہے	فساد	اور جب	کہا جائے	اس کو	ڈر	اللہ

اور نسل، اور اللہ فساد کو ناپسند کرتا ہے۔ اور جب اس کو کہا جائے کہ اللہ سے ڈر

اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ۗ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾ وَ

اَخَذَتْهُ	الْعِزَّةُ	بِالْاِثْمِ	فَحَسْبُهٗ	جَهَنَّمُ	وَلَبِئْسَ	الْمِهَادُ	وَ
اسے آمادہ کرے	عزت (غرور)	گناہ پر	تو کافی ہے اسکو	جہنم	اور البتہ برا	ٹھکانا	اور

تو اس کو عزت (غرور) گناہ پر آمادہ کرے تو اس کے لئے جہنم کافی ہے، اور البتہ وہ برا ٹھکانا ہے۔

مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

مِنَ	النَّاسِ	مَنْ	يَّشْرِيْ	نَفْسَهُ	ابْتِغَآءَ	مَرْضَاتِ	اللّٰهِ	وَاللّٰهُ
سے	لوگ	جو	بیچ ڈالتا ہے	اپنی جان	حاصل کرنا	رضا	اللہ	اور اللہ

اور لوگوں میں (ایک وہ ہے) جو اپنی جان بیچ ڈالتا ہے اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے، اور اللہ

رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً ۪

رَءُوْفٌ	بِالْعِبَادِ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	ادْخُلُوْا	فِي	السِّلْمِ	كَآفَّةً
مہربان	بندوں پر	اے	جو لوگ ایمان لائے	تم داخل ہو جاؤ	میں	اسلام	پورے پورے

بندوں پر مہربان ہے۔ اے ایمان والو! تم اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ،

وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾

وَ	لَا تَتَّبِعُوْا	خُطُوٰتِ	الشَّيْطٰنِ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ
اور	نہ پیروی کرو	قدم	شیطان	بیشک وہ	تمہارا	دشمن	کھلا

اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

فَاِنْ	زَلَلْتُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	مَا	جَآءَتْكُمُ	الْبَيِّنٰتُ	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ
پھر اگر	تم ڈگمگا گئے	اس کے بعد	جو	تمہارے پاس آئے	واضح احکام	تو جان لو	کہ	اللہ

پھر اگر تم اس کے بعد ڈگمگا گئے جبکہ تمہارے پاس واضح احکام آ گئے، تو جان لو کہ اللہ

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ

عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	هَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّآ	اَنْ	يَّاْتِيَهُمُ	اللّٰهُ	فِيْ ظُلَلٍ	مِّنَ
غالب	حکمت والا	کیا	وہ انتظار کرتے ہیں	سوائے (یہی)	کہ	آئے انکے پاس	اللہ	سائبانوں میں	سے

غالب، حکمت والا ہے۔ کیا وہ صرف (یہ) انتظار کرتے ہیں کہ اللہ ان کے پاس آئے سائبانوں میں

الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾ سَلْ

الْغَمَامِ	وَالْمَلٰٓئِكَةُ	وَقُضِيَ	الْاَمْرُ	وَاِلَى	اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	سَلْ
بادل	اور فرشتے	اور طے ہو جائے	قصہ	اور طرف	اللہ	لوٹیں گے	تمام کام	پوچھو

بادل کے، اور فرشتے، اور فیصلہ طے ہو جائے؛ اور تمام کام اللہ کی طرف لوٹیں گے۔ پوچھو

بَنِيٓ اِسۡرَآءِيۡلَ كَمۡ اٰتَيۡنٰهُمۡ مِّنۡ اٰيَةٍۭ بَيِّنَةٍ ؕ وَمَنۡ يُّبَدِّلۡ نِعۡمَةَ

بَنِيٓ اِسۡرَآءِيۡلَ	كَمۡ	اٰتَيۡنٰهُمۡ	مِّنۡ	اٰيَةٍ	بَيِّنَةٍ	وَ	مَنۡ	يُّبَدِّلۡ	نِعۡمَةَ
بنی اسرائیل	کس قدر	ہم نے انہیں دیں	سے	نشانیاں	کھلی	اور	جو	بدل ڈالے	نعمت

بنی اسرائیل سے ہم نے انہیں کتنی کھلی نشانیاں دیں؟ اور جو اللہ کی نعمت بدل ڈالے

اللّٰهِ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَتۡهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيۡدُ الۡعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾ زُيِّنَ

اللّٰهِ	مِنۡۢ بَعۡدِ	مَا	جَآءَتۡهُ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	شَدِيۡدُ	الۡعِقَابِ	زُيِّنَ
اللہ	اس کے بعد	جو	آئی اس کے پاس	تو بیشک	اللہ	سخت	عذاب	آراستہ کی گئی

اس کے بعد کہ وہ اس کے پاس آ گئی، تو بیشک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔ آراستہ کی گئی

لِلَّذِيۡنَ كَفَرُوا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا وَيَسۡخَرُوۡنَ مِنَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا

لِلَّذِيۡنَ	كَفَرُوا	الۡحَيٰوةُ	الدُّنۡيَا	وَيَسۡخَرُوۡنَ	مِنَ	الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا
وہ لوگ جو	کفر کیا	زندگی	دنیا	اور وہ ہنستے ہیں	سے	جو لوگ	ایمان لائے

کافروں کے لئے دنیا کی زندگی اور وہ ہنستے ہیں ان پر جو ایمان لائے۔

وَالَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا فَوۡقَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَرۡزُقُ مَنۡ يَّشَآءُ بِغَيۡرِ

وَالَّذِيۡنَ	اتَّقَوۡا	فَوۡقَهُمۡ	يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ	وَاللّٰهُ	يَرۡزُقُ	مَنۡ	يَّشَآءُ	بِغَيۡرِ
اور جو لوگ	پرہیزگار ہوئے	ان سے بالاتر	قیامت کے دن	اور اللہ	رزق دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	بے

اور جو پرہیزگار ہوئے وہ قیامت کے دن اُن سے بالاتر ہوں گے اور اللہ جسے چاہتا ہے رزق دیتا ہے

حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾ كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۟ قف فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ

حِسَابٍ	كَانَ	النَّاسُ	اُمَّةً	وَاحِدَةً	فَبَعَثَ	اللّٰهُ	النَّبِيّٖنَ
شمار	تھے	لوگ	امت	ایک	پھر بھیجے	اللہ	نبی

بے شمار۔ لوگ ایک امت تھے پھر اللہ نے نبی بھیجے

مُبَشِّرِيۡنَ وَمُنۡذِرِيۡنَ ۪ وَاَنۡزَلَ مَعَهُمُ الۡكِتٰبَ بِالۡحَقِّ لِيَحۡكُمَ

مُبَشِّرِيۡنَ	وَ	مُنۡذِرِيۡنَ	وَاَنۡزَلَ	مَعَهُمُ	الۡكِتٰبَ	بِالۡحَقِّ	لِيَحۡكُمَ
خوشخبری دینے والے	اور	ڈرانے والے	اور نازل کی	ان کے ساتھ	کتاب	برحق	تاکہ فیصلہ کرے

خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے، اور اُن کے ساتھ برحق کتاب نازل کی تاکہ فیصلہ کرے

بَيْنَ النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ ۚ وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ إِلَّا الَّذِينَ أُوتُوهُ

بَيْنَ	النَّاسِ	فِيمَا	اخْتَلَفُوا	فِيهِ	وَمَا	اخْتَلَفَ	فِيهِ	إِلَّا	الَّذِينَ	أُوتُوهُ
درمیان	لوگ	جس میں	انہوں نے اختلاف کیا	اس میں	اور نہیں	اختلاف کیا	اس میں	مگر	جنہیں	دی گئی

لوگوں کے درمیان جس میں انہوں نے اختلاف کیا، اور جنہیں (کتاب) دی گئی تھی انہوں نے اختلاف نہیں کیا، مگر

مِن بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۖ فَهَدَى اللَّهُ الَّذِينَ

مِنْ بَعْدِ	مَا	جَاءَتْهُمُ	الْبَيِّنَاتُ	بَغْيًا	بَيْنَهُمْ	فَهَدَى	اللَّهُ	الَّذِينَ
بعد	جو۔جب	آئے ان کے پاس	واضح حکم	ضد	انکے درمیان (آپس کی)	پس ہدایت دی	اللہ	جو لوگ

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَ

وَاِذْ	اَخَذَ	اللّٰهُ	مِيْثَاقَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	لَتُبَيِّنُنَّهٗ	لِلنَّاسِ	وَ
اور جب	لیا	اللہ	عہد	وہ لوگ جنہیں	کتاب دی گئی	اسے ضرور بیان کر دینا	لوگوں کے لئے	اور

اور (یاد کرو) جب اللہ نے اہل کتاب سے عہد لیا کہ تم اسے لوگوں کے لئے ضرور بیان کرنا اور

لَا تَكْتُمُوْنَهٗ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ

لَا تَكْتُمُوْنَهٗ	فَنَبَذُوْهُ	وَرَآءَ	ظُهُوْرِهِمْ	وَاشْتَرَوْا بِهٖ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا
نہ چھپانا اسے	تو انہوں نے اسے پھینک دیا	پیچھے	اپنی پیٹھ (جمع)	حاصل کی اس کے بدلے	قیمت	تھوڑی

اسے نہ چھپانا، انہوں نے اسے اپنی پیٹھ پیچھے پھینک دیا، اور اس کے بدلے تھوڑی قیمت حاصل کی،

فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّ

فَبِئْسَ مَا	يَشْتَرُوْنَ	لَا تَحْسَبَنَّ	الَّذِيْنَ	يَفْرَحُوْنَ	بِمَا	اَتَوْا وَ
تو کتنا بُرا ہے جو	وہ خریدتے ہیں	آپ ہرگز نہ سمجھیں	جو لوگ	خوش ہوتے ہیں	اس پر جو	انہوں نے کیا اور

تو کتنا بُرا ہے جو وہ خریدتے ہیں! آپ ہرگز نہ سمجھیں جو لوگ خوش ہوتے ہیں جو انہوں نے کیا (اپنے کئے پر) اور

يُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ

يُحِبُّوْنَ	اَنْ	يُّحْمَدُوْا	بِمَا	لَمْ يَفْعَلُوْا	فَلَا	تَحْسَبَنَّهُمْ	بِمَفَازَةٍ
وہ چاہتے ہیں	کہ	انکی تعریف کی جائے	اس پر جو	انہوں نے نہیں کیا	پس نہ	سمجھیں آپ انہیں	رہا شدہ

چاہتے ہیں کہ اس پر ان کی تعریف کی جائے جو انہوں نے نہیں کیا، پس آپ انہیں رہا شدہ نہ سمجھیں

مِّنَ الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸۸﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ

مِنَ	الْعَذَابِ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَلِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ وَ
سے	عذاب	اور ان کے لئے	عذاب	دردناک	اور اللہ کے لئے	بادشاہت	آسمانوں اور

عذاب سے، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اور اللہ کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی اور

ع ۱۹ ۱۰

الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۸۹﴾ اِنَّ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ

الْاَرْضِ	وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَىْءٍ	قَدِيْرٌ	اِنَّ	فِىْ	خَلْقِ	السَّمٰوٰتِ
زمین	اور اللہ	پر	ہر شے	قادر	بیشک	میں	پیدائش	آسمان (جمع)

زمین کی، اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔ بیشک پیدائش میں آسمانوں کی

وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾

وَالْاَرْضِ	وَاخْتِلَافِ	الَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	لَاٰيٰتٍ	لِّاُولِى الْاَلْبَابِ
اور زمین	اور آنا جانا	رات	اور دن	نشانیاں ہیں	عقل والوں کے لئے

اور زمین کی، اور رات دن کے آنے جانے میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ

الَّذِيْنَ	يَذْكُرُوْنَ	اللّٰهَ	قِيٰمًا	وَقُعُوْدًا	وَعَلٰى	جُنُوْبِهِمْ	وَيَتَفَكَّرُوْنَ
جو لوگ	یاد کرتے ہیں	اللہ	کھڑے	اور بیٹھے	اور پر	اپنی کروٹیں	اور وہ غور کرتے ہیں

جو لوگ اللہ کو کھڑے، اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر یاد کرتے ہیں، اور غور کرتے ہیں

فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ

فِيْ خَلْقِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	رَبَّنَا	مَا	خَلَقْتَ	هٰذَا	بَاطِلًا
پیدائش میں	آسمانوں	اور زمین	اے ہمارے رب	نہیں	تو نے پیدا کیا	یہ	بے فائدہ

آسمانوں کی اور زمین کی پیدائش میں، اے ہمارے رب! تو نے یہ بے فائدہ پیدا نہیں کیا،

سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ

سُبْحٰنَكَ	فَقِنَا	عَذَابَ	النَّارِ	رَبَّنَا	اِنَّكَ	مَنْ	تُدْخِلِ	النَّارَ	فَقَدْ
تو پاک ہے	تو ہمیں بچالے	عذاب	آگ (دوزخ)	اے ہمارے رب	بیشک تو	جو۔جس	داخل کیا	آگ (دوزخ)	تو ضرور

تو پاک ہے، تو بچالے ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔ اے ہمارے رب! تو نے جس کو دوزخ میں داخل کیا تو ضرور

اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا

اَخْزَيْتَهٗ	وَمَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ	اَنْصَارٍ	رَبَّنَا	اِنَّنَا	سَمِعْنَا	مُنَادِيًا
تو نے اس کو رسوا کیا	اور نہیں	ظالموں کے لئے	کوئی	مددگار	اے ہمارے رب	بیشک ہم نے	سُنا	پکارنے والا

تو نے اس کو رسوا کیا، اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔ اے ہمارے رب! بیشک ہم نے ایک پکارنے والے کو سُنا

يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۣ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

يُّنَادِيْ	لِلْاِيْمَانِ	اَنْ اٰمِنُوْا	بِرَبِّكُمْ	فَاٰمَنَّا	رَبَّنَا	فَاغْفِرْ	لَنَا
پکارتا ہے	ایمان کے لئے	کہ ایمان لے آؤ	اپنے رب پر	سو ہم ایمان لائے	اے ہمارے رب	تو بخشدے	ہمیں

وہ ایمان کی طرف پکارتا ہے کہ اپنے رب پر ایمان لے آؤ، سو ہم ایمان لائے، اے ہمارے رب! تو ہمیں بخشدے

ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا

ذُنُوْبَنَا	وَكَفِّرْ عَنَّا	سَيِّاٰتِنَا	وَتَوَفَّنَا	مَعَ الْاَبْرَارِ	رَبَّنَا	وَاٰتِنَا	مَا
ہمارے گناہ	اور دُور کردے ہم سے	ہماری برائیاں	اور ہمیں موت دے	نیکوں کے ساتھ	اے ہمارے رب	اور ہمیں دے	جو

ہمارے گناہ، اور ہم سے ہماری بُرائیاں دُور کردے، اور ہمیں نیکوں کے ساتھ موت دے۔ اے ہمارے رب! اور ہمیں دے جو

وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

وَعَدْتَّنَا	عَلٰى	رُسُلِكَ	وَلَا تُخْزِنَا	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اِنَّكَ	لَا تُخْلِفُ
تو نے ہم سے وعدہ کیا	پر (ذریعہ)	اپنے رسول (جمع)	اور نہ رسوا کر ہمیں	قیامت کے دن	بیشک تو	نہیں خلاف کرتا

تو نے اپنے رسولوں کے ذریعہ ہم سے وعدہ کیا اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا ، بیشک تو نہیں خلاف کرتا

الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَاۤ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ

الْمِيْعَادَ	فَاسْتَجَابَ	لَهُمْ	رَبُّهُمْ	اَنِّيْ	لَاۤ اُضِيْعُ	عَمَلَ	عَامِلٍ
وعدہ	پس قبول کی	ان کے لئے	ان کا رب	کہ میں	ضائع نہیں کرتا	محنت	کوئی محنت کرنے والا

(اپنا) وعدہ - پس اُن کے رب نے (اُن کی دُعا) قبول کی کہ میں کسی محنت کرنے والے کی محنت ضائع نہیں کرتا

مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ

مِنْكُمْ	مِنْ ذَكَرٍ	اَوْ اُنْثٰى	بَعْضُكُمْ	مِنْ بَعْضٍ	فَالَّذِيْنَ
تم میں سے	مرد سے	یا عورت	تم میں سے	سے - (بعض (آپس میں)	سو لوگ

تم میں سے مرد ہو یا عورت ، تم آپس میں (ایک ہو) سو جن لوگوں نے

هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَ

هَاجَرُوْا	وَاُخْرِجُوْا	مِنْ	دِيَارِهِمْ	وَاُوْذُوْا	فِيْ سَبِيْلِيْ	وَقٰتَلُوْا	وَ
انہوں نے ہجرت کی	اور نکالے گئے	سے	اپنے شہروں	اور ستائے گئے	میری راہ میں	اور لڑے	اور

ہجرت کی ، اور اپنے شہروں سے نکالے گئے ، اور میری راہ میں ستائے گئے ، اور لڑے اور

قُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

قُتِلُوْا	لَاُكَفِّرَنَّ	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ	وَ	لَاُدْخِلَنَّهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ
مارے گئے	میں ضرور دُور کروں گا	اُن سے	اُن کی بُرائیاں	اور	ضرور انہیں داخل کروں گا	باغات	بہتی ہیں

مارے گئے ، میں ان کی برائیاں اُن سے ضرور دُور کردوں گا ، اور انہیں باغات میں داخل کروں گا ، بہتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ

مِنْ	تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	ثَوَابًا	مِنْ	عِنْدِ اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	عِنْدَهٗ	حُسْنُ
سے	ان کے نیچے	نہریں	ثواب	سے	اللہ کے پاس (طرف)	اور اللہ	اُس کے پاس	اچھا

جن کے نیچے نہریں (بہ) اللہ کی طرف سے ثواب ہے ، اور اللہ کے پاس اچھا

الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي الْبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾

الثَّوَابِ	لَا يَغُرَّنَّكَ	تَقَلُّبُ	الَّذِينَ كَفَرُوا	فِي	الْبِلَادِ
ثواب	نہ دھوکہ دے آپ کو	چلنا پھرنا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	میں	شہر (جمع)

ثواب ہے۔ شہروں میں کافروں کا چلنا پھرنا آپ کو دھوکہ نہ دے۔

مَتَاعٌ قَلِيلٌ ۖ ثُمَّ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾ لَٰكِنِ الَّذِينَ

مَتَاعٌ	قَلِيلٌ	ثُمَّ	مَأْوَاهُمْ	جَهَنَّمُ	وَبِئْسَ	الْمِهَادُ	لَٰكِنِ	الَّذِينَ
فائدہ	تھوڑا	پھر	ان کا ٹھکانہ	دوزخ	اور کتنا بُرا	بچھونا (آرام کرنا)	لیکن	جو لوگ

(یہ) تھوڑا سا فائدہ ہے، پھر ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے، اور وہ کتنی بُری آرام گاہ ہے؟ جو لوگ

اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا

اتَّقَوْا	رَبَّهُمْ	لَهُمْ	جَنَّاتٌ	تَجْرِي	مِنْ	تَحْتِهَا	الْأَنْهَارُ	خَالِدِينَ	فِيهَا
ڈرتے رہے	اپنا رب	انکے لئے	باغات	بہتی ہیں	سے	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں

اپنے رب سے ڈرتے رہے ان کے لئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے،

نُزُلًا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۗ وَمَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ لِلْأَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾ وَإِنَّ

نُزُلًا	مِنْ عِنْدِ اللَّهِ	وَمَا	عِنْدَ اللَّهِ	خَيْرٌ	لِلْأَبْرَارِ	وَإِنَّ
مہمانی	سے اللہ کے پاس	اور جو	اللہ کے پاس	بہتر	نیک لوگوں کے لئے	اور بیشک

مہمانی ہے اللہ کے پاس سے، اور جو اللہ کے پاس ہے نیک لوگوں کے لئے بہتر ہے۔ اور بیشک

مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَنْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَا

مِنْ	أَهْلِ الْكِتَابِ	لَمَنْ	يُؤْمِنُ	بِاللَّهِ	وَمَا	أُنْزِلَ	إِلَيْكُمْ	وَمَا
سے	اہل کتاب	بعض وہ جو	ایمان لاتے ہیں	اللہ پر	اور جو	نازل کیا گیا	تمہاری طرف	اور جو

اہل کتاب میں سے بعض وہ ہیں جو ایمان لائے ہیں اللہ پر، اور جو تمہاری طرف نازل کیا گیا، اور جو

أُنْزِلَ إِلَيْهِمْ خَاشِعِينَ لِلَّهِ لَا يَشْتَرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۚ

أُنْزِلَ	إِلَيْهِمْ	خَاشِعِينَ	لِلَّهِ	لَا يَشْتَرُونَ	بِآيَاتِ	اللَّهِ	ثَمَنًا	قَلِيلًا
نازل کیا گیا	ان کی طرف	عاجزی کرتے ہیں	اللہ کے آگے	مول نہیں لیتے	آیتوں کا	اللہ	مول	تھوڑا

ان کی طرف نازل کیا گیا، اللہ کے آگے عاجزی کرتے ہیں، اللہ کی آیتوں کے بدلے تھوڑا مول نہیں لیتے،

أُولَٰئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾

أُولَٰئِكَ	لَهُمْ	أَجْرُهُمْ	عِندَ	رَبِّهِمْ	إِنَّ	اللَّهَ	سَرِيعُ	الْحِسَابِ
یہی لوگ	انکے لئے	ان کا اجر	پاس	ان کا رب	بیشک	اللہ	جلد	حساب

یہی لوگ، ہیں ان کے لئے اُن کے رب کے پاس اجر ہے، بیشک اللہ جلد حساب کرنے والا ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا ۖ

يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	اصْبِرُوا	وَصَابِرُوا	وَرَابِطُوا
اے	ایمان والو	تم صبر کرو	اور مقابلہ میں مضبوط رہو	اور جنگ کی تیاری کرو

اے ایمان والو! تم صبر کرو، اور مقابلہ میں مضبوط رہو، اور جنگ کی تیاری کرو،

وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿۲۰۰﴾ ع ۲۰ ۱۱ ۱۱

وَاتَّقُوا	اللَّهَ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُونَ
اور ڈرو	اللہ	تاکہ تم	مراد کو پہنچو

اور اللہ سے ڈرو، تاکہ تم مراد کو پہنچو۔

اٰیاتُھا ۱۷۶ | ۴ : سُوْرَۃُ النِّسَآءِ مَدَنِیَّۃٌ : ۹۲ | رُکُوْعَاتُھا ۲۴

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ

يَا أَيُّهَا	النَّاسُ	اتَّقُوا	رَبَّكُمُ	الَّذِي	خَلَقَكُم	مِن	نَّفْسٍ	وَاحِدَةٍ
اے	لوگ	ڈرو	اپنا رب	وہ جس نے	تمہیں پیدا کیا	سے	جان	ایک

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، جس نے تمہیں ایک جان (آدمؑ) سے پیدا کیا،

وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً ۚ

وَخَلَقَ	مِنْهَا	زَوْجَهَا	وَبَثَّ	مِنْهُمَا	رِجَالًا	كَثِيرًا	وَنِسَاءً
اور پیدا کیا	اس سے	جوڑا اس کا	اور پھیلائے	دونوں سے	مرد (جمع)	بہت	اور عورتیں

اور اُسی سے اُس کا جوڑا پیدا کیا، اور ان دونوں سے پھیلائے بہت سے مرد اور عورتیں،

وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	الَّذِیْ	تَسَآءَلُوْنَ	بِهٖ	وَالْاَرْحَامَ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ
اور ڈرو	اللہ	وہ جو	آپس میں مانگتے ہو	اس سے (اسکے نام پر)	اور رشتے	بیشک	اللہ	ہے

اور اللہ سے ڈرو جس کے نام پر تم آپس میں مانگتے ہو اور (خیال رکھو) رشتوں کا ، بیشک اللہ ہے

عَلَیْكُمْ رَقِیْبًا ۝۱ وَاٰتُوا الْیَتٰمٰۤی اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِیْثَ

عَلَیْكُمْ	رَقِیْبًا	وَاٰتُوا	الْیَتٰمٰۤی	اَمْوَالَهُمْ	وَلَا	تَتَبَدَّلُوا	الْخَبِیْثَ
تم پر	نگہبان	اور دو	یتیم (جمع)	ان کے مال	اور نہ	بدلو	ناپاک

تم پر نگہبان ۔ اور یتیموں کو ان کے مال دو اور نہ بدلو ناپاک (حرام) کو

بِالطَّیِّبِ ۪ وَلَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَهُمْ اِلٰۤی اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

بِالطَّیِّبِ	وَلَا	تَاْكُلُوْۤا	اَمْوَالَهُمْ	اِلٰۤی	اَمْوَالِكُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ
پاک سے	اور نہ	کھاؤ	ان کے مال	طرف (ساتھ)	اپنے مال	بیشک	ہے

پاک (حلال) سے ، اور ان کے مال نہ کھاؤ اپنے مالوں کے ساتھ (ملا کر) ، بیشک یہ

حُوْبًا كَبِیْرًا ۝۲ وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰی فَانْكِحُوْا مَا

حُوْبًا	كَبِیْرًا	وَاِنْ	خِفْتُمْ	اَلَّا	تُقْسِطُوْا	فِی	الْیَتٰمٰی	فَانْكِحُوْا	مَا
گناہ	بڑا	اور اگر	تم ڈرو	کہ نہ	انصاف کرسکو گے	میں	یتیموں	تو نکاح کرلو	جو

بڑا گناہ ہے ۔ اور اگر تم کو ڈر ہو کہ یتیم (لڑکیوں کے حق) میں انصاف نہ کرسکو گے تو نکاح کرلو جو

طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ

طَابَ	لَكُمْ	مِنَ	النِّسَآءِ	مَثْنٰی	وَثُلٰثَ	وَرُبٰعَ	فَاِنْ	خِفْتُمْ
پسند ہو	تمہیں	سے	عورتیں	دو، دو	اور تین، تین	اور چار، چار	پھر اگر	تمہیں اندیشہ ہو

عورتیں تمہیں بھلی لگیں ، دو دو ، اور تین تین اور چار چار ، پھر اگر تمہیں اندیشہ ہو

اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤی اَلَّا

اَلَّا	تَعْدِلُوْا	فَوَاحِدَةً	اَوْ مَا	مَلَكَتْ	اَیْمَانُكُمْ	ذٰلِكَ	اَدْنٰۤی	اَلَّا
کہ نہ	انصاف کرسکو گے	تو ایک ہی	یا جو	لونڈی جس کے تم مالک ہو		یہ	قریب تر	کہ نہ

کہ انصاف نہ کرسکو گے تو ایک ہی ، یا جس لونڈی کے تم مالک ہو ، یہ اس کے قریب ہے کہ نہ

تَعُوْلُوْا ۝٣ وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ

تَعُوْلُوْا	وَاٰتُوا	النِّسَآءَ	صَدُقٰتِهِنَّ	نِحْلَةً	فَاِنْ	طِبْنَ	لَكُمْ	عَنْ شَيْءٍ
جھک پڑو	اور دے دو	عورتیں	ان کے مہر	خوشی سے	پھر اگر	خوشی سے چھوڑ دیں	تم کو	کچھ

جھک پڑو۔ اور عورتوں کو اُن کے مہر خوشی سے دے دو، پھر اگر وہ خوشی سے تمہیں چھوڑ دیں

مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ۝٤ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ

مِنْهُ	نَفْسًا	فَكُلُوْهُ	هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا	وَلَا	تُؤْتُوا	السُّفَهَآءَ	اَمْوَالَكُمُ
اس سے	دل سے	تو اسے کھاؤ	مزیدار، خوشگوار	اور نہ	دو	بے عقل (جمع)	اپنے مال

اس میں سے کچھ، تو اسے مزیدار خوشگوار سمجھ کر کھاؤ۔ اور نہ دو بے عقلوں کو اپنے مال

الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا

الَّتِيْ	جَعَلَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	قِيٰمًا	وَارْزُقُوْهُمْ	فِيْهَا	وَاكْسُوْهُمْ	وَقُوْلُوْا
جو	بنایا	اللہ	تمہارے لئے	سہارا	اور انہیں کھلاتے رہو	اس میں	اور انہیں پہناتے رہو	اور کہو

جو اللہ نے تمہارے لئے سہارا (گذران کا ذریعہ) بنایا ہے اور انہیں اس سے کھلاتے اور پہناتے رہو، اور کہو

لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝٥ وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ

لَهُمْ	قَوْلًا	مَّعْرُوْفًا	وَابْتَلُوا	الْيَتٰمٰى	حَتّٰٓى	اِذَا	بَلَغُوا	النِّكَاحَ	فَاِنْ
ان سے	بات	معقول	اور آزماتے رہو	یتیم (جمع)	یہاں تک کہ	جب	وہ پہنچیں	نکاح	پھر اگر

ان سے معقول بات۔ اور یتیموں کو آزماتے رہو یہاں تک کہ وہ نکاح کی عمر کو پہنچ جائیں، پھر اگر

اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ

اٰنَسْتُمْ	مِنْهُمْ	رُشْدًا	فَادْفَعُوْٓا	اِلَيْهِمْ	اَمْوَالَهُمْ	وَلَا	تَاْكُلُوْهَا
تم پاؤ	ان میں	صلاحیت	تو حوالے کر دو	ان کے	ان کے مال	اور نہ	وہ کھاؤ

ان میں صلاحیت (حُسنِ تدبیر) پاؤ تو ان کے مال ان کے حوالے کر دو، اور ان کا مال نہ کھاؤ

اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ؕ وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ

اِسْرَافًا	وَّبِدَارًا	اَنْ	يَّكْبَرُوْا	وَمَنْ	كَانَ	غَنِيًّا	فَلْيَسْتَعْفِفْ	وَمَنْ
ضرورت سے زیادہ	اور جلدی جلدی	کہ	وہ بڑے ہو جائینگے	اور جو	ہو	غنی	بچتا رہے	اور جو

ضرورت سے زیادہ اور جلدی (اس خیال سے) کہ وہ بڑے ہو جائیں گے، اور جو غنی ہو وہ (مالِ یتیم سے) بچتا رہے، اور جو

كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ

كَانَ	فَقِيْرًا	فَلْيَاْكُلْ	بِالْمَعْرُوْفِ	فَاِذَا	دَفَعْتُمْ	اِلَيْهِمْ	اَمْوَالَهُمْ
ہو	حاجت مند	تو کھائے	دستور کے مطابق	پھر جب	حوالے کرو	ان کے	ان کے مال

حاجت مند ہو وہ دستور کے مطابق کھائے، پھر جب ان کے مال اُن کے حوالے کرو،

فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝۶ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

فَاَشْهِدُوْا	عَلَيْهِمْ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	حَسِيْبًا	لِلرِّجَالِ	نَصِيْبٌ	مِمَّا
تو گواہ کرلو	ان پر	اور کافی	اللہ	حساب لینے والا	مردوں کے لئے	حصہ	اس سے جو

تو ان پر گواہ کرلو، اور اللہ کافی ہے حساب لینے والا۔ مردوں کے لئے حصہ ہے اس میں سے جو

تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۪ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ

تَرَكَ	الْوَالِدٰنِ	وَالْاَقْرَبُوْنَ	وَلِلنِّسَآءِ	نَصِيْبٌ	مِمَّا	تَرَكَ	الْوَالِدٰنِ
چھوڑا	ماں باپ	اور قرابت دار	اور عورتوں کے لئے	حصہ	اس سے جو	چھوڑا	ماں باپ

ماں باپ نے اور قرابت داروں نے چھوڑا، اور عورتوں کے لئے حصہ ہے اس میں سے جو چھوڑا ماں باپ نے

وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ؕ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝۷ وَاِذَا حَضَرَ

وَالْاَقْرَبُوْنَ	مِمَّا	قَلَّ	مِنْهُ	اَوْ كَثُرَ	نَصِيْبًا	مَّفْرُوْضًا	وَاِذَا	حَضَرَ
اور قرابت دار	اس میں سے	تھوڑا	اس سے	یا زیادہ	حصہ	مقرر کیا ہوا	اور جب	حاضر ہوں

اور قرابتداروں نے، خواہ تھوڑا ہو یا زیادہ، حصہ مقرر کیا ہوا ہے۔ اور جب حاضر ہوں

الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا

الْقِسْمَةَ	اُولُوا الْقُرْبٰى	وَالْيَتٰمٰى	وَالْمَسٰكِيْنُ	فَارْزُقُوْهُمْ	مِنْهُ	وَقُوْلُوْا
تقسیم کے وقت	رشتہ دار	اور یتیم	اور مسکین	تو انہیں کھلا دو (دیدو)	اس سے	اور کہو

تقسیم کے وقت رشتہ دار، اور یتیم، اور مسکین، تو اس میں سے انہیں بھی (کچھ) دیدو اور کہو

لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝۸ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ

لَهُمْ	قَوْلًا	مَّعْرُوْفًا	وَلْيَخْشَ	الَّذِيْنَ	لَوْ تَرَكُوْا	مِنْ	خَلْفِهِمْ
ان سے	بات	اچھی	اور چاہیئے کہ ڈریں	وہ لوگ	اگر چھوڑ جائیں	سے	اپنے پیچھے

ان سے اچھی بات۔ اور چاہیئے کہ وہ لوگ ڈریں کہ اگر وہ چھوڑ جائیں اپنے پیچھے

ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۠ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا

ذُرِّيَّةً	ضِعٰفًا	خَافُوْا	عَلَيْهِمْ	فَلْيَتَّقُوا	اللّٰهَ	وَلْيَقُوْلُوْا	قَوْلًا
اولاد	ناتواں	انہیں فکر ہو	ان کا	پس چاہیئے کہ وہ ڈریں	اللہ	اور چاہیئے کہ کہیں	بات

ناتواں اولاد ہو تو انہیں ان کی فکر ہو، پس چاہیئے کہ وہ اللہ سے ڈریں، اور چاہیئے کہ بات کہیں

سَدِيْدًا ۝٩ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا

سَدِيْدًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَاْكُلُوْنَ	اَمْوَالَ	الْيَتٰمٰى	ظُلْمًا	اِنَّمَا
سیدھی	بیشک	جو لوگ	کھاتے ہیں	مال	یتیموں	ظلم سے	اس کے سوا کچھ نہیں

سیدھی۔ بے شک جو لوگ ظلم سے یتیموں کا مال کھاتے ہیں، اور کچھ نہیں بس

ع ۱۰ ۱۱ ۱۲

يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ۭ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ۝١٠ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ

يَاْكُلُوْنَ	فِيْ	بُطُوْنِهِمْ	نَارًا	وَسَيَصْلَوْنَ	سَعِيْرًا	يُوْصِيْكُمُ	اللّٰهُ
وہ بھرتے ہیں	میں	اپنے پیٹ	آگ	اور عنقریب داخل ہونگے	آگ (دوزخ)	تمہیں وصیت کرتا ہے	اللہ

وہ اپنے پیٹوں میں آگ بھر رہے ہیں، اور عنقریب دوزخ میں داخل ہوں گے۔ اللہ تمہیں وصیت کرتا ہے

فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۤ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَاۗءً

فِيْٓ	اَوْلَادِكُمْ	لِلذَّكَرِ	مِثْلُ	حَظِّ	الْاُنْثَيَيْنِ	فَاِنْ	كُنَّ	نِسَاۗءً
میں	تمہاری اولاد	مرد کو	مانند (برابر)	حصہ	دو عورتیں	پھر اگر	ہوں	عورتیں

تمہاری اولاد (کے بارہ) میں، مرد کا حصہ دو عورتوں کے برابر ہے، پھر اگر عورتیں ہوں

فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا

فَوْقَ	اثْنَتَيْنِ	فَلَهُنَّ	ثُلُثَا	مَا تَرَكَ	وَاِنْ	كَانَتْ	وَاحِدَةً	فَلَهَا
زیادہ	دو	تو ان کے لئے	دو تہائی	جو چھوڑا (ترکہ)	اور اگر	ہو	ایک	تو اس کے لئے

دو سے زیادہ تو ان کے لئے (اس میں سے) دو تہائی ہے جو (وارث نے) چھوڑا، اور اگر ایک ہی ہو تو اس کے لئے

النِّصْفُ ۭ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ

النِّصْفُ	وَلِاَبَوَيْهِ	لِكُلِّ وَاحِدٍ	مِنْهُمَا	السُّدُسُ	مِمَّا	تَرَكَ
نصف	اور ماں باپ کے لئے	ہر ایک کے لئے	ان دونوں میں سے	چھٹا حصہ ⅙	اس سے جو	چھوڑا (ترکہ)

نصف ہے، اور اس کے ماں باپ کے لئے دونوں میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ ہے اس میں سے جو (میت نے) چھوڑا،

إِنْ كَانَ لَهُ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُ وَلَدٌ وَّوَرِثَهُ أَبَوٰهُ

إِنْ كَانَ	لَهُ وَلَدٌ	فَإِنْ	لَّمْ يَكُنْ	لَهُ وَلَدٌ	وَوَرِثَهُ	أَبَوٰهُ
اگر ہو	اس کی اولاد	پھر اگر	نہ ہو	اس کی اولاد	اور اس کے وارث ہوں	ماں باپ

اگر ان کی اولاد ہو۔ پھر اگر اس کے اولاد نہ ہو اور ماں باپ ہی اس کے وارث ہوں

فَلِأُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَإِنْ كَانَ لَهُ إِخْوَةٌ فَلِأُمِّهِ السُّدُسُ مِنْ

فَلِأُمِّهِ	الثُّلُثُ	فَإِنْ	كَانَ لَهُ	إِخْوَةٌ	فَلِأُمِّهِ	السُّدُسُ	مِنْ
تو اس کی ماں کا	تہائی (۱/۳)	پھر اگر	اس کے ہوں	کئی بہن بھائی	تو اس کی ماں کا	چھٹا (۱/۶)	سے

تو اس کی ماں کا تہائی حصہ ہے، پھر اگر اس (میت) کے کئی بہن بھائی ہوں تو اس کی ماں کا چھٹا حصہ ہے

بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۗ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ لَا تَدْرُونَ

بَعْدِ	وَصِيَّةٍ	يُوصِي بِهَا	أَوْ دَيْنٍ	آبَاؤُكُمْ	وَأَبْنَاؤُكُمْ	لَا تَدْرُونَ
بعد	وصیت	اسکی وصیت کی ہو	یا قرض	تمہارے باپ	اور تمہارے بیٹے	تم کو نہیں معلوم

اس وصیت کے بعد جو وہ کہہ گیا یا (بعد ادائے) قرض، تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے تو تم کو نہیں معلوم

أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۚ فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا

أَيُّهُمْ	أَقْرَبُ لَكُمْ	نَفْعًا	فَرِيضَةً	مِنَ اللَّهِ	إِنَّ اللَّهَ	كَانَ	عَلِيمًا
ان میں سے کون	نزدیک تر تمہارے لئے	نفع	حصہ مقرر کیا ہوا	اللہ کا	بیشک اللہ	ہے	جاننے والا

ان میں کون تمہارے لئے نفع پہنچانے میں، نزدیک تر ہے یہ اللہ کا مقرر کیا ہوا حصہ ہے، بیشک اللہ جاننے والا

حَكِيمًا ﴿۱۱﴾ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ

حَكِيمًا	وَلَكُمْ	نِصْفُ	مَا تَرَكَ	أَزْوَاجُكُمْ	إِنْ	لَّمْ يَكُنْ	لَّهُنَّ	وَلَدٌ
حکمت والا	اور تمہارے لئے	آدھا	جو چھوڑ مریں	تمہاری بیبیاں	اگر	نہ ہو	ان کی	کچھ اولاد

حکمت والا ہے۔ اور تمہارے لئے آدھا ہے جو چھوڑ مریں تمہاری بیبیاں اگر ان کی کچھ اولاد نہ ہو،

فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

فَإِنْ	كَانَ	لَهُنَّ وَلَدٌ	فَلَكُمُ	الرُّبُعُ	مِمَّا تَرَكْنَ	مِنْ بَعْدِ	وَصِيَّةٍ
پھر اگر	ہو	ان کی اولاد	تو تمہارے لئے	چوتھائی	اس میں سے جو وہ چھوڑیں	بعد	وصیت

پھر اگر ان کی اولاد ہو تو تمہارے لئے اس میں سے جو وہ چھوڑیں وصیت کے بعد چوتھائی حصہ ہے،

يُوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ

يُوْصِيْنَ	بِهَا	اَوْ دَيْنٍ	وَلَهُنَّ	الرُّبُعُ	مِمَّا	تَرَكْتُمْ	اِنْ	لَّمْ يَكُنْ
وہ وصیت کر جائیں	اس کی	یا قرض	اور ان کے لئے	چوتھائی	اس میں سے جو	تم چھوڑ جاؤ	اگر	نہ ہو

جس کی وہ وصیت کر جائیں یا (بعد ادائے) قرض، اور اس میں سے ان کے لئے چوتھائی حصہ ہے جو تم چھوڑ جاؤ اگر نہ ہو

لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْ

لَكُمْ وَلَدٌ	فَاِنْ	كَانَ لَكُمْ	وَلَدٌ	فَلَهُنَّ	الثُّمُنُ	مِمَّا تَرَكْتُمْ	مِنْ
تمہاری اولاد	پھر اگر	ہو تمہاری	اولاد	تو انکے لئے	آٹھواں	اس سے جو تم چھوڑ جاؤ	سے

تمہاری اولاد، پھر اگر تمہاری اولاد ہو تو جو تم چھوڑ جاؤ اس میں سے ان کا آٹھواں (۱/۸) حصہ ہے

بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ

بَعْدِ	وَصِيَّةٍ	تُوْصُوْنَ	بِهَا	اَوْ	دَيْنٍ	وَاِنْ	كَانَ	رَجُلٌ	يُّوْرَثُ
بعد	وصیت	تم وصیت کرو	اس کی	یا	قرض	اور اگر	ہو	ایسا مرد	میراث ہو

اس وصیت (کے نکالنے) کے بعد جو تم وصیت کر جاؤ یا (ادائے) قرض، اور اگر ایسے مرد کی میراث ہے

كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ

كَلٰلَةً	اَوِ امْرَاَةٌ	وَّلَهٗ	اَخٌ	اَوْ اُخْتٌ	فَلِكُلِّ	وَاحِدٍ مِّنْهُمَا	السُّدُسُ
جس کا باپ بیٹا نہ ہو	یا عورت	اور اس	بھائی	یا بہن	تو تمام کے لئے	ان میں سے ہر ایک	چھٹا

یا ایسی عورت کی جو کلالہ ہے (اس کا باپ بیٹا نہیں) اور اس کے بہن بھائی ہوں تو ان دونوں میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ ہے،

فَاِنْ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَاۗءُ فِي الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ

فَاِنْ	كَانُوْا	اَكْثَرَ	مِنْ ذٰلِكَ	فَهُمْ	شُرَكَاۗءُ	فِي الثُّلُثِ	مِنْۢ بَعْدِ
پھر اگر	ہوں	زیادہ	اس سے (ایک سے)	تو وہ سب	شریک	تہائی میں (۱/۳)	اس کے بعد

پھر اگر وہ ایک سے زیادہ ہوں تو وہ سب شریک ہیں ایک تہائی میں اس وصیت کے بعد

وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَاۗرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ

وَصِيَّةٍ	يُّوْصٰى بِهَا	اَوْ دَيْنٍ	غَيْرَ مُضَاۗرٍّ	وَصِيَّةً	مِنَ اللّٰهِ	وَاللّٰهُ
وصیت	جسکی وصیت کی جائے	یا قرض	نقصان نہ پہنچانا	حکم	اللہ سے	اور اللہ

جو وصیت کر دی جائے یا (بعد ادائے) قرض (بشرطیکہ کسی کو) نقصان نہ پہنچایا ہو، یہ اللہ کا حکم ہے، اور اللہ

عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

عَلِيْمٌ	حَلِيْمٌ	تِلْكَ	حُدُوْدُ	اللّٰهِ	وَمَنْ	يُّطِعِ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ
جاننے والا	حلم والا	یہ	حدیں	اللہ	اور جو	اللہ کی اطاعت کرے	اور اس کا رسول

جاننے والا، حلم والا ہے۔ یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدیں ہیں، اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا

يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَ

يُدْخِلْهُ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَ
وہ اسے داخل کرے گا	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	ان میں	اور

وہ اسے باغات میں داخل کرے گا، جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، اور

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ

ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	وَمَنْ	يَعْصِ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَيَتَعَدَّ
یہ	کامیابی	بڑی	اور جو	نافرمانی کرے	اللہ	اور اس کا رسول	اور بڑھ جائے

یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا، اور بڑھ جائے گا

ع ۲ ۴ ۱۳

حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ص وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۴﴾ ع

حُدُوْدَهٗ	يُدْخِلْهُ	نَارًا	خَالِدًا	فِيْهَا	وَلَهٗ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ
اس کی حدیں	وہ اسے داخل کرے گا	آگ	ہمیشہ رہے گا	اس میں	اور اسکے لئے	عذاب	ذلیل کرنے والا

اس کی حدوں سے تو وہ اسے آگ میں داخل کرے گا، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، اور انکے لئے ذلیل کرنیوالا عذاب ہے۔

وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ

وَالّٰتِيْ	يَاْتِيْنَ	الْفَاحِشَةَ	مِنْ	نِّسَآئِكُمْ	فَاسْتَشْهِدُوْا	عَلَيْهِنَّ
اور جو عورتیں	مرتکب ہوں	بدکاری	سے	تمہاری عورتیں	تو گواہ لاؤ	ان پر

اور تمہاری عورتوں میں سے جو بدکاری کی مرتکب ہوں ان پر گواہ لاؤ

اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى

اَرْبَعَةً	مِّنْكُمْ	فَاِنْ	شَهِدُوْا	فَاَمْسِكُوْهُنَّ	فِي الْبُيُوْتِ	حَتّٰى
چار	اپنوں میں سے	پھر اگر	وہ گواہی دیں	انہیں بند رکھو	گھروں میں	یہاں تک کہ

چار اپنوں میں سے، پھر اگر وہ گواہی دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند رکھو یہاں تک کہ

يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿۱۵﴾ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا

يَتَوَفّٰىهُنَّ	الْمَوْتُ	اَوْ يَجْعَلَ	اللّٰهُ	لَهُنَّ	سَبِيْلًا	وَالَّذٰنِ	يَاْتِيٰنِهَا
اُنہیں اٹھالے	موت	یا کردے	اللہ	انکے لئے	کوئی سبیل	اور جو دو مرد	مرتکب ہوں

موت انہیں اُٹھالے یا اللہ ان کے لئے کوئی سبیل کردے (کوئی راہ نکالے) - اور جو دو مرد مرتکب ہوں

مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

مِنْكُمْ	فَاٰذُوْهُمَا	فَاِنْ تَابَا	وَاَصْلَحَا	فَاَعْرِضُوْا	عَنْهُمَا	اِنَّ	اللّٰهَ
تم میں سے	تو انہیں ایذا دو	پھر اگر وہ توبہ کریں	اور اصلاح کرلیں	تو پیچھا چھوڑ دو	ان کا	بیشک	اللہ

تم میں سے تو انہیں ایذا دو، پھر اگر وہ توبہ کرلیں، اور اپنی اصلاح کرلیں تو ان کا پیچھا چھوڑ دو، بیشک اللہ

كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۱۶﴾ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

كَانَ	تَوَّابًا	رَّحِيْمًا	اِنَّمَا	التَّوْبَةُ	عَلَى اللّٰهِ	لِلَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ
ہے	توبہ قبول کرنے والا	نہایت مہربان	اس کے سوا نہیں	توبہ قبول کرنا	اللہ پر (اللہ کے ذمے)	ان لوگوں کے لئے	وہ کرتے ہیں

توبہ قبول کرنے والا نہایت مہربان ہے۔ اس کے سوا نہیں کہ توبہ قبول کرنا اللہ کے ذمہ ان ہی لوگوں کے لئے ہے جو کرتے ہیں

السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰۗىِٕكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ

السُّوْٓءَ	بِجَهَالَةٍ	ثُمَّ	يَتُوْبُوْنَ	مِنْ قَرِيْبٍ	فَاُولٰۗىِٕكَ	يَتُوْبُ	اللّٰهُ
برائی	نادانی سے	پھر	توبہ کرتے ہیں	جلدی سے	پس یہی لوگ ہیں	توبہ قبول کرتا ہے	اللہ

برائی نادانی سے، پھر جلدی سے توبہ کرلیتے ہیں، پس یہی لوگ ہیں اللہ توبہ قبول کرتا ہے

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷﴾ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ

عَلِيْمُهُمْ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا	حَكِيْمًا	وَلَيْسَتِ	التَّوْبَةُ	لِلَّذِيْنَ
اُن کی	اور ہے	اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور نہیں	توبہ	ان کے لئے (انکی)

اُن کی، اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے - اور اُن لوگوں کے لئے توبہ نہیں

يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ

يَعْمَلُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	حَتّٰى	اِذَا	حَضَرَ	اَحَدَهُمُ	الْمَوْتُ	قَالَ	اِنِّىْ
وہ کرتے ہیں	برائیاں	یہاں تک	جب	سامنے آجائے	ان میں سے کسی کو	موت	کہے	کہ میں

جو برائیاں (گناہ) کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ جب موت ان میں سے کسی کے سامنے آجائے تو کہے کہ میں

تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا

تُبْتُ	الْـٰٔنَ	وَلَا	الَّذِيْنَ	يَمُوْتُوْنَ	وَهُمْ	كُفَّارٌ	اُولٰٓئِكَ	اَعْتَدْنَا
توبہ کرتا ہوں	اب	اور نہ	وہ لوگ جو	مرجاتے ہیں	اور وہ	کافر	یہی لوگ	ہم نے تیار کیا

اب توبہ کرتا ہوں، اور نہ اُن لوگوں کی جو مرجاتے ہیں حالتِ کفر میں، یہی لوگ ہیں ہم نے تیار کیا ہے

لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا

لَهُمْ	عَذَابًا	اَلِيْمًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا يَحِلُّ	لَكُمْ	اَنْ تَرِثُوا
انکے لئے	عذاب	دردناک	اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	حلال نہیں	تمہارے لئے	کہ وارث بن جاؤ

ان کے لئے دردناک عذاب۔ اے ایمان والو! تمہارے لئے حلال نہیں کہ تم وارث بن جاؤ

النِّسَآءَ كَرْهًا ؕ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ

النِّسَآءَ	كَرْهًا	وَلَا	تَعْضُلُوْهُنَّ	لِتَذْهَبُوْا	بِبَعْضِ	مَآ	اٰتَيْتُمُوْهُنَّ
عورتیں	زبردستی	اور نہ	انہیں روکے رکھو	کہ لے لو	کچھ	جو	ان کو دیا ہو

عورتوں کے زبردستی، اور نہ انہیں روکے رکھو کہ ان سے اپنا دیا ہوا کچھ (واپس) لے لو،

اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ

اِلَّآ	اَنْ	يَّاْتِيْنَ	بِفَاحِشَةٍ	مُّبَيِّنَةٍ	وَعَاشِرُوْهُنَّ	بِالْمَعْرُوْفِ
مگر	یہ کہ	مرتکب ہوں	بے حیائی	کھلی ہوئی	اور ان سے گزران کرو	دستور کے مطابق

مگر یہ کہ وہ کھلی بے حیائی کی مرتکب ہوں، اور ان عورتوں کے ساتھ دستور کے مطابق گزران کرو،

فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ

فَاِنْ	كَرِهْتُمُوْهُنَّ	فَعَسٰى	اَنْ تَكْرَهُوْا	شَيْـًٔا	وَّيَجْعَلَ	اللّٰهُ
پھر اگر	وہ ناپسند ہوں	تو ممکن ہے	کہ تم کو ناپسند ہو	ایک چیز	اور رکھے	اللہ

پھر اگر وہ تمہیں ناپسند ہوں تو عین ممکن ہے کہ تمہیں ایک چیز ناپسند ہو اور اللہ رکھے

فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۹﴾ وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ

فِيْهِ	خَيْرًا	كَثِيْرًا	وَاِنْ	اَرَدْتُّمُ	اسْتِبْدَالَ	زَوْجٍ	مَّكَانَ
اس میں	بھلائی	بہت	اور اگر	تم چاہو	بدل لینا	ایک بی بی	جگہ (بدلے)

اس میں بہت بھلائی۔ اور اگر بدل لینا چاہو ایک بی بی کی جگہ

زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ

زَوْجٍ	وَاٰتَيْتُمْ	اِحْدٰىهُنَّ	قِنْطَارًا	فَلَا تَاْخُذُوْا	مِنْهُ	شَيْـًٔا
دوسری بی بی	اور تم نے دیا ہے	ان میں سے ایک کو	خزانہ	تو نہ (واپس) لو	اس سے	کچھ

دوسری بی بی، اور تم نے ان میں سے کسی ایک کو خزانہ دیا ہے تو اس سے کچھ واپس نہ لو،

اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾ وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ

اَتَاْخُذُوْنَهٗ	بُهْتَانًا	وَاِثْمًا	مُّبِيْنًا	وَكَيْفَ	تَاْخُذُوْنَهٗ	وَقَدْ
کیا تم وہ لیتے ہو	بہتان	اور گناہ	صریح (کھلا)	اور کیسے	تم اسے لوگے	اور البتہ

کیا تم وہ لیتے ہو بہتان (لگاکر) اور صریح (کھلے) گناہ سے؟ اور تم وہ کیسے واپس لوگے؟ اور البتہ

اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۲۱﴾

اَفْضٰى	بَعْضُكُمْ	اِلٰى بَعْضٍ	وَاَخَذْنَ	مِنْكُمْ	مِّيْثَاقًا	غَلِيْظًا
پہنچ چکا	تم میں ایک	دوسرے تک	اور انہوں نے لیا	تم سے	عہد	پختہ

تم میں سے ایک دوسرے تک پہنچ چکا (صحبت کر چکا)، اور انہوں نے تم سے پختہ عہد لیا۔

وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ

وَلَا	تَنْكِحُوْا	مَا نَكَحَ	اٰبَآؤُكُمْ	مِنَ	النِّسَآءِ	اِلَّا	مَا قَدْ سَلَفَ	اِنَّهٗ
اور نہ	نکاح کرو	جس سے نکاح کیا	تمہارے باپ	سے	عورتیں	مگر	جو گزر چکا	بیشک وہ

اور ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے باپ نے نکاح کیا ہو، مگر جو (پہلے) گزر چکا، بیشک یہ

كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۲۲﴾ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ

كَانَ	فَاحِشَةً	وَمَقْتًا	وَسَآءَ	سَبِيْلًا	حُرِّمَتْ	عَلَيْكُمْ	اُمَّهٰتُكُمْ
تھا	بے حیائی	اور غضب کی بات	اور برا	راستہ (طریقہ)	حرام کی گئیں	تم پر	تمہاری مائیں

بے حیائی اور غضب کی بات تھی اور برا راستہ (غلط طریقہ) تھا۔ تم پر حرام کی گئیں تمہاری مائیں،

وَبَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ

وَبَنٰتُكُمْ	وَاَخَوٰتُكُمْ	وَعَمّٰتُكُمْ	وَخٰلٰتُكُمْ	وَبَنٰتُ الْاَخِ	وَبَنٰتُ
اور تمہاری بیٹیاں	اور تمہاری بہنیں	اور تمہاری پھوپھیاں	اور تمہاری خالائیں	اور بھتیجیاں	اور بیٹیاں

اور تمہاری بیٹیاں، اور تمہاری بہنیں، اور تمہاری پھوپھیاں، اور تمہاری خالائیں، اور بھتیجیاں، اور بیٹیاں

الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ

الْاُخْتِ	وَاُمَّهٰتُكُمُ	الّٰتِيْ	اَرْضَعْنَكُمْ	وَاَخَوٰتُكُمْ	مِنَ الرَّضَاعَةِ
بہن	اور تمہاری مائیں	وہ جنہوں نے	تمہیں دودھ پلایا	اور تمہاری بہنیں	سے دودھ شریک

بہن کی (بھانجیاں)، اور تمہاری رضاعی مائیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا، اور تمہاری دودھ شریک بہنیں،

وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ

وَ	اُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ	وَرَبَآئِبُكُمُ	الّٰتِيْ	فِيْ حُجُوْرِكُمْ	مِنْ	نِّسَآئِكُمُ
اور	تمہاری عورتوں کی مائیں	اور تمہاری بیٹیاں	جو کہ	تمہاری پرورش میں	سے	تمہاری بیبیاں

اور تمہاری عورتوں کی مائیں (ساس)، اور تمہاری وہ بیٹیاں جو تمہاری پرورش میں ہیں تمہاری ان بیبیوں سے

الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ۫ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ

الّٰتِيْ	دَخَلْتُمْ	بِهِنَّ	فَاِنْ	لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ	بِهِنَّ	فَلَا جُنَاحَ
جن سے	تم نے صحبت کی	ان سے	پس اگر	تم نے نہیں کی صحبت	ان سے	تو نہیں گناہ

جن سے تم نے صحبت کی، پس اگر تم نے ان سے صحبت نہیں کی تو کچھ گناہ نہیں ہے

عَلَيْكُمْ ۫ وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ وَاَنْ

عَلَيْكُمْ	وَحَلَآئِلُ	اَبْنَآئِكُمُ	الَّذِيْنَ	مِنْ	اَصْلَابِكُمْ	وَاَنْ
تم پر	اور بیویاں	تمہارے بیٹے	جو	سے	تمہاری پشت	اور یہ کہ

تم پر، اور تمہارے ان بیٹوں کی بیویاں جو تمہاری پشت سے ہیں، اور یہ کہ

تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

تَجْمَعُوْا	بَيْنَ	الْاُخْتَيْنِ	اِلَّا مَا	قَدْ سَلَفَ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ
تم جمع کرو	دو بہنوں کو	مگر جو	پہلے گزر چکا	بیشک	اللہ	ہے

تم دو بہنوں کو جمع کرو، مگر جو پہلے گزر چکا، بیشک اللہ

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۳﴾

غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا
بخشنے والا	مہربان

بخشنے والا، مہربان ہے۔

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

وَ	الْمُحْصَنٰتُ	مِنَ	النِّسَآءِ	اِلَّا	مَا	مَلَكَتْ	اَيْمَانُكُمْ
اور	خاوند والی عورتیں	سے	عورتیں	مگر	جو۔جس	مالک ہو جائیں	تمہارے داہنے ہاتھ

اور خاوند والی عورتیں (حرام ہیں) مگر (کافروں کی عورتیں) جن کے مالک تمہارے داہنے ہاتھ ہو جائیں (تم مالک ہو جاؤ)

كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا

كِتٰبَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَاُحِلَّ	لَكُمْ	مَا وَرَآءَ	ذٰلِكُمْ	اَنْ	تَبْتَغُوْا
اللہ کا حکم ہے	تم پر	اور حلال کی گئیں	تمہارے لئے	سوا	ان کے	کہ	تم چاہو

یہ تم پر اللہ کا حکم ہے، اور ان کے سوا سب عورتیں تمہارے لئے حلال کی گئی ہیں، بشرطیکہ تم چاہو

بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ۭ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ

بِاَمْوَالِكُمْ	مُّحْصِنِيْنَ	غَيْرَ	مُسٰفِحِيْنَ	فَمَا	اسْتَمْتَعْتُمْ	بِهٖ	مِنْهُنَّ
اپنے مالوں سے	قید (نکاح) میں لانے کو	نہ	ہوس رانی کو	پس جو	تم نفع (لذت) حاصل کرو	اس سے	ان میں سے

اپنے مالوں سے قید نکاح میں لانے کو نہ کہ ہوس رانی کو۔ پس تم میں سے جو ان سے نفع (لذت) حاصل کریں

فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ

فَاٰتُوْهُنَّ	اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً	وَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	فِيْمَا	تَرٰضَيْتُمْ	بِهٖ
تو ان کو دو	ان کے مہر مقرر کئے ہوئے	اور نہیں	گناہ	تم پر	اس میں جو	تم باہم رضامند ہو جاؤ	اس سے

تو ان کو ان کے مقرر کئے ہوئے مہر دیدیں اور تم پر اس میں کچھ گناہ نہیں جس پر تم باہم رضامند ہو جاؤ

مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۲۴ وَمَنْ

مِنْۢ بَعْدِ	الْفَرِيْضَةِ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلِيْمًا	حَكِيْمًا	وَمَنْ
اس کے بعد	مقرر کیا ہوا	بیشک	اللہ	ہے	جاننے والا	حکمت والا	اور جو

اس کے مقرر کر لینے کے بعد۔ بیشک اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور جو

لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ

لَمْ يَسْتَطِعْ	مِنْكُمْ	طَوْلًا	اَنْ يَّنْكِحَ	الْمُحْصَنٰتِ	الْمُؤْمِنٰتِ	فَمِنْ
نہ طاقت رکھے	تم میں سے	مقدور	کہ نکاح کرے	بیبیاں	مومن (جمع)	تو۔سے

تم میں سے مقدور نہ رکھے کہ وہ (آزاد) مسلمان بیویوں سے نکاح کرے، تو

مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ؕ

مَا	مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ	مِنْ	فَتَيٰتِكُمُ	الْمُؤْمِنٰتِ	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِاِيْمَانِكُمْ
جو	تمہارے ہاتھ مالک ہو جائیں	سے	تمہاری کنیزیں	مومن - مسلمان	اور اللہ	خوب جانتا ہے	تمہارے ایمان کو

جو مسلمان کنیزیں تمہارے ہاتھ کی ملک ہوں (قبضہ میں ہوں) - اور اللہ تمہارے ایمان کو خوب جانتا ہے -

بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ

بَعْضُكُمْ	مِنْ	بَعْضٍ	فَانْكِحُوْهُنَّ	بِاِذْنِ	اَهْلِهِنَّ	وَاٰتُوْهُنَّ
تمہارے بعض	سے	بعض (ایک دوسرے سے)	سو ان سے نکاح کرو تم	اجازت سے	ان کے مالک	اور ان کو دو

تم ایک دوسرے کے (ہم جنس ہو) سو تم اُن کے مالک کی اجازت سے اُن سے نکاح کر لو، اور اُن کو دیدو

اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ

اُجُوْرَهُنَّ	بِالْمَعْرُوْفِ	مُحْصَنٰتٍ	غَيْرَ	مُسٰفِحٰتٍ	وَلَا	مُتَّخِذٰتِ
ان کے مہر	دستور کے مطابق	قید (نکاح) میں آنے والیاں	نہ کہ	مستی نکالنے والیاں	اور نہ	آشنائی کرنے والیاں

ان کے مہر دستور کے مطابق، قید نکاح میں آنے والیاں، نہ کہ مستی نکالنے والیاں، نہ آشنائی کرنے والیاں

اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ

اَخْدَانٍ	فَاِذَآ	اُحْصِنَّ	فَاِنْ	اَتَيْنَ	بِفَاحِشَةٍ	فَعَلَيْهِنَّ	نِصْفُ
چوری چھپے	پس جب	نکاح میں آجائیں	پھر اگر	وہ کریں	بے حیائی	تو ان پر	نصف

چوری چھپے۔ پس جب نکاح میں آ جائیں پھر اگر وہ بے حیائی کا کام کریں : تو اُن پر نصف

مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ

مَا	عَلَى	الْمُحْصَنٰتِ	مِنَ	الْعَذَابِ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	خَشِيَ	الْعَنَتَ
جو	پر	آزاد عورتیں	سے	عذاب (سزا)	یہ	اس کے لئے جو	ڈرا	تکلیف (زنا)

سزا ہے جو آزاد عورتوں پر ہے، یہ اس کے لئے جو تم میں سے ڈرے (بدکاری کی) تکلیف میں پڑنے سے،

مِنْكُمْ ؕ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۵﴾ ع

مِنْكُمْ	وَاَنْ	تَصْبِرُوْا	خَيْرٌ	لَّكُمْ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
تم میں سے	اور اگر	تم صبر کرو	بہتر	تمہارے لئے	اور اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا

اور اگر تم صبر کرو تو تمہارے لئے بہتر ہے - اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے -

ع ۴ ۳ ۱

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

يُرِيْدُ	اللّٰهُ	لِيُبَيِّنَ	لَكُمْ	وَيَهْدِيَكُمْ	سُنَنَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكُمْ
چاہتا ہے	اللہ	تاکہ بیان کردے	تمہارے لئے	اور تمہیں ہدایت دے	طریقے	وہ جو کہ	تم سے پہلے

اللہ چاہتا ہے کہ تمہارے لئے بیان کردے، اور تم سے پہلے لوگوں کے طریقوں کی تمہیں ہدایت دے،

وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶﴾ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ

وَيَتُوْبَ	عَلَيْكُمْ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَاللّٰهُ	يُرِيْدُ	اَنْ	يَّتُوْبَ
اور توجہ کرے	تم پر	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور اللہ	چاہتا ہے	کہ	توجہ کرے

اور تم پر توجہ کرے (توبہ قبول کرے) اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور اللہ چاہتا ہے کہ وہ توجہ کرے

عَلَيْكُمْ قف وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا

عَلَيْكُمْ	وَيُرِيْدُ	الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ	الشَّهَوٰتِ	اَنْ	تَمِيْلُوْا	مَيْلًا
تم پر	اور چاہتے ہیں	جو لوگ پیروی کرتے ہیں	خواہشات	کہ	پھر جاؤ	پھر جانا

تم پر، اور جو لوگ خواہشات کی پیروی کرتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم (راہِ ہدایت سے) پھر جاؤ

عَظِيْمًا ﴿۲۷﴾ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ

عَظِيْمًا	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	اَنْ	يُّخَفِّفَ	عَنْكُمْ	وَخُلِقَ	الْاِنْسَانُ
بہت زیادہ	چاہتا ہے	اللہ	کہ	ہلکا کردے	تم سے	اور پیدا کیا گیا	انسان

بہت زیادہ۔ اللہ چاہتا ہے کہ تم سے (بوجھ) ہلکا کردے، اور انسان پیدا کیا گیا ہے

ضَعِيْفًا ﴿۲۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ

ضَعِيْفًا	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَاْكُلُوْۤا	اَمْوَالَكُمْ	بَيْنَكُمْ
کمزور	اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	نہ کھاؤ	اپنے مال	آپس میں

کمزور۔ اے مومنو اپنے مال آپس میں نہ کھاؤ

بِالْبَاطِلِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ قف وَلَا تَقْتُلُوْۤا

بِالْبَاطِلِ	اِلَّا	اَنْ تَكُوْنَ	تِجَارَةً	عَنْ تَرَاضٍ	مِّنْكُمْ	وَلَا تَقْتُلُوْۤا
ناحق	مگر	یہ کہ ہو	کوئی تجارت	آپس کی خوشی سے	تم سے	اور نہ قتل کرو

ناحق (طور پر)، مگر یہ کہ تمہاری آپس کی خوشی سے کوئی تجارت ہو، اور قتل نہ کرو

أَنفُسَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿٢٩﴾ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ عُدْوَانًا

أَنفُسَكُمْ	إِنَّ	اللَّهَ	كَانَ	بِكُمْ	رَحِيمًا	وَمَن	يَفْعَلْ	ذَٰلِكَ	عُدْوَانًا
اپنے نفس (ایکدوسرے)	بیشک	اللہ	ہے	تم پر	بہت مہربان	اور جو	کرے گا	یہ	سرکشی (زور)

ایک دوسرے کو، بیشک اللہ تم پر بہت مہربان ہے۔ اور جو شخص یہ کرے گا سرکشی (زور)

وَّظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيهِ نَارًا ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ

وَظُلْمًا	فَسَوْفَ	نُصْلِيهِ	نَارًا	وَكَانَ	ذَٰلِكَ	عَلَى	اللَّهِ
اور ظلم سے	پس عنقریب	اس کو ڈالیں گے	آگ	اور ہے	یہ	پر	اللہ

اور ظلم سے، پس عنقریب ہم اس کو آگ میں ڈال دیں گے، اور یہ اللہ پر

يَسِيرًا ﴿٣٠﴾ إِن تَجْتَنِبُوا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنكُمْ

يَسِيرًا	إِن	تَجْتَنِبُوا	كَبَائِرَ	مَا تُنْهَوْنَ	عَنْهُ	نُكَفِّرْ	عَنكُمْ
آسان	اگر	تم بچتے رہو	بڑے گناہ	جو منع کئے گئے	اس سے	ہم دور کردیں گے	تم سے

آسان ہے۔ اگر تم بڑے گناہوں سے بچتے رہے جو تمہیں منع کئے گئے ہیں تو ہم تم سے دور کر دیں گے

سَيِّئَاتِكُمْ وَنُدْخِلْكُم مُّدْخَلًا كَرِيمًا ﴿٣١﴾ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ

سَيِّئَاتِكُمْ	وَنُدْخِلْكُمْ	مُّدْخَلًا	كَرِيمًا	وَلَا	تَتَمَنَّوْا	مَا فَضَّلَ
تمہارے چھوٹے گناہ	اور ہم تمہیں داخل کریں گے	مقام	عزت	اور نہ	آرزو کرو	جو بڑائی دی

تمہارے چھوٹے گناہ، اور ہم تمہیں عزت کے مقام میں داخل کر دیں گے۔ اور آرزو نہ کرو (اس کی) جو بڑائی دی

اللَّهُ بِهِ بَعْضَكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوا ۚ وَ

اللَّهُ	بِهِ	بَعْضَكُمْ	عَلَىٰ	بَعْضٍ	لِلرِّجَالِ	نَصِيبٌ	مِّمَّا	اكْتَسَبُوا	وَ
اللہ	اس سے	تم میں سے بعض	پر	بعض	مردوں کے لئے	حصہ	اس سے جو	انہوں نے کمایا (اعمال)	اور

اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر، مردوں کے لئے حصہ (ثواب) ہے ان کے اعمال کا، اور

لِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ۚ وَاسْأَلُوا اللَّهَ مِن فَضْلِهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ

لِلنِّسَاءِ	نَصِيبٌ	مِّمَّا	اكْتَسَبْنَ	وَاسْأَلُوا	اللَّهَ	مِن فَضْلِهِ	إِنَّ اللَّهَ
عورتوں کے لئے	حصہ	اس سے جو	انہوں نے کمایا (انکے عمل)	اور سوال کرو (مانگو)	اللہ	اس کے فضل سے	بیشک اللہ

عورتوں کے لئے (ثواب) ہے ان کے اعمال کا، اور اللہ سے اُس کا فضل مانگو، بے شک اللہ

كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿۳۲﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ

كَانَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيمًا	وَلِكُلٍّ	جَعَلْنَا	مَوَالِيَ	مِمَّا	تَرَكَ	الْوَالِدٰنِ
ہے	ہر	چیز	جاننے والا	اور ہر ایک کے لئے	ہم نے مقرر کئے	وارث	اس سے جو	چھوڑ مریں	والدین

ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے، اور ہم نے ہر ایک کے لئے وارث مقرر کر دیئے ہیں، اس (مال) کیلئے جو چھوڑ مریں والدین

وَالْاَقْرَبُوْنَ ۭ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ۭ

وَالْاَقْرَبُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	عَقَدَتْ	اَيْمَانُكُمْ	فَاٰتُوْهُمْ	نَصِيْبَهُمْ
اور قرابت دار	اور وہ جو کہ	بندھ چکا	تمہارا عہد	تو ان کو دے دو	ان کا حصہ

اور قرابت دار، اور جن لوگوں سے تمہارا عہد و پیمان بندھ چکا تو ان کو ان کا حصہ دے دو،

ع ۵ ۸ ۲

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَي النِّسَاۗءِ

اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدًا	اَلرِّجَالُ	قَوّٰمُوْنَ	عَلَي	النِّسَاۗءِ
بیشک	اللہ	ہے	اوپر	ہر چیز	گواہ (مطلع)	مرد	حاکم۔نگران	پر	عورتیں

بیشک اللہ ہر چیز پر گواہ (مطلع) ہے۔ مرد عورتوں پر حاکم (نگران) ہیں،

بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰي بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ۭ

بِمَا	فَضَّلَ	اللّٰهُ	بَعْضَهُمْ	عَلٰي	بَعْضٍ	وَبِمَا	اَنْفَقُوْا	مِنْ	اَمْوَالِهِمْ
اس لئے کہ	فضیلت دی	اللہ	ان میں سے بعض	پر	بعض	اور اس لئے کہ	انہوں نے خرچ کئے	سے	اپنے مال

اس لئے کہ اللہ نے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی، اور اس لئے کہ انہوں نے اپنے مال خرچ کئے،

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ۭ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ

فَالصّٰلِحٰتُ	قٰنِتٰتٌ	حٰفِظٰتٌ	لِّلْغَيْبِ	بِمَا	حَفِظَ	اللّٰهُ	وَالّٰتِيْ	تَخَافُوْنَ
پس نیکوکار عورتیں	تابع فرمان	نگہبانی کرنے والیاں	پیٹھ پیچھے	اس سے جو	حفاظت کی	اللہ	اور وہ جو	تم ڈرتے ہو

پس جو نیکوکار ہیں (مرد کی) تابع فرمان ہیں، پیٹھ پیچھے (عدم موجودگی میں) حفاظت کرنیوالی ہیں اللہ کی حفاظت سے اور تمہیں ڈر ہو جن عورتوں کی

نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ

نُشُوْزَهُنَّ	فَعِظُوْهُنَّ	وَاهْجُرُوْهُنَّ	فِي الْمَضَاجِعِ	وَاضْرِبُوْهُنَّ
ان کی بدخوئی	پس ان کو سمجھاؤ	اور ان کو تنہا چھوڑ دو	خواب گاہوں میں	اور ان کو مارو

بدخوئی کا پس ان کو سمجھاؤ، اور خواب گاہوں میں ان کو تنہا چھوڑو، اور ان کو مارو

فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا

فَاِنْ	اَطَعْنَكُمْ	فَلَا تَبْغُوْا	عَلَيْهِنَّ	سَبِيْلًا	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلِيًّا
پھر اگر	وہ تمہارا کہا مانیں	تو نہ تلاش کرو	ان پر	کوئی راہ	بیشک	اللہ	ہے	سب سے اعلیٰ

پھر اگر وہ تمہارا کہا مانیں تو اُن پر (الزام کی) کوئی راہ تلاش نہ کرو۔ بیشک اللہ سب سے اعلیٰ (بلند)

كَبِيْرًا ﴿٣٤﴾ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ

كَبِيْرًا	وَاِنْ	خِفْتُمْ	شِقَاقَ	بَيْنِهِمَا	فَابْعَثُوْا	حَكَمًا	مِنْ	اَهْلِهٖ
سب سے بڑا	اور اگر	تم ڈرو	ضد (کشمکش)	ان کے درمیان	تو مقرر کردو	ایک منصف	سے	مرد کا خاندان

سب سے بڑا ہے۔ اور اگر تم ڈرو ان دونوں کے درمیان ضد (کشمکش) سے تو مقرر کردو ایک منصف مرد کے خاندان سے

وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ

وَحَكَمًا	مِنْ	اَهْلِهَا	اِنْ	يُّرِيْدَآ	اِصْلَاحًا	يُّوَفِّقِ	اللّٰهُ	بَيْنَهُمَا
اور ایک منصف	سے	عورت کا خاندان	اگر	دونوں چاہیں گے	صلح کرانا	موافقت کردے گا	اللہ	ان دونوں میں

اور ایک منصف عورت کے خاندان سے اگر وہ دونوں صلح کرانا چاہیں گے تو اللہ ان دونوں کے درمیان موافقت کردے گا

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿٣٥﴾ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ

اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلِيْمًا	خَبِيْرًا	وَاعْبُدُوا	اللّٰهَ	وَلَا تُشْرِكُوْا	بِهٖ
بیشک	اللہ	ہے	بڑا جاننے والا	بہت باخبر	اور تم عبادت کرو	اللہ	اور نہ شریک کرو	اس کے ساتھ

بیشک اللہ بڑا جاننے والا بہت باخبر ہے۔ اور اللہ کی عبادت کرو، اور اس کے ساتھ شریک نہ کرو

شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَ

شَيْـًٔا	وَّ	بِالْوَالِدَيْنِ	اِحْسَانًا	وَّ	بِذِي الْقُرْبٰى	وَالْيَتٰمٰى	وَ
کچھ (کسی کو)	اور	ماں باپ سے	اچھا سلوک	اور	قرابت داروں سے	اور یتیم (جمع)	اور

کسی کو، اور اچھا سلوک کرو ماں باپ سے، اور قرابت داروں سے، اور یتیموں اور

الْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ

الْمَسٰكِيْنِ	وَالْجَارِ	ذِي الْقُرْبٰى	وَالْجَارِ	الْجُنُبِ	وَالصَّاحِبِ + بِالْجَنْۢبِ
محتاج (جمع)	اور ہمسایہ	قرابت والے	اور ہمسایہ	اجنبی	اور پاس بیٹھنے والے (ہم مجلس)

محتاجوں سے، اور قرابت والے ہمسایہ سے، اور اجنبی ہمسایہ سے، اور پاس بیٹھنے والے (ہم مجلس) سے،

وَ ابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ

وَ	ابْنِ السَّبِيْلِ	وَمَا	مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	مَنْ	كَانَ
اور	مسافر	اور جو	تمہاری ملک (کنیز۔غلام)	بیشک اللہ	دوست نہیں رکھتا	جو	ہو

اور مسافر سے، اور جو تمہاری ملک ہوں (کنیز۔غلام)، بے شک اللہ اسے دوست نہیں رکھتا جو

مُخْتَالًا فَخُوْرًا ﴿۳۶﴾ اِ۟لَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَ يَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَ

مُخْتَالًا	فَخُوْرًا	اِ۟لَّذِيْنَ	يَبْخَلُوْنَ	وَيَاْمُرُوْنَ	النَّاسَ	بِالْبُخْلِ	وَ
اترانے والا	بڑ مارنے والا	جو لوگ	بخل کرتے ہیں	اور حکم کرتے (سکھاتے) ہیں	لوگ (جمع)	بخل	اور

اترانے والا، بڑ مارنے والا ہو، اور جو لوگ بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو بخل سکھاتے ہیں، اور

يَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

يَكْتُمُوْنَ	مَا	اٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ	فَضْلِهٖ	وَاَعْتَدْنَا	لِلْكٰفِرِيْنَ
چھپاتے ہیں	جو	اُنہیں دیا	اللہ	سے	اپنا فضل	اور ہم نے تیار کر رکھا ہے	کافروں کے لئے

وہ چھپاتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا، اور ہم نے کافروں کے لئے تیار کر رکھا ہے

عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۳۷﴾ وَ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ

عَذَابًا	مُّهِيْنًا	وَالَّذِيْنَ	يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمْ	رِئَآءَ	النَّاسِ
عذاب	ذلّت والا	اور جو لوگ	خرچ کرتے ہیں	اپنے مال	دکھاوے کو	لوگ

ذلّت والا عذاب۔ اور جو لوگ اپنے مال لوگوں کے دکھاوے کو خرچ کرتے ہیں

وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ

وَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَلَا	بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَمَنْ	يَّكُنِ	الشَّيْطٰنُ	لَهٗ
اور	نہیں ایمان لاتے	اللہ پر	اور نہ	آخرت کے دن پر	اور جو۔جس	ہو	شیطان	اس کا

اور ایمان نہیں لاتے اللہ پر، اور نہ آخرت کے دن پر، اور جس کا شیطان

قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

قَرِيْنًا	فَسَآءَ	قَرِيْنًا	وَمَاذَا	عَلَيْهِمْ	لَوْ اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ
ساتھی	تو بُرا	ساتھی	اور کیا	اُن پر	اگر وہ ایمان لاتے	اللہ پر	اور یوم

ساتھی ہو تو وہ بُرا ساتھی ہے۔ اور اُن کا کیا (نقصان) ہوتا اگر وہ ایمان لے آتے اللہ پر، اور یوم

الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾ اِنَّ

الْاٰخِرِ	وَاَنْفَقُوْا	مِمَّا	رَزَقَهُمُ	اللّٰهُ	وَكَانَ	اللّٰهُ	بِهِمْ	عَلِيْمًا	اِنَّ
آخرت	اور وہ خرچ کرتے	اس سے جو	انہیں دیا	اللہ	اور ہے	اللہ	ان کو	خوب جاننے والا	بیشک

آخرت پر، اور اس سے خرچ کرتے جو اللہ نے انہیں دیا، اور اللہ ان کو خوب جاننے والا ہے۔ بیشک

اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ

اللّٰهَ	لَا يَظْلِمُ	مِثْقَالَ	ذَرَّةٍ	وَاِنْ	تَكُ	حَسَنَةً	يُّضٰعِفْهَا	وَيُؤْتِ
اللہ	ظلم نہیں کرتا	برابر	ذرہ	اور اگر	ہو	کوئی نیکی	اس کو کئی گنا کرتا ہے	اور دیتا ہے

اللہ ذرہ برابر ظلم نہیں کرتا، اور اگر کوئی نیکی ہو تو اس کو کئی گنا کر دیتا ہے، اور دیتا ہے

مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ

مِنْ لَّدُنْهُ	اَجْرًا	عَظِيْمًا	فَكَيْفَ	اِذَا	جِئْنَا	مِنْ	كُلِّ اُمَّةٍ	بِشَهِيْدٍ
اپنے پاس سے	ثواب	بڑا	پھر کیسا کیا	جب	ہم بلائیں گے	سے	ہر امت	ایک گواہ

اپنے پاس سے بڑا ثواب۔ پھر کیا (کیفیت ہوگی) جب ہم ہر امت سے ایک گواہ بلائیں گے

وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ؕ ﴿۴۱﴾ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وَجِئْنَا	بِكَ	عَلٰى	هٰٓؤُلَآءِ	شَهِيْدًا	يَوْمَئِذٍ	يَّوَدُّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اور بلائیں گے	آپ کو	پر	ان کے	گواہ	اس دن	آرزو کریں گے	وہ لوگ	انہوں نے کفر کیا

اور آپ کو ان پر گواہ بنا کر بلائیں گے۔ اس دن آرزو کریں گے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا

وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ

وَعَصَوُا	الرَّسُوْلَ	لَوْ تُسَوّٰى	بِهِمُ	الْاَرْضُ	وَلَا	يَكْتُمُوْنَ	اللّٰهَ
اور نافرمانی کی	رسول	کاش برابر کر دی جائے	ان پر	زمین	اور نہ	چھپائیں گے	اللہ

اور رسول کی نافرمانی کی، کاش! انہیں (مٹی میں دبا کر) زمین برابر کر دی جائے، اور وہ اللہ سے نہ چھپا سکیں گے

حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى

حَدِيْثًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَقْرَبُوا	الصَّلٰوةَ	وَاَنْتُمْ	سُكٰرٰى
کوئی بات	اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	نہ نزدیک جاؤ	نماز	جبکہ تم	نشہ

کوئی بات۔ اے ایمان والو! تم نماز کے نزدیک نہ جاؤ جب تم نشہ (کی حالت میں) ہو،

حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا

حَتّٰى	تَعْلَمُوْا	مَا	تَقُوْلُوْنَ	وَلَا	جُنُبًا	اِلَّا	عَابِرِيْ سَبِيْلٍ	حَتّٰى	تَغْتَسِلُوْا
یہاں تک کہ	سمجھنے لگو	جو	تم کہتے ہو	اور نہ	غسل کی حاجت میں	سوائے	حالتِ سفر	یہاں تک کہ	تم غسل کرلو

یہاں تک کہ سمجھنے لگو جو (زبان سے) کہتے ہو، اور نہ (اس وقت جبکہ) غسل کی حاجت ہو سوائے حالتِ سفر کے، یہاں تک کہ تم غسل کرلو

وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ

وَاِنْ	كُنْتُمْ	مَّرْضٰٓى	اَوْ	عَلٰى	سَفَرٍ	اَوْ جَآءَ	اَحَدٌ	مِّنْكُمْ	مِّنَ	الْغَآئِطِ
اور اگر	تم ہو	مریض	یا	پر ہیں	سفر	یا آئے	کوئی	تم میں	سے	جائے ضرور

اور اگر تم مریض ہو، یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی جائے ضرور (بیت الخلاء) سے آئے

اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا

اَوْ	لٰمَسْتُمُ	النِّسَآءَ	فَلَمْ تَجِدُوْا	مَآءً	فَتَيَمَّمُوْا	صَعِيْدًا	طَيِّبًا
یا	تم پاس گئے	عورتیں	پھر تم نے نہ پایا	پانی	تو تیمم کرو	مٹی	پاک

یا تم عورتوں کے پاس گئے (ہم صحبت ہوئے) پھر تم نے پانی نہ پایا تو پاک مٹی سے تیمم کرو،

فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۴۳﴾

فَامْسَحُوْا	بِوُجُوْهِكُمْ	وَ	اَيْدِيْكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَفُوًّا	غَفُوْرًا
مسح کرلو	اپنے منہ	اور	اپنے ہاتھ	بیشک	اللہ	ہے	معاف کرنیوالا	بخشنے والا

مسح کرلو اپنے منہ اور اپنے ہاتھوں کا، بیشک اللہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ

اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	اُوْتُوْا	نَصِيْبًا	مِنَ	الْكِتٰبِ	يَشْتَرُوْنَ
کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف	وہ لوگ جو	دیا گیا	ایک حصہ	سے	کتاب	مول لیتے ہیں

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں کتاب کا ایک حصہ دیا گیا، وہ مول لیتے ہیں (اختیار کرتے ہیں)

الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ۭ

الضَّلٰلَةَ	وَيُرِيْدُوْنَ	اَنْ	تَضِلُّوا	السَّبِيْلَ	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِاَعْدَآئِكُمْ
گمراہی	اور وہ چاہتے ہیں	کہ	بھٹک جاؤ	راستہ	اور اللہ	خوب جانتا ہے	تمہارے دشمنوں کو

گمراہی، اور چاہتے ہیں کہ تم راستہ سے بھٹک جاؤ، اور اللہ تمہارے دشمنوں کو خوب جانتا ہے

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا

وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	وَلِيًّا	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	نَصِيْرًا	مِنَ	الَّذِيْنَ	هَادُوْا
اور کافی	اللہ	حمایتی	اور کافی	اللہ	مددگار	سے (بعض)	وہ لوگ جو	یہودی ہیں

اور اللہ کافی ہے حمایتی، اور اللہ کافی ہے مددگار۔ بعض یہودی لوگ

يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَ

يُحَرِّفُوْنَ	الْكَلِمَ	عَنْ	مَوَاضِعِهٖ	وَيَقُوْلُوْنَ	سَمِعْنَا	وَعَصَيْنَا	وَ
تحریف کرتے ہیں (بدل دیتے ہیں)	کلمات	سے	اس کی جگہ	اور کہتے ہیں	ہم نے سُنا	اور ہم نے نافرمانی کی	اور

کلمات و الفاظ کو ان کی جگہ سے بدل دیتے ہیں (تحریف کرتے ہیں) اور کہتے ہیں "ہم نے سُنا" اور "نافرمانی کی" اور

اسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِى الدِّيْنِ ؕ وَلَوْ

اسْمَعْ	غَيْرَ	مُسْمَعٍ	وَّرَاعِنَا	لَيًّا	بِاَلْسِنَتِهِمْ	وَطَعْنًا	فِى الدِّيْنِ	وَلَوْ
سُنو	نہ	سُنوایا جائے	اور داعنا	موڑ کر	اپنی زبانوں کو	طعنہ کی نیت سے	دین میں	اور اگر

(کہتے ہیں ہماری) سُنو (تمہیں)، نہ سُنوایا جائے۔ اور "داعنا" (کہتے ہیں) اپنی زبانوں کو موڑ کر دین میں طعنے کی نیت سے، اور اگر

اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

اَنَّهُمْ	قَالُوْا	سَمِعْنَا	وَاَطَعْنَا	وَاسْمَعْ	وَانْظُرْنَا	لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ
وہ	کہتے	ہم نے سُنا	اور ہم نے اطاعت کی	اور سنیئے	اور ہم پر نظر کیجئے	تو ہوتا	بہتر	ان کے لئے

وہ کہتے "ہم نے سُنا اور اطاعت کی" (اور کہتے) "سُنیئے اور ہم پر نظر کیجئے" تو یہ ان کے لئے بہتر ہوتا،

وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾

وَاَقْوَمَ	وَلٰكِنْ	لَّعَنَهُمُ	اللّٰهُ	بِكُفْرِهِمْ	فَلَا يُؤْمِنُوْنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا
اور زیادہ درست	اور لیکن	اُن پر لعنت کی	اللہ	اُنکے کفر کے سبب	پس ایمان نہیں لاتے	مگر	تھوڑے

اور زیادہ درست ہوتا، لیکن اللہ نے ان کے کفر کے سبب ان پر لعنت کی، پس وہ ایمان نہیں لاتے مگر تھوڑے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اٰمِنُوْا	بِمَا	نَزَّلْنَا	مُصَدِّقًا	لِّمَا
اے	وہ لوگ جو	کتاب دیئے گئے (اہل کتاب)	ایمان لاؤ	اس پر جو	ہم نے نازل کیا	تصدیق کرنے والا	جو

اے اہلِ کتاب! ایمان لاؤ اس پر جو ہم نے نازل کیا اُس کی تصدیق کرنے والا جو

مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ

مَعَكُمْ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ	نَّطْمِسَ	وُجُوْهًا	فَنَرُدَّهَا	عَلٰٓى	اَدْبَارِهَآ	اَوْ
تمہارے پاس	اس سے پہلے	کہ	ہم مٹادیں	چہرے	پھر الٹ دیں	پر	اُن کی پیٹھ	یا

تمہارے پاس ہے، اس سے پہلے کہ ہم بہت سے چہرے مٹا ڈالیں (مسخ کردیں) پھر اُن (چہروں) کو اُلٹ دیں ان کی پیٹھ کی طرف ، یا

نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾ اِنَّ

نَلْعَنَهُمْ	كَمَا	لَعَنَّآ	اَصْحٰبَ السَّبْتِ	وَكَانَ	اَمْرُ	اللّٰهِ	مَفْعُوْلًا	اِنَّ
ہم ان پر لعنت کریں	جیسے	ہم نے لعنت کی	ہفتہ والے	اور ہے	حکم	اللہ	ہو کر (رہنے والا)	بیشک

ہم اُن پر لعنت کریں جیسے "ہفتہ والوں" پر لعنت کی، اور اللہ کا حکم (پورا) ہو کر رہنے والا ہے ۔ بیشک

اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ

اللّٰهَ	لَا يَغْفِرُ	اَنْ	يُّشْرَكَ بِهٖ	وَيَغْفِرُ	مَا	دُوْنَ ذٰلِكَ	لِمَنْ	يَّشَآءُ
اللہ	نہیں بخشتا	کہ	شریک ٹھہرائے اس کا	اور بخشتا ہے	جو	اس کے سوا	جس کو	وہ چاہے

اللہ (اس کو) نہیں بخشتا جو اس کا شریک ٹھہرائے ، اور اس کے سوا جس کو چاہے بخش دے

وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ

وَمَنْ	يُّشْرِكْ	بِاللّٰهِ	فَقَدِ افْتَرٰى	اِثْمًا	عَظِيْمًا	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ
اور جو جس	شریک ٹھہرایا	اللہ کا	پس اس نے باندھا	گناہ	بڑا	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف (کو)	وہ جو کہ

اور جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا پس اس نے بڑا گناہ (بُہتان) باندھا۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جو

يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾

يُزَكُّوْنَ	اَنْفُسَهُمْ	بَلِ	اللّٰهُ	يُزَكِّيْ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَلَا يُظْلَمُوْنَ	فَتِيْلًا
پاک، مقدس کہتے ہیں	اپنے آپ کو	بلکہ	اللہ	مقدس بناتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور ان پر ظلم نہ ہوگا	دھاگے برابر

اپنے آپ کو مقدّس کہتے ہیں، بلکہ اللہ جسے چاہتا ہے مقدّس بناتا ہے اور ان پر کھجور کی گٹھلی کے ریشہ کے برابر (دھاگہ کے برابر) بھی ظلم نہ ہوگا۔

ع ۷ ۸ ۴

اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾

اُنْظُرْ	كَيْفَ	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَكَفٰى	بِهٖ	اِثْمًا	مُّبِيْنًا
دیکھو	کیسا	باندھتے ہیں	اللہ پر	جھوٹ	اور کافی ہے	یہی	گناہ	صریح

دیکھو! اللہ پر کیسا جھوٹ (بُہتان) باندھتے ہیں، اور یہی صریح گناہ کافی ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ

اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	اُوْتُوْا	نَصِيْبًا	مِنَ	الْكِتٰبِ	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْجِبْتِ
کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف (کو)	وہ لوگ جو	دیا گیا	ایک حصہ	سے	کتاب	وہ مانتے ہیں	بُت (جمع)

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جنہیں کتاب کا ایک حصہ دیا گیا وہ مانتے ہیں بُتوں کو،

وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وَالطَّاغُوْتِ	وَيَقُوْلُوْنَ	لِلَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	هٰٓؤُلَآءِ	اَهْدٰى	مِنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اور سرکش (شیطان)	اور کہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	یہ لوگ	راہِ راست پر	سے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)

اور شیطان کو، اور کافروں کو کہتے ہیں کہ یہ مومنوں سے زیادہ راہِ

سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ

سَبِيْلًا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	لَعَنَهُمُ	اللّٰهُ	وَمَنْ	يَّلْعَنِ	اللّٰهُ	فَلَنْ
راہ	یہی لوگ	وہ لوگ جو	ان پر لعنت کی	اللہ	اور جس پر	لعنت کرے	اللہ	تو ہرگز نہیں

(راست) پر ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی، اور جس پر اللہ لعنت کرے تو ہرگز

تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾ اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ

تَجِدَ لَهٗ	نَصِيْرًا	اَمْ	لَهُمْ	نَصِيْبٌ	مِنَ	الْمُلْكِ	فَاِذًا	لَّا يُؤْتُوْنَ
تو پائے گا اس کا	کوئی مددگار	کیا	ان کا	کوئی حصہ	سے	سلطنت	پھر اس وقت	نہ دیں

تو اس کا کوئی مددگار نہیں پائے گا۔ کیا ان کے پاس سلطنت کا کوئی حصہ ہے؟ پھر اس وقت یہ نہ دیں

النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰي مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ

النَّاسَ	نَقِيْرًا	اَمْ	يَحْسُدُوْنَ	النَّاسَ	عَلٰى	مَآ اٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ
لوگ	تل برابر	یا	وہ حسد کرتے ہیں	لوگ	پر	جو انہیں دیا	اللہ

لوگوں کو تل برابر بھی۔ یا وہ لوگوں سے اس پر حسد کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں دیا

مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ

مِنْ	فَضْلِهٖ	فَقَدْ اٰتَيْنَآ	اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ	الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَاٰتَيْنٰهُمْ
سے	اپنا فضل	سو ہم نے دیا	آلِ ابراہیم ؑ	کتاب	اور حکمت	اور انہیں دیا

اپنے فضل سے، سو ہم نے دی ہے آلِ ابراہیمؑ کو کتاب اور حکمت، اور اُنہیں دیا ہے

مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾ فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ؕ

مُلْكًا	عَظِيْمًا	فَمِنْهُمْ	مَّنْ اٰمَنَ	بِهٖ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	صَدَّ	عَنْهُ
مُلک	بڑا	پھر اُن میں سے	کوئی ایمان لایا	اس پر	اور ان میں سے	کوئی	رُکا رہا	اس سے

بڑا مُلک۔ پھر اُن میں سے کوئی اس پر ایمان لایا ، اور ان میں سے کوئی رُکا رہا (ٹھٹکا رہا)

وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ

وَكَفٰى	بِجَهَنَّمَ	سَعِيْرًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِنَا	سَوْفَ	نُصْلِيْهِمْ	نَارًا
اور کافی	جہنم	بھڑکتی ہوئی آگ	بیشک	وہ لوگ	کفر کیا	ہماری آیتوں کا	عنقریب	ہم انہیں ڈالیں گے	آگ

اور جہنم کافی ہے بھڑکتی ہوئی آگ۔ جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا کفر کیا بیشک انہیں ہم عنقریب آگ میں ڈال دیں گے،

كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ

كُلَّمَا	نَضِجَتْ	جُلُوْدُهُمْ	بَدَّلْنٰهُمْ	جُلُوْدًا	غَيْرَهَا	لِيَذُوْقُوا	الْعَذَابَ
جس وقت	پک جائیں گی	ان کی کھالیں	ہم بدل دیں گے	کھالیں	اس کے علاوہ	تاکہ وہ چکھیں	عذاب

جس وقت ان کی کھالیں پک رگل ، جائیں گی ہم اس کے علاوہ (دوسری) کھالیں بدل دیں گے تاکہ وہ عذاب چکھیں،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
بیشک	اللہ	ہے	غالب	حکمت والا	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور اُنہوں نے عمل کئے	نیک

بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے ۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کئے،

سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

سَنُدْخِلُهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا
عنقریب ہم انہیں داخل کرینگے	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں

ہم عنقریب انہیں باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور اس میں رہیں گے

اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۫ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾

اَبَدًا	لَهُمْ	فِيْهَا	اَزْوَاجٌ	مُّطَهَّرَةٌ	وَّنُدْخِلُهُمْ	ظِلًّا	ظَلِيْلًا
ہمیشہ	ان کے لئے	اس میں	بیبیاں	پاک ستھری	اور ہم انہیں داخل کریں گے	چھاؤں	گھنی

ہمیشہ ہمیشہ، ان کے لئے اس میں پاک ستھری بیبیاں ہیں اور ہم انہیں گھنی چھاؤں (سایہ) میں داخل کریں گے۔

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمٰنٰتِ إِلٰٓى أَهْلِهَا ۙ وَإِذَا

إِنَّ	اللّٰهَ	يَأْمُرُكُمْ	أَنْ	تُؤَدُّوا	الْأَمٰنٰتِ	إِلٰى	أَهْلِهَا	وَإِذَا
بیشک	اللہ	تمہیں حکم دیتا ہے	کہ	پہنچا دو	امانتیں	طرف (کو)	امانت والے	اور جب

بیشک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں امانت والوں کو پہنچا دو، اور جب

حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ أَنْ تَحْكُمُوا بِالْعَدْلِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا

حَكَمْتُمْ	بَيْنَ	النَّاسِ	أَنْ	تَحْكُمُوا	بِالْعَدْلِ	إِنَّ	اللّٰهَ	نِعِمَّا
تم فیصلہ کرنے لگو	درمیان	لوگ	تو	تم فیصلہ کرو	انصاف سے	بیشک	اللہ	اچھی

تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے فیصلہ کرو، بیشک اللہ تمہیں اچھی

يَعِظُكُمْ بِهٖ ۚ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيعًا بَصِيرًا ﴿۵۸﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوٓا

يَعِظُكُمْ	بِهٖ	إِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	سَمِيعًا	بَصِيرًا	يٰٓأَيُّهَا	الَّذِينَ	اٰمَنُوٓا
نصیحت کرتا ہے تمہیں	اس سے	بیشک اللہ	ہے	سننے والا	دیکھنے والا	اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے (ایمان والے)

نصیحت کرتا ہے، بیشک اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ اے ایمان والو!

أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ

أَطِيعُوا	اللّٰهَ	وَأَطِيعُوا	الرَّسُولَ	وَأُولِي الْأَمْرِ	مِنْكُمْ	فَإِنْ	تَنَازَعْتُمْ
اطاعت کرو	اللہ	اور اطاعت کرو	رسول	صاحبِ حکومت	تم میں سے	پھر اگر	تم جھگڑ پڑو

اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسولؐ کی اور اُن کی جو تم میں سے صاحبِ حکومت ہیں، پھر اگر تم جھگڑ پڑو

فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ

فِي شَيْءٍ	فَرُدُّوهُ	إِلَى اللّٰهِ	وَ	الرَّسُولِ	إِنْ	كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ	بِاللّٰهِ
کسی بات میں	تو اسکو رجوع کرو	اللہ کی طرف	اور	رسولؐ	اگر	تم ایمان رکھتے ہو	اللہ پر

کسی بات میں تو اس کو اللہ اور رسولؐ کی طرف رجوع کرو، اگر تم ایمان رکھتے ہو اللہ پر

ع ۸ ۹ ۵

وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ﴿۵۹﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ

وَالْيَوْمِ	الْآخِرِ	ذٰلِكَ	خَيْرٌ	وَأَحْسَنُ	تَأْوِيلًا	أَلَمْ تَرَ	إِلَى	الَّذِينَ
اور روز	آخرت	یہ	بہتر	اور بہت اچھا	انجام	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف (کو)	وہ لوگ جو

اور یوم آخرت پر، یہ بہتر ہے اور اس کا انجام بہت اچھا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جو

يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ

يَزْعُمُوْنَ	اَنَّهُمْ	اٰمَنُوْا	بِمَآ اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	وَمَآ اُنْزِلَ	مِنْ قَبْلِكَ
دعویٰ کرتے ہیں	کہ وہ	ایمان لائے	اس پر جو نازل کیا گیا	آپؐ کی طرف	اور جو نازل کیا گیا	آپؐ سے پہلے

دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ اس پر ایمان لے آئے جو آپؐ پر نازل کیا گیا اور جو آپؐ سے پہلے نازل کیا گیا

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ

يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يَّتَحَاكَمُوْٓا	اِلَى	الطَّاغُوْتِ	وَقَدْ اُمِرُوْٓا	اَنْ	يَّكْفُرُوْا	بِهٖ
وہ چاہتے ہیں	کہ	مقدمہ لے جائیں	طرف (پاس)	طاغوت (سرکش)	حالانکہ انہیں حکم ہو چکا	کہ	وہ نہ مانیں	اس کو

وہ چاہتے ہیں کہ (اپنا) مقدمہ طاغوت (سرکش) شیطان کے پاس لے جائیں حالانکہ انہیں حکم ہو چکا ہے کہ وہ اس کو نہ مانیں

وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۶۰﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

وَيُرِيْدُ	الشَّيْطٰنُ	اَنْ	يُّضِلَّهُمْ	ضَلٰلًۢا	بَعِيْدًا	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ
اور چاہتا ہے	شیطان	کہ	انہیں بہکا دے	گمراہی	دُور	اور جب	کہا جاتا ہے	انہیں

اور شیطان چاہتا ہے کہ وہ انہیں بہکا کر دُور گمراہی (میں ڈال دے) اور جب انہیں کہا جاتا ہے

تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ

تَعَالَوْا	اِلٰى	مَآ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَاِلَى	الرَّسُوْلِ	رَاَيْتَ	الْمُنٰفِقِيْنَ
آؤ	طرف	جو نازل کیا	اللہ	اور طرف	رسولؐ	آپ دیکھیں گے	منافقین

کہ جو اللہ نے نازل کیا اس کی طرف آؤ اور رسولؐ کی طرف تو آپؐ منافقوں کو دیکھیں گے

يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ﴿۶۱﴾ فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا

يَصُدُّوْنَ	عَنْكَ	صُدُوْدًا	فَكَيْفَ	اِذَا	اَصَابَتْهُمْ	مُّصِيْبَةٌ	بِمَا
ہٹتے ہیں	آپ سے	رُک کر	پھر کیسی	جب	انہیں پہنچے	کوئی مصیبت	اس کے سبب جو

کہ وہ رُک کر آپؐ سے ہٹتے ہیں (پہلو تہی کرتے ہیں) پھر کیسی (ندامت ہوگی) جب انہیں کوئی مصیبت پہنچے اس کے سبب

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا

قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ	ثُمَّ جَآءُوْكَ	يَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	اِنْ	اَرَدْنَا	اِلَّآ	اِحْسَانًا
آگے بھیجا	ان کے ہاتھ	پھر وہ آئیں آپ کے پاس	قسم کھاتے ہوئے	اللہ کی	کہ	ہم نے چاہا	سوائے (صرف)	بھلائی

جو اُن کے ہاتھوں نے آگے بھیجا پھر وہ آپؐ کے پاس اللہ کی قسم کھاتے ہوئے آئیں کہ ہم نے صرف بھلائی چاہی تھی،

وَّتَوْفِيْقًا ﴿۶۲﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ فَاَعْرِضْ

وَتَوْفِيْقًا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	يَعْلَمُ اللّٰهُ	مَا	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	فَاَعْرِضْ
اور موافقت	یہ لوگ	وہ جو کہ	اللہ جانتا ہے	جو	اُن کے دلوں میں	تو آپ تغافل کریں

اور موافقت۔ یہ لوگ ہیں کہ اللہ جانتا ہے جو ان کے دلوں میں ہے، تو آپؐ تغافل کریں

عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا ﴿۶۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

عَنْهُمْ	وَعِظْهُمْ	وَقُلْ	لَّهُمْ	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	قَوْلًا بَلِيْغًا	وَمَآ	اَرْسَلْنَا
ان سے	اور ان کو نصیحت کریں	اور کہیں	ان سے	ان کے حق میں	اثر کر جانے والی بات	اور نہیں	ہم نے بھیجا

ان سے اور آپؐ ان کو نصیحت کریں اور اُن سے ان کے حق میں اثر کر جانے والی بات کہیں۔ اور ہم نے نہیں بھیجا

مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

مِنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	لِيُطَاعَ	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ	اِذْ ظَّلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ
کوئی رسول	مگر	تاکہ اطاعت کی جائے	اللہ کے حکم سے	اور اگر	یہ لوگ	جب انہوں نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر

کوئی رسول مگر اس لئے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے، اور یہ لوگ جب انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا

جَاۗءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا

جَاۗءُوْكَ	فَاسْتَغْفَرُوا	اللّٰهَ	وَاسْتَغْفَرَ	لَهُمُ	الرَّسُوْلُ	لَوَجَدُوا
وہ آتے آپؐ کے پاس	پھر بخشش چاہتے وہ	اللہ	اور مغفرت چاہتا	ان کے لئے	رسول	تو وہ ضرور پاتے

اگر آپؐ کے پاس آتے، پھر وہ اللہ سے بخشش چاہتے اور ان کے لئے رسولؐ اللہ سے) مغفرت چاہتے تو وہ ضرور پاتے

اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰي يُحَكِّمُوْكَ

اللّٰهَ	تَوَّابًا	رَّحِيْمًا	فَلَا وَرَبِّكَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	حَتّٰي	يُحَكِّمُوْكَ
اللہ	توبہ قبول کرنیوالا	مہربان	پس قسم ہے آپ کے رب کی	وہ مومن نہ ہوں گے	جب تک	آپ کو منصف بنائیں

اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان۔ پس قسم ہے آپؐ کے رب کی وہ مومن نہ ہوں گے جب تک آپؐ کو منصف نہ بنائیں

فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ

فِيْمَا	شَجَرَ	بَيْنَهُمْ	ثُمَّ	لَا يَجِدُوْا	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	حَرَجًا	مِمَّا	قَضَيْتَ
اس میں جو	جھگڑا اُٹھے	انکے درمیان	پھر	وہ نہ پائیں	اپنے دلوں میں	کوئی تنگی	اس سے جو	آپ فیصلہ کریں

اس جھگڑے میں جو ان کے درمیان اُٹھے، پھر وہ اپنے دلوں میں آپؐ کے فیصلہ سے کوئی تنگی نہ پائیں

وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿٦٥﴾ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ

وَيُسَلِّمُوْا	تَسْلِيْمًا	وَلَوْ	اَنَّا كَتَبْنَا	عَلَيْهِمْ	اَنِ	اقْتُلُوْا	اَنْفُسَكُمْ
اور تسلیم کرلیں	خوشی سے	اور اگر	ہم لکھ دیتے (حکم کرتے)	اُن پر	کہ	قتل کرو تم	اپنے آپ

اور اُس کو خوشی سے (پوری طرح) تسلیم کرلیں۔ اور اگر ہم اُن پر لکھ دیتے (فرض کر دیتے) تم اپنے آپ کو قتل کر ڈالو

اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ

اَوِ اخْرُجُوْا	مِنْ	دِيَارِكُمْ	مَّا فَعَلُوْهُ	اِلَّا	قَلِيْلٌ	مِّنْهُمْ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ
یا نکل جاؤ	سے	اپنے گھر	وہ یہ نہ کرتے	سوائے	چند ایک	اُن سے	اور اگر	یہ لوگ

یا اپنے گھر بار (چھوڑ کر) نکل جاؤ تو اُن میں سے چند ایک کے سوا وہ (کبھی ایسا) نہ کرتے۔ اور اگر یہ لوگ

فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿٦٦﴾ وَّاِذًا

فَعَلُوْا	مَا	يُوْعَظُوْنَ	بِهٖ	لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ	وَاَشَدَّ	تَثْبِيْتًا	وَاِذًا
کرتے	جو	نصیحت کی جاتی ہے	اس کی	البتہ ہوتا	بہتر	ان کیلئے	اور زیادہ	ثابت رکھنے والا	اور اس صورت میں

وہ کرتے جس کی انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو یہ ان کے لئے بہتر ہوتا اور (دین میں) زیادہ ثابت رکھنے والا ہوتا اور اس صورت میں

لَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٦٧﴾ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا

لَاٰتَيْنٰهُمْ	مِنْ لَّدُنَّا	اَجْرًا	عَظِيْمًا	وَّ	لَهَدَيْنٰهُمْ	صِرَاطًا
ہم اُنہیں دیتے	اپنے پاس سے	اجر	بڑا عظیم	اور	ہم انہیں ہدایت دیتے	راستہ

ہم اُنہیں اپنے پاس سے بڑا اجر دیتے۔ اور انہیں سیدھے راستہ کی ہدایت دیتے۔

مُّسْتَقِيْمًا ﴿٦٨﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰۗىِٕكَ مَعَ الَّذِيْنَ

مُسْتَقِيْمًا	وَمَنْ	يُّطِعِ	اللّٰهَ	وَالرَّسُوْلَ	فَاُولٰۗىِٕكَ	مَعَ الَّذِيْنَ
سیدھا	اور جو	اطاعت کرے	اللہ	اور رسولؐ	تو یہی لوگ	ان لوگوں کے ساتھ

اور جو اطاعت کرے اللہ اور رسولؐ کی تو یہی لوگ ہیں ان لوگوں کے ساتھ

اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاۗءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ

اَنْعَمَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مِنَ	النَّبِيّٖنَ	وَالصِّدِّيْقِيْنَ	وَالشُّهَدَاۗءِ	وَالصّٰلِحِيْنَ
انعام کیا	اللہ	اُن پر	سے (یعنی)	انبیاء	اور صدیق	اور شہداء	اور صالحین

جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا (یعنی) انبیاء، اور صدیق، اور شہداء، اور صالحین (نیک بندے)

وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿٦٩﴾ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

وَحَسُنَ	اُولٰٓئِكَ	رَفِيْقًا	ذٰلِكَ	الْفَضْلُ	مِنَ اللّٰهِ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ
اور اچھے	یہ لوگ	ساتھی	یہ	فضل	اللہ سے	اور کافی	اللہ

اور یہ اچھے ساتھی ہیں۔ یہ اللہ کی طرف سے فضل ہے، اور اللہ کافی ہے

ع ۹ ۱۱ ۶

عَلِيْمًا ﴿٧٠﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ

عَلِيْمًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ + اٰمَنُوْا	خُذُوْا	حِذْرَكُمْ	فَانْفِرُوْا	ثُبَاتٍ	اَوِ
جاننے والا	اے	وہ لوگ جو ایمان لائے (ایمان والو)	لے لو	اپنے بچاؤ (کا سامان) ہتھیار	پھر نکلو	جُدا جُدا	یا

جاننے والا۔ اے ایمان والو! اپنے بچاؤ (کا سامان ہتھیار) لے لو، پھر جُدا جُدا (دستوں کی صورت میں) یا

انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿٧١﴾ وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ

انْفِرُوْا	جَمِيْعًا	وَاِنَّ	مِنْكُمْ	لَمَنْ	لَّيُبَطِّئَنَّ	فَاِنْ	اَصَابَتْكُمْ
نکلو (کوچ کرو)	سب	اور بیشک	تم میں	وہ ہے جو	ضرور دیر لگادے گا	پھر اگر	تمہیں پہنچے

سب اکٹھے ہو کر کوچ کرو۔ بیشک تم میں (کوئی ایسا بھی ہے) جو ضرور دیر لگادے گا، پھر اگر تمہیں پہنچے

مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿٧٢﴾

مُّصِيْبَةٌ	قَالَ	قَدْ اَنْعَمَ	اللّٰهُ	عَلَيَّ	اِذْ	لَمْ اَكُنْ	مَّعَهُمْ	شَهِيْدًا
کوئی مصیبت	کہے	بیشک انعام کیا	اللہ	مجھ پر	جب	میں نہ تھا	ان کے ساتھ	حاضر۔ موجود

کوئی مصیبت تو کہے کہ اللہ نے مجھ پر انعام کیا کہ میں ان کے ساتھ نہ تھا۔

وَلَىِٕنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ

وَلَىِٕنْ	اَصَابَكُمْ	فَضْلٌ	مِنَ اللّٰهِ	لَيَقُوْلَنَّ	كَاَنْ لَّمْ تَكُنْ
اور اگر	تمہیں پہنچے	کوئی فضل	اللہ سے	تو ضرور کہے گا	گویا نہ تھی

اور تمہیں اللہ کی طرف سے کوئی فضل (نعمت) پہنچے تو ضرور کہے گا، گویا کہ (جیسے کہ) نہ تھی

بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿٧٣﴾

بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَهٗ	مَوَدَّةٌ	يّٰلَيْتَنِيْ	كُنْتُ	مَعَهُمْ	فَاَفُوْزَ	فَوْزًا	عَظِيْمًا
تمہارے درمیان	اور اس کے درمیان	کوئی دوستی	اے کاش میں	ہیں ہوتا	ان کے ساتھ	تو مُراد پاتا	مُراد	بڑی

تمہارے اور اس کے درمیان کوئی دوستی، "اے کاش! میں ان کے ساتھ ہوتا تو بڑی مُراد پاتا"

فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

فَلْيُقَاتِلْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	الَّذِيْنَ	يَشْرُوْنَ	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا
سو چاہیئے کہ لڑیں	میں	اللہ کا راستہ	وہ جو کہ	بیچتے ہیں	زندگی	دُنیا

سو چاہیئے کہ اللہ کے راستہ میں لڑیں وہ لوگ جو دنیا کی زندگی بیچتے ہیں (قربان کرتے ہیں)

بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ

بِالْاٰخِرَةِ	وَ	مَنْ	يُّقَاتِلْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَيُقْتَلْ	اَوْ	يَغْلِبْ
آخرت کے بدلے	اور	جو	لڑے	میں	اللہ کا راستہ	پھر مارا جائے	یا	غالب آئے

آخرت کے بدلے، اور جو اللہ کے راستہ میں لڑے پھر مارا جائے یا غالب آئے

فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

فَسَوْفَ	نُؤْتِيْهِ	اَجْرًا عَظِيْمًا	وَمَا	لَكُمْ	لَا تُقَاتِلُوْنَ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ
عنقریب	ہم اسے دیں گے	بڑا اجر	اور کیا	تمہیں	تم نہیں لڑتے	میں	اللہ کا راستہ

ہم عنقریب اسے بڑا اجر دیں گے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کے راستہ میں نہیں لڑتے

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ

وَ	الْمُسْتَضْعَفِيْنَ	مِنَ	الرِّجَالِ	وَالنِّسَآءِ	وَالْوِلْدَانِ	الَّذِيْنَ
اور	کمزور (بے بس)	سے	مرد (جمع)	اور عورتیں	اور بچے	جو

کم زور (بے بس) مردوں، اور عورتوں اور بچوں (کی خاطر) جو

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ

يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَا	اَخْرِجْنَا	مِنْ	هٰذِهِ	الْقَرْيَةِ	الظَّالِمِ	اَهْلُهَا	وَاجْعَلْ
کہتے ہیں (دُعا)	اے ہمارے رب	ہمیں نکال	سے	اس	بستی	ظالم	اسکے رہنے والے	اور بنا دے

دُعا کر رہے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں اس بستی سے نکال جس کے رہنے والے ظالم ہیں اور بنا دے

لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾

لَنَا	مِنْ	لَدُنْكَ	وَلِيًّا	وَاجْعَلْ	لَنَا	مِنْ	لَدُنْكَ	نَصِيْرًا
ہمارے لئے	سے	اپنے پاس	دوست (حمایتی)	اور بنا دے	ہمارے لئے	سے	اپنے پاس	مددگار

ہمارے لئے اپنے پاس سے حمایتی اور بنا دے ہمارے لئے اپنے پاس سے مددگار۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ

اَلَّذِيْنَ + اٰمَنُوْا	يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَالَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	يُقَاتِلُوْنَ
جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	وہ لڑتے ہیں	میں	اللہ کا راستہ	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	وہ لڑتے ہیں

ایمان لانے والے اللہ کے راستہ میں لڑتے ہیں اور کافر لڑتے ہیں

فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ

فِيْ	سَبِيْلِ	الطَّاغُوْتِ	فَقَاتِلُوْٓا	اَوْلِيَآءَ	الشَّيْطٰنِ	اِنَّ	كَيْدَ	الشَّيْطٰنِ
میں	راستہ	طاغوت (سرکش)	سو تم لڑو	دوست (ساتھی)	شیطان	بیشک	فریب	شیطان

طاغوت (سرکش مفسد) کے راستہ میں، سو تم شیطان کے ساتھیوں سے لڑو، بیشک شیطان کا فریب

ع ۱۰ ۶ ۷

كَانَ ضَعِيْفًا ﴿۷۶﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَ

كَانَ	ضَعِيْفًا	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	قِيْلَ	لَهُمْ	كُفُّوْٓا	اَيْدِيَكُمْ	وَ
ہے	کمزور (بودا)	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف	وہ لوگ جو	کہا گیا	ان کو	روک لو	اپنے ہاتھ	اور

کمزور (بودا) ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جنہیں کہا گیا اپنے ہاتھ روک لو، اور

اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا

اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ	فَلَمَّا	كُتِبَ + عَلَيْهِمُ	الْقِتَالُ	اِذَا
قائم کرو	نماز	اور ادا کرو	زکوٰۃ	پھر جب	ان پر فرض ہوا	لڑنا (جہاد)	ناگہاں (تو)

نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ ادا کرو، پھر جب اُن پر جہاد فرض ہوا، تو

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ

فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	يَخْشَوْنَ	النَّاسَ	كَخَشْيَةِ	اللّٰهِ	اَوْ	اَشَدَّ	خَشْيَةً
ایک فریق	ان میں سے	ڈرتے ہیں	لوگ	جیسے ڈر	اللہ	یا	زیادہ	ڈر

ان میں سے ایک فریق لوگوں سے ڈرتا ہے، جیسے اللہ کا ڈر ہو یا اس سے بھی زیادہ ڈر،

وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۭ

وَقَالُوْا	رَبَّنَا	لِمَ كَتَبْتَ	عَلَيْنَا	الْقِتَالَ	لَوْ	لَآ اَخَّرْتَنَا	اِلٰى	اَجَلٍ	قَرِيْبٍ
اور وہ کہتے ہیں	اے ہمارے رب	تو نے کیوں لکھا	ہم پر	لڑنا (جہاد)	کیوں	نہ ہمیں ڈھیل دی	تک	مدت	تھوڑی

اور وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض کر دیا ہمیں اور تھوڑی مدت کیوں نہ مہلت دی؟

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ

قُلْ	مَتَاعُ	الدُّنْيَا	قَلِيْلٌ	وَالْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	لِّمَنِ اتَّقٰى	وَ	لَا تُظْلَمُوْنَ
کہدیں	فائدہ	دنیا	تھوڑا	اور آخرت	بہتر	پرہیزگار کے لئے	اور	نہ تم پر ظلم ہوگا

کہدیں، دنیا کا فائدہ تھوڑا ہے، اور آخرت بہتر ہے پرہیزگار کے لئے، اور تم پر ظلم نہ ہوگا

فَتِيْلًا ۝۷۷ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ

فَتِيْلًا	اَيْنَ مَا	تَكُوْنُوْا	يُدْرِكْكُّمُ	الْمَوْتُ	وَلَوْ كُنْتُمْ	فِيْ بُرُوْجٍ
دھاگے برابر	جہاں کہیں	تم ہوگے	تمہیں پالے گی	موت	اگرچہ تم ہو	برجوں میں

دھاگے برابر (بھی)۔ تم جہاں کہیں ہوگے موت تمہیں پا لے گی، اگرچہ تم ہو گے

مُّشَيَّدَةٍ ۭ وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ

مُشَيَّدَةٍ	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ	حَسَنَةٌ	يَّقُوْلُوْا	هٰذِهٖ	مِنْ	عِنْدِ اللّٰهِ
مضبوط	اور اگر	انہیں پہنچے	کوئی بھلائی	وہ کہتے ہیں	یہ	سے	اللہ کے پاس (طرف)

مضبوط برجوں میں، اور اگر انہیں کوئی بھلائی پہنچے تو وہ کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے،

وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ۭ قُلْ كُلٌّ مِّنْ

وَاِنْ	تُصِبْهُمْ	سَيِّئَةٌ	يَّقُوْلُوْا	هٰذِهٖ	مِنْ	عِنْدِكَ	قُلْ	كُلٌّ	مِّنْ
اور اگر	انہیں پہنچے	کچھ برائی	وہ کہتے ہیں	یہ	سے	آپ کی طرف سے	کہدیں	سب	سے

اور اگر انہیں کچھ برائی پہنچے تو کہتے ہیں یہ آپؐ کی طرف سے ہے۔ آپؐ کہدیں سب کچھ

عِنْدِ اللّٰهِ ۭ فَمَالِ هٰٓؤُلَاۗءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ۝۷۸

عِنْدِ اللّٰهِ	فَمَالِ	هٰٓؤُلَاۗءِ	الْقَوْمِ	لَا يَكَادُوْنَ	يَفْقَهُوْنَ	حَدِيْثًا
اللہ کے پاس (طرف)	تو کیا ہوا	اس	قوم	نہیں لگتے	کہ سمجھیں	بات

اللہ کی طرف سے ہے، اس قوم کو (ان لوگوں کو) کیا ہو گیا ہے کہ یہ بات سمجھتے نہیں لگتے (بات سمجھتے معلوم نہیں ہوتے)

مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۠ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ

مَا	اَصَابَكَ	مِنْ حَسَنَةٍ	فَمِنَ اللّٰهِ	وَمَا	اَصَابَكَ	مِنْ سَيِّئَةٍ
جو	تجھے پہنچے	کوئی بھلائی	سو اللہ سے	اور جو	تجھے پہنچے	کوئی برائی

جو تمہیں کوئی بھلائی پہنچے سو وہ اللہ کی طرف سے ہے، اور جو تمہیں کوئی برائی پہنچے

فَمِنْ نَّفْسِكَ ؕ وَ اَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

فَمِنْ + نَفْسِكَ	وَ اَرْسَلْنٰكَ	لِلنَّاسِ	رَسُوْلًا	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ
تو تیرے نفس سے	اور ہم نے تمہیں بھیجا	لوگوں کے لئے	رسول	اور کافی ہے	اللہ

تو وہ تمہارے نفس سے ہے، اور ہم نے تمہیں لوگوں کے لئے رسول بنا کر بھیجا ہے - اور اللہ کافی ہے

شَهِيْدًا ﴿۷۹﴾ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ

شَهِيْدًا	مَنْ	يُّطِعِ	الرَّسُوْلَ	فَقَدْ اَطَاعَ	اللّٰهَ	وَمَنْ	تَوَلّٰى	فَمَا
گواہ	جو۔جس	اطاعت کی	رسول	پس تحقیق اطاعت کی	اللہ	اور جو جس	روگردانی کی	تو نہیں

گواہ - جس نے رسول کی اطاعت کی پس تحقیق اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے روگردانی کی تو

اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ؕ ﴿۸۰﴾ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۫ فَاِذَا بَرَزُوْا

اَرْسَلْنٰكَ	عَلَيْهِمْ	حَفِيْظًا	وَيَقُوْلُوْنَ	طَاعَةٌ	فَاِذَا	بَرَزُوْا
ہم نے آپؐ کو بھیجا	ان پر	نگہبان	اور وہ کہتے ہیں	(ہم نے) حکم مانا	پھر جب	باہر جاتے ہیں

ہم نے آپؐ کو ان پر نگہبان نہیں بھیجا - وہ (منہ سے تو) یہ کہتے ہیں کہ ہم نے مانا، پھر جب باہر جاتے ہیں

مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِىْ تَقُوْلُ ؕ وَاللّٰهُ

مِنْ	عِنْدِكَ	بَيَّتَ	طَآئِفَةٌ	مِنْهُمْ	غَيْرَ الَّذِىْ	تَقُوْلُ	وَاللّٰهُ
سے	آپؐ کے پاس	رات کو مشورہ کرتا ہے	ایک گروہ	اُن سے	اس کے خلاف جو	کہتے ہیں	اور اللہ

آپؐ کے پاس سے تو ان میں سے ایک گروہ رات کو اس کے خلاف مشورہ کرتا ہے جو وہ کہہ چکے، اور اللہ

يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

يَكْتُبُ	مَا يُبَيِّتُوْنَ	فَاَعْرِضْ	عَنْهُمْ	وَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ
لکھ لیتا ہے	جو وہ رات کو مشورے کرتے ہیں	منہ پھیر لیں	اُن سے	اور بھروسہ کریں	اللہ پر	اور کافی ہے	اللہ

لکھ لیتا ہے جو وہ رات کو مشورے کرتے ہیں، آپؐ اُن سے منہ پھیر لیں اور اللہ پر بھروسہ کریں، اور اللہ کافی ہے

وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ

وَكِيْلًا	اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ	الْقُرْاٰنَ	وَلَوْ كَانَ	مِنْ	عِنْدِ	غَيْرِ اللّٰهِ
کارساز	پھر کیا وہ غور نہیں کرتے؟	قرآن	اور اگر ہوتا	سے	پاس	اللہ کے سوا

کارساز - پھر کیا وہ قرآن پر غور نہیں کرتے؟ اور اگر اللہ کے سوا کسی اور کے پاس سے ہوتا

لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ

لَوَجَدُوْا	فِيْهِ	اخْتِلَافًا	كَثِيْرًا	وَاِذَا	جَآءَهُمْ	اَمْرٌ	مِّنَ	الْاَمْنِ	اَوِ
ضرور پاتے	اس میں	اختلاف	بہت	اور جب	انکے پاس آتی ہے	کوئی خبر	سے (کی)	امن	یا

تو اس میں ضرور بہت اختلاف پاتے - اور جب ان کے پاس کوئی امن کی خبر آتی ہے، یا

الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِى الْاَمْرِ

الْخَوْفِ	اَذَاعُوْا	بِهٖ	وَلَوْ	رَدُّوْهُ	اِلَى الرَّسُوْلِ	وَ	اِلٰى	اُولِى الْاَمْرِ
خوف	مشہور کر دیتے ہیں	اُسے	اور اگر	اُسے پہنچاتے	رسول کی طرف	اور	طرف	حاکم

خوف کی تو اسے مشہور کر دیتے ہیں اور اگر اُسے پہنچاتے رسول کی طرف اور اپنے حاکموں کی طرف

مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ

مِنْهُمْ	لَعَلِمَهُ	الَّذِيْنَ	يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ	مِنْهُمْ	وَلَوْ	لَا	فَضْلُ	اللّٰهِ
اپنے میں سے	تو اس کو جان لیتے	جو لوگ	تحقیق کر لیا کرتے ہیں	ان سے	اور اگر	نہ	فضل	اللہ

تو جو لوگ ان میں سے تحقیق کر لیا کرتے ہیں اس کو جان لیتے - اور اگر اللہ کا فضل نہ ہوتا

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۳﴾ فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ

عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	لَاتَّبَعْتُمُ	الشَّيْطٰنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا	فَقَاتِلْ	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ
تم پر	اور اسکی رحمت	تم پیچھے لگ جاتے	شیطان	سوائے	چند ایک	پس لڑیں	میں	راستہ	اللہ

تم پر، اور اس کی رحمت (نہ ہوتی) تو چند ایک کے سوا تم شیطان کے پیچھے لگ جاتے پس آپؐ اللہ کی راہ میں لڑیں،

لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ

لَا تُكَلَّفُ	اِلَّا	نَفْسَكَ	وَحَرِّضِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ	يَّكُفَّ
مکلف نہیں	مگر	اپنی ذات	اور آمادہ کریں	مومن (جمع)	قریب ہے	اللہ	کہ	روک دے

آپؐ مکلف نہیں مگر اپنی جان کے، اور مومنوں کو آمادہ کریں، قریب ہے کہ اللہ روک دے

بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿۸۴﴾ مَنْ

بَاْسَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَاللّٰهُ	اَشَدُّ	بَاْسًا	وَ	اَشَدُّ	تَنْكِيْلًا	مَنْ
جنگ	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اور اللہ	سخت تر ہیں	جنگ	اور	سب سے سخت	سزا دینا	جو

کافروں کی جنگ (کا زور) اور اللہ کی جنگ سخت تر ہے اور اس کی سزا سب سے سخت ہے، جو کوئی

يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ

يَشْفَعْ	شَفَاعَةً	حَسَنَةً	يَكُنْ لَّهٗ	نَصِيْبٌ	مِنْهَا	وَمَنْ	يَشْفَعْ
سفارش کرے	سفارش	نیک بات	ہوگا۔ اس کے لئے	حصہ	اس میں سے	اور جو	سفارش کرے

نیک بات میں سفارش کرے اس کے لئے اس سے حصہ ہوگا، اور جو کوئی سفارش کرے

شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ﴿۸۵﴾

شَفَاعَةً	سَيِّئَةً	يَكُنْ لَّهٗ	كِفْلٌ	مِنْهَا	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	مُّقِيْتًا
سفارش	بُری بات	ہوگا۔ اسکے لئے	بوجھ (حصہ)	اس سے	اور ہے	اللہ	پر	ہر چیز	قدرت رکھنے والا

بُری بات میں اس کو اس کا بوجھ (حصہ) ملے گا، اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ۗ

وَاِذَا	حُيِّيْتُمْ	بِتَحِيَّةٍ	فَحَيُّوْا	بِاَحْسَنَ	مِنْهَآ	اَوْ	رُدُّوْهَا
اور جب	تمہیں دعا دے	کسی (دعا سلام) سے	تو تم دعا دو	بہتر	اس سے	یا	وہی لوٹا دو (کہدو)

اور جب تمہیں کوئی دُعا دے (سلام کرے) تو تم اس سے بہتر دُعا دو، یا وہی کہدو،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ﴿۸۶﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ

اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	حَسِيْبًا	اَللّٰهُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ
بیشک	اللہ	ہے	پر (کا)	ہر چیز	حساب کرنے والا	اللہ	نہیں	عبادت کے لائق	اس کے سوا

بے شک اللہ ہر چیز کا حساب کرنے والا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں،

لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۗ وَمَنْ اَصْدَقُ

لَيَجْمَعَنَّكُمْ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	لَا رَيْبَ	فِيْهِ	وَمَنْ	اَصْدَقُ
وہ تمہیں ضرور اکٹھا کرے گا	طرف	روزِ قیامت	نہیں شک	اس میں	اور کون؟	زیادہ سچا

وہ ضرور تمہیں قیامت کے دن اکٹھا کرے گا، اس میں کوئی شک نہیں، اور کون زیادہ سچا ہے؟

ع ۱۱ ۸

مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ﴿۸۷﴾ فَمَا لَكُمْ فِى الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ

مِنَ اللّٰهِ	حَدِيْثًا	فَمَا لَكُمْ	فِى الْمُنٰفِقِيْنَ	فِئَتَيْنِ	وَاللّٰهُ	اَرْكَسَهُمْ
اللہ سے	بات میں	سو کیا ہوا تمہیں؟	منافقین کے بارہ میں	دو فریق	اور اللہ	انہیں اُلٹ دیا (اوندھا کر دیا)

بات میں اللہ سے۔ سو تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ منافقین کے بارہ میں دو گروہ (ہو رہے ہو) اور اللہ نے انہیں اوندھا کر دیا

بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ

بِمَا كَسَبُوْا	اَتُرِيْدُوْنَ	اَنْ تَهْدُوْا	مَنْ	اَضَلَّ	اللّٰهُ	وَمَنْ
اسکے سبب جو انہوں نے کمایا (کیا)	کیا تم چاہتے ہو؟	کہ راہ پر لاؤ	جو۔جس	گمراہ کیا	اللہ	اور جو۔جس

اس کے سبب جو انہوں نے کیا، کیا تم چاہتے ہو کہ اسے راہ پر لاؤ جس کو اللہ نے گمراہ کیا؟ اور جس کو

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۸۸﴾ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا

يُضْلِلِ	اللّٰهُ	فَلَنْ تَجِدَ	لَهٗ	سَبِيْلًا	وَدُّوْا	لَوْ تَكْفُرُوْنَ	كَمَا
گمراہ کرے	اللہ	پس تم ہرگز نہ پاؤ گے	اسکے لئے	کوئی راہ	وہ چاہتے ہیں	کاش تم کافر ہو	جیسے

اللہ گمراہ کرے تم ہرگز اس کے لئے کوئی راہ نہ پاؤ گے ۔ وہ چاہتے ہیں کاش تم (بھی) کافر ہو جاؤ جیسے

كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا

كَفَرُوْا	فَتَكُوْنُوْنَ	سَوَآءً	فَلَا تَتَّخِذُوْا	مِنْهُمْ	اَوْلِيَآءَ	حَتّٰى	يُهَاجِرُوْا
وہ کافر ہوئے	تو تم ہو جاؤ	برابر	پس تم نہ بناؤ	ان سے	دوست	یہانتک کہ	وہ ہجرت کریں

وہ کافر ہوئے، تو تم برابر ہو جاؤ۔ پس تم اُن میں سے (کسی کو) دوست نہ بناؤ یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ

فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَخُذُوْهُمْ	وَاقْتُلُوْهُمْ	حَيْثُ	وَجَدْتُّمُوْهُمْ
میں	اللہ کی راہ	پھر اگر تم	منہ موڑیں	تو ان کو پکڑو	اور انہیں قتل کرو	جہاں کہیں	تم انہیں پاؤ

اللہ کی راہ میں، پھر اگر وہ منہ موڑیں تو تم جہاں کہیں انہیں پاؤ پکڑو، اور قتل کرو،

وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۸۹﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ

وَلَا	تَتَّخِذُوْا	مِنْهُمْ	وَلِيًّا	وَلَا	نَصِيْرًا	اِلَّا	الَّذِيْنَ	يَصِلُوْنَ
اور نہ	بناؤ	اُن سے	دوست	اور نہ	مددگار	مگر	جو لوگ	مل گئے ہیں (تعلق رکھتے ہیں)

اور اُن میں سے (کسی کو) نہ دوست بناؤ، نہ مددگار ۔ مگر جو لوگ تعلق رکھتے ہیں

اِلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ

اِلٰى	قَوْمٍ	بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَهُمْ	مِّيْثَاقٌ	اَوْ	جَآءُوْكُمْ	حَصِرَتْ
طرف (سے)	قوم	تمہارے درمیان	اور انکے درمیان	عہد (معاہدہ)	یا	وہ تمہارے پاس آئیں	تنگ ہو گئے

(ایسی) قوم سے کہ تمہارے اور ان کے درمیان معاہدہ ہے، یا تمہارے پاس آئیں (اس حال میں) کہ تنگ ہو گئے ہیں

صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

صُدُوْرُهُمْ	اَنْ	يُّقَاتِلُوْكُمْ	اَوْ	يُقَاتِلُوْا	قَوْمَهُمْ	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ
ان کے سینے (ان کے دل)	کہ	وہ تم سے لڑیں	یا	لڑیں	اپنی قوم سے	اور اگر	چاہتا اللہ

اُن کے دل (اس بات سے) کہ تم سے لڑیں یا اپنی قوم سے لڑیں، اور اگر اللہ چاہتا

لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَ

لَسَلَّطَهُمْ	عَلَيْكُمْ	فَلَقٰتَلُوْكُمْ	فَاِنِ	اعْتَزَلُوْكُمْ	فَلَمْ	يُقَاتِلُوْكُمْ	وَ
انہیں مسلّط کر دیتا	تم پر	تو وہ تم سے ضرور لڑتے	پھر اگر	تم سے کنارہ کش ہوں	پھر نہ	وہ تم سے لڑیں	اور

تو انہیں تم پر مسلّط کر دیتا تو وہ تم سے ضرور لڑتے، پھر اگر وہ تم سے کنارہ کش رہیں پھر تم سے نہ لڑیں، اور

اَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ﴿۹۰﴾

اَلْقَوْا	اِلَيْكُمُ	السَّلَمَ	فَمَا جَعَلَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	عَلَيْهِمْ	سَبِيْلًا
ڈالیں	تمہاری طرف	صلح	تو نہیں دی	اللہ	تمہارے لئے	ان پر	کوئی راہ

تمہاری طرف صلح (کا پیام) ڈالیں، تو اللہ نے تمہارے لئے ان پر (دستانے کی) کوئی راہ نہیں رکھی۔

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ

سَتَجِدُوْنَ	اٰخَرِيْنَ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ	وَ	يَاْمَنُوْا	قَوْمَهُمْ
اب تم پاؤ گے	اور لوگ	وہ چاہتے ہیں	کہ تم سے امن میں رہیں	اور	امن میں رہیں	اپنی قوم

اب تم اور لوگ پاؤ گے جو چاہتے ہیں کہ وہ تم سے (بھی) امن میں رہیں اور اپنی قوم سے (بھی) امن میں رہیں،

كُلَّمَا رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا

كُلَّمَا	رُدُّوْا	اِلَى الْفِتْنَةِ	اُرْكِسُوْا	فِيْهَا	فَاِنْ	لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ	وَيُلْقُوْا
جب کبھی	لوٹائے (بلائے) جاتے ہیں	فتنہ کی طرف	پلٹ جاتے ہیں	اس میں	پس اگر	تم سے کنارہ کشی نہ کریں	اور (نہ) ڈالیں وہ

جب کبھی فتنہ (فساد) کی طرف بلائے جاتے ہیں تو اس میں پلٹ جاتے ہیں، پس اگر تم سے کنارہ کشی نہ کریں اور وہ نہ ڈالیں

اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ

اِلَيْكُمُ	السَّلَمَ	وَيَكُفُّوْا	اَيْدِيَهُمْ	فَخُذُوْهُمْ	وَاقْتُلُوْهُمْ	حَيْثُ
تمہاری طرف	صلح	اور روکیں	اپنے ہاتھ	تو انہیں پکڑو	اور انہیں قتل کرو	جہاں کہیں

تمہاری طرف (پیغام) صلح اور (نہ) روکیں اپنے ہاتھ، تو انہیں پکڑو اور قتل کرو، جہاں کہیں

۱۲ ع ۴ ۹

ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۹۱﴾ وَمَا

ثَقِفْتُمُوْهُمْ	وَاُولٰٓئِكُمْ	جَعَلْنَا	لَكُمْ	عَلَيْهِمْ	سُلْطٰنًا	مُّبِيْنًا	وَمَا
تم انہیں پاؤ	اور یہی لوگ	ہم نے دی	تمہارے لئے	اُن پر	سند (حجت)	کھلی	اور نہیں

تم انہیں پاؤ، اور یہی لوگ، ہیں جن پر ہم نے تمہیں کھلی سند (حجت) دی - اور نہیں

كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا

كَانَ	لِمُؤْمِنٍ	اَنْ يَّقْتُلَ	مُؤْمِنًا	اِلَّا خَطَـًٔا	وَمَنْ	قَتَلَ	مُؤْمِنًا
ہے	کسی مسلمان کے لئے	کہ وہ قتل کرے	کسی مسلمان	مگر غلطی سے	اور جو	قتل کرے	کسی مسلمان

کسی مسلمان کے (شایاں) کہ وہ کسی مسلمان کو قتل کردے، مگر غلطی سے - اور جو کسی مسلمان کو قتل کرے

خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ

خَطَـًٔا	فَتَحْرِيْرُ	رَقَبَةٍ	مُّؤْمِنَةٍ	وَدِيَةٌ	مُّسَلَّمَةٌ	اِلٰٓى اَهْلِهٖ	اِلَّآ	اَنْ
غلطی سے	تو آزاد کرے	ایک گردن (غلام)	مسلمان	اور خون بہا	حوالہ کرنا	اسکے وارثوں کو	مگر	یہ کہ

غلطی سے تو دہ ایک غلام آزاد کرے، اور خون بہا اس کے وارثوں کے حوالے کر دے، مگر یہ کہ

يَّصَّدَّقُوْا ؕ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ

يَّصَّدَّقُوْا	فَاِنْ	كَانَ	مِنْ	قَوْمٍ عَدُوٍّ	لَّكُمْ	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَتَحْرِيْرُ
وہ معاف کردیں	پھر اگر	ہو	سے	دشمن قوم	تمہاری	اور وہ	مسلمان	تو آزاد کردے

وہ معاف کردیں - پھر اگر وہ تمہاری دشمن قوم سے ہو اور وہ خود مسلمان ہو تو آزاد کرے

رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ

رَقَبَةٍ	مُّؤْمِنَةٍ	وَاِنْ	كَانَ	مِنْ قَوْمٍ	بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَهُمْ	مِّيْثَاقٌ
ایک گردن (غلام)	مسلمان	اور اگر	ہو	ایسی قوم سے	تمہارے درمیان	اور ان کے درمیان	عہد (معاہدہ)

ایک مسلمان غلام - اور اگر ایسی قوم سے ہو کہ اُن کے اور تمہارے درمیان معاہدہ ہے

فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ

فَدِيَةٌ	مُّسَلَّمَةٌ	اِلٰٓى اَهْلِهٖ	وَتَحْرِيْرُ	رَقَبَةٍ	مُّؤْمِنَةٍ	فَمَنْ	لَّمْ يَجِدْ
تو خون بہا	حوالہ کرنا	اس کے وارثوں کو	اور آزاد کرنا	ایک گردن (غلام)	مسلمان	سو جو	نہ پائے

تو خون بہا اس کے وارثوں کے حوالے کردے، اور ایک مسلمان غلام کو آزاد کر دے - سو جو نہ پائے (میسر نہ ہو)

فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا

فَصِيَامُ	شَهْرَيْنِ	مُتَتَابِعَيْنِ	تَوْبَةً	مِنَ اللّٰهِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا
تو روزے رکھے	دو ماہ	لگاتار	توبہ	اللہ سے	اور ہے	اللہ	جاننے والا

تو دو ماہ لگاتار روزے رکھے، یہ توبہ ہے اللہ کی طرف سے، اور اللہ جاننے والا،

حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا

حَكِيْمًا	وَمَنْ	يَّقْتُلْ	مُؤْمِنًا	مُّتَعَمِّدًا	فَجَزَآؤُهٗ	جَهَنَّمُ	خَالِدًا
حکمت والا	اور جو کوئی	قتل کر دے	کسی مسلمان کو	دانستہ (قصداً)	تو اس کی سزا	جہنم	ہمیشہ رہے گا

حکمت والا ہے۔ اور جو کوئی کسی مسلمان کو دانستہ قتل کر دے تو اس کی سزا جہنم ہے، وہ ہمیشہ رہے گا

فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾

فِيْهَا	وَغَضِبَ اللّٰهُ	عَلَيْهِ	وَلَعَنَهٗ	وَاَعَدَّ لَهٗ	عَذَابًا	عَظِيْمًا
اس میں	اور اللہ کا غضب	اس پر	اور اس کی لعنت	اور اس کے لئے تیار کر رکھا ہے	عذاب	بڑا

اس میں، اور اس پر اللہ کا غضب ہوگا، اور اس کی لعنت، اور اس کے لئے (اللہ نے) بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	ضَرَبْتُمْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَتَبَيَّنُوْا
اے	جو لوگ	ایمان لائے	جب	تم سفر کرو	میں	اللہ کی راہ	تو تحقیق کر لو

اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں (جہاد کے لئے) سفر کرو تو تحقیق کر لیا کرو،

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ

وَلَا	تَقُوْلُوْا	لِمَنْ	اَلْقٰٓى	اِلَيْكُمُ	السَّلٰمَ	لَسْتَ	مُؤْمِنًا	تَبْتَغُوْنَ
اور نہ	تم کہو	جو کوئی	ڈالے (کرے)	تمہاری طرف	سلام	تو نہیں ہے	مسلمان	تم چاہتے ہو

اور جو تمہیں سلام کرے اسے نہ کہو کہ تو مسلمان نہیں ہے، تم چاہتے ہو

عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ

عَرَضَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	فَعِنْدَ	اللّٰهِ	مَغَانِمُ	كَثِيْرَةٌ	كَذٰلِكَ	كُنْتُمْ
اسباب (سامان)	دنیا کی زندگی	پھر پاس	اللہ	غنیمتیں	بہت	اسی طرح	تم تھے

دنیا کی زندگی کا سامان، پھر اللہ کے پاس بہت غنیمتیں ہیں، تم اسی طرح تھے

مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْٓا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

مِنْ قَبْلُ	فَمَنَّ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمْ	فَتَبَيَّنُوْٓا	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
اس سے پہلے	تو احسان کیا	اللہ	تم پر	سو تحقیق کر لو	بیشک	اللہ	ہے	اس سے جو	تم کرتے ہو

اس سے پہلے، تو اللہ نے تم پر احسان کیا، سو تحقیق کر لیا کرو، بیشک جو تم کرتے ہو اس سے اللہ

خَبِيْرًا ﴿۹۴﴾ لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ

خَبِيْرًا	لَا يَسْتَوِي	الْقٰعِدُوْنَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	غَيْرُ	اُولِي الضَّرَرِ
خوب باخبر	برابر نہیں	بیٹھ رہنے والے	سے	مومن (مسلمان)	بغیر	عُذر والے (معذور)

خوب باخبر ہے۔ بغیر عذر بیٹھ رہنے والے مسلمان، اور وہ برابر نہیں

وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ

وَ	الْمُجٰهِدُوْنَ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	فَضَّلَ اللّٰهُ
اور	مجاہد (جمع)	میں	اللہ کی راہ	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانیں	اللہ نے فضیلت دی

جو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے جہاد کرنے والے ہیں، اللہ نے فضیلت دی

الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا

الْمُجٰهِدِيْنَ	بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	عَلَى	الْقٰعِدِيْنَ	دَرَجَةً	وَكُلًّا
جہاد کرنے والے	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانیں	پر	بیٹھ رہنے والے	درجے	اور ہر ایک

درجہ میں، اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر اور ہر ایک کو

وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ

وَعَدَ	اللّٰهُ	الْحُسْنٰى	وَ	فَضَّلَ	اللّٰهُ	الْمُجٰهِدِيْنَ	عَلَى	الْقٰعِدِيْنَ
وعدہ دیا	اللہ	اچھا	اور	فضیلت دی	اللہ	مجاہدین	پر	بیٹھ رہنے والے

اللہ نے اچھا وعدہ دیا ہے، اور اللہ نے مجاہدوں کو بیٹھ رہنے والوں پر فضیلت دی ہے

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۹۵﴾ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

اَجْرًا عَظِيْمًا	دَرَجٰتٍ	مِّنْهُ	وَمَغْفِرَةً	وَّرَحْمَةً	وَكَانَ	اللّٰهُ
اجرِ عظیم	درجے	اس کی طرف سے	اور بخشش	اور رحمت	اور ہے	اللہ

اجرِ عظیم (کے اعتبار سے) اس کی طرف سے درجے ہیں، اور بخشش اور رحمت ہے، اور اللہ ہے

۱۳ ع ۵ ۱۰

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۹۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ

غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	تَوَفّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	ظَالِمِيْٓ
بخشنے والا	مہربان	بیشک	وہ لوگ جو	ان کی جان نکالتے ہیں	فرشتے	ظلم کرتے تھے

بخشنے والا، مہربان ۔ بیشک وہ لوگ جن کی فرشتے جان نکالتے ہیں (اس حال میں کہ وہ) ظلم کرتے تھے

اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِى

اَنْفُسِهِمْ	قَالُوْا	فِيْمَ	كُنْتُمْ	قَالُوْا كُنَّا	مُسْتَضْعَفِيْنَ	فِى
اپنی جانیں	وہ کہتے ہیں	کس (حال) میں	تم تھے	وہ کہتے ہیں ہم تھے	بے بس	میں

اپنی جانوں پر، وہ (فرشتے) کہتے ہیں تم کس حال میں تھے ؟ وہ کہتے ہیں کہ ہم بے بس تھے

الْاَرْضِ ؕ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ

الْاَرْضِ	قَالُوْا	اَلَمْ تَكُنْ	اَرْضُ	اللّٰهِ	وَاسِعَةً	فَتُهَاجِرُوْا	فِيْهَا
زمین (ملک)	وہ کہتے ہیں	کیا نہ تھی	زمین	اللہ	وسیع	پس تم ہجرت کر جاتے	اس میں

اس ملک میں، (فرشتے) کہتے ہیں کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی ؟ پس تم اس میں ہجرت کر جاتے

فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۹۷﴾ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ

فَاُولٰٓئِكَ	مَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَسَآءَتْ	مَصِيْرًا	اِلَّا	الْمُسْتَضْعَفِيْنَ
سو یہ لوگ	ان کا ٹھکانہ	جہنم	اور برا ہے	پہنچنے کی جگہ	مگر	بے بس

سو یہی لوگ ہیں ان کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ پہنچنے (پلٹنے) کی بری جگہ ہے ۔ مگر جو بے بس ہیں

مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا

مِنَ	الرِّجَالِ	وَالنِّسَآءِ	وَالْوِلْدَانِ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	حِيْلَةً	وَّلَا
سے	مرد (جمع)	اور عورتیں	اور بچے	نہیں کر سکتے	کوئی تدبیر	اور نہ

مرد، اور عورتیں، اور بچے کہ کوئی تدبیر نہیں کر سکتے، اور نہ

يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۹۸﴾ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ

يَهْتَدُوْنَ	سَبِيْلًا	فَاُولٰٓئِكَ	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ يَّعْفُوَ	عَنْهُمْ
پاتے ہیں	کوئی راستہ	سو ایسے لوگ ہیں	امید ہے	اللہ	کہ معاف فرمائے	ان سے (ان کو)

کوئی راستہ پاتے ہیں، سو امید ہے کہ ایسے لوگوں کو اللہ معاف فرمائے

وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۹۹﴾ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ

وَكَانَ	اللّٰهُ	عَفُوًّا	غَفُوْرًا	وَمَنْ	يُّهَاجِرْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	يَجِدْ
اور ہے	اللہ	معاف کرنیوالا	بخشنے والا	اور جو	ہجرت کرے	میں	اللہ کا راستہ	وہ پائے گا

اور اللہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔ اور جو اللہ کے راستہ میں ہجرت کرے وہ پائے گا

فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا

فِي	الْاَرْضِ	مُرٰغَمًا كَثِيْرًا	وَسَعَةً	وَمَنْ	يَّخْرُجْ	مِنْ	بَيْتِهٖ	مُهَاجِرًا
میں	زمین	بہت (وافر) جگہ	اور کشادگی	اور جو	نکلے	سے	اپنا گھر	ہجرت کرکے

زمین میں بہت (وافر) جگہ اور کشادگی، اور جو اپنے گھر سے ہجرت کر کے نکلے

اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ

اِلَى اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	ثُمَّ	يُدْرِكْهُ	الْمَوْتُ	فَقَدْ وَقَعَ	اَجْرُهٗ	عَلَى اللّٰهِ
اللہ کی طرف	اور اس کا رسول	پھر	آپکڑے اس کو	موت	تو ثابت ہوگیا	اس کا اجر	اللہ پر

اللہ اور اس کے رسول کی طرف، پھر اس کو موت آپکڑے، تو اس کا اجر اللہ پر ثابت ہوگیا

۱۴ ع ۱۱

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۰﴾ ع وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ

وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	وَاِذَا	ضَرَبْتُمْ	فِي الْاَرْضِ	فَلَيْسَ
اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان	اور جب	تم سفر کرو	ملک میں	پس نہیں

اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور جب تم ملک میں سفر کرو، پس نہیں

عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ

عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	اَنْ	تَقْصُرُوْا	مِنَ	الصَّلٰوةِ	اِنْ	خِفْتُمْ	اَنْ	يَّفْتِنَكُمُ
تم پر	کوئی گناہ	کہ	قصر کرو	سے	نماز	اگر	تم کو ڈر ہو	کہ	تمہیں ستائیں گے

تم پر کوئی گناہ کہ تم نماز قصر کرو (کم کرلو) اگر تم کو ڈر ہو کہ تمہیں ستائیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۱۰۱﴾ وَاِذَا

الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	اِنَّ	الْكٰفِرِيْنَ	كَانُوْا	لَكُمْ	عَدُوًّا مُّبِيْنًا	وَاِذَا
وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	بیشک	کافر (جمع)	ہیں	تمہارے	دشمن کھلے	اور جب

کافر، بیشک کافر تمہارے کھلے دشمن ہیں۔ اور جب

كُنْتَ فِيهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ

كُنْتَ	فِيهِمْ	فَاَقَمْتَ	لَهُمُ	الصَّلٰوةَ	فَلْتَقُمْ	طَآئِفَةٌ	مِّنْهُمْ	مَّعَكَ
آپ ہوں	اُن میں	پھر قائم کریں	انکے لئے	نماز	تو چاہیئے کہ کھڑی ہو	ایک جماعت	ان میں سے	آپؐ کے ساتھ

آپؐ ان میں موجود ہوں، پھر اُن کے لئے نماز قائم کریں (نماز پڑھانے لگیں) تو چاہیئے کہ ان میں سے ایک جماعت آپکے ساتھ کھڑی ہو،

وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ ۭ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ ۠ وَلْتَاْتِ

وَلْيَاْخُذُوْٓا	اَسْلِحَتَهُمْ	فَاِذَا	سَجَدُوْا	فَلْيَكُوْنُوْا	مِنْ وَّرَآئِكُمْ	وَلْتَاْتِ
اور چاہیئے کہ وہ لے لیں	اپنے ہتھیار	پھر جب	وہ سجدہ کر لیں	تو ہو جائیں	تمہارے پیچھے	اور چاہیئے کہ آئے

اور چاہیئے کہ وہ اپنے ہتھیار لے لیں، پھر جب وہ سجدہ کر لیں تو وہ تمہارے پیچھے ہو جائیں، اور (اب) آئے

طَآئِفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ

طَآئِفَةٌ	اُخْرٰى	لَمْ يُصَلُّوْا	فَلْيُصَلُّوْا	مَعَكَ	وَلْيَاْخُذُوْا	حِذْرَهُمْ
جماعت	دوسری	نماز نہیں پڑھی	پس وہ نماز پڑھیں	آپؐ کے ساتھ	اور چاہیئے کہ لیں	اپنا بچاؤ

دوسری جماعت (جس نے) نماز نہیں پڑھی، پس وہ آپؐ کے ساتھ نماز پڑھیں، اور چاہیئے کہ وہ لئے رہیں اپنا بچاؤ

وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَ

وَاَسْلِحَتَهُمْ	وَدَّ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	لَوْ تَغْفُلُوْنَ	عَنْ	اَسْلِحَتِكُمْ	وَ
اور اپنا اسلحہ	چاہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کہیں تم غافل ہو	سے	اپنے ہتھیار (جمع)	اور

اور اپنا اسلحہ، کافر چاہتے ہیں کہ کہیں تم اپنے ہتھیاروں سے غافل ہو، اور

اَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

اَمْتِعَتِكُمْ	فَيَمِيْلُوْنَ	عَلَيْكُمْ	مَّيْلَةً	وَّاحِدَةً	وَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ
اپنے سامان	تو وہ جھک پڑیں (حملہ کریں)	تم پر	جھکنا	ایک بار (یکبارگی)	اور نہیں	گناہ	تم پر

اپنے سامان سے، تو تم پر یکبارگی جھک پڑیں (حملہ کر دیں)، اور تم پر گناہ نہیں

اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ

اِنْ	كَانَ	بِكُمْ	اَذًى	مِنْ مَّطَرٍ	اَوْ كُنْتُمْ	مَّرْضٰٓى	اَنْ تَضَعُوْا	اَسْلِحَتَكُمْ
اگر	ہو	تمہیں	تکلیف	بارش سے	یا تم ہو	بیمار	کہ اُتار رکھو	اپنا اسلحہ

اگر تمہیں بارش کے سبب تکلیف ہو یا تم بیمار ہو کہ اپنا اسلحہ اُتار رکھو

وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝۱۰۲ فَاِذَا

وَخُذُوْا	حِذْرَكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	اَعَدَّ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابًا	مُّهِيْنًا	فَاِذَا
اور لے لو	اپنا بچاؤ	بیشک	اللہ	تیار کیا	کافروں کے لئے	عذاب	ذلت والا	پھر جب

اور اپنا بچاؤ لے لو، بیشک اللہ نے کافروں کیلئے ذلت والا عذاب تیار کر رکھا ہے - پھر جب

قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰي جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا

قَضَيْتُمُ	الصَّلٰوةَ	فَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	قِيٰمًا	وَّقُعُوْدًا	وَّعَلٰي	جُنُوْبِكُمْ	فَاِذَا
تم ادا کر چکو	نماز	تو یاد کرو	اللہ	کھڑے	اور بیٹھے	اور پر	اپنی کروٹیں	پھر جب

تم نماز ادا کر چکو تو اللہ کو یاد کرو کھڑے اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر لیٹے ہوئے، پھر جب

اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ

اطْمَاْنَنْتُمْ	فَاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	اِنَّ	الصَّلٰوةَ	كَانَتْ	عَلَي	الْمُؤْمِنِيْنَ
تم مطمئن ہو جاؤ	تو قائم کرو	نماز	بیشک	نماز	ہے	پر	مومن (جمع)

تم مطمئن (خاطر جمع) ہو جاؤ تو (حسب دستور) نماز قائم کرو، بیشک نماز مومنوں پر (بقیدِ وقت)

كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ۝۱۰۳ وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَاۗءِ الْقَوْمِ ۭ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ

كِتٰبًا	مَّوْقُوْتًا	وَلَا تَهِنُوْا	فِي	ابْتِغَاۗءِ	الْقَوْمِ	اِنْ	تَكُوْنُوْا + تَاْلَمُوْنَ
فرض	(مقررہ) اوقات میں	اور ہمت نہ ہارو	میں	پیچھا کرنے	قوم (کفار)	اگر	تمہیں دکھ پہنچتا ہے

مقررہ اوقات میں فرض ہے- اور کفار کا پیچھا (تعاقب) کرنے میں ہمت نہ ہارو، اگر تمہیں دکھ پہنچتا ہے،

فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ۭ

فَاِنَّهُمْ	يَاْلَمُوْنَ	كَمَا تَاْلَمُوْنَ	وَتَرْجُوْنَ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا لَا	يَرْجُوْنَ
تو بیشک انہیں	دکھ پہنچتا ہے	جیسے تمہیں دکھ پہنچتا ہے	اور تم امید رکھتے ہو	سے	اللہ	جو نہیں	وہ امید رکھتے

تو بیشک انہیں (بھی) دکھ پہنچتا ہے جیسے تمہیں دکھ پہنچتا ہے، اور تم اللہ سے امید رکھتے ہو جو وہ امید نہیں رکھتے،

۱۵ ع ۴ ۱۲

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۱۰۴ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ

وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا	حَكِيْمًا	اِنَّا	اَنْزَلْنَا	اِلَيْكَ	الْكِتٰبَ
اور ہے	اللہ	جاننے والا	حکمت والا	بیشک ہم	ہم نے نازل کیا	آپؐ کی طرف	کتاب

اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے- بیشک، ہم نے آپؐ کی طرف کتاب نازل کی

بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ

بِالْحَقِّ	لِتَحْكُمَ	بَيْنَ	النَّاسِ	بِمَآ اَرٰىكَ	اللّٰهُ	وَلَا	تَكُنْ
حق کے ساتھ (سچی)	تاکہ آپ فیصلہ کریں	درمیان	لوگ	جو دکھائے آپ کو	اللہ	اور نہ	ہوں

سچی تاکہ آپ لوگوں کے درمیان فیصلہ کر دیں جو آپ کو اللہ دکھا دے (سوجھا دے) اور آپ نہ ہوں

لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ۝١٠٥ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا

لِلْخَآئِنِيْنَ	خَصِيْمًا	وَاسْتَغْفِرِ	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	غَفُوْرًا
خیانت کرنیوالے (دغاباز) کے لئے	جھگڑنے والا (طرفدار)	اور بخشش مانگیں	اللہ	بیشک	اللہ	ہے	بخشنے والا

دغابازوں کے طرفدار، اور اللہ سے بخشش مانگیں، بیشک اللہ ہے بخشنے والا

رَّحِيْمًا ۝١٠٦ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ

رَحِيْمًا	وَلَا تُجَادِلْ	عَنِ	الَّذِيْنَ	يَخْتَانُوْنَ	اَنْفُسَهُمْ	اِنَّ
مہربان	اور نہ جھگڑیں	سے	جو لوگ	خیانت کرتے ہیں	اپنے تئیں	بیشک

مہربان۔ آپ اُن لوگوں کی طرف سے نہ جھگڑیں جو اپنے تئیں خیانت کرتے ہیں، بیشک

اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ۝١٠٧ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ

اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	مَنْ كَانَ	خَوَّانًا	اَثِيْمًا	يَّسْتَخْفُوْنَ	مِنَ	النَّاسِ
اللہ	دوست نہیں رکھتا	جو ہو	خائن (دغاباز)	گنہگار	وہ چھپتے (شرماتے) ہیں	سے	لوگ

اللہ اسے دوست نہیں رکھتا جو خائن (دغاباز) گنہگار ہو۔ وہ لوگوں سے چھپتے (شرماتے) ہیں

وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا

وَلَا	يَسْتَخْفُوْنَ	مِنَ	اللّٰهِ	وَهُوَ	مَعَهُمْ	اِذْ يُبَيِّتُوْنَ	مَا لَا
اور نہیں	چھپتے (شرماتے)	سے	اللہ	حالانکہ وہ	ان کے ساتھ	جب راتوں کو مشورہ کرتے ہیں وہ	جو نہیں

اور اللہ سے نہیں چھپتے (شرماتے)، حالانکہ وہ ان کے ساتھ ہے جبکہ وہ راتوں کو مشورہ کرتے ہیں جو

يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ۝١٠٨ هٰٓاَنْتُمْ

يَرْضٰى	مِنَ	الْقَوْلِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطًا	هٰٓاَنْتُمْ
پسند کرتا	سے	بات	اور ہے	اللہ	اسے جو	وہ کرتے ہیں	احاطہ کئے (گھیرے) ہوئے	ہاں تم

بات (اللہ کو) پسند نہیں، اور جو وہ کرتے ہیں اللہ اسے احاطہ کئے (گھیرے ہوئے) ہے۔ ہاں (سنو) تم

هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا قف فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ

هٰٓؤُلَآءِ	جٰدَلْتُمْ	عَنْهُمْ	فِي	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	فَمَنْ	يُّجَادِلُ	اللّٰهَ
وہ	تم نے جھگڑا کیا	ان سے	میں	دنیوی زندگی	سو۔کون	جھگڑے گا	اللہ

وہ لوگ ہو تم نے ان (کی طرف) سے دنیوی زندگی میں جھگڑا کیا، سو کون اللہ سے جھگڑے گا؟

عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۱۰۹﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ

عَنْهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اَمْ	مَنْ	يَّكُوْنُ	عَلَيْهِمْ	وَكِيْلًا	وَمَنْ	يَّعْمَلْ
ان (کی طرف) سے	روزِ قیامت	یا	کون؟	ہوگا	ان پر (اُن کا)	وکیل	اور جو	کام کرے

روزِ قیامت اُن کی طرف سے، یا کون اُن کا وکیل ہوگا؟ اور جو کوئی کرے

سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾

سُوْٓءًا	اَوْ يَظْلِمْ	نَفْسَهٗ	ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ	اللّٰهَ	يَجِدِ	اللّٰهَ	غَفُوْرًا	رَحِيْمًا
بُرا کام	یا ظلم کرے	اپنی جان	پھر بخشش چاہے	اللہ	وہ پائے گا	اللہ	بخشنے والا	مہربان

بُرا کام یا اپنی جان پر ظلم کرے، پھر اللہ سے بخشش چاہے تو وہ اللہ کو بخشنے والا مہربان پائے گا۔

وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

وَمَنْ	يَّكْسِبْ	اِثْمًا	فَاِنَّمَا	يَكْسِبُهٗ	عَلٰى نَفْسِهٖ	وَكَانَ	اللّٰهُ
اور جو	کمائے	گناہ	تو فقط	وہ کماتا ہے	اپنی جان پر	اور ہے	اللہ

اور جو کوئی گناہ کمائے تو وہ فقط اپنی جان پر (اپنے حق میں) کماتا ہے۔ اور اللہ ہے

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ

عَلِيْمًا	حَكِيْمًا	وَمَنْ	يَّكْسِبْ	خَطِيْٓئَةً	اَوْ اِثْمًا	ثُمَّ	يَرْمِ بِهٖ
جاننے والا	حکمت والا	اور جو	کمائے	خطا	یا گناہ	پھر	اس کی تہمت لگادے

جاننے والا، حکمت والا۔ اور جو کوئی خطا یا گناہ کمائے، پھر اس کی تہمت لگا دے

بَرِيْٓـًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۲﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ

بَرِيْٓـًٔا	فَقَدِ احْتَمَلَ	بُهْتَانًا	وَّاِثْمًا	مُّبِيْنًا	وَلَوْ	لَا	فَضْلُ اللّٰهِ
کسی بے گناہ	تو اس نے لادا	بھاری بہتان	اور گناہ	صریح (کھلا)	اور اگر	نہ	اللہ کا فضل

کسی بے گناہ پر، تو اس نے بھاری بہتان اور صریح (کھلا) گناہ لادا۔ اور اگر اللہ کا فضل

ع ۱۶ ۸ ۱۳

عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ

عَلَيْكَ	وَرَحْمَتُهٗ	لَهَمَّتْ	طَّآئِفَةٌ	مِّنْهُمْ	اَنْ يُّضِلُّوْكَ	وَمَا	يُضِلُّوْنَ
آپ پر	اور اس کی رحمت	تو قصد کیا ہی تھا	ایک جماعت	ان میں سے	کہ آپ کو بہکا دیں	اور نہیں	بہکا رہے ہیں

اور اس کی رحمت آپ پر نہ ہوتی تو اُن کی ایک جماعت نے قصد کر ہی لیا تھا کہ آپکو بہکا دیں، اور وہ نہیں بہکا رہے ہیں

اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ

اِلَّآ	اَنْفُسَهُمْ	وَمَا يَضُرُّوْنَكَ	مِنْ شَيْءٍ	وَاَنْزَلَ	اللّٰهُ	عَلَيْكَ
مگر	اپنے آپ	اور نہیں بگاڑ سکتے آپ کا	کچھ بھی	اور نازل کی	اللہ	آپ پر

مگر اپنے آپ کو ، اور آپ کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے ، اور اللہ نے آپ پر نازل کی

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ

الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَعَلَّمَكَ	مَا	لَمْ تَكُنْ	تَعْلَمُ	وَكَانَ	فَضْلُ
کتاب	اور حکمت	اور آپ کو سکھایا	جو	نہیں تھے	تم جانتے	اور ہے	فضل

کتاب اور حکمت ، اور آپ کو سکھایا جو آپ نہ جانتے تھے ، اور ہے

اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ

اللّٰهِ	عَلَيْكَ	عَظِيْمًا	لَا خَيْرَ	فِيْ	كَثِيْرٍ	مِّنْ	نَّجْوٰىهُمْ	اِلَّا	مَنْ اَمَرَ
اللہ	آپ پر	بڑا	نہیں کوئی بھلائی	میں	اکثر	سے	اُنکے مشورے	مگر	حکم دے

آپ پر اللہ کا بڑا فضل۔ ان کے اکثر مشوروں (سرگوشیوں) میں کوئی بھلائی نہیں، مگر یہ کہ، جو حکم دے

بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ

بِصَدَقَةٍ	اَوْ	مَعْرُوْفٍ	اَوْ اِصْلَاحٍ	بَيْنَ النَّاسِ	وَمَنْ	يَّفْعَلْ
خیرات کا	یا	اچھی بات کا	یا اصلاح کرانا	لوگوں کے درمیان	اور جو	کرے

خیرات کا یا اچھی بات کا ، یا لوگوں کے درمیان اصلاح کرانے کا ، اور جو یہ کرے

ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾

ذٰلِكَ	ابْتِغَآءَ	مَرْضَاتِ اللّٰهِ	فَسَوْفَ	نُؤْتِيْهِ	اَجْرًا	عَظِيْمًا
یہ	حاصل کرنا	اللہ کی رضا	سو عنقریب	ہم اسے دیں گے	ثواب	بڑا

اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے، سو ہم عنقریب اُسے بڑا ثواب دیں گے۔

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَ

وَمَنْ	يُّشَاقِقِ	الرَّسُوْلَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	تَبَيَّنَ	لَهُ	الْهُدٰى	وَ
اور جو	مخالفت کرے	رسول	اس کے بعد	جب	ظاہر ہو چکی	اسکے لئے	ہدایت	اور

اور جو کوئی اس کے بعد رسولؐ کی مخالفت کرے جب کہ اس پر ہدایت ظاہر ہو چکی، اور

نَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَ

يَتَّبِعْ	غَيْرَ	سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ	نُوَلِّهٖ	مَا تَوَلّٰى	وَنُصْلِهٖ	جَهَنَّمَ	وَ
چلے	خلاف	مومنوں کا راستہ	ہم حوالہ کر دیں گے	جو اس نے اختیار کیا	اور ہم اسے داخل کریں گے	جہنم	اور

سب مومنوں کے راستہ کے خلاف چلے ہم اس کے حوالہ کر دیں گے۔ جو اس نے اختیار کیا اور ہم اسے جہنم میں داخل کریں گے، اور

۱۷ ع ۱۴

سَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا

سَآءَتْ	مَصِيْرًا	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَغْفِرُ	اَنْ يُّشْرَكَ	بِهٖ	وَيَغْفِرُ	مَا
بُری جگہ	پہنچنے (پلٹنے) کی جگہ	بیشک اللہ	نہیں بخشتا	کہ شریک ٹھہرایا جائے	اس کا	اور بخشے گا	جو

یہ پلٹنے کی بُری جگہ ہے۔ بیشک اللہ اس کو نہیں بخشتا کہ اس کا شریک ٹھہرایا جائے، اور وہ بخشدے گا

دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا

دُوْنَ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	يَشَآءُ	وَمَنْ	يُّشْرِكْ	بِاللّٰهِ	فَقَدْ ضَلَّ	ضَلٰلًا
سوا	اس	جس کو	وہ چاہے	اور جس	شریک ٹھہرایا	اللہ کا	سو گمراہ ہوا	گمراہی

اس کے سوا جس کو چاہے، اور جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا، سو وہ گمراہ ہوا، گمراہی

بَعِيْدًا ﴿۱۱۶﴾ اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا

بَعِيْدًا	اِنْ يَّدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	اِلَّاۤ اِنٰثًا	وَاِنْ	يَّدْعُوْنَ	اِلَّا
دُور	وہ نہیں پکارتے	اس کے سوا	مگر عورتیں	اور نہیں	پکارتے ہیں	مگر

میں بہت دور کی۔ وہ اس (اللہ) کے سوا نہیں پکارتے (پرستش کرتے) مگر عورتوں کو، اور نہیں پکارتے مگر

شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ﴿۱۱۷﴾ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا

شَيْطٰنًا	مَّرِيْدًا	لَعَنَهُ اللّٰهُ	وَقَالَ	لَاَتَّخِذَنَّ	مِنْ	عِبَادِكَ	نَصِيْبًا
شیطان	سرکش	اللہ نے اس پر لعنت کی	اور اس نے کہا	میں ضرور لوں گا	سے	تیرے بندے	حصہ

سرکش شیطان کو، اللہ نے اس پر لعنت کی۔ اس (شیطان) نے کہا میں تیرے بندوں سے اپنا حصہ ضرور لوں گا،

مَّفْرُوْضًا ﴿۱۱۸﴾ وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ

مَّفْرُوْضًا	وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ	وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ	وَلَاٰمُرَنَّهُمْ	فَلَيُبَتِّكُنَّ
مقررہ	اور انہیں ضرور بہکاؤں گا	اور انہیں ضرور امیدیں دلاؤں گا	اور انہیں سکھاؤں گا	تو وہ ضرور چیریں گے

مقررہ۔ اور میں انہیں ضرور بہکاؤں گا، ضرور امیدیں دلاؤں گا، اور انہیں سکھاؤں گا، تو وہ ضرور چیریں گے

اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَّخِذِ

اٰذَانَ	الْاَنْعَامِ	وَلَاٰمُرَنَّهُمْ	فَلَيُغَيِّرُنَّ	خَلْقَ اللّٰهِ	وَمَنْ	يَّتَّخِذِ
کان	جانور (جمع)	اور انہیں سکھاؤں گا	تو وہ ضرور بدلیں گے	اللہ کی صورتیں	اور جو	پکڑے (بنائے)

(بتوں کی خاطر) جانوروں کے کان، اور میں انہیں سکھاؤں گا تو وہ اللہ کی (بنائی ہوئی) صورتیں بدلیں گے اور جو بنائے

الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۹﴾ ؕ

الشَّيْطٰنَ	وَلِيًّا	مِّنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	فَقَدْ خَسِرَ	خُسْرَانًا	مُّبِيْنًا
شیطان	دوست	سے	اللہ کے سوا	تو وہ پڑا نقصان میں	نقصان	صریح

اللہ کے سوا شیطان کو دوست، تو وہ صریح نقصان میں پڑ گیا۔

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲۰﴾

يَعِدُهُمْ	وَيُمَنِّيْهِمْ	وَمَا يَعِدُهُمُ	الشَّيْطٰنُ	اِلَّا	غُرُوْرًا
وہ ان کو وعدہ دیتا ہے	اور انہیں امید دلاتا ہے	اور انہیں وعدے نہیں دیتا	شیطان	مگر	صرف فریب

وہ ان کو وعدے دیتا ہے اور امیدیں دلاتا ہے اور شیطان انہیں وعدے نہیں دیتا مگر صرف فریب (نرا دھوکا)

اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿۱۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اُولٰٓئِكَ	مَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَلَا يَجِدُوْنَ	عَنْهَا	مَحِيْصًا	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
یہی لوگ	جن کا ٹھکانا	جہنم	اور وہ نہ پائیں گے	اس سے	بھاگنے کی جگہ	اور جو لوگ	ایمان لائے

یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ اس سے بھاگنے کی جگہ نہ پائیں گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	سَنُدْخِلُهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	ہم عنقریب انہیں داخل کریں گے	باغات	بہتی ہیں	سے	ان کے نیچے	نہریں

اور انہوں نے اچھے عمل کئے ہم عنقریب انہیں باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقًّا	وَمَنْ	اَصْدَقُ	مِنَ	اللّٰهِ
ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ ہمیشہ	اللہ کا وعدہ	سچا	اور کون	سچا	سے	اللہ

وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور کون ہے؟ اللہ سے زیادہ سچا

قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾ لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا

قِيْلًا	لَيْسَ	بِاَمَانِيِّكُمْ	وَلَآ	اَمَانِيِّ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	مَنْ يَّعْمَلْ	سُوْٓءًا
بات میں	نہ	تمہاری آرزوؤں پر	اور نہ	آرزوؤں	اہلِ کتاب	جو کرے گا	برائی

بات میں۔ (عذاب و ثواب) نہ تمہاری آرزوؤں پر ہے، اور نہ اہل کتاب کی آرزوؤں پر، جو کوئی برائی کرے گا

يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ

يُّجْزَ بِهٖ	وَلَا يَجِدْ	لَهٗ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَلِيًّا	وَّلَا نَصِيْرًا	وَمَنْ
اسکی سزا پائے گا	اور نہ پائے گا	اپنے لئے	سے	اللہ کے سوا	کوئی دوست	اور نہ مددگار	اور جو

اس کی سزا پائے گا، اور اپنے لئے نہیں پائے گا اللہ کے سوا کوئی دوست اور نہ مددگار۔ اور جو

يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ

يَعْمَلْ	مِنَ	الصّٰلِحٰتِ	مِنْ	ذَكَرٍ	اَوْ اُنْثٰى	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَاُولٰٓئِكَ
کرے گا	سے	اچھے کام	سے	مرد	یا عورت	بشرطیکہ وہ	مومن	تو ایسے لوگ

اچھے کام کرے گا، مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ وہ مومن ہو، تو ایسے لوگ

يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا

يَدْخُلُوْنَ	الْجَنَّةَ	وَلَا	يُظْلَمُوْنَ	نَقِيْرًا	وَمَنْ	اَحْسَنُ	دِيْنًا
داخل ہوں گے	جنت	اور نہ	ان پر ظلم ہوگا	تل برابر	اور کون کس	زیادہ بہتر	دین

جنت میں داخل ہوں گے، اور ان پر تل برابر ظلم نہ ہوگا۔ اور کس کا دین اس سے بہتر؟

مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ

مِمَّنْ	اَسْلَمَ	وَجْهَهٗ	لِلّٰهِ	وَهُوَ	مُحْسِنٌ	وَاتَّبَعَ	مِلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا
سے جس	جھکا دیا	اپنا منہ	اللہ کیلئے	اور وہ	نیکوکار	اور اس نے پیروی کی	دین	ابراہیمؑ	ایک کا ہو کر رہنے والا

جس نے اپنا منہ اللہ کے لئے جھکا دیا اور وہ نیکوکار بھی ہے، اور اس نے ایک کے ہو رہنے والے ابراہیمؑ کے دین کی پیروی کی،

وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

وَاتَّخَذَ	اللّٰهُ	اِبْرٰهِيْمَ	خَلِيْلًا	وَلِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي
اور بنایا	اللہ	ابراہیمؑ	دوست	اور اللہ کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	میں

اور اللہ نے ابراہیمؑ کو دوست بنایا۔ اور اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو

۱۸ ع ۱۱ ۱۵

الْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾ ع وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاۗءِ ۭ

الْاَرْضِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	مُّحِيْطًا	وَيَسْتَفْتُوْنَكَ	فِي النِّسَاۗءِ
زمین	اور ہے	اللہ	ہر	چیز	احاطہ کئے ہوئے	اور وہ آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں	عورتوں کے بارہ میں

زمین میں ہے، اور اللہ ہر چیز کو احاطہ کئے ہوئے ہے۔ آپؐ سے عورتوں کے بارہ میں حکم دریافت کرتے ہیں

قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى

قُلِ	اللّٰهُ	يُفْتِيْكُمْ	فِيْهِنَّ	وَمَا	يُتْلٰى	عَلَيْكُمْ	فِي الْكِتٰبِ	فِيْ	يَتٰمَى
آپ کہدیں	اللہ	تمہیں حکم دیتا ہے	اُن کے بارہ میں	اور جو	سُنایا جاتا ہے	تمہیں	کتاب (قرآن) میں	(بارہ) میں	یتیم

آپؐ کہدیں اللہ تمہیں ان کے بارہ میں حکم (اجازت) دیتا ہے، اور جو تمہیں قرآن مجید میں سُنایا جاتا ہے یتیم

النِّسَاۗءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ

النِّسَاۗءِ	الّٰتِيْ	لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ	مَا كُتِبَ	لَهُنَّ	وَتَرْغَبُوْنَ + اَنْ	تَنْكِحُوْهُنَّ
عورتیں	وہ جنہیں	تم انہیں نہیں دیتے	جو لکھا گیا (مقرر)	انکے لئے	اور نہیں چاہتے ہو کہ	انکو نکاح میں لے لو

عورتوں کے بارہ میں جنہیں تم نہیں دیتے ان کا مقرر کیا ہوا (مہر) اور نہیں چاہتے کہ ان کو نکاح میں لے لو،

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ۭ

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ	مِنَ	الْوِلْدَانِ	وَاَنْ	تَقُوْمُوْا	لِلْيَتٰمٰى	بِالْقِسْطِ
اور بے بس	سے (بارہ) میں	بچے	اور یہ کہ	قائم رہو	یتیموں کے بارہ میں	انصاف پر

اور بے بس بچوں کے بارہ میں، اور یہ کہ تم یتیموں کے بارہ میں انصاف پر قائم رہو،

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ﴿۱۲۷﴾ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ

وَمَا تَفْعَلُوْا	مِنْ خَيْرٍ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِهٖ عَلِيْمًا	وَاِنِ	امْرَاَةٌ	خَافَتْ
اور جو تم کرو گے	کوئی بھلائی	تو بیشک	اللہ	ہے	اس کو جاننے والا	اور اگر	کوئی عورت	ڈرے

اور تم جو بھلائی کرو گے تو بیشک اللہ اس کو جاننے والا ہے۔ اور اگر کوئی عورت ڈرے (اندیشہ کرے)

مِنۢ بَعۡلِهَا نُشُوۡزًا اَوۡ اِعۡرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيۡهِمَاۤ اَنۡ يُّصۡلِحَا

مِنۢ بَعۡلِهَا	نُشُوۡزًا	اَوۡ	اِعۡرَاضًا	فَلَا جُنَاحَ	عَلَيۡهِمَاۤ	اَنۡ يُّصۡلِحَا
اپنے خاوند سے	زیادتی	یا	بے رغبتی	تو نہیں گناہ	ان دونوں پر	کہ وہ صلح کرلیں

اپنے خاوند (کی طرف) سے زیادتی یا بے رغبتی کا، تو ان دونوں پر گناہ نہیں کہ وہ صلح کرلیں

بَيۡنَهُمَا صُلۡحًا ؕ وَالصُّلۡحُ خَيۡرٌ ؕ وَاُحۡضِرَتِ الۡاَنۡفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنۡ

بَيۡنَهُمَا	صُلۡحًا	وَالصُّلۡحُ	خَيۡرٌ	وَاُحۡضِرَتِ	الۡاَنۡفُسُ	الشُّحَّ	وَاِنۡ
آپس میں	صلح	اور صلح	بہتر	اور حاضر کیا گیا (موجود ہے)	طبیعتیں	بخل	اور اگر

آپس میں، اور صلح بہتر ہے، اور طبیعتوں میں بخل حاضر کیا گیا ہے (موجود ہوتا ہی ہے) اور اگر

تُحۡسِنُوۡا وَتَتَّقُوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرًا ﴿۱۲۸﴾ وَلَنۡ

تُحۡسِنُوۡا	وَتَتَّقُوۡا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ	خَبِيۡرًا	وَلَنۡ
تم نیکی کرو	اور پرہیزگاری کرو	تو بیشک	اللہ	ہے	جو تم کرتے ہو	باخبر	اور ہرگز نہ

تم نیکی کرو اور پرہیزگاری اختیار کرو تو بیشک تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ اور ہرگز نہ

تَسۡتَطِيۡعُوۡۤا اَنۡ تَعۡدِلُوۡا بَيۡنَ النِّسَآءِ وَلَوۡ حَرَصۡتُمۡ فَلَا تَمِيۡلُوۡا

تَسۡتَطِيۡعُوۡۤا	اَنۡ	تَعۡدِلُوۡا	بَيۡنَ النِّسَآءِ	وَلَوۡ	حَرَصۡتُمۡ	فَلَا تَمِيۡلُوۡا
کرسکو گے	کہ	برابری رکھو	عورتوں کے درمیان	اگرچہ	بہتیرا چاہو	پس نہ جھک پڑو

کرسکو گے اگرچہ تم بہتیرا چاہو کہ عورتوں کے درمیان برابری رکھو، پس نہ جھک پڑو

كُلَّ الۡمَيۡلِ فَتَذَرُوۡهَا كَالۡمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنۡ تُصۡلِحُوۡا وَتَتَّقُوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ

كُلَّ الۡمَيۡلِ	فَتَذَرُوۡهَا	كَالۡمُعَلَّقَةِ	وَاِنۡ	تُصۡلِحُوۡا	وَتَتَّقُوۡا	فَاِنَّ	اللّٰهَ
بالکل جھک جاتا	کہ ایک کو ڈال رکھو	جیسے لٹکتی ہوئی	اور اگر	اصلاح کرتے رہو	اور پرہیزگاری کرو	تو بیشک	اللہ

بالکل (ایک ہی طرف) کہ ایک کو (آدھ میں) لٹکتی ہوئی ڈال رکھو، اور اگر تم اصلاح کرتے رہو اور پرہیزگاری کرو تو بیشک اللہ

كَانَ غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ﴿۱۲۹﴾ وَاِنۡ يَّتَفَرَّقَا يُغۡنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنۡ

كَانَ	غَفُوۡرًا	رَّحِيۡمًا	وَاِنۡ	يَّتَفَرَّقَا	يُغۡنِ اللّٰهُ	كُلًّا	مِّنۡ
ہے	بخشنے والا	مہربان	اور اگر	دونوں جدا ہوجائیں	اللہ بے نیاز کردے گا	ہر ایک کو	سے

بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور اگر دونوں (میاں بیوی) جدا ہو جائیں تو اللہ ہر ایک کو بے نیاز کردے گا

سَعَتِهٖ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾ وَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

سَعَتِهٖ	وَ كَانَ	اللّٰهُ	وَاسِعًا	حَكِيْمًا	وَ لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ
اپنی کشائش سے	اور ہے	اللہ	کشائش والا	حکمت والا	اور اللہ کے لئے	جو	ہیں آسمانوں

اپنی کشائش سے، اور اللہ کشائش والا حکمت والا ہے - اور اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں میں

وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ لَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ

وَ مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ لَقَدْ وَصَّيْنَا	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	مِنْ
اور جو	زمین میں	اور ہم نے تاکید کر دی ہے	وہ لوگ	جنہیں کتاب دی گئی	سے

اور جو زمین میں ہے، اور ہم نے تاکید کر دی ہے ان لوگوں کو جنہیں کتاب دی گئی

قَبْلِكُمْ وَ اِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

قَبْلِكُمْ	وَ اِيَّاكُمْ	اَنِ اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ اِنْ	تَكْفُرُوْا	فَاِنَّ	لِلّٰهِ	مَا فِي السَّمٰوٰتِ
تم سے پہلے	اور تمہیں	کہ ڈرتے رہو	اللہ	اور اگر	تم کفر کرو گے	تو بیشک	اللہ کیلئے	جو آسمانوں میں

تم سے پہلے، اور تمہیں (بھی)، کہ اللہ سے ڈرتے رہو، اور اگر تم کفر کرو گے تو بیشک اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں میں

وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾ وَ لِلّٰهِ مَا فِي

وَ مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ كَانَ	اللّٰهُ	غَنِيًّا	حَمِيْدًا	وَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي
اور جو	زمین میں	اور ہے	اللہ	بے نیاز	سب خوبیوں والا	اور	اللہ کے لئے	جو	ہیں

اور جو زمین میں ہے، اور اللہ بے نیاز ہے، سب خوبیوں والا ہے - اور اللہ کے لئے ہے جو

السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ

السَّمٰوٰتِ	وَ مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ كَفٰى	بِاللّٰهِ	وَكِيْلًا	اِنْ يَّشَاْ	يُذْهِبْكُمْ
آسمانوں	اور جو	زمین میں	اور کافی	اللہ	کارساز	اگر وہ چاہے	تمہیں لے جائے

آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے، اور کافی ہے اللہ کارساز - اگر (اللہ) چاہے کہ تمہیں لے جائے (فنا کر دے)

اَيُّهَا النَّاسُ وَ يَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾

اَيُّهَا النَّاسُ	وَ يَاْتِ	بِاٰخَرِيْنَ	وَ كَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى ذٰلِكَ	قَدِيْرًا
اے لوگو	اور لے آئے	دوسروں کو	اور ہے	اللہ	اس پر	قادر

اے لوگو! اور دوسروں کو لے آئے (لا بسائے) اور اللہ اس پر قادر ہے -

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ

مَنْ	كَانَ يُرِيْدُ	ثَوَابَ الدُّنْيَا	فَعِنْدَ اللّٰهِ	ثَوَابُ	الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ
جو	چاہتا ہے	دنیا کا ثواب	تو اللہ کے پاس	ثواب	دنیا	اور آخرت

جو کوئی دنیا کا ثواب چاہتا ہے تو اللہ کے پاس دنیا اور آخرت کا ثواب ہے،

۱۹ ع ۸ ۱۶

وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا

وَكَانَ	اللّٰهُ	سَمِيْعًا	بَصِيْرًا	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	كُوْنُوْا
اور ہے	اللہ	سننے والا	دیکھنے والا	اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	ہو جاؤ

اور اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ اے ایمان والو! ہو جاؤ

قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ

قَوّٰمِيْنَ	بِالْقِسْطِ	شُهَدَآءَ لِلّٰهِ	وَلَوْ	عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ	اَوِ	الْوَالِدَيْنِ
قائم رہنے والے	انصاف پر	گواہی دینے والے اللہ کیلئے	اگرچہ	خود تمہارے اوپر (خلاف)	یا	ماں باپ

انصاف پر قائم رہنے والے، اللہ کے لئے گواہی دینے والے، اگرچہ خود تمہارے خلاف، یا ماں باپ،

وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۫ فَلَا

وَ	الْاَقْرَبِيْنَ	اِنْ يَّكُنْ	غَنِيًّا	اَوْ فَقِيْرًا	فَاللّٰهُ	اَوْلٰى	بِهِمَا	فَلَا
اور	قرابت دار	اگر (چاہے) ہو	کوئی مالدار	یا محتاج	پس اللہ	خیرخواہ	اُن کا	سو نہ

اور قرابت داروں (کے خلاف) ہو، چاہے کوئی مالدار ہو یا محتاج (بہرحال) اللہ اُن کا (سب سے بڑھ کر) خیرخواہ ہے، سو

تَتَّبِعُوا الْهَوٰۤى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗۤا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

تَتَّبِعُوا	الْهَوٰى	اَنْ تَعْدِلُوْا	وَاِنْ تَلْوٗا	اَوْ تُعْرِضُوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ
پیروی کرو	خواہش	کہ انصاف کرو	اور اگر تم زبان دباؤ گے	یا پہلوتہی کرو گے	تو بیشک	اللہ

تم خواہش (نفس) کی پیروی نہ کرو انصاف کرنے میں، اور اگر تم (گواہی میں) زبان دباؤ گے یا پہلوتہی کرو گے تو بیشک اللہ

كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

كَانَ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرًا	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ
ہے	جو	تم کرتے ہو	باخبر	اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والو)	ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول

اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ اے ایمان والو! تم ایمان لاؤ اللہ پر، اور اُس کے رسول پر،

وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ط

وَالْكِتٰبِ	الَّذِيْ نَزَّلَ	عَلٰى رَسُوْلِهٖ	وَالْكِتٰبِ	الَّذِيْٓ اَنْزَلَ	مِنْ قَبْلُ
اور کتاب	جو اس نے نازل کی	اپنے رسول پر	اور کتاب	جو اس نے نازل کی	اس سے قبل

اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسولؐ پر نازل کی (قرآن) اور ان کتابوں پر جو اس سے قبل نازل کیں،

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

وَمَنْ	يَّكْفُرْ	بِاللّٰهِ	وَمَلٰٓئِكَتِهٖ	وَكُتُبِهٖ	وَرُسُلِهٖ	وَالْيَوْمِ	الْاٰخِرِ
اور جو	انکار کرے	اللہ کا	اور اس کے فرشتوں	اور اس کی کتابوں	اس کے رسولوں	اور روز	آخرت

اور جو انکار کرے اللہ کا، اور اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں، اس کے رسولوں، اور روزِ آخرت کا،

فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ

فَقَدْ ضَلَّ	ضَلٰلًۢا	بَعِيْدًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	ثُمَّ كَفَرُوْا	ثُمَّ
تو وہ بھٹک گیا	گمراہی	دُور	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	پھر کافر ہوئے وہ	پھر

تو بھٹک گیا دُور کی گمراہی میں۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے، پھر کافر ہوئے، پھر

اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَ

اٰمَنُوْا	ثُمَّ كَفَرُوْا	ثُمَّ	ازْدَادُوْا كُفْرًا	لَّمْ يَكُنِ	اللّٰهُ	لِيَغْفِرَ	لَهُمْ	وَ
ایمان لائے	پھر کافر ہوئے	پھر	بڑھتے رہے کفر میں	نہیں ہے	اللہ	کہ بخشے	انہیں	اور

ایمان لائے، پھر کافر ہوئے، پھر کفر میں بڑھتے رہے، اللہ انہیں ہرگز نہ بخشے گا اور ﴿۱۳۸﴾

لَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا

لَا لِيَهْدِيَهُمْ	سَبِيْلًا	بَشِّرِ	الْمُنٰفِقِيْنَ	بِاَنَّ	لَهُمْ	عَذَابًا اَلِيْمَا
نہ دکھائے گا	راہ	خوشخبری دیں	منافق (جمع)	کہ	ان کے لئے	دردناک عذاب

نہ انہیں (سیدھی) راہ دکھائے گا۔ منافقوں کو خوشخبری دیں کہ ان کے لئے دردناک عذاب ہے

الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ط

الَّذِيْنَ	يَتَّخِذُوْنَ	الْكٰفِرِيْنَ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِ	الْمُؤْمِنِيْنَ
جو لوگ	پکڑتے ہیں (بناتے ہیں)	کافر (جمع)	دوست	سوائے (چھوڑ کر)	مومن (جمع)

جو لوگ مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں،

أَيَبْتَغُونَ عِندَهُمُ الْعِزَّةَ فَإِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا ﴿١٣٩﴾ وَقَدْ

أَيَبْتَغُونَ	عِندَهُمُ	الْعِزَّةَ	فَإِنَّ	الْعِزَّةَ	لِلَّهِ	جَمِيعًا	وَقَدْ
کیا ڈھونڈتے ہیں؟	ان کے پاس	عزت	بیشک	عزت	اللہ کے لئے	ساری	اور تحقیق

کیا وہ ان کے پاس عزت ڈھونڈتے ہیں؟ بیشک ساری عزت اللہ ہی کے لئے ہے۔ اور تحقیق (اللہ)

نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ يُكْفَرُ

نَزَّلَ	عَلَيْكُمْ	فِي الْكِتَابِ	أَنْ	إِذَا سَمِعْتُمْ	آيَاتِ اللَّهِ	يُكْفَرُ
اُتار چکا	تم پر	کتاب میں	یہ کہ	جب تم سنو	اللہ کی آیتیں	انکار کیا جاتا ہے

کتاب (قرآن) میں تم پر (یہ حکم) اتار چکا ہے کہ جب تم سنو کہ اللہ کی آیتوں کا انکار کیا جاتا ہے

بِهَا وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا مَعَهُمْ حَتَّىٰ يَخُوضُوا فِي

بِهَا	وَيُسْتَهْزَأُ	بِهَا	فَلَا تَقْعُدُوا	مَعَهُمْ	حَتَّىٰ	يَخُوضُوا	فِي
اس کا	مذاق اُڑایا جاتا ہے	اس کا	تو نہ بیٹھو	ان کے ساتھ	یہاں تک کہ	وہ مشغول ہوں	میں

اور اُن کا مذاق اُڑایا جاتا ہے تو اُن کے ساتھ نہ بیٹھو یہاں تک کہ وہ مشغول ہوں

حَدِيثٍ غَيْرِهِ ۚ إِنَّكُمْ إِذًا مِّثْلُهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ جَامِعُ

حَدِيثٍ	غَيْرِهِ	إِنَّكُمْ	إِذًا	مِّثْلُهُمْ	إِنَّ	اللَّهَ	جَامِعُ
بات	اس کے سوا	یقیناً تم	اس صورت میں	ان جیسے	بیشک	اللہ	جمع کرنے والا

اس کے سوا (کسی اور) بات میں، یقیناً اس صورت میں تم اُن جیسے ہو گے، بیشک اللہ جمع کرنے والا ہے

الْمُنَافِقِينَ وَالْكَافِرِينَ فِي جَهَنَّمَ جَمِيعًا ﴿١٤٠﴾ الَّذِينَ يَتَرَبَّصُونَ

الْمُنَافِقِينَ	وَالْكَافِرِينَ	فِي جَهَنَّمَ	جَمِيعًا	الَّذِينَ	يَتَرَبَّصُونَ
منافق (جمع)	اور کافر (جمع)	جہنم میں	تمام	جو لوگ	تکتے رہتے ہیں

تمام منافقوں اور کافروں کو جہنم میں (ایک جگہ) - جو لوگ تکتے (انتظار کرتے) رہتے ہیں

بِكُمْ ۚ فَإِن كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللَّهِ قَالُوا أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ ۖ وَإِنْ

بِكُمْ	فَإِن كَانَ	لَكُمْ	فَتْحٌ	مِنَ اللَّهِ	قَالُوا	أَلَمْ نَكُن	مَّعَكُمْ	وَإِنْ
تمہیں	پھر اگر ہو	تم کو	فتح	اللہ (کی طرف) سے	کہتے ہیں	کیا ہم نہ تھے؟	تمہارے ساتھ	اور اگر

تمہارا، پھر اگر تم کو اللہ کی طرف سے فتح ہو تو کہتے ہیں کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ اور اگر

كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ

كَانَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	نَصِيْبٌ	قَالُوْا	اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ	عَلَيْكُمْ	وَنَمْنَعْكُمْ
ہو	کافروں کے لئے	حصہ	کہتے ہیں	کیا ہم غالب نہیں آئے تھے	تم پر	اور ہم نے منع کیا تھا (بچایا تھا) تمہیں

کافروں کے لئے حصہ ہو (فتح ہو) تو کہتے ہیں کیا ہم تم پر غالب نہیں آئے تھے؟ اور ہم نے تمہیں بچایا تھا

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلَنْ يَّجْعَلَ

مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	فَاللّٰهُ	يَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَلَنْ يَّجْعَلَ
سے	مسلمان (جمع)	سو اللہ	فیصلہ کرے	تمہارے درمیان	قیامت کے دن	اور ہرگز نہ دے گا

مسلمانوں سے۔ سو اللہ قیامت کے دن تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا، اور ہرگز نہ دے گا

ع ۲۰ ۷ ۱۷

اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿۱۴۱﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ

اللّٰهُ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ	سَبِيْلًا	اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ	يُخٰدِعُوْنَ
اللہ	کافروں کو	مسلمانوں پر	راہ	بیشک منافق	دھوکہ دیتے ہیں

اللہ کافروں کو مسلمانوں پر راہ (غلبہ) - بیشک منافق دھوکہ دیتے ہیں

اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ

اللّٰهَ	وَهُوَ	خَادِعُهُمْ	وَاِذَا	قَامُوْٓا	اِلَى	الصَّلٰوةِ	قَامُوْا كُسَالٰى	يُرَآءُوْنَ
اللہ	اور وہ	انہیں دھوکہ دے گا	اور جب	کھڑے ہوں	طرف (کو)	نماز	کھڑے ہوں سستی سے	وہ دکھاتے ہیں

اللہ کو، اور وہ اُن کو دھوکہ (کا جواب) دے گا، اور جب وہ نماز کو کھڑے ہوں تو سستی سے کھڑے ہوں، وہ دکھاتے ہیں

صلے

النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۴۲﴾ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ

النَّاسَ	وَلَا	يَذْكُرُوْنَ	اللّٰهَ	اِلَّا قَلِيْلًا	مُّذَبْذَبِيْنَ	بَيْنَ	ذٰلِكَ
لوگ	اور نہیں	یاد کرتے	اللہ	مگر بہت کم	اُدھر میں لٹکے ہوئے	درمیان	اس

لوگوں کو، اور اللہ کو یاد نہیں کرتے مگر بہت کم - اِس کے درمیان اُدھر میں لٹکے ہوئے ہیں

لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ

لَآ	اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ	وَلَآ	اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ اللّٰهُ	فَلَنْ تَجِدَ	لَهٗ
نہ	اِن کی طرف	اور نہ	اُن کی طرف	اور جو۔ جس	گمراہ کرے اللہ	تو ہرگز نہ پائے گا	اس کے لئے

نہ اِن کی طرف، نہ اُن کی طرف، اور جس کو اللہ گمراہ کرے تو ہرگز اس کے لئے نہ پائے گا

سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ

سَبِيْلًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوا	الْكٰفِرِيْنَ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِ
کوئی راہ	اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	نہ پکڑو (نہ بناؤ)	کافر (جمع)	دوست	سوائے

کوئی راہ۔ اے ایمان والو! کافروں کو دوست نہ بناؤ، سوائے

الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾ اِنَّ

الْمُؤْمِنِيْنَ	اَتُرِيْدُوْنَ	اَنْ تَجْعَلُوْا	لِلّٰهِ	عَلَيْكُمْ	سُلْطٰنًا	مُّبِيْنًا	اِنَّ
مسلمان (جمع)	کیا تم چاہتے ہو	کہ تم کرو (لو)	اللہ کا	تم پر (اپنے اوپر)	الزام	صریح	بیشک

مسلمانوں کے، کیا تم چاہتے ہو کہ تم اپنے اوپر اللہ کا صریح الزام لو؟ بیشک

الْمُنٰفِقِيْنَ فِى الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾

الْمُنٰفِقِيْنَ	فِى	الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ	مِنَ	النَّارِ	وَلَنْ تَجِدَ	لَهُمْ	نَصِيْرًا
منافق (جمع)	میں	سب سے نیچے کا درجہ	سے	دوزخ	اور ہرگز نہ پائے گا	ان کے لئے	کوئی مددگار

منافق دوزخ کے سب سے نچلے درجہ میں ہوں گے، اور تو ہرگز ان کا کوئی مددگار نہ پائے گا۔

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ

اِلَّا	الَّذِيْنَ تَابُوْا	وَاَصْلَحُوْا	وَاعْتَصَمُوْا	بِاللّٰهِ	وَاَخْلَصُوْا	دِيْنَهُمْ	لِلّٰهِ
مگر	جنہوں نے توبہ کی	اور اصلاح کی	اور مضبوطی سے پکڑا	اللہ کو	اور خالص کر لیا	اپنا دین	اللہ کے لئے

مگر جن لوگوں نے توبہ کی اور (اپنی) اصلاح کر لی اور مضبوطی سے اللہ (کی رسی) کو پکڑ لیا اور اپنا دین اللہ کے لئے خالص کر لیا

فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾

فَاُولٰٓئِكَ	مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ	وَسَوْفَ	يُؤْتِ اللّٰهُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اَجْرًا عَظِيْمًا
تو ایسے لوگ	مؤمنوں کے ساتھ	اور جلد	دے گا اللہ	مومن (جمع)	بڑا ثواب

تو ایسے لوگ مومنوں کے ساتھ ہوں گے، اور اللہ جلد مومنوں کو بڑا ثواب دے گا۔

مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾

مَا يَفْعَلُ	اللّٰهُ	بِعَذَابِكُمْ	اِنْ شَكَرْتُمْ	وَاٰمَنْتُمْ	وَكَانَ	اللّٰهُ	شَاكِرًا	عَلِيْمًا
کیا کرے گا	اللہ	تمہارے عذاب سے	اگر تم شکر کرو گے	اور ایمان لاؤ گے	اور ہے	اللہ	قدردان	خوب جاننے والا

اگر تم شکر کرو گے اور ایمان لاؤ گے تو اللہ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا؟ اور اللہ قدردان، خوب جاننے والا ہے۔

الجزء ٦

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ

لَا يُحِبُّ	اللّٰهُ	الْجَهْرَ	بِالسُّوْٓءِ	مِنَ الْقَوْلِ	اِلَّا	مَنْ	ظُلِمَ
پسند نہیں کرتا	اللہ	ظاہر کرنا	بُری	بات	مگر	جو۔جس	ظلم ہوا ہو

اللہ (کسی کی) بری بات کا ظاہر کرنا پسند نہیں کرتا ، مگر جس پر ظلم ہوا ہو

وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿١٤٨﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا

وَكَانَ	اللّٰهُ	سَمِيْعًا	عَلِيْمًا	اِنْ تُبْدُوْا	خَيْرًا	اَوْ تُخْفُوْهُ	اَوْ تَعْفُوْا
اور ہے	اللہ	سُننے والا	جاننے والا	اگر تم کھلم کھلا کرو	کوئی بھلائی	یا اسے چھپاؤ	یا معاف کر دو

اور اللہ سُننے والا جاننے والا ہے۔ اگر تم کوئی بھلائی کھلم کھلا کرو ، یا اسے چھپاؤ یا معاف کر دو

عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿١٤٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ

عَنْ	سُوْٓءٍ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَفُوًّا	قَدِيْرًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَكْفُرُوْنَ
سے	بُرائی	تو بیشک	اللہ	ہے	معاف کرنیوالا	قدرت والا	بیشک	جو لوگ	انکار کرتے ہیں

کوئی بُرائی تو بیشک اللہ معاف کرنے والا ، قدرت والا ہے ۔ بے شک جو لوگ انکار کرتے ہیں

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ

بِاللّٰهِ	وَ	رُسُلِهٖ	وَيُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يُّفَرِّقُوْا	بَيْنَ	اللّٰهِ	وَرُسُلِهٖ	وَيَقُوْلُوْنَ
اللہ کا	اور	اس کے رسولوں	اور چاہتے ہیں	کہ	فرق نکالیں	درمیان	اللہ	اور اسکے رسول	اور کہتے ہیں

اللہ کا ، اور اس کے رسولوں کا ، اور چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان فرق نکالیں اور کہتے ہیں

نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ

نُؤْمِنُ	بِبَعْضٍ	وَّنَكْفُرُ	بِبَعْضٍ	وَّ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يَّتَّخِذُوْا	بَيْنَ ذٰلِكَ
ہم مانتے ہیں	بعض کو	اور نہیں مانتے	بعض کو	اور	وہ چاہتے ہیں	کہ	پکڑیں (نکالیں)	اس کے درمیان

کہ ہم بعض کو مانتے ہیں ، اور بعض کو نہیں مانتے ، اور وہ چاہتے ہیں کہ اس کے درمیان نکالیں

سَبِيْلًا ﴿١٥٠﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿١٥١﴾

سَبِيْلًا	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْكٰفِرُوْنَ	حَقًّا	وَاَعْتَدْنَا	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابًا	مُّهِيْنًا
ایک راہ	یہی لوگ	وہ	کافر (جمع)	اصل	اور ہم نے تیار کیا ہے	کافروں کے لئے	عذاب	ذلّت کا

ایک راہ ۔ یہی لوگ اصل کافر ہیں ، اور ہم نے کافروں کے لئے ذلّت کا عذاب تیار کر رکھا ہے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ

وَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرُسُلِهٖ	وَلَمْ يُفَرِّقُوْا	بَيْنَ	اَحَدٍ	مِّنْهُمْ
اور	جو لوگ ایمان لائے	اللہ پر	اور اس کے رسولوں پر	اور فرق نہیں کرتے	درمیان	کسی کے	ان میں سے

اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے اور اُن میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے

ع ۱۱ ۱ ۲۱

اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۱۵۲ ع

اُولٰٓئِكَ	سَوْفَ	يُؤْتِيْهِمْ	اُجُوْرَهُمْ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا
یہی لوگ	عنقریب	انہیں دے گا	ان کے اجر	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان

یہی وہ لوگ ہیں عنقریب انہیں (اللہ) اُن کے اجر دے گا، اور اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَاۗءِ فَقَدْ سَاَلُوْا

يَسْـَٔلُكَ	اَهْلُ الْكِتٰبِ	اَنْ	تُنَزِّلَ	عَلَيْهِمْ	كِتٰبًا	مِنَ	السَّمَاۗءِ	فَقَدْ سَاَلُوْا
آپ سے سوال کرتے ہیں	اہلِ کتاب	کہ	اُتار لائے	ان پر	کتاب	سے	آسمان	سو وہ سوال کر چکے ہیں

اہلِ کتاب آپؐ سے سوال کرتے ہیں کہ ان پر آسمان سے کتاب اتار لائیں، سو وہ سوال کر چکے ہیں

مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ

مُوْسٰٓى	اَكْبَرَ	مِنْ ذٰلِكَ	فَقَالُوْٓا	اَرِنَا	اللّٰهَ	جَهْرَةً	فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ
موسیٰؑ	بڑا	اس سے	انہوں نے کہا	ہمیں دکھاؤ	اللہ	علانیہ	سو انہیں آ پکڑا

موسیٰؑ سے اس سے بھی بڑا، انہوں نے کہا ہمیں اللہ کو علانیہ (کھلم کھلا) دکھاؤ، سو انہیں بجلی نے آ پکڑا

بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ

بِظُلْمِهِمْ	ثُمَّ	اتَّخَذُوا	الْعِجْلَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ
ان کے ظلم کے باعث	پھر	انہوں نے بنا لیا	بچھڑا (گوسالہ)	اس کے بعد	کہ	ان کے پاس آئیں نشانیاں

ان کے ظلم کے باعث، پھر انہوں نے گوسالہ کو (معبود) بنا لیا اس کے بعد کہ اُن کے پاس نشانیاں آ گئیں

فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝۱۵۳ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ

فَعَفَوْنَا	عَنْ ذٰلِكَ	وَاٰتَيْنَا	مُوْسٰى	سُلْطٰنًا	مُّبِيْنًا	وَرَفَعْنَا	فَوْقَهُمُ
سو ہم نے درگزر کیا	اس سے (اس کو)	اور ہم نے دیا	موسیٰؑ	غلبہ	ظاہر (صریح)	اور ہم نے بلند کیا	ان کے اوپر

سو ہم نے اس سے درگزر کیا، اور ہم نے موسیٰؑ کو صریح غلبہ دیا، اور ہم نے اُن کے اوپر بلند کیا

الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ

الطُّوْرَ	بِمِيْثَاقِهِمْ	وَقُلْنَا	لَهُمُ	ادْخُلُوا	الْبَابَ	سُجَّدًا	وَقُلْنَا	لَهُمْ
طور	ان سے عہد لینے کی غرض سے	اور ہم نے کہا	اُن کیلئے (اُن سے)	تم داخل ہو	دروازہ	سجدہ کرتے	اور ہم نے کہا	اُن سے

"طور" پہاڑ ان سے عہد لینے کی غرض سے، اور ہم نے ان سے کہا دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو، اور ہم نے ان سے کہا

لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ

لَا تَعْدُوْا	فِي	السَّبْتِ	وَاَخَذْنَا	مِنْهُمْ	مِّيْثَاقًا	غَلِيْظًا	فَبِمَا	نَقْضِهِمْ
نہ زیادتی کرو	میں	ہفتہ کا دن	اور ہم نے لیا	اُن سے	عہد	مضبوط	بسبب	ان کا توڑنا

ہفتہ کے دن میں زیادتی نہ کرو، اور ہم نے اُن سے مضبوط عہد لیا۔ (اُن کو سزا ملی) بسبب ان کے عہد و پیمان

مِّيْثَاقِهِمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ

مِّيْثَاقِهِمْ	وَكُفْرِهِمْ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَقَتْلِهِمُ	الْاَنْۢبِيَآءَ	بِغَيْرِ حَقٍّ	وَقَوْلِهِمْ
اپنا عہد و پیمان	اور ان کا انکار کرنا	اللہ کی آیات	اور ان کا قتل کرنا	نبیوں (جمع)	ناحق	اور اُن کا کہنا

توڑنے، اور اُن کے اللہ کی آیتوں کا انکار کرنے، اور اُن کے نبیوں کو ناحق قتل کرنے، اور اُن کے یہ کہنے (کے سبب)

قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾

قُلُوْبُنَا	غُلْفٌ	بَلْ	طَبَعَ اللّٰهُ	عَلَيْهَا	بِكُفْرِهِمْ	فَلَا يُؤْمِنُوْنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا
ہمارے دل (جمع)	پردہ میں	بلکہ	مہر کردی اللہ نے	اُن پر	انکے کفر کے سبب	سو وہ ایمان نہیں لاتے	مگر	کم

کہ ہمارے دِل پردہ میں (محفوظ) ہیں بلکہ اللہ نے اُن پر اُن کے کفر کے سبب مہر کردی، سو ایمان نہیں لاتے مگر کم۔

وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿۱۵۶﴾ وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا

وَبِكُفْرِهِمْ	وَقَوْلِهِمْ	عَلٰى	مَرْيَمَ	بُهْتَانًا	عَظِيْمًا	وَقَوْلِهِمْ	اِنَّا	قَتَلْنَا
اُن کے کفر کے سبب	اور اُن کا کہنا (باندھنا)	پر	مریمؑ	بہتان	بڑا	اور ان کا کہنا	ہم	ہم نے قتل کیا

(اور اُن کو سزا ملی) اُن کے کفر، اور مریمؑ پر بڑا بہتان باندھنے کے سبب۔ اور اُن کے یہ کہنے (کے سبب) کہ ہم نے قتل کیا

الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ

الْمَسِيْحَ	عِيْسَى	ابْنَ مَرْيَمَ	رَسُوْلَ	اللّٰهِ	وَمَا قَتَلُوْهُ	وَمَا صَلَبُوْهُ
مسیحؑ	عیسیٰؑ	ابن مریمؑ	رسول	اللہ	اور نہیں قتل کیا اس کو	اور نہیں سُولی دی اس کو

اللہ کے رسول عیسیٰؑ ابن مریمؑ کو، اور انہوں نے اس کو قتل نہیں کیا، اور انہوں نے اس کو سُولی نہیں دی

وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ

وَلٰكِنْ	شُبِّهَ	لَهُمْ	وَاِنَّ	الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ
اور بلکہ	صورت بنادی گئی	ان کے لئے	اور بیشک	جو لوگ اختلاف کرتے ہیں	اس میں	البتہ شک میں	اس سے

بلکہ اُن کے لئے (اُن جیسی) صورت بنادی گئی اور بیشک جو لوگ اس (بارہ) میں اختلاف کرتے ہیں وہ البتہ اس بارہ میں شک میں ہیں،

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ﴿١٥٧﴾ بَلْ

مَا لَهُمْ	بِهٖ	مِنْ عِلْمٍ	اِلَّا	اتِّبَاعَ	الظَّنِّ	وَ	مَا قَتَلُوْهُ	يَقِيْنًا	بَلْ
نہیں ان کو	اس کا	کوئی علم	مگر	پیروی	اٹکل	اور	اس کو قتل نہیں کیا	یقیناً	بلکہ

اٹکل کی پیروی کے سوا اُنہیں اس کا کوئی علم نہیں، اور اُس کو انہوں نے یقیناً قتل نہیں کیا، بلکہ

رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٥٨﴾ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

رَفَعَهُ	اللّٰهُ	اِلَيْهِ	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	وَاِنْ	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
اس کو اُٹھالیا	اللہ	اپنی طرف	اور	ہے	اللہ	غالب	حکمت والا	اور نہیں	سے اہلِ کتاب

اللہ نے اُس کو اپنی طرف اُٹھا لیا، اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔ اور کوئی اہلِ کتاب سے نہ رہے گا

اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ﴿١٥٩﴾

اِلَّا	لَيُؤْمِنَنَّ	بِهٖ	قَبْلَ	مَوْتِهٖ	وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يَكُوْنُ	عَلَيْهِمْ	شَهِيْدًا
مگر	ضرور ایمان لائے گا	اس پر	پہلے	اپنی موت	اور قیامت کے دن	ہوگا	اُن پر	گواہ

مگر اُس پر اپنی موت سے پہلے ضرور ایمان لائے گا، اور قیامت کے دن وہ اُن پر گواہ ہوں گے۔

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ

فَبِظُلْمٍ	مِّنَ	الَّذِيْنَ هَادُوْا	حَرَّمْنَا	عَلَيْهِمْ	طَيِّبٰتٍ	اُحِلَّتْ	لَهُمْ	وَبِصَدِّهِمْ
سو ظلم کے سبب	سے	جو یہودی ہوئے (یہودی)	ہم نے حرام کردیا	ان پر	پاک چیزیں	حلال تھیں	انکے لئے	اور انکے روکنے کی وجہ سے

سو ہم نے اُن پر (بہت سی) پاک چیزیں جو اُن کے لئے حلال تھیں حرام کر دیں یہودیوں کے ظلم کی وجہ سے اور ان کے

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿١٦٠﴾ وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ

عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	كَثِيْرًا	وَ	اَخْذِهِمُ	الرِّبٰوا	وَ	قَدْ نُهُوْا	عَنْهُ	وَاَكْلِهِمْ
سے	اللہ کا راستہ	بہت	اور	اُن کا لینا	سُود	حالانکہ	وہ روک دیئے گئے تھے	اس سے	اور ان کا کھانا

اللہ کے راستہ سے بہت روکنے کی وجہ سے، اور ان کے سُود لینے (کی وجہ سے) حالانکہ وہ اس سے روک دیئے گئے تھے، اور (اس وجہ سے) کہ وہ کھاتے تھے

أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ۗ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٦١﴾

أَمْوَالَ	النَّاسِ	بِالْبَاطِلِ	وَأَعْتَدْنَا	لِلْكَافِرِينَ	مِنْهُمْ	عَذَابًا	أَلِيمًا
مال (جمع)	لوگ	ناحق	اور ہم نے تیار کیا	کافروں کے لئے	ان میں سے	عذاب	دردناک

لوگوں کے مال ناحق ، اور ہم نے اُن میں سے کافروں کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

لٰكِنِ الرّٰسِخُونَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُونَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ

لٰكِنِ	الرّٰسِخُونَ	فِي الْعِلْمِ	مِنْهُمْ	وَ	الْمُؤْمِنُونَ	يُؤْمِنُونَ	بِمَا	أُنْزِلَ
لیکن	پختہ (جمع)	علم میں	ان میں سے	اور	مومن (جمع)	وہ مانتے ہیں	جو	نازل کیا گیا

لیکن ان میں سے جو علم میں پختہ ہیں ، اور جو مومن ہیں وہ اس کو مانتے ہیں جو نازل کیا گیا

إِلَيْكَ وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيمِينَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُونَ

إِلَيْكَ	وَمَا	أُنْزِلَ	مِنْ قَبْلِكَ	وَالْمُقِيمِينَ	الصَّلٰوةَ	وَالْمُؤْتُونَ
آپ کی طرف	اور جو	نازل کیا گیا	آپ سے پہلے	اور قائم رکھنے والے	نماز	اور ادا کرنے والے

آپؐ کی طرف اور جو آپؐ سے پہلے نازل کیا گیا ، اور نماز قائم رکھنے والے ہیں اور ادا کرنے والے ہیں

الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۗ أُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ أَجْرًا

الزَّكٰوةَ	وَالْمُؤْمِنُونَ	بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	أُولٰٓئِكَ	سَنُؤْتِيهِمْ	أَجْرًا
زکوٰۃ	اور ایمان لانے والے	اللہ پر	اور	آخرت کا دن	یہی لوگ	ہم ضرور دیں گے انہیں	اجر

زکوٰۃ ، اور اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لانے والے ہیں ، ایسے لوگوں کو ہم ضرور بڑا

ع ١٠ ٢٢ ٢ عَظِيمًا ﴿١٦٢﴾ إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلٰى نُوحٍ وَالنَّبِيّٖنَ مِنْ بَعْدِهٖ ۚ

عَظِيمًا	إِنَّا	أَوْحَيْنَا	إِلَيْكَ	كَمَا	أَوْحَيْنَا	إِلٰى	نُوحٍ	وَالنَّبِيّٖنَ	مِنْ بَعْدِهٖ
بڑا	بیشک ہم	ہم نے وحی بھیجی	آپؐ کی طرف	جیسے	ہم نے وحی بھیجی	طرف	نوحؑ	اور نبیوں	اس کے بعد

اجر دیں گے۔ بیشک ہم نے آپؐ کی طرف وحی بھیجی ہے ، جیسے ہم نے وحی بھیجی تھی نوحؑ کی طرف اور اس کے بعد نبیوں کی طرف

وَأَوْحَيْنَا إِلٰٓى إِبْرٰهِيمَ وَإِسْمٰعِيلَ وَإِسْحٰقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ

وَأَوْحَيْنَا	إِلٰى	إِبْرٰهِيمَ	وَإِسْمٰعِيلَ	وَإِسْحٰقَ	وَيَعْقُوبَ	وَالْأَسْبَاطِ
اور ہم نے وحی بھیجی	طرف	ابراہیمؑ	اور اسمٰعیلؑ	اور اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	اور اولادِ یعقوبؑ

اور ہم نے وحی بھیجی ابراہیمؑ ، اسمٰعیلؑ ، اسحٰقؑ ، یعقوبؑ اور اولادِ یعقوبؑ کی طرف

وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ

وَعِيْسٰى	وَاَيُّوْبَ	وَيُوْنُسَ	وَهٰرُوْنَ	وَسُلَيْمٰنَ	وَاٰتَيْنَا	دَاوٗدَ
اور عیسیٰ ؑ	اور ایوب ؑ	اور یونس ؑ	اور ہارون ؑ	اور سلیمان ؑ	اور ہم نے دی	داؤد ؑ

اور عیسیٰ ؑ، ایوب ؑ، یونس ؑ، ہارون ؑ اور سلیمان ؑ (کی طرف وحی بھیجی) اور ہم نے داؤد ؑ کو دی

زَبُوْرًا ﴿١٦٣﴾ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ

زَبُوْرًا	وَرُسُلًا	قَدْ قَصَصْنٰهُمْ	عَلَيْكَ	مِنْ قَبْلُ	وَرُسُلًا	لَّمْ
زبور	اور ایسے رسول (جمع)	ہم نے ان کا احوال سنایا	آپ پر (آپ سے)	اس سے قبل	اور ایسے رسول	نہیں

زبور۔ اور ایسے رسول (بھیجے) ہیں جن کے احوال ہم نے اس سے قبل آپ سے بیان کئے، اور ایسے رسول (بھی بھیجے)

نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۭ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿١٦٤﴾ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَ

نَقْصُصْهُمْ	عَلَيْكَ	وَكَلَّمَ	اللّٰهُ	مُوْسٰى	تَكْلِيْمًا	رُسُلًا	مُّبَشِّرِيْنَ	وَ
ہم نے حال بیان کیا	آپ پر (آپ کو)	اور کلام کیا	اللہ	موسیٰ ؑ	کلام کرنا (خوب)	رسول (جمع)	خوشخبری سنانے والے	اور

جن کے احوال ہم نے آپ ﷺ سے بیان نہیں کئے، اور اللہ نے موسیٰ ؑ سے (خوب) کلام کیا (ہم نے بھیجے) رسول خوشخبری سنانے والے، اور

مُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ ۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

مُنْذِرِيْنَ	لِئَلَّا يَكُوْنَ	لِلنَّاسِ	عَلَى	اللّٰهِ	حُجَّةٌ	بَعْدَ الرُّسُلِ	وَكَانَ	اللّٰهُ
ڈرانے والے	تاکہ نہ رہے	لوگوں کے لئے	پر	اللہ	حجت	رسولوں کے بعد	اور ہے	اللہ

ڈرانے والے تاکہ رسولوں کے بعد لوگوں کو اللہ پر کوئی حجت نہ رہے، اور اللہ

عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٦٥﴾ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ

عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	لٰكِنِ	اللّٰهُ	يَشْهَدُ	بِمَآ	اَنْزَلَ	اِلَيْكَ	اَنْزَلَهٗ	بِعِلْمِهٖ
غالب	حکمت والا	لیکن	اللہ	گواہی دیتا ہے	اس پر جو	اس نے نازل کیا	آپ کی طرف	وہ نازل ہوا	اپنے علم کے ساتھ

غالب حکمت والا ہے۔ لیکن اللہ اس پر گواہی دیتا ہے، جو اس نے آپ ﷺ کی طرف نازل کیا، وہ اپنے علم سے نازل کیا

وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يَشْهَدُوْنَ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿١٦٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ	يَشْهَدُوْنَ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اور فرشتے	گواہی دیتے ہیں	اور کافی ہے	اللہ	گواہ	بیشک	وہ لوگ جو	انہوں نے کفر کیا

اور فرشتے (بھی) گواہی دیتے ہیں، اور گواہ (تو) اللہ ہی کافی ہے۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا،

وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًا بَعِيْدًا ﴿١٦٧﴾ اِنَّ

وَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	قَدْ ضَلُّوْا	ضَلٰلًا	بَعِيْدًا	اِنَّ
اور انہوں نے روکا	سے	اللہ کا راستہ	تحقیق وہ گمراہی میں پڑے	گمراہی	دُور	بیشک

اور اللہ کے رستے سے روکا، تحقیق وہ گمراہی میں دُور جا پڑے ۔ بیشک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَظَلَمُوْا	لَمْ يَكُنِ	اللّٰهُ	لِيَغْفِرَ	لَهُمْ	وَلَا	لِيَهْدِيَهُمْ
وہ لوگ جو	اُنہوں نے کفر کیا	اور ظلم کیا	نہیں ہے	اللہ	کہ بخشدے	انہیں	اور نہ	انہیں ہدایت دے

جن لوگوں نے کفر کیا، اور ظلم کیا، اللہ انہیں نہیں بخشے گا اور نہ اُنہیں ہدایت دے گا

طَرِيْقًا ﴿١٦٨﴾ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

طَرِيْقًا	اِلَّا	طَرِيْقَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	اَبَدًا	وَكَانَ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ
راستہ (سیدھا)	مگر	راستہ	جہنم	رہیں گے	اس میں	ہمیشہ	اور ہے	یہ	اللہ پر

(سیدھے) راستہ کی ۔ مگر جہنم کا راستہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، اور یہ اللہ پر

يَسِيْرًا ﴿١٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا

يَسِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	قَدْ جَآءَكُمُ	الرَّسُوْلُ	بِالْحَقِّ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَاٰمِنُوْا
آسان	اے	لوگ	تمہارے پاس آیا	رسول	حق کے ساتھ	سے	تمہارا رب	سو ایمان لاؤ

آسان ہے ۔ اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق کے ساتھ رسول آگیا ہے، سو ایمان لے آؤ

خَيْرًا لَّكُمْ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ

خَيْرًا	لَّكُمْ	وَاِنْ	تَكْفُرُوْا	فَاِنَّ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَكَانَ
بہتر	تمہارے لئے	اور اگر	تم نہ مانو گے	تو بیشک	اللہ کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور ہے

تمہارے لئے بہتر ہے، اور اگر تم نہ مانو گے تو بیشک جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے اللہ کے لئے ہے، اور

اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١٧٠﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا

اللّٰهُ	عَلِيْمًا	حَكِيْمًا	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	لَا تَغْلُوْا	فِيْ دِيْنِكُمْ	وَ	لَا تَقُوْلُوْا
اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اے اہل کتاب!	غلو نہ کرو	اپنے دین میں	اور	نہ کہو

اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ اے اہل کتاب! اپنے دین میں غلو نہ کرو (حد سے نہ بڑھو) اور نہ کہو

عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

عَلَى اللّٰهِ	اِلَّا	الْحَقَّ	اِنَّمَا	الْمَسِيْحُ	عِيْسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ
پر (بارہ میں) اللہ	سوائے	حق	اسکے سوا نہیں	مسیحؑ	عیسیٰ ۳	ابن مریم	رسول	اللہ

اللہ کے بارہ میں حق کے سوا، اس کے سوا نہیں کہ مسیحؑ عیسیٰ ابن مریم اللہ کے رسول ہیں

وَ كَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَاۤ اِلٰى مَرْيَمَ وَ رُوْحٌ مِّنْهُ ۫ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ۚ وَلَا

وَ كَلِمَتُهٗ	اَلْقٰىهَا	اِلٰى	مَرْيَمَ	وَ	رُوْحٌ	مِّنْهُ	فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ رُسُلِهٖ	وَلَا
اور اس کا کلمہ	اس کو ڈالا	طرف	مریم	اور	روح	اس سے	سو ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول	اور نہ

اور اس کا کلمہ، جس کو مریم کی طرف ڈالا اور اس (کی طرف) سے روح ہیں، سو تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور

تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ

تَقُوْلُوْا	ثَلٰثَةٌ	اِنْتَهُوْا	خَيْرًا	لَّكُمْ	اِنَّمَا	اللّٰهُ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	سُبْحٰنَهٗۤ	اَنْ	يَّكُوْنَ	لَهٗ
کہو	تین	باز رہو	بہتر	تمہارے لئے	اسکے سوا نہیں	اللہ	معبودِ واحد	وہ پاک ہے	کہ	ہو	اس کا

نہ کہو (خدا) تین ہیں (اس سے) باز رہو، تمہارے لئے بہتر ہے اسکے سوا نہیں (بیشک) کہ اللہ معبودِ واحد ہے اور اس سے پاک ہے کہ اس کی

٢٣ ع ٩ ٣

وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿١٧١﴾ ع

وَلَدٌ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	وَكِيْلًا
اولاد	اس کا	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور کافی ہے	اللہ	کارساز

اولاد ہو۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اس کا ہے، اور اللہ کارساز کافی ہے۔

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ	الْمَسِيْحُ	اَنْ	يَّكُوْنَ	عَبْدًا	لِّلّٰهِ	وَلَا	الْمَلٰٓئِكَةُ
ہرگز عار نہیں	مسیحؑ	کہ	ہو	بندہ	اللہ کا	اور نہ	فرشتے

مسیحؑ کو ہرگز عار نہیں کہ وہ اللہ کا بندہ ہو، اور نہ مقرب فرشتوں کو

الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ

الْمُقَرَّبُوْنَ	وَمَنْ	يَّسْتَنْكِفْ	عَنْ	عِبَادَتِهٖ	وَيَسْتَكْبِرْ	فَسَيَحْشُرُهُمْ	اِلَيْهِ
مقرب (جمع)	اور جو	عار کرے	سے	اس کی عبادت	اور تکبر کرے	تو عنقریب انہیں جمع کرے گا	اپنے پاس

(عار ہے) اور جو کوئی اس کی (اللہ کی) بندگی سے عار اور تکبر کرے تو وہ عنقریب انہیں اپنے پاس جمع کرے گا،

جَمِيْعًا ﴿١٧٢﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ

جَمِيْعًا	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فَيُوَفِّيْهِمْ	اُجُوْرَهُمْ	وَيَزِيْدُهُمْ
سب	پھر	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	انہیں پورا دے گا	ان کے اجر	اور انہیں زیادہ دے گا

سب کو۔ پھر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے وہ انہیں انکے اجر پورے پورے دے گا اور انہیں زیادہ دے گا

مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ

مِنْ	فَضْلِهٖ	وَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اسْتَنْكَفُوْا	وَاسْتَكْبَرُوْا	فَيُعَذِّبُهُمْ
سے	اپنا فضل	اور پھر	وہ لوگ جو	انہوں نے عار سمجھا	اور انہوں نے تکبّر کیا	تو انہیں عذاب دے گا

اپنے فضل سے، اور جن لوگوں نے (بندگی کو) عار سمجھا اور تکبّر کیا تو وہ انہیں عذاب دے گا،

عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا

عَذَابًا	اَلِيْمًا	وَلَا يَجِدُوْنَ	لَهُمْ	مِنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	وَلِيًّا	وَلَا
عذاب	دردناک	اور وہ نہ پائیں گے	اپنے لئے	سے	سوائے	اللہ	دوست	اور نہ

دردناک عذاب۔ اور وہ اپنے لئے اللہ کے سوا نہ پائیں گے کوئی دوست اور نہ

نَصِيْرًا ﴿١٧٣﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ

نَصِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	قَدْ جَآءَكُمْ	بُرْهَانٌ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	وَاَنْزَلْنَآ	اِلَيْكُمْ
مددگار	اے لوگو!	تمہارے پاس آچکی	روشن دلیل	سے	تمہارا رب	اور ہم نے نازل کیا	تمہاری طرف

مددگار۔ اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے روشن دلیل آچکی، اور ہم نے تمہاری طرف نازل کی ہے

نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿١٧٤﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ

نُوْرًا	مُّبِيْنًا	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَاعْتَصَمُوْا	بِهٖ	فَسَيُدْخِلُهُمْ
روشنی	واضح	پس	جو لوگ ایمان لائے	اللہ پر	اور مضبوط پکڑا	اس کو	وہ انہیں عنقریب داخل کرے گا

واضح روشنی۔ پس جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور انہوں نے اس کو مضبوطی سے پکڑا پس وہ انہیں عنقریب داخل کرے گا

فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿١٧٥﴾

فِيْ رَحْمَةٍ	مِّنْهُ	وَفَضْلٍ	وَ	يَهْدِيْهِمْ	اِلَيْهِ	صِرَاطًا	مُّسْتَقِيْمًا
رحمت میں	اس سے (اپنی)	اور فضل	اور	انہیں ہدایت دے گا	اپنی طرف	راستہ	سیدھا

اپنی رحمت اور فضل میں، اور انہیں اپنی طرف سیدھے راستہ کی ہدایت دے گا۔

يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ

يَسْتَفْتُوْنَكَ	قُلِ	اللّٰهُ	يُفْتِيْكُمْ	فِي الْكَلٰلَةِ	اِنِ	امْرُؤٌا	هَلَكَ
آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں	کہدیں	اللہ	تمہیں حکم بتاتا ہے	کلالہ (کے بارہ) میں	اگر	کوئی مرد	مرجائے

آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں آپ کہدیں اللہ تمہیں کلالہ کے بارہ میں حکم بتاتا ہے۔ اگر کوئی (ایسا) مرد مر جائے

لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗۤ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَاۤ اِنْ

لَيْسَ	لَهٗ وَلَدٌ	وَلَهٗ	اُخْتٌ	فَلَهَا	نِصْفُ	مَا تَرَكَ	وَهُوَ	يَرِثُهَا	اِنْ
نہ ہو	اس کی کوئی اولاد	اور اس کی ہو	ایک بہن	تو اسکے لئے	نصف	جو اس نے چھوڑا (ترکہ)	اور وہ	اسکا وارث ہوگا	اگر

جس کی کوئی اولاد نہ ہو اور اس کی ایک بہن ہو تو اس (بہن) کو اسکے ترکہ کا نصف ملے گا' اور وہ اس کا وارث ہوگا اگر

لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا

لَمْ يَكُنْ	لَّهَا	وَلَدٌ	فَاِنْ	كَانَتَا	اثْنَتَيْنِ	فَلَهُمَا	الثُّلُثٰنِ	مِمَّا
نہ ہو	اس کا	کوئی اولاد	پھر اگر	ہوں	دو بہنیں	تو انکے لئے	دو تہائی	اس سے جو

اس (بہن) کی کوئی اولاد نہ ہو' پھر اگر (مرنے والے کی) دو بہنیں ہوں تو ان کے لئے دو تہائی ہے اس (بھائی) کے

تَرَكَ ؕ وَاِنْ كَانُوْۤا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ

٧ ع ١١ يَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿٥٠﴾ يٰۤاَيُّهَا

يَبْغُوْنَ	وَمَنْ	اَحْسَنُ	مِنَ	اللّٰهِ	حُكْمًا	لِّقَوْمٍ	يُّوْقِنُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا
وہ چاہتے ہیں	اورکس	بہترین	سے	اللہ	حکم	لوگوں کے لئے	یقین رکھتے ہیں	اے

چاہتے ہیں ؟ اور اللہ سے بہترین حکم کس کا ہے ان لوگوں کے لئے جو یقین رکھتے ہیں ؟ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوا	الْيَهُوْدَ	وَالنَّصٰرٰۤى	اَوْلِيَآءَ	بَعْضُهُمْ	اَوْلِيَآءُ
جولوگ	ایمان لائے	نہ بناؤ	یہود	اورنصاریٰ	دوست	ان میں سے بعض	دوست

ایمان والو! یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ اُن میں سے بعض دوست ہیں

بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ

بَعْضٍ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّهُمْ	مِّنْكُمْ	فَاِنَّهٗ	مِنْهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَهْدِى	الْقَوْمَ
بعض (دوسرے)	اور جو	ان سے دوستی رکھے گا	تم میں سے	تو بیشک وہ	ان سے	بیشک	اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ

بعض کے (ایکدوسرے کے دوست ہیں) اور تم میں سے جوکوئی ان سے دوستی رکھے گا تو بیشک وہ اُن میں سے ہوگا، بیشک اللہ ہدایت نہیں دیتا

الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥١﴾ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ

الظّٰلِمِيْنَ	فَتَرَى	الَّذِيْنَ	فِيْ	قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	يُّسَارِعُوْنَ	فِيْهِمْ
ظالم	پس تو دیکھے گا	وہ لوگ جو	ہیں	ان کے دل	روگ	دوڑتے ہیں	ان میں (ان کی طرف)

ظالم لوگوں کو۔ پس تو دیکھے گا جن لوگوں کے دلوں میں روگ ہے وہ ان (یہود و نصاریٰ) کی طرف دوڑتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ

يَقُوْلُوْنَ	نَخْشٰى	اَنْ	تُصِيْبَنَا	دَآئِرَةٌ	فَعَسَى	اللّٰهُ	اَنْ	يَّاْتِيَ + بِالْفَتْحِ
کہتے ہیں	ہمیں ڈر ہے	کہ	ہم پر (نہ) آجائے	گردش	سو قریب ہے	اللہ	کہ	لائے + فتح

وہ کہتے ہیں ہمیں ڈر ہے کہ ہم پر گردشِ (زمانہ) نہ آجائے، سو قریب ہے کہ اللہ فتح لائے

اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ﴿٥٢﴾ ؕ

اَوْ اَمْرٍ	مِّنْ	عِنْدِهٖ	فَيُصْبِحُوْا	عَلٰى	مَآ	اَسَرُّوْا	فِيْٓ	اَنْفُسِهِمْ	نٰدِمِيْنَ
یا کوئی حکم	سے	اپنے پاس	تو وہ جائیں	پر	جو	وہ چھپاتے تھے	میں	اپنے دل (جمع)	پچھتانے والے

یا اپنے پاس سے کوئی حکم (لائے) تو وہ اپنے دلوں میں جو چھپاتے تھے اس پر پچھتاتے رہ جائیں۔

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ

وَيَقُوْلُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اَهٰٓؤُلَآءِ	الَّذِيْنَ	اَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ	اَيْمَانِهِمْ	اِنَّهُمْ
اور کہتے ہیں	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	کیا یہ وہی ہیں	جو لوگ	قسمیں کھاتے تھے	اللہ کی	پکی	اپنی قسمیں	کہ وہ

اور مومن کہتے ہیں کیا یہ وہی لوگ ہیں؟ جو اللہ کی پکی قسمیں کھاتے تھے کہ وہ

لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿٥٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

لَمَعَكُمْ	حَبِطَتْ	اَعْمَالُهُمْ	فَاَصْبَحُوْا	خٰسِرِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
تمہارے ساتھ	اکارت گئے	ان کے عمل	پس رہ گئے	نقصان اٹھانے والے	اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)

تمہارے ساتھ ہیں۔ اُن کے عمل اکارت گئے پس وہ نقصان اٹھانے والے (ہو کر) رہ گئے۔ اے ایمان والو!

مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ

مَنْ	يَّرْتَدَّ	مِنْكُمْ	عَنْ	دِيْنِهٖ	فَسَوْفَ	يَاْتِي اللّٰهُ	بِقَوْمٍ	يُّحِبُّهُمْ	وَيُحِبُّوْنَهٗٓ
جو	پھرے گا	تم سے	سے	اپنا دین	تو عنقریب	لائے گا اللہ	ایسی قوم	وہ انہیں محبوب رکھتا ہے	اور وہ اسے محبوب رکھتے ہیں

تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے پھرے گا تو عنقریب اللہ ایسی قوم لائے گا جنہیں وہ محبوب رکھتا ہے اور وہ اسے محبوب رکھتے ہیں

أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِينَ يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ

أَذِلَّةٍ	عَلَى	الْمُؤْمِنِينَ	أَعِزَّةٍ	عَلَى	الْكَافِرِينَ	يُجَاهِدُونَ	فِي	سَبِيلِ
نرم دل	پر	مومن (جمع)	زبردست	پر	کافر (جمع)	جہاد کرتے ہیں	میں	راستہ

وہ مومنوں پر نرم دل ہیں، کافروں پر زبردست ہیں، اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں،

اللَّهِ وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَائِمٍ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ

اللَّهِ	وَ	لَا يَخَافُونَ	لَوْمَةَ	لَائِمٍ	ذَٰلِكَ	فَضْلُ	اللَّهِ	يُؤْتِيهِ	مَن يَشَاءُ
اللہ	اور	نہیں ڈرتے	ملامت	کوئی ملامت کرنیوالا	یہ	فضل	اللہ	وہ دیتا ہے	جسے چاہتا ہے

اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے، یہ اللہ کا فضل ہے وہ جس کو چاہتا ہے دیتا ہے،

وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ﴿٥٤﴾ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ

وَاللَّهُ	وَاسِعٌ	عَلِيمٌ	إِنَّمَا	وَلِيُّكُمُ	اللَّهُ	وَرَسُولُهُ	وَ	الَّذِينَ آمَنُوا	الَّذِينَ
اور اللہ	وسعت والا	علم والا	اسکے سوا نہیں (صرف)	تمہارا رفیق	اللہ	اور اس کا رسول	اور	جو لوگ ایمان لائے	جو لوگ

اور اللہ وسعت والا، علم والا ہے۔ تمہارا رفیق تو صرف اللہ ہے اور اس کا رسول، اور ایمان والے، اور وہ جو

يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ ﴿٥٥﴾ وَمَن يَتَوَلَّ اللَّهَ وَ

يُقِيمُونَ	الصَّلَاةَ	وَيُؤْتُونَ	الزَّكَاةَ	وَهُمْ	رَاكِعُونَ	وَمَن	يَتَوَلَّ	اللَّهَ	وَ
قائم کرتے ہیں	نماز	اور دیتے ہیں	زکوٰۃ	اور وہ	رکوع کرنیوالے	اور جو	دوست رکھتے ہیں	اللہ	اور

نماز قائم کرتے ہیں، اور زکوٰۃ دیتے ہیں، اور (اللہ کے حضور) رکوع کرنے والے ہیں۔ جو دوست رکھے اللہ اور

٨ ع ١٢

رَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْغَالِبُونَ ﴿٥٦﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

رَسُولَهُ	وَ	الَّذِينَ آمَنُوا	فَإِنَّ	حِزْبَ اللَّهِ	هُمُ	الْغَالِبُونَ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ
اس کا رسول	اور	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	تو بیشک	اللہ کی جماعت	وہ	غالب (جمع)	اے	جو لوگ

اس کے رسولؐ کو اور ایمان والوں کو، تو بیشک اللہ کی جماعت ہی (سب پر) غالب ہو گی۔ اے

آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَكُمْ هُزُوًا وَلَعِبًا مِّنَ الَّذِينَ

آمَنُوا	لَا تَتَّخِذُوا	الَّذِينَ اتَّخَذُوا	دِينَكُمْ	هُزُوًا	وَلَعِبًا	مِنَ	الَّذِينَ
ایمان لائے (ایمان والے)	نہ بناؤ	جو لوگ ٹھہراتے ہیں	تمہارا دین	ایک مذاق	اور کھیل	سے	وہ لوگ۔ جو

ایمان والو! (دوست) نہ بناؤ ان لوگوں کو جو تمہارے دین کو ایک مذاق اور کھیل ٹھہراتے ہیں (یعنی وہ) جنہیں

أُوتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٥٧﴾

أُوتُوا الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	وَالْكُفَّارَ	أَوْلِيَآءَ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	إِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ
کتاب دیئے گئے	تم سے قبل	اور کافر	دوست	اور ڈرو	اللہ	اگر تم ہو	ایمان والے

تم سے پہلے کتاب دی گئی اور کافروں کو دوست نہ بناؤ اور اللہ سے ڈرو اگر تم ایمان والے ہو۔

وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ۚ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ

وَإِذَا	نَادَيْتُمْ	إِلَى	الصَّلٰوةِ	اتَّخَذُوْهَا	هُزُوًا	وَلَعِبًا	ذٰلِكَ	بِأَنَّهُمْ	قَوْمٌ
اور جب	تم پکارتے ہو	طرف (لئے)	نماز	وہ اسے ٹھہراتے ہیں	ایک مذاق	اور کھیل	یہ	اس لئے کہ وہ	لوگ

اور جب تم نماز کے لئے پکارتے ہو (اذان دیتے ہو) تو وہ اسے ایک مذاق اور کھیل ٹھہراتے ہیں، یہ اس لئے ہے کہ وہ لوگ

لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿٥٨﴾ قُلْ يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ إِلَّآ أَنْ اٰمَنَّا

لَا يَعْقِلُوْنَ	قُلْ	يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ	هَلْ تَنْقِمُوْنَ	مِنَّا	إِلَّآ	أَنْ	اٰمَنَّا
عقل نہیں رکھتے ہیں (بے عقل)	آپ کہدیں	اے اہل کتاب	کیا ضد رکھتے ہو	ہم سے	مگر	یہ کہ	ہم ایمان لائے

عقل نہیں رکھتے ہیں۔ آپ کہہ دیں اے اہل کتاب! کیا تم ہم سے یہی ضد رکھتے ہو (انتقام لیتے ہو) کہ ہم ایمان لائے

بِاللّٰهِ وَمَآ أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَمَآ أُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَأَنَّ أَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٥٩﴾

بِاللّٰهِ	وَمَآ	أُنْزِلَ	إِلَيْنَا	وَمَآ	أُنْزِلَ	مِنْ قَبْلُ	وَأَنَّ	أَكْثَرَكُمْ	فٰسِقُوْنَ
اللہ پر	اور جو	نازل کیا گیا	ہماری طرف	اور جو	نازل کیا گیا	اس سے قبل	اور یہ کہ	تم میں اکثر	نافرمان

اللہ پر اور اس پر جو ہماری طرف نازل کیا گیا، اور جو اس سے قبل نازل کیا گیا، اور یہ کہ تم میں سے اکثر نافرمان ہیں۔

قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ

قُلْ	هَلْ	أُنَبِّئُكُمْ	بِشَرٍّ	مِنْ	ذٰلِكَ	مَثُوْبَةً	عِنْدَ	اللّٰهِ	مَنْ	لَعَنَهُ	اللّٰهُ
آپ کہدیں	کیا	تمہیں بتلاؤں	بدتر	سے	اس	ٹھکانہ (جزا)	ہاں	اللہ	جو۔جس	اس پر لعنت کی	اللہ

آپ کہہ دیں کیا میں تمہیں بتلاؤں؟ اس سے بدتر جزا (کس کی ہے) اللہ کے ہاں (وہی) جس پر اللہ نے لعنت کی

وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ۭ

وَغَضِبَ	عَلَيْهِ	وَجَعَلَ	مِنْهُمُ	الْقِرَدَةَ	وَالْخَنَازِيْرَ	وَعَبَدَ	الطَّاغُوْتَ
اور غضب کیا	اس پر	اور بنا دیا	ان سے	بندر (جمع)	اور خنزیر (جمع)	اور غلامی	طاغوت

اور اس پر غضب کیا، اور ان میں سے بنا دیئے بندر اور خنزیر، اور (انہوں نے) طاغوت (سرکش۔شیطان) کی غلامی کی۔

أُولَٰئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَأَضَلُّ عَن سَوَاءِ السَّبِيلِ ﴿٦٠﴾ وَإِذَا جَاءُوكُمْ قَالُوا

أُولَٰئِكَ	شَرٌّ	مَّكَانًا	وَأَضَلُّ	عَن	سَوَاءِ	السَّبِيلِ	وَإِذَا	جَاءُوكُمْ	قَالُوا
وہی لوگ	بدترین	درجہ میں	بہت بہکے ہوئے	سے	سیدھا	راستہ	اور جب	تمہارے پاس آئیں	کہتے ہیں

وہی لوگ بدترین درجہ میں ہیں، اور سیدھے راستے سے سب سے زیادہ بہکے ہوئے ہیں۔ اور جب تمہارے پاس آئیں تو کہتے ہیں

آمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوا بِهِ ۗ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا

آمَنَّا	وَقَدْ دَّخَلُوا	بِالْكُفْرِ	وَهُمْ	قَدْ خَرَجُوا	بِهِ	وَاللَّهُ	أَعْلَمُ	بِمَا
ہم ایمان لائے	حالانکہ وہ داخل ہوئے (آئے)	کفر کی حالت میں	اور وہ	نکلے چلے گئے	اس (کفر) کے ساتھ	اور اللہ	خوب جانتا ہے	وہ جو

ہم ایمان لائے حالانکہ آئے تھے تو کفر کی حالت میں، اور نکلے تو کفر کے ساتھ، اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ

كَانُوا يَكْتُمُونَ ﴿٦١﴾ وَتَرَىٰ كَثِيرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُونَ فِي الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ

كَانُوا	يَكْتُمُونَ	وَتَرَىٰ	كَثِيرًا	مِنْهُمْ	يُسَارِعُونَ	فِي	الْإِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ
تھے	چھپاتے	اور تو دیکھے گا	بہت	ان سے	وہ جلدی کرتے ہیں	میں	گناہ	اور سرکشی

چھپاتے تھے۔ اور تو دیکھے گا ان میں سے بہت سے جلدی کرتے ہیں گناہ اور سرکشی میں،

وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۗ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٦٢﴾ لَوْلَا يَنْهَاهُمُ

وَأَكْلِهِمُ	السُّحْتَ	لَبِئْسَ	مَا	كَانُوا يَعْمَلُونَ	لَوْ	لَا يَنْهَاهُمُ
اور ان کا کھانا	حرام	برا ہے	جو	وہ کر رہے ہیں	کیوں	انہیں منع نہیں کرتے

اور حرام کھانے میں، برا ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ انہیں کیوں منع نہیں کرتے؟

الرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَن قَوْلِهِمُ الْإِثْمَ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۗ

الرَّبَّانِيُّونَ	وَالْأَحْبَارُ	عَن	قَوْلِهِمُ	الْإِثْمَ	وَأَكْلِهِمُ	السُّحْتَ
اللہ والے (درویش)	اور علماء	سے	ان کے کہنے کے	گناہ	اور ان کا کھانا	حرام

درویش اور علماء گناہ (کی بات) کہنے سے، اور ان کے حرام کھانے سے،

لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ﴿٦٣﴾ وَقَالَتِ الْيَهُودُ يَدُ اللَّهِ مَغْلُولَةٌ ۚ غُلَّتْ

لَبِئْسَ	مَا	كَانُوا يَصْنَعُونَ	وَقَالَتِ	الْيَهُودُ	يَدُ اللَّهِ	مَغْلُولَةٌ	غُلَّتْ
برا ہے	جو	وہ کر رہے ہیں	اور کہا (کہتے ہیں)	یہود	اللہ کا ہاتھ	بندھا ہوا	باندھ دیئے جائیں

برا ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ اور یہود کہتے ہیں اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے (اللہ تنگدست ہے)، باندھ دیئے جائیں

أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُوا بِمَا قَالُوا ۘ بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ ۙ يُنفِقُ كَيْفَ

أَيْدِيهِمْ	وَلُعِنُوا	بِمَا	قَالُوا	بَلْ	يَدَاهُ	مَبْسُوطَتَانِ	يُنفِقُ	كَيْفَ
ان کے ہاتھ	اور ان پر لعنت کی گئی	اس سے جو	انہوں نے کہا	بلکہ	اس کے (اللہ کے) ہاتھ	کشادہ ہیں	وہ خرچ کرتا ہے	جیسے

ان کے ہاتھ اور جو انہوں نے کہا اس سے اُن پر لعنت کی گئی - بلکہ اللہ کے ہاتھ کشادہ ہیں، وہ خرچ کرتا ہے جیسے

يَشَاءُ ۚ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم مَّا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَانًا

يَشَاءُ	وَلَيَزِيدَنَّ	كَثِيرًا	مِنْهُم	مَّا أُنزِلَ	إِلَيْكَ	مِن	رَّبِّكَ	طُغْيَانًا
وہ چاہتا ہے	اور ضرور بڑھے گی	بہت سے	اُن سے	جو نازل کیا گیا	آپ کی طرف	سے	آپ کا رب	سرکشی

وہ چاہتا ہے اور جو آپؐ پر آپؐ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا اس سے ان میں سے بہتوں کی سرکشی ضرور بڑھے گی

وَكُفْرًا ۚ وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۚ

وَكُفْرًا	وَأَلْقَيْنَا	بَيْنَهُمُ	الْعَدَاوَةَ	وَالْبَغْضَاءَ	إِلَىٰ	يَوْمِ الْقِيَامَةِ
اور کفر	اور ہم نے ڈال دیا	ان کے اندر	دشمنی	اور بُغض (بَیر)	تک	قیامت کا دن

اور کفر، اور ہم نے ان کے اندر قیامت کے دن تک کے لئے دشمنی اور بَیر ڈال دیا ہے،

كُلَّمَا أَوْقَدُوا نَارًا لِّلْحَرْبِ أَطْفَأَهَا اللَّهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا ۚ

كُلَّمَا	أَوْقَدُوا	نَارًا	لِّلْحَرْبِ	أَطْفَأَهَا	اللَّهُ	وَيَسْعَوْنَ	فِي الْأَرْضِ	فَسَادًا
جب کبھی	بھڑکاتے ہیں	آگ	لڑائی کی	اسے بجھا دیتا ہے	اللہ	اور وہ دوڑتے ہیں	زمین (ملک) میں	فساد کرتے

وہ جب کبھی لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں اللہ اُسے بجھا دیتا ہے اور وہ ملک میں فساد کرتے ہوئے دوڑتے ہیں (فساد بپا کرتے ہیں)،

وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِينَ ﴿٦٤﴾ وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ آمَنُوا وَاتَّقَوْا

وَاللَّهُ	لَا يُحِبُّ	الْمُفْسِدِينَ	وَلَوْ	أَنَّ	أَهْلَ الْكِتَابِ	آمَنُوا	وَاتَّقَوْا
اور اللہ	پسند نہیں کرتا	فساد کرنے والے	اور اگر	بیشک	اہلِ کتاب	ایمان لاتے	اور پرہیزگاری کرتے

اور اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا - اور اگر اہلِ کتاب ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے

لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأَدْخَلْنَاهُمْ جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ أَنَّهُمْ

لَكَفَّرْنَا	عَنْهُمْ	سَيِّئَاتِهِمْ	وَ	لَأَدْخَلْنَاهُمْ	جَنَّاتِ النَّعِيمِ	وَلَوْ	أَنَّهُمْ
البتہ ہم دُور کر دیتے	ان سے	ان کی بُرائیاں	اور	ضرور ہم انہیں داخل کرتے	نعمت کے باغات	اور اگر	وہ

تو ہم البتہ ان سے اُن کی بُرائیاں دُور کر دیتے اور نعمت کے باغات میں ضرور داخل کرتے - اور اگر وہ

أَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْإِنجِيلَ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيْهِم مِّن رَّبِّهِمْ لَأَكَلُوا

أَقَامُوا	التَّوْرٰىةَ	وَالْإِنجِيلَ	وَمَآ	أُنزِلَ	إِلَيْهِم	مِن	رَّبِّهِمْ	لَأَكَلُوا
قائم رکھتے	توریت	اور انجیل	اور جو	نازل کیا گیا	اُنکی طرف (اُن پر)	سے	ان کا رب	تو وہ کھاتے

توریت اور انجیل قائم رکھتے اور جو اُن کے رب کی طرف سے اُن پر نازل کیا گیا تو وہ کھاتے

مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ ۚ مِّنْهُمْ أُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ

مِن	فَوْقِهِمْ	وَمِن	تَحْتِ	أَرْجُلِهِمْ	مِّنْهُمْ	أُمَّةٌ	مُّقْتَصِدَةٌ	وَكَثِيرٌ	مِّنْهُمْ
سے	اپنے اوپر	اور سے	نیچے	اپنے پاؤں	ان سے	ایک جماعت	سیدھی راہ پر (میانہ رو)	اور اکثر	اُن سے

اپنے اوپر سے، اور اپنے پاؤں کے نیچے سے، ان میں سے ایک جماعت میانہ رو ہے اور اُن میں سے اکثر

٩ ع ١٠ ١٣

سَآءَ مَا يَعْمَلُونَ ﴿٦٦﴾ يَٰٓأَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَآ أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ۖ وَ

سَآءَ	مَا يَعْمَلُونَ	يَٰٓأَيُّهَا	الرَّسُولُ	بَلِّغْ	مَآ أُنزِلَ	إِلَيْكَ	مِن	رَّبِّكَ	وَ
بُرا	جو وہ کرتے ہیں	اے	رسولؐ	پہنچا دو	جو نازل کیا گیا	تمہاری طرف (تم پر)	سے	تمہارا رب	اور

بُرے کام کرتے ہیں۔ اے رسولؐ! پہنچا دو جو آپؐ کے رب کی طرف سے آپؐ پر نازل کیا گیا ہے، اور

إِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ ۚ وَاللَّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ۗ إِنَّ اللَّهَ

إِن	لَّمْ تَفْعَلْ	فَمَا	بَلَّغْتَ	رِسَالَتَهُ	وَاللَّهُ	يَعْصِمُكَ	مِنَ	النَّاسِ	إِنَّ	اللَّهَ
اگر	یہ نہ کیا	تو نہیں	آپؐ نے پہنچایا	اس کا پیغام	اور اللہ	آپؐ کو بچا لے گا	سے	لوگ	بیشک	اللہ

اگر یہ نہ کیا تو (گویا) آپؐ نے اس کا پیغام نہیں پہنچایا، اور اللہ آپؐ کو لوگوں سے بچا لے گا، بیشک اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ﴿٦٧﴾ قُلْ يَٰٓأَهْلَ الْكِتَٰبِ لَسْتُمْ عَلَىٰ شَيْءٍ حَتَّىٰ

لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ	قُلْ	يَٰٓأَهْلَ الْكِتَٰبِ	لَسْتُمْ	عَلَىٰ شَيْءٍ	حَتَّىٰ
ہدایت نہیں دیتا	قوم کفار	آپ کہدیں	اے اہل کتاب	تم نہیں ہو	کسی چیز پر (کچھ بھی)	جب تک

قوم کفار کو ہدایت نہیں دیتا۔ آپؐ کہدیں، اے اہل کتاب! تم کچھ بھی نہیں ہو جب تک

تُقِيمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْإِنجِيلَ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ ۗ وَلَيَزِيدَنَّ

تُقِيمُوا	التَّوْرٰىةَ	وَالْإِنجِيلَ	وَمَآ	أُنزِلَ	إِلَيْكُم	مِن	رَّبِّكُمْ	وَلَيَزِيدَنَّ
تم قائم کرو	توریت	اور انجیل	اور جو	نازل کیا گیا	تمہاری طرف (تم پر)	سے	تمہارا رب	اور ضرور بڑھ جائے گی

تم (نہ) قائم کرو توریت اور انجیل، اور جو تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے، اور ضرور بڑھ جائے گی

كَثِيرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى

كَثِيرًا	مِّنْهُمْ	مَّآ اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	طُغْيَانًا	وَّكُفْرًا	فَلَا تَاْسَ	عَلَى
اکثر	اُن سے	جو نازل کیا گیا	آپکی طرف (آپ پر)	آپکے رب کی طرف سے	سرکشی	اور کفر	تو افسوس نہ کریں	پر

ان میں سے اکثر کی سرکشی اور کفر اس کی وجہ سے جو آپؐ پر آپؐ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے تو آپؐ افسوس نہ کریں (غم نہ کھائیں)

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَ

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	هَادُوْا	وَالصّٰبِـُٔوْنَ	وَ
قوم کفار	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور جو لوگ	یہودی ہوئے	اور صابی	اور

قوم کفار پر۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے، اور جو یہودی ہوئے، اور صابی (ستارہ پرست) اور

النَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ

النَّصٰرٰى	مَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	فَلَا خَوْفٌ
نصاریٰ	جو	ایمان لائے	اللہ پر	اور آخرت کے دن	اور اس نے عمل کئے	اچھے	تو کوئی خوف نہیں

نصاریٰ جو بھی ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن پر، اور اچھے عمل کرے تو کوئی خوف نہیں

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

عَلَيْهِمْ	وَلَا هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	لَقَدْ	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
ان پر	اور نہ وہ	غمگین ہوں گے	بیشک	ہم نے لیا	پختہ عہد	بنی اسرائیل

اُن پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ بیشک ہم نے بنی اسرائیل سے پختہ عہد لیا

وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ

وَاَرْسَلْنَا	اِلَيْهِمْ	رُسُلًا	كُلَّمَا	جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ	بِمَا	لَا تَهْوٰٓى	اَنْفُسُهُمْ
اور ہم نے بھیجے	ان کی طرف	رسول (جمع)	جب بھی	آیا انکے پاس	کوئی رسول	اسکے ساتھ جو	نہ چاہتے تھے	اُن کے دل

اور ہم نے اُن کی طرف رسول بھیجے، جب بھی اُن کے پاس کوئی رسولؐ آیا اُس (حکم) کے ساتھ جو اُن کے دل نہ چاہتے تھے

فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَ

فَرِيْقًا	كَذَّبُوْا	وَفَرِيْقًا	يَقْتُلُوْنَ	وَ	حَسِبُوْا	اَلَّا تَكُوْنَ	فِتْنَةٌ	فَعَمُوْا	وَ
ایک فریق	جھٹلایا	اور ایک فریق	قتل کر ڈالتے	اور	انہوں نے گمان کیا	کہ نہ ہوگی	کوئی خرابی	سو وہ اندھے ہوئے	اور

تو ایک فریق کو جھٹلایا اور ایک فریق کو قتل کر ڈالتے، اور انہوں نے گمان کیا کہ کوئی خرابی نہ ہوگی سو وہ اندھے ہو گئے اور

صَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ

صَمُّوْا	ثُمَّ	تَابَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	ثُمَّ	عَمُوْا	وَصَمُّوْا	كَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	وَاللّٰهُ
بہرے ہوگئے	تو	توبہ قبول کی	اللہ	ان کی	پھر	اندھے ہوگئے	اور بہرے ہوگئے	اکثر	اُن سے	اور اللہ

بہرے ہو گئے، تو اللہ نے اُن کی توبہ قبول کی، پھر ان میں سے اکثر اندھے اور بہرے ہو گئے ، سو اللہ

بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ

بَصِيْرٌ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	لَقَدْ كَفَرَ	الَّذِيْنَ قَالُوْٓا	اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْمَسِيْحُ
دیکھ رہا ہے	جو	وہ کرتے ہیں	بیشک کافر ہوئے	وہ جنہوں نے کہا	تحقیق	اللہ	وہی	مسیح ؑ

دیکھ رہا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ بیشک وہ کافر ہوئے جنہوں نے کہا تحقیق اللہ وہی ہے مسیح ؑ

ابْنُ مَرْيَمَ ؕ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ

ابْنُ مَرْيَمَ	وَقَالَ	الْمَسِيْحُ	يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	رَبِّيْ	وَ
ابن مریم	اور کہا	مسیح ؑ	اے بنی اسرائیل	عبادت کرو	اللہ	میرا رب	اور

ابن مریم ؑ ، اور مسیح ؑ نے کہا اے بنی اسرائیل! اللہ کی عبادت کرو جو میرا (بھی) رب ہے اور

رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ

رَبَّكُمْ	اِنَّهٗ	مَنْ	يُّشْرِكْ	بِاللّٰهِ	فَقَدْ حَرَّمَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِ	الْجَنَّةَ	وَمَاْوٰىهُ
تمہارا رب	بیشک وہ	جو	شریک ٹھہرائے	اللہ کا	تو تحقیق حرام کردی	اللہ	اس پر	جنّت	اور اس کا ٹھکانہ

تمہارا (بھی) رب ہے ، بیشک جو اللہ کا شریک ٹھہرائے تو تحقیق اللہ نے اس پر جنّت حرام کردی ہے اور اس کا ٹھکانا

النَّارُ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۷۲﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ

النَّارُ	وَمَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ	اَنْصَارٍ	لَقَدْ كَفَرَ	الَّذِيْنَ قَالُوْٓا	اِنَّ	اللّٰهَ
دوزخ	اور نہیں	ظالموں کے لئے	کوئی	مددگار	البتہ کافر ہوئے	وہ لوگ جنہوں نے کہا	بیشک	اللہ

دوزخ ہے اور ظالموں کے لئے کوئی مددگار نہیں - البتہ وہ لوگ کافر ہوئے جنہوں نے کہا بے شک اللہ

ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا

ثَالِثُ	ثَلٰثَةٍ	وَمَا	مِنْ	اِلٰهٍ	اِلَّآ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	وَاِنْ	لَّمْ يَنْتَهُوْا	عَمَّا
تین کا	تیسرا (ایک)	اور نہیں	کوئی	معبود	سوائے	معبود	واحد	اور اگر	وہ باز نہ آئے	اس سے جو

تین میں کا ایک ہے - اور معبودِ واحد کے سوا کوئی معبود نہیں ، اور اگر وہ اس سے باز نہ آئے

وقف لازم

يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾ اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ

يَقُوْلُوْنَ	لَيَمَسَّنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ
وہ کہتے ہیں	ضرور پہنچے گا	جنہوں نے کفر کیا	ان سے	عذاب	دردناک	پس وہ کیوں توبہ نہیں کرتے

جو وہ کہتے ہیں تو ان میں سے جنہوں نے کفر کیا انہیں ضرور دردناک عذاب پہنچے گا ۔ اور وہ توبہ کیوں نہیں کرتے ؟

اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٧٤﴾ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ

اِلَى اللّٰهِ	وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَحِيْمٌ	مَا	الْمَسِيْحُ	ابْنُ مَرْيَمَ
اللہ کی طرف (آ گے)	اور اس سے بخشش مانگتے	اور	اللہ	بخشنے والا	مہربان	نہیں	مسیحؑ	ابن مریم

اللہ کے آگے، اور اس سے (گناہوں کی بخشش کیوں) نہیں مانگتے؟ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ مسیحؑ ابن مریمؑ نہیں

اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا يَاْكُلٰنِ

اِلَّا	رَسُوْلٌ	قَدْ خَلَتْ	مِنْ قَبْلِهِ	الرُّسُلُ	وَاُمُّهٗ	صِدِّيْقَةٌ	كَانَا يَاْكُلٰنِ
مگر	رسول	گزر چکے	اس سے پہلے	رسول	اور اس کی ماں	صدیقہ (سچی - ولی)	وہ دونوں کھاتے تھے

مگر رسول (وہ صرف ایک رسول ہیں) اس سے پہلے رسول گزر چکے ہیں، اور اس کی ماں صدیقہ (سچی - ولی) ہیں، وہ دونوں

الطَّعَامَ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٧٥﴾

الطَّعَامَ	اُنْظُرْ	كَيْفَ	نُبَيِّنُ	لَهُمُ	الْاٰيٰتِ	ثُمَّ	انْظُرْ	اَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ
کھانا	دیکھو	کیسے	ہم بیان کرتے ہیں	انکے لئے	آیات (دلائل)	پھر	دیکھو	کہاں (کیسے)	اوندھے جا رہے ہیں

کھانا کھاتے تھے، دیکھو! ہم ان کے لئے کیسے دلائل بیان کرتے ہیں، پھر دیکھو یہ کیسے اوندھے جا رہے ہیں ؟

قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ؕ وَاللّٰهُ

قُلْ	اَتَعْبُدُوْنَ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	مَا	لَا يَمْلِكُ	لَكُمْ	ضَرًّا	وَّلَا نَفْعًا	وَاللّٰهُ
کہدیں	کیا تم پوجتے ہو	سے	اللہ کے سوا	جو	مالک نہیں	تمہارے لئے	نقصان	اور نہ نفع	اور اللہ

کہدیں، کیا تم اللہ کے سوا اُسے پوجتے ہو؟ جو تمہارے لئے مالک نہیں کسی نقصان کا اور نہ نفع کا، اور اللہ

هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٧٦﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ

هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	قُلْ	يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	لَا تَغْلُوْا	فِيْ	دِيْنِكُمْ	غَيْرَ الْحَقِّ
وہی	سننے والا	جاننے والا	کہدیں	اے اہل کتاب	غلو (مبالغہ) نہ کرو	میں	اپنا دین	ناحق

ہی سننے والا، جاننے والا ہے۔ کہہ دیں، اے اہل کتاب! اپنے دین میں ناحق مبالغہ نہ کرو

وَلَا تَتَّبِعُوْٓا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا

وَ	لَا تَتَّبِعُوْٓا	اَهْوَآءَ	قَوْمٍ	قَدْ ضَلُّوْا	مِنْ قَبْلُ	وَاَضَلُّوْا	كَثِيْرًا	وَّضَلُّوْا
اور	نہ پیروی کرو	خواہشات	وہ لوگ	گمراہ ہو چکے	اس سے قبل	اور انہوں نے گمراہ کیا	بہت سے	اور بھٹک گئے

اور اُن لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کرو جو اس سے قبل گمراہ ہو چکے ہیں اور انہوں نے بہت سوں کو گمراہ کیا اور (خود بھی) بہک گئے

١٠ ع ١١ ١٤

عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿٧٨﴾ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

عَنْ	سَوَآءِ	السَّبِيْلِ	لُعِنَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
سے	سیدھا	راستہ	لعنت کیے گئے (ملعون ہوئے)	جن لوگوں نے کفر کیا	سے	بنی اسرائیل

سیدھے راستہ سے ۔ بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کیا وہ ملعون ہوئے

عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا

عَلٰى	لِسَانِ	دَاوٗدَ	وَعِيْسَى	ابْنِ مَرْيَمَ	ذٰلِكَ	بِمَا	عَصَوْا	وَّكَانُوْا
پر	زبان	داؤدؑ	اور عیسیٰؑ	ابن مریم	یہ	اس لئے کہ	انہوں نے نافرمانی کی	اور وہ تھے

داؤدؑ اور عیسیٰؑ ابن مریمؑ کی زبانی ، یہ اس لئے کہ انہوں نے نافرمانی کی اور وہ

يَعْتَدُوْنَ ﴿٧٩﴾ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا

يَعْتَدُوْنَ	كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ	عَنْ	مُّنْكَرٍ	فَعَلُوْهُ	لَبِئْسَ	مَا كَانُوْا
حد سے بڑھتے	ایک دوسرے کو نہ روکتے تھے	سے	برے کام	وہ کرتے تھے	البتہ برا ہے	جو وہ تھے

حد سے بڑھتے تھے ۔ وہ ایک دوسرے کو برے کام سے جو وہ کر رہے تھے نہ روکتے تھے ، البتہ برا ہے جو وہ

يَفْعَلُوْنَ ﴿٨٠﴾ تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ

يَفْعَلُوْنَ	تَرٰى	كَثِيْرًا	مِنْهُمْ	يَتَوَلَّوْنَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَبِئْسَ	مَا قَدَّمَتْ
کرتے	آپؐ دیکھیں گے	اکثر	ان سے	دوستی کرتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	البتہ برا ہے	جو آگے بھیجا

کرتے تھے ۔ آپؐ دیکھیں گے ان میں سے اکثر کافروں سے دوستی کرتے ہیں ، البتہ برا ہے جو آگے بھیجا

لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِى الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿٨٠﴾

لَهُمْ	اَنْفُسُهُمْ	اَنْ	سَخِطَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَ	فِى الْعَذَابِ	هُمْ	خٰلِدُوْنَ
اپنے لئے	اُن کی جانیں	کہ	غضب ناک ہوا اللہ	اُن پر	اور	عذاب میں	وہ	ہمیشہ رہنے والے

خود انہوں نے اپنے لئے کہ ان پر اللہ غضبناک ہوا ، اور وہ ہمیشہ عذاب میں رہنے والے ہیں ۔

وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ

وَلَوْ	كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَالنَّبِيِّ	وَمَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْهِ	مَا	اتَّخَذُوْهُمْ
اور اگر	وہ ایمان لائے	اللہ پر	اور رسول	اور جو	نازل کیا گیا	اس کی طرف	نہ	انہیں بناتے

اور اگر (کاش) وہ اللہ اور رسول پر ایمان لے آتے اور اس پر جو اُس کی طرف نازل کیا گیا، تو اُنہیں

اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٨١﴾ لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً

اَوْلِيَآءَ	وَلٰكِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ	لَتَجِدَنَّ	اَشَدَّ	النَّاسِ	عَدَاوَةً
دوست	اور لیکن	اکثر	اُن سے	نافرمان	تم ضرور پاؤ گے	سب سے زیادہ	لوگ	دشمنی

دوست نہ بناتے لیکن ان میں سے اکثر نافرمان ہیں۔ تم سب لوگوں سے زیادہ دشمن پاؤ گے

لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ

لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	الْيَهُوْدَ	وَالَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْا	وَلَتَجِدَنَّ	اَقْرَبَهُمْ	مَوَدَّةً	لِلَّذِيْنَ
اہلِ ایمان (مسلمانوں) کے لئے		یہود	اور جن لوگوں نے شرک کیا		اور البتہ ضرور پاؤ گے	سب سے زیادہ قریب	دوستی	ان کے لئے جو

اہلِ ایمان (مسلمانوں) کا یہود کو اور مشرکوں کو، اور البتہ تم مسلمانوں کے لئے دوستی میں سب سے قریب پاؤ گے

اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ

اٰمَنُوا	الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّا	نَصٰرٰى	ذٰلِكَ	بِاَنَّ	مِنْهُمْ	قِسِّيْسِيْنَ
ایمان لائے (مسلمان)	جن لوگوں نے کہا		ہم	نصاریٰ	یہ	اس لئے کہ	ان سے	عالم

(ان لوگوں کو) جن لوگوں نے کہا ہم نصاریٰ ہیں، یہ اس لئے کہ ان میں عالم

وَّرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٨٢﴾

وَرُهْبَانًا	وَّاَنَّهُمْ	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ
اور درویش	اور یہ کہ وہ	تکبّر نہیں کرتے

اور درویش ہیں، اور یہ کہ وہ تکبّر نہیں کرتے۔

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ

وَاِذَا	سَمِعُوْا	مَآ اُنْزِلَ	اِلَى	الرَّسُوْلِ	تَرٰٓى	اَعْيُنَهُمْ	تَفِيْضُ	مِنَ الدَّمْعِ
اور جب	سنتے ہیں	جو نازل کیا گیا	طرف	رسول	تو دیکھے	اُن کی آنکھیں	بہہ پڑتی ہیں	سے آنسو

اور جب وہ سُنتے ہیں جو رسولؐ کی طرف نازل کیا گیا، تو دیکھے کہ انکی آنکھیں آنسوؤں سے بہہ پڑتی ہیں (اُبل پڑتی ہیں)

مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾

مِمَّا	عَرَفُوْا مِنَ	الْحَقِّ	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَا	اٰمَنَّا	فَاكْتُبْنَا	مَعَ	الشّٰهِدِيْنَ
اس وجہ سے	انہوں نے پہچان لیا سے کو	حق	وہ کہتے ہیں	اے ہمارے رب	ہم ایمان لائے	پس ہمیں لکھ لے	ساتھ	گواہ (جمع)

اس وجہ سے کہ اُنہوں نے حق کو پہچان لیا، وہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے پس ہمیں گواہوں (ایمان لانے والوں) کے ساتھ لکھ لے

وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا

وَمَا	لَنَا	لَا نُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَمَا	جَآءَنَا	مِنَ	الْحَقِّ	وَنَطْمَعُ	اَنْ	يُّدْخِلَنَا
اور کیا	ہم کو	ہم ایمان نہ لائیں	اللہ پر	اور جو	ہمارے پاس آیا	سے۔ پر	حق	اور ہم طمع رکھتے ہیں	کہ	ہمیں داخل کرے

اور ہم کو کیا ہوا کہ ہم ایمان نہ لائیں اللہ پر اور اس حق پر جو ہمارے پاس آیا، اور ہم طمع رکھتے ہیں کہ ہمیں داخل کرے

رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ

رَبُّنَا	مَعَ	الْقَوْمِ	الصّٰلِحِيْنَ	فَاَثَابَهُمُ	اللّٰهُ	بِمَا قَالُوْا	جَنّٰتٍ
ہمارا رب	ساتھ	قوم	نیک لوگ	پس اُن کو دیئے	اللہ	اُسکے بدلے جو انہوں نے کہا	باغات

ہمارا رب نیک لوگوں کے ساتھ۔ پس جو اُنہوں نے کہا اس کے بدلے اللہ نے اُنہیں باغات دیئے

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾

تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَذٰلِكَ	جَزَآءُ	الْمُحْسِنِيْنَ
بہتی ہیں	سے	اس کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس (ان) میں	اور یہ	جزا	نیکوکار (جمع)

جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے، اور یہ نیکوکاروں کی جزا ہے۔

ع ۱۱ ۶۹ ۱

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۸۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ	اُولٰۗىِٕكَ	اَصْحٰبُ	الْجَحِيْمِ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ
اور جو لوگ	اُنہوں نے کفر کیا	اور جھٹلایا	ہماری آیات	یہی لوگ	ساتھی (والے)	دوزخ	اے	وہ لوگ جو

اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا، یہی لوگ دوزخ والے ہیں۔ اے وہ لوگو! جو

اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا

اٰمَنُوْا	لَا تُحَرِّمُوْا	طَيِّبٰتِ	مَآ اَحَلَّ	اللّٰهُ	لَكُمْ	وَ	لَا تَعْتَدُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا
ایمان لائے	نہ حرام ٹھہراؤ	پاکیزہ چیزیں	جو حلال کیں	اللہ	تمہارے لئے	اور	حد سے نہ بڑھو	بیشک	اللہ	نہیں

ایمان لائے۔ پاکیزہ چیزیں جو اللہ نے تمہارے لئے حلال کیں وہ حرام نہ ٹھہراؤ، اور حد سے نہ بڑھو، بیشک اللہ نہیں

يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ

يُحِبُّ	الْمُعْتَدِيْنَ	وَكُلُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	حَلٰلًا	طَيِّبًا	وَّاتَّقُوا	اللّٰهَ
پسند کرتا	حد سے بڑھنے والے	اور کھاؤ	اس سے جو	تمہیں دیا	اللہ	حلال	پاکیزہ	اور ڈرو	اللہ

پسند کرتا حد سے بڑھنے والوں کو۔ اور جو اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے حلال اور پاکیزہ کھاؤ اور اللہ سے ڈرو

الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ

الَّذِيْٓ	اَنْتُمْ	بِهٖ	مُؤْمِنُوْنَ	لَا يُؤَاخِذُكُمُ	اللّٰهُ	بِاللَّغْوِ	فِيْٓ	اَيْمَانِكُمْ
وہ جس	تم	اس کو	مانتے ہو	تمہارا مواخذہ نہیں کرتا	اللہ	بیہودہ	میں۔ پر	تمہاری قسمیں

وہ جس کو تم مانتے ہو۔ اللہ تمہارا مواخذہ نہیں کرتا (نہیں پکڑتا) تمہاری بے ہودہ قسموں پر

وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ

وَلٰكِنْ	يُّؤَاخِذُكُمْ	بِمَا	عَقَّدْتُّمُ	الْاَيْمَانَ	فَكَفَّارَتُهٗٓ	اِطْعَامُ	عَشَرَةِ	مَسٰكِيْنَ
اور لیکن	مواخذہ کرتا ہے تمہارا	اس پر جو	مضبوط باندھا	قسم	سو اس کا کفارہ	کھانا کھلانا	دس	محتاج (جمع)

لیکن تمہارا مواخذہ کرتا ہے (پکڑتا ہے) جس قسم کو تم نے مضبوط باندھا (پختہ قسم پر) سو اس کا کفارہ دس محتاجوں کو کھانا کھلانا ہے

مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ؕ فَمَنْ

مِنْ	اَوْسَطِ	مَا	تُطْعِمُوْنَ	اَهْلِيْكُمْ	اَوْ كِسْوَتُهُمْ	اَوْ تَحْرِيْرُ	رَقَبَةٍ	فَمَنْ
سے۔ کا	اوسط	جو	تم کھلاتے ہو	اپنے گھر والے	یا انہیں کپڑے پہنانا	یا آزاد کرنا	ایک گردن	پس جو

اوسط (درجہ) کا، جو تم اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو، یا انہیں کپڑے پہنانا، یا ایک گردن (غلام) آزاد کرنا، پس جو

لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ وَ

لَمْ يَجِدْ	فَصِيَامُ	ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ	ذٰلِكَ	كَفَّارَةُ	اَيْمَانِكُمْ	اِذَا	حَلَفْتُمْ	وَ
نہ پائے	تو روزہ رکھے	تین دن	یہ	کفارہ	تمہاری قسمیں	جب	تم قسم کھاؤ	اور

یہ نہ پائے وہ تین دن کے روزے رکھے، یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے۔ جب تم قسم کھاؤ۔ اور

احْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾

احْفَظُوْا	اَيْمَانَكُمْ	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ
حفاظت کرو	اپنی قسمیں	اسی طرح	بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	اپنے احکام	تاکہ تم	شکر کرو

اپنی قسموں کی حفاظت کرو، اسی طرح اللہ تمہارے لئے اپنے احکام بیان کرتا ہے تاکہ تم شکر کرو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اِنَّمَا الْخَمْرُ	وَالْمَيْسِرُ	وَالْاَنْصَابُ	وَالْاَزْلَامُ	رِجْسٌ
اے	ایمان والو	اسکے سوا نہیں کہ شراب	اور جوا	اور بت	اور پانسے	ناپاک

اے ایمان والو! اس کے سوا نہیں کہ شراب، جوا اور بت اور پانسے (فال کے تیر) ناپاک ہیں

مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ

مِنْ	عَمَلِ	الشَّيْطٰنِ	فَاجْتَنِبُوْهُ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	اِنَّمَا	يُرِيْدُ	الشَّيْطٰنُ
سے	کام	شیطان	سو ان سے بچو	تاکہ تم	تم فلاح پاؤ	اس کے سوا نہیں	چاہتا ہے	شیطان

شیطانی کام ہیں، سو ان سے بچو تاکہ تم فلاح (کامیابی اور نجات) پاؤ۔ اس کے سوا نہیں کہ شیطان چاہتا ہے

اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ

اَنْ يُّوْقِعَ	بَيْنَكُمُ	الْعَدَاوَةَ	وَالْبَغْضَاۗءَ	فِي	الْخَمْرِ	وَالْمَيْسِرِ	وَيَصُدَّكُمْ
کہ ڈالے وہ	تمہارے درمیان	دشمنی	اور بیر	میں سے	شراب	اور جوا	اور تمہیں روکے

کہ وہ تمہارے درمیان شراب اور جوئے سے دشمنی ڈالے، اور تمہیں روکے

عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ

عَنْ	ذِكْرِ اللّٰهِ	وَ	عَنِ الصَّلٰوةِ	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّنْتَهُوْنَ	وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَ
سے	اللہ کی یاد	اور	نماز سے	پس کیا	تم	باز آؤ گے	اور تم اطاعت کرو	اللہ	اور

اللہ کی یاد سے، اور نماز سے، پس کیا تم باز آؤ گے؟ اور تم اطاعت کرو اللہ کی اور

اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰي رَسُوْلِنَا

اَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ	وَاحْذَرُوْا	فَاِنْ	تَوَلَّيْتُمْ	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّمَا	عَلٰي	رَسُوْلِنَا
اطاعت کرو	رسول	اور بچتے رہو	پھر اگر	تم پھر جاؤ گے	تو جان لو	صرف	پر (ذمہ)	ہمارا رسول ؐ

رسول ؐ کی، اور بچتے رہو، پھر اگر تم پھر جاؤ گے تو جان لو کہ ہمارے رسول ؐ کے ذمے صرف

الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا

الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	لَيْسَ	عَلَى	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	جُنَاحٌ	فِيْمَا
پہنچا دینا	کھول کر	نہیں	پر	جو لوگ ایمان لائے	اور اُنہوں نے عمل کئے نیک	کوئی گناہ	میں۔جو

کھول کر (واضح طور پر) پہنچا دینا ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کئے اُن پر اس میں کوئی گناہ نہیں جو

طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ

طَعِمُوْٓا	اِذَا	مَا اتَّقَوْا	وَّاٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	ثُمَّ اتَّقَوْا	وَّاٰمَنُوْا	ثُمَّ
وہ کھا چکے	جب	اُنہوں نے پرہیز کیا	اور وہ ایمان لائے	اور اُنہوں نے عمل کئے نیک	پھر وہ ڈرے	اور ایمان لائے	پھر

وہ کھا چکے جبکہ (آئندہ) انہوں نے پرہیز کیا اور ایمان لائے اور نیک عمل کئے، پھر وہ ڈرے اور ایمان لائے، پھر ۱۲

اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ ع ۷ ۲

اتَّقَوْا	وَّاَحْسَنُوْا	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ	الْمُحْسِنِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَيَبْلُوَنَّكُمُ	اللّٰهُ
وہ ڈرے	اور انہوں نے نیکوکاری کی	اور اللہ	دوست رکھتا ہے	نیکوکار (جمع)	اے	ایمان والو	ضرور تمہیں آزمائے گا	اللہ

وہ ڈرے اور انہوں نے نیکوکاری کی، اور اللہ نیکوکاروں کو دوست رکھتا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ تمہیں ضرور آزمائے گا

بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ

بِشَيْءٍ	مِّنَ	الصَّيْدِ	تَنَالُهٗٓ	اَيْدِيْكُمْ	وَرِمَاحُكُمْ	لِيَعْلَمَ اللّٰهُ	مَنْ	يَّخَافُهٗ	بِالْغَيْبِ
کچھ (کسی قدر)	سے	شکار	اس تک پہنچتے ہیں	تمہارے ہاتھ	اور تمہارے نیزے	تاکہ اللہ معلوم کرے	کون	اس سے ڈرتا ہے	بن دیکھے

کسی قدر (اُس) شکار سے جس تک تمہارے ہاتھ اور تمہارے نیزے پہنچتے ہیں، تاکہ اللہ معلوم کرے کون اس سے بن دیکھے ڈرتا ہے،

فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا

فَمَنِ	اعْتَدٰى	بَعْدَ ذٰلِكَ	فَلَهٗ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَقْتُلُوا
سو جو۔جس	زیادتی کی	اس کے بعد	سو اسکے لئے	عذاب	دردناک	اے	ایمان والو	نہ مارو

سو اس کے بعد جس نے زیادتی کی اس کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اے ایمان والو! نہ مارو

الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ

الصَّيْدَ	وَاَنْتُمْ	حُرُمٌ	وَمَنْ	قَتَلَهٗ	مِنْكُمْ	مُتَعَمِّدًا	فَجَزَاۗءٌ	مِّثْلُ	مَا قَتَلَ
شکار	جبکہ تم	حالتِ احرام میں	اور جو	اس کو مارے	تم میں سے	جان بوجھ کر	تو بدلہ	برابر	جو وہ مارے

شکار جبکہ تم حالتِ احرام میں ہو، اور تم میں سے جو اس کو جان بوجھ کر مارے تو جو وہ مارے اس کے برابر بدلہ ہے

مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًۢا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ

مِنَ النَّعَمِ	يَحْكُمُ	بِهٖ	ذَوَا عَدْلٍ	مِّنْكُمْ	هَدْيًۢا	بٰلِغَ	الْكَعْبَةِ	اَوْ كَفَّارَةٌ	طَعَامُ
مویشی سے	فیصلہ کریں	اس کا	دو معتبر	تم سے	نیاز	پہنچائے	کعبہ	یا کفّارہ	کھانا

مویشیوں میں سے، جس کا تم میں سے دو معتبر فیصلہ کریں، خانہ کعبہ نیاز پہنچائے یا (اس کا) کفّارہ ہے کھانا

مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا

مَسٰكِيْنَ	اَوْ عَدْلُ	ذٰلِكَ	صِيَامًا	لِّيَذُوْقَ	وَبَالَ اَمْرِهٖ	عَفَا اللّٰهُ	عَمَّا
محتاج (جمع)	یا برابر	اس	روزے	تاکہ چکھے	اپنے کام (کئے) کی سزا	اللہ نے معاف کیا	اس سے جو

چند محتاجوں کا، یا اس کے برابر روزے رکھنا، تاکہ وہ اپنے کئے کی سزا چکھے، اللہ نے معاف کیا جو

سَلَفَ ؕ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۹۵﴾ اُحِلَّ لَكُمْ

سَلَفَ	وَمَنْ	عَادَ	فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ	مِنْهُ	وَاللّٰهُ	عَزِيْزٌ	ذُو انْتِقَامٍ	اُحِلَّ	لَكُمْ
پہلے ہو چکا	اور جو	پھر کرے	تو اللہ بدلہ لے گا	اس سے	اور اللہ	غالب	بدلہ لینے والا	حلال کیا گیا	تمہارے لئے

پہلے ہو چکا اور جو پھر کرے تو اللہ اس سے بدلہ لے گا، اور اللہ غالب بدلہ لینے والا ہے۔ تمہارے لئے حلال کیا گیا

صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا

صَيْدُ الْبَحْرِ	وَطَعَامُهٗ	مَتَاعًا	لَّكُمْ	وَلِلسَّيَّارَةِ	وَحُرِّمَ	عَلَيْكُمْ	صَيْدُ الْبَرِّ	مَا
دریا کا شکار	اور اس کا کھانا	فائدہ	تمہارے لئے	اور مسافروں کے لئے	اور حرام کیا گیا	تم پر	جنگل کا شکار	جب تک

دریا کا شکار اور اس کا کھانا تمہارے فائدہ کے لئے ہے، اور مسافروں کے لئے اور تم پر خشکی (جنگل) کا شکار حرام کیا گیا جب تک

دُمْتُمْ حُرُمًا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۹۶﴾ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ

دُمْتُمْ	حُرُمًا	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	الَّذِيْٓ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	جَعَلَ	اللّٰهُ	الْكَعْبَةَ
تم ہو	حالتِ احرام میں	اور ڈرو	اللہ	وہ جو	اس کی طرف	تم جمع کئے جاؤ گے	بنایا	اللہ	کعبہ

تم حالتِ احرام میں ہو، اور اللہ سے ڈرو، جس کی طرف تم جمع کئے جاؤ گے۔ اللہ نے بنایا کعبہ

الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَآئِدَ ؕ

الْبَيْتَ الْحَرَامَ	قِيٰمًا	لِّلنَّاسِ	وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ	وَالْهَدْيَ	وَالْقَلَآئِدَ
احترام والا گھر	قیام کا باعث	لوگوں کے لئے	اور حرمت والے مہینے	اور قربانی	اور پٹے پڑے ہوئے جانور

احترام والا گھر، لوگوں کے لئے قیام کا باعث، اور حرمت والے مہینے اور قربانی اور گلے میں پٹہ (قربانی کی علامت) پڑے ہوئے جانور۔

ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ

ذٰلِكَ	لِتَعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَاَنَّ
یہ	تاکہ تم جان لو	کہ	اللہ	اسے معلوم ہے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور یہ کہ

یہ اس لئے ہے تاکہ تم جان لو کہ اللہ کو معلوم ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے ، اور یہ کہ

اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۹۷﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	اِعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	وَاَنَّ	اللّٰهَ
اللہ	ہر	چیز	جاننے والا	جان لو	کہ	اللہ	سخت	عذاب	اور یہ کہ	اللہ

اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے ۔ جان لو کہ اللہ سخت عذاب دینے والا ہے ، اور یہ کہ اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۸﴾ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	مَا	عَلَى الرَّسُوْلِ	اِلَّا الْبَلٰغُ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا تُبْدُوْنَ	وَمَا
بخشنے والا	مہربان	نہیں	رسول پر رسول کے ذمے	مگر پہنچا دینا	اور اللہ	وہ جانتا ہے	جو تم ظاہر کرتے ہو	اور جو

بخشنے والا مہربان ہے ۔ رسول کے ذمے صرف (پیغام) پہنچا دینا ہے اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو ، اور جو

تَكْتُمُوْنَ ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ

تَكْتُمُوْنَ	قُلْ	لَّا يَسْتَوِي	الْخَبِيْثُ	وَالطَّيِّبُ	وَلَوْ	اَعْجَبَكَ	كَثْرَةُ	الْخَبِيْثِ
تم چھپاتے ہو	کہدیجئے	برابر نہیں	ناپاک	اور پاک	خواہ	تمہیں اچھی لگے	کثرت	ناپاک

تم چھپاتے ہو ۔ کہدیجئے ! برابر نہیں ناپاک اور پاک ، خواہ تمہیں ناپاک کی کثرت اچھی لگے

ع ۱۳ ۷ ۳ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا

فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَسْـَٔلُوْا
سو ڈرو	اللہ	اے عقل والو	تاکہ تم	تم فلاح پاؤ	اے	ایمان والے	نہ پوچھو

سو اے عقل والو ! اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح (کامیابی اور نجات) پاؤ ۔ اے ایمان والو ! نہ پوچھو

عَنْ اَشْيَاۗءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ

عَنْ	اَشْيَاۗءَ	اِنْ تُبْدَ	لَكُمْ	تَسُؤْكُمْ	وَاِنْ	تَسْـَٔلُوْا	عَنْهَا	حِيْنَ	يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ
سے متعلق	چیزیں	جو ظاہر کی جائیں	تمہارے لئے	تمہیں بری لگیں	اور اگر	تم پوچھو گے	انکے متعلق	جب	نازل کیا جا رہا ہے قرآن

ان چیزوں کے متعلق جو تمہارے لئے ظاہر کی جائیں تو تمہیں بری لگیں اور اگر انکے متعلق (ایسے وقت) پوچھو گے جب قرآن نازل کیا جا رہا ہے

تُبْدَ لَكُمْ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ

تُبْدَ	لَكُمْ	عَفَا اللّٰهُ	عَنْهَا	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	حَلِيْمٌ	قَدْ سَاَلَهَا	قَوْمٌ	مِّنْ قَبْلِكُمْ
ظاہر کردی جائینگی	تمہارے لئے	اللہ نے درگزر کی	اس سے	اور اللہ	بخشنے والا	بُردبار	اس کے متعلق پوچھا	ایک قوم	تم سے قبل

تو تمہارے لئے ظاہر کردی جائیں گی، اللہ نے اس سے درگزر کی اور اللہ بخشنے والا بُردبار ہے۔ اس کے متعلق تم سے قبل ایک قوم نے پوچھا

ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا

ثُمَّ	اَصْبَحُوْا	بِهَا	كٰفِرِيْنَ	مَا جَعَلَ	اللّٰهُ	مِنْۢ بَحِيْرَةٍ	وَّلَا	سَآئِبَةٍ	وَّلَا
پھر	وہ ہوگئے	اس سے	انکار کرنے والے (منکر)	نہیں بنایا	اللہ	- بحیرہ	اور نہ	سائبہ	اور نہ

پھر وہ اس سے مُنکر ہوگئے۔ اللہ نے نہیں بنایا بحیرہ اور نہ سائبہ، اور نہ

وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَ

وَصِيْلَةٍ	وَّلَا حَامٍ	وَّلٰكِنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَ
وصیلہ	اور نہ حام	اور لیکن	جن لوگوں نے کفر کیا	وہ بہتان باندھتے ہیں	اللہ پر	جھوٹے	اور

وصیلہ اور نہ حام، لیکن جن لوگوں نے کفر کیا، وہ اللہ پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں اور

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى

اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْقِلُوْنَ	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	تَعَالَوْا	اِلٰى	مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	وَاِلَى
ان کے اکثر	نہیں رکھتے عقل	اور جب	کہا جائے	ان سے	آؤ تم	طرف	جو	اللہ نے نازل کیا	اور طرف

ان کے اکثر عقل نہیں رکھتے۔ اور جب اُن سے کہا جائے آؤ اس کی طرف جو اللہ نے نازل کیا، اور

الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا

الرَّسُوْلِ	قَالُوْا	حَسْبُنَا	مَا وَجَدْنَا	عَلَيْهِ	اٰبَآءَنَا	اَوَلَوْ كَانَ	اٰبَآؤُهُمْ	لَا
رسول	وہ کہتے ہیں	ہمارے لئے کافی	جو ہم نے پایا	اس پر	اپنے باپ دادا	کیا خواہ ہوں	ان کے باپ دادا	نہ

رسولؐ کی طرف (تو) وہ کہتے ہیں ہمارے لئے وہ کافی ہے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا تو کیا (اس صورت میں بھی کہ) انکے باپ دادا

يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ

يَعْلَمُوْنَ	شَيْـًٔا	وَّلَا يَهْتَدُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	عَلَيْكُمْ	اَنْفُسَكُمْ
جانتے	کچھ	اور نہ ہدایت یافتہ ہوں	اے	ایمان والے	تم پر	اپنی جانیں

کچھ نہ جانتے ہوں اور نہ ہدایت یافتہ ہوں۔ اے ایمان والو! تم پر اپنی جانوں (کا فکر لازم) ہے،

لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا

لَا يَضُرُّكُمْ	مَنْ	ضَلَّ	اِذَا	اهْتَدَيْتُمْ	اِلَى اللّٰهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا
نہ نقصان پہنچائے گا	جو	گمراہ ہوا	جب	ہدایت پر ہو	اللہ کی طرف	تمہیں لوٹنا ہے	سب	پھر وہ تمہیں جتلائے گا	جو

جب تم ہدایت پر ہو تو جو گمراہ ہوا تمہیں نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ تم سب کو اللہ کی طرف لوٹنا ہے، پھر وہ تمہیں جتلا دے گا جو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	شَهَادَةُ	بَيْنِكُمْ	اِذَا	حَضَرَ	اَحَدَكُمُ	الْمَوْتُ
تم کرتے تھے	اے	ایمان والے	گواہی	تمہارے درمیان	جب	آئے	تم میں سے کسی کو	موت

تم کرتے تھے۔ اے ایمان والو! تمہارے درمیان گواہی (کا طریقہ یہ ہے) کہ جب تم میں سے کسی کو موت آئے

حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ

حِيْنَ	الْوَصِيَّةِ	اثْنٰنِ	ذَوَا عَدْلٍ	مِّنْكُمْ	اَوْ	اٰخَرٰنِ	مِنْ	غَيْرِكُمْ	اِنْ	اَنْتُمْ
وقت	وصیت	دو	انصاف والے (معتبر)	تم سے	یا	اور دو	سے	تمہارے سوا	اگر	تم

وصیت کے وقت تم میں سے دو معتبر شخص ہوں یا تمہارے سوا دو اور، اگر تم

ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ

ضَرَبْتُمْ + فِى الْاَرْضِ	فَاَصَابَتْكُمْ	مُّصِيْبَةُ	الْمَوْتِ	تَحْبِسُوْنَهُمَا	مِنْۢ بَعْدِ
سفر کر رہے ہو + زمین میں	پھر تمہیں پہنچے	مصیبت	موت	ان دونوں کو روک لو	بعد

زمین میں سفر کر رہے ہو، پھر تمہیں موت کی مصیبت پہنچے، ان دونوں کو روک لو

الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِىْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ

الصَّلٰوةِ	فَيُقْسِمٰنِ	بِاللّٰهِ	اِنِ	ارْتَبْتُمْ	لَا نَشْتَرِىْ	بِهٖ	ثَمَنًا	وَلَوْ كَانَ	ذَا قُرْبٰى
نماز	دونوں قسم کھائیں	اللہ کی	اگر	تمہیں شک ہو	ہم مول نہیں لیتے	اسکے عوض	کوئی قیمت	خواہ ہوں	رشتہ دار

نماز کے بعد اگر تمہیں شک ہو تو دونوں اللہ کی قسم کھائیں کہ ہم اس کے عوض کوئی قیمت مول نہیں لیتے خواہ رشتہ دار ہوں،

وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّاۤ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰۤى اَنَّهُمَا

وَلَا نَكْتُمُ	شَهَادَةَ	اللّٰهِ	اِنَّا	اِذًا	لَمِنَ	الْاٰثِمِيْنَ	فَاِنْ	عُثِرَ	عَلٰى	اَنَّهُمَا
اور ہم نہیں چھپاتے	گواہی	اللہ	بیشک ہم	اس وقت	سے	گنہ گاروں	پھر اگر	خبر ہو جائے	اس پر	کہ وہ دونوں

اور ہم اللہ کی گواہی نہیں چھپاتے (ورنہ) ہم بیشک گنہگاروں میں سے ہیں۔ پھر اگر اس کی خبر ہو جائے کہ وہ دونوں

اسْتَحَقَّآ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ

اسْتَحَقَّا	اِثْمًا	فَاٰخَرٰنِ	يَقُوْمٰنِ	مَقَامَهُمَا	مِنَ	الَّذِيْنَ	اسْتَحَقَّ	عَلَيْهِمُ	الْاَوْلَيٰنِ
دونوں سزاوار ہوئے	گناہ	تو دو اور	کھڑے ہوں	ان کی جگہ	سے	وہ لوگ	حق مارنا چاہا	اُن پر	سب سے زیادہ قریب

گناہ کے سزاوار ہوئے، ہیں تو ان کی جگہ ان میں سے دو اور کھڑے ہوں جن کا حق مارنا چاہا جو سب سے زیادہ (میت کے) قریب ہوں

فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۖ اِنَّآ اِذًا

فَيُقْسِمٰنِ	بِاللّٰهِ	لَشَهَادَتُنَا	اَحَقُّ	مِنْ	شَهَادَتِهِمَا	وَمَا	اعْتَدَيْنَا	اِنَّا	اِذًا
پھر وہ قسم کھائیں	اللہ کی	کہ ہماری گواہی	زیادہ صحیح	سے	ان دونوں کی گواہی	اور نہیں	ہم نے زیادتی کی	بیشک ہم	اس صورت میں

پھر وہ اللہ کی قسم کھائیں کہ ہماری گواہی ان دونوں کی گواہی سے زیادہ صحیح ہے اور ہم نے زیادتی نہیں کی (ورنہ) اس صورت میں ہم بیشک

لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ

لَمِنَ	الظّٰلِمِيْنَ	ذٰلِكَ	اَدْنٰٓى	اَنْ	يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ	عَلٰى	وَجْهِهَآ	اَوْ
البتہ۔ سے	ظالم (جمع)	یہ	زیادہ قریب	کہ	وہ لائیں (ادا کریں) گواہی	پر	اس کا رُخ (صحیح طریقہ)	یا

ظالموں میں سے ہوں گے۔ یہ قریب تر ہے کہ وہ گواہی اس کے صحیح طریقہ پر ادا کریں، یا

يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۗ وَاللّٰهُ لَا

يَخَافُوْا	اَنْ تُرَدَّ	اَيْمَانٌ	بَعْدَ	اَيْمَانِهِمْ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاسْمَعُوْا	وَاللّٰهُ	لَا
وہ ڈریں	کہ رد کردی جائے گی	قسم	بعد	اُن کی قسم	اور ڈرو	اللہ	اور سنو	اور اللہ	نہیں

وہ ڈریں کہ (ہماری) قسم اُن کی قسم کے بعد رد کردی جائے گی، اور اللہ سے ڈرو اور سنو اور اللہ نہیں

۱۴ ع ۸ ۴

يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ۗ

يَهْدِى	الْقَوْمَ	الْفٰسِقِيْنَ	يَوْمَ	يَجْمَعُ	اللّٰهُ	الرُّسُلَ	فَيَقُوْلُ	مَاذَا	اُجِبْتُمْ
ہدایت دیتا	قوم	نافرمان (جمع)	دن	جمع کرے گا	اللہ	رسول (جمع)	پھر کہے گا	کیا	تمہیں جواب ملا

ہدایت دیتا نافرمان قوم کو۔ اللہ جس دن رسولوں کو جمع کرے گا، پھر کہے گا تمہیں کیا جواب ملا تھا؟

قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۗ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۰۹﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى

قَالُوْا	لَا عِلْمَ	لَنَا	اِنَّكَ	اَنْتَ	عَلَّامُ	الْغُيُوْبِ	اِذْ قَالَ	اللّٰهُ	يٰعِيْسَى
وہ کہیں گے	نہیں خبر	ہمیں	بیشک تو	تُو	جاننے والا	چھپی باتیں	جب کہا	اللہ	اے عیسیٰ ؑ

وہ کہیں گے ہمیں خبر نہیں، بیشک تُو چھپی باتوں کو جاننے والا ہے۔ جب اللہ نے کہا اے عیسیٰ ؑ!

ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ قف

ابْنَ مَرْيَمَ	اذْكُرْ	نِعْمَتِيْ	عَلَيْكَ	وَ	عَلٰى	وَالِدَتِكَ	اِذْ اَيَّدْتُّكَ	بِرُوْحِ الْقُدُسِ
ابنِ مریم	یاد کر	میری نعمت	تجھ (آپ) پر	اور	پر	تیری (اپنی) والدہ	جب میں نے تیری مدد کی	روح پاک

ابنِ مریمؑ! میری نعمت اپنے اوپر اور اپنی والدہ پر یاد کرو جب میں نے روح پاک (جبرئیلؑ) سے تمہاری مدد کی،

تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ

تُكَلِّمُ	النَّاسَ	فِي الْمَهْدِ	وَكَهْلًا	وَاِذْ	عَلَّمْتُكَ	الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَالتَّوْرٰىةَ
تو باتیں کرتا تھا	لوگ	پنگھوڑہ میں	اور بڑھاپا	اور جب	تجھے سکھائی	کتاب	اور حکمت	اور توریت

تم لوگوں سے پنگھوڑہ میں اور بڑھاپے میں باتیں کرتے تھے، اور جب میں نے تمہیں سکھائی کتاب اور حکمت اور توریت

وَالْاِنْجِيْلَ ۚ وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ

وَالْاِنْجِيْلَ	وَاِذْ	تَخْلُقُ	مِنَ	الطِّيْنِ	كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ	بِاِذْنِيْ	فَتَنْفُخُ فِيْهَا	فَتَكُوْنُ
اور انجیل	اور جب	تو بناتا تھا	سے	مٹی	پرندہ کی صورت	میرے حکم سے	پھر پھونک مارتا تھا اس میں	تو وہ ہو جاتا

اور انجیل اور جب تم میرے حکم سے مٹی سے پرندہ کی صورت بناتے تھے، پھر اس میں پھونک مارتے تھے تو وہ ہو جاتا

طَيْرًا بِاِذْنِيْ وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ

طَيْرًا	بِاِذْنِيْ	وَتُبْرِئُ	الْاَكْمَهَ	وَالْاَبْرَصَ	بِاِذْنِيْ	وَاِذْ	تُخْرِجُ	الْمَوْتٰى	بِاِذْنِيْ
اڑنے والا	میرے حکم سے	اور شفا دیتا	مادرزاد اندھا	اور کوڑھی	میرے حکم سے	اور جب	نکال کھڑا کرتا	مُردہ	میرے حکم سے

میرے حکم سے اڑنے والا، اور تم مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو میرے حکم سے شفا دیتے تھے، اور جب تم (قبر سے) مُردہ کو میرے حکم سے نکال کھڑا کرتے تھے

وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وَاِذْ	كَفَفْتُ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	عَنْكَ	اِذْ جِئْتَهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
اور جب	میں نے روکا	بنی اسرائیل	تجھ سے	جب تو ان کے پاس آیا	نشانیوں کے ساتھ	تو کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)

اور جب میں نے بنی اسرائیل کو تم سے روکا، جب تم کھلی نشانیوں کے ساتھ اُن کے پاس آئے تو کافروں نے ان میں سے کہا

مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۰﴾ وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ

مِنْهُمْ	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	وَاِذْ	اَوْحَيْتُ	اِلَى	الْحَوَارِيّٖنَ	اَنْ
اُن سے	نہیں	یہ	مگر (صرف)	جادو	کھلا	اور جب	میں نے دل میں ڈال دیا	طرف	حواری (جمع)	کہ

یہ صرف کھلا جادو ہے۔ اور جب میں نے حواریوں کے دل میں ڈال دیا کہ

اٰمِنُوْا بِیْ وَبِرَسُوْلِیْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ اِذْ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ

اٰمِنُوْا بِیْ	وَبِرَسُوْلِیْ	قَالُوْا	اٰمَنَّا	وَاشْهَدْ	بِاَنَّنَا	مُسْلِمُوْنَ	اِذْ قَالَ	الْحَوَارِیُّوْنَ
ایمان لاؤ مجھ پر	اور میرے رسولؑ پر	انہوں نے کہا	ہم ایمان لائے	اور آپ گواہ رہیں	کہ بیشک ہم	فرمانبردار	جب کہا	حواری (جمع)

مجھ پر اور میرے رسولؑ پر ایمان لاؤ، انہوں نے کہا ہم ایمان لائے اور آپ گواہ رہیں بیشک ہم فرمانبردار ہیں۔ جب حواریوں نے کہا

یٰعِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ هَلْ یَسْتَطِیْعُ رَبُّكَ اَنْ یُّنَزِّلَ عَلَیْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ

یٰعِیْسَی	ابْنَ مَرْیَمَ	هَلْ	یَسْتَطِیْعُ	رَبُّكَ	اَنْ	یُّنَزِّلَ	عَلَیْنَا	مَآئِدَةً	مِّنَ	السَّمَآءِ
اے عیسیٰؑ	ابن مریم	کیا	کر سکتا ہے	تمہارا رب	کہ وہ	اتارے	ہم پر	خوان	سے	آسمان

اے عیسیٰؑ ابن مریمؑ! کیا تیرا رب یہ کر سکتا ہے کہ ہم پر آسمان سے خوان اتارے؟

قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا نُرِیْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَ

قَالَ	اتَّقُوا اللّٰهَ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِیْنَ	قَالُوْا	نُرِیْدُ	اَنْ	نَّاْكُلَ	مِنْهَا	وَ
اس نے کہا	اللہ سے ڈرو	اگر	تم ہو	مومن (جمع)	انہوں نے کہا	ہم چاہتے ہیں	کہ	ہم کھائیں	اس سے	اور

مُتَشَابِهًا	وَّ	غَيْرَ مُتَشَابِهٍ	كُلُوْا	مِنْ	ثَمَرِهٖٓ	اِذَآ	اَثْمَرَ	وَاٰتُوْا	حَقَّهٗ	يَوْمَ حَصَادِهٖ
مشابہ (ملتے جلتے)	اور	غیر مشابہ (جُدا جُدا)	کھاؤ	سے	اس کے پھل	جب	وہ پھل لائے	اور ادا کرو	اس کا حق	اس کے کاٹنے کے دن

ملتے جلتے اور جُدا جُدا، جب وہ پھل لائے تو اس کے پھل کھاؤ، اور اس کے کاٹنے کے دن اس کا حق (عُشر) ادا کردو

وَلَا تُسْرِفُوْا ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۝۱۴۱ وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ۭ

وَلَا تُسْرِفُوْا	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ	الْمُسْرِفِيْنَ	وَ	مِنَ	الْاَنْعَامِ	حَمُوْلَةً	وَّفَرْشًا
اور بیجا خرچ نہ کرو	بیشک وہ	پسند نہیں کرتا	بیجا خرچ کرنے والے	اور	سے	چوپائے	بار بردار (بڑے بڑے)	اور زمین سے لگے ہوئے

اور بیجا خرچ نہ کرو، بیشک اللہ بیجا خرچ کرنیوالوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور چوپایوں میں سے (پیدا کئے) بار بردار (بڑے بڑے) اور زمین پر لگے ہوئے (چھوٹے چھوٹے)

كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۱۴۲

كُلُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	وَ	لَا تَتَّبِعُوْا	خُطُوٰتِ	الشَّيْطٰنِ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ
کھاؤ	اس سے جو	دیا تمہیں	اللہ	اور	نہ پیروی کرو	قدم (جمع)	شیطان	بیشک وہ	تمہارا	دشمن	کھلا

جو اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے کھاؤ، اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ

ثَمٰنِيَةَ	اَزْوَاجٍ	مِنَ	الضَّاْنِ	اثْنَيْنِ	وَ	مِنَ	الْمَعْزِ	اثْنَيْنِ	قُلْ	ءٰٓالذَّكَرَيْنِ
آٹھ	جوڑے	سے	بھیڑ	دو	اور	سے	بکری	دو	پوچھیں	کیا دونوں نر

آٹھ جوڑے (نر اور مادہ پیدا کئے) دو بھیڑ سے اور دو بکری سے، آپ پوچھیں کیا (اللہ نے) دونوں نر

حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ

حَرَّمَ	اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ	اَمَّا	اشْتَمَلَتْ	عَلَيْهِ	اَرْحَامُ	الْاُنْثَيَيْنِ	نَبِّـُٔوْنِيْ	بِعِلْمٍ
حرام کئے	یا دونوں مادہ	یا جو	لپٹ رہا ہو	اس پر	رحم (جمع)	دونوں مادہ	مجھے بتاؤ	کسی علم سے

حرام کئے ہیں یا دونوں مادہ؟ یا وہ جو دونوں مادہ کے رحموں میں لپٹا ہوا ہو (ابھی پیٹ میں) ہو؟ مجھے کسی علم سے بتاؤ

إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٤٣﴾ وَمِنَ الْإِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ

إِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	وَ	مِنَ	الْإِبِلِ	اثْنَيْنِ	وَ مِنَ	الْبَقَرِ	اثْنَيْنِ	قُلْ
اگر	تم	سچے	اور	سے	اُونٹ	دو	اور سے	گائے	دو	آپ پوچھیں

اگر تم سچے ہو- اور دو اونٹ سے ، اور دو گائے سے (پیدا کئے) ، آپ پوچھیں

آٰلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنْثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنْثَيَيْنِ ۗ

آٰلذَّكَرَيْنِ	حَرَّمَ	أَمِ	الْأُنْثَيَيْنِ	أَمَّا	اشْتَمَلَتْ	عَلَيْهِ	أَرْحَامُ	الْأُنْثَيَيْنِ
کیا دونوں نر	اس نے حرام کئے	یا	دونوں مادہ	یا جو	لپٹ رہا ہو	اس پر	رحم (جمع)	دونوں مادہ

کیا اللہ نے دونوں نر حرام کئے ہیں ؟ یا دونوں مادہ ؟ یا جو دونوں کے رحموں میں لپٹا ہوا ہو (ابھی پیٹ میں ہو) ؟

أَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ إِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ

أَمْ	كُنْتُمْ	شُهَدَآءَ	إِذْ	وَصّٰىكُمُ	اللّٰهُ	بِهٰذَا	فَمَنْ	أَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ
کیا	تم تھے	موجود	جب	تمہیں حکم دیا	اللہ	اس	پس کون	بڑا ظالم	اس سے جو	بہتان باندھے	اللہ پر

کیا تم (اس وقت) موجود تھے جب اللہ نے تمہیں اس کا حکم دیا تھا؟ پس اس سے بڑا ظالم کون ہے جو اللہ پر بہتان باندھے

ع ۱۷ ۴ ۴

كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٤﴾ ع

كَذِبًا	لِّيُضِلَّ	النَّاسَ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ	إِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ
جھوٹ	تاکہ گمراہ کرے	لوگ	بغیر	علم	بیشک	اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ	ظلم کرنے والے

جھوٹ ، تاکہ لوگوں کو علم کے بغیر (جہالت سے) گمراہ کرے ، بیشک اللہ ظلم کرنے والے لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا-

قُلْ لَّآ أَجِدُ فِيْ مَآ أُوْحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ إِلَّآ أَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً

قُلْ	لَّآ أَجِدُ	فِيْ	مَآ أُوْحِيَ	إِلَيَّ	مُحَرَّمًا	عَلٰى	طَاعِمٍ	يَّطْعَمُهٗٓ	إِلَّآ	أَنْ يَّكُوْنَ	مَيْتَةً
فرما دیجئے	میں نہیں پاتا	میں	جو وحی کی گئی	میری طرف	حرام	پر	کوئی کھانے والا	اس کو کھائے	مگر	یہ کہ ہو	مُردار

آپ فرما دیجئے ، جو وحی میری طرف کی گئی ہے اس میں کسی کھانے والے پر میں کوئی کھانا حرام نہیں پاتا ، مگر یہ کہ وہ مُردار ہو

أَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا أَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَإِنَّهٗ رِجْسٌ أَوْ فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ

أَوْ دَمًا	مَّسْفُوْحًا	أَوْ لَحْمَ	خِنْزِيْرٍ	فَإِنَّهٗ	رِجْسٌ	أَوْ فِسْقًا	أُهِلَّ	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ
یا خون	بہتا ہوا	یا گوشت	سُوَر	پس وہ	ناپاک	یا گناہ کی چیز	پکارا گیا	غیر اللہ کا نام	اس پر

یا بہتا ہوا خون ، یا سُوَر کا گوشت ، پس وہ ناپاک ہے یا گناہ کا (ناجائز ذبیحہ) جس پر غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٤٥﴾ وَعَلَى الَّذِينَ

فَمَنِ	اضْطُرَّ	غَيْرَ بَاغٍ	وَلَا عَادٍ	فَإِنَّ	رَبَّكَ	غَفُورٌ	رَحِيمٌ	وَعَلَى	الَّذِينَ
پس جو	لاچار ہو جائے	نہ نافرمانی کرنیوالا	اور نہ سرکش	تو بیشک	تیرا رب	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور پر	وہ جو کہ

پس جو لاچار ہو جائے، نہ نافرمانی کرنے والا ہو اور نہ سرکش ہو تو بیشک تیرا رب بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور اُن لوگوں پر جو

هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا

هَادُوا	حَرَّمْنَا	كُلَّ	ذِي ظُفُرٍ	وَ مِنَ الْبَقَرِ	وَالْغَنَمِ	حَرَّمْنَا	عَلَيْهِمْ	شُحُومَهُمَا
یہودی ہوئے	ہم نے حرام کر دیا	ہر ایک	ناخن والا جانور	اور گائے سے	اور بکری	ہم نے حرام کر دی	اُن پر	اُن کی چربیاں

یہودی ہوئے، ہم نے حرام کر دیا ہر ناخن والا جانور، اور ہم نے گائے بکریوں میں سے دونوں کی چربی اُن پر حرام کر دی،

إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۚ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُمْ

إِلَّا	مَا حَمَلَتْ	ظُهُورُهُمَا	أَوِ الْحَوَايَا	أَوْ	مَا اخْتَلَطَ	بِعَظْمٍ	ذَٰلِكَ	جَزَيْنَاهُمْ
سوائے	جو اٹھاتی ہو (لگی ہو)	ان کی پیٹھ (جمع)	یا انتڑیاں	یا	جو ملی ہو	ہڈی سے	یہ	ہم نے ان کو بدلہ دیا

سوائے اُس کے جو اُن کی پیٹھ یا انتڑیوں سے لگی ہو یا ہڈیوں کے ساتھ ملی ہو، یہ ہم نے ان کو بدلہ دیا

بِبَغْيِهِمْ ۖ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ﴿١٤٦﴾ فَإِنْ كَذَّبُوكَ فَقُلْ رَبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَاسِعَةٍ ۚ

بِبَغْيِهِمْ	وَإِنَّا	لَصَادِقُونَ	فَإِنْ	كَذَّبُوكَ	فَقُلْ	رَبُّكُمْ	ذُو رَحْمَةٍ	وَاسِعَةٍ
ان کی سرکشی کا	اور بیشک ہم	سچے ہیں	پس اگر	آپ کو جھٹلائیں	تو کہہ دیں آپ	تمہارا رب	رحمت والا	وسیع

ان کی سرکشی کا، اور بیشک ہم سچے ہیں۔ پس اگر وہ آپ ﷺ کو جھٹلائیں تو آپ ﷺ کہہ دیں تمہارا رب وسیع رحمت والا ہے،

وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ ﴿١٤٧﴾ سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ

وَلَا يُرَدُّ	بَأْسُهُ	عَنِ	الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ	سَيَقُولُ	الَّذِينَ + أَشْرَكُوا	لَوْ
اور ٹالا نہیں جاتا	اس کا عذاب	سے	مجرموں کی قوم	جلد کہیں گے	جن لوگوں نے شرک کیا (مشرک)	اگر

اور اس کا عذاب مجرموں کی قوم سے ٹالا نہیں جاتا۔ مشرک جلد کہیں گے کہ اگر

شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ

شَاءَ اللَّهُ	مَا أَشْرَكْنَا	وَلَا	آبَاؤُنَا	وَلَا	حَرَّمْنَا	مِنْ شَيْءٍ	كَذَٰلِكَ	كَذَّبَ
چاہتا اللہ	ہم شرک نہ کرتے	اور نہ	ہمارے باپ دادا	اور نہ	ہم حرام ٹھہراتے	کوئی چیز	اسی طرح	جھٹلایا

اللہ چاہتا تو نہ ہم شرک کرتے، نہ ہمارے باپ دادا، اور نہ ہم کوئی چیز حرام ٹھہراتے اسی طرح (اُن لوگوں نے) جھٹلایا

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ

الَّذِيْنَ	مِنْ	قَبْلِهِمْ	حَتّٰى	ذَاقُوْا	بَاْسَنَا	قُلْ	هَلْ	عِنْدَكُمْ	مِّنْ + عِلْمٍ
جو لوگ	ان سے	پہلے	یہاں تک کہ	انہوں نے چکھا	ہمارا عذاب	فرما دیجئے	کیا	تمہارے پاس	کوئی علم (یقینی بات)

جو اُن سے پہلے تھے، یہاں تک کہ انہوں نے ہمارا عذاب چکھا، آپؐ فرما دیجئے کیا تمہارے پاس کوئی یقینی بات ہے؟

فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿١٤٨﴾

فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا	اِنْ	تَتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَاِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	تَخْرُصُوْنَ
تو اسکو نکالو (ظاہر کرو) ہمارے لئے	نہیں	تم پیچھے چلتے ہو	مگر (صرف)	گمان	اور اگر (وہ) نہیں	تم	صرف	اٹکل چلاتے ہو

تو اس کو ہمارے سامنے ظاہر کرو، تم صرف گمان کے پیچھے چلتے ہو، اور تم صرف اٹکل چلاتے ہو۔

قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٤٩﴾ قُلْ هَلُمَّ

قُلْ	فَلِلّٰهِ	الْحُجَّةُ	الْبَالِغَةُ	فَلَوْ شَآءَ	لَهَدٰىكُمْ	اَجْمَعِيْنَ	قُلْ	هَلُمَّ
فرما دیں	اللہ ہی کے لئے	حجت	پوری	پس اگر وہ چاہتا	تو تمہیں ہدایت دیتا	سب کو	فرما دیں	تم لاؤ

آپؐ فرما دیں اللہ ہی کی حجت پوری (غالب) ہے، پس اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دے دیتا۔ آپؐ فرما دیں لاؤ

شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا

شُهَدَآءَكُمُ	الَّذِيْنَ	يَشْهَدُوْنَ	اَنَّ	اللّٰهَ	حَرَّمَ	هٰذَا	فَاِنْ	شَهِدُوْا
اپنے گواہ	جو	گواہی دیں	کہ	اللہ	حرام کیا	یہ	پھر اگر	وہ گواہی دیں

اپنے گواہ، جو گواہی دیں کہ اللہ نے یہ حرام کیا ہے، پھر اگر وہ گواہی دے دیں

فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا

فَلَا تَشْهَدْ	مَعَهُمْ	وَلَا تَتَّبِعْ	اَهْوَآءَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَالَّذِيْنَ	لَا
تو تم گواہی نہ دینا	ان کے ساتھ	اور نہ پیروی کرنا	خواہشات	جو لوگ	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور جو لوگ	نہیں

تو بھی تم اُن کے ساتھ گواہی نہ دینا اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کرنا جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، اور وہ لوگ جو

١٨ ع ٦ ٥

يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿١٥٠﴾ قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ

يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	وَهُمْ	بِرَبِّهِمْ	يَعْدِلُوْنَ	قُلْ	تَعَالَوْا	اَتْلُ	مَا حَرَّمَ
ایمان لاتے ہیں	آخرت پر	اور وہ	اپنے رب کے برابر	ٹھہراتے ہیں	فرما دیں	آؤ	میں پڑھ کر سناؤں	جو حرام کیا

آخرت پر ایمان نہیں لاتے اور وہ (معبودانِ باطل کو) اپنے رب کے برابر ٹھہراتے ہیں۔ آپؐ فرما دیں آؤ میں پڑھ کر سناؤں جو حرام کیا ہے

رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا

رَبُّكُمْ	عَلَيْكُمْ	اَلَّا تُشْرِكُوْا	بِهٖ	شَيْـًٔا	وَبِالْوَالِدَيْنِ	اِحْسَانًا	وَلَا تَقْتُلُوْٓا
تمہارا رب	تم پر	کہ نہ شریک ٹھہراؤ	اس کے ساتھ	کچھ-کوئی	اور والدین کے ساتھ	نیک سلوک	اور نہ قتل کرو

تم پر تمہارے رب نے، کہ اس کے ساتھ شریک نہ ٹھہراؤ، اور والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو، اور قتل نہ کرو

اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ

اَوْلَادَكُمْ	مِّنْ	اِمْلَاقٍ	نَحْنُ	نَرْزُقُكُمْ	وَاِيَّاهُمْ	وَلَا تَقْرَبُوا	الْفَوَاحِشَ
اپنی اولاد	سے	مفلس	ہم	تمہیں رزق دیتے ہیں	اور ان کو	اور قریب نہ جاؤ تم	بے حیائی (جمع)

اپنی اولاد کو مفلسی (کے ڈر) سے، ہم تمہیں رزق دیتے ہیں اور ان کو (بھی)، اور تم بے حیائیوں کے قریب نہ جاؤ،

مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ

مَا ظَهَرَ	مِنْهَا	وَمَا	بَطَنَ	وَلَا تَقْتُلُوا	النَّفْسَ	الَّتِيْ	حَرَّمَ	اللّٰهُ	اِلَّا بِالْحَقِّ
جو ظاہر ہو	اس سے (ان میں)	اور جو	چھپی ہو	اور نہ قتل کرو	جان	جو-جس	حرمت دی	اللہ	مگر حق پر

جو اُن میں کھلی ہو اور جو چھپی ہو، اور جس جان کو اللہ نے حرمت دی ہے اسے قتل نہ کرو، مگر حق پر،

ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ

ذٰلِكُمْ	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	وَلَا تَقْرَبُوْا	مَالَ	الْيَتِيْمِ	اِلَّا	بِالَّتِيْ
یہ	تمہیں حکم دیا ہے	اس کا	تاکہ تم	عقل سے کام لو (سمجھو)	اور قریب نہ جاؤ	مال	یتیم	مگر	ایسے جو

یہ تمہیں اس کا حکم دیا ہے تاکہ تم سمجھو۔ اور یتیم کے مال کے قریب نہ جاؤ، مگر اس طرح کہ

هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ

هِيَ	اَحْسَنُ	حَتّٰى	يَبْلُغَ	اَشُدَّهٗ	وَاَوْفُوا	الْكَيْلَ	وَالْمِيْزَانَ	بِالْقِسْطِ
وہ	بہترین	یہاں تک کہ	پہنچ جائے	اپنی جوانی	اور پورا کرو	ماپ	اور تول	انصاف کے ساتھ

وہ بہترین ہو، یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے، اور انصاف کے ساتھ ماپ تول پورا کرو،

لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَ

لَا نُكَلِّفُ	نَفْسًا	اِلَّا	وُسْعَهَا	وَاِذَا	قُلْتُمْ	فَاعْدِلُوْا	وَلَوْ كَانَ	ذَا قُرْبٰى	وَ
ہم تکلیف نہیں دیتے	کسی کو	مگر	اس کی وسعت (مقدور)	اور جب	تم بات کرو	تو انصاف کرو	خواہ ہو	رشتہ دار	اور

ہم کسی کو تکلیف نہیں دیتے (بوجھ نہیں ڈالتے) مگر اسکے مقدور کے مطابق، اور جب تم بات کرو تو انصاف کی کرو، خواہ رشتہ دار (کا معاملہ) ہو۔ اور

بِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَاَنَّ هٰذَا

بِعَهْدِ	اللّٰهِ	اَوْفُوْا	ذٰلِكُمْ	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ	وَاَنَّ	هٰذَا
عہد	اللہ	پورا کرو	یہ	اس نے تمہیں حکم دیا	اس کا	تاکہ تم	نصیحت پکڑو	اور یہ کہ	یہ

اللہ کا عہد پورا کرو، اس نے تمہیں یہ حکم دیا ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو۔ اور یہ کہ یہ

صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِیْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ

صِرَاطِیْ	مُسْتَقِیْمًا	فَاتَّبِعُوْهُ	وَلَا تَتَّبِعُوا	السُّبُلَ	فَتَفَرَّقَ	بِكُمْ	عَنْ	سَبِیْلِهٖ	ذٰلِكُمْ
یہ راستہ	سیدھا	پس اس پر چلو	اور نہ چلو	راستے	پس جدا کردیں	تمہیں	سے	اس کا راستہ	یہ

میرا راستہ سیدھا ہے، پس اس پر چلو اور دوسرے راستوں پر نہ چلو کہ وہ تمہیں اس راستہ سے جدا کر دیں گے

وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اٰتَیْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِیْۤ

وَصّٰىكُمْ بِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ	ثُمَّ اٰتَیْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	تَمَامًا	عَلَى	الَّذِیْۤ
حکم دیا اس کا	تاکہ تم	پرہیزگاری اختیار کرو	پھر ہم نے دی	موسیٰؑ	کتاب	نعمت پوری کرنے کو	پر	جو

اس نے تمہیں اس کا حکم دیا تاکہ تم پرہیزگاری اختیار کرو۔ پھر ہم نے موسیٰؑ کو کتاب دی، اُس پر اپنی نعمت پوری کرنے کو جو

اَحْسَنَ وَتَفْصِیْلًا لِّكُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ

اَحْسَنَ	وَتَفْصِیْلًا	لِّكُلِّ + شَیْءٍ	وَهُدًى	وَّرَحْمَةً	لَّعَلَّهُمْ	بِلِقَآءِ	رَبِّهِمْ
نیکوکار ہے	اور تفصیل	ہر چیز کی	اور ہدایت	اور رحمت	تاکہ وہ	ملاقات پر	اپنا رب

نیکوکار ہے، اور ہر چیز کی تفصیل کے لئے، اور ہدایت و رحمت کے لئے، تاکہ وہ اپنے رب سے ملاقات پر

١٩ ع ٦

یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۵۵﴾

یُؤْمِنُوْنَ	وَهٰذَا	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	مُبٰرَكٌ	فَاتَّبِعُوْهُ	وَاتَّقُوْا	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ
ایمان لائیں	اور یہ	کتاب	ہم نے نازل کی	برکت والی	پس اس کی پیروی کرو	اور پرہیزگاری اختیار کرو	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے تم پر

ایمان لے آئیں۔ اور ہم نے یہ کتاب اُتاری ہے برکت والی پس اس کی پیروی کرو، اور پرہیزگاری اختیار کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

اَنْ تَقُوْلُوْۤا اِنَّمَاۤ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰى طَآىِٕفَتَیْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۪ وَاِنْ كُنَّا عَنْ

اَنْ	تَقُوْلُوْۤا	اِنَّمَاۤ	اُنْزِلَ	الْكِتٰبُ	عَلٰى	طَآىِٕفَتَیْنِ	مِنْ قَبْلِنَا	وَاِنْ	كُنَّا	عَنْ
کہ	تم کہو	اسکے سوا نہیں	اتاری گئی تھی	کتاب	پر	دو گروہ	ہم سے پہلے	اور یہ کہ	ہم تھے	سے

کہ (کہیں) تم کہو کہ ہم سے پہلے دو گروہوں پر کتاب اُتاری گئی، اور یہ کہ ہم

دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿١٥٦﴾ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى

دِرَاسَتِهِمْ	لَغٰفِلِيْنَ	اَوْ تَقُوْلُوْا	لَوْ اَنَّا	اُنْزِلَ	عَلَيْنَا	الْكِتٰبُ	لَكُنَّا	اَهْدٰى
اُن کے پڑھنے پڑھانے	بے خبر	یا تم کہو	اگر ہم	اُتاری جاتی	ہم پر	کتاب	البتہ ہم ہوتے	زیادہ ہدایت پر

اُن کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھے۔ یا تم کہو کہ اگر ہم پر کتاب اُتاری جاتی تو ہم زیادہ ہدایت پر ہوتے

مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ

مِنْهُمْ	فَقَدْ جَآءَكُمْ	بَيِّنَةٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	وَهُدًى	وَرَحْمَةٌ	فَمَنْ	اَظْلَمُ
اُن سے	پس آگئی تمہارے پاس	روشن دلیل	سے	تمہارا رب	اور ہدایت	اور رحمت	پس کون	بڑا ظالم

اُن سے، سو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے روشن دلیل، اور ہدایت اور رحمت آگئی، پس اس سے بڑا ظالم کون ہے؟

مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ۭ سَنَجْزِي الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ

مِمَّنْ	كَذَّبَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَصَدَفَ	عَنْهَا	سَنَجْزِي	الَّذِيْنَ	يَصْدِفُوْنَ	عَنْ
اس سے جو	جھٹلا دے	آیتوں کو	اللہ	اور کنارا کرے	اس سے	ہم جلد سزا دیں گے	ان لوگوں کو جو	کتراتے ہیں وہ	سے

جو اللہ کی آیتوں کو جھٹلا دے اور اُن سے کترائے، ہم اُن لوگوں کو جلد سزا دیں گے جو کتراتے ہیں

اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿١٥٧﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ

اٰيٰتِنَا	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ	بِمَا	كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ	هَلْ يَنْظُرُوْنَ	اِلَّآ	اَنْ
ہماری آیتیں	بُرا	عذاب	اسکے بدلے	وہ کتراتے تھے	کیا وہ انتظار کر رہے ہیں	مگر	یہ

ہماری آیتوں سے بُرے عذاب (کے ذریعہ) اس کے بدلے کہ وہ کتراتے تھے۔ کیا وہ انتظار کر رہے ہیں مگر یہ کہ

تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ

تَاْتِيَهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	اَوْ يَاْتِيَ	رَبُّكَ	اَوْ يَاْتِيَ	بَعْضُ	اٰيٰتِ	رَبِّكَ	يَوْمَ	يَاْتِيْ
ان کے پاس آئیں	فرشتے	یا آئے	تمہارا رب	یا آئے	کچھ	نشانیاں	تمہارا رب	جس دن	آئی

ان کے پاس فرشتے آئیں، یا تمہارا رب آئے، یا تمہارے رب کی کچھ نشانیاں آئیں، جس دن آئے گی

بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ

بَعْضُ	اٰيٰتِ	رَبِّكَ	لَا يَنْفَعُ	نَفْسًا	اِيْمَانُهَا	لَمْ تَكُنْ	اٰمَنَتْ	مِنْ قَبْلُ	اَوْ
کوئی	نشانی	تمہارا رب	نہ کام آئے گا	کسی کو	اس کا ایمان	نہ تھا	ایمان لایا	اس سے پہلے	یا

تمہارے رب کی کوئی نشانی، کسی کے کام نہ آئے گا اُس کا ایمان لانا، جو پہلے سے ایمان نہ لایا تھا، یا

كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ۭ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿١٥٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا

كَسَبَتْ	فِيْٓ اِيْمَانِهَا	خَيْرًا	قُلِ	انْتَظِرُوْٓا	اِنَّا	مُنْتَظِرُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	فَرَّقُوْا
کمائی	اپنے ایمان میں	کوئی بھلائی	فرمادیں	انتظار کرو تم	ہم	منتظر ہیں	بیشک	وہ لوگ جنہوں نے	تفرقہ ڈالا

اپنے ایمان میں کوئی بھلائی نہ کمائی تھی، آپ فرمادیں انتظار کرو ہم (بھی) منتظر ہیں۔ بیشک جن لوگوں نے تفرقہ ڈالا

دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ۭ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ

دِيْنَهُمْ	وَكَانُوْا	شِيَعًا	لَسْتَ	مِنْهُمْ	فِيْ شَيْءٍ	اِنَّمَا	اَمْرُهُمْ	اِلَى اللّٰهِ	ثُمَّ
اپنا دین	اور ہو گئے	گروہ در گروہ	نہیں آپ	ان سے	کسی چیز میں (کوئی تعلق)	فقط	ان کا معاملہ	اللہ کے حوالے	پھر

اپنے دین میں، اور گروہ در گروہ ہو گئے، آپ کا اُن سے کوئی تعلق نہیں، ان کا معاملہ فقط اللہ کے حوالے ہے، پھر

يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿١٥٩﴾ مَنْ جَاۗءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ

يُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ	مَنْ	جَاۗءَ بِالْحَسَنَةِ	فَلَهٗ	عَشْرُ	اَمْثَالِهَا
وہ جتلادے گا انہیں	وہ جو	کرتے تھے	جو	لائے کوئی نیکی	تو اسکے لئے	دس	اس کے برابر

وہ انہیں جتلا دے گا وہ جو کچھ کرتے تھے۔ جو شخص کوئی نیکی لائے تو اس کے لئے اس کا دس برابر (دس گنا اجر) ہے،

وَمَنْ جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦٠﴾ قُلْ اِنَّنِيْ

وَمَنْ	جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ	فَلَا يُجْزٰٓى	اِلَّا مِثْلَهَا	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	قُلْ	اِنَّنِيْ
اور جو	کوئی برائی لائے	تو نہ بدلہ پائے گا	مگر اس کے برابر	اور وہ	نہ ظلم کئے جائیں گے	کہہ دیجئے	بیشک مجھے

اور جو کوئی برائی لائے تو وہ بدلہ نہ پائے گا مگر اسکے برابر (صرف اسکے برابر)، اور وہ ظلم نہ کئے جائیں گے۔ آپ کہہ دیجئے بیشک

هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ

هَدٰىنِيْ	رَبِّيْٓ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	دِيْنًا	قِيَمًا	مِّلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا
راہ دکھائی	میرا رب	طرف	راستہ	سیدھا	دین	درست	ملت	ابراہیمؑ	ایک کا ہو کر رہنے والا

مجھے میرے رب نے سیدھے راستہ کی طرف راہ دکھائی ہے، درست دین، ابراہیمؑ کی ملت، جو ایک (اللہ) کے ہو رہنے والے تھے،

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٦١﴾ قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ

وَ	مَا كَانَ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	قُلْ	اِنَّ	صَلَاتِيْ	وَنُسُكِيْ	وَمَحْيَايَ	وَمَمَاتِيْ	لِلّٰهِ
اور	نہ تھے	سے	مشرک (جمع)	آپ کہدیں	بیشک	میری نماز	میری قربانی	اور میرا جینا	اور میرا مرنا	اللہ کے لئے

اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے۔ آپ کہدیں بیشک میری نماز، اور میری قربانی، اور میرا جینا، اور میرا مرنا اللہ کے لئے ہے،

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٢﴾ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٦٣﴾

رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٢﴾	لَا شَرِيْكَ	لَهٗ	وَبِذٰلِكَ	اُمِرْتُ	وَاَنَا	اَوَّلُ	الْمُسْلِمِيْنَ
رب	سارے جہان	نہیں کوئی شریک	اس کا	اور اسی کا	مجھے حکم دیا گیا	اور میں	سب سے پہلا	مسلمان (فرماں بردار)

جو سارے جہانوں کا رب ہے - اس کا کوئی شریک نہیں؛ مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے، اور میں سب سے پہلا مسلمان (فرماں بردار) ہوں ۔

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۭ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا

قُلْ	اَغَيْرَ	اللّٰهِ	اَبْغِيْ	رَبًّا	وَهُوَ	رَبُّ	كُلِّ شَيْءٍ	وَ	لَا تَكْسِبُ	كُلُّ نَفْسٍ	اِلَّا
آپ کہدیں	کیا سوائے	اللہ	میں ڈھونڈوں	کوئی رب	اور وہ	رب	ہر شے	اور	نہ کمائے گا	ہر شخص	مگر (صرف)

آپ کہدیں کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور رب ڈھونڈوں؟ اور وہی ہے ہر شے کا رب، ہر شخص جو کچھ کمائے گا (اس کا گناہ) صرف

عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ

عَلَيْهَا	وَ	لَا تَزِرُ	وَازِرَةٌ	وِّزْرَ	اُخْرٰى	ثُمَّ	اِلٰى	رَبِّكُمْ	مَّرْجِعُكُمْ	فَيُنَبِّئُكُمْ
اس کے ذمے	اور	نہ اٹھائے گا	کوئی اٹھانے والا	بوجھ	دوسرا	پھر	طرف	تمہارا (اپنا) رب	تمہارا لوٹنا	پس وہ تمہیں جتلا دے گا

اس کے ذمے ہوگا، کوئی اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا' پھر تمہیں اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے' پس وہ تمہیں جتلا دے گا

بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٦٤﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ

بِمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَكُمْ	خَلٰٓئِفَ	الْاَرْضِ	وَرَفَعَ
وہ جو	تم تھے	اس میں	تم اختلاف کرتے	اور وہ	جس نے	تمہیں بنایا	نائب	زمین	اور بلند کئے

جس میں تم اختلاف کرتے تھے - اور وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں نائب بنایا، اور بلند کئے

بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ

بَعْضَكُمْ	فَوْقَ	بَعْضٍ	دَرَجٰتٍ	لِّيَبْلُوَكُمْ	فِيْ	مَآ اٰتٰىكُمْ	اِنَّ	رَبَّكَ	سَرِيْعُ
تم میں سے بعض	پر - اوپر	بعض	درجے	تاکہ تمہیں آزمائے	میں	جو اس نے تمہیں دیا	بیشک	تمہارا رب	جلد

تم میں سے بعض کے درجے بعض پر، تاکہ وہ تمہیں اس میں آزمائے جو اس نے تمہیں دیا، بیشک تمہارا رب جلد

الْعِقَابِ ۡ صلے وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٦٥﴾ ع ۲۰ ۱۱ ۷

الْعِقَابِ	وَاِنَّهٗ	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
سزا دینے والا	اور بیشک وہ	یقیناً بخشنے والا	نہایت مہربان

سزا دینے والا ہے، اور وہ بے شک یقیناً بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

آیاتھا ٢٠٦ | ٧ : سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ : ٣٩ | رکوعاتھا ٢٤

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

الٓمّٓصٓ ① كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ

الٓمّٓصٓ	كِتٰبٌ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	فَلَا يَكُنْ	فِيْ صَدْرِكَ	حَرَجٌ	مِّنْهُ	لِتُنْذِرَ	بِهٖ
الٓمّٓصٓ	کتاب	نازل کی گئی	تمہاری طرف	سو نہ ہو	تمہارے سینہ میں	کوئی تنگی	اس سے	تاکہ تم ڈراؤ	اس سے

الٓمّٓصٓ - یہ کتاب تمہاری طرف نازل کی گئی ہے تو اس سے تمہارے سینہ میں کوئی تنگی نہ ہو، تاکہ تم اس (کے ذریعہ) سے ڈراؤ،

وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ② اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا

وَذِكْرٰى	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	اِتَّبِعُوْا	مَآ اُنْزِلَ	اِلَيْكُمْ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	وَلَا تَتَّبِعُوْا
اور نصیحت	ایمان والوں کے لئے	پیروی کرو تم	جو نازل کیا گیا	تمہاری طرف (تم پر)	سے	تمہارا رب	اور پیچھے نہ لگو

اور ایمان والوں کے لئے نصیحت ہے، اسکی پیروی کرو جو تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے، اور پیچھے نہ لگو

مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ③ وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا

مِنْ	دُوْنِهٖٓ	اَوْلِيَآءَ	قَلِيْلًا	مَا	تَذَكَّرُوْنَ	وَكَمْ	مِنْ	قَرْيَةٍ	اَهْلَكْنٰهَا
سے	اس کے سوا	رفیق (جمع)	بہت کم	جو	نصیحت قبول کرتے ہو	اور کتنی ہی	سے	بستیاں	ہم نے ہلاک کیں

اس کے سوا (اور) رفیقوں کے، بہت کم تم نصیحت قبول کرتے ہو۔ اور ہم نے کتنی ہی بستیاں ہلاک کیں

فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْهُمْ قَآئِلُوْنَ ④ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ

فَجَآءَهَا	بَاْسُنَا	بَيَاتًا	اَوْهُمْ	قَآئِلُوْنَ	فَمَا كَانَ	دَعْوٰىهُمْ	اِذْ	جَآءَهُمْ
پس اُن پر آیا	ہمارا عذاب	رات میں سوتے	یا وہ	قیلولہ کرتے (دوپہر کو آرام کرتے)	پس نہ تھا	ان کا کہنا (انکی پکار)	جب	اُن پر آیا

پس اُن پر ہمارا عذاب رات کو سوتے میں آیا، یا دوپہر کو آرام کرتے۔ پس ان کی پکار (اس کے سوا) نہ تھی جب اُن پر آیا

بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ⑤ فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ

بَاْسُنَآ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْٓا	اِنَّا كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ	فَلَنَسْـَٔلَنَّ	الَّذِيْنَ	اُرْسِلَ	اِلَيْهِمْ
ہمارا عذاب	مگر	یہ کہ (تو)	اُنہوں نے کہا	بیشک ہم تھے	ظالم (جمع)	سو ہم ضرور پوچھیں گے	اُن سے جو	رسول بھیجے گئے	ان کی طرف

ہمارا عذاب تو انہوں نے کہا کہ بیشک ظالم ہمیں تھے۔ سو ہم اُن سے ضرور پوچھیں گے جن کی طرف رسول بھیجے گئے

وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٦ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ۝٧ وَ

وَلَنَسْـَٔلَنَّ	الْمُرْسَلِيْنَ	فَلَنَقُصَّنَّ	عَلَيْهِمْ	بِعِلْمٍ	وَمَا كُنَّا	غَآئِبِيْنَ	وَ
اور ہم ضرور پوچھیں گے	رسول (جمع)	البتہ ہم احوال سُنا دیں گے	ان کو	علم سے	اور ہم نہ تھے	غائب	اور

اور ہم رسولوں سے (بھی) ضرور پوچھیں گے البتہ ہم اُن کو اپنے علم سے احوال سُنا دیں گے اور ہم غائب نہ تھے - اور

الْوَزْنُ يَوْمَئِذِ ِۨالْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٨

الْوَزْنُ	يَوْمَئِذِ	ِۨالْحَقُّ	فَمَنْ	ثَقُلَتْ	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ
وزن	اس دن	برحق	تو جس	بھاری ہوئے	میزان (نیکیوں کے وزن)	تو وہی	وہ	فلاح پانے والے

اس دن (اعمال کا) وزن ہونا برحق ہے، تو جن کی نیکیوں کے وزن بھاری ہوئے وہی فلاح (نجات) پانے والے ہیں۔

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا

وَمَنْ	خَفَّتْ	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	بِمَا كَانُوْا
اور جس	ہلکے ہوئے	اس کے وزن	تو وہی لوگ	وہ جنہوں نے	نقصان کیا	اپنی جانیں	کیونکہ تھے

اور جن کے (نیکیوں کے) وزن ہلکے ہوئے تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کا نقصان کیا، کیونکہ وہ

بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝٩ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ

بِاٰيٰتِنَا	يَظْلِمُوْنَ	وَلَقَدْ	مَكَّنّٰكُمْ	فِى الْاَرْضِ	وَجَعَلْنَا	لَكُمْ	فِيْهَا	مَعَايِشَ
ہماری آیتوں سے	ناانصافی کرتے	اور بیشک	ہم نے تمہیں ٹھکانا دیا	زمین میں	اور ہم نے بنائے	تمہارے لئے	اس میں	زندگی کے سامان

ہماری آیتوں سے ناانصافی کرتے تھے - اور بیشک ہم نے تمہیں زمین میں ٹھکانا دیا، اور ہم نے اس میں تمہارے لئے زندگی کے سامان بنائے

ع ١ ١٠ ٨

قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝١٠ وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ

قَلِيْلًا	مَّا تَشْكُرُوْنَ	وَلَقَدْ	خَلَقْنٰكُمْ	ثُمَّ	صَوَّرْنٰكُمْ	ثُمَّ قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ
بہت کم	جو تم شکر کرتے ہو	اور البتہ	ہم نے تمہیں پیدا کیا	پھر	ہم نے تمہاری شکل و صورت بنائی	پھر ہم نے کہا	فرشتوں کو

تم بہت کم ہو جو شکر کرتے ہو - اور البتہ ہم نے تمہیں پیدا کیا اور پھر ہم نے تمہاری شکل و صورت بنائی، پھر ہم نے فرشتوں کو کہا

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝١١ قَالَ

اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	لَمْ يَكُنْ	مِنَ	السّٰجِدِيْنَ	قَالَ
سجدہ کرو	آدم کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس	وہ نہ تھا	سے	سجدہ کرنے والے	اس نے فرمایا

آدمؑ کو سجدہ کرو، تو اُنہوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، وہ سجدہ کرنے والوں میں سے نہ تھا - اس نے فرمایا

مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ

مَا مَنَعَكَ	اَلَّا تَسْجُدَ	اِذْ اَمَرْتُكَ	قَالَ	اَنَا	خَيْرٌ	مِنْهُ	خَلَقْتَنِيْ	مِنْ	نَّارٍ
کس نے تجھے منع کیا	کہ تو سجدہ نہ کرے	جب میں نے تجھے حکم دیا	وہ بولا	میں	بہتر	اس سے	تو نے مجھے پیدا کیا	سے	آگ

جب میں نے تجھے حکم دیا تو تجھے کس نے منع کیا کہ تو سجدہ نہ کرے؟ وہ بولا میں اس سے بہتر ہوں، تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا

وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ

وَخَلَقْتَهٗ	مِنْ	طِيْنٍ	قَالَ	فَاهْبِطْ	مِنْهَا	فَمَا	يَكُوْنُ	لَكَ	اَنْ	تَتَكَبَّرَ
اور تو نے اسے پیدا کیا	سے	مٹی	فرمایا	پس تو اتر جا	اس سے	تو نہیں	ہے	تیرے لئے	کہ	تو تکبر کرے

اور اسے مٹی سے پیدا کیا ۔ اس نے فرمایا پس تو یہاں سے اتر جا تیرے لئے (لائق) نہیں کہ تو غرور و تکبر کرے

فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۱۳﴾ قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴﴾

فِيْهَا	فَاخْرُجْ	اِنَّكَ	مِنَ	الصّٰغِرِيْنَ	قَالَ	اَنْظِرْنِيْٓ	اِلٰى + يَوْمِ	يُبْعَثُوْنَ
اس میں (یہاں)	پس نکل جا	بیشک تو	سے	ذلیل (جمع)	وہ بولا	مجھے مہلت دے	اس دن تک	اٹھائے جائیں گے

یہاں، پس نکل جا، بیشک تو ذلیلوں میں سے ہے۔ وہ بولا مجھے اس دن تک مہلت دے (جس دن مُردے) اٹھائے جائیں گے۔

قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۱۵﴾ قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ

قَالَ	اِنَّكَ	مِنَ	الْمُنْظَرِيْنَ	قَالَ	فَبِمَآ	اَغْوَيْتَنِيْ	لَاَقْعُدَنَّ	لَهُمْ
فرمایا	بیشک تو	سے	مہلت ملنے والے	وہ بولا	تو جیسے	تو نے مجھے گمراہ کیا	میں ضرور بیٹھوں گا	ان کے لئے

فرمایا بیشک تو مہلت ملنے والوں میں سے ہے (تجھے مہلت دی گئی) وہ بولا جیسے تو نے میرے گمراہ (ہونیکا فیصلہ) کیا ہے میں ضرور بیٹھوں گا ان کیلئے

صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ

صِرَاطَكَ	الْمُسْتَقِيْمَ	ثُمَّ	لَاٰتِيَنَّهُمْ	مِنْ	بَيْنِ + اَيْدِيْهِمْ	وَ	مِنْ خَلْفِهِمْ
تیرا راستہ	سیدھا	پھر	میں ضرور ان تک آؤں گا	سے	ان کے سامنے	اور	پیچھے سے ان کے

(گمراہ کرنے کے لئے) تیرے سیدھے راستہ پر ۔ پھر میں اُن تک ضرور آؤں گا انکے سامنے سے اور ان کے پیچھے سے،

وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ؕ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ﴿۱۷﴾ قَالَ

وَ	عَنْ	اَيْمَانِهِمْ	وَ	عَنْ	شَمَآئِلِهِمْ	وَلَا تَجِدُ	اَكْثَرَهُمْ	شٰكِرِيْنَ	قَالَ
اور	سے	ان کے دائیں	اور	سے	ان کے بائیں	اور تو نہ پائے گا	ان کے اکثر	شکر کرنے والے	فرمایا

اور ان کے دائیں سے، اور ان کے بائیں سے، اور تو ان میں سے اکثر کو شکر کرنے والے نہ پائے گا ۔ فرمایا

اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ

اخْرُجْ	مِنْهَا	مَذْءُوْمًا	مَدْحُوْرًا	لَمَنْ	تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	لَاَمْلَـَٔنَّ	جَهَنَّمَ
نکل جا	یہاں سے	ذلیل	مردود	البتہ جو	تیرے پیچھے لگا	ان سے	ضرور بھر دوں گا	جہنم

یہاں سے نکل جا ذلیل مردود۔ اُن میں سے جو تیرے پیچھے لگا، البتہ میں ضرور جہنم کو بھر دوں گا

مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَيٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ

مِنْكُمْ	اَجْمَعِيْنَ	وَيٰۤاٰدَمُ	اسْكُنْ	اَنْتَ	وَزَوْجُكَ	الْجَنَّةَ	فَكُلَا	مِنْ حَيْثُ
تم سے	سب	اور اے آدمؑ	رہو	تُو	اور تیری بیوی	جنّت	تم دونوں کھاؤ	جہاں سے

تم سب سے۔ اے آدمؑ تم اور تمہاری بیوی (حوّا) جنّت میں رہو، پس تم دونوں کھاؤ جہاں سے

شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ فَوَسْوَسَ

شِئْتُمَا	وَلَا تَقْرَبَا	هٰذِهِ	الشَّجَرَةَ	فَتَكُوْنَا	مِنَ	الظّٰلِمِيْنَ	فَوَسْوَسَ
تم چاہو	اور نہ قریب جانا	اس	درخت	پس ہو جاؤ گے	سے	ظالم (جمع)	پس وسوسہ ڈالا

تم چاہو، اور اس درخت کے قریب نہ جانا (اگر ایسا کرو گے) تو ظالموں سے ہو جاؤ گے۔ پس وسوسہ ڈالا

لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا

لَهُمَا	الشَّيْطٰنُ	لِيُبْدِيَ	لَهُمَا	مَا وٗرِيَ	عَنْهُمَا	مِنْ	سَوْاٰتِهِمَا	وَقَالَ	مَا
ان کے لئے	شیطان	تاکہ ظاہر کر دے	انکے لئے	جو پوشیدہ تھیں	ان سے	سے	ان کی ستر کی چیزیں	اور وہ بولا	نہیں

شیطان نے ان کے لئے (اُن کے دل میں) تاکہ اُن کے ستر کی چیزیں جو اُن سے پوشیدہ تھیں اُنکے لئے ظاہر کر دے، اور بولا

نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا

نَهٰىكُمَا	رَبُّكُمَا	عَنْ	هٰذِهِ	الشَّجَرَةِ	اِلَّاۤ	اَنْ	تَكُوْنَا	مَلَكَيْنِ	اَوْ تَكُوْنَا
تمہیں منع کیا	تمہارا رب	سے	اس	درخت	مگر	اس لئے کہ	تم ہو جاؤ	فرشتے	یا ہو جاؤ

تمہارے رب نے تمہیں اس درخت سے منع نہیں کیا مگر اس لئے کہ (کہیں) تم فرشتے ہو جاؤ، یا ہو جاؤ

مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَاسَمَهُمَاۤ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۱﴾ فَدَلّٰىهُمَا

مِنَ	الْخٰلِدِيْنَ	وَقَاسَمَهُمَا	اِنِّيْ	لَكُمَا	لَمِنَ	النّٰصِحِيْنَ	فَدَلّٰىهُمَا
سے	ہمیشہ رہنے والے	اور اُن سے قسم کھا گیا	میں بیشک	تمہارے لئے	البتہ سے	خیر خواہ (جمع)	پس اُن کو مائل کر لیا

ہمیشہ رہنے والوں سے۔ اور اُن سے قسم کھا گیا کہ میں بیشک تمہارے لئے خیر خواہوں سے ہوں۔ پس اس نے اُن کو مائل کر لیا

بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا

بِغُرُوْرٍ	فَلَمَّا	ذَاقَا	الشَّجَرَةَ	بَدَتْ	لَهُمَا	سَوْاٰتُهُمَا	وَطَفِقَا	يَخْصِفٰنِ	عَلَيْهِمَا
دھوکہ سے	پس جب	ان دونوں نے چکھا	درخت	کھل گئیں	ان کے لئے	اُنکی ستر کی چیزیں	اور لگے	جوڑ جوڑ کر رکھنے	اپنے اوپر

دھوکہ سے، پس جب اُنہوں نے درخت چکھا تو ان کے لئے اُن کی ستر کی چیزیں کھل گئیں، اور وہ اپنے اوپر جوڑ جوڑ کر رکھنے لگے

مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۭ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ

مِنْ	وَّرَقِ	الْجَنَّةِ	وَنَادٰىهُمَا	رَبُّهُمَآ	اَلَمْ اَنْهَكُمَا	عَنْ + تِلْكُمَا	الشَّجَرَةِ	وَاَقُلْ
سے	پتّے	جنت	اور انہیں پکارا	ان کا رب	کیا تمہیں منع نہ کیا تھا	اس سے متعلق	درخت	اور کہا

(ستر چھپانے کے لئے) جنت کے پتّے، اور اُن کے رب نے انہیں پکارا کیا میں نے تمہیں اس درخت سے منع نہیں کیا تھا؟ اور کہا تھا

لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٢٢﴾ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ

لَكُمَا	اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	لَكُمَا	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ	قَالَا	رَبَّنَا	ظَلَمْنَآ	اَنْفُسَنَا	وَاِنْ
تم سے	بیشک	شیطان	تم دونوں کا	دشمن	کھلا	ان دونوں نے کہا	اے ہمارے رب	ہم نے ظلم کیا	اپنے اوپر	اور اگر

تمہیں کہ بیشک شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے۔ ان دونوں نے کہا اے ہمارے رب! ہم نے اپنے اوپر ظلم کیا، اور اگر

لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٢٣﴾ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ

لَمْ تَغْفِرْ لَنَا	وَتَرْحَمْنَا	لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْخٰسِرِيْنَ	قَالَ	اهْبِطُوْا	بَعْضُكُمْ
نہ بخشا تو نے ہمیں	اور ہم پر رحم (نہ) کیا	ہم ضرور ہو جائینگے	سے	خسارہ پانے والے	فرمایا	اُترو	تم میں سے بعض

تو نے ہمیں نہ بخشا، اور ہم پر رحم نہ کیا تو ہم ضرور خسارہ پانے والوں سے ہو جائیں گے۔ فرمایا تم اُترو، تم میں سے بعض

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٢٤﴾ قَالَ فِيْهَا

لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ	وَلَكُمْ	فِي الْاَرْضِ	مُسْتَقَرٌّ	وَّمَتَاعٌ	اِلٰى حِيْنٍ	قَالَ	فِيْهَا
بعض	دشمن	اور تمہارے لئے	زمین میں	ٹھکانا	اور سامان	ایک وقت تک	فرمایا	اس میں

بعض کے دشمن ہیں، اور تمہارے لئے زمین میں ایک وقت (معین) تک ٹھکانا اور سامانِ زیست ہے۔ فرمایا اس میں

ع ۲ ۱۵ ۹

تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿٢٥﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ

تَحْيَوْنَ	وَفِيْهَا	تَمُوْتُوْنَ	وَمِنْهَا	تُخْرَجُوْنَ	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	قَدْ اَنْزَلْنَا	عَلَيْكُمْ
تم جیؤ گے	اور اس میں	تم مرو گے	اور اس سے	تم نکالے جاؤ گے	اے اولادِ آدمؑ	ہم نے اُتارا	تم پر

تم جیؤ گے اور اس میں تم مرو گے اور اسی سے تم نکالے جاؤ گے۔ اے اولادِ آدمؑ! ہم نے تم پر اُتارا

لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ

لِبَاسًا	يُّوَارِيْ	سَوْاٰتِكُمْ	وَرِيْشًا	وَلِبَاسُ	التَّقْوٰى	ذٰلِكَ	خَيْرٌ	ذٰلِكَ	مِنْ
لباس	ڈھانکے	تمہارے ستر	اور زینت	اور لباس	پرہیزگاری	یہ	بہتر	یہ	سے

لباس جو ڈھانکے تمہارے ستر اور (موجب) زینت ہو، اور پرہیزگاری کا لباس سب سے بہتر ہے، یہ (لباس)

اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ

اٰيٰتِ	اللّٰهِ	لَعَلَّهُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	لَا يَفْتِنَنَّكُمُ	الشَّيْطٰنُ	كَمَآ	اَخْرَجَ
نشانیاں	اللہ	تاکہ وہ	وہ غور کریں	اے اولادِ آدم	نہ بہکا دے تمہیں	شیطان	جیسے	اس نے نکالا

اللہ کی نشانیوں سے ہے تاکہ وہ غور کریں - اے اولادِ آدمؑ! (کہیں) شیطان تمہیں بہکا نہ دے، جیسے اس نے نکالا

اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ

اَبَوَيْكُمْ	مِّنَ	الْجَنَّةِ	يَنْزِعُ	عَنْهُمَا	لِبَاسَهُمَا	لِيُرِيَهُمَا	سَوْاٰتِهِمَا	اِنَّهٗ	يَرٰىكُمْ
تمہارے ماں باپ	سے	جنت	اُتروا دیئے	ان سے	ان کے لباس	تاکہ ظاہر کر دے	ان کے ستر	بیشک	تمہیں دیکھتا ہے وہ

تمہارے ماں باپ (آدم و حوا) کو جنت سے، اُنکے لباس اُتروا دیئے تاکہ اُن کے ستر ظاہر کر دے، بیشک تمہیں دیکھتا ہے

هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ

هُوَ	وَقَبِيْلُهٗ	مِنْ	حَيْثُ	لَا تَرَوْنَهُمْ	اِنَّا جَعَلْنَا	الشَّيٰطِيْنَ	اَوْلِيَآءَ	لِلَّذِيْنَ
وہ	اور اس کا قبیلہ	سے	جہاں	تم انہیں نہیں دیکھتے	بیشک ہم نے بنایا	شیطان (جمع)	دوست - رفیق	ان لوگوں کے لئے

وہ اور اس کا قبیلہ اُس جگہ سے جہاں تم اُنہیں نہیں دیکھتے، بیشک ہم نے شیطانوں کو اُن لوگوں کا رفیق بنا دیا جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا

لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَاِذَا	فَعَلُوْا	فَاحِشَةً	قَالُوْا	وَجَدْنَا	عَلَيْهَا	اٰبَآءَنَا	وَاللّٰهُ	اَمَرَنَا
ایمان نہیں لاتے	اور جب	وہ کریں	کوئی بیحیائی	کہیں	ہم نے پایا	اس پر	اپنے باپ دادا	اور اللہ	ہمیں حکم دیا

ایمان نہیں لاتے - اور جب وہ بے حیائی کریں تو کہیں ہم نے اپنے باپ دادا کو اس پر پایا ہے اور اللہ نے ہمیں حکم دیا ہے

بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾

بِهَا	قُلْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَاْمُرُ	بِالْفَحْشَآءِ	اَتَقُوْلُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ
اس کا	فرما دیں	بیشک	اللہ	حکم نہیں دیتا	بیحیائی کا	کیا تم کہتے ہو (لگاتے ہو)	اللہ پر	جو	تم نہیں جانتے

اس کا، آپؐ فرما دیں، بیشک اللہ بیحیائی کا حکم نہیں دیتا، کیا تم اللہ پر (وہ بات) لگاتے ہو؟ جو تم نہیں جانتے -

قُلْ اَمَرَ رَبِّیْ بِالْقِسْطِ ۟ وَ اَقِیْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّ ادْعُوْهُ

قُلْ	اَمَرَ	رَبِّیْ	بِالْقِسْطِ	وَ اَقِیْمُوْا	وُجُوْهَكُمْ	عِنْدَ	كُلِّ مَسْجِدٍ	وَ ادْعُوْهُ
فرمادیں	حکم دیا	میرا رب	انصاف کا	اور قائم کرو (سیدھے کرو)	اپنے چہرے	نزدیک (وقت)	ہر مسجد (نماز)	اور پکارو

آپؐ فرمادیں میرے رب نے مجھے انصاف کا حکم دیا ہے، اور اپنے چہرے ہر نماز کے وقت سیدھے کرو، اور اسے پکارو

مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ؕ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَرِیْقًا هَدٰی وَ فَرِیْقًا

مُخْلِصِیْنَ	لَهُ	الدِّیْنَ	كَمَا	بَدَاَكُمْ	تَعُوْدُوْنَ	فَرِیْقًا	هَدٰی	وَ فَرِیْقًا
خالص ہوکر	اس کے لئے	دین (حکم)	جیسے	تمہاری ابتدا کی (پیدا کیا)	دوبارہ (پیدا) ہوگے	ایک فریق	اس نے ہدایت دی	اور ایک فریق

خالص اس کے حکم کے فرماں بردار ہوکر، جیسے تمہیں (پہلے) پیدا کیا تم دوبارہ بھی (جی اٹھوگے)۔ ایک فریق کو ہدایت دی، اور ایک فریق پر

حَقَّ عَلَیْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّیٰطِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ یَحْسَبُوْنَ

حَقَّ	عَلَیْهِمُ	الضَّلٰلَةُ	اِنَّهُمُ	اتَّخَذُوا	الشَّیٰطِیْنَ	اَوْلِیَآءَ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَ یَحْسَبُوْنَ
ثابت ہوگئی	ان پر	گمراہی	بیشک وہ	انہوں نے بنالیا	شیطان (جمع)	رفیق	سے	اللہ کے سوا	اور گمان کرتے ہیں

گمراہی ثابت ہوگئی، بیشک اُنہوں نے اللہ کے سوا شیطانوں کو اپنا رفیق بنا لیا ہے، اور گمان کرتے ہیں

اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۰﴾ یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ خُذُوْا زِیْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا

اَنَّهُمْ	مُّهْتَدُوْنَ	یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ	خُذُوْا	زِیْنَتَكُمْ	عِنْدَ	كُلِّ مَسْجِدٍ	وَ كُلُوْا	وَ اشْرَبُوْا
کہ وہ بیشک	ہدایت پر ہیں	اے اولادِ قوم	لے لو (اختیار کرلو)	اپنی زینت	قریب (وقت)	ہر مسجد (نماز)	اور کھاؤ	اور پیو

کہ وہ بیشک ہدایت پر ہیں۔ اے اولادِ آدمؑ! اپنی زینت ہر نماز کے وقت اختیار کرو، اور کھاؤ اور پیو،

۳ ع ۶ ۱۰

وَ لَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۳۱﴾ ع قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِیْنَةَ اللّٰهِ الَّتِیْۤ

وَ لَا تُسْرِفُوْا	اِنَّهٗ	لَا یُحِبُّ	الْمُسْرِفِیْنَ	قُلْ	مَنْ	حَرَّمَ	زِیْنَةَ اللّٰهِ	الَّتِیْۤ
اور بے جا خرچ نہ کرو	بیشک وہ	دوست نہیں رکھتا	فضول خرچ (جمع)	فرمادیں	کس	حرام کیا	اللہ کی زینت	جو کہ

اور بے جا خرچ نہ کرو، بیشک اللہ فضول خرچ کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ آپؐ فرمادیں کس نے حرام کی ہے اللہ کی (وہ) زینت جو

اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَ الطَّیِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِیَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فِی الْحَیٰوةِ

اَخْرَجَ	لِعِبَادِهٖ	وَ الطَّیِّبٰتِ	مِنَ	الرِّزْقِ	قُلْ	هِیَ	لِلَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	فِی الْحَیٰوةِ
اس نے نکالی	اپنے بندوں کے لئے	اور پاک	سے	رزق	فرمادیں	یہ	ان لوگوں کے لئے جو	ایمان لائے	زندگی میں

اس نے اپنے بندوں کے لئے نکالی (پیدا) کی ہے، اور پاک رزق، آپؐ فرمادیں یہ دنیا کی زندگی میں اُن لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لائے

الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾

الدُّنْيَا	خَالِصَةً	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	كَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ
دنیا	خالص طور پر	قیامت کے دن	اسی طرح	ہم کھول کر بیان کرتے ہیں	آیتیں	گروہ کے لئے	وہ جانتے ہیں

اور خالص طور پر قیامت کے دن (انہیں کا حصہ ہے) اسی طرح ہم آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں اس گروہ کے لئے جو جانتے ہیں۔

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ

قُلْ	اِنَّمَا	حَرَّمَ	رَبِّيَ	الْفَوَاحِشَ	مَا	ظَهَرَ	مِنْهَا	وَمَا	بَطَنَ	وَالْاِثْمَ	وَالْبَغْيَ
فرمادیں	صرف (تو)	حرام کیا	میرا رب	بے حیائی	جو	ظاہر ہیں	ان سے	اور جو	پوشیدہ	اور گناہ	اور سرکشی

آپ فرمادیں میرے رب نے تو حرام قرار دیا ہے بیحیائیوں کو اُن میں جو ظاہر ہیں اور جو پوشیدہ ہیں اور گناہ اور سرکشی

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى

بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَاَنْ	تُشْرِكُوْا	بِاللّٰهِ	مَا	لَمْ يُنَزِّلْ	بِهٖ	سُلْطٰنًا	وَاَنْ	تَقُوْلُوْا	عَلَى
ناحق کو	اور یہ کہ	تم شریک کرو	اللہ کے ساتھ	جو جس	نہیں نازل کی	اس کی	کوئی سند	اور یہ کہ	تم کہو (لگاؤ)	پر

ناحق کو، اور یہ کہ تم اللہ کے ساتھ شریک کرو جس کی اس نے کوئی سند نہیں اتاری اور یہ کہ تم اللہ پر لگاؤ (وہ بات)

اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ

اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	وَلِكُلِّ اُمَّةٍ	اَجَلٌ	فَاِذَا	جَآءَ	اَجَلُهُمْ	لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ
اللہ	جو	تم نہیں جانتے	اور ہر اُمت کے لئے	ایک مدت مقرر	پس جب	آئے گا	ان کا مقررہ وقت	نہ وہ پیچھے ہو سکیں گے

جو تم نہیں جانتے۔ اور ہر اُمت کے لئے ایک مدت مقرر ہے، پس جب اُن کا مقررہ وقت آجائے گا نہ وہ پیچھے ہو سکیں گے

سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ

سَاعَةً	وَّلَا	يَسْتَقْدِمُوْنَ	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	اِمَّا	يَاْتِيَنَّكُمْ	رُسُلٌ	مِّنْكُمْ	يَقُصُّوْنَ
ایک گھڑی	اور نہ	آگے بڑھ سکیں گے	اے اولادِ آدم	اگر	تمہارے پاس آئیں	رسول	تم میں سے	بیان کریں (سنائیں)

ایک گھڑی اور نہ آگے بڑھ سکیں گے۔ اے اولادِ آدمؑ! اگر تمہارے پاس تم ہی سے رسول آئیں، سُنائیں

عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾

عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِيْ	فَمَنِ	اتَّقٰى	وَاَصْلَحَ	فَلَا خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا هُمْ	يَحْزَنُوْنَ
تم پر (تمہیں)	میری آیات	تو جو	ڈرا	اور اصلاح کرلی	کوئی خوف نہیں	ان پر	اور نہ وہ	غمگین ہوں گے

تمہیں میری آیات، تو جو ڈرا اور اس نے اصلاح کرلی ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

وَالَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَاسْتَكْبَرُوْا	عَنْهَا	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا
اور وہ لوگ جو	جھٹلایا	ہماری آیات کو	اور تکبر کیا	ان سے	یہی لوگ	دوزخ والے	وہ	اس میں

اور جن لوگوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا اور ان سے تکبر کیا یہی لوگ دوزخ والے ہیں، وہ اس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿۳۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ

خٰلِدُوْنَ	فَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ كَذَّبَ	بِاٰيٰتِهٖ
ہمیشہ رہیں گے	پس کون	بڑا ظالم	اس سے جو	بہتان باندھا	اللہ پر	جھوٹ	یا جھٹلایا	اس کی آیتوں کو

ہمیشہ رہیں گے۔ پس اس سے بڑا ظالم کون؟ جس نے اللہ پر جھوٹ بہتان باندھا، یا اس کی آیتوں کو جھٹلایا،

اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ

اُولٰٓئِكَ	يَنَالُهُمْ	نَصِيْبُهُمْ	مِنَ + الْكِتٰبِ	حَتّٰٓى	اِذَا	جَآءَتْهُمْ	رُسُلُنَا	يَتَوَفَّوْنَهُمْ
یہی لوگ	انہیں پہنچے گا	اُن کا نصیب (حصہ)	سے+کتاب (لکھا ہوا)	یہاں تک کہ	جب	انکے پاس آئیں گے	ہمارے بھیجے ہوئے	ان کی جان نکالنے

یہی وہ لوگ ہیں جنہیں ان کا حصہ کتاب (لوح محفوظ) میں لکھا ہوا پہنچے گا، یہاں تک جب ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) انکے پاس انکی جان نکالنے آئیں گے

قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَ

قَالُوْٓا	اَيْنَ مَا	كُنْتُمْ	تَدْعُوْنَ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	قَالُوْا	ضَلُّوْا	عَنَّا	وَ
وہ کہیں گے	کہاں جو	تم تھے	پکارتے	سے	اللہ کے سوا	وہ کہیں گے	وہ گم ہوگئے	ہم سے	اور

وہ کہیں گے کہاں ہیں وہ جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے تھے؟ وہ (جواب میں) کہیں گے وہ ہم سے گم ہو گئے، اور

شَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ

شَهِدُوْا	عَلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	اَنَّهُمْ	كَانُوْا كٰفِرِيْنَ	قَالَ	ادْخُلُوْا	فِيْٓ اُمَمٍ	قَدْ خَلَتْ
گواہی دیں گے	پر	اپنی جانیں	کہ وہ	کافر تھے	فرمائے گا	تم داخل ہوجاؤ	اُمتوں میں (ہمراہ)	گزر چکی

وہ اپنی جانوں پر (اپنے خلاف) گواہی دیں گے کہ وہ کافر تھے۔ (اللہ) فرمائے گا تم داخل ہو جاؤ جہنم میں اُن اُمتوں کے ہمراہ جو گزر چکیں

مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِى النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ

مِنْ قَبْلِكُمْ	مِنَ	الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	فِى النَّارِ	كُلَّمَا	دَخَلَتْ	اُمَّةٌ	لَّعَنَتْ	اُخْتَهَا
تم سے قبل	سے	جنات	اور انسان	آگ (دوزخ) میں	جب بھی	داخل ہوگی	کوئی اُمت	لعنت کرے گی	اپنی ساتھی

تم سے قبل، جنوں اور انسانوں میں سے، جب کوئی اُمت داخل ہوگی وہ اپنی ساتھی (پہلی اُمت) پر لعنت کرے گی،

حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ

حَتّٰٓى	اِذَا	ادَّارَكُوْا	فِيْهَا	جَمِيْعًا	قَالَتْ	اُخْرٰىهُمْ	لِاُوْلٰىهُمْ	رَبَّنَا	هٰٓؤُلَآءِ
یہانتک	جب	مل جائیں گے	اس میں	سب	کہے گی	ان کی پچھلی قوم	اپنے پہلوں کے بارہ میں	اے ہمارے رب	یہ ہیں

یہاں تک کہ جب سب اس میں داخل ہو جائیں گے، تو اُن کے پچھلے اپنے پہلوں کے بارہ میں کہیں گے، اے ہمارے رب! یہ ہیں

اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ؕ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا

اَضَلُّوْنَا	فَاٰتِهِمْ	عَذَابًا	ضِعْفًا	مِّنَ النَّارِ	قَالَ	لِكُلٍّ	ضِعْفٌ	وَّلٰكِنْ	لَّا
انہوں نے ہمیں گمراہ کیا	پس دے ان کو	عذاب	دوگنا	آگ سے	فرمائے گا	ہر ایک کے لئے	دوگنا	اور لیکن	نہیں

جنہوں نے ہم کو گمراہ کیا، پس انہیں آگ سے دوگنا عذاب دے۔ (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا، ہر ایک کے لئے دوگنا ہے، لیکن

تَعْلَمُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا

تَعْلَمُوْنَ	وَقَالَتْ	اُوْلٰىهُمْ	لِاُخْرٰىهُمْ	فَمَا	كَانَ لَكُمْ	عَلَيْنَا	مِنْ فَضْلٍ	فَذُوْقُوا
تم جانتے	اور کہیں گے	ان کے پہلے	اپنے پچھلوں کو	پس نہیں	ہے تمہیں	ہم پر	کوئی بڑائی	چکھو

تم جانتے نہیں۔ اور ان کے پہلے اپنے پچھلوں کو کہیں گے، تمہیں ہم پر کوئی بڑائی نہیں، لہٰذا چکھو

ع ٨ ١١

الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٣٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا

الْعَذَابَ	بِمَا	كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَاسْتَكْبَرُوْا
عذاب	اس کا بدلہ	تم کماتے تھے (کرتے تھے)	بیشک	وہ لوگ جو	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور تکبر کیا انہوں نے

عذاب اس کے بدلے جو تم کرتے تھے۔ بیشک جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے تکبر کیا،

عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ

عَنْهَا	لَا تُفَتَّحُ	لَهُمْ	اَبْوَابُ	السَّمَآءِ	وَ	لَا يَدْخُلُوْنَ	الْجَنَّةَ	حَتّٰى	يَلِجَ	الْجَمَلُ
اُن سے	نہ کھولے جائیں گے	انکے لئے	دروازے	آسمان	اور	نہ داخل ہوں گے	جنت	یہانتک (جب تک)	داخل ہو جائے	اُونٹ

اُن کے لئے آسمان کے دروازے نہ کھولے جائیں گے، اور جنت میں داخل نہ ہوں گے، جب تک اونٹ داخل (نہ) ہو جائے

فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٤٠﴾ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ

فِيْ	سَمِّ	الْخِيَاطِ	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُجْرِمِيْنَ	لَهُمْ	مِنْ جَهَنَّمَ	مِهَادٌ	وَ	مِنْ
میں	ناکا	سُوئی	اور اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	مجرم (جمع)	ان کے لئے	جہنم کا	بچھونا	اور	سے

سُوئی کے ناکے میں (جو ممکن نہیں)، اسی طرح ہم مجرموں کو بدلہ دیتے ہیں۔ ان کے لئے جہنم کا بچھونا ہے اور

فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

فَوْقِهِمْ	غَوَاشٍ	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِي	الظّٰلِمِيْنَ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
ان کے اوپر	اوڑھنا	اور اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	ظالم (جمع)	اور جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے

ان کے اوپر سے (جہنم ہی کا) اوڑھنا ہے، اسی طرح ہم ظالموں کو بدلہ دیتے ہیں۔ اور جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے اچھے عمل کئے،

لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾

لَا نُكَلِّفُ	نَفْسًا	اِلَّا	وُسْعَهَا	اُولٰۗىِٕكَ	اَصْحٰبُ + الْجَنَّةِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ
ہم بوجھ نہیں ڈالتے	کسی پر	مگر	اس کی وسعت	یہی لوگ	جنت والے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے

ہم کسی پر بوجھ نہیں ڈالتے مگر اس کی بساط کے مطابق، یہی لوگ جنت والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ

وَنَزَعْنَا	مَا	فِيْ	صُدُوْرِهِمْ	مِّنْ غِلٍّ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهِمُ	الْاَنْهٰرُ	وَقَالُوا	الْحَمْدُ
اور کھینچ لئے ہم نے	جو	میں	ان کے سینے	کینے	بہتی ہیں	سے	اُن کے نیچے	نہریں	اور وہ کہیں گے	تمام تعریفیں

اور ہم نے اُن کے سینوں سے کینے کھینچ لئے، ان (جنتوں) کے نیچے نہریں بہتی ہیں، اور وہ کہیں گے تمام تعریفیں

لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ

لِلّٰهِ	الَّذِيْ	هَدٰىنَا	لِهٰذَا	وَمَا	كُنَّا	لِنَهْتَدِيَ	لَوْ	لَآ	اَنْ هَدٰىنَا	اللّٰهُ	لَقَدْ
اللہ کے لئے	جس نے	ہمارہی رہنمائی کی	اسکی طرف	اور نہ	ہم تھے	کہ ہم ہدایت پاتے	اگر	نہ	کہ ہمیں ہدایت دیتا	اللہ	البتہ

اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں اس کی طرف رہنمائی کی، اور اگر اللہ ہمیں ہدایت نہ دیتا (رہنمائی نہ فرماتا) تو ہم ہدایت پانے والے نہ تھے۔ البتہ

جَاۗءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۭ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ

جَاۗءَتْ	رُسُلُ	رَبِّنَا	بِالْحَقِّ	وَنُوْدُوْٓا	اَنْ	تِلْكُمُ	الْجَنَّةُ	اُوْرِثْتُمُوْهَا	بِمَا	كُنْتُمْ
آئے	رسول	ہمارا رب	حق کے ساتھ	اور انہیں ندا دی گئی	کہ	یہ کہ تم	جنت	تم اس کے وارث ہو گے	صلہ میں	تم تھے

ہمارے رب کے رسول حق کے ساتھ آئے اور انہیں ندا دی گئی کہ تم اس جنت کے وارث ہو گے (ان اعمال کے) صلہ میں جو تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا

تَعْمَلُوْنَ	وَنَادٰٓى	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	اَصْحٰبَ النَّارِ	اَنْ	قَدْ وَجَدْنَا	مَا	وَعَدَنَا
کرتے تھے	اور پکاریں گے	جنت والے	دوزخ والوں کو	کہ	تحقیق ہم نے پالیا	جو	ہم سے وعدہ کیا

کرتے تھے۔ اور جنت والے دوزخ والوں کو پکاریں گے کہ تحقیق ہم نے پا لیا جو ہم سے وعدہ کیا تھا

رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌ ۢ

رَبُّنَا	حَقًّا	فَهَلْ	وَجَدْتُّمْ	مَّا وَعَدَ	رَبُّكُمْ	حَقًّا	قَالُوْا	نَعَمْ	فَاَذَّنَ	مُؤَذِّنٌ
ہمارا رب	سچا	تو کیا	تم نے پایا	جو وعدہ کیا	تمہارا رب	سچا	وہ کہیں گے	ہاں	تو پکارے گا	ایک پکارنے والا

ہمارے رب نے سچا، تم سے تمہارے رب نے جو وعدہ کیا تھا کیا تم نے بھی پایا سچا؟ وہ کہیں گے ہاں! تو ایک پکارنے والا پکارے گا

بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٤﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

بَيْنَهُمْ	اَنْ	لَّعْنَةُ	اللّٰهِ	عَلَى	الظّٰلِمِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ
ان کے درمیان	کہ	لعنت	اللہ	پر	ظالم (جمع)	جو لوگ	روکتے تھے	سے	راستہ	اللہ

ان کے درمیان، کہ (اُن) ظالموں پر اللہ کی لعنت - جو لوگ اللہ کے راستہ سے روکتے تھے،

وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى

وَيَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	كٰفِرُوْنَ	وَبَيْنَهُمَا	حِجَابٌ	وَ	عَلَى
اور اس میں تلاش کرتے تھے	کجی	اور وہ	آخرت کے	کافر (جمع)	اور ان کے درمیان	ایک حجاب	اور	پر

اور اس میں کجی تلاش کرتے تھے، اور وہ آخرت کے کافر (مُنکر) تھے - اور ان کے درمیان ایک حجاب (پردہ) ہے،

الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا ۢ بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ

الْاَعْرَافِ	رِجَالٌ	يَّعْرِفُوْنَ	كُلًّا	بِسِيْمٰهُمْ	وَنَادَوْا	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ	اَنْ	سَلٰمٌ
اعراف	کچھ آدمی	پہچان لیں گے	ہر ایک	ان کی پیشانی سے	اور پکاریں گے	جنت والے	کہ	سلام

اعراف پر کچھ آدمی ہوں گے، وہ ہر ایک کو اس کی پیشانی سے پہچان لیں گے، اور جنت والوں کو پکاریں گے کہ سلام ہو

عَلَيْكُمْ ۚ لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ

عَلَيْكُمْ	لَمْ يَدْخُلُوْهَا	وَهُمْ	يَطْمَعُوْنَ	وَاِذَا	صُرِفَتْ	اَبْصَارُهُمْ	تِلْقَآءَ
تم پر	وہ اس میں داخل نہیں ہوئے	اور وہ	امیدوار ہیں	اور جب	پھیریں گی	ان کی نگاہیں	طرف

تم پر، وہ (اعراف والے) جنّت میں داخل نہیں ہوئے، اور وہ امیدوار ہیں - اور جب ان کی نگاہیں پھیریں گی

اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ

اَصْحٰبِ النَّارِ	قَالُوْا	رَبَّنَا	لَا تَجْعَلْنَا	مَعَ	الْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ	وَنَادٰٓى	اَصْحٰبُ
دوزخ والے	کہیں گے	اے ہمارے رب	ہمیں نہ کر	ساتھ	لوگ	ظالم (جمع)	اور پکاریں گے	والے

دوزخ والوں کی طرف، تو کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں ظالموں کے ساتھ نہ کر - اور پکاریں گے

الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا

الْاَعْرَافِ	رِجَالًا	يَّعْرِفُوْنَهُمْ	بِسِيْمٰهُمْ	قَالُوْا	مَآ اَغْنٰى	عَنْكُمْ	جَمْعُكُمْ	وَمَا
آپ سے پوچھتے ہیں	سے (بارے میں)	غنیمت	کہدیں	غنیمت	اللہ کیلئے	اور رسول	پس ڈرو	اللہ	اور درست کرو	اپنے تئیں

آپ سے غنیمت کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہدیں غنیمت اللہ اور رسول کے لئے ہے، پس اللہ سے ڈرو اور درست کرو

بَيْنِكُمْ ۪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ

بَيْنِكُمْ	وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	اِنَّمَا	الْمُؤْمِنُوْنَ
آپس میں	اور اطاعت کرو	اللہ	اور اس کا رسول	اگر	تم ہو	مومن (جمع)	درحقیقت	مومن (جمع)

آپس میں (تعلقات) اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اگر تم مومن ہو۔ درحقیقت مومن

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا

الَّذِيْنَ	اِذَا	ذُكِرَ اللّٰهُ	وَجِلَتْ	قُلُوْبُهُمْ	وَاِذَا	تُلِيَتْ	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُهٗ	زَادَتْهُمْ	اِيْمَانًا
وہ لوگ	جب	ذکر کیا جائے اللہ	ڈر جائیں	ان کے دل	اور جب	پڑھی جائیں	اُن پر	اُسکی آیات	وہ زیادہ کریں	ایمان

وہ لوگ ہیں جب اللہ کا ذکر کیا جائے تو ان کے دل ڈر جائیں اور ان پر (انکے سامنے) اسکی آیتیں پڑھی جائیں تو وہ (آیات) اُنکا ایمان زیادہ کریں

وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝٢ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝٣

وَ	عَلٰى رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ	الَّذِيْنَ	يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَمِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	يُنْفِقُوْنَ
اور	وہ اپنے رب پر	بھروسہ کرتے ہیں	وہ لوگ جو	قائم کرتے ہیں	نماز	اور اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	وہ خرچ کرتے ہیں

اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں - وہ لوگ جو نماز قائم کرتے ہیں، اور جو ہم نے انہیں دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں -

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ

اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُؤْمِنُوْنَ	حَقًّا	لَهُمْ	دَرَجٰتٌ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	وَمَغْفِرَةٌ	وَّرِزْقٌ
یہی لوگ	وہ	مومن (جمع)	سچے	ان کے لئے	درجے	پاس	ان کا رب	اور بخشش	اور رزق

یہی لوگ سچے مومن ہیں، ان کے لئے ان کے رب کے پاس درجے ہیں، اور بخشش اور رزق

كَرِيْمٌ ۝٤ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۠ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

كَرِيْمٌ	كَمَآ	اَخْرَجَكَ	رَبُّكَ	مِنْ	بَيْتِكَ	بِالْحَقِّ	وَاِنَّ	فَرِيْقًا	مِّنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ
عزت والا	جیسا کہ	آپؐ کو نکالا	آپ کا رب	سے	آپ کا گھر	حق کے ساتھ	اور بیشک	ایک جماعت	سے (کا)	اہلِ ایمان

عزت والا - جیسا کہ آپؐ کو آپؐ کے رب نے آپؐ کے گھر سے حق (درست تدبیر) کے ساتھ نکالا، اور بیشک اہلِ ایمان کی ایک جماعت

لَكٰرِهُوْنَ ۝٥ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى

لَكٰرِهُوْنَ	يُجَادِلُوْنَكَ	فِي	الْحَقِّ	بَعْدَ	مَا	تَبَيَّنَ	كَاَنَّمَا	يُسَاقُوْنَ	اِلَى
ناخوش	وہ آپؐ سے جھگڑتے تھے	میں	حق	بعد	جبکہ	وہ ظاہر ہو چکا	گویا کہ وہ	ہانکے جا رہے ہیں	طرف

ناخوش تھی- وہ آپؐ سے حق میں جھگڑتے تھے جبکہ وہ ظاہر ہو چکا، گویا کہ وہ ہانکے جا رہے ہیں

الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝٦ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّاۗىِٕفَتَيْنِ اَنَّهَا

الْمَوْتِ	وَهُمْ	يَنْظُرُوْنَ	وَاِذْ	يَعِدُكُمُ	اللّٰهُ	اِحْدَى	الطَّاۗىِٕفَتَيْنِ	اَنَّهَا
موت	اور وہ	دیکھ رہے ہیں	اور جب	تمہیں وعدہ دیتا تھا	اللہ	ایک کا	دو گروہ	کہ وہ

موت کی طرف اور وہ (اُسے) دیکھ رہے ہیں- اور (یاد کرو) اللہ تمہیں وعدہ دیتا تھا کہ (ابوجہل اور ابوسفیان کے) دو گروہوں میں سے ایک

لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ

لَكُمْ	وَتَوَدُّوْنَ	اَنَّ	غَيْرَ	ذَاتِ الشَّوْكَةِ	تَكُوْنُ	لَكُمْ	وَ	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	اَنْ	يُّحِقَّ
تمہارے لئے	اور چاہتے تھے	کہ	بغیر	کانٹے والا	ہو	تمہارے لئے	اور	چاہتا تھا	اللہ	کہ	ثابت کردے

تمہارے لئے اور تم چاہتے تھے کہ (جس میں) کانٹا نہ لگے تمہارے لئے ہو، اور اللہ چاہتا تھا کہ ثابت کر دے

الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۝۷ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ

الْحَقَّ	بِكَلِمٰتِهٖ	وَيَقْطَعَ	دَابِرَ	الْكٰفِرِيْنَ	لِيُحِقَّ	الْحَقَّ	وَيُبْطِلَ	الْبَاطِلَ	وَلَوْ
حق	اپنے کلمات سے	اور کاٹ دے	جڑ	کافر (جمع)	تاکہ حق ثابت کردے	حق	اور باطل ثابت کردے	باطل	خواہ

حق اپنے کلمات سے ، اور کافروں کی جڑ کاٹ دے۔ تاکہ حق کو حق ثابت کر دے اور باطل کو باطل ، خواہ

كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝۸ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ

كَرِهَ	الْمُجْرِمُوْنَ	اِذْ	تَسْتَغِيْثُوْنَ	رَبَّكُمْ	فَاسْتَجَابَ	لَكُمْ	اَنِّيْ	مُمِدُّكُمْ	بِاَلْفٍ
ناپسند کریں	مجرم (جمع)	جب	تم فریاد کرتے تھے	اپنا رب	تو اس نے قبول کرلی	تمہاری	کہ میں	مدد کروں گا تمہاری	ایک ہزار

مجرم ناپسند کریں۔ (یاد کرو) جب تم اپنے رب سے فریاد کرتے تھے تو اس نے تمہاری (دعا) قبول کرلی کہ میں تمہاری مدد کروں گا ایک ہزار

مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ۝۹ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ

مِنَ	الْمَلٰٓئِكَةِ	مُرْدِفِيْنَ	وَمَا	جَعَلَهُ	اللّٰهُ	اِلَّا	بُشْرٰى	وَ	لِتَطْمَئِنَّ	بِهٖ
سے	فرشتے	ایکدوسرے کے پیچھے (لگاتار)	اور نہیں	بنایا اسے	اللہ	مگر	خوشخبری	اور	تاکہ مطمئن ہوں	اس سے

لگاتار آنے والے فرشتوں سے۔ اور اللہ نے اس کو نہیں بنایا مگر خوشخبری ، اور تاکہ اس سے مطمئن ہوں

قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝۱۰ اِذْ

قُلُوْبُكُمْ	وَمَا	النَّصْرُ	اِلَّا	مِنْ	عِنْدِ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	اِذْ
تمہارے دل	اور نہیں	مدد	مگر	سے	اللہ کے پاس	بیشک	اللہ	غالب	حکمت والا	جب

تمہارے دل، اور مدد نہیں ہے مگر اللہ کے پاس سے، بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔ (یاد کرو) جب

يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً لِّيُطَهِّرَكُمْ

يُغَشِّيْكُمُ	النُّعَاسَ	اَمَنَةً	مِّنْهُ	وَيُنَزِّلُ	عَلَيْكُمْ	مِّنَ	السَّمَاۗءِ	مَاۗءً	لِّيُطَهِّرَكُمْ
تمہیں ڈھانپ لیا (طاری کردی)	اونگھ	تسکین	اس سے	اور اتارا اس نے	تم پر	سے	آسمان	پانی	تاکہ پاک کردے تمہیں

اس نے تم پر اونگھ طاری کردی، یہ اس (اللہ) کی طرف سے تسکین تھی) اور اس نے تم پر آسمان سے پانی اتارا تاکہ تمہیں پاک کر دے

بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ

بِهٖ	وَيُذْهِبَ	عَنْكُمْ	رِجْزَ	الشَّيْطٰنِ	وَلِيَرْبِطَ	عَلٰى	قُلُوْبِكُمْ	وَيُثَبِّتَ	بِهِ
اس سے	اور دُور کردے	تم سے	پلیدی (ناپاکی)	شیطان	اور تاکہ باندھ دے (مضبوط کردے)	پر	تمہارے دل	اور جمادے	اس سے

اس سے، اور تم سے شیطان کی ناپاکی دُور کر دے اور تاکہ تمہارے دل مضبوط کر دے، اور اس سے جما دے (تمہارے)

الْاَقْدَامَ ﴿۱۱﴾ اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ

الْاَقْدَامَ	اِذْ	يُوْحِيْ	رَبُّكَ	اِلَى	الْمَلٰٓئِكَةِ	اَنِّيْ	مَعَكُمْ	فَثَبِّتُوا	الَّذِيْنَ
قدم	جب	وحی بھیجی	تیرا رب	طرف (کو)	فرشتے	کہ میں	تمہارے ساتھ	تم ثابت رکھو	جو لوگ

قدم - (یاد کرو) جب تمہارے رب نے فرشتوں کو وحی بھیجی کہ میں تمہارے ساتھ ہوں، تم ثابت رکھو مومنوں کے

اٰمَنُوْا ۭ سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ

اٰمَنُوْا	سَاُلْقِيْ	فِيْ	قُلُوْبِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوا	الرُّعْبَ	فَاضْرِبُوْا	فَوْقَ	الْاَعْنَاقِ
(ایمان لائے (مومن)	عنقریب میں ڈالدوں گا	میں	دل (جمع)	جن لوگوں نے	کفر کیا (کافر)	رعب	سو تم ضرب لگاؤ	اوپر	گردنیں

(دل)، میں عنقریب کافروں کے دلوں میں رعب ڈال دوں گا، تم ان کی گردنوں کے اوپر ضرب لگاؤ

وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴿۱۲﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَاۗقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَ

وَاضْرِبُوْا	مِنْهُمْ	كُلَّ	بَنَانٍ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	شَاۗقُّوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَ
اور ضرب لگاؤ	ان سے (ان کی)	ہر	پور	یہ اس لئے	کہ وہ	مخالف ہوئے	اللہ	اور اس کا رسول	اور

اور ان کے ایک ایک پور پر ضرب لگاؤ - یہ اس لئے ہوا کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے مخالف ہوئے اور

مَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۳﴾ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ

مَنْ	يُّشَاقِقِ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	ذٰلِكُمْ	فَذُوْقُوْهُ
جو	مخالف ہوگا	اللہ	اور اس کا رسول	تو بیشک	اللہ	سخت	عذاب (مار)	تو تم	پس چکھو

جو اللہ اور اس کے رسول کا مخالف ہوگا (وہ یاد رکھے) بیشک اللہ کی مار سخت ہے - تو تم یہ چکھو

وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ

وَاَنَّ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابَ	النَّارِ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	لَقِيْتُمُ	الَّذِيْنَ
اور یقیناً	کافروں کے لئے	عذاب	دوزخ	اے	جو لوگ	ایمان لائے	جب	تمہاری مڈبھیڑ ہو	ان لوگوں سے

اور یقیناً کافروں کے لئے دوزخ کا عذاب ہے - اے ایمان لانے والو، جب اُن سے تمہاری مڈبھیڑ ہو جنہوں نے

كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ﴿۱۵﴾ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗٓ اِلَّا مُتَحَرِّفًا

كَفَرُوْا	زَحْفًا	فَلَا تُوَلُّوْهُمُ	الْاَدْبَارَ	وَمَنْ	يُّوَلِّهِمْ	يَوْمَئِذٍ	دُبُرَهٗٓ	اِلَّا	مُتَحَرِّفًا
کفر کیا	(میدانِ جنگ میں) لڑنے کو	تو اُن سے نہ پھیرو	پیٹھ (جمع)	اور جو کوئی	ان سے پھیرے	اس دن	اپنی پیٹھ	سوائے	گھات لگانا ہوا

کفر کیا میدانِ جنگ میں، تو ان سے پیٹھ نہ پھیرو۔ اور جو کوئی اس دن ان سے اپنی پیٹھ پھیرے، سوائے اس کے کہ گھات لگانا ہو

لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ

لِقِتَالٍ	اَوْ	مُتَحَيِّزًا	اِلٰى	فِئَةٍ	فَقَدْ بَآءَ	بِغَضَبٍ	مِّنَ	اللّٰهِ	وَ	مَاْوٰىهُ	جَهَنَّمُ
جنگ کے لئے	یا	جا ملنے کو	طرف	اپنی جماعت	پس وہ لوٹا	غصّہ کے ساتھ	سے	اللہ	اور	اسکا ٹھکانہ	جہنم

جنگ کے لئے یا اپنی جماعت کی طرف جا ملنے کو، پس وہ لوٹا اللہ کے غضب کے ساتھ، اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہے،

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶﴾ فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۠ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ

وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	قَتَلَهُمْ	وَ	مَا رَمَيْتَ	اِذْ
اور بُری	پلٹنے کی جگہ (ٹھکانہ)	سو تم نے نہیں قتل کیا انہیں	بلکہ	اللہ	انہیں قتل کیا	اور	آپ نے نہ پھینکی تھی	جب

اور یہ بُرا ٹھکانہ ہے۔ سو تم نے انہیں قتل نہیں کیا، بلکہ اللہ نے انہیں قتل کیا، اور آپ نے (مٹھی بھر خاک) نہیں پھینکی جب

رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

رَمَيْتَ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	رَمٰى	وَلِيُبْلِيَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	مِنْهُ	بَلَآءً	حَسَنًا	اِنَّ	اللّٰهَ
آپ نے پھینکی	بلکہ	اللہ	پھینکی	اور تاکہ وہ آزمائے	مومن (جمع)	اپنی طرف سے	آزمائش	اچھا	بیشک	اللہ

آپ نے پھینکی بلکہ اللہ نے پھینکی، اور تاکہ مومنوں کو اپنی آزمائش (احسان) سے اچھی طرح آزمائے۔ بیشک اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۸﴾ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا

سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	ذٰلِكُمْ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	مُوْهِنُ	كَيْدِ	الْكٰفِرِيْنَ	اِنْ	تَسْتَفْتِحُوْا
سُننے والا	جاننے والا	یہ تو ہوا	یہ کہ	اللہ	سُست کرنیوالا	مکر و داؤ	کافر (جمع)	اگر	تم فیصلہ چاہتے ہو

سُننے والا جاننے والا ہے۔ یہ تو ہوا، اور یہ کہ اللہ کافروں کا داؤ سُست کرنے والا ہے۔ (کافرو!) اگر تم فیصلہ چاہتے ہو

فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ

فَقَدْ	جَآءَكُمُ	الْفَتْحُ	وَاِنْ	تَنْتَهُوْا	فَهُوَ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	وَاِنْ	تَعُوْدُوْا	نَعُدْ
تو البتہ	آگیا تمہارے پاس	فیصلہ	اور اگر	تم باز آجاؤ	تو وہ	بہتر	تمہارے لئے	اور اگر	پھر کرو گے	ہم پھر کریں گے

تو البتہ تمہارے پاس فیصلہ (اسلام کی فتح کی صورت میں) آگیا ہے، اور اگر تم باز آجاؤ تو وہ تمہارے لئے بہتر ہے، اور اگر پھر (یہی) کرو گے تو ہم (بھی) پھر کریں گے

ع ۲ ۶۹ ۱۶

وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹﴾

وَلَنْ	تُغْنِيَ	عَنْكُمْ	فِئَتُكُمْ	شَيْـًٔا	وَّ	لَوْ كَثُرَتْ	وَ اَنَّ	اللّٰهَ	مَعَ	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور ہرگز نہ	کام آئے گا	تمہارے	تمہارا جتھا	کچھ	اور	خواہ کثرت ہو	اور	بیشک اللہ	ساتھ	مومن (جمع)

اور تمہارا جتھا ہرگز تمہارے کام نہ آئے گا خواہ اس کی کثرت ہو اور بیشک اللہ مومنوں کے ساتھ ہے۔

ع صلے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿۲۰﴾

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَ لَا تَوَلَّوْا	عَنْهُ	وَاَنْتُمْ	تَسْمَعُوْنَ
اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	حکم مانو	اللہ	اور اس کا رسول	اور مت پھرو	اس سے	جبکہ تم	سنتے ہو

اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو، اور اس سے نہ پھرو جب کہ تم سنتے ہو۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ

وَلَا تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	قَالُوْا	سَمِعْنَا	وَهُمْ	لَا يَسْمَعُوْنَ	اِنَّ	شَرَّ	الدَّوَآبِّ
اور نہ ہو جاؤ	ان لوگوں کی طرح جو	انہوں نے کہا	ہم نے سنا	حالانکہ وہ	وہ نہیں سنتے	بیشک	بدترین	جانور (جمع)

اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ، جنہوں نے کہا ہم نے سنا، حالانکہ وہ سنتے نہیں۔ بیشک جانوروں سے بدترین

عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا

عِنْدَ	اللّٰهِ	الصُّمُّ	الْبُكْمُ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْقِلُوْنَ	وَ لَوْ	عَلِمَ اللّٰهُ	فِيْهِمْ	خَيْرًا
نزدیک	اللہ	بہرے	گونگے	جو کہ	سمجھتے نہیں	اور اگر	جانتا اللہ	ان میں	کوئی بھلائی

اللہ کے نزدیک (وہ ہیں جو) بہرے، گونگے ہیں، جو سمجھتے نہیں۔ اور اگر اللہ ان میں کوئی بھلائی جانتا

لَاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

لَاَسْمَعَهُمْ	وَلَوْ	اَسْمَعَهُمْ	لَتَوَلَّوْا	وَهُمْ	مُّعْرِضُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
تو ضرور سنا دیتا ان کو	اور اگر	انہیں سنا دے	وہ ضرور پھر جائیں	اور وہ	منہ پھیرنے والے	اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے

تو انہیں ضرور سنا دیتا، اور اگر اللہ انہیں سنا دے تو ضرور پھر جائیں، اور وہ منہ پھیرنے والے ہیں۔ اے ایمان والو!

اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ

اسْتَجِيْبُوْا	لِلّٰهِ	وَلِلرَّسُوْلِ	اِذَا	دَعَاكُمْ	لِمَا يُحْيِيْكُمْ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	يَحُوْلُ
قبول کر لو	اللہ کا	اور اس کے رسول کا	جب	وہ بلائیں تمہیں	اس کے لئے جو زندگی بخشے تمہیں	اور جان لو	کہ	اللہ	حائل ہو جاتا ہے

اور اللہ اور اس کے رسول (کی دعوت) قبول کرو جب وہ تمہیں اس کے لئے بلائیں جو تمہیں زندگی بخشے، اور جان لو کہ اللہ حائل ہو جاتا ہے

بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ

بَيْنَ	الْمَرْءِ	وَقَلْبِهٖ	وَ	اَنَّهٗ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَاتَّقُوْا	فِتْنَةً	لَّا تُصِيْبَنَّ
درمیان	آدمی	اوراس کا دل	اور	یہ کہ	اس کی طرف	تم اٹھائے جاؤ گے	اور ڈرو تم	وہ فتنہ	نہ پہنچے گا

آدمی اور اس کے دل کے درمیان، اور یہ کہ تم اسی کی طرف (روزِ حشر) اٹھائے جاؤ گے۔ اور اس فتنہ سے ڈرو جو نہ پہنچے گا

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاۤصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾ وَ

الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْكُمْ	خَاۤصَّةً	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	وَ
وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا	تم میں سے	خاص طور پر	اور جان لو	کہ	اللہ	شدید	عذاب	اور

تم میں سے خاص طور پر ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا، اور جان لو کہ اللہ شدید عذاب والا ہے۔ اور

اذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِى الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ

اذْكُرُوْٓا	اِذْ	اَنْتُمْ	قَلِيْلٌ	مُّسْتَضْعَفُوْنَ	فِى	الْاَرْضِ	تَخَافُوْنَ	اَنْ	يَّتَخَطَّفَكُمُ
اور یاد کرو	جب	تم	تھوڑے	ضعیف (کمزور) سمجھے جاتے تھے	میں	زمین	تم ڈرتے تھے	کہ	اُچک لے جائیں تمہیں

اور یاد کرو جب تم زمین میں تھوڑے تھے، کمزور سمجھے جاتے تھے، تم ڈرتے تھے کہ تمہیں اُچک لے جائیں گے

النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۶﴾

النَّاسُ	فَاٰوٰىكُمْ	وَاَيَّدَكُمْ	بِنَصْرِهٖ	وَرَزَقَكُمْ	مِّنَ	الطَّيِّبٰتِ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ
لوگ	پس ٹھکانہ دیا اس نے تمہیں	اور تمہیں قوت دی	اپنی مدد سے	اور تمہیں رزق دیا	سے	پاکیزہ چیزیں	تاکہ تم	شکر گزار ہو جاؤ

لوگ، پس اس نے تمہیں ٹھکانہ دیا، اور اپنی مدد سے قوت دی، اور پاکیزہ چیزوں سے تمہیں رزق دیا تاکہ تم شکر گزار ہو جاؤ۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَخُوْنُوا	اللّٰهَ	وَالرَّسُوْلَ	وَتَخُوْنُوْٓا	اَمٰنٰتِكُمْ	وَ	اَنْتُمْ
اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	خیانت نہ کرو	اللہ	اور رسول	اور نہ خیانت کرو	اپنی امانتیں	جبکہ	تم

اے ایمان والو! خیانت نہ کرو اللہ کی اور رسولؐ کی، اور خیانت نہ کرو اپنی امانتوں میں جب کہ تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ

تَعْلَمُوْنَ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّمَآ	اَمْوَالُكُمْ	وَ	اَوْلَادُكُمْ	فِتْنَةٌ	وَّاَنَّ	اللّٰهَ
جانتے ہو	اور جان لو	درحقیقت	تمہارے مال	اور	تمہاری اولاد	بڑی آزمائش	اور یہ کہ	اللہ

جانتے ہو (دیدہ و دانستہ)۔ اور جان لو کہ درحقیقت تمہارے مال اور تمہاری اولاد بڑی آزمائش ہیں، اور یہ کہ اللہ

۳ ع ۹ ۱۷

عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِیْمٌ ﴿۲۸﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّكُمْ

عِنْدَهٗۤ	اَجْرٌ	عَظِیْمٌ	یٰۤاَیُّهَا	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِنْ	تَتَّقُوا	اللّٰهَ	یَجْعَلْ	لَّكُمْ
پاس	اجر	بڑا	اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اگر	تم ڈرو گے	اللہ	وہ بنا دے گا	تمہارے لئے

کے پاس بڑا اجر ہے ۔ اے ایمان والو! اگر تم اللہ سے ڈرو گے تو وہ تمہارے لئے بنا دے گا (حق کو باطل سے جدا کرنے والا)

فُرْقَانًا وَّ یُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَیِّاٰتِكُمْ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴿۲۹﴾

فُرْقَانًا	وَّ یُكَفِّرْ	عَنْكُمْ	سَیِّاٰتِكُمْ	وَ یَغْفِرْ لَكُمْ	وَ اللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِیْمِ
فرقان	اور دور کر دے گا	تم سے	تمہاری برائیاں	اور بخشدے گا تمہیں	اور اللہ	فضل والا	بڑا

فرقان، اور تم سے تمہاری برائیاں دور کر دے گا، اور تمہیں بخش دے گا، اور اللہ بڑے فضل والا ہے ۔

وَ اِذْ یَمْكُرُ بِكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِیُثْبِتُوْكَ اَوْ یَقْتُلُوْكَ اَوْ یُخْرِجُوْكَ ؕ وَ

وَ اِذْ	یَمْكُرُ بِكَ	الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	لِیُثْبِتُوْكَ	اَوْ یَقْتُلُوْكَ	اَوْ یُخْرِجُوْكَ	وَ
اور جب	خفیہ تدبیر کرتے تھے آپ کے بارہ میں	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا (کافر)	تمہیں قید کر لیں	یا قتل کر دیں تمہیں	یا نکال دیں تمہیں	اور

اور (یاد کرو) جب کافر آپؐ کے بارہ میں خفیہ تدبیریں کرتے تھے کہ آپؐ کو قید کر لیں، یا قتل کر دیں، یا (مکہ سے) نکال دیں اور

یَمْكُرُوْنَ وَ یَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَ اللّٰهُ خَیْرُ الْمٰكِرِیْنَ ﴿۳۰﴾ وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا

یَمْكُرُوْنَ	وَ یَمْكُرُ اللّٰهُ	وَ اللّٰهُ	خَیْرُ	الْمٰكِرِیْنَ	وَ اِذَا	تُتْلٰى	عَلَیْهِمْ	اٰیٰتُنَا
وہ خفیہ تدبیریں کرتے تھے	اور خفیہ تدبیر میں کرتا ہے اللہ	اور اللہ	بہترین	تدبیر کرنے والا	اور جب	پڑھی جاتی ہیں	ان پر	ہماری آیات

وہ خفیہ تدبیریں کرتے تھے اور اللہ (بھی) خفیہ تدبیر کرتا ہے، اور اللہ بہترین تدبیر کرنے والا ہے ۔ اور جب ان پر ہماری آیات پڑھی جاتی ہیں

قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَاۤ ۙ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِیْرُ

قَالُوْا	قَدْ سَمِعْنَا	لَوْ نَشَآءُ	لَقُلْنَا	مِثْلَ	هٰذَاۤ	اِنْ	هٰذَاۤ	اِلَّاۤ	اَسَاطِیْرُ
وہ کہتے ہیں	البتہ ہم نے سن لیا	اگر ہم چاہیں	کہ ہم کہہ لیں	مثل	اس	نہیں	یہ	مگر (صرف)	قصے کہانیاں

تو وہ کہتے ہیں البتہ ہم نے سن لیا اگر ہم چاہیں تو ہم بھی اس جیسی (آیات) کہہ لیں، یہ تو صرف قصے کہانیاں ہیں

الْاَوَّلِیْنَ ﴿۳۱﴾ وَ اِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ

الْاَوَّلِیْنَ	وَ اِذْ	قَالُوْا	اللّٰهُمَّ	اِنْ	كَانَ	هٰذَا	هُوَ	الْحَقَّ	مِنْ	عِنْدِكَ	فَاَمْطِرْ
پہلے (اگلے)	اور جب	وہ کہنے لگے	اے اللہ	اگر	ہے	یہ	وہ	حق	سے	تیری طرف	تو برسا

اگلوں کی ۔ اور جب وہ کہنے لگے اے اللہ! اگر تیری طرف سے یہی سچا ہے تو برسا

عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

عَلَيْنَا	حِجَارَةً	مِنَ	السَّمَآءِ	اَوِ	ائْتِنَا	بِعَذَابٍ	اَلِيْمٍ	وَمَا كَانَ	اللّٰهُ
ہم پر	پتھر سے	سے	آسمان	یا	لے آ ہم پر	عذاب	دردناک	اور نہیں ہے	اللہ

ہم پر آسمان سے پتھر، یا ہم پر دردناک عذاب لے آ۔ اور اللہ (ایسا) نہیں ہے

لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾

لِيُعَذِّبَهُمْ	وَاَنْتَ	فِيْهِمْ	وَمَا	كَانَ	اللّٰهُ	مُعَذِّبَهُمْ	وَهُمْ	يَسْتَغْفِرُوْنَ
کہ انہیں عذاب دے	جبکہ آپؐ	ان میں	اور نہیں	ہے	اللہ	انہیں عذاب دینے والا	جبکہ وہ	بخشش مانگتے ہوں

کہ انہیں عذاب دے جبکہ آپؐ ان میں ہیں، اور اللہ انہیں عذاب دینے والا نہیں جبکہ وہ بخشش مانگ رہے ہوں۔

وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا

وَمَا	لَهُمْ	اَلَّا	يُعَذِّبَهُمُ	اللّٰهُ	وَهُمْ	يَصُدُّوْنَ	عَنِ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَمَا
اور کیا	انکے لئے (ان میں)	کہ نہ	انہیں عذاب دے	اللہ	جبکہ وہ	روکتے ہیں	سے	مسجدِ حرام	اور نہیں

اور ان میں کیا ہے؟ کہ اللہ انہیں عذاب نہ دے جبکہ وہ مسجدِ حرام سے روکتے ہیں، اور وہ نہیں

كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ۭ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾

كَانُوْٓا	اَوْلِيَآءَهٗ	اِنْ	اَوْلِيَآؤُهٗٓ	اِلَّا	الْمُتَّقُوْنَ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ
وہ ہیں	اس کے متولی	نہیں	اس کے متولی	مگر (صرف)	متقی (جمع)	اور لیکن	ان میں سے اکثر	نہیں جانتے

ہیں اس کے متولی۔ اس کے متولی تو صرف متقی ہیں، لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔

وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ۭ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ

وَمَا	كَانَ	صَلَاتُهُمْ	عِنْدَ	الْبَيْتِ	اِلَّا	مُكَآءً	وَّتَصْدِيَةً	فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ
اور نہیں	تھی	ان کی نماز	نزدیک	خانہ کعبہ	مگر	سیٹیاں	اور تالیاں	پس چکھو	عذاب

اور خانہ کعبہ کے نزدیک ان کی نماز نہ تھی مگر صرف سیٹیاں اور تالیاں، پس عذاب چکھو

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ

بِمَا	كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمْ	لِيَصُدُّوْا	عَنْ
اس کے بدلے جو	تم کفر کرتے تھے	بیشک	جن لوگوں نے	کفر کیا (کافر)	خرچ کرتے ہیں	اپنے مال	تاکہ روکیں	سے

اس کے بدلے جو تم کفر کرتے تھے۔ بے شک کافر اپنے مال خرچ کرتے ہیں تاکہ وہ روکیں

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ۬ؕ وَ

سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَسَيُنْفِقُوْنَهَا	ثُمَّ	تَكُوْنُ	عَلَيْهِمْ	حَسْرَةً	ثُمَّ	يُغْلَبُوْنَ	وَ
راستہ اللہ کا	سو اب خرچ کریں گے	پھر	ہوگا	ان پر	حسرت	پھر	وہ مغلوب ہونگے	اور

اللہ کے راستہ سے، سو اب وہ خرچ کریں گے، پھر ان پر حسرت ہو گی، پھر وہ مغلوب ہوں گے، اور

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۶﴾ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	اِلٰى	جَهَنَّمَ	يُحْشَرُوْنَ	لِيَمِيْزَ	اللّٰهُ	الْخَبِيْثَ	مِنَ الطَّيِّبِ
جن لوگوں نے	کفر کیا (کافر)	طرف	جہنم	اکٹھے کئے جائیں گے	تاکہ جُدا کر دے	اللہ	گندا	سے پاک

کافر جہنم کی طرف اکٹھے کئے جائیں گے۔ تاکہ اللہ گندے کو پاک سے جُدا کر دے

وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ؕ

وَيَجْعَلَ	الْخَبِيْثَ	بَعْضَهٗ	عَلٰى	بَعْضٍ	فَيَرْكُمَهٗ	جَمِيْعًا	فَيَجْعَلَهٗ	فِيْ جَهَنَّمَ
اور رکھے	گندا	اس کے ایک	پر	دوسرے	پھر ڈھیر کر دے	سب	پھر ڈال دے اسکو	میں جہنم

اور گندے کو ایک دوسرے پر رکھے، پھر سب کو ایک ڈھیر کر دے، پھر اس کو جہنم میں ڈال دے،

۴ ع ۹ ۱۸

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ ع قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا

اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ	قُلْ	لِّلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	اِنْ	يَّنْتَهُوْا	يُغْفَرْ	لَهُمْ	مَّا
یہی لوگ	وہ	خسارہ پانے والے	کہدیں	ان سے جو	انہوں نے کفر کیا (کافر)	اگر	وہ باز آجائیں	معاف کر دیا جائے	انہیں	جو

یہی لوگ ہیں خسارہ پانے والے۔ کافروں سے کہہ دیں اگر وہ باز آجائیں تو انہیں معاف کر دیا جائے گا جو

قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَقٰتِلُوْهُمْ

قَدْ سَلَفَ	وَاِنْ	يَّعُوْدُوْا	فَقَدْ	مَضَتْ	سُنَّتُ	الْاَوَّلِيْنَ	وَقٰتِلُوْهُمْ
گزر چکا	اور اگر	پھر وہی کریں	تو تحقیق	گزر چکی ہے	سنت (روش)	پہلے لوگ	اور ان سے جنگ کرو

گزر چکا، اور اگر وہ پھر وہی کریں تو تحقیق پہلوں کی روش گزر چکی ہے۔ اور ان سے جنگ کرو

حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

حَتّٰى	لَا تَكُوْنَ	فِتْنَةٌ	وَيَكُوْنَ	الدِّيْنُ	كُلُّهٗ	لِلّٰهِ	فَاِنِ	انْتَهَوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ
یہاں تک کہ	نہ رہے	کوئی فتنہ	اور ہو جائے	دین	سب	اللہ کا	پھر اگر	وہ باز آجائیں	تو بیشک	اللہ

یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے، اور دین سب اللہ کا ہو جائے، پھر اگر وہ باز آ جائیں تو بیشک اللہ

بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٣٩﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا

بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاعْلَمُوْٓا
جو وہ	وہ کرتے ہیں	دیکھنے والا	اور اگر	وہ منہ موڑ لیں	تو جان لو

دیکھنے والا ہے جو وہ کرتے ہیں - اور اگر وہ منہ موڑ لیں تو جان لو

اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ۭ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾

اَنَّ	اللّٰهَ	مَوْلٰىكُمْ	نِعْمَ	الْمَوْلٰى	وَنِعْمَ	النَّصِيْرُ
کہ	اللہ	تمہارا ساتھی	خوب	ساتھی	اور خوب	مددگار

کہ اللہ تمہارا ساتھی ہے، کیا خوب ساتھی اور کیا خوب مددگار ہے؛

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ

وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّمَا	غَنِمْتُمْ	مِنْ	شَیْءٍ	فَاَنَّ	لِلّٰهِ	خُمُسَهٗ	وَلِلرَّسُوْلِ
اور	تم جان لو	جو کچھ	تم غنیمت لو	سے	کسی چیز	سو	اللہ کے واسطے	اس کا پانچواں حصہ	اور رسول کے لئے

اور جان لو کہ تم جو کچھ کسی چیز سے غنیمت لو اس کا پانچواں حصہ ہے۔ اللہ کے لئے، اور رسولؐ کے لئے،

وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰكِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ

وَ	لِذِی الْقُرْبٰی	وَالْیَتٰمٰی	وَالْمَسٰكِیْنِ	وَابْنِ السَّبِیْلِ	اِنْ	كُنْتُمْ	اٰمَنْتُمْ
اور	قرابت داروں کے لئے	اور یتیموں	اور مسکینوں	اور مسافروں	اگر	تم ہو	ایمان رکھتے

اور (اُن کے) قرابت داروں کے لئے، اور یتیموں، اور مسکینوں، اور مسافروں کے لئے، اگر تم ایمان رکھتے ہو

بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ

بِاللّٰهِ	وَمَا	اَنْزَلْنَا	عَلٰی	عَبْدِنَا	یَوْمَ الْفُرْقَانِ	یَوْمَ	الْتَقَی الْجَمْعٰنِ	وَاللّٰهُ	عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ
اللہ پر	اور جو	ہم نے نازل کیا	پر	اپنا بندہ	فیصلہ کے دن	جس دن	دونوں فوجیں بھڑ گئیں	اور اللہ	پر	ہر چیز

اللہ پر اور جو ہم نے اپنے بندہ پر فیصلہ (بدر) کے دن نازل کیا۔ جس دن (کفر و اسلام کی) دونوں فوجیں بھڑ گئیں، اور اللہ ہر چیز پر

قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْیَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰی وَالرَّكْبُ

قَدِیْرٌ	اِذْ	اَنْتُمْ	بِالْعُدْوَةِ	الدُّنْیَا	وَهُمْ	بِالْعُدْوَةِ	الْقُصْوٰی	وَالرَّكْبُ
قدرت والا ہے	جب	تم	کنارہ پر	ادھر والا	اور وہ	کنارہ پر	پرلا	اور قافلہ

قدرت والا ہے۔ جب تم ادھر والے کنارہ پر تھے اور وہ پرلے کنارہ پر تھے، اور قافلہ

اَسْفَلَ مِنْكُمْ ؕ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِی الْمِیْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّیَقْضِیَ

اَسْفَلَ	مِنْكُمْ	وَلَوْ	تَوَاعَدْتُّمْ	لَاخْتَلَفْتُمْ	فِی الْمِیْعٰدِ	وَلٰكِنْ	لِّیَقْضِیَ
نیچے	تم سے	اور اگر	تم باہم وعدہ کرتے	البتہ تم اختلاف کرتے	وعدہ میں	اور لیکن	تاکہ پورا کر دے

تم سے نیچے (ترائی میں) تھا اگر تم باہم وعدہ کرتے تو البتہ وعدہ میں اختلاف کرتے (وقت پر نہ پہنچتے) لیکن (اللہ نے جمع کیا) تاکہ پورا کر دے

اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ لِّیَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَیِّنَةٍ وَّیَحْیٰی مَنْ حَیَّ

اللّٰهُ	اَمْرًا	كَانَ	مَفْعُوْلًا	لِّیَهْلِكَ	مَنْ	هَلَكَ	عَنْۢ	بَیِّنَةٍ	وَّیَحْیٰی	مَنْ	حَیَّ
اللہ	جو کام	تھا	ہو کر رہنے والا	تاکہ ہلاک ہو	جو	ہلاک ہو	سے	دلیل	اور زندہ رہے	جس	زندہ رہنا ہے

اللہ وہ کام جو ہو کر رہنے والا تھا، تاکہ جو ہلاک ہو وہ دلیل سے ہلاک ہو، اور جس کو زندہ رہنا ہے وہ زندہ رہے

عَنْۢ بَيِّنَةٍ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾ اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ

عَنْ	بَيِّنَةٍ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَسَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	اِذْ	يُرِيْكَهُمُ	اللّٰهُ	فِيْ	مَنَامِكَ
سے	دلیل	اور بیشک	اللہ	سُننے والا	جاننے والا	جب	تمہیں دکھایا انہیں	اللہ	میں	تمہاری خواب

دلیل سے، اور بیشک اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور جب اللہ نے تمہیں تمہاری خواب میں ان (کافروں) کو دکھایا

قَلِيْلًا ؕ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

قَلِيْلًا	وَلَوْ	اَرٰىكَهُمْ	كَثِيْرًا	لَّفَشِلْتُمْ	وَ	لَتَنَازَعْتُمْ	فِي الْاَمْرِ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ
تھوڑا	اور اگر	تمہیں دکھاتا انہیں	بہت زیادہ	تو تم بزدلی کرتے	اور	تم جھگڑتے	معاملہ میں	اور لیکن	اللہ

تھوڑا، اور اگر وہ تمہیں اُن (کی تعداد) کو بہت دکھاتا تو تم بزدلی کرتے، اور (جنگ کے) معاملے میں جھگڑتے، لیکن اللہ نے

سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۴۳﴾ وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ

سَلَّمَ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	وَاِذْ	يُرِيْكُمُوْهُمْ	اِذِ	الْتَقَيْتُمْ
بچا لیا	بیشک وہ	جاننے والا	دلوں کی بات	اور جب	وہ تمہیں دکھلائے	جب۔تو	تم آمنے سامنے ہوئے

بچا لیا، بے شک وہ دلوں کی بات جاننے والا ہے۔ اور جب تم آمنے سامنے ہوئے تو وہ تمہیں دکھلائے

فِيْۤ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْۤ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ؕ

فِيْۤ	اَعْيُنِكُمْ	قَلِيْلًا	وَّيُقَلِّلُكُمْ	فِيْۤ	اَعْيُنِهِمْ	لِيَقْضِيَ	اللّٰهُ	اَمْرًا	كَانَ	مَفْعُوْلًا
میں	تمہاری آنکھ	تھوڑا	اور تھوڑے دکھلائے تم	میں	اُن کی آنکھیں	تاکہ پورا کرے	اللہ	کام	تھا	ہو کر رہنے والا

تمہاری آنکھوں میں تھوڑے، اور تمہیں اُن کی آنکھوں میں دکھلایا تھوڑا، تاکہ اللہ پورا کر دے وہ کام جو ہو کر رہنے والا تھا،

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا

وَ	اِلَى	اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اِذَا	لَقِيْتُمْ	فِئَةً	فَاثْبُتُوْا
اور	طرف	اللہ	لوٹائی (بازگشت)	کام (جمع)	اے	ایمان والے	جب	تمہارا آمنا سامنا ہو	کوئی جماعت	تو ثابت قدم رہو

اور تمام کاموں کی بازگشت اللہ کی طرف ہے۔ اے ایمان والو! جب کسی جماعتِ (کفار) سے تمہارا آمنا سامنا ہو تو ثابت قدم رہو

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَ

وَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	لَّعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَ
اور یاد کرو	اللہ	بکثرت	تاکہ تم	فلاح پاؤ	اور اطاعت کرو	اللہ	اور اس کا رسول	اور

اور اللہ کو بکثرت یاد کرو تاکہ تم فلاح (دو جہان میں کامیابی) پاؤ۔ اور اطاعت کرو اللہ کی، اور اس کے رسولؐ کی، اور

لَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ

لَا تَنَازَعُوْا	فَتَفْشَلُوْا	وَتَذْهَبَ	رِيْحُكُمْ	وَاصْبِرُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	مَعَ
آپس میں جھگڑا نہ کرو	پس بزدل ہو جاؤ گے	اور جاتی رہے گی	تمہاری ہوا	اور صبر کرو	بیشک	اللہ	ساتھ

آپس میں جھگڑا نہ کرو کہ بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا جاتی رہے گی (اکھڑ جائے گی) اور صبر کرو بیشک اللہ ساتھ ہے

الصّٰبِرِيْنَ ۝۴۶ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّ

الصّٰبِرِيْنَ	وَلَا تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	خَرَجُوْا	مِنْ	دِيَارِهِمْ	بَطَرًا	وَ
صبر کرنے والے	اور نہ ہو جانا	ان کی طرح جو	نکلے	سے	اپنے گھروں	اِتراتے	اور

صبر کرنے والوں کے۔ اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جو اپنے گھروں سے نکلے اِتراتے، اور (۴۷)

رِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ

رِئَآءَ	النَّاسِ	وَيَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطٌ
دکھاوا	لوگ	اور روکتے	سے	راستہ	اللہ	اور اللہ	سے جو	وہ کرتے ہیں	احاطہ کئے ہوئے

لوگوں کے دکھاوے کو، اور اللہ کے راستے سے روکتے ہوئے، اور وہ جو کرتے ہیں اللہ احاطہ کئے ہوئے ہے۔

وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ

وَاِذْ	زَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ	اَعْمَالَهُمْ	وَقَالَ	لَا غَالِبَ	لَكُمُ	الْيَوْمَ	مِنَ
اور جب	خوشنما کر دیا	انکے لئے	شیطان	اُن کے کام	اور کہا	کوئی غالب نہیں	تمہارے لئے (تم پر)	آج	سے

اور جب شیطان نے ان کے کام خوشنما کر کے دکھائے، اور کہا آج لوگوں میں سے تم پر کوئی غالب (آنے والا) نہیں،

النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَاۗءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰي عَقِبَيْهِ وَقَالَ

النَّاسِ	وَاِنِّيْ	جَارٌ	لَّكُمْ	فَلَمَّا	تَرَاۗءَتِ	الْفِئَتٰنِ	نَكَصَ	عَلٰي	عَقِبَيْهِ	وَقَالَ
لوگ	اور بیشک میں	رفیق	تمہارا	پھر جب	آمنے سامنے ہوئے	دونوں لشکر	اُلٹا پھر گیا وہ	پر	اپنی ایڑیاں	اور بولا

اور میں تمہارا رفیق (حمایتی) ہوں، پھر جب دونوں لشکر آمنے سامنے ہوئے تو وہ اپنی ایڑیوں پر اُلٹا پھر گیا، اور بولا

اِنِّيْ بَرِيْۗءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰي مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ۭ وَاللّٰهُ

اِنِّيْ	بَرِيْۗءٌ	مِّنْكُمْ	اِنِّيْٓ	اَرٰي	مَا	لَا تَرَوْنَ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اللّٰهَ	وَاللّٰهُ
بیشک میں	جدا، لاتعلق	تم سے	میں بیشک	دیکھتا ہوں	جو	تم نہیں دیکھتے	میں بیشک	ڈرتا ہوں	اللہ	اور اللہ

میں تم سے لاتعلق ہوں، میں دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے، میں اللہ سے ڈرتا ہوں (کہ مجھے ہلاک نہ کر دے) اور اللہ

شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾ إِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

شَدِيدُ	الْعِقَابِ	إِذْ	يَقُولُ	الْمُنَافِقُونَ	وَ	الَّذِينَ	فِي قُلُوبِهِم	مَّرَضٌ
سخت	عذاب	جب	کہنے لگے	منافق (جمع)	اور	وہ جو کہ	ان کے دلوں میں	مرض

سخت عذاب والا ہے۔ جب منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں مرض تھا کہنے لگے کہ

غَرَّ هَٰؤُلَاءِ دِينُهُمْ ۗ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿۴۹﴾

غَرَّ	هَٰؤُلَاءِ	دِينُهُمْ	وَ مَنْ	يَتَوَكَّلْ	عَلَى اللَّهِ	فَإِنَّ	اللَّهَ	عَزِيزٌ	حَكِيمٌ
مغرور کر دیا	انہیں	ان کا دین	اور جو	بھروسہ کرے	اللہ پر	تو بیشک	اللہ	غالب	حکمت والا

انہیں (مسلمانوں کو) ان کے دین نے مغرور کر دیا ہے، اور جو اللہ پر بھروسہ کرے تو بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔

وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ

وَلَوْ	تَرَىٰ	إِذْ	يَتَوَفَّى	الَّذِينَ كَفَرُوا	الْمَلَائِكَةُ	يَضْرِبُونَ	وُجُوهَهُمْ
اور اگر	تو دیکھے	جب	جان نکالتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	فرشتے	مارتے ہیں	ان کے چہرے

اور اگر تو دیکھے جب فرشتے کافروں کی جان نکالتے ہیں، مارتے (جاتے) ہیں ان کے چہروں

وَأَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ﴿۵۰﴾ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ

وَأَدْبَارَهُمْ	وَذُوقُوا	عَذَابَ	الْحَرِيقِ	ذَٰلِكَ	بِمَا	قَدَّمَتْ	أَيْدِيكُمْ
اور اُن کی پیٹھ (جمع)	اور چکھو	عذاب	بھڑکتا ہوا (دوزخ)	یہ	بدلہ جو	آگے بھیجے	تمہارے ہاتھ

اور اُن کی پیٹھوں پر اور (کہتے جاتے ہیں) دوزخ کا عذاب چکھو۔ یہ اس کا بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھوں نے (اعمال) آگے بھیجے ہیں

وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿۵۱﴾ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ

وَأَنَّ	اللَّهَ	لَيْسَ	بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيدِ	كَدَأْبِ	آلِ فِرْعَوْنَ	وَ الَّذِينَ	مِن قَبْلِهِمْ
اور یہ کہ	اللہ	نہیں	ظلم کرنے والا	بندوں پر	جیسا کہ دستور	فرعون والے	اور جو لوگ	ان سے پہلے

اور یہ کہ اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔ جیسا کہ فرعون والوں کا اور ان سے پہلے لوگوں کا دستور تھا،

كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿۵۲﴾

كَفَرُوا	بِآيَاتِ اللَّهِ	فَأَخَذَهُمُ	اللَّهُ	بِذُنُوبِهِمْ	إِنَّ	اللَّهَ	قَوِيٌّ	شَدِيدُ	الْعِقَابِ
انہوں نے انکار کیا	اللہ کی آیتوں کا	تو انہیں پکڑا	اللہ	ان کے گناہوں پر	بیشک	اللہ	قوت والا	سخت	عذاب

انہوں نے اللہ کی آیتوں کا انکار کیا، اور اللہ نے انہیں ان کے گناہوں پر پکڑا بیشک اللہ قوت والا سخت عذاب والا ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا

ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	لَمْ يَكُ	مُغَيِّرًا	نِّعْمَةً	اَنْعَمَهَا	عَلٰى قَوْمٍ	حَتّٰى	يُغَيِّرُوْا	مَا
یہ	اس لئے	کہ اللہ	نہیں ہے	بدلنے والا	کوئی نعمت	اسے دی	کسی قوم کو	جب تک	وہ بدلیں	جو

یہ اس لئے ہے کہ اللہ (کبھی) اس نعمت کو بدلنے والا نہیں جو اس نے کسی قوم کو دی، جب تک وہ (نہ) بدل ڈالیں جو

بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۳﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ

بِاَنْفُسِهِمْ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	كَدَاْبِ	اٰلِ فِرْعَوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ
ان کے دلوں میں	اور یہ کہ	اللہ	سننے والا	جاننے والا	جیسا کہ دستور	فرعون والے	اور	وہ لوگ جو

ان کے دلوں میں ہے (اپنا عقیدہ و احوال) اور یہ کہ اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ جیسا کہ دستور تھا فرعون والوں کا اور ان لوگوں کا

مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَا اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ

مِنْ قَبْلِهِمْ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	فَاَهْلَكْنٰهُمْ	بِذُنُوْبِهِمْ	وَاَغْرَقْنَا	اٰلَ فِرْعَوْنَ
ان سے پہلے	انہوں نے جھٹلایا	آیتوں کو	اپنا رب	تو ہم نے انہیں ہلاک کر دیا	انکے گناہوں کے سبب	اور ہم نے غرق کر دیا	فرعون والے

جو ان سے پہلے تھے انہوں نے اپنے رب کی آیتوں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں ان کے گناہوں کے سبب ہلاک کر دیا، اور فرعون والوں کو غرق کر دیا،

وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وَكُلٌّ	كَانُوْا	ظٰلِمِيْنَ	اِنَّ	شَرَّ	الدَّوَآبِّ	عِنْدَ اللّٰهِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اور سب	تھے	ظالم	بیشک	بدترین	جانور (جمع)	اللہ کے نزدیک	وہ جنہوں نے	کفر کیا

اور وہ سب ظالم تھے۔ بیشک اللہ کے نزدیک سب جانوروں سے بدتر وہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا

فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۵﴾ الَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ

فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ	عٰهَدْتَّ	مِنْهُمْ	ثُمَّ	يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَهُمْ
سو وہ	ایمان نہیں لاتے	وہ لوگ جو	تم نے معاہدہ کیا	ان سے	پھر	توڑ دیتے ہیں	اپنا معاہدہ

سو وہ ایمان نہیں لاتے۔ وہ لوگ جن سے تم نے معاہدہ کیا پھر وہ اپنا معاہدہ توڑ دیتے ہیں،

فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ

فِيْ	كُلِّ مَرَّةٍ	وَهُمْ	لَا يَتَّقُوْنَ	فَاِمَّا	تَثْقَفَنَّهُمْ	فِي الْحَرْبِ	فَشَرِّدْ	بِهِمْ
میں	ہر بار	اور وہ	ڈرتے نہیں	پس اگر	تم انہیں پاؤ	جنگ میں	تو بھگا دو	ان کے ذریعہ

ہر بار، اور وہ ڈرتے نہیں۔ پس اگر تم انہیں جنگ میں پاؤ تو (انہیں ایسی سزا دو کہ) ان کے ذریعہ بھگا دو

مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ

مَنْ	خَلْفَهُمْ	لَعَلَّهُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ	وَاِمَّا	تَخَافَنَّ	مِنْ	قَوْمٍ	خِيَانَةً	فَانْۢبِذْ
جو	ان کے پیچھے	عجب نہیں کہ وہ	عبرت پکڑیں	اور اگر	تمہیں خوف ہو	سے	کسی قوم	خیانت (دغابازی)	تو پھینک دو

اُن کو جو ان کے پیچھے ہیں، عجب نہیں کہ وہ عبرت پکڑیں - اگر تمہیں کسی قوم سے دغا بازی کا ڈر ہو تو (اُن کا معاہدہ) پھینک دو

ع ۷ ۱۰ ۳

اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اِلَيْهِمْ	عَلٰى	سَوَآءٍ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	الْخَاۗىِٕنِيْنَ	وَلَا يَحْسَبَنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
ان کی طرف	پر	برابری	بیشک	اللہ	پسند نہیں کرتا	دغاباز (جمع)	اور ہرگز خیال نہ کریں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)

ان کی طرف برابری پر (برابری کا جواب دو)، بیشک اللہ دغابازوں کو پسند نہیں کرتا - اور کافر ہرگز خیال نہ کریں کہ

سَبَقُوْا ۭ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ

سَبَقُوْا	اِنَّهُمْ	لَا يُعْجِزُوْنَ	وَاَعِدُّوْا	لَهُمْ	مَا	اسْتَطَعْتُمْ	مِنْ	قُوَّةٍ
وہ بھاگ نکلے	بیشک وہ	وہ عاجز نہ کر سکیں گے	اور تیار رکھو	ان کے لئے	جو	تم سے ہو سکے	سے	قوت

وہ بھاگ نکلے (بچ گئے) ہیں، بیشک وہ عاجز نہ کر سکیں گے - اور ان کے لئے تیار رکھو جو تم سے ہو سکے قوت سے،

وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ

وَ	مِنْ	رِّبَاطِ الْخَيْلِ	تُرْهِبُوْنَ	بِهٖ	عَدُوَّ اللّٰهِ	وَعَدُوَّكُمْ	وَاٰخَرِيْنَ	مِنْ
اور	سے	پلے ہوئے گھوڑے	دھاک بٹھاؤ تم	اس سے	اللہ کے دشمن	اور تمہارے (اپنے) دشمن	اور دوسرے	سے

اور پلے ہوئے گھوڑوں سے، اس سے تم دھاک بٹھاؤ اللہ کے دشمنوں پر اور اپنے دشمنوں پر، اور دوسروں پر

دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

دُوْنِهِمْ	لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ	اَللّٰهُ	يَعْلَمُهُمْ	وَمَا	تُنْفِقُوْا	مِنْ شَيْءٍ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ
ان کے سوا	تم انہیں نہیں جانتے	اللہ	جانتا ہے انہیں	اور جو	تم خرچ کرو گے	کچھ	میں	اللہ کا راستہ

ان کے سوا، تم انہیں نہیں جانتے، اللہ انہیں جانتا ہے، اور تم جو کچھ اللہ کے راستے میں خرچ کرو گے

يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَ

يُوَفَّ	اِلَيْكُمْ	وَاَنْتُمْ	لَا تُظْلَمُوْنَ	وَاِنْ	جَنَحُوْا	لِلسَّلْمِ	فَاجْنَحْ	لَهَا	وَ
پورا پورا دیا جائے گا	تمہیں	اور تم	تمہارا نقصان نہ کیا جائے گا	اور اگر	وہ جھکیں	صلح کی طرف	تو صلح کر لو	اسکی طرف	اور

تمہیں پورا پورا دیا جائے گا، اور تمہارا نقصان نہ کیا جائے گا - اور اگر وہ صلح کی طرف جھکیں تو (تم بھی) اس (صلح) کی طرف جھکو، اور

تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۱﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ

تَوَكَّلْ	عَلَى	اللّٰهِ	اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	وَاِنْ	يُّرِيْدُوْٓا	اَنْ	يَّخْدَعُوْكَ
بھروسہ رکھو	پر	اللہ	بیشک	وہ	سننے والا	جاننے والا	اور اگر	وہ چاہیں	کہ	تمہیں دھوکہ دیں

اللہ پر بھروسہ رکھو، بیشک وہ سُننے والا جاننے والا ہے۔ اور اگر وہ تمہیں دھوکہ دینا چاہیں

فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾ وَاَلَّفَ

فَاِنَّ	حَسْبَكَ	اللّٰهُ	هُوَ	الَّذِيْٓ	اَيَّدَكَ	بِنَصْرِهٖ	وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ	وَاَلَّفَ
تو بیشک	تمہارے لئے کافی	اللہ	وہ	جس نے	تمہیں زور دیا	اپنی مدد سے	اور مسلمانوں سے	اور اُلفت ڈال دی

تو بیشک تمہارے لئے اللہ کافی ہے، وہ جس نے تمہیں اپنی مدد سے اور مسلمانوں سے زور دیا۔ اور اُلفت ڈال دی

بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ

بَيْنَ	قُلُوْبِهِمْ	لَوْ	اَنْفَقْتَ	مَا	فِى الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	مَّآ	اَلَّفْتَ	بَيْنَ	قُلُوْبِهِمْ
درمیان میں	ان کے دل	اگر	تم خرچ کرتے	جو	زمین میں	سب کچھ	نہ	اُلفت ڈال سکتے	میں	ان کے دل

ان کے دلوں میں، اگر تم سب کچھ خرچ کر دیتے جو زمین میں ہے ان کے دلوں میں اُلفت نہ ڈال سکتے

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۳﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ

وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	اَلَّفَ	بَيْنَهُمْ	اِنَّهٗ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	النَّبِيُّ	حَسْبُكَ	اللّٰهُ
اور لیکن	اللہ	اُلفت ڈالدی	انکے درمیان	بیشک وہ	غالب	حکمت والا	اے	نبیؐ	کافی ہے تمہیں	اللہ

لیکن اللہ نے ان کے درمیان اُلفت ڈال دی، بیشک وہ غالب حکمت والا ہے۔ اے نبیؐ! اللہ کافی ہے تمہیں

وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۴﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ

وَمَنِ	اتَّبَعَكَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	النَّبِيُّ	حَرِّضِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	عَلَى	الْقِتَالِ
اور جو	تمہارے پیرو ہیں	سے	مومن (جمع)	اے	نبیؐ	ترغیب دو	مومن (جمع)	پر	جہاد

اور مومنوں کو جو تمہارے پیرو ہیں۔ اے نبیؐ! مومنوں کو جہاد پر ترغیب دو

اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ

اِنْ	يَّكُنْ	مِّنْكُمْ	عِشْرُوْنَ	صٰبِرُوْنَ	يَغْلِبُوْا	مِائَتَيْنِ	وَاِنْ	يَّكُنْ	مِّنْكُمْ
اگر	ہوں	تم میں سے	بیس ۲۰	صبر والے	غالب آئیں گے	دو سو ۲۰۰	اور اگر	ہوں	تم میں سے

اگر تم میں سے بیس ۲۰ صبر والے (ثابت قدم) ہونگے تو وہ دو سو ۲۰۰ پر غالب آئیں گے، اور اگر تم میں سے

۸ ع ۶ ۴

مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ اَلْـٰٔنَ

مِّائَةٌ	يَّغْلِبُوْٓا	اَلْفًا	مِّنَ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا يَفْقَهُوْنَ	اَلْـٰٔنَ
ایک سو	وہ غالب آئیں گے	ایک ہزار	سے	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	اس لئے کہ وہ	لوگ	سمجھ نہیں رکھتے	اب

ایک سو ہوں تو وہ ایک ہزار کافروں پر غالب آئیں گے، اس لئے کہ وہ لوگ (کافر) سمجھ نہیں رکھتے۔ اب

خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ

خَفَّفَ	اللّٰهُ	عَنْكُمْ	وَعَلِمَ	اَنَّ	فِيْكُمْ	ضَعْفًا	فَاِنْ	يَّكُنْ	مِّنْكُمْ	مِّائَةٌ	صَابِرَةٌ
تخفیف کردی	اللہ	تم سے	اور معلوم کرلیا	کہ	تم میں	کمزوری	پس اگر	ہوں	تم میں سے	ایک سو	صبر والے

اللہ نے تم سے تخفیف کردی، اور معلوم کرلیا کہ تم میں کمزوری ہے، پس اگر تم میں سے ایک سو صبر والے ہوں

يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

يَغْلِبُوْا	مِائَتَيْنِ	وَاِنْ	يَّكُنْ	مِّنْكُمْ	اَلْفٌ	يَّغْلِبُوْٓا	اَلْفَيْنِ	بِاِذْنِ	اللّٰهِ
وہ غالب آئیں گے	دو سو	اور اگر	ہوں	تم میں سے	ایک ہزار	وہ غالب رہیں گے	دو ہزار	حکم سے	اللہ

تو وہ دو سو پر غالب آئیں گے، اگر تم میں سے ایک ہزار ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے دو ہزار پر غالب رہیں گے

وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۶۶﴾ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى

وَاللّٰهُ	مَعَ	الصّٰبِرِيْنَ	مَا كَانَ	لِنَبِيٍّ	اَنْ	يَّكُوْنَ	لَهٗٓ	اَسْرٰى	حَتّٰى
اور اللہ	ساتھ	صبر والے	نہیں ہے	کسی نبی کے لئے	کہ	ہوں	اس کے	قیدی	جب تک

اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ کسی نبی کے لئے (لائق) نہیں کہ اس کے (قبضہ میں) قیدی ہوں جب تک

يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ ؕ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ

يُثْخِنَ	فِى	الْاَرْضِ	تُرِيْدُوْنَ	عَرَضَ	الدُّنْيَا	وَاللّٰهُ	يُرِيْدُ	الْاٰخِرَةَ
خونریزی کرلے	میں	زمین	تم چاہتے ہو	مال	دنیا	اور اللہ	چاہتا ہے	آخرت

وہ زمین میں خونریزی (نہ) کرلے، تم دنیا کا مال چاہتے ہو، اور اللہ آخرت چاہتا ہے،

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۷﴾ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ

وَاللّٰهُ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	لَوْ	لَا	كِتٰبٌ	مِّنَ اللّٰهِ	سَبَقَ	لَمَسَّكُمْ	فِيْمَآ	اَخَذْتُمْ
اور اللہ	غالب	حکمت والا	اگر	نہ	لکھا ہوا	اللہ سے	پہلے ہی	تمہیں پہنچتا	اس میں جو	تم نے لیا

اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ اگر اللہ (کی طرف) سے پہلے ہی لکھا ہوا نہ ہوتا تو اس کے لینے (بدلہ) میں تمہیں پہنچتا

عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿۶۸﴾ فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

عَذَابٌ	عَظِيمٌ	فَكُلُوا	مِمَّا	غَنِمْتُمْ	حَلٰلًا	طَيِّبًا	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ
عذاب	بڑا	پس کھاؤ	اس سے جو	تمہیں غنیمت میں ملا	حلال	پاک	اور ڈرو	اللہ	بیشک	اللہ

بڑا عذاب۔ پس اس میں سے کھاؤ جو تمہیں غنیمت میں حلال پاک ملا، اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ

۹ ع ۵ ۵

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۹﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى ۙ

غَفُوْرٌ	رَحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	النَّبِيُّ	قُلْ	لِّمَنْ	فِيْٓ	اَيْدِيْكُمْ	مِّنَ	الْاَسْرٰٓى
بخشنے والا	نہایت مہربان	اے	نبی	کہدیں	ان سے جو	میں	تمہارے ہاتھ	سے	قیدی

بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اے نبیؐ! آپؐ کے ہاتھ (قبضہ) میں جو قیدی ہیں، اُن سے کہدیں کہ

اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ

اِنْ	يَّعْلَمِ	اللّٰهُ	فِيْ	قُلُوْبِكُمْ	خَيْرًا	يُّؤْتِكُمْ	خَيْرًا	مِّمَّآ	اُخِذَ	مِنْكُمْ	وَيَغْفِرْ	لَكُمْ
اگر	معلوم کرے گا	اللہ	میں	تمہارے دل	کوئی بھلائی	تمہیں دے گا	بہتر	اس سے جو	لیا گیا	تم سے	اور بخشدے گا	تمہیں

اگر اللہ تمہارے دلوں میں کوئی بھلائی معلوم کرے گا تو تمہیں اس سے بہتر دے گا جو تم سے لیا گیا، اور وہ تمہیں بخش دے گا

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷۰﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ

وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَحِيْمٌ	وَاِنْ	يُّرِيْدُوْا	خِيَانَتَكَ	فَقَدْ خَانُوا	اللّٰهَ	مِنْ قَبْلُ
اور اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور اگر	وہ ارادہ کریں گے	آپ سے خیانت کا	تو انہوں نے خیانت کی	اللہ	اس سے قبل

اور اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور اگر آپؐ سے خیانت کا ارادہ کریں گے تو انہوں نے اس سے قبل اللہ سے خیانت کی

فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا

فَاَمْكَنَ	مِنْهُمْ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَهَاجَرُوْا
تو قبضہ میں دیدیا	ان سے (انہیں)	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	بیشک	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے ہجرت کی

تو اللہ نے انہیں (تمہارے) قبضہ میں دیدیا، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے ہجرت کی

وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا

وَجٰهَدُوْا	بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	وَالَّذِيْنَ	اٰوَوْا	وَّنَصَرُوْٓا
اور جہاد کیا	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانیں	میں	راستہ	اللہ	اور وہ لوگ جو	ٹھکانہ دیا	اور مدد کی

اور اپنے مالوں اور جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا، اور جن لوگوں نے ٹھکانہ دیا اور مدد کی

أُولَٰئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يُهَاجِرُوا مَا لَكُم

أُولَٰئِكَ	بَعْضُهُمْ	أَوْلِيَاءُ	بَعْضٍ	وَالَّذِينَ	آمَنُوا	وَلَمْ يُهَاجِرُوا	مَا لَكُم
وہی لوگ	ان کے بعض	رفیق	بعض (دوسرے)	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور انہوں نے ہجرت نہ کی	تمہیں نہیں

وہی لوگ ایک دوسرے کے رفیق ہیں، اور جو لوگ ایمان لائے، اور اُنہوں نے ہجرت نہ کی، تمہیں نہیں ہے

مِّن وَلَايَتِهِم مِّن شَيْءٍ حَتَّىٰ يُهَاجِرُوا ۚ وَإِنِ اسْتَنصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ

مِن	وَلَايَتِهِم	مِن شَيْءٍ	حَتَّىٰ	يُهَاجِرُوا	وَإِنِ	اسْتَنصَرُوكُمْ	فِي الدِّينِ
سے	ان کی رفاقت	کچھ شے (سروکار)	یہانتک کہ	وہ ہجرت کریں	اور اگر	وہ تم سے مدد مانگیں	دین میں

کچھ سروکار ان کی رفاقت سے، یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں، اور اگر وہ تم سے دین میں مدد مانگیں

فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ إِلَّا عَلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ

فَعَلَيْكُمُ	النَّصْرُ	إِلَّا	عَلَىٰ	قَوْمٍ	بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَهُم	مِّيثَاقٌ	وَاللَّهُ	بِمَا تَعْمَلُونَ
تو تم پر (لازم ہے)	مدد	مگر	پر (خلاف)	وہ قوم	تمہارے درمیان	اور ان کے درمیان	معاہدہ	اور اللہ	جو تم کرتے ہو

تو تم پر مدد لازم ہے، مگر اس قوم کے خلاف نہیں جس کے اور تمہارے درمیان معاہدہ ہو، اور جو تم کرتے ہو اللہ اُسے

بَصِيرٌ ﴿٧٢﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ إِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُن فِتْنَةٌ

بَصِيرٌ	وَالَّذِينَ	كَفَرُوا	بَعْضُهُمْ	أَوْلِيَاءُ	بَعْضٍ	إِلَّا تَفْعَلُوهُ	تَكُن	فِتْنَةٌ
دیکھنے والا	اور وہ لوگ جو	انہوں نے کفر کیا	ان کے بعض	رفیق	بعض (دوسرے)	اگر تم ایسا نہ کروگے	ہوگا	فتنہ

دیکھنے والا ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ ایک دوسرے کے رفیق ہیں، اگر تم ایسا نہ کروگے تو فتنہ ہوگا

فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ ﴿٧٣﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا

فِي	الْأَرْضِ	وَفَسَادٌ	كَبِيرٌ	وَالَّذِينَ	آمَنُوا	وَهَاجَرُوا	وَجَاهَدُوا
میں	زمین	اور فساد	بڑا	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور انہوں نے ہجرت کی	اور جہاد کیا انہوں نے

زمین میں، اور بڑا فساد (ہوگا)۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور جہاد کیا

فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۚ

فِي	سَبِيلِ اللَّهِ	وَالَّذِينَ	آوَوا	وَنَصَرُوا	أُولَٰئِكَ	هُمُ	الْمُؤْمِنُونَ	حَقًّا
میں	اللہ کا راستہ	اور وہ لوگ جو	ٹھکانہ دیا	اور مدد کی	وہی لوگ	وہ	مومن (جمع)	سچے

اللہ کے راستے میں، اور جن لوگوں نے ٹھکانہ دیا اور مدد کی وہی لوگ سچے مومن ہیں،

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٤﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا

لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّرِزْقٌ	كَرِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْۢ بَعْدُ	وَهَاجَرُوْا
ان کے لئے	بخشش	اور روزی	عزت	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اس کے بعد	اور انہوں نے ہجرت کی

ان کے لئے بخشش اور عزت کی روزی ہے۔ اور جو لوگ اس کے بعد ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی

وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ

وَجٰهَدُوْا	مَعَكُمْ	فَاُولٰٓئِكَ	مِنْكُمْ	وَاُولُوا الْاَرْحَامِ	بَعْضُهُمْ	اَوْلٰى	بِبَعْضٍ
اور انہوں نے جہاد کیا	تمہارے ساتھ	پس وہی لوگ	تم میں سے	اور قرابت دار	ان کے بعض	قریب (زیادہ حقدار)	بعض (دوسرے) کے

اور تمہارے ساتھ (مل کر) جہاد کیا پس وہی تم میں سے ہیں، اور قرابت دار (آپس میں) ایک دوسرے سے زیادہ حق دار ہیں

١٠ ع ٦ ٦

فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٧٥﴾

فِيْ	كِتٰبِ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ
میں (رُو سے)	اللہ کا حکم	بیشک	اللہ	ہر چیز	جاننے والا

اللہ کے حکم کی رُو سے، بے شک اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

اٰیاتُھا ١٢٩ | ٩ : سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ : ١١٣ | رکوعاتُھا ١٦

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١﴾

بَرَآءَةٌ	مِّنَ	اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖٓ	اِلَى	الَّذِيْنَ	عٰهَدْتُّمْ	مِّنَ	الْمُشْرِكِيْنَ
بیزاری (قطع تعلق)	سے	اللہ	اور اس کا رسولؐ	طرف	وہ لوگ جنہوں نے	تم سے عہد کیا	سے	مشرکین

اللہ اور اس کے رسولؐ کی طرف سے قطع تعلق ہے ان مشرکوں سے جنہوں نے تم سے عہد کیا ہوا تھا۔

فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

فَسِيْحُوْا	فِي الْاَرْضِ	اَرْبَعَةَ	اَشْهُرٍ	وَّاعْلَمُوْٓا	اَنَّكُمْ	غَيْرُ	مُعْجِزِي اللّٰهِ	وَاَنَّ	اللّٰهَ
پس چل پھر لو	زمین میں	چار	مہینے	اور جان لو	کہ تم	نہیں	اللہ کو عاجز کرنے والے	اور یہ کہ	اللہ

پس (مشرکو) زمین میں چار مہینے چل پھر لو، اور جان لو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں، اور یہ کہ اللہ

مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ۝٢ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ

مُخْزِي	الْكٰفِرِيْنَ	وَاَذَانٌ	مِّنَ اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖٓ	اِلَى	النَّاسِ	يَوْمَ	الْحَجِّ الْاَكْبَرِ
رسوا کرنے والا	کافر (جمع)	اور اعلان	اللہ سے	اور اس کا رسول	طرف (لئے)	لوگ	دن	حج اکبر

کافروں کو رسوا کرنے والا ہے۔ اور اللہ اور اس کے رسول (کی طرف) سے حج اکبر کے دن لوگوں کے لئے اعلان ہے

اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ ۭ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ

اَنَّ	اللّٰهَ	بَرِيْٓءٌ	مِّنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	وَرَسُوْلُهٗ	فَاِنْ	تُبْتُمْ	فَهُوَ	خَيْرٌ لَّكُمْ	وَاِنْ
کہ	اللہ	قطع تعلق	سے	مشرک (جمع)	اور اس کا رسول	پس اگر	تم توبہ کرو	تو یہ	تمہارے لئے بہتر	اور اگر

کہ اللہ اور اس کے رسولؐ کا مشرکوں سے قطع تعلق ہے، پس اگر تم توبہ کر لو تو یہ تمہارے لئے بہتر ہے، اور اگر

تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ

تَوَلَّيْتُمْ	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّكُمْ	غَيْرُ	مُعْجِزِي اللّٰهِ	وَبَشِّرِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِعَذَابٍ
تم نے منہ پھیر لیا	تو جان لو	کہ تم	نہ	عاجز کرنے والے اللہ	خوشخبری دے (آگاہ کر دو)	وہ لوگ جو	انہوں نے کفر کیا	عذاب سے

تم نے منہ پھیر لیا تو جان لو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں، اور آگاہ کر دو اُن لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا عذاب

اَلِيْمٍ ۝٣ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـــًٔا وَّ

اَلِيْمٍ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	عٰهَدْتُّمْ	مِّنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	ثُمَّ	لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ	شَيْـــًٔا	وَّ
دردناک	سوائے	وہ لوگ جو	تم نے عہد کیا تھا	سے	مشرک (جمع)	پھر	انہوں نے تم سے کمی نہ کی	کچھ بھی	اور

دردناک سے۔ سوائے اُن مشرک لوگوں کے جن سے تم نے عہد کیا تھا، پھر اُنہوں نے تم سے (عہد میں) کچھ بھی کمی نہ کی اور

لَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

لَمْ يُظَاهِرُوْا	عَلَيْكُمْ	اَحَدًا	فَاَتِمُّوْٓا	اِلَيْهِمْ	عَهْدَهُمْ	اِلٰى	مُدَّتِهِمْ	اِنَّ اللّٰهَ
نہ انہوں نے مدد کی	تمہارے خلاف	کسی کی	تو پورا کرو	ان سے	ان کا عہد	تک	ان کی مدت	بیشک اللہ

نہ انہوں نے تمہارے خلاف کسی کی مدد کی، تو ان سے ان کا عہد ان کی (مقررہ) مدت تک پورا کرو، بیشک اللہ

يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝٤ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ

يُحِبُّ	الْمُتَّقِيْنَ	فَاِذَا	انْسَلَخَ	الْاَشْهُرُ	الْحُرُمُ	فَاقْتُلُوا	الْمُشْرِكِيْنَ	حَيْثُ
دوست رکھتا ہے	پرہیزگار (جمع)	پھر جب	گزر جائیں	مہینے	حرمت والے	تو قتل کرو	مشرک (جمع)	جہاں

پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے۔ پھر جب حرمت والے مہینے گزر جائیں تو مشرکوں کو قتل کرو جہاں

وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَ خُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ

وَجَدْتُّمُوْهُمْ	وَ خُذُوْهُمْ	وَاحْصُرُوْهُمْ	وَاقْعُدُوْا	لَهُمْ	كُلَّ مَرْصَدٍ	فَاِنْ
تم انہیں پاؤ	اور انہیں پکڑو	اور انہیں گھیرلو	اور بیٹھو	ان کے لئے	ہر گھات	پھر اگر

تم اُنہیں پاؤ، اور اُنہیں پکڑو، اور اُنہیں گھیرلو، اور ان کے لئے ہر گھات میں بیٹھو، پھر اگر

تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

تَابُوْا	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ	فَخَلُّوْا	سَبِيْلَهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ
وہ توبہ کرلیں	اور قائم کریں	نماز	اور زکوٰۃ ادا کریں	تو چھوڑ دو	ان کا راستہ	بیشک	اللہ	بخشنے والا

وہ توبہ کرلیں، اور نماز قائم کریں، اور زکوٰۃ ادا کریں، تو ان کا راستہ چھوڑ دو، بیشک اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ۝٥ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ

رَحِيْمٌ	وَاِنْ	اَحَدٌ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	اسْتَجَارَكَ	فَاَجِرْهُ	حَتّٰى	يَسْمَعَ
نہایت مہربان	اور اگر	کوئی	سے	مشرکین	آپ سے پناہ مانگے	تو اُسے پناہ دیدو	یہانتک کہ	وہ سُن لے

نہایت مہربان ہے۔ اور اگر مشرکین ہی سے کوئی آپؐ سے پناہ مانگے تو اُسے پناہ دے دیں، یہانتک کہ وہ سُن لے

١ ع ٦ ٧

كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝٦ كَيْفَ

كَلٰمَ اللّٰهِ	ثُمَّ	اَبْلِغْهُ	مَاْمَنَهٗ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا يَعْلَمُوْنَ	كَيْفَ
اللہ کا کلام	پھر	اسے پہنچا دیں	اسکی امن کی جگہ	یہ	اس لئے کہ وہ	لوگ	علم نہیں رکھتے	کیونکر

اللہ کا کلام، پھر اُسے اس کی امن کی جگہ پہنچا دیں، یہ اس لئے ہے کہ وہ لوگ علم نہیں رکھتے (نادان ہیں) کیونکر

يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖۤ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ

يَكُوْنُ	لِلْمُشْرِكِيْنَ	عَهْدٌ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ	عِنْدَ رَسُوْلِهٖ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	عٰهَدْتُّمْ
ہو	مشرکوں کے لئے	عہد	اللہ کے پاس	اور	اس کے رسول کے پاس	سوائے	وہ لوگ جو	تم نے عہد کیا

ہو مشرکوں کے لئے اللہ کے پاس اور اس کے رسولؐ کے پاس کوئی عہد، سوائے ان لوگوں کے جن سے تم نے عہد کیا

عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

عِنْدَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	فَمَا	اسْتَقَامُوْا	لَكُمْ	فَاسْتَقِيْمُوْا	لَهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ
پاس	مسجدِ حرام	سو جب تک	وہ قائم رہیں	تمہارے لئے	تو تم قائم رہو	ان کے لئے	بیشک	اللہ

مسجدِ حرام (خانہ کعبہ) کے پاس، سو جب تک وہ تمہارے لئے (عہد پر) قائم رہیں تم (بھی) ان کے لئے قائم رہو بیشک اللہ

يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝٧ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا

يُحِبُّ	الْمُتَّقِيْنَ	كَيْفَ	وَاِنْ	يَّظْهَرُوْا	عَلَيْكُمْ	لَا يَرْقُبُوْا	فِيْكُمْ	اِلًّا
دوست رکھتا ہے	پرہیزگار (جمع)	کیسے	اور اگر	وہ غالب آجائیں	تم پر	نہ لحاظ کریں	تمہاری	قرابت

پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے - کیسے (صلح ہو، حال یہ ہے) اگر وہ تم پر غالب آجائیں تو وہ نہ لحاظ کریں تمہاری قرابت کا،

وَّلَا ذِمَّةً ؕ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝٨

وَ	لَا ذِمَّةً	يُرْضُوْنَكُمْ	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَتَاْبٰى	قُلُوْبُهُمْ	وَاَكْثَرُهُمْ	فٰسِقُوْنَ
اور	نہ عہد	وہ تمہیں راضی کردیتے ہیں	اپنے منہ (جمع) سے	لیکن نہیں مانتے	ان کے دل	اور ان کے اکثر	نافرمان

اور نہ عہد کا، وہ تمہیں اپنے منہ سے (محض زبانی) راضی کر دیتے ہیں، لیکن اُن کے دل نہیں مانتے، اور ان میں اکثر نافرمان ہیں -

اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا

اِشْتَرَوْا	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا	فَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِهٖ	اِنَّهُمْ	سَآءَ	مَا
بیچ ڈالے انہوں نے	احکام	اللہ	قیمت	تھوڑی	پھر انہوں نے روکا	سے	اس کا راستہ	بیشک وہ	بُرا	جو

انہوں نے اللہ کے احکام تھوڑی قیمت پر بیچ ڈالے، پھر انہوں نے اس کے راستے سے روکا، بیشک بُرا ہے جو وہ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٩ لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	لَا يَرْقُبُوْنَ	فِيْ	مُؤْمِنٍ	اِلًّا	وَ	لَا ذِمَّةً	وَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ
وہ کرتے ہیں	لحاظ نہیں کرتے ہیں	(بارہ) میں	کسی مومن	قرابت	اور	نہ عہد	اور	وہی لوگ	وہ

کرتے ہیں - وہ کسی مومن کے بارے میں نہ قرابت کا لحاظ کرتے ہیں نہ عہد کا، اور وہی لوگ ہیں

الْمُعْتَدُوْنَ ۝١٠ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ

الْمُعْتَدُوْنَ	فَاِنْ	تَابُوْا	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتَوُا الزَّكٰوةَ	فَاِخْوَانُكُمْ
حد سے بڑھنے والے	پھر اگر وہ	توبہ کرلیں	اور قائم کریں	نماز	اور	ادا کریں زکوٰۃ	تو تمہارے بھائی

حد سے بڑھنے والے - پھر اگر وہ توبہ کرلیں، اور نماز قائم کریں، اور زکوٰۃ ادا کریں، تو وہ تمہارے بھائی ہیں

فِي الدِّيْنِ ؕ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝١١ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

فِي	الدِّيْنِ	وَنُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ	وَاِنْ	نَّكَثُوْٓا	اَيْمَانَهُمْ
میں	دین	اور کھول کر بیان کرتے ہیں	آیات	لوگوں کے لئے	علم رکھتے ہیں	اور اگر	وہ توڑ دیں	اپنی قسمیں

دین میں، اور ہم آیات کھول کر بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے لئے جو علم رکھتے ہیں - اور اگر وہ اپنی قسمیں توڑ دیں

مِّنۢ بَعۡدِ عَهۡدِهِمۡ وَطَعَنُوۡا فِىۡ دِيۡنِكُمۡ فَقَاتِلُوۡۤا اَئِمَّةَ الۡكُفۡرِ ۙ اِنَّهُمۡ لَاۤ

مِنۡۢ بَعۡدِ	عَهۡدِهِمۡ	وَطَعَنُوۡا	فِىۡ	دِيۡنِكُمۡ	فَقَاتِلُوۡۤا	اَئِمَّةَ الۡكُفۡرِ	اِنَّهُمۡ	لَاۤ
کے بعد سے	اپنا عہد	اور عیب نکالیں	میں	تمہارا دین	تو جنگ کرو	کفر کے سردار	بیشک وہ	نہیں

اپنے عہد کے بعد، اور تمہارے دین میں عیب نکالیں ، تو کفر کے سرداروں سے جنگ کرو ، بیشک

اَيۡمَانَ لَهُمۡ لَعَلَّهُمۡ يَنۡتَهُوۡنَ ﴿۱۲﴾ اَلَا تُقَاتِلُوۡنَ قَوۡمًا نَّكَثُوۡۤا اَيۡمَانَهُمۡ

اَيۡمَانَ	لَهُمۡ	لَعَلَّهُمۡ	يَنۡتَهُوۡنَ	اَلَا تُقَاتِلُوۡنَ	قَوۡمًا	نَّكَثُوۡۤا	اَيۡمَانَهُمۡ
قسم	ان کی	شاید وہ	باز آجائیں	کیا تم نہ لڑو گے ؟	ایسی قوم	اُنہوں نے توڑ ڈالا	اپنا عہد

اُن کی قسمیں کچھ نہیں، شاید وہ باز آجائیں - کیا تم ایسی قوم سے نہ لڑو گے؟ جنہوں نے اپنا عہد توڑ ڈالا

وَهَمُّوۡا بِاِخۡرَاجِ الرَّسُوۡلِ وَهُمۡ بَدَءُوۡكُمۡ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ اَتَخۡشَوۡنَهُمۡ

وَهَمُّوۡا	بِاِخۡرَاجِ	الرَّسُوۡلِ	وَهُمۡ	بَدَءُوۡكُمۡ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	اَتَخۡشَوۡنَهُمۡ
اور ارادہ کیا	نکالنے کا	رسول ؐ	اور وہ	تم سے پہل کی	پہلی بار	کیا تم ان سے ڈرتے ہو ؟

اور انہوں نے رسول ؐ کو نکالنے (جلاوطن کرنے) کا ارادہ کیا اور اُنہوں نے تم سے پہل کی ، کیا تم اُن سے ڈرتے ہو ؟

فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنۡ تَخۡشَوۡهُ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۳﴾ قَاتِلُوۡهُمۡ يُعَذِّبۡهُمُ اللّٰهُ

فَاللّٰهُ	اَحَقُّ	اَنۡ	تَخۡشَوۡهُ	اِنۡ كُنۡتُمۡ	مُّؤۡمِنِيۡنَ	قَاتِلُوۡهُمۡ	يُعَذِّبۡهُمُ	اللّٰهُ
تو اللہ	زیادہ حقدار	کہ	تم اس سے ڈرو	اگر تم ہو	ایمان والے	تم ان سے لڑو	انہیں عذاب دے	اللہ

تو اللہ زیادہ حق رکھتا ہے کہ تم اس سے ڈرو اگر تم ایمان والے ہو - تم ان سے لڑو (تاکہ) اللہ انہیں عذاب دے

بِاَيۡدِيۡكُمۡ وَيُخۡزِهِمۡ وَيَنۡصُرۡكُمۡ عَلَيۡهِمۡ وَيَشۡفِ صُدُوۡرَ قَوۡمٍ

بِاَيۡدِيۡكُمۡ	وَيُخۡزِهِمۡ	وَيَنۡصُرۡكُمۡ	عَلَيۡهِمۡ	وَيَشۡفِ	صُدُوۡرَ	قَوۡمٍ
تمہارے ہاتھوں سے	اور انہیں رسوا کرے	اور تمہیں غالب کرے	اُن پر	اور شفا بخشے (ٹھنڈے کرے)	سینے (دل)	لوگ

تمہارے ہاتھوں سے، اور اُنہیں رُسوا کرے ، اور تمہیں اُن پر غالب کرے ، اور دل ٹھنڈے کرے

مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۴﴾ وَيُذۡهِبۡ غَيۡظَ قُلُوۡبِهِمۡ ؕ وَيَتُوۡبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنۡ يَّشَآءُ ؕ

مُّؤۡمِنِيۡنَ	وَيُذۡهِبۡ	غَيۡظَ	قُلُوۡبِهِمۡ	وَ	يَتُوۡبُ اللّٰهُ عَلٰى	مَنۡ	يَّشَآءُ
مومن (جمع)	اور دُور کردے	غصہ	ان کے دل (جمع)	اور	اللہ توبہ قبول کرتا ہے	جسے	چاہے

مومن لوگوں کے - اور ان کے دلوں سے غصہ دُور کرے ، اور اللہ جس کی چاہے توبہ قبول کرتا ہے ،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٥﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	اَمْ حَسِبْتُمْ	اَنْ	تُتْرَكُوْا	وَلَمَّا	يَعْلَمِ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ
اور اللہ	علم والا	حکمت والا	کیا تم گمان کرتے ہو	کہ	تم چھوڑ دیئے جاؤ گے	اور ابھی نہیں	معلوم کیا اللہ	وہ لوگ جو

اور اللہ علم والا، حکمت والا ہے۔ کیا تم گمان کرتے ہو کہ تم چھوڑ دیئے جاؤ گے؟ (جبکہ) اللہ نے ابھی ان کو معلوم نہیں کیا

جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ

جٰهَدُوْا	مِنْكُمْ	وَلَمْ يَتَّخِذُوْا	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	وَ	لَا رَسُوْلِهٖ	وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ
انہوں نے جہاد کیا	تم میں سے	اور انہوں نے نہیں بنایا	سوا	اللہ	اور	نہ اس کا رسولؐ	اور نہ مومن (جمع)

تم میں سے جنہوں نے جہاد کیا، اور انہوں نے نہیں بنایا کسی کو اللہ کے سوا، اور اس کے رسولؐ اور مومنوں (کے سوا)

وَلِيْجَةً ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٦﴾ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا ع ۲ ۱۰ ۸

وَلِيْجَةً	وَاللّٰهُ	خَبِيْرٌ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	مَا كَانَ	لِلْمُشْرِكِيْنَ	اَنْ	يَّعْمُرُوْا
رازدار	اور اللہ	باخبر	اس سے جو تم کرتے ہو	نہیں ہے	مشرکوں کے لئے	کہ	وہ آباد کریں

رازدار۔ اور اللہ اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ مشرکوں کا (کام) نہیں کہ وہ آباد کریں

مٰسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚ ۖ

مٰسٰجِدَ اللّٰهِ	شٰهِدِيْنَ	عَلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	بِالْكُفْرِ	اُولٰٓئِكَ	حَبِطَتْ	اَعْمَالُهُمْ
اللہ کی مسجدیں	تسلیم کرتے ہوں	پر	اپنی جانیں (اپنے اوپر)	کفر کو	وہی لوگ	اکارت گئے	ان کے اعمال

اللہ کی مسجدیں (جبکہ) اپنے اوپر کفر کو تسلیم کرتے ہوں، وہی لوگ ہیں جن کے عمل اکارت گئے،

وَفِى النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿١٧﴾ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

وَ	فِى النَّارِ	هُمْ	خٰلِدُوْنَ	اِنَّمَا	يَعْمُرُ	مَسٰجِدَ اللّٰهِ	مَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اور	جہنم میں	وہ	ہمیشہ رہیں گے	صرف	وہ آباد کرتا ہے	اللہ کی مسجدیں	جو	ایمان لایا	اللہ پر اور	آخرت کا دن

اور وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔ اللہ کی مسجدیں صرف وہی آباد کرتا ہے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لایا،

وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ

وَ	اَقَامَ الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتَى الزَّكٰوةَ	وَ	لَمْ يَخْشَ	اِلَّا	اللّٰهَ	فَعَسٰٓى	اُولٰٓئِكَ	اَنْ
اور	اس نے نماز قائم کی	اور	زکوٰۃ ادا کی	اور	وہ نہ ڈرا	سوائے	اللہ	سو امید ہے	وہی لوگ	کہ

اور اس نے نماز قائم کی، اور زکوٰۃ ادا کی، اور وہ اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈرا، سو امید ہے کہ وہی لوگ

يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿١٨﴾ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

يَكُوْنُوْا	مِنَ	الْمُهْتَدِيْنَ	اَجَعَلْتُمْ	سِقَايَةَ	الْحَآجِّ	وَ	عِمَارَةَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
ہوں	سے	ہدایت پانے والے	کیا تم نے بنایا (ٹھہرایا)	پانی پلانا	حاجی (جمع)	اور	آباد کرنا	مسجدِ حرام

ہدایت پانے والوں میں سے ہوں۔ کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانا اور مسجد حرام (خانہ کعبہ) کو آباد کرنا ٹھہرایا ہے

كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ

كَمَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَجٰهَدَ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	لَا يَسْتَوٗنَ
اس کے مانند	ایمان لایا	اللہ پر	اور	یوم آخرت	اور اس نے جہاد کیا	میں	اللہ کی راہ	وہ برابر نہیں

اس کے مانند جو اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان لایا، اور اس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا، وہ برابر نہیں ہیں

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٩﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا

عِنْدَ اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ	اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَهَاجَرُوْا
اللہ کے نزدیک	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ	ظالم (جمع)	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے ہجرت کی

اللہ کے نزدیک، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی

وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ

وَجٰهَدُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	بِاَمْوَالِهِمْ	وَ	اَنْفُسِهِمْ	اَعْظَمُ	دَرَجَةً	عِنْدَ اللّٰهِ
اور جہاد کیا	میں	اللہ کا راستہ	اپنے مالوں سے	اور	اپنی جانیں	بہت بڑا	درجے	اللہ کے ہاں

اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کیا (اُن کے) درجے اللہ کے ہاں بہت بڑے ہیں،

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿٢٠﴾ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ

وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفَآئِزُوْنَ	يُبَشِّرُهُمْ	رَبُّهُمْ	بِرَحْمَةٍ	مِنْهُ	وَرِضْوَانٍ	وَجَنّٰتٍ
اور وہی لوگ	وہ	مراد کو پہنچنے والے	انہیں خوشخبری دیتا ہے	ان کا رب	رحمت کی	اپنی طرف سے	اور خوشنودی	اور باغات

اور وہی لوگ مراد کو پہنچنے والے ہیں۔ ان کا رب انہیں اپنی طرف سے رحمت اور خوشنودی اور باغات کی خوشخبری دیتا ہے

لَهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿٢١﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ

لَهُمْ	فِيْهَا	نَعِيْمٌ	مُّقِيْمٌ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	اَبَدًا	اِنَّ	اللّٰهَ	عِنْدَهٗٓ	اَجْرٌ
انکے لئے	ان میں	نعمت	دائمی	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ	بیشک	اللہ	اس کے ہاں	اجر

ان میں ان کے لئے دائمی نعمت ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، بیشک اللہ کے ہاں اجر

عَظِيمٌ ﴿٢٢﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ

عَظِيمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوْا	اٰبَآءَكُمْ	وَاِخْوَانَكُمْ	اَوْلِيَآءَ
عظیم	اے	وہ لوگ جو ایمان لائے (ایمان والے)	تم نہ بناؤ	اپنے باپ دادا	اور اپنے بھائی	رفیق

عظیم ہے۔ اے ایمان والو! اپنے باپ دادا کو اور اپنے بھائیوں کو رفیق نہ بناؤ

اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ

اِنِ	اسْتَحَبُّوا	الْكُفْرَ	عَلَى الْاِيْمَانِ	وَ	مَنْ	يَّتَوَلَّهُمْ	مِّنْكُمْ	فَاُولٰۗىِٕكَ	هُمُ
اگر	وہ پسند کریں	کفر	ایمان پر (ایمان کے خلاف)	اور	جو	دوستی کریگا ان سے	تم میں سے	تو وہی لوگ	وہ

اگر وہ لوگ ایمان کے خلاف کفر کو پسند کریں اور تم میں سے جو اُن سے دوستی کرے گا تو وہی لوگ

الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٣﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ

الظّٰلِمُوْنَ	قُلْ	اِنْ	كَانَ	اٰبَاۗؤُكُمْ	وَاَبْنَاۗؤُكُمْ	وَاِخْوَانُكُمْ	وَاَزْوَاجُكُمْ
ظالم (جمع)	کہدیں	اگر	ہوں	تمہارے باپ دادا	اور تمہارے بیٹے	اور تمہارے بھائی	اور تمہاری بیویاں

ظالم ہیں۔ کہدیں، اگر تمہارے باپ دادا، تمہارے بیٹے، اور تمہارے بھائی، اور تمہاری بیویاں،

وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ

وَعَشِيْرَتُكُمْ	وَاَمْوَالُ	اقْتَرَفْتُمُوْهَا	وَتِجَارَةٌ	تَخْشَوْنَ	كَسَادَهَا	وَمَسٰكِنُ
اور تمہارے کنبے	اور مال (جمع)	جو تم نے کمائے	اور تجارت	تم ڈرتے ہو	اس کا نقصان	اور حویلیاں

اور تمہارے کُنبے، اور مال جو تم نے کمائے، اور تجارت جس کے نقصان سے تم ڈرتے ہو، اور حویلیاں

تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا

تَرْضَوْنَهَآ	اَحَبَّ	اِلَيْكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَجِهَادٍ	فِيْ سَبِيْلِهٖ	فَتَرَبَّصُوْا
جو تم پسند کرتے ہو	زیادہ پیاری	تمہارے لئے (تمہیں)	اللہ سے	اور اس کا رسول	اور جہاد	اس کی راہ میں	انتظار کرو

جن کو تم پسند کرتے ہو، تمہیں اللہ سے اور اس کے رسول سے اور اسکی راہ میں جہاد سے زیادہ پیارے ہوں تو انتظار کرو

حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٤﴾ لَقَدْ

حَتّٰى	يَاْتِيَ	اللّٰهُ	بِاَمْرِهٖ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الْفٰسِقِيْنَ	لَقَدْ
یہانتک کہ	آجائے	اللہ	اس کا حکم	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ	نافرمان	البتہ

یہاں تک کہ اللہ کا حکم آجائے، اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ البتہ

نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ

نَصَرَكُمُ	اللّٰهُ	فِيْ	مَوَاطِنَ	كَثِيْرَةٍ	وَ	يَوْمَ حُنَيْنٍ	اِذْ	اَعْجَبَتْكُمْ	كَثْرَتُكُمْ
تمہاری مدد کی	اللہ	میں	میدان (جمع)	بہت سے	اور	حُنَین کے دن	جب	تم خوش ہوئے (اترا گئے)	اپنی کثرت

اللہ نے تمہاری مدد کی بہت سے میدانوں میں ، اور حُنَین کے دن ، جب تم اپنی کثرت پر اِترا گئے

فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ

فَلَمْ تُغْنِ	عَنْكُمْ	شَيْـًٔا	وَضَاقَتْ	عَلَيْكُمُ	الْاَرْضُ	بِمَا رَحُبَتْ	ثُمَّ
تو نہ فائدہ دیا	تمہیں	کچھ	اور تنگ ہوگئی	تم پر	زمین	فراخی کے باوجود	پھر

تو اس (کثرت) نے تمہیں کچھ فائدہ نہ دیا ، اور تم پر زمین فراخی کے باوجود تنگ ہوگئی ، پھر

وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

وَلَّيْتُمْ	مُّدْبِرِيْنَ	ثُمَّ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	سَكِيْنَتَهٗ	عَلٰى	رَسُوْلِهٖ	وَعَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ
تم پھر گئے	پیٹھ دے کر	پھر	نازل کی	اللہ	اپنی تسکین	پر	اپنے رسولؐ	اور پر	مومنوں

تم پیٹھ دے کر پھر گئے - پھر اللہ نے اپنے رسولؐ پر اور مومنوں پر اپنی تسکین نازل کی ،

وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَذٰلِكَ جَزَآءُ

وَاَنْزَلَ	جُنُوْدًا	لَّمْ تَرَوْهَا	وَعَذَّبَ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	وَذٰلِكَ	جَزَآءُ
اور اُتارے اس نے	لشکر	وہ تم نے نہ دیکھے	اور عذاب دیا	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	اور یہی	سزا

اور اس نے لشکر اُتارے جو تم نے نہ دیکھے ، اور کافروں کو عذاب دیا ، اور یہی سزا ہے

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

الْكٰفِرِيْنَ	ثُمَّ	يَتُوْبُ	اللّٰهُ	مِنْۢ بَعْدِ	ذٰلِكَ	عَلٰى	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ
کافر (جمع)	پھر	توبہ قبول کرے گا	اللہ	بعد	اس	پر	جس کی چاہے	اور اللہ	بخشنے والا

کافروں کی - پھر اس کے بعد اللہ جس کی چاہے توبہ قبول کرے گا ، اور اللہ بخشنے والا ،

رَّحِيْمٌ ﴿٢٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا

رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اِنَّمَا	الْمُشْرِكُوْنَ	نَجَسٌ	فَلَا يَقْرَبُوا
نہایت مہربان	اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	اسکے سوا نہیں	مشرک (جمع)	پلید	لہٰذا وہ قریب نہ جائیں

نہایت مہربان ہے - اے مومنو! اس کے سوا نہیں کہ مشرک پلید ہیں ، لہٰذا وہ قریب نہ جائیں

الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ

الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ	بَعْدَ	عَامِهِمْ	هٰذَا	وَاِنْ	خِفْتُمْ	عَيْلَةً	فَسَوْفَ	يُغْنِيْكُمُ	اللّٰهُ
مسجدِ حرام	بعد	سال	اِس	اور اگر	تمہیں ڈر ہو	محتاجی	تو جلد	تمہیں غنی کر دے گا	اللہ

اس سال کے بعد مسجدِ حرام (خانہ کعبہ) کے۔ اور اگر تمہیں محتاجی کا ڈر ہو تو اللہ تمہیں جلد غنی کر دے گا

مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٨﴾ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

مِنْ	فَضْلِهٖٓ	اِنْ شَآءَ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	قَاتِلُوا	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ
سے	اپنا فضل	اگر وہ چاہے	بیشک	اللہ	جاننے والا	حکمت والا	تم لڑو	وہ لوگ جو	ایمان نہیں لائے

اپنے فضل سے اگر چاہے، بیشک اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ تم ان لوگوں سے لڑو جو ایمان نہیں لائے

بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَ

بِاللّٰهِ	وَلَا	بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَلَا يُحَرِّمُوْنَ	مَا حَرَّمَ	اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	وَ
اللہ پر	اور نہ	یوم آخرت پر	اور نہ حرام جانتے ہیں	جو حرام ٹھہرایا	اللہ	اور اس کا رسولؐ	اور

اللہ پر، اور نہ یوم آخرت پر، اور نہ حرام جانتے ہیں وہ جو اللہ اور اس کے رسولؐ نے حرام ٹھہرایا ہے، اور

لَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ

لَا يَدِيْنُوْنَ	دِيْنَ الْحَقِّ	مِنَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	حَتّٰى	يُعْطُوا	الْجِزْيَةَ
نہ قبول کرتے ہیں	دینِ حق	سے	وہ لوگ جو	کتاب دیئے گئے (اہل کتاب)	یہاں تک	وہ دیں	جزیہ

نہ دینِ حق کو قبول کرتے ہیں ان لوگوں میں سے جو اہلِ کتاب ہیں، یہاں تک کہ وہ جزیہ دیں

عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿٢٩﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ۨ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ

عَنْ	يَّدٍ	وَّهُمْ	صٰغِرُوْنَ	وَقَالَتِ	الْيَهُوْدُ	عُزَيْرُ ۨ	ابْنُ اللّٰهِ	وَقَالَتِ
سے	ہاتھ	اور وہ	ذلیل ہو کر	اور کہا	یہود	عُزَیر	اللہ کا بیٹا	اور کہا

اپنے ہاتھ سے ذلیل ہو کر۔ یہود نے کہا عُزَیرؑ اللہ کا بیٹا ہے، اور کہا

النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ

النَّصٰرَى	الْمَسِيْحُ	ابْنُ اللّٰهِ	ذٰلِكَ	قَوْلُهُمْ	بِاَفْوَاهِهِمْ	يُضَاهِـُٔوْنَ
نصاریٰ	مسیحؑ	اللہ کا بیٹا	یہ	ان کی باتیں	اُن کے مُنہ کی	وہ ریس کرتے ہیں

نصاریٰ نے مسیحؑ اللہ کا بیٹا ہے، یہ باتیں ہیں اُن کے مُنہ کی، وہ ریس کرتے ہیں

قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٣٠﴾ اِتَّخَذُوْٓا

قَوْلَ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	مِنْ قَبْلُ	قٰتَلَهُمُ	اللّٰهُ	اَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ	اِتَّخَذُوْٓا
بات	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	پہلے	ہلاک کرے انہیں	اللہ	کہاں	بہکے جاتے ہیں وہ	اُنہوں نے بنا لیا

پہلے کافروں کی بات کی ۔ اللہ انہیں ہلاک کرے، کہاں بہکے جا رہے ہیں؟ انہوں نے بنا لیا

اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ

اَحْبَارَهُمْ	وَرُهْبَانَهُمْ	اَرْبَابًا	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَالْمَسِيْحَ	ابْنَ مَرْيَمَ
اپنے احبار (علمائ)	اور اپنے راہب (درویش)	رب (جمع)	سے	اللہ کے سوا	اور مسیحؑ	ابن مریم

اپنے علماء اور اپنے درویشوں کو رب، اللہ کے سوا ، اور مسیحؑ ابن مریم کو (بھی) ،

وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا

وَمَآ	اُمِرُوْٓا	اِلَّا	لِيَعْبُدُوْٓا	اِلٰهًا وَّاحِدًا	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	سُبْحٰنَهٗ	عَمَّا
اور نہیں	انہیں حکم دیا گیا	مگر	یہ کہ وہ عبادت کریں	معبود واحد	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	وہ پاک ہے	اس سے جو

اور انہیں حکم نہیں دیا گیا مگر یہ کہ وہ معبود واحد کی عبادت کریں، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اُس سے پاک ہے جو

يُشْرِكُوْنَ ﴿٣١﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ

يُشْرِكُوْنَ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يُّطْفِـُٔوْا	نُوْرَ اللّٰهِ	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَيَاْبَى اللّٰهُ	اِلَّآ
وہ شرک کرتے ہیں	وہ چاہتے ہیں	کہ وہ	وہ بجھا دیں	اللہ کا نور	اپنے منہ سے (جمع)	اور نہ رہے گا اللہ	مگر

وہ شرک کرتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ وہ اللہ کے نور کو اپنے مُنہ (کی پھونکوں) سے بجھا دیں اور اللہ (اس کے بغیر) نہ رہے گا مگر

اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٣٢﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى

اَنْ	يُّتِمَّ	نُوْرَهٗ	وَلَوْ	كَرِهَ	الْكٰفِرُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْٓ	اَرْسَلَ	رَسُوْلَهٗ	بِالْهُدٰى
یہ کہ	پورا کرے	اپنا نور	خواہ	پسند نہ کریں	کافر (جمع)	وہ	وہ جس نے	بھیجا	اپنا رسول	ہدایت کے ساتھ

یہ کہ اپنے نور کو پورا کرے ، خواہ کافر پسند نہ کریں ۔ وہ جس نے اپنا رسولؐ بھیجا ہدایت کے ساتھ

وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

وَ	دِيْنِ الْحَقِّ	لِيُظْهِرَهٗ	عَلَى	الدِّيْنِ	كُلِّهٖ	وَلَوْ	كَرِهَ	الْمُشْرِكُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ
اور	دینِ حق	تاکہ اسے غلبہ دے	پر	دین	تمام پر	خواہ	پسند نہ کریں	مشرک (جمع)	اے	وہ لوگ جو

اور دینِ حق کے ساتھ، تاکہ اسے تمام دینوں پر غلبہ دے خواہ مشرک پسند نہ کریں۔ اے وہ لوگو ! جو

اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ

اٰمَنُوْا	اِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنَ	الْاَحْبَارِ	وَالرُّهْبَانِ	لَيَاْكُلُوْنَ	اَمْوَالَ	النَّاسِ	بِالْبَاطِلِ
ایمان لائے	بیشک	بہت	سے	علماء	اور راہب (درویش)	کھاتے ہیں	مال (جمع)	لوگ (جمع)	ناحق طور پر

ایمان لائے ہو (مومنو)! بیشک بہت سے علماء اور درویش لوگوں کے مال ناحق طور پر کھاتے ہیں،

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ

وَيَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	وَ	الَّذِيْنَ	يَكْنِزُوْنَ	الذَّهَبَ	وَالْفِضَّةَ
اور روکتے ہیں	سے	راستہ	اللہ	اور	وہ لوگ جو	جمع کر کے رکھتے ہیں	سونا	اور چاندی

اور اللہ کے راستے سے روکتے ہیں، اور وہ لوگ جو سونا اور چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں،

وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ﴿۳۴﴾ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا

وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَبَشِّرْهُمْ	بِعَذَابٍ	اَلِيْمٍ	يَوْمَ	يُحْمٰى	عَلَيْهَا
اور وہ اسے خرچ نہیں کرتے	میں	اللہ کی راہ	سو انہیں خوشخبری دو	عذاب	دردناک	جس دن	دہکائیں گے	اس پر

اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے سو انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری دو (آگاہ کر دو) - جس دن ہم اسے دہکائیں گے

فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا

فِيْ	نَارِ جَهَنَّمَ	فَتُكْوٰى بِهَا	جِبَاهُهُمْ	وَ	جُنُوْبُهُمْ	وَظُهُوْرُهُمْ	هٰذَا	مَا
میں	جہنم کی آگ	پھر داغا جائے گا اس سے	ان کی پیشانی (جمع)	اور	ان کے پہلو (جمع)	اور ان کی پیٹھ (جمع)	یہ ہے	جو

جہنم کی آگ میں، پھر اس سے اُن کی پیشانیوں، اور ان کے پہلوؤں، اور ان کی پیٹھوں کو داغا جائے گا کہ یہ ہے وہ جو

كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ

كَنَزْتُمْ	لِاَنْفُسِكُمْ	فَذُوْقُوْا	مَا	كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ	اِنَّ	عِدَّةَ	الشُّهُوْرِ
تم نے جمع کر کے رکھا	اپنے لئے	پس مزہ چکھو	جو	تم جمع کر کے رکھتے تھے	بیشک	تعداد	مہینے

تم نے اپنے لئے جمع کر کے رکھا تھا، پس مزہ چکھو جو تم جمع کر کے رکھتے تھے - بیشک مہینوں کی تعداد

عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

عِنْدَ اللّٰهِ	اثْنَا عَشَرَ	شَهْرًا	فِيْ	كِتٰبِ اللّٰهِ	يَوْمَ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ
اللہ کے نزدیک	بارہ	مہینے	میں	اللہ کی کتاب	جس دن	اس نے پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین

اللہ کے نزدیک اللہ کی کتاب میں بارہ ۱۲ مہینے ہے، جس دن اس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا

مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ۬ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ

مِنْهَا	اَرْبَعَةٌ	حُرُمٌ	ذٰلِكَ	الدِّيْنُ الْقَيِّمُ	فَلَا تَظْلِمُوْا	فِيْهِنَّ	اَنْفُسَكُمْ
ان سے (ان میں)	چار	حرمت والے	یہ	سیدھا (درست) دین	پھر نہ ظلم کرو تم	ان میں	اپنے اوپر

اُن میں چار حرمت والے (ادب کے) مہینے ہیں، یہی ہے درست دین، پس تم اِن میں اپنے اوپر ظلم نہ کرو،

وَ قَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

وَ	قَاتِلُوا	الْمُشْرِكِيْنَ	كَآفَّةً	كَمَا	يُقَاتِلُوْنَكُمْ	كَآفَّةً	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ
اور	لڑو	مشرکوں	سب کے سب	جیسے	وہ تم سے لڑتے ہیں	سب کے سب	اور جان لو	کہ	اللہ

اور تم سب کے سب مشرکوں سے لڑو جیسے وہ سب کے سب تم سے لڑتے ہیں، اور جان لو کہ اللہ

مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٦﴾ اِنَّمَا النَّسِيْٓءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

مَعَ	الْمُتَّقِيْنَ	اِنَّمَا	النَّسِيْٓءُ	زِيَادَةٌ	فِي الْكُفْرِ	يُضَلُّ	بِهِ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
ساتھ	پرہیزگار (جمع)	یہ جو	مہینے کا ہٹا دینا	اضافہ	کفر میں	گمراہ ہوتے ہیں	اس میں	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)

پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ یہ جو مہینے کا ہٹا کر (آگے پیچھے کرنا ہے) کفر میں اضافہ ہے، اس سے کافر گمراہ ہوتے ہیں

يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا

يُحِلُّوْنَهٗ	عَامًا	وَيُحَرِّمُوْنَهٗ	عَامًا	لِّيُوَاطِـُٔوْا	عِدَّةَ	مَا	حَرَّمَ	اللّٰهُ	فَيُحِلُّوْا
وہ اُس کو حلال کرتے ہیں	ایک سال	اور اسے حرام کر لیتے ہیں	ایک سال	تاکہ وہ پوری کر لیں	گنتی	جو	حرام کیا	اللہ	تو وہ حلال کرتے ہیں

وہ اسے (اس مہینے کو) ایک سال حلال کر لیتے ہیں اور دوسرے سال اسے حرام کر لیتے ہیں تاکہ وہ گنتی پوری کر لیں اسکی جو اللہ نے حرام کئے۔ سو وہ حلال کرتے ہیں

٥ ع ٨ ١١

مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٧﴾

مَا حَرَّمَ	اللّٰهُ	زُيِّنَ	لَهُمْ	سُوْٓءُ	اَعْمَالِهِمْ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الْكٰفِرِيْنَ
جو حرام کیا	اللہ	مزین کر دیئے گئے	انہیں	برے	ان کے اعمال	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	قوم	کافر (جمع)

جو اللہ نے حرام کیا، ان کے برے اعمال انہیں مزین کر دیئے گئے ہیں، اور اللہ کافروں کی قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	مَا لَكُمْ	اِذَا	قِيْلَ	لَكُمُ	انْفِرُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	اثَّاقَلْتُمْ
اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	تمہیں کیا ہوا	جب	کہا جاتا ہے	تمہیں	کوچ کرو	میں	اللہ کی راہ	تم گرے جاتے ہو

اے مومنو! تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ جب تمہیں کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں کوچ کرو تو تم گرے جاتے ہو،

إِلَى الْأَرْضِ ۚ أَرَضِيتُم بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا مِنَ الْآخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ

إِلَى	الْأَرْضِ	أَرَضِيتُم	بِالْحَيَاةِ	الدُّنْيَا	مِنَ	الْآخِرَةِ	فَمَا	مَتَاعُ
طرف (پر)	زمین	کیاتم نے پسند کر لیا	زندگی کو	دنیا	سے (مقابلہ)	آخرت	سو نہیں	سامان

زمین پر، کیاتم نے آخرت کے مقابلہ میں دنیا کی زندگی کو پسند کر لیا ؟ سو (کچھ بھی) نہیں ہے

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا قَلِيلٌ ﴿٣٨﴾ إِلَّا تَنفِرُوا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا

الْحَيَاةِ	الدُّنْيَا	فِي	الْآخِرَةِ	إِلَّا	قَلِيلٌ	إِلَّا تَنفِرُوا	يُعَذِّبْكُمْ	عَذَابًا
زندگی	دنیا	میں	آخرت	مگر	تھوڑا	اگر نہ نکلو گے	تمہیں عذاب دے گا	عذاب

دنیا کی زندگی کا سامان آخرت کے مقابلہ میں مگر تھوڑا - اگر تم (راہِ خدا) میں نہ نکلو گے تو (اللہ) تمہیں عذاب دے گا

أَلِيمًا وَيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوهُ شَيْئًا ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

أَلِيمًا	وَ	يَسْتَبْدِلْ	قَوْمًا	غَيْرَكُمْ	وَ	لَا تَضُرُّوهُ	شَيْئًا	وَاللَّهُ	عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ
دردناک	اور	بدلہ میں لے آئے گا	اور قوم	تمہارے سوا	اور	نہ بگاڑ سکو گے اس کا	کچھ بھی	اور اللہ	ہر چیز پر

دردناک، اور تمہارے سوا کوئی اور قوم بدلہ میں لے آئے گا، اور تم اس کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکو گے، اور اللہ ہر چیز پر

قَدِيرٌ ﴿٣٩﴾ إِلَّا تَنصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللَّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا

قَدِيرٌ	إِلَّا تَنصُرُوهُ	فَقَدْ نَصَرَهُ	اللَّهُ	إِذْ	أَخْرَجَهُ	الَّذِينَ	كَفَرُوا
قدرت رکھنے والا	اگر تم مدد نہ کرو گے اس کی	تو البتہ اس کی مدد کی ہے	اللہ	جب	اس کو نکالا	وہ لوگ	جو کافر ہوئے (کافر)

قدرت رکھنے والا ہے - اگر تم اُس (نبی پاک) کی مدد نہ کرو گے تو البتہ اللہ نے مدد کی ہے جب کافروں نے انہیں نکالا تھا

ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ

ثَانِيَ	اثْنَيْنِ	إِذْ هُمَا	فِي	الْغَارِ	إِذْ	يَقُولُ	لِصَاحِبِهِ	لَا تَحْزَنْ	إِنَّ	اللَّهَ
دوسرا	دو میں	جب وہ دونوں	میں	غار	جب	وہ کہتے تھے	اپنے ساتھی سے	گھبراؤ نہیں	یقیناً	اللہ

وہ دوسرے تھے دونوں میں، جب وہ دونوں غارِ (ثور) میں تھے جب وہ اپنے ساتھی (ابوبکر صدیقؓ) سے کہتے تھے، گھبراؤ نہیں، یقیناً اللہ

مَعَنَا ۚ فَأَنزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ وَأَيَّدَهُ بِجُنُودٍ لَّمْ تَرَوْهَا

مَعَنَا	فَأَنزَلَ	اللَّهُ	سَكِينَتَهُ	عَلَيْهِ	وَ	أَيَّدَهُ	بِجُنُودٍ	لَّمْ تَرَوْهَا
ہمارے ساتھ	تو نازل کی	اللہ	اپنی تسکین	اس پر	اور	اسکی مدد کی	ایسے لشکروں سے	جو تم نے نہیں دیکھے

ہمارے ساتھ ہے، تو اس نے اُن پر اپنی تسکین نازل کی اور ایسے لشکروں سے اُن کی مدد کی جو تم نے نہیں دیکھے،

وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ

وَجَعَلَ	كَلِمَةَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوا	السُّفْلٰى	وَ	كَلِمَةُ اللّٰهِ	هِيَ	الْعُلْيَا
اور کر دی	بات	وہ لوگ جو	(انہوں نے کفر کیا کافر)	پست (نیچی)	اور	اللہ کا کلمہ (بول)	وہ	بالا

اور کافروں کی بات پست کر دی ، اور اللہ کا کلمہ (بول) بالا ہے ،

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ

وَاللّٰهُ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	اِنْفِرُوْا	خِفَافًا	وَثِقَالًا	وَجَاهِدُوْا	بِاَمْوَالِكُمْ
اور اللہ	غالب	حکمت والا	تم نکلو	ہلکا - ہلکے	اور (یا) بھاری	اور جہاد کرو	اپنے مالوں سے

اور اللہ غالب حکمت والا ہے - تم نکلو ہلکے ہو یا بھاری اور اپنے مالوں سے جہاد کرو

وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾

وَاَنْفُسِكُمْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ
اور اپنی جانوں	میں	اللہ کی راہ	یہ تمہارے لئے	بہتر	تمہارے لئے	اگر	تم ہو	جانتے ہو

اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں، یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْ بَعُدَتْ

لَوْ	كَانَ	عَرَضًا	قَرِيْبًا	وَسَفَرًا	قَاصِدًا	لَّاتَّبَعُوْكَ	وَلٰكِنْ	بَعُدَتْ
اگر	ہوتا	مال (غنیمت)	قریب	اور سفر	آسان	تو آپ کے پیچھے ہو لیتے	اور لیکن	دُور نظر آیا

اگر مالِ غنیمت قریب ، اور سفر آسان ہوتا، تو وہ آپ کے پیچھے ہو لیتے ، لیکن دُور نظر آیا

عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ؕ وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ

عَلَيْهِمُ	الشُّقَّةُ	وَسَيَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	لَوِ اسْتَطَعْنَا	لَخَرَجْنَا	مَعَكُمْ
اُن پر	راستہ	اور اب قسمیں کھائیں گے	اللہ کی	اگر ہم سے ہو سکتا	ہم ضرور نکلتے	تمہارے ساتھ

اُنہیں راستہ ، اور اب اللہ کی قسمیں کھائیں گے کہ اگر ہم سے ہو سکتا تو ہم ضرور تمہارے ساتھ نکلتے ،

يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۴۲﴾ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ

يُهْلِكُوْنَ	اَنْفُسَهُمْ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	عَفَا	اللّٰهُ	عَنْكَ
وہ ہلاک کر رہے ہیں	اپنے آپ	اور اللہ	جانتا ہے	کہ وہ	یقیناً جھوٹے ہیں	معاف کرے	اللہ	تمہیں

وہ اپنے آپ کو ہلاک کر رہے ہیں، اور اللہ جانتا ہے کہ وہ یقیناً جھوٹے ہیں - اللہ تمہیں معاف کرے

ع ٦ ٥ ١٢

لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۴۳﴾

لِمَ	اَذِنْتَ	لَهُمْ	حَتّٰى	يَتَبَيَّنَ	لَكَ	الَّذِيْنَ	صَدَقُوْا	وَتَعْلَمَ	الْكٰذِبِيْنَ
کیوں	تم نے اجازت دی	اُنہیں	یہاں تک	ظاہر ہو جائے	آپ پر	وہ لوگ جو	سچے	اور آپ جان لیتے	جھوٹے

آپؐ نے (اس سے پیشتر) اُنہیں کیوں اجازت دیدی یہانتک کہ آپ پر ظاہر ہو جاتے وہ لوگ جو سچے ہیں، اور آپ جان لیتے جھوٹوں کو۔

لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا

لَا يَسْتَاْذِنُكَ	الَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	اَنْ	يُّجَاهِدُوْا
نہیں مانگتے آپ سے رخصت	وہ لوگ جو	ایمان رکھتے ہیں	اللہ پر	اور یوم آخرت	کہ	وہ جہاد کریں

آپؐ سے وہ لوگ رخصت نہیں مانگتے، جو اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہیں، کہ وہ جہاد کریں

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۴﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ

بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌۢ	بِالْمُتَّقِيْنَ	اِنَّمَا	يَسْتَاْذِنُكَ
اپنے مالوں سے	اور اپنی جان (جمع)	اور اللہ	خوب جانتا ہے	متقیوں کو	وہی صرف	آپ سے رخصت مانگتے ہیں

اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے، اور اللہ متقیوں (ڈرنے والے، پرہیزگاروں) کو خوب جانتا ہے۔ آپؐ سے صرف وہ لوگ رخصت مانگتے ہیں

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ

الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَارْتَابَتْ	قُلُوْبُهُمْ
وہ لوگ جو	ایمان نہیں رکھتے	اللہ پر	اور یوم آخرت	اور شک میں پڑے ہیں	اُن کے دل

جو اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان نہیں رکھتے، اور ان کے دل شک میں پڑے ہیں

فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ

فَهُمْ	فِيْ	رَيْبِهِمْ	يَتَرَدَّدُوْنَ	وَلَوْ	اَرَادُوا	الْخُرُوْجَ	لَاَعَدُّوْا	لَهٗ
سو وہ	میں	اپنے شک	بھٹک رہے ہیں	اور اگر	وہ ارادہ کرتے	نکلنے کا	ضرور تیار کرتے	اس کے لئے

سو وہ اپنے شک میں بھٹک رہے ہیں۔ اور اگر وہ نکلنے کا ارادہ کرتے تو اس کے لئے ضرور تیار کرتے

عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۴۶﴾

عُدَّةً	وَّلٰكِنْ	كَرِهَ	اللّٰهُ	انْۢبِعَاثَهُمْ	فَثَبَّطَهُمْ	وَقِيْلَ	اقْعُدُوْا	مَعَ	الْقٰعِدِيْنَ
کچھ سامان	اور لیکن	ناپسند کیا	اللہ	ان کا اُٹھنا	سو ان کو روک دیا	اور کہا گیا	بیٹھ جاؤ	ساتھ	بیٹھنے والے

کچھ سامان، لیکن اللہ نے اُن کا اٹھنا ناپسند کیا، سو ان کو روک دیا اور کہہ دیا گیا (معذور) بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھ جاؤ۔

لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاْ اَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ

لَوْ	خَرَجُوْا	فِيْكُمْ	مَا	زَادُوْكُمْ	اِلَّا	خَبَالًا	وَ	لَاْ اَوْضَعُوْا	خِلٰلَكُمْ	يَبْغُوْنَكُمُ
اگر	وہ نکلتے	تم میں	نہ	تمہیں بڑھاتے	مگر (سوائے)	خرابی	اور	دوڑے پھرتے	تمہارے درمیان	تمہارے لئے چاہتے ہیں

اور اگر وہ تم میں (تمہارے ساتھ) نکلتے تمہارے لئے خرابی کے سوا کچھ نہ بڑھاتے، اور تمہارے درمیان دوڑے پھرتے چاہتے ہوئے تمہارے لئے

الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَقَدِ ابْتَغَوُا

الْفِتْنَةَ	وَفِيْكُمْ	سَمّٰعُوْنَ	لَهُمْ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌۢ	بِالظّٰلِمِيْنَ	لَقَدِ ابْتَغَوُا
بگاڑ	اور تم میں	سننے والے (جاسوس)	ان کے	اور اللہ	خوب جانتا ہے	ظالموں کو	البتہ چاہا تھا انہوں نے

بگاڑ، اور تم میں اُن کے جاسوس ہیں، اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ البتہ اُنہوں نے چاہا تھا

الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ

الْفِتْنَةَ	مِنْ قَبْلُ	وَقَلَّبُوْا	لَكَ	الْاُمُوْرَ	حَتّٰى	جَآءَ	الْحَقُّ	وَظَهَرَ
بگاڑ	اس سے قبل	انہوں نے اُلٹ پلٹ کیں	تمہارے لئے	تدبیریں	یہاں تک کہ	آگیا	حق	اور غالب آگیا

اس سے قبل بھی بگاڑ، اور اُنہوں نے تمہارے لئے تدبیریں اُلٹ پلٹ کیں، یہاں تک کہ حق آگیا، اور غالب آگیا

اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ؕ

اَمْرُ اللّٰهِ	وَهُمْ	كٰرِهُوْنَ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّقُوْلُ	ائْذَنْ	لِّيْ	وَلَا تَفْتِنِّيْ
امرِ الٰہی	اور وہ	پسند نہ کرنے والے	اور ان میں سے	جو۔ کوئی	کہتا ہے	اجازت دیں	مجھے	اور نہ ڈالیں مجھے آزمائش میں

امرِ الٰہی اور وہ پسند نہ کرنے والے (ناخوش) ہے۔ اور ان میں سے کوئی کہتا ہے مجھے اجازت دیں اور مجھے آزمائش میں نہ ڈالیں،

اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ اِنْ تُصِبْكَ

اَلَا	فِي	الْفِتْنَةِ	سَقَطُوْا	وَاِنَّ	جَهَنَّمَ	لَمُحِيْطَةٌ	بِالْكٰفِرِيْنَ	اِنْ	تُصِبْكَ
یاد رکھو	میں	آزمائش	وہ پڑ چکے ہیں	اور بیشک	جہنم	گھیرے ہوئے	کافروں کو	اگر	تمہیں پہنچے

یاد رکھو وہ آزمائش میں پڑ چکے ہیں، اور بیشک جہنم کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ اگر تمہیں پہنچے

حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا

حَسَنَةٌ	تَسُؤْهُمْ	وَاِنْ	تُصِبْكَ	مُصِيْبَةٌ	يَّقُوْلُوْا	قَدْ اَخَذْنَآ	اَمْرَنَا
کوئی بھلائی	انہیں بُری لگے	اور اگر	تمہیں پہنچے	کوئی مصیبت	تو وہ کہیں	ہم نے پکڑ لیا (سنبھال لیا) تھا	اپنا کام

کوئی بھلائی تو اُنہیں بُری لگے، اور تمہیں کوئی مصیبت پہنچے تو وہ کہیں ہم نے اپنا کام سنبھال لیا تھا

مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۰﴾ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا

مِنْ قَبْلُ	وَ	يَتَوَلَّوْا	وَّهُمْ	فَرِحُوْنَ	قُلْ	لَّنْ يُّصِيْبَنَا	اِلَّا مَا
اس سے پہلے	اور	وہ لوٹ جاتے ہیں	اور وہ	خوشیاں مناتے	آپ کہدیں	ہرگز نہ پہنچے گا ہمیں	مگر جو

اس سے پہلے اور وہ خوشیاں مناتے لوٹ جاتے ہیں - آپؐ کہہ دیں ہمیں ہرگز نہ پہنچے گا مگر (وہی) جو

كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ قُلْ هَلْ

كَتَبَ	اللّٰهُ	لَنَا	هُوَ	مَوْلٰىنَا	وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	قُلْ هَلْ
لکھ دیا	اللہ	ہمارے لئے	وہی	ہمارا مولا	اور	اللہ پر	بھروسہ چاہیے	مومن (جمع)	آپؐ کہدیں کیا

اللہ نے ہمارے لئے لکھ دیا ہے، وہی ہمارا مولا ہے - اور مومنوں کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے - آپؐ کہدیں کیا

تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۭ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ

تَرَبَّصُوْنَ	بِنَا	اِلَّا	اِحْدَى	الْحُسْنَيَيْنِ	وَنَحْنُ	نَتَرَبَّصُ	بِكُمْ	اَنْ	يُّصِيْبَكُمُ
تم انتظار کرتے ہو	ہم پر	مگر	ایک کا	دو خوبیوں	اور ہم	انتظار کرتے ہیں	تمہارے لئے	کہ	تمہیں پہنچے

تم ہر دو خوبیوں میں سے ہم پر ایک کا انتظار کرتے ہو، اور ہم تمہارے لئے انتظار کر رہے ہیں کہ تمہیں پہنچے

اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۚ فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿۵۲﴾

اللّٰهُ	بِعَذَابٍ	مِّنْ	عِنْدِهٖٓ	اَوْ	بِاَيْدِيْنَا	فَتَرَبَّصُوْٓا	اِنَّا	مَعَكُمْ	مُّتَرَبِّصُوْنَ
اللہ	کوئی عذاب	سے	اس کے پاس	یا	ہمارے ہاتھوں سے	سو تم انتظار کرو	ہم	تمہارے ساتھ	انتظار کرنیوالے (منتظر)

اللہ کے پاس سے کوئی عذاب یا ہمارے ہاتھوں سے، سو تم انتظار کرو، ہم (بھی) تمہارے ساتھ منتظر ہیں۔

قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ۭ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا

قُلْ	اَنْفِقُوْا	طَوْعًا	اَوْ	كَرْهًا	لَّنْ يُّتَقَبَّلَ	مِنْكُمْ	اِنَّكُمْ	كُنْتُمْ	قَوْمًا
آپ کہدیں	تم خرچ کرو	خوشی سے	یا	ناخوشی سے	ہرگز نہ قبول کیا جائے گا	تم سے	بیشک تم	تم ہو	قوم

آپؐ کہہ دیں تم خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے، ہرگز تم سے قبول نہ کیا جائے گا، بیشک تم ہو قوم

فٰسِقِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا

فٰسِقِيْنَ	وَمَا	مَنَعَهُمْ	اَنْ	تُقْبَلَ	مِنْهُمْ	نَفَقٰتُهُمْ	اِلَّآ	اَنَّهُمْ	كَفَرُوْا
فاسق (جمع)	اور نہ	اُن سے مانع ہوا	کہ	قبول کیا جائے	ان سے	ان کا خرچ	مگر	یہ کہ وہ	منکر ہوئے

فاسقین (نافرمانوں کی قوم) - اور اُن کے خرچ قبول ہونے میں مانع نہ ہوا مگر یہ کہ وہ منکر ہوئے

بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ

بِاللّٰهِ	وَبِرَسُوْلِهٖ	وَ	لَا يَاْتُوْنَ	الصَّلٰوةَ	اِلَّا	وَهُمْ	كُسَالٰى	وَ	لَا يُنْفِقُوْنَ
اللہ کے	اور اس کے رسول کے	اور	وہ نہیں آتے	نماز	مگر	اور وہ	سست	اور	وہ خرچ نہیں کرتے

اللہ اور اس کے رسول کے، اور وہ نماز کو نہیں آتے مگر سستی سے، اور وہ خرچ نہیں کرتے

اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا

اِلَّا	وَهُمْ	كٰرِهُوْنَ	فَلَا تُعْجِبْكَ	اَمْوَالُهُمْ	وَلَا	اَوْلَادُهُمْ	اِنَّمَا
مگر	اور وہ	ناخوشی سے	سو تمہیں تعجب نہ ہو	ان کے مال	اور نہ	ان کی اولاد	یہی

مگر ناخوشی سے۔ سو تمہیں تعجب نہ ہو ان کے مالوں پر، اور نہ ان کی اولاد پر،

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ

يُرِيْدُ	اللّٰهُ	لِيُعَذِّبَهُمْ	بِهَا	فِى	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَتَزْهَقَ	اَنْفُسُهُمْ	وَهُمْ
چاہتا ہے	اللہ	کہ عذاب دے انہیں	اس سے	میں	دنیا کی زندگی	اور نکلیں	ان کی جانیں	اور وہ

اللہ یہی چاہتا ہے کہ انہیں اس سے دنیا کی زندگی میں عذاب دے، اور ان کی جانیں نکلیں تو (اس وقت) بھی وہ

كٰفِرُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ

كٰفِرُوْنَ	وَيَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	اِنَّهُمْ	لَمِنْكُمْ	وَمَا	هُمْ	مِّنْكُمْ	وَلٰكِنَّهُمْ	قَوْمٌ
کافر ہوں	اور تمہیں کھاتے ہیں	اللہ کی	بیشک وہ	البتہ تم میں سے	حالانکہ نہیں	وہ	تم میں سے	اور لیکن وہ	لوگ

کافر ہوں۔ اور وہ اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ بیشک وہ تم میں سے ہیں، حالانکہ وہ تم میں سے نہیں، لیکن وہ لوگ

يَّفْرَقُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ

يَفْرَقُوْنَ	لَوْ يَجِدُوْنَ	مَلْجَاً	اَوْ مَغٰرٰتٍ	اَوْ	مُدَّخَلًا	لَّوَلَّوْا	اِلَيْهِ
ڈرتے ہیں	اگر وہ پائیں	پناہ کی جگہ	اور غار (جمع)	یا	گھسنے کی جگہ	تو وہ پھر جائیں	اس کی طرف

ڈرتے ہیں۔ اگر وہ پائیں کوئی پناہ کی جگہ، یا غار، یا گھسنے (سر چھپانے) کی جگہ، تو وہ اس کی طرف پھر جائیں

وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِى الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا

وَهُمْ	يَجْمَحُوْنَ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّلْمِزُكَ	فِى	الصَّدَقٰتِ	فَاِنْ	اُعْطُوْا	مِنْهَا
اور وہ	رسیاں تڑاتے ہیں	اور ان میں سے	جو (بعض)	طعن کرتا ہے آپ پر	میں	صدقات	سو اگر	انہیں دیدیا جائے	اس سے

رسیاں تڑاتے ہوئے۔ اور ان میں سے بعض آپ پر صدقات (کی تقسیم میں) طعن کرتے ہیں، سو اگر اس سے انہیں دیدیا جائے

رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا

رَضُوْا	وَاِنْ	لَّمْ يُعْطَوْا	مِنْهَآ	اِذَا	هُمْ	يَسْخَطُوْنَ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ	رَضُوْا
وہ راضی ہوجائیں	اور اگر	انہیں نہ دیا جائے	اس سے	اسی وقت	وہ	ناراض ہوجاتے ہیں	کیا اچھا ہوتا	اگر وہ	راضی ہوجاتے

تو وہ راضی ہوجائیں اور اگر انہیں اس سے نہ دیا جائے تو وہ اسی وقت ناراض ہوجاتے ہیں۔ کیا اچھا ہوتا اگر وہ (اس پر) راضی ہوجاتے

مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ

مَآ	اٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	وَقَالُوْا	حَسْبُنَا	اللّٰهُ	سَيُؤْتِيْنَا	اللّٰهُ
جو	اُنہیں دیا	اللہ	اور اس کا رسول	اور وہ کہتے	ہمیں کافی ہے	اللہ	اب ہمیں دے گا	اللہ

جو اللہ نے اور اُس کے رسولؐ نے اُنہیں دیا، اور وہ کہتے ہمیں اللہ کافی ہے، اب ہمیں دے گا اللہ

ع ۷ ۱۳

مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ

مِنْ	فَضْلِهٖ	وَرَسُوْلُهٗٓ	اِنَّآ	اِلَى	اللّٰهِ	رٰغِبُوْنَ	اِنَّمَا	الصَّدَقٰتُ	لِلْفُقَرَآءِ
سے	اپنا فضل	اور اس کا رسول	بیشک ہم	طرف	اللہ	رغبت رکھتے ہیں	صرف	زکوٰۃ	مفلس (جمع)

اپنے فضل سے، بیشک ہم اللہ اور اس کے رسول کی طرف رغبت رکھتے ہیں۔ زکوٰۃ (حق ہے) صرف مفلسوں کا،

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِى الرِّقَابِ

وَالْمَسٰكِيْنِ	وَالْعٰمِلِيْنَ	عَلَيْهَا	وَالْمُؤَلَّفَةِ	قُلُوْبُهُمْ	وَفِى	الرِّقَابِ
مسکین (جمع) محتاج	اور کام کرنے والے	اس پر	اور الفت دی جائے	ان کے دل	اور میں	گردنوں (کے چھڑانے)

اور محتاجوں کا، اور اس پر کام کرنے والے (کارکنوں کا) اور (اُن لوگوں کا) جنہیں (اسلام کی) الفت دی جائے اور گردنوں کے چھڑانے (آزاد کرانے) میں

وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ

وَالْغٰرِمِيْنَ	وَ	فِىْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَابْنِ السَّبِيْلِ	فَرِيْضَةً	مِنَ	اللّٰهِ
تاوان بھرنے والے قرضدار	اور	میں	اللہ کی راہ	اور مسافر	فریضہ (ٹھہرایا ہوا)	سے	اللہ

اور قرضداروں کا (قرض ادا کرنے) میں اور اللہ کی راہ میں، اور مسافروں کا (یہ) اللہ کی طرف سے ٹھہرایا ہوا فریضہ ہے،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۰﴾ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِىَّ وَيَقُوْلُوْنَ

وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَمِنْهُمُ	الَّذِيْنَ	يُؤْذُوْنَ	النَّبِىَّ	وَيَقُوْلُوْنَ
اور اللہ	علم والا	حکمت والا	اور ان میں سے	جو لوگ	ایذا دیتے (ستاتے) ہیں	نبیؐ	اور کہتے ہیں

اور اللہ علم والا، حکمت والا ہے۔ اور ان میں سے بعض لوگ نبیؐ کو ستاتے ہیں اور کہتے ہیں

هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ

هُوَ	اُذُنٌ	قُلْ	اُذُنُ	خَيْرٍ	لَّكُمْ	يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَيُؤْمِنُ	لِلْمُؤْمِنِيْنَ
وہ (یہ)	کان	آپؐ کہدیں	کان	بھلائی	تمہارے لئے	وہ ایمان لاتے ہیں	اللہ پر	اور یقین رکھتے ہیں	مومنوں پر

یہ تو کان ہے (کانوں کا کچا ہے) آپؐ کہدیں کان تمہاری بھلائی کے لئے ہے، وہ اللہ پر ایمان لاتے ہیں، اور مومنوں پر یقین رکھتے ہیں

وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ

وَ	رَحْمَةٌ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَالَّذِيْنَ	يُؤْذُوْنَ	رَسُوْلَ اللّٰهِ	لَهُمْ
اور	رحمت	ان لوگوں کے لئے جو	ایمان لائے	تم میں	اور جو لوگ	ستاتے ہیں	اللہ کا رسول	ان کے لئے

اور ان لوگوں کے لئے رحمت ہیں جو تم میں سے ایمان لائے، اور جو لوگ اللہ کے رسولؐ کو ستاتے ہیں، ان کے لئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦١﴾ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَحَقُّ

عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	يَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	لَكُمْ	لِيُرْضُوْكُمْ	وَاللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗۤ	اَحَقُّ
عذاب	دردناک	وہ قسمیں کھاتے ہیں	اللہ کی	تمہارے لئے	تاکہ تمہیں خوش کریں	اور اللہ	اور اس کا رسول	زیادہ حق

دردناک عذاب ہے۔ وہ تمہارے لئے (تمہارے سامنے) اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تمہیں خوش کریں، اور اللہ اور اس کے رسولؐ کا زیادہ حق ہے

اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ

اَنْ	يُّرْضُوْهُ	اِنْ	كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ	اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا	اَنَّهٗ	مَنْ	يُّحَادِدِ	اللّٰهَ
کہ	وہ ان کو خوش کریں	اگر	وہ ایمان والے ہیں	کیا وہ نہیں جانتے	کہ وہ	جو	مقابلہ کرے گا	اللہ

کہ وہ انہیں خوش کریں، اگر وہ ایمان والے ہیں۔ کیا وہ نہیں جانتے؟ کہ جو مقابلہ کرے گا اللہ کا

وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٣﴾

وَرَسُوْلَهٗ	فَاَنَّ	لَهٗ	نَارَ جَهَنَّمَ	خَالِدًا	فِيْهَا	ذٰلِكَ	الْخِزْيُ	الْعَظِيْمُ
اور اس کا رسول	تو بیشک	اسکے لئے	دوزخ کی آگ	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	یہ	رسوائی	بڑی

اور اس کے رسولؐ کا تو بیشک اس کے لئے دوزخ کی آگ ہے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، یہ بڑی رسوائی ہے۔

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ

يَحْذَرُ	الْمُنٰفِقُوْنَ	اَنْ تُنَزَّلَ	عَلَيْهِمْ	سُوْرَةٌ	تُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	فِيْ	قُلُوْبِهِمْ
ڈرتے ہیں	منافق (جمع)	کہ نازل ہو	ان (مسلمانوں) پر	کوئی سورۃ	انہیں جتادے	وہ جو	میں	ان کے دل (جمع)

منافقین ڈرتے ہیں کہ مسلمانوں پر کوئی ایسی سورۃ نازل (نہ) ہو جائے جو انہیں (مسلمانوں کو) جتادے جو ان (منافقوں) کے دلوں میں ہے

قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿٦۴﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ

قُلِ	اسْتَهْزِءُوْا	اِنَّ اللّٰهَ	مُخْرِجٌ	مَّا تَحْذَرُوْنَ	وَلَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ	لَيَقُوْلُنَّ
آپ کہدیں	ٹھٹھے کرتے ہو	بیشک اللہ	کھولنے والا	جس سے تم ڈرتے ہو	اور اگر	تم اُن سے پوچھو	تو وہ ضرور کہیں گے

آپ کہدیں تم ٹھٹھے (ہنسی مذاق) کرتے رہو، بیشک تم جس سے ڈرتے ہو اللہ اسے کھولنے والا ہے (کھول کر رہے گا) اور اگر تم اُن سے پوچھو تو وہ ضرور کہیں گے

اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ۭ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦۵﴾

اِنَّمَا	كُنَّا	نَخُوْضُ	وَنَلْعَبُ	قُلْ	اَبِاللّٰهِ	وَاٰيٰتِهٖ	وَرَسُوْلِهٖ	كُنْتُمْ	تَسْتَهْزِءُوْنَ
کچھ نہیں (صرف)	ہم تھے	دل لگی کرتے	اور کھیل کرتے	آپ کہدیں	کیا اللہ کے	اور اسکی آیات	اور اس کا رسول	تم تھے	ہنسی کرتے

ہم تو صرف دل لگی اور کھیل کرتے ہیں ؛ آپ کہدیں کیا تم اللہ سے، اور اس کی آیات سے، اور اس کے رسول سے ہنسی کرتے تھے ؟

لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ۭ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَاۗىِٕفَةٍ مِّنْكُمْ

لَا تَعْتَذِرُوْا	قَدْ كَفَرْتُمْ	بَعْدَ	اِيْمَانِكُمْ	اِنْ	نَّعْفُ	عَنْ	طَاۗىِٕفَةٍ	مِّنْكُمْ
نہ بناؤ بہانے	تم کافر ہوگئے ہو	بعد	تمہارا (اپنا) ایمان	اگر	ہم معاف کردیں	سے (کو)	ایک گروہ	تم میں سے

بہانے نہ بناؤ تم اپنے ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے ، اور ہم تم میں سے ایک گروہ کو معاف کر دیں

نُعَذِّبْ طَاۗىِٕفَةًۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٦٦﴾ ع اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ

نُعَذِّبْ	طَاۗىِٕفَةً	بِاَنَّهُمْ	كَانُوْا	مُجْرِمِيْنَ	اَلْمُنٰفِقُوْنَ	وَالْمُنٰفِقٰتُ
ہم عذاب دیں	ایک (دوسرا) گروہ	اس لئے کہ وہ	تھے	مجرم (جمع)	منافق مرد (جمع)	اور منافق عورتیں

تو دوسرے گروہ کو عذاب دیں گے اس لئے کہ وہ مجرم تھے - منافق مرد اور منافق عورتیں

بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ

بَعْضُهُمْ	مِّنْ	بَعْضٍ	يَاْمُرُوْنَ	بِالْمُنْكَرِ	وَيَنْهَوْنَ	عَنِ	الْمَعْرُوْفِ
اُن میں سے بعض	سے	بعض کے	وہ حکم دیتے ہیں	برائی کا	اور منع کرتے ہیں	سے	نیکی

ان میں سے بعض، بعض کے (ایکدوسرے کے ہم جنس) ہیں، برائی کا حکم دیتے ہیں اور نیکی سے روکتے ہیں،

وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ۭ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ۭ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٦٧﴾

وَيَقْبِضُوْنَ	اَيْدِيَهُمْ	نَسُوا	اللّٰهَ	فَنَسِيَهُمْ	اِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ
اور بند رکھتے ہیں	اپنے ہاتھ	وہ بھول بیٹھے	اللہ	تو اس نے انہیں بھلا دیا	بیشک	منافق (جمع)	وہ (ہی)	نافرمان (جمع)

اور اپنے ہاتھ (مٹھیاں خرچ کرنے سے) بند رکھتے ہیں، وہ اللہ کو بھول بیٹھے تو اللہ نے انہیں بھلا دیا، بیشک منافق ہی نافرمان ہیں۔

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

وَعَدَ اللّٰهُ	الْمُنٰفِقِيْنَ	وَالْمُنٰفِقٰتِ	وَالْكُفَّارَ	نَارَ جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا
اللہ نے وعدہ دیا	منافق مرد (جمع)	اور منافق عورتیں (جمع)	اور کافر (جمع)	جہنم کی آگ	ہمیشہ رہیں گے	اس میں

اللہ نے منافق مردوں، اور منافق عورتوں، اور کافروں کو جہنم کی آگ کا وعدہ دیا ہے، اس میں ہمیشہ رہیں گے،

هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٦٨﴾ كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

هِيَ	حَسْبُهُمْ	وَلَعَنَهُمُ	اللّٰهُ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	مُّقِيْمٌ	كَالَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكُمْ
وہی	ان کے لئے کافی	ان پر لعنت کی	اللہ	اور ان کیلئے	عذاب	ہمیشہ رہنے والا	جس طرح وہ لوگ جو	تم سے قبل

وہی اُن کے لئے کافی ہے، اور اُن پر اللہ نے لعنت کی، اور ان کے لئے ہمیشہ رہنے والا عذاب ہے۔ جس طرح وہ لوگ جو تم سے قبل تھے

كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ؕ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ

كَانُوْا	اَشَدَّ	مِنْكُمْ	قُوَّةً	وَاَكْثَرَ	اَمْوَالًا	وَاَوْلَادًا	فَاسْتَمْتَعُوْا	بِخَلَاقِهِمْ
وہ تھے	بہت زور والے	تم سے	قوت	اور زیادہ	مال میں	اور اولاد	سو انہوں نے فائدہ اٹھایا	اپنے حصے سے

وہ تم سے بہت زور والے تھے قوت میں، اور زیادہ تھے مال میں اور اولاد میں، سو انہوں نے اپنے حصے سے فائدہ اُٹھایا،

فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ

فَاسْتَمْتَعْتُمْ	بِخَلَاقِكُمْ	كَمَا	اسْتَمْتَعَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	بِخَلَاقِهِمْ	وَخُضْتُمْ
سو تم فائدہ اٹھالو	اپنے حصے سے	جیسے	فائدہ اٹھایا	وہ لوگ جو	تم سے پہلے	اپنے حصے سے	اور تم گھسے

سو تم اپنے حصے سے فائدہ اٹھالو، جیسے انہوں نے اپنے حصے سے فائدہ اٹھایا جو تم سے پہلے تھے، اور تم (بُری باتوں میں) گھسے

كَالَّذِيْ خَاضُوْا ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

كَالَّذِيْ	خَاضُوْا	اُولٰٓئِكَ	حَبِطَتْ	اَعْمَالُهُمْ	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ
جیسے وہ	گھسے	وہی لوگ	اکارت گئے	ان کے عمل (جمع)	دنیا میں	اور آخرت	اور وہی لوگ	وہ

جیسے وہ گھسے تھے وہی لوگ ہیں جن کے عمل دنیا اور آخرت میں اکارت گئے، اور وہی لوگ ہیں

الْخٰسِرُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ

الْخٰسِرُوْنَ	اَلَمْ يَاْتِهِمْ	نَبَاُ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	قَوْمِ نُوْحٍ	وَعَادٍ
خسارہ اٹھانے والے	کیا ان تک نہ آئی	خبر	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	قوم نوح	اور عاد

خسارہ اٹھانے والے کیا اُن تک ان لوگوں کی خبر نہ آئی (نہ پہنچی) جو ان سے پہلے تھے، قوم نوح اور عاد

وَّثَمُوْدَ ۙ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ۭ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

وَثَمُوْدَ	وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ	وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ	وَالْمُؤْتَفِكٰتِ	اَتَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ
اور ثمود	اور قوم ابراہیم ؑ	اور مدین والے	اور اُلٹی ہوئی بستیاں	ان کے پاس آئے	ان کے رسول (جمع)

اور ثمود، اور قوم ابراہیم ؑ اور مدین والے، اور وہ بستیاں جو اُلٹ دی گئیں، ان کے پاس ان کے رسول آئے

بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝٧٠ وَ

بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا	كَانَ	اللّٰهُ	لِيَظْلِمَهُمْ	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	وَ
واضح احکام و دلائل کے ساتھ	سو نہیں	تھا	اللہ	کہ وہ ان پر ظلم کرتا	لیکن	وہ تھے	اپنے اوپر	ظلم کرتے	اور

واضح احکام و دلائل کے ساتھ، سو اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا، لیکن وہ اپنے اوپر ظلم کرتے تھے۔ اور

الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

لِيُضِلُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِكَ	رَبَّنَا	اطْمِسْ	عَلٰى	اَمْوَالِهِمْ	وَاشْدُدْ	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
کہ وہ گمراہ کریں	سے	تیرا راستہ	اے ہمارے رب	تو مٹا دے	پر	ان کے مال	اور مُہر لگا دے	ان کے دلوں پر

کہ وہ تیرے راستہ سے گمراہ کریں، اے ہمارے رب! ان کے مال مٹا دے، اور اُن کے دلوں پر مُہر لگا دے

فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۸۸﴾ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا

فَلَا يُؤْمِنُوْا	حَتّٰى	يَرَوُا	الْعَذَابَ	الْاَلِيْمَ	قَالَ	قَدْ اُجِيْبَتْ	دَّعْوَتُكُمَا
کہ وہ نہ ایمان لائیں	یہانتک کہ	وہ دیکھ لیں	عذاب	دردناک	اس نے فرمایا	قبول ہو چکی	تمہاری دُعا

کہ وہ ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ دردناک عذاب دیکھ لیں۔ اس نے فرمایا تمہاری دُعا قبول ہو چکی ہے

فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾ وَجٰوَزْنَا بِبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ

فَاسْتَقِيْمَا	وَ	لَا تَتَّبِعٰٓنِّ	سَبِيْلَ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَجٰوَزْنَا	بِبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ
سو تم دونوں ثابت قدم رہو	اور	نہ چلنا	راہ	ان لوگوں کی جو	ناواقف ہیں	اور ہم نے پار کر دیا	بنی اسرائیل کو

سو تم دونوں ثابت قدم رہو، اور ان لوگوں کی راہ نہ چلنا جو ناواقف ہیں۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو پار کر دیا

الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ

الْبَحْرَ	فَاَتْبَعَهُمْ	فِرْعَوْنُ	وَجُنُوْدُهٗ	بَغْيًا	وَعَدْوًا	حَتّٰى	اِذَآ اَدْرَكَهُ	الْغَرَقُ
دریا	پس پیچھا کیا ان کا	فرعون	اور اس کا لشکر	سرکشی	اور زیادتی	یہاں تک کہ	جب اُسے آپکڑا	غرقابی

دریا سے، پس فرعون اور اس کے لشکر نے سرکشی اور زیادتی سے ان کا پیچھا کیا، یہاں تک کہ جب اُس کو غرقابی نے آ پکڑا

قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ وَاَنَا مِنَ

قَالَ	اٰمَنْتُ	اَنَّهٗ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	الَّذِیْٓ اٰمَنَتْ	بِهٖ	بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ	وَاَنَا	مِنَ
وہ کہنے لگا	میں ایمان لایا	کہ وہ	نہیں	معبود	سوائے	وہ جس پر ایمان لائے	اس پر	بنی اسرائیل	اور میں	سے

وہ کہنے لگا کہ میں ایمان لایا کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں ہوں

الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۹۰﴾ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۹۱﴾ فَالْیَوْمَ

الْمُسْلِمِیْنَ	آٰلْـٰٔنَ	وَقَدْ عَصَیْتَ	قَبْلُ	وَكُنْتَ	مِنَ	الْمُفْسِدِیْنَ	فَالْیَوْمَ
فرمانبردار (جمع)	کیا اب	اور البتہ تو نافرمانی کرتا رہا	پہلے	اور تو رہا	سے	فساد کرنے والے	سو آج

فرمانبرداروں میں سے۔ کیا اب؟ (ایمان کی بات کرتا ہے) اور البتہ پہلے تو نافرمانی کرتا رہا اور تو فساد کرنے والوں میں سے رہا۔ سو آج

نُنَجِّیْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰیَةً ؕ وَاِنَّ كَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ

نُنَجِّیْكَ	بِبَدَنِكَ	لِتَكُوْنَ	لِمَنْ	خَلْفَكَ	اٰیَةً	وَاِنَّ	كَثِیْرًا	مِنَ النَّاسِ	عَنْ
ہم تجھے بچا دیں گے	تیرے بدن سے	تاکہ تو رہے	انکے لئے جو	تیرے بعد آئیں	ایک نشانی	اور بیشک	اکثر	لوگوں میں سے	سے

ہم تجھے تیرے بدن سے بچا دیں گے (غرق نہیں کرینگے) تاکہ تو (تیری لاش) انکے لئے جو تیرے بعد آئیں (عبرت کی) ایک نشانی رہے، اور بیشک لوگوں میں سے اکثر

۹ ع ۱۰ ۱۴

اٰیٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ

اٰیٰتِنَا	لَغٰفِلُوْنَ	وَلَقَدْ بَوَّاْنَا	بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ	مُبَوَّاَ	صِدْقٍ	وَرَزَقْنٰهُمْ	مِنَ
ہماری نشانیاں	غافل ہیں	اور البتہ ہم نے ٹھکانہ دیا	بنی اسرائیل	ٹھکانہ	اچھا	اور ہم نے رزق دیا انہیں	سے

ہماری نشانیوں سے غافل ہیں۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو اچھا ٹھکانہ دیا، اور ہم نے انہیں رزق دیا

الطَّیِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰی جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ

الطَّیِّبٰتِ	فَمَا اخْتَلَفُوْا	حَتّٰی	جَآءَهُمُ	الْعِلْمُ	اِنَّ	رَبَّكَ	یَقْضِیْ	بَیْنَهُمْ
پاکیزہ چیزیں	سو انہوں نے اختلاف نہ کیا	یہاں تک کہ	آگیا ان کے پاس	علم	بیشک	تمہارا رب	فیصلہ کرے گا	ان کے درمیان

پاکیزہ چیزوں سے، سو انہوں نے اختلاف نہ کیا یہاں تک کہ ان کے پاس علم (قرآن) آگیا، بیشک تمہارا رب انکے درمیان فیصلہ کرے گا

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَاِنْ كُنْتَ فِیْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ	فِیْمَا	كَانُوْا	فِیْهِ	یَخْتَلِفُوْنَ	فَاِنْ	كُنْتَ	فِیْ شَكٍّ	مِمَّآ	اَنْزَلْنَآ
روز قیامت	اس میں جو	وہ تھے	اس میں	وہ اختلاف کرتے	پس اگر	تو ہے	میں شک میں	اس سے جو	ہم نے اتارا

روز قیامت جس (بات) میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ پس اگر تم اس (کے بارہ) میں شک میں ہو جو ہم نے اتارا

إِلَيْكَ فَسْئَلِ الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْكِتٰبَ مِن قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ

إِلَيْكَ	فَسْئَلِ	الَّذِينَ	يَقْرَءُونَ	الْكِتٰبَ	مِن قَبْلِكَ	لَقَدْ جَآءَكَ	الْحَقُّ
تیری طرف	تو پوچھ لیں	وہ لوگ جو	پڑھتے ہیں	کتاب	تم سے پہلے	تحقیق آگیا تیرے پاس	حق

تمہاری طرف، تو ان لوگوں سے پوچھ لیں جو تم سے پہلے کتاب پڑھتے ہیں، تحقیق تمہارے پاس حق آ گیا ہے

مِن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الَّذِينَ كَذَّبُوا

مِن	رَّبِّكَ	فَلَا تَكُونَنَّ	مِنَ	الْمُمْتَرِينَ	وَلَا تَكُونَنَّ	مِنَ	الَّذِينَ	كَذَّبُوا
سے	تیرا رب	پس نہ ہونا	سے	شک کرنے والے	اور نہ ہونا	سے	وہ لوگ جو	اُنہوں نے جھٹلایا

تمہارے رب کی طرف سے، پس شک کرنے والوں سے نہ ہونا - اور نہ اُن لوگوں سے ہونا جنہوں نے جھٹلایا

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُونَ مِنَ الْخٰسِرِينَ ﴿٩٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ

بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	فَتَكُونَ	مِنَ	الْخٰسِرِينَ	إِنَّ الَّذِينَ	حَقَّتْ	عَلَيْهِمْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ
آیتوں کو	اللہ	پھر ہو جائے	سے	خسارہ پانے والے	بیشک وہ لوگ جو	ثابت ہوگئی	ان پر	بات	تیرا رب

اللہ کی آیتوں کو، پھر تم خسارہ پانے والوں سے ہو جاؤ - بیشک جن لوگوں پر تمہارے رب کی بات ثابت ہو گئی

لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٩٦﴾ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٩٧﴾

لَا يُؤْمِنُونَ	وَلَوْ	جَآءَتْهُمْ	كُلُّ اٰيَةٍ	حَتّٰى	يَرَوُا	الْعَذَابَ	الْأَلِيمَ
وہ ایمان نہ لائیں گے	خواہ	آجائے انکے پاس	ہر نشانی	یہاں تک کہ	وہ دیکھ لیں	عذاب	دردناک

وہ ایمان نہ لائیں گے - خواہ ان کے پاس ہر نشانی آ جائے، یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب (بھی) دیکھ لیں۔

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ إِيمَانُهَآ إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ ۖ لَمَّآ اٰمَنُوا

فَلَوْلَا	كَانَتْ	قَرْيَةٌ	اٰمَنَتْ	فَنَفَعَهَآ	إِيمَانُهَآ	إِلَّا	قَوْمَ يُونُسَ	لَمَّآ	اٰمَنُوا
پس کیوں نہ	ہوتی	کوئی بستی	کہ وہ ایمان لاتی	تو نفع دیتا اس کو	اس کا ایمان	مگر	قوم یونسؑ	جب	وہ ایمان لائے

پس کیوں نہ ہوئی کوئی بستی کہ وہ ایمان لاتی تو اس کو اس کا ایمان نفع دیتا، مگر یونسؑ کی قوم (کہ وہ ایمان لے آئی) جب وہ ایمان لائے

كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ إِلٰى حِينٍ ﴿٩٨﴾ وَلَوْ شَآءَ

كَشَفْنَا	عَنْهُمْ	عَذَابَ	الْخِزْيِ	فِي	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَمَتَّعْنٰهُمْ	إِلٰى حِينٍ	وَلَوْ	شَآءَ
ہم نے اُٹھا لیا	اُن سے	عذاب	رسوائی	میں	دنیا کی زندگی	اور نفع پہنچایا انہیں	ایک مدت تک	اور اگر	چاہتا

تو ہم نے ان سے دنیا کی زندگی میں رسوائی کا عذاب اُٹھا لیا، اور انہیں ایک مدت تک نفع پہنچایا - اور اگر چاہتا

رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى

رَبُّكَ	لَاٰمَنَ	مَنْ	فِي الْاَرْضِ	كُلُّهُمْ جَمِيْعًا	اَفَاَنْتَ	تُكْرِهُ	النَّاسَ	حَتّٰى
تیرا رب	البتہ ایمان لے آتے	جو	زمین میں	وہ سب کے سب	پس کیا تو	مجبور کریگا	لوگ	جہانتک کہ

تیرا رب البتہ جو زمین میں ہیں سب کے سب ایمان لے آتے ، پس کیا تو لوگوں کو مجبور کرے گا ؟ یہاں تک کہ

يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٩﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ

يَكُوْنُوْا	مُؤْمِنِيْنَ	وَمَا كَانَ	لِنَفْسٍ	اَنْ	تُؤْمِنَ	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَيَجْعَلُ
وہ ہوجائیں	مومن (جمع)	اور نہیں ہے	کسی شخص کے لئے	کہ	ایمان لائے	مگر (بغیر)	اذنِ الٰہی سے	اور وہ ڈالتا ہے

وہ مومن ہو جائیں - اور کسی شخص کے لئے (اپنے اختیار میں) نہیں کہ وہ اللہ کے اذن کے بغیر ایمان لے آئے ، اور وہ ڈالتا ہے

الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿١٠٠﴾ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ

الرِّجْسَ	عَلَى	الَّذِيْنَ	لَا يَعْقِلُوْنَ	قُلِ	انْظُرُوْا	مَاذَا	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَ
گندگی	پر	وہ لوگ جو	عقل نہیں رکھتے	آپ کہدیں	دیکھو	کیا ہے	میں	آسمانوں	اور

(کفر کی) گندگی ان لوگوں پر جو عقل نہیں رکھتے - آپ کہہ دیں دیکھو کیا کچھ ہے آسمانوں میں اور

الْاَرْضِ ؕ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠١﴾ فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ

الْاَرْضِ	وَمَا تُغْنِي	الْاٰيٰتُ	وَالنُّذُرُ	عَنْ	قَوْمٍ	لَّا يُؤْمِنُوْنَ	فَهَلْ	يَنْتَظِرُوْنَ
زمین	اور نہیں فائدہ دیتیں	نشانیاں	اور ڈرانے والے	سے	لوگ	وہ نہیں مانتے	تو کیا	وہ انتظار کرتے ہیں

زمین میں - اور نشانیاں اور ڈرانے والے (رسول) ان لوگوں کو فائدہ نہیں دیتے جو نہیں مانتے - تو کیا وہ انتظار کر رہے ہیں

اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ

اِلَّا	مِثْلَ	اَيَّامِ	الَّذِيْنَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلِهِمْ	قُلْ	فَانْتَظِرُوْٓا	اِنِّيْ	مَعَكُمْ	مِّنَ
مگر	جیسے	دن (واقعات)	وہ لوگ	جو گزر چکے	ان سے پہلے	آپ کہدیں	پس تم انتظار کرو	بیشک میں	تمہارے ساتھ	سے

مگر انہیں لوگوں جیسے واقعات کا جو ان سے پہلے گزر چکے ، آپ کہہ دیں پس تم انتظار کرو بیشک میں بھی تمہارے ساتھ

الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾ ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ

الْمُنْتَظِرِيْنَ	ثُمَّ	نُنَجِّيْ	رُسُلَنَا	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	كَذٰلِكَ	حَقًّا عَلَيْنَا	نُنْجِ
انتظار کرنے والے	پھر	ہم بچا لیتے ہیں	اپنے رسول (جمع)	اور وہ لوگ جو	وہ ایمان لائے	اسی طرح	حق ہم پر	ہم بچالیں گے

انتظار کرنے والوں سے ہوں - پھر ہم بچا لیتے ہیں اپنے رسولوں کو ، اور اسی طرح ان کو جو ایمان لائے ، ہم پر حق (ذمہ) ہے ہم بچا لیں گے

١٠ ع ١١ ١٥

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠۴﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ

الْمُؤْمِنِيْنَ	قُلْ	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	اِنْ	كُنْتُمْ	فِيْ شَكٍّ	مِّنْ	دِيْنِيْ	فَلَآ اَعْبُدُ
مومنین	آپ کہدیں	اے لوگو!	اگر تم	تم ہو	کسی شک میں	سے	میرے دین	تو میں عبادت نہیں کرتا

مومنوں کو۔ آپ کہہ دیں، اے لوگو! اگر تم میرے دین (کے متعلق) کسی شک میں ہو تو میں عبادت نہیں کرتا

الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۚ

الَّذِيْنَ	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	وَلٰكِنْ	اَعْبُدُ اللّٰهَ	الَّذِيْ	يَتَوَفّٰىكُمْ
وہ جو کہ	تم پوجتے ہو	سوائے	اللہ	اور لیکن	میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں	وہ جو	تمہیں اٹھا لیتا ہے

ان کی جن کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو، لیکن میں اس اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمہیں (دنیا سے) اٹھا لیتا ہے،

وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠۵﴾ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ

وَاُمِرْتُ	اَنْ	اَكُوْنَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاَنْ	اَقِمْ	وَجْهَكَ	لِلدِّيْنِ	حَنِيْفًا
اور مجھے حکم دیا گیا	کہ	میں ہوں	سے	مومنین	اور یہ کہ	سیدھا رکھ	اپنا منہ	دین کے لئے	سب سے منہ موڑ کر

اور مجھے حکم دیا گیا کہ مومنوں میں سے رہوں۔ اور یہ کہ اپنا منہ سب سے موڑ کر دین کے لئے سیدھا رکھ،

وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٠۶﴾ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا

وَلَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	وَلَا تَدْعُ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مَا لَا يَنْفَعُكَ	وَلَا
اور ہرگز نہ ہونا	سے	مشرکین	اور نہ پکار	سوائے	اللہ	جو نہ تجھے نفع دے	اور نہ

اور ہرگز مشرکوں میں سے نہ ہونا۔ اور اللہ کے سوا اسے نہ پکار جو نہ تجھے نفع دے سکے، اور نہ

يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٧﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ

يَضُرُّكَ	فَاِنْ	فَعَلْتَ	فَاِنَّكَ	اِذًا	مِنَ	الظّٰلِمِيْنَ	وَاِنْ	يَّمْسَسْكَ	اللّٰهُ
نقصان پہنچائے	پھر اگر	تو نے کیا	تو بیشک تو	اس وقت	سے	ظالم (جمع)	اور اگر	پہنچائے تجھے	اللہ

نقصان پہنچا سکے، پھر اگر تو نے (ایسا) کیا تو اس وقت تو بیشک ظالموں میں سے ہوگا۔ اور اگر اللہ تجھے پہنچائے

بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ يُصِيْبُ

بِضُرٍّ	فَلَا كَاشِفَ	لَهٗ	اِلَّا هُوَ	وَاِنْ	يُّرِدْكَ	بِخَيْرٍ	فَلَا رَآدَّ	لِفَضْلِهٖ	يُصِيْبُ
کوئی نقصان	تو نہیں ہٹانے والا	اس کا	اس کے سوا	اور اگر	تیرا چاہے	بھلا	تو نہیں کوئی روکنے والا	اس کے فضل کو	وہ پہنچاتا ہے

کوئی نقصان تو اس کے سوا کوئی اس کو ہٹانے والا نہیں، اور اگر وہ تیرا بھلا چاہے تو کوئی اس کے فضل کو روکنے والا نہیں، وہ پہنچاتا ہے

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ

بِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	وَهُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	قُلْ	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ
اس کو	جسے	چاہتا ہے	سے	اپنے بندے	اور وہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	آپ کہہ دیں	اے لوگو

اس کو، اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے، اور وہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ آپ کہہ دیں، اے لوگو!

قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَ

قَدْ جَآءَكُمُ	الْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَمَنِ	اهْتَدٰى	فَاِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ	وَ
پہنچ چکا تمہارے پاس	حق	سے	تمہارا رب	تو جو	ہدایت پائی	تو صرف	اس نے ہدایت پائی	اپنی جان کے لئے	اور

تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق پہنچ چکا، تو جس نے ہدایت پائی صرف اپنی جان کے لئے ہدایت پائی، اور

مَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۸﴾ ؕ وَاتَّبِعْ مَا

مَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ	عَلَيْهَا	وَمَآ	اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِوَكِيْلٍ	وَاتَّبِعْ	مَا
جو	گمراہ ہوا	تو صرف	وہ گمراہ ہوا	اس کے (برے کو)	اور نہیں	میں	تم پر	مختار	اور پیروی کرو	جو

جو گمراہ ہوا تو صرف اپنے برے کو گمراہ ہوا، اور میں تم پر مختار نہیں ہوں۔ اور (اس کی) پیروی کرو جو

يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ ع

يُوْحٰٓى	اِلَيْكَ	وَاصْبِرْ	حَتّٰى	يَحْكُمَ	اللّٰهُ	وَهُوَ	خَيْرُ	الْحٰكِمِيْنَ
وحی ہوتی ہے	تمہاری طرف	اور صبر کرو	یہاں تک کہ	فیصلہ کر دے	اللہ	اور وہ	بہترین	فیصلہ کرنے والا

تمہاری طرف وحی ہوئی ہے، اور صبر کرو یہاں تک کہ اللہ فیصلہ کر دے، اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔

ع ۱۱ ۶ ۱۶

اٰيَاتُهَا ۱۲۳ | ۱۱ : سُوْرَةُ هُوْدٍ مَّكِّيَّةٌ : ۵۲ | رُكُوْعَاتُهَا ۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ﴿۱﴾

الٓرٰ	كِتٰبٌ	اُحْكِمَتْ	اٰيٰتُهٗ	ثُمَّ	فُصِّلَتْ	مِنْ	لَّدُنْ	حَكِيْمٍ	خَبِيْرٍ
الٓرٰ	یہ کتاب	مضبوط کی گئیں	اس کی آیات	پھر	تفصیل کی گئیں	سے	پاس	حکمت والے	خبردار

الٓرٰ۔ یہ کتاب ہے، اس کی آیات مضبوط کی گئیں، پھر تفصیل کی گئیں حکمت والے، خبردار کے پاس سے۔

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ۙ﴿۲﴾ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا

اَلَّا	تَعْبُدُوْا	اِلَّا اللّٰهَ	اِنَّنِيْ	لَكُمْ	مِّنْهُ	نَذِيْرٌ	وَّبَشِيْرٌ	وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا
یہ کہ نہ	عبادت کرو	اللہ کے سوا	بیشک میں	تمہارے لئے	اس سے	ڈرانے والا	اور خوشخبری دینے والا	اور یہ کہ مغفرت طلب کرو

یہ کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، بیشک میں اس (کی طرف) سے تمہارے لئے ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں۔ اور یہ کہ مغفرت طلب کرو

رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ

رَبَّكُمْ	ثُمَّ	تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ	يُمَتِّعْكُمْ	مَتَاعًا	حَسَنًا	اِلٰٓى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	وَّيُؤْتِ
اپنا رب	پھر	اس کی طرف رجوع کرو	وہ فائدہ پہنچائے گا تمہیں	متاع	اچھی	تک	وقت	مقرر	اور دے گا

اپنے رب کی، پھر اس کی طرف رجوع کرو وہ تمہیں فائدہ پہنچائے گا اچھی متاع، ایک مقررہ وقت تک، اور دے گا

كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ

كُلَّ	ذِيْ فَضْلٍ	فَضْلَهٗ	وَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاِنِّيْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ	يَوْمٍ
ہر	فضل والا	اپنا فضل	اور اگر تم	پھر جاؤ	تو بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب	ایک دن

ہر فضل والے کو اپنا فضل، اور اگر تم پھر جاؤ تو بیشک میں تم پر ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں

كَبِيْرٍ ﴿۳﴾ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ

كَبِيْرٍ	اِلَى اللّٰهِ	مَرْجِعُكُمْ	وَهُوَ	عَلٰى	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	اَلَآ	اِنَّهُمْ
بڑا	اللہ کی طرف	لوٹنا ہے تمہیں	اور وہ	پر	ہر شے	قدرت والا	یاد رکھو	بیشک وہ

اللہ کی طرف تمہیں لوٹنا ہے، اور وہ ہر چیز پر قدرت والا ہے۔ یاد رکھو! بیشک وہ

يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ

يَثْنُوْنَ	صُدُوْرَهُمْ	لِيَسْتَخْفُوْا	مِنْهُ	اَلَا	حِيْنَ	يَسْتَغْشُوْنَ	ثِيَابَهُمْ	يَعْلَمُ
دوہرے کرتے ہیں	اپنے سینے	تاکہ چھپالیں	اس سے	یاد رکھو	جب	پہنتے ہیں	اپنے کپڑے	وہ جانتا ہے

اپنے سینے دوہرے کرتے ہیں تاکہ اس (اللہ) سے چھپالیں، یاد رکھو! جب وہ اپنے کپڑے پہنتے ہیں وہ جانتا ہے

مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۵﴾

مَا يُسِرُّوْنَ	وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌۢ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ
جو وہ چھپاتے ہیں	اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں	بیشک وہ	جاننے والا	دلوں کے بھید

جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں، بیشک وہ دلوں کے بھید جاننے والا ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا

وَمَا	مِنْ	دَآبَّةٍ	فِي	الْاَرْضِ	اِلَّا	عَلَى	اللّٰهِ	رِزْقُهَا	وَيَعْلَمُ	مُسْتَقَرَّهَا
اور نہیں	سے (کوئی)	چلنے والا	میں (پر)	زمین	مگر	پر	اللہ	اس کا رزق	اور وہ جانتا ہے	اس کا ٹھکانا

اور کوئی زمین پر چلنے (پھرنے) والا نہیں، مگر اس کا رزق اللہ پر (اللہ کے ذمے) ہے، اور وہ جانتا ہے اس کا ٹھکانا

وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝٦ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

وَمُسْتَوْدَعَهَا	كُلٌّ	فِيْ	كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ	وَهُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ
اور اس کے سونپے جانے کی جگہ	سب کچھ	میں	روشن کتاب	اور وہی	جو۔جس	پیدا کیا اس نے	آسمان (جمع)	اور

اور اس کے سونپے جانے کی جگہ، سب کچھ روشن کتاب (لوح محفوظ) میں ہے۔ اور وہی ہے جس نے پیدا کئے آسمان اور

الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ

الْاَرْضَ	فِيْ	سِتَّةِ اَيَّامٍ	وَّكَانَ	عَرْشُهٗ	عَلَى الْمَآءِ	لِيَبْلُوَكُمْ	اَيُّكُمْ	اَحْسَنُ
زمین	میں	چھ دن	اور تھا	اس کا عرش	پانی پر	تاکہ تمہیں آزمائے	تم میں کون	بہتر

زمین چھ دن میں، اور اس کا عرش پانی پر تھا، تاکہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں کون بہتر ہے

عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ

عَمَلًا	وَلَئِنْ	قُلْتَ	اِنَّكُمْ	مَّبْعُوْثُوْنَ	مِنْۢ بَعْدِ	الْمَوْتِ	لَيَقُوْلَنَّ	الَّذِيْنَ
عمل میں	اور اگر	آپ کہیں	کہ تم	اٹھائے جاؤ گے	بعد	موت۔مرنا	تو ضرور کہیں گے وہ	وہ لوگ جو

عمل میں؟ اور اگر آپ کہیں کہ تم مرنے کے بعد اٹھائے جاؤ گے تو وہ لوگ ضرور کہیں گے جنہوں نے

كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٧ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ

كَفَرُوْا	اِنْ هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	وَلَئِنْ	اَخَّرْنَا	عَنْهُمُ	الْعَذَابَ	اِلٰى	اُمَّةٍ
انہوں نے کفر کیا (کافر)	نہیں یہ	مگر (صرف)	جادو	کھلا	اور اگر	ہم روک رکھیں	اُن سے	عذاب	تک	ایک مدت

کفر کیا کہ یہ صرف کھلا جادو ہے۔ اور اگر ہم اُن سے عذاب روک رکھیں ایک مدت

مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَ

مَعْدُوْدَةٍ	لَيَقُوْلُنَّ	مَا يَحْبِسُهٗ	اَلَا	يَوْمَ	يَاْتِيْهِمْ	لَيْسَ	مَصْرُوْفًا	عَنْهُمْ	وَ
گنی ہوئی معین	تو وہ ضرور کہیں گے	کیا روک رہی ہے اسے	یاد رکھو	جس دن	اُن پر آئے گا	نہ	ٹالا جائے گا	اُن سے	اور

معین تک تو وہ ضرور کہیں گے کیا چیز اُسے روک رہی ہے؟ یاد رکھو! جس دن اُن پر (عذاب) آئے گا اُن سے نہ ٹالا جائے گا، اور

ع ۱ ۸ ۱

حَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۸ وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً

حَاقَ	بِهِمْ	مَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	وَلَئِنْ	اَذَقْنَا	الْاِنْسَانَ	مِنَّا	رَحْمَةً
گھیر لے گا وہ	انہیں	جو جس	تھے	اس کا	مذاق اڑانے	اور اگر	ہم چکھا دیں	انسان کو	اپنی طرف سے	کوئی رحمت

وہ انہیں گھیر لے گا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ اور اگر ہم انسان کو اپنی طرف سے کسی رحمت کا مزہ چکھا دیں

ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ۝۹ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ

ثُمَّ	نَزَعْنٰهَا	مِنْهُ	اِنَّهٗ	لَيَـُٔوْسٌ	كَفُوْرٌ	وَلَئِنْ	اَذَقْنٰهُ	نَعْمَآءَ	بَعْدَ ضَرَّآءَ
پھر	ہم چھین لیں وہ	اس سے	بیشک وہ	البتہ مایوس	ناشکرا	اور اگر	اسے چکھا دیں	نعمت (آرام)	سختی کے بعد

پھر وہ اس سے چھین لیں، تو بیشک وہ مایوس، ناشکرا ہو جاتا ہے۔ اور اگر اسے ہم سختی کے بعد آرام چکھا دیں

مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝۱۰ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا

مَسَّتْهُ	لَيَقُوْلَنَّ	ذَهَبَ	السَّيِّاٰتُ	عَنِّيْ	اِنَّهٗ	لَفَرِحٌ	فَخُوْرٌ	اِلَّا	الَّذِيْنَ صَبَرُوْا
اسے پہنچی	تو وہ ضرور کہے گا	جاتی رہیں	برائیاں	مجھ سے	بیشک وہ	اترانے والا	شیخی خور	مگر	جن لوگوں نے صبر کیا

جو اسے پہنچی ہو تو وہ ضرور کہے گا مجھ سے برائیاں جاتی رہیں، بیشک وہ اترانے والا شیخی خور ہے۔ مگر جن لوگوں نے صبر کیا

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۱۱ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا

وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّاَجْرٌ	كَبِيْرٌ	فَلَعَلَّكَ	تَارِكٌ	بَعْضَ	مَا
اور عمل کئے	نیک	یہی لوگ	انکے لئے	بخشش	اور ثواب	بڑا	تو شاید (کیا) تم	چھوڑ دو گے	کچھ حصہ	جو

اور نیک عمل کئے، یہی لوگ ہیں جن کے لئے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔ تو کیا تم چھوڑ دو گے (اس کا) کچھ حصہ جو

يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ

يُوْحٰٓى	اِلَيْكَ	وَضَآئِقٌ	بِهٖ	صَدْرُكَ	اَنْ يَّقُوْلُوْا	لَوْلَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	كَنْزٌ	اَوْ
وحی کیا گیا	تیری طرف	اور تنگ ہو گا	اس سے	تیرا سینہ (دل)	کہ وہ کہنے ہیں	کیوں نہ	اترا	اس پر	خزانہ	یا

تمہاری طرف وحی کیا گیا ہے، اور اس سے تمہارا دل تنگ ہو گا کہ وہ کہتے ہیں کہ اس پر کیوں نہ اترا کوئی خزانہ یا

جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝۱۲ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

جَآءَ	مَعَهٗ	مَلَكٌ	اِنَّمَآ	اَنْتَ	نَذِيْرٌ	وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	وَّكِيْلٌ	اَمْ يَقُوْلُوْنَ
آیا	اس کے ساتھ	فرشتہ	اسکے سوا نہیں	کہ تم	ڈرانے والے	اور اللہ	پر	ہر شے	اختیار رکھنے والا	کیا وہ کہتے ہیں

اس کے (ساتھ) فرشتہ (کیوں نہ) آیا؟ اس کے سوا نہیں کہ تم ڈرانے والے ہو اور اللہ ہر شے پر اختیار رکھنے والا ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں؟

افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ

افْتَرٰىهُ	قُلْ	فَاْتُوْا	بِعَشْرِ سُوَرٍ	مِّثْلِهٖ	مُفْتَرَيٰتٍ	وَّادْعُوْا	مَنِ اسْتَطَعْتُمْ
اس کو خود گھڑ لیا ہے	آپ کہدیں	تو تم لے آؤ	دس سورتیں	اس جیسی	گھڑی ہوئی	اور تم بلا لو	جس کو تم بُلا سکو

کہ اس نے اس (قرآن) کو خود گھڑ لیا ہے، آپ کہدیں تو تم بھی اس جیسی دس سورتیں گھڑی ہوئی لے آؤ اور جس کو تم (مدد کے لئے) بُلا سکو بُلا لو

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ

مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَكُمْ	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّمَآ
سوائے	اللہ	اگر تم ہو	سچے	پھر اگر وہ جواب نہ دے سکیں	تمہارا	تو جان لو	کہ یہ تو

اللہ کے سوائے، اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر وہ تمہارے (اس چیلنج کا) جواب نہ دے سکیں تو جان لو کہ یہ تو

اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ

اُنْزِلَ	بِعِلْمِ اللّٰهِ	وَاَنْ	لَّآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	فَهَلْ	اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ	مَنْ	كَانَ يُرِيْدُ
نازل کیا گیا ہے	اللہ کے علم سے	اور یہ کہ	کوئی معبود نہیں	اسکے سوا	پس کیا	تم اسلام لاتے ہو	جو	چاہتا ہے

اللہ کے علم سے نازل کیا گیا ہے، اور یہ کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پس کیا تم اسلام لاتے ہو؟ جو کوئی چاہتا ہے

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	وَزِيْنَتَهَا	نُوَفِّ	اِلَيْهِمْ	اَعْمَالَهُمْ	فِيْهَا	وَهُمْ	فِيْهَا	لَا
دنیا کی زندگی	اور اس کی زینت	ہم پورا کر دیں گے	ان کے لئے	ان کے عمل	اس میں	اور وہ	اس میں	نہ

دنیا کی زندگی اور اس کی زینت، ہم ان کیلئے ان کے عمل اس (دنیا) میں پورے کر دیں گے اور اس میں اُن کی

يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا

يُبْخَسُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	لَيْسَ لَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	اِلَّا النَّارُ	وَحَبِطَ	مَا
کمی کئے جائیں گے (نقصان نہ ہوگا)	یہی لوگ	وہ جو کہ	ان کے لئے نہیں	آخرت میں	آگ کے سوا	اور اکارت گیا	جو

کمی نہ کی جائے گی۔ یہی لوگ ہیں جن کے لئے آخرت میں آگ کے سوا کچھ نہیں، اور اکارت گیا جو

صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ

صَنَعُوْا	فِيْهَا	وَبٰطِلٌ	مَّا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اَفَمَنْ	كَانَ	عَلٰى	بَيِّنَةٍ	مِّنْ رَّبِّهٖ
انہوں نے کیا	اس میں	اور نابود ہوئے	جو	وہ کرتے تھے	پس کیا جو	ہو	پر	کھلا راستہ	اپنے رب کے

اس (دنیا) میں انہوں نے کیا اور جو وہ کرتے تھے نابود ہوئے۔ پس کیا (یہ اس کے برابر ہیں) جو اپنے رب کے کھلے راستہ پر ہو

وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ اُولٰٓئِكَ

وَيَتْلُوْهُ	شَاهِدٌ	مِّنْهُ	وَ	مِنْ قَبْلِهٖ	كِتٰبُ مُوْسٰٓى	اِمَامًا	وَّرَحْمَةً	اُولٰٓئِكَ
اور اس کے ساتھ ہو	گواہ	اس سے	اور	اس سے پہلے	موسیٰ کی کتاب	امام	اور رحمت	یہی لوگ

اور اس کے ساتھ اس (اللہ کی طرف) سے گواہ ہو، اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب امام (راہ نما) اور (رحمت تھی) یہی لوگ

يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ

يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ	وَمَنْ	يَّكْفُرْ بِهٖ	مِنَ الْاَحْزَابِ	فَالنَّارُ	مَوْعِدُهٗ	فَلَا تَكُ	فِيْ مِرْيَةٍ
ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور جو	منکر ہو اس کا	گروہوں میں	تو آگ (دوزخ)	اس کا ٹھکانہ	پس تو نہ ہو	شک میں

اس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں، اور گروہوں میں سے جو اس کا منکر ہو تو دوزخ اس کا ٹھکانا ہے، پس تو شک میں نہ ہو

مِّنْهُ ۗ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَمَنْ

مِّنْهُ	اِنَّهُ الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَمَنْ
اس سے	بیشک وہ حق	تیرے رب سے	اور لیکن	اکثر لوگ	ایمان نہیں لاتے	اور کون

اس سے، بیشک وہ تیرے رب (کی طرف) سے حق ہے، لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے - اور کون ہے

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ

اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اُولٰٓئِكَ	يُعْرَضُوْنَ	عَلٰى رَبِّهِمْ	وَيَقُوْلُ
سب سے بڑا ظالم	اس سے جو	باندھے	اللہ پر	جھوٹ	یہ لوگ	پیش کئے جائیں گے	اپنے رب کے سامنے	اور کہیں گے وہ

اس سے بڑھ کر ظالم؟ جو اللہ پر جھوٹ باندھے، یہ لوگ اپنے رب کے سامنے پیش کئے جائیں گے اور وہ کہیں گے

الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ لا

الْاَشْهَادُ	هٰٓؤُلَآءِ	الَّذِيْنَ	كَذَبُوْا	عَلٰى رَبِّهِمْ	اَلَا	لَعْنَةُ اللّٰهِ	عَلَى	الظّٰلِمِيْنَ
گواہ (جمع)	یہی ہیں	وہ جنہوں نے	جھوٹ بولا	اپنے رب پر	یاد رکھو	اللہ کی پھٹکار	پر	ظالم (جمع)

گواہ یہی ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا، یاد رکھو! ظالموں پر اللہ کی پھٹکار ہے۔

الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

الَّذِيْنَ	يَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَيَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ
وہ لوگ جو	روکتے ہیں	سے	اللہ کا راستہ	اور اس میں ڈھونڈتے ہیں	کجی	اور وہ	آخرت سے	وہ

جو لوگ اللہ کے راستہ سے روکتے ہیں، اور اس میں کجی ڈھونڈتے ہیں، اور وہ آخرت کے

كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ

كٰفِرُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	لَمْ يَكُوْنُوْا	مُعْجِزِيْنَ	فِي الْاَرْضِ	وَمَا كَانَ	لَهُمْ	مِّنْ
منکر (جمع)	یہ لوگ	نہیں ہیں	عاجز کرنیوالے، تھکانے والے	زمین میں	اور نہیں ہے	ان کے لئے	سے

منکر ہیں۔ یہ لوگ زمین میں عاجز کرنے والے نہیں، اور ان کے لئے نہیں ہے

وقف لازم

دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ۭ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ

دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ	اَوْلِيَآءَ	يُضٰعَفُ	لَهُمُ	الْعَذَابُ	مَا	كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ	السَّمْعَ
سوا	اللہ	کوئی	حمایتی	دوگنا	ان کے لئے	عذاب	نہ	وہ طاقت رکھتے تھے	سننا

اللہ کے سوا کوئی حمایتی، ان کے لئے دوگنا عذاب ہے، وہ نہ سننے کی طاقت رکھتے تھے

وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا

وَمَا	كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا
اور نہ	وہ دیکھتے تھے	یہی لوگ	وہ جنہوں نے	نقصان کیا	اپنی جانوں کا (اپنا)	اور گم ہوگیا	ان سے	جو

اور نہ وہ دیکھتے تھے۔ یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کا نقصان کیا اور اُن سے گم ہو گیا جو

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	لَا جَرَمَ	اَنَّهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	هُمُ	الْاَخْسَرُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
وہ افترا کرتے تھے (جھوٹ باندھتے تھے)	شک نہیں	کہ وہ	آخرت میں	وہ	سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے	بیشک	جو لوگ

وہ جھوٹ باندھتے تھے نہ کوئی شک نہیں کہ وہ آخرت میں سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے ہیں۔ بیشک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا

اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَاَخْبَتُوْٓا	اِلٰى رَبِّهِمْ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	هُمْ	فِيْهَا
ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	اور عاجزی کی	اپنے رب کے آگے	یہی لوگ	جنت والے	وہ	اس میں

ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، اور اپنے رب کے آگے عاجزی کی، یہی لوگ جنت والے ہیں، وہ اس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾ مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ۭ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ

خٰلِدُوْنَ	مَثَلُ	الْفَرِيْقَيْنِ	كَالْاَعْمٰى	وَالْاَصَمِّ	وَالْبَصِيْرِ	وَالسَّمِيْعِ	هَلْ يَسْتَوِيٰنِ
ہمیشہ رہیں گے	مثال	دونوں فریق	جیسے اندھا	اور بہرا	اور دیکھتا	اور سنتا	کیا دونوں برابر ہیں

ہمیشہ رہیں گے۔ دونوں فریق کی مثال (ایسے ہے) جیسے ایک اندھا اور بہرا اور (دوسرا) دیکھتا اور سنتا ہے، کیا وہ دونوں برابر ہیں؟

مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖۤ ۫ اِنِّیْ لَكُمْ نَذِیْرٌ

مَثَلًا	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى	قَوْمِهٖ	اِنِّیْ	لَكُمْ	نَذِیْرٌ
مثال (حالت) میں	کیا تم غور نہیں کرتے	اور	ہم نے بھیجا	نوحؑ	طرف	اس کی قوم	بیشک میں	تمہارے لئے	ڈرانے والا

حالت میں، کیا تم غور نہیں کرتے ؟ اور ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ بیشک میں تمہارے لئے (تمہیں) ڈرانے والا ہوں

مُّبِیْنٌ ﴿۲۵﴾ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ اَلِیْمٍ ﴿۲۶﴾

مُبِیْنٌ	اَنْ	لَّا تَعْبُدُوْۤا	اِلَّا	اللّٰهَ	اِنِّیْۤ اَخَافُ	عَلَیْكُمْ	عَذَابَ	یَوْمٍ اَلِیْمٍ
کھلا	کہ	نہ پرستش کرو تم	سوائے	اللہ	بیشک میں ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب	دکھ دینے والا دن

کھلا (کھول کر) کہ تم اللہ کے سوا کسی کی پرستش نہ کرو، بیشک میں تم پر ایک دکھ دینے والے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔

فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ

فَقَالَ	الْمَلَاُ	الَّذِیْنَ كَفَرُوْا	مِنْ قَوْمِهٖ	مَا نَرٰىكَ	اِلَّا	بَشَرًا	مِّثْلَنَا	وَ	مَا نَرٰىكَ
تو بولے	سردار	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اس کی قوم کے	ہم تجھے نہیں دیکھتے	مگر	ایک آدمی	ہمارے اپنے جیسا	اور	ہم نہیں دیکھتے تجھے

تو اُس قوم کے وہ سردار جنہوں نے کفر کیا، بولے ہم تجھے نہیں دیکھتے مگر ہمارے اپنے جیسا ایک آدمی، اور ہم نہیں دیکھتے کہ

اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِیْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِیَ الرَّاْیِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَیْنَا

اتَّبَعَكَ	اِلَّا	الَّذِیْنَ	هُمْ	اَرَاذِلُنَا	بَادِیَ الرَّاْیِ	وَمَا	نَرٰى	لَكُمْ	عَلَیْنَا
تیری پیروی کریں	سوائے	وہ لوگ جو	وہ	نیچ لوگ ہم میں	سرسری نظر سے	اور نہیں	ہم دیکھتے	تمہارے لئے	ہم پر

کسی نے تیری پیروی کی ہو ان کے سوا جو ہم میں نیچ لوگ ہیں (وہ بھی) سرسری نظر سے (بے سوچے سمجھے) اور ہم نہیں دیکھتے تمہارے لئے اپنے اوپر

مِنْ فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِیْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ یٰقَوْمِ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَیِّنَةٍ

مِنْ	فَضْلٍ	بَلْ نَظُنُّكُمْ	كٰذِبِیْنَ	قَالَ	یٰقَوْمِ	اَرَءَیْتُمْ	اِنْ	كُنْتُ	عَلٰى	بَیِّنَةٍ
کوئی	فضیلت	بلکہ ہم خیال کرتے ہیں تمہیں	جھوٹے	اس نے کہا	اے میری قوم	تم دیکھو تو	اگر	میں ہوں	پر	واضح دلیل

کوئی فضیلت، بلکہ ہم تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں۔ اس نے کہا، اے میری قوم! دیکھو تو، اگر میں واضح دلیل پر ہوں

مِّنْ رَّبِّیْ وَاٰتٰىنِیْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّیَتْ عَلَیْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَ

مِنْ رَّبِّیْ	وَاٰتٰىنِیْ	رَحْمَةً	مِنْ عِنْدِهٖ	فَعُمِّیَتْ	عَلَیْكُمْ	اَنُلْزِمُكُمُوْهَا	وَ
اپنے رب سے	اور اس نے دی مجھے	رحمت	اپنے پاس سے	وہ دکھائی نہیں دیتی	تمہیں	کیا ہم وہ تمہیں زبردستی منوائیں	اور

اپنے رب (کی طرف) سے اور اس نے مجھے اپنے پاس سے رحمت دی ہے، وہ تمہیں دکھائی نہیں دیتی، تو کیا ہم وہ تمہیں زبردستی منوائیں ؟ اور

أَنُلْزِمُكُمُوهَا وَأَنتُمْ لَهَا كَارِهُونَ ﴿٢٨﴾ وَيَا قَوْمِ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللَّهِ

أَنُلْزِمُكُمُوهَا	وَأَنتُمْ	لَهَا	كَارِهُونَ	وَيَا قَوْمِ	لَا أَسْأَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مَالًا	إِنْ	أَجْرِيَ	إِلَّا	عَلَى اللَّهِ
کیا ہم تمہیں مجبور کر سکتے ہیں	اور تم	اس سے	بیزار ہو	اور اے میری قوم	میں نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کچھ مال	نہیں	میرا اجر	مگر	اللہ پر

کیا ہم تمہیں مجبور کر سکتے ہیں اس پر اور تم اس سے بیزار ہو۔ اور اے میری قوم! میں تم سے اس پر کچھ مال نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف اللہ پر ہے،

وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ إِنَّهُمْ مُلَاقُو رَبِّهِمْ وَلَٰكِنِّي أَرَاكُمْ قَوْمًا

وَمَا أَنَا	بِطَارِدِ	الَّذِينَ آمَنُوا	إِنَّهُمْ	مُلَاقُو	رَبِّهِمْ	وَلَٰكِنِّي	أَرَاكُمْ	قَوْمًا
اور نہیں میں	ہانکنے والا	وہ جو ایمان لائے	بیشک وہ	ملنے والے	اپنا رب	اور لیکن میں	دیکھتا ہوں تمہیں	ایک قوم

اور جو ایمان لائے ہیں میں انہیں ہانکنے والا (دور کرنے والا) نہیں، بیشک وہ اپنے رب سے ملنے والے ہیں، لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم ایک قوم ہو

تَجْهَلُونَ ﴿٢٩﴾ وَيَا قَوْمِ مَنْ يَنصُرُنِي مِنَ اللَّهِ إِنْ طَرَدْتُهُمْ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٣٠﴾

تَجْهَلُونَ	وَيَا قَوْمِ	مَنْ يَنصُرُنِي	مِنَ	اللَّهِ	إِنْ	طَرَدْتُهُمْ	أَفَلَا تَذَكَّرُونَ
جہالت کرتے ہو	اور اے میری قوم	کون بچائے گا مجھے	سے	اللہ	اگر	میں ہانک دوں انہیں	کیا تم غور نہیں کرتے

کہ جہالت کرتے ہو۔ اور اے میری قوم! اگر میں انہیں ہانک دوں تو مجھے اللہ سے کون بچائے گا؟ کیا تم غور نہیں کرتے؟

وَلَا أَقُولُ لَكُمْ عِندِي خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَا أَقُولُ إِنِّي

وَ	لَا أَقُولُ	لَكُمْ	عِندِي	خَزَائِنُ اللَّهِ	وَ	لَا أَعْلَمُ	الْغَيْبَ	وَ	لَا أَقُولُ	إِنِّي
اور	میں نہیں کہتا	تمہیں	میرے پاس	اللہ کے خزانے	اور	میں نہیں جانتا	غیب	اور	میں نہیں کہتا	کہ میں

اور، میں نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب (کی باتیں) جانتا ہوں، اور میں نہیں کہتا کہ میں

مَلَكٌ وَلَا أَقُولُ لِلَّذِينَ تَزْدَرِي أَعْيُنُكُمْ لَن يُؤْتِيَهُمُ اللَّهُ خَيْرًا ۖ

مَلَكٌ	وَ	لَا أَقُولُ	لِلَّذِينَ	تَزْدَرِي	أَعْيُنُكُمْ	لَن يُؤْتِيَهُمُ	اللَّهُ	خَيْرًا
فرشتہ	اور	میں نہیں کہتا	ان لوگوں کو جنہیں	حقیر سمجھتی ہیں	تمہاری آنکھیں	ہرگز نہ دے گا انہیں	اللہ	کوئی بھلائی

فرشتہ ہوں، اور جن لوگوں کو تمہاری آنکھیں حقیر سمجھتی ہیں (تم حقیر سمجھتے ہو) میں نہیں کہتا اللہ انہیں ہرگز کوئی بھلائی نہ دے گا،

اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا فِي أَنفُسِهِمْ ۖ إِنِّي إِذًا لَّمِنَ الظَّالِمِينَ ﴿٣١﴾ قَالُوا يَا نُوحُ قَدْ جَادَلْتَنَا

اللَّهُ	أَعْلَمُ	بِمَا	فِي أَنفُسِهِمْ	إِنِّي	إِذًا	لَّمِنَ الظَّالِمِينَ	قَالُوا	يَا نُوحُ	قَدْ جَادَلْتَنَا
اللہ	خوب جانتا ہے	جو کچھ	ان کے دلوں میں	بیشک میں	اس وقت	البتہ ظالموں سے	وہ بولے	اے نوحؑ	تو نے جھگڑا کیا ہم سے

جو کچھ ان کے دلوں میں ہے اللہ خوب جانتا ہے (اگر ایسا کہوں تو) اس وقت البتہ میں ظالموں سے ہوں گا۔ وہ بولے اے نوحؑ! تو نے ہم سے جھگڑا کیا

فَأَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٣٢﴾ قَالَ إِنَّمَا يَأْتِيكُم

فَأَكْثَرْتَ	جِدَالَنَا	فَأْتِنَا	بِمَا تَعِدُنَا	إِن	كُنتَ	مِنَ	الصَّادِقِينَ	قَالَ	إِنَّمَا يَأْتِيكُم
سو بہت	ہم سے جھگڑا کیا	پس لے آ	وہ جو تو ہم سے وعدہ کرتا ہے	اگر	تو ہے	سے	سچے (جمع)	اس نے کہا	صرف لائے گا تم پر

سو ہم سے بہت جھگڑا کیا پس وہ (عذاب) لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے اگر تو سچوں میں سے ہے۔ اس نے کہا تم پر لائے گا صرف

بِهِ اللَّهُ إِن شَاءَ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ ﴿٣٣﴾ وَلَا يَنفَعُكُمْ نُصْحِي إِنْ أَرَدتُّ

بِهِ	اللَّهُ	إِن شَاءَ	وَمَا أَنتُم	بِمُعْجِزِينَ	وَلَا يَنفَعُكُمْ	نُصْحِي	إِنْ	أَرَدتُّ
اس کو	اللہ	اگر چاہے گا وہ	اور تم نہیں	عاجز کر دینے والے	اور نہ نفع دے گی تمہیں	میری نصیحت	اگر	میں چاہوں

اللہ اس (عذاب) کو اگر وہ چاہے گا، اور تم عاجز کر دینے والے نہیں ہو۔ اور میری نصیحت تمہیں نفع نہ دے گی اگر میں چاہوں

أَنْ أَنصَحَ لَكُمْ إِن كَانَ اللَّهُ يُرِيدُ أَن يُغْوِيَكُمْ ۖ هُوَ رَبُّكُمْ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٣٤﴾

أَنْ أَنصَحَ	لَكُمْ	إِن	كَانَ	اللَّهُ يُرِيدُ	أَن يُغْوِيَكُمْ	هُوَ	رَبُّكُمْ	وَإِلَيْهِ	تُرْجَعُونَ
کہ میں نصیحت کروں	تمہیں	اگر (جبکہ)	ہے	اللہ چاہے	کہ گمراہ کرے تمہیں	وہ	تمہارا رب	اور اسکی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے

کہ میں تمہیں نصیحت کروں جبکہ اللہ چاہے کہ تمہیں گمراہ کرے، وہی تمہارا رب ہے، اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَعَلَيَّ إِجْرَامِي وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا

أَمْ	يَقُولُونَ	افْتَرَاهُ	قُلْ	إِنِ افْتَرَيْتُهُ	فَعَلَيَّ	إِجْرَامِي	وَأَنَا	بَرِيءٌ	مِّمَّا
کیا	وہ کہتے ہیں	بنا لایا ہے اس کو	کہدیں	اگر میں نے اسے بنا لیا ہے	تو مجھ پر	میرا گناہ	اور میں	بری	اس سے جو

کیا وہ کہتے ہیں اس (قرآن) کو بنا لایا ہے؟ آپ کہدیں اگر میں نے اس کو بنا لیا ہے تو مجھ پر ہے میرا گناہ، اور میں اس سے بری ہوں جو

تُجْرِمُونَ ﴿٣٥﴾ وَأُوحِيَ إِلَىٰ نُوحٍ أَنَّهُ لَن يُؤْمِنَ مِن قَوْمِكَ إِلَّا مَن

تُجْرِمُونَ	وَأُوحِيَ	إِلَىٰ نُوحٍ	أَنَّهُ	لَن يُؤْمِنَ	مِن	قَوْمِكَ	إِلَّا	مَن
تم گناہ کرتے ہو	اور وحی بھیجی گئی	نوح کی طرف	کہ وہ	ہرگز ایمان نہ لائے گا	سے	تیری قوم	سوائے	جو

تم گناہ کرتے ہو۔ اور نوح کی طرف وحی کی گئی کہ تیری قوم سے (اب) ہرگز کوئی ایمان نہ لائے گا، سوائے اس کے جو

قَدْ آمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿٣٦﴾ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا

قَدْ آمَنَ	فَلَا تَبْتَئِسْ	بِمَا	كَانُوا يَفْعَلُونَ	وَاصْنَعِ	الْفُلْكَ	بِأَعْيُنِنَا
ایمان لا چکا	پس تو غمگین نہ ہو	اس پر جو	وہ کرتے ہیں	اور تو بنا	کشتی	ہمارے سامنے

ایمان لا چکا، پس تو اس پر غمگین نہ ہو جو وہ کرتے ہیں۔ اور تو ہمارے سامنے کشتی بنا

ع ۳ ۱۱ ۳

وَوَحِيْنَا وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ قف

وَوَحِيْنَا	وَلَا تُخَاطِبْنِيْ	فِي	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	اِنَّهُمْ	مُّغْرَقُوْنَ	وَيَصْنَعُ	الْفُلْكَ
اور ہمارے حکم سے	اور نہ بات کرنا مجھ سے	میں	جن لوگوں نے ظلم کیا (ظالم)	بیشک وہ	ڈوبنے والے	اور وہ بناتا تھا	کشتی

اور ہمارے حکم سے اور ظالموں (کے حق) میں مجھ سے بات نہ کرنا، بیشک وہ ڈوبنے والے ہیں - اور وہ (نوحؑ) کشتی بناتا تھا

وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ ۭ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا

وَكُلَّمَا	مَرَّ	عَلَيْهِ	مَلَاٌ	مِّنْ	قَوْمِهٖ	سَخِرُوْا	مِنْهُ	قَالَ	اِنْ	تَسْخَرُوْا	مِنَّا	فَاِنَّا
اور جب بھی	گزرتے	اس پر	سردار	سے (کے)	اس کی قوم	وہ ہنستے	اس سے (پر)	اس نے کہا	اگر	تم ہنستے ہو	ہم سے (پر)	تو بیشک ہم

اور جب بھی اس کی قوم کے سردار اس (کے پاس) سے گزرتے تو وہ اس پر ہنستے، اس (نوحؑ) نے کہا اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو بیشک ہم (بھی)

نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ

نَسْخَرُ	مِنْكُمْ	كَمَا	تَسْخَرُوْنَ	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	مَنْ يَّاْتِيْهِ	عَذَابٌ	يُّخْزِيْهِ
ہنسیں گے	تم سے (پر)	جیسے	تم ہنستے ہو	سو عنقریب	تم جان لوگے	کس پر آتا ہے	ایسا عذاب	اس کو رسوا کرے

تم پر ہنسیں گے جیسے تم ہنستے ہو - سو عنقریب تم جان لوگے کس پر ایسا عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کرے

وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۳۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا

وَيَحِلُّ	عَلَيْهِ	عَذَابٌ	مُّقِيْمٌ	حَتّٰٓى	اِذَا جَاۗءَ	اَمْرُنَا	وَفَارَ	التَّنُّوْرُ	قُلْنَا
اور اترتا ہے	اس پر	عذاب	دائمی	یہاں تک کہ	جب آیا	ہمارا حکم	اور جوش مارا	تنور	ہم نے کہا

اور اترتا ہے اس پر دائمی عذاب - یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آیا، اور تنور نے جوش مارا (ابل پڑا) ہم نے کہا

احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ

احْمِلْ	فِيْهَا	مِنْ	كُلٍّ زَوْجَيْنِ	اثْنَيْنِ	وَاَهْلَكَ	اِلَّا	مَنْ	سَبَقَ	عَلَيْهِ	الْقَوْلُ
چڑھا لے	اس میں	سے	ہر ایک جوڑا	(دو نر و مادہ)	اور اپنے گھر والے	سوائے	جو	ہو چکا	اس پر	حکم

اس (کشتی) میں چڑھا لے ہر ایک کا جوڑا، نر اور مادہ، اور اپنے گھر والے اس کے سوائے جس پر (عذاب کا) حکم ہو چکا ہے

وَمَنْ اٰمَنَ ۭ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۴۰﴾ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا

وَمَنْ	اٰمَنَ	وَمَآ	اٰمَنَ	مَعَهٗٓ	اِلَّا قَلِيْلٌ	وَقَالَ	ارْكَبُوْا	فِيْهَا	بِسْمِ اللّٰهِ	مَجْرٖىهَا
اور جو	ایمان لایا	اور نہ	ایمان لائے	اس پر	مگر تھوڑے	اور اس نے کہا	سوار ہو جاؤ	اس میں	اللہ کے نام سے	اس کا چلنا

اور جو ایمان لایا (اسے بھی سوار کر لے) اور اس پر ایمان نہ لائے تھے مگر تھوڑے - اور اس نے کہا اس میں سوار ہو جاؤ، اللہ کے نام سے ہے اس کا چلنا

قرآن محفوظ بفضل اللہ وما نالۃ الرحمٰن

وَمُرْسٰهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۴۱﴾ وَهِیَ تَجْرِیْ بِهِمْ فِیْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ قف

وَمُرْسٰهَا	اِنَّ	رَبِّیْ	لَغَفُوْرٌ	رَّحِیْمٌ	وَهِیَ	تَجْرِیْ	بِهِمْ	فِیْ مَوْجٍ	كَالْجِبَالِ
اور اس کا ٹھہرنا	بیشک	میرا رب	البتہ بخشنے والا	نہایت مہربان	اور وہ	چلی	ان کو لے کر	لہروں میں	پہاڑ جیسی

اور اس کا ٹھہرنا، بیشک البتہ میرا رب بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اور وہ (کشتی) ان کو لے کر پہاڑ جیسی لہروں میں چلی

وَنَادٰی نُوْحُ ابْنَهٗ وَكَانَ فِیْ مَعْزِلٍ یّٰبُنَیَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۴۲﴾

وَنَادٰی	نُوْحُ	ابْنَهٗ	وَكَانَ	فِیْ مَعْزِلٍ	یّٰبُنَیَّ	ارْكَبْ	مَّعَنَا	وَلَا تَكُنْ	مَّعَ الْكٰفِرِیْنَ
اور پکارا	نوحؑ	اپنا بیٹا	اور تھا	کنارے میں	اے میرے بیٹے	سوار ہو جا	ہمارے ساتھ	اور نہ رہو	کافروں کے ساتھ

اور نوحؑ نے اپنے بیٹے کو پکارا، اور وہ (اس سے) کنارے تھا، اے میرے بیٹے! ہمارے ساتھ سوار ہو جا، اور کافروں کے ساتھ نہ رہو۔

قَالَ سَاٰوِیْۤ اِلٰی جَبَلٍ یَّعْصِمُنِیْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ الْیَوْمَ مِنْ

قَالَ	سَاٰوِیْۤ	اِلٰی جَبَلٍ	یَّعْصِمُنِیْ	مِنَ الْمَآءِ	قَالَ	لَا عَاصِمَ	الْیَوْمَ	مِنْ
اس نے کہا	میں جلد پناہ لے لیتا ہوں	کسی پہاڑ کی طرف	وہ بچا لے گا مجھے	پانی سے	اس نے کہا	کوئی بچانے والا نہیں	آج	سے

اس نے کہا میں کسی پہاڑ کی طرف جلدی پناہ لے لیتا ہوں، وہ مجھے پانی سے بچا لے گا، اس نے کہا آج کوئی بچانے والا نہیں

اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَیْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِیْنَ ﴿۴۳﴾

اَمْرِ اللّٰهِ	اِلَّا	مَنْ رَّحِمَ	وَحَالَ	بَیْنَهُمَا	الْمَوْجُ	فَكَانَ	مِنَ	الْمُغْرَقِیْنَ
اللہ کا حکم	سوائے	جس پر وہ رحم کرے	اور آ گئی	ان کے درمیان	موج	تو وہ ہو گیا	سے	ڈوبنے والے

اللہ کے حکم سے، سوائے اس کے جس پر وہ رحم کرے اور ان کے درمیان موج آ گئی (حائل ہو گئی) تو وہ بھی ڈوبنے والوں میں (شامل) ہو گیا۔

وَقِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ

وَقِیْلَ	یٰۤاَرْضُ	ابْلَعِیْ	مَآءَكِ	وَیٰسَمَآءُ	اَقْلِعِیْ	وَغِیْضَ	الْمَآءُ	وَقُضِیَ
اور کہا گیا	اے زمین	نگل لے	اپنا پانی	اور اے آسمان	تھم جا	اور خشک کر دیا گیا	پانی	اور پورا ہو چکا (تمام ہو گیا)

اور کہا گیا اے زمین! اپنا پانی نگل لے، اور اے آسمان تھم جا، اور پانی کو خشک کر دیا گیا، اور تمام ہو گیا

الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۴﴾ وَنَادٰی

الْاَمْرُ	وَاسْتَوَتْ	عَلَی الْجُوْدِیِّ	وَقِیْلَ	بُعْدًا	لِّلْقَوْمِ	الظّٰلِمِیْنَ	وَنَادٰی
کام	اور جا لگی	جودی پہاڑ پر	اور کہا گیا	دوری	لوگوں کے لئے	ظالم (جمع)	اور پکارا

کام، اور (کشتی) جا لگی جودی پہاڑ پر، اور کہا دوری (لعنت) ہو ظالم لوگوں کے لئے۔ اور پکارا

نُوحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابۡنِیۡ مِنۡ اَهۡلِیۡ وَاِنَّ وَعۡدَكَ الۡحَقُّ وَاَنۡتَ

نُوحٌ	رَّبَّهٗ	فَقَالَ	رَبِّ	اِنَّ	ابۡنِیۡ	مِنۡ اَهۡلِیۡ	وَاِنَّ	وَعۡدَكَ	الۡحَقُّ	وَاَنۡتَ
نوح ؑ	اپنا رب	پس اس نے کہا	اے میرے رب	بیشک	میرا بیٹا	میرے گھر والوں میں سے	اور بیشک	تیرا وعدہ	سچا	اور تو

نوحؑ نے اپنے رب کو، پس اس نے کہا اے میرے رب! بیشک میرا بیٹا میرے گھر والوں میں سے ہے، اور بیشک تیرا وعدہ سچا ہے، اور تو

اَحۡكَمُ الۡحٰكِمِيۡنَ ﴿۴۵﴾ قَالَ يٰنُوۡحُ اِنَّهٗ لَيۡسَ مِنۡ اَهۡلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيۡرُ صَالِحٍ ۫ رؤس

اَحۡكَمُ	الۡحٰكِمِيۡنَ	قَالَ	يٰنُوۡحُ	اِنَّهٗ	لَيۡسَ	مِنۡ	اَهۡلِكَ	اِنَّهٗ	عَمَلٌ	غَيۡرُ صَالِحٍ
سب سے بڑا حاکم	حاکم (جمع)	اس نے فرمایا	اے نوحؑ	بیشک وہ	نہیں	سے	تیرے گھر والے	بیشک وہ	عمل	ناشائستہ

حاکموں میں سب سے بڑا حاکم ہے۔ اس نے فرمایا، اے نوحؑ! بیشک وہ تیرے گھر والوں میں سے نہیں، بیشک اس کے عمل ناشائستہ ہیں،

فَلَا تَسۡـَٔلۡنِ مَا لَيۡسَ لَكَ بِهٖ عِلۡمٌ ؕ اِنِّیۡۤ اَعِظُكَ اَنۡ تَكُوۡنَ مِنَ الۡجٰهِلِيۡنَ ﴿۴۶﴾

فَلَا تَسۡـَٔلۡنِ	مَا لَيۡسَ	لَكَ	بِهٖ	عِلۡمٌ	اِنِّیۡۤ اَعِظُكَ	اَنۡ	تَكُوۡنَ	مِنَ	الۡجٰهِلِيۡنَ
سو مجھ سے سوال نہ کر	ایسی بات کہ نہیں	تجھ کو	اس کا	علم	بیشک میں نصیحت کرتا ہوں تجھے	کہ	تو ہو جائے	سے	نادان (جمع)

سو مجھ سے ایسی بات کا سوال نہ کر جس کا تجھے علم نہیں، بیشک میں تجھے نصیحت کرتا ہوں کہ تو نادانوں میں سے (نہ) ہو جائے۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُ بِكَ اَنۡ اَسۡـَٔلَكَ مَا لَيۡسَ لِیۡ بِهٖ عِلۡمٌ ؕ وَاِلَّا تَغۡفِرۡ لِیۡ

قَالَ	رَبِّ	اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُ	بِكَ	اَنۡ	اَسۡـَٔلَكَ	مَا لَيۡسَ	لِیۡ	بِهٖ	عِلۡمٌ	وَ	اِلَّا تَغۡفِرۡ لِیۡ
اس نے کہا	اے میرے رب	میں پناہ چاہتا ہوں	تیری	کہ	میں سوال کروں تجھ سے	ایسی بات کہ نہیں	مجھے	اس کا	علم	اور	اگر تو نہ بخشے مجھے

اس نے کہا، اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ میں تجھ سے ایسی بات کا سوال کروں جس کا مجھے علم نہ ہو، اور اگر تو مجھے نہ بخشے

وَتَرۡحَمۡنِیۡۤ اَكُنۡ مِّنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ﴿۴۷﴾ قِيۡلَ يٰنُوۡحُ اهۡبِطۡ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ

وَتَرۡحَمۡنِیۡ	اَكُنۡ	مِنَ	الۡخٰسِرِيۡنَ	قِيۡلَ	يٰنُوۡحُ	اهۡبِطۡ	بِسَلٰمٍ	مِّنَّا	وَبَرَكٰتٍ
اور تو مجھ پر رحم نہ کرے	ہو جاؤں	سے	نقصان پانے والے	کہا گیا	اے نوحؑ	اتر جاؤ تم	سلامتی کے ساتھ	ہماری طرف سے	اور برکتیں

اور مجھ پر رحم نہ کرے تو میں نقصان پانے والوں میں سے ہو جاؤں۔ کہا گیا، اے نوحؑ! ہماری طرف سے سلامتی کے ساتھ اتر جاؤ اور برکتیں ہوں

عَلَيۡكَ وَعَلٰۤى اُمَمٍ مِّمَّنۡ مَّعَكَ ؕ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمۡ ثُمَّ يَمَسُّهُمۡ مِّنَّا عَذَابٌ

عَلَيۡكَ	وَ	عَلٰۤى اُمَمٍ	مِّمَّنۡ	مَّعَكَ	وَاُمَمٌ	سَنُمَتِّعُهُمۡ	ثُمَّ	يَمَسُّهُمۡ	مِّنَّا	عَذَابٌ
تجھ پر	اور	گروہ پر	سے، جو	تیرے ساتھ	اور کچھ گروہ	ہم انہیں جلد فائدہ دیں گے	پھر	انہیں پہنچے گا	ہم سے	عذاب

تجھ پر، اور ان گروہوں پر جو تیرے ساتھ ہیں اور کچھ گروہ ہیں کہ ہم انہیں جلد (دنیا میں) فائدہ دیں گے، پھر انہیں ہم سے پہنچے گا عذاب

اَلِيْمٌ ﴿۴۸﴾ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ

اَلِيْمٌ	تِلْكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ	نُوْحِيْهَآ	اِلَيْكَ	مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ	اَنْتَ
دردناک	یہ	سے	غیب کی خبریں	ہم وحی کرتے ہیں	تمہاری طرف	نہ تم اُن کو جانتے تھے	تم

دردناک۔ یہ غیب کی خبریں جو ہم تمہاری طرف وحی کرتے ہیں، نہ تم اُن کو جانتے تھے،

وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۛ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۹﴾ ع وَ

وَلَا	قَوْمُكَ	مِنْ	قَبْلِ هٰذَا	فَاصْبِرْ	اِنَّ	الْعَاقِبَةَ	لِلْمُتَّقِيْنَ	وَ
اور نہ	تمہاری قوم	سے	اس سے پہلے	پس صبر کرو	بیشک	اچھا انجام	پرہیزگاروں کے لئے	اور

اس سے پہلے اور نہ تمہاری قوم (جانتی تھی)، پس صبر کرو، بیشک پرہیزگاروں کا انجام اچھا ہے۔ اور

اِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۛ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۛ

اِلٰى	عَادٍ	اَخَاهُمْ	هُوْدًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ
طرف	قوم عاد	ان کے بھائی	ہودؑ	اس نے کہا	اے میری قوم	تم عبادت کرو	اللہ	تمہارا نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا

قومِ عاد کی طرف اُن کے بھائی ہودؑ (آئے)، اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں،

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۛ اِنْ اَجْرِيَ

اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	مُفْتَرُوْنَ	يٰقَوْمِ	لَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	اَجْرًا	اِنْ	اَجْرِيَ
نہیں	تم	مگر (صرف)	جھوٹ باندھنے ہو	اے میری قوم	میں تم سے نہیں مانگتا	اس پر	کوئی اجر (صلہ)	نہیں	میرا صلہ

تم صرف جھوٹ باندھتے ہو (افترا کرتے ہو)۔ اے میری قوم! اس پر میں تم سے کوئی صلہ نہیں مانگتا، میرا صلہ

اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ۛ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ

اِلَّا	عَلَى	الَّذِيْ فَطَرَنِيْ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	وَيٰقَوْمِ	اسْتَغْفِرُوْا	رَبَّكُمْ	ثُمَّ
مگر (صرف)	پر	جس نے مجھے پیدا کیا	کیا پھر تم سمجھتے نہیں	اور اے میری قوم	تم بخشش مانگو	اپنا رب	پھر

صرف اسی پر ہے جس نے مجھے پیدا کیا، پھر کیا تم سمجھتے نہیں؟ اور اے میری قوم! اپنے رب سے بخشش مانگو، پھر

تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَ

تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ	يُرْسِلِ	السَّمَآءَ	عَلَيْكُمْ	مِّدْرَارًا	وَّيَزِدْكُمْ	قُوَّةً	اِلٰى قُوَّتِكُمْ	وَ
اس کی طرف رجوع کرو	وہ بھیجے گا	آسمان	تم پر	زور کی بارش	اور تمہیں بڑھائے گا	قوت	طرف (پر) تمہاری قوت	اور

اس کی طرف رجوع کرو (توبہ کرو) وہ تم پر آسمان سے زور کی بارش بھیجے گا، اور وہ تمہیں قوت پر قوت بڑھائے گا اور

لَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ

لَا تَتَوَلَّوْا	مُجْرِمِيْنَ	قَالُوْا	يٰهُوْدُ	مَا جِئْتَنَا	بِبَيِّنَةٍ	وَمَا	نَحْنُ	بِتَارِكِيْٓ
اور روگردانی نہ کرو	مجرم ہو کر	وہ بولے	اے ہودؑ	تو نہیں آیا ہمارے پاس	کوئی دلیل (سند) لیکر	اور نہیں	ہم	چھوڑنے والے

مجرم ہو کر روگردانی نہ کرو۔ وہ بولے اے ہودؑ! تو ہمارے پاس کوئی سند لے کر نہیں آیا، اور ہم چھوڑنے والے نہیں

اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ

اٰلِهَتِنَا	عَنْ قَوْلِكَ	وَمَا	نَحْنُ	لَكَ	بِمُؤْمِنِيْنَ	اِنْ	نَّقُوْلُ	اِلَّا	اعْتَرٰىكَ
اپنے معبود	تیرے کہنے سے	اور نہیں	ہم	تیرے لئے (تجھ پر)	ایمان لانے والے	نہیں	ہم کہتے	مگر	تجھے آسیب پہنچایا ہے

اپنے معبودوں کو تیرے کہنے سے، اور ہم تجھ پر ایمان لانے والے نہیں۔ ہم یہی کہتے ہیں کہ تجھے آسیب پہنچایا ہے

بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ۭ قَالَ اِنِّىْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾

بَعْضُ	اٰلِهَتِنَا	بِسُوْٓءٍ	قَالَ	اِنِّىْٓ	اُشْهِدُ	اللّٰهَ	وَاشْهَدُوْٓا	اَنِّىْ	بَرِيْۗءٌ	مِّمَّا	تُشْرِكُوْنَ
کسی	ہمارا معبود	بُری طرح	اس نے کہا	بیشک میں	گواہ کرتا ہوں	اللہ	اور تم گواہ رہو	بیشک میں	بیزار ہوں	اُن سے	تم شریک کرتے ہو

ہمارے کسی معبود نے بُری طرح، اس نے کہا بیشک میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم (بھی) گواہ رہو، میں اُن سے بیزار ہوں جن کو تم شریک کرتے ہو

مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾ اِنِّىْ تَوَكَّلْتُ عَلَي اللّٰهِ رَبِّيْ

مِنْ دُوْنِهٖ	فَكِيْدُوْنِيْ	جَمِيْعًا	ثُمَّ	لَا تُنْظِرُوْنِ	اِنِّىْ	تَوَكَّلْتُ	عَلَي اللّٰهِ	رَبِّيْ
اس کے سوا	سو مکر (بُری تدبیر) کرو میرے بارہ میں	سب	پھر	مجھے مہلت نہ دو	بیشک میں	میں نے بھروسہ کیا	اللہ پر	میرا رب

اس کے سوا، سو میرے بارہ میں سب مکر (بُری تدبیر) کرلو، پھر مجھے مہلت نہ دو۔ میں نے اللہ پر بھروسہ کیا (جو) میرا رب ہے

وَرَبِّكُمْ ۭ مَا مِنْ دَاۗبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي صِرَاطٍ

وَرَبِّكُمْ	مَا	مِنْ	دَاۗبَّةٍ	اِلَّا	هُوَ	اٰخِذٌۢ	بِنَاصِيَتِهَا	اِنَّ	رَبِّيْ	عَلٰي	صِرَاطٍ
اور تمہارا رب	نہیں	کوئی	چلنے والا	مگر	وہ	پکڑنے والا	اس کو چوٹی سے	بیشک	میرا رب	پر	راستہ

اور تمہارا رب ہے، کوئی چلنے (پھرنے) والا نہیں مگر وہ اس کو چوٹی سے پکڑنے والا ہے (قبضہ میں لئے ہوئے ہے) بیشک میرا رب راستہ پر

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ۭ وَيَسْتَخْلِفُ

مُسْتَقِيْمٍ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ	مَّآ اُرْسِلْتُ	بِهٖٓ	اِلَيْكُمْ	وَيَسْتَخْلِفُ
سیدھا	پھر اگر	تم روگردانی کروگے	میں نے تمہیں پہنچا دیا	جو مجھے بھیجا گیا	اس کے ساتھ	تمہاری طرف	اور قائم مقام کر دے گا

سیدھے۔ پھر اگر تم روگردانی کروگے تو جس کے ساتھ مجھے تمہاری طرف بھیجا گیا وہ میں تمہیں پہنچا چکا، اور قائم مقام کر دے گا

رَبِّیْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ﴿۵۷﴾ وَ

رَبِّیْ	قَوْمًا	غَیْرَكُمْ	وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ	شَیْـًٔا	اِنَّ	رَبِّیْ	عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ	حَفِیْظٌ	وَ
میرا رب	کوئی اور قوم	تمہارے سوا	اور تم نہ بگاڑ سکو گے اس کا	کچھ	بیشک	میرا رب	پر	ہر شے	نگہبان	اور

میرا رب تمہارے سوا کسی اور قوم کو، اور تم اس کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے، بیشک میرا رب ہر شے پر نگہبان ہے - اور

لَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا هُوْدًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّیْنٰهُمْ

لَمَّا	جَآءَ	اَمْرُنَا	نَجَّیْنَا	هُوْدًا	وَالَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ	مِنَّا	وَنَجَّیْنٰهُمْ
جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے بچا لیا	ہودؑ	اور وہ لوگ	ایمان لائے	اسکے ساتھ	رحمت سے	اپنی	اور ہم نے بچا لیا انہیں

جب ہمارا حکم آیا، ہم نے ہودؑ کو اور جو لوگ اس کے ساتھ ایمان لائے اپنی رحمت سے بچا لیا، اور ہم نے انہیں بچا لیا

مِّنْ عَذَابٍ غَلِیْظٍ ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ عَادٌ ۘ جَحَدُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ

مِنْ	عَذَابٍ	غَلِیْظٍ	وَتِلْكَ	عَادٌ	جَحَدُوْا	بِاٰیٰتِ	رَبِّهِمْ	وَعَصَوْا	رُسُلَهٗ
سے	عذاب	سخت	اور یہ	عاد	انہوں نے انکار کیا	آیتوں کا	اپنا رب	اور انہوں نے نافرمانی کی	اپنے رسول

سخت عذاب سے - اور یہ عاد تھے اور انہوں نے اپنے رب کی آیتوں کا انکار کیا، اور اپنے رسولوں کی نافرمانی کی،

وَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ ﴿۵۹﴾ وَاُتْبِعُوْا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا لَعْنَةً وَّیَوْمَ

وَاتَّبَعُوْا	اَمْرَ	كُلِّ جَبَّارٍ	عَنِیْدٍ	وَاُتْبِعُوْا	فِیْ	هٰذِهِ الدُّنْیَا	لَعْنَةً	وَیَوْمَ
اور پیروی کی	حکم	ہر سرکش	ضدی	اور انکے پیچھے لگا دی گئی	میں	اس دنیا	لعنت	اور روز

اور ہر سرکش ضدی کی پیروی کی - اور لعنت ان کے پیچھے لگا دی گئی اس دنیا میں اور روزِ

الْقِیٰمَةِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾ وَاِلٰی ثَمُوْدَ ع ۱۱ ۵

الْقِیٰمَةِ	اَلَاۤ	اِنَّ	عَادًا	كَفَرُوْا	رَبَّهُمْ	اَلَا	بُعْدًا	لِّعَادٍ	قَوْمِ هُوْدٍ	وَ	اِلٰی ثَمُوْدَ
قیامت	یاد رکھو	بیشک	عاد	وہ منکر ہوئے	اپنا رب	یاد رکھو	پھٹکار	عاد کے لئے	ہود کی قوم	اور	ثمود کی طرف

قیامت، یاد رکھو! عاد اپنے رب کے منکر ہوئے، یاد رکھو! ہودؑ کی قوم عاد پر پھٹکار ہے اور ثمود کی طرف

اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ هُوَ

اَخَاهُمْ	صٰلِحًا	قَالَ	یٰقَوْمِ	اعْبُدُوا اللّٰهَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ	غَیْرُهٗ	هُوَ
ان کا بھائی	صالحؑ	اس نے کہا	اے میری قوم	اللہ کی عبادت کرو	نہیں	تمہارے لئے	کوئی معبود	اس کے سوا	وہ

اُن کے بھائی صالحؑ (آئے) اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، اس نے

وقف لازم

اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ

اَنْشَاَكُمْ	مِّنَ الْاَرْضِ	وَاسْتَعْمَرَكُمْ	فِيْهَا	فَاسْتَغْفِرُوْهُ	ثُمَّ	تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ	اِنَّ
پیدا کیا تمہیں	زمین سے	اور بسایا تمہیں اس نے	اس میں	سو اس سے بخشش مانگو	پھر	(رجوع کرو اسکی طرف (توبہ کرکے	بیشک

تمہیں زمین سے پیدا کیا، اور تمہیں اس میں بسایا، پس اس سے بخشش مانگو، پھر اس سے توبہ کرو، بیشک

رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ

رَبِّيْ	قَرِيْبٌ	مُّجِيْبٌ	قَالُوْا	يٰصٰلِحُ	قَدْ كُنْتَ	فِيْنَا	مَرْجُوًّا	قَبْلَ هٰذَآ	اَتَنْهٰىنَآ
میرا رب	نزدیک	قبول کرنے والا	وہ بولے	اے صالح	تو تھا	ہم میں (ہمارے درمیان)	مرکز امید	اس سے قبل	کیا تو ہمیں منع کرتا ہے

میرا رب نزدیک ہے، قبول کرنے والا ہے۔ وہ بولے اے صالحؑ! تو ہمارے درمیان اس سے قبل مرکزِ امید تھا (تجھ سے بڑی امیدیں تھیں) کیا تو ہمیں منع کرتا ہے

اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ؕ وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۶۲﴾

اَنْ نَّعْبُدَ	مَا يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا	وَاِنَّنَا	لَفِيْ شَكٍّ	مِّمَّا	تَدْعُوْنَآ	اِلَيْهِ	مُرِيْبٍ
کہ ہم پرستش کریں	اسکی جسکی پرستش کرتے تھے	ہمارے باپ دادا	اور بیشک ہم	شک میں ہیں	اس سے جو	تو ہمیں بلاتا ہے	اس کی طرف	قوی شبہ میں

کہ ہم اس کی پرستش (نہ) کریں جنکی ہمارے باپ دادا پرستش کرتے تھے، تو جس کی طرف تو ہمیں بلاتا ہے اس میں ہم قوی شبہ میں ہیں۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً

قَالَ	يٰقَوْمِ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ كُنْتُ	عَلٰى بَيِّنَةٍ	مِّنْ رَّبِّيْ	وَاٰتٰنِيْ	مِنْهُ	رَحْمَةً
اس نے کہا	اے میری قوم	کیا دیکھتے ہو تم	اگر میں ہوں	روشن دلیل پر	اپنے رب سے	اور اس نے مجھے دی	اپنی طرف سے	رحمت

اس نے کہا اے میری قوم! تم کیا دیکھتے ہو (بھلا دیکھو تو) اگر میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہوں، اور اس نے مجھے اپنی طرف سے رحمت دی ہے

فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ ۫ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾

فَمَنْ	يَّنْصُرُنِيْ	مِنَ اللّٰهِ	اِنْ	عَصَيْتُهٗ	فَمَا	تَزِيْدُوْنَنِيْ	غَيْرَ	تَخْسِيْرٍ
تو کون	میری مدد کریگا (بچائے گا)	اللہ سے	اگر	میں اسکی نافرمانی کروں	تو نہیں	تم میرے لئے بڑھاتے	سوائے	نقصان

تو اگر میں اس کی نافرمانی کروں، مجھے اللہ سے کون بچائے گا؟ تم میرے لئے نقصان کے سوا کچھ نہیں بڑھاتے۔

وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا

وَيٰقَوْمِ	هٰذِهٖ	نَاقَةُ اللّٰهِ	لَكُمْ	اٰيَةً	فَذَرُوْهَا	تَاْكُلْ	فِيْٓ	اَرْضِ اللّٰهِ	وَلَا تَمَسُّوْهَا
اور اے میری قوم	یہ	اللہ کی اونٹنی	تمہارے لئے	نشانی	پس اسکو چھوڑ دو	کھائے	میں	اللہ کی زمین	اور اس کو نہ چھوؤ تم

اور اے میری قوم! یہ اللہ کی اونٹنی ہے، تمہارے لئے نشانی، پس اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھاتی (پھرے) اور اس کو نہ چھوؤ (نہ پہنچاؤ)

بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿۶۴﴾ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ

بِسُوْٓءٍ	فَيَاْخُذَكُمْ	عَذَابٌ	قَرِيْبٌ	فَعَقَرُوْهَا	فَقَالَ	تَمَتَّعُوْا	فِيْ دَارِكُمْ
برائی سے	پس تمہیں پکڑ لے گا	عذاب	قریب (بہت جلد)	انہوں نے اسکی کونچیں کاٹ دیں	اس نے کہا	برت لو	اپنے گھروں میں

کوئی برائی (نقصان) پس تمہیں بہت جلد عذاب پکڑ لے گا۔ پھر انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ دیں تو اس (صالحؑ) نے کہا، تم اپنے گھروں میں برت لو

ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿۶۵﴾ فَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا

ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ	ذٰلِكَ	وَعْدٌ	غَيْرُ مَكْذُوْبٍ	فَلَمَّا	جَاۗءَ	اَمْرُنَا	نَجَّيْنَا	صٰلِحًا
تین دن	یہ	وعدہ	نہ جھوٹا ہونے والا	پھر جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے بچا لیا	صالحؑ

تین دن اور ، یہ جھوٹا نہ ہونے والا وعدہ ہے (پورا ہو کر رہے گا) ۔ پھر جب ہمارا حکم آیا ، ہم نے صالحؑ کو بچا لیا

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِىِٕذٍ ۭ اِنَّ رَبَّكَ

وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ مِّنَّا	وَ	مِنْ خِزْيِ	يَوْمِىِٕذٍ	اِنَّ	رَبَّكَ
اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اس کے ساتھ	اپنی رحمت سے	اور	رسوائی سے	اس دن کی	بیشک	تمہارا رب

اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے اپنی رحمت (کے ذریعہ) اور اس دن کی رسوائی سے ، بیشک تمہارا رب

هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۶۶﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

هُوَ	الْقَوِيُّ	الْعَزِيْزُ	وَاَخَذَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوا	الصَّيْحَةُ	فَاَصْبَحُوْا	فِيْ
وہ	قوی	غالب	اور آپکڑا	وہ جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)	چنگھاڑ	پس انہوں نے صبح کی	میں

قوی، غالب ہے ۔ اور ظالموں کو چنگھاڑ نے آپکڑا ، پس انہوں نے صبح کی (صبح کے وقت)

دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۶۷﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۭ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا

دِيَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ	كَاَنْ	لَّمْ يَغْنَوْا	فِيْهَا	اَلَآ	اِنَّ	ثَمُوْدَا	كَفَرُوْا	رَبَّهُمْ	اَلَا
اپنے گھر	اوندھے پڑے رہ گئے	گویا	نہ بسے تھے	یہاں	یاد رکھو	بیشک	ثمود	منکر ہوئے	اپنے رب کے	یاد رکھو

اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے ۔ گویا وہ کبھی یہاں بسے ہی نہ تھے، یاد رکھو! بیشک قوم ثمود اپنے رب کے منکر ہوئے ، یاد رکھو!

ع ۶ ۸ ۶

بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿۶۸﴾ وَلَقَدْ جَاۗءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ

بُعْدًا	لِّثَمُوْدَ	وَ	لَقَدْ جَاۗءَتْ	رُسُلُنَا	اِبْرٰهِيْمَ	بِالْبُشْرٰى	قَالُوْا	سَلٰمًا	قَالَ
پھٹکار	ثمود پر	اور	البتہ آئے	ہمارے فرشتے	ابراہیمؑ	خوشخبری لے کر	وہ بولے	سلام	اس نے کہا

ثمود پر پھٹکار ہے ۔ اور ہمارے فرشتے البتہ ابراہیمؑ کے پاس خوشخبری لے کر آئے ، وہ سلام بولے ، اس (ابراہیمؑ) نے

سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا رَآٰ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ

سَلٰمٌ	فَمَا لَبِثَ	اَنْ	جَآءَ بِعِجْلٍ	حَنِيْذٍ	فَلَمَّا	رَآٰ اَيْدِيَهُمْ	لَا تَصِلُ	اِلَيْهِ
سلام	پھر اس نے دیر نہ کی	کہ	ایک بچھڑا لے آیا	بھنا ہوا	پھر جب	اس نے دیکھے ان کے ہاتھ	نہیں پہنچتے	اس کی طرف

سلام کہا، پھر اس نے دیر نہ کی ایک بھنا ہوا بچھڑا لے آیا۔ پھر جب اس (ابراہیمؑ) نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں پہنچتے

نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۰﴾

نَكِرَهُمْ	وَاَوْجَسَ	مِنْهُمْ	خِيْفَةً	قَالُوْا	لَا تَخَفْ	اِنَّآ اُرْسِلْنَآ	اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ
وہ ان سے ڈرا	اور محسوس کیا	ان سے	خوف	وہ بولے	تم ڈرو مت	بیشک ہم بھیجے گئے ہیں	طرف قوم لوط

تو وہ ان سے ڈرا اور دل میں ان سے خوف محسوس کیا، وہ بولے تم ڈرو مت، بیشک ہم قوم لوطؑ کی طرف بھیجے گئے ہیں۔

وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ

وَامْرَاَتُهٗ	قَآئِمَةٌ	فَضَحِكَتْ	فَبَشَّرْنٰهَا	بِاِسْحٰقَ	وَ	مِنْ وَّرَآءِ	اِسْحٰقَ
اور اس کی بیوی	کھڑی ہوئی	تو وہ ہنس پڑی	سو ہم نے اسے خوشخبری دی	اسحٰقؑ کی	اور	(کے) بعد سے	اسحٰقؑ

اور اس کی بیوی کھڑی ہوئی تھی تو وہ ہنس پڑی سو ہم نے اسے خوشخبری دی اسحٰقؑ اور اسحٰقؑ کے بعد

يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا

يَعْقُوْبَ	قَالَتْ	يٰوَيْلَتٰٓى	ءَاَلِدُ	وَاَنَا	عَجُوْزٌ	وَّهٰذَا	بَعْلِىْ	شَيْخًا	اِنَّ هٰذَا
یعقوبؑ	وہ بولی	اے خرابی (رہے ہے)	کیا میرے بچہ ہوگا	حالانکہ میں	بڑھیا	اور یہ	میرا خاوند	بوڑھا	بیشک یہ

یعقوبؑ کی۔ وہ بولی اے ہے! کیا میرے بچہ ہوگا؟ حالانکہ میں بڑھیا ہوں اور یہ میرا خاوند بوڑھا ہے، بیشک یہ

لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ

لَشَىْءٌ	عَجِيْبٌ	قَالُوْٓا	اَتَعْجَبِيْنَ	مِنْ	اَمْرِ اللّٰهِ	رَحْمَتُ اللّٰهِ	وَبَرَكٰتُهٗ	عَلَيْكُمْ
ایک چیز (بات)	عجیب	وہ بولے	کیا تو تعجب کرتی ہے	سے	اللہ کا حکم	اللہ کی رحمت	اور اس کی برکتیں	تم پر

ایک عجیب بات ہے۔ وہ بولے کیا تو اللہ کے حکم سے (اللہ کی قدرت پر) تعجب کرتی ہے؟ تم پر اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں

اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿۷۳﴾ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَ

اَهْلَ الْبَيْتِ	اِنَّهٗ	حَمِيْدٌ	مَّجِيْدٌ	فَلَمَّا	ذَهَبَ	عَنْ	اِبْرٰهِيْمَ	الرَّوْعُ	وَ
اے گھر والو	بیشک وہ	خوبیوں والا	بزرگی والا	پھر جب	جاتا رہا	سے (کا)	ابراہیمؑ	خوف	اور

اے گھر والو! بیشک وہ خوبیوں والا، بزرگی والا ہے۔ پھر جب ابراہیمؑ کا خوف جاتا رہا، اور

جَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِىْ قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۴﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ

جَآءَتْهُ	الْبُشْرٰى	يُجَادِلُنَا	فِىْ	قَوْمِ لُوْطٍ	اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	لَحَلِيْمٌ	اَوَّاهٌ
اس کے پاس آگئی	خوشخبری	ہم سے جھگڑنے لگا	میں	قوم لوط	بیشک	ابراہیمؑ	بُردبار	نرم دل

اس کے پاس خوشخبری آگئی، وہ ہم سے قوم لوطؑ (کے بارہ) میں جھگڑنے لگا۔ بیشک ابراہیمؑ بُردبار، نرم دل

مُّنِيْبٌ ﴿۷۵﴾ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ وَاِنَّهُمْ

مُنِيْبٌ	يٰٓاِبْرٰهِيْمُ	اَعْرِضْ	عَنْ هٰذَا	اِنَّهٗ	قَدْ جَآءَ	اَمْرُ رَبِّكَ	وَاِنَّهُمْ
رجوع کرنے والا	اے ابراہیمؑ	اعراض کر	اس سے	بیشک یہ	آچکا	تیرے رب کا حکم	اور بیشک اُن

رجوع کرنے والا ہے۔ اے ابراہیمؑ! اس سے اعراض کر (یہ خیال چھوڑ دے) بیشک تیرے رب کا حکم آچکا، اور بیشک اُن پر

اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿۷۶﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ

اٰتِيْهِمْ	عَذَابٌ	غَيْرُ مَرْدُوْدٍ	وَلَمَّا	جَآءَتْ	رُسُلُنَا	لُوْطًا	سِيْٓءَ	بِهِمْ	وَضَاقَ
اُن پر آگیا	عذاب	نہ ٹلایا جانے والا	اور جب	آئے	ہمارے فرشتے	لوطؑ کے پاس	وہ غمگین ہوا	ان سے	اور تنگ ہوا

نہ ٹلایا جانے والا عذاب آنے والا ہے (آیا ہی چاہتا ہے)۔ اور جب ہمارے فرشتے لوطؑ کے پاس آئے وہ اُن سے غمگین ہوا اور تنگدل ہوا

بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿۷۷﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ؕ

بِهِمْ	ذَرْعًا	وَقَالَ	هٰذَا	يَوْمٌ عَصِيْبٌ	وَجَآءَهٗ	قَوْمُهٗ	يُهْرَعُوْنَ	اِلَيْهِ
ان سے	دل میں	اور بولا	یہ	بڑا سختی کا دن	اور اس کے پاس آئی	اس کی قوم	دوڑتی ہوئی	اس کی طرف

اُن (کی طرف) سے اور بولا یہ بڑا سختی کا دن ہے۔ اور اس کے پاس اس کی قوم دوڑتی ہوئی آئی،

وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِىْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ

وَ	مِنْ قَبْلُ	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	قَالَ	يٰقَوْمِ	هٰٓؤُلَآءِ	بَنَاتِىْ	هُنَّ	اَطْهَرُ	لَكُمْ
اور	اس سے قبل	وہ کرتے تھے	بُرے کام	اس نے کہا	اے میری قوم	یہ	میری بیٹیاں	یہ	نہایت پاکیزہ	تمہارے لئے

اور وہ اس سے قبل بُرے کام کرتے تھے، اس نے کہا اے میری قوم! یہ میری بیٹیاں (موجود) ہیں، یہ تمہارے لئے نہایت پاکیزہ ہیں

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِىْ ضَيْفِىْ ؕ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ﴿۷۸﴾

فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	لَا تُخْزُوْنِ	فِىْ ضَيْفِىْ	اَلَيْسَ	مِنْكُمْ	رَجُلٌ	رَّشِيْدٌ
پس ڈرو	اللہ	اور	نہ رسوا کرو مجھے	میرے مہمانوں میں	کیا نہیں	تم سے (تم میں)	ایک آدمی	نیک چلن

پس اللہ سے ڈرو، اور مجھے میرے مہمانوں میں رسوا نہ کرو، کیا تم میں ایک آدمی (بھی) نیک چلن نہیں؟

قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ﴿۷۹﴾

قَالُوْا	لَقَدْ عَلِمْتَ	مَا لَنَا	فِيْ بَنٰتِكَ	مِنْ	حَقٍّ	وَاِنَّكَ	لَتَعْلَمُ	مَا نُرِيْدُ
وہ بولے	تُو تو جانتا ہے	ہمارے لئے نہیں	تیری بیٹیوں میں	کوئی	حق	اور بیشک تُو	خوب جانتا ہے	ہم کیا چاہتے ہیں؟

وہ بولے تُو تو جانتا ہے، تیری بیٹیوں میں ہمارے لئے کوئی حق (غرض) نہیں، اور بیشک تو خوب جانتا ہے ہم کیا چاہتے ہیں ؟

قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ ﴿۸۰﴾ قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا

قَالَ	لَوْ اَنَّ	لِيْ	بِكُمْ	قُوَّةً	اَوْ اٰوِيْ	اِلٰى	رُكْنٍ شَدِيْدٍ	قَالُوْا	يٰلُوْطُ	اِنَّا
اس نے کہا	کاش کہ	میرے لئے (میرا)	تم پر	کوئی زور	یا میں پناہ لیتا	طرف	مضبوط پایہ	وہ بولے	اے لوط	بیشک ہم

اس نے کہا کاش میرا تم پر کوئی زور ہوتا، یا میں کسی مضبوط پایہ کی پناہ لیتا- وہ (فرشتے) بولے اے لوط! بیشک ہم

رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ

رُسُلُ	رَبِّكَ	لَنْ يَّصِلُوْا	اِلَيْكَ	فَاَسْرِ	بِاَهْلِكَ	بِقِطْعٍ	مِّنَ الَّيْلِ	وَلَا يَلْتَفِتْ
بھیجے ہوئے	تمہارا رب	وہ ہرگز نہ پہنچیں گے	تم تک	سو نے نکل	اپنے گھر والوں کے ساتھ	کوئی حصہ	رات (کے لئے)	اور نہ مڑ کر دیکھے

تمہارے رب کے بھیجے ہوئے ہیں وہ تم تک ہرگز نہ پہنچ سکیں گے سو تم اپنے گھر والوں کے ساتھ رات کے کسی حصہ میں (راتوں رات) نکلو اور مڑ کر نہ دیکھے

مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ۭ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ۭ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ

مِنْكُمْ	اَحَدٌ	اِلَّا	امْرَاَتَكَ	اِنَّهٗ	مُصِيْبُهَا	مَا	اَصَابَهُمْ	اِنَّ	مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ
تم میں سے	کوئی	سوا	تمہاری بیوی	بیشک وہ	اس کو پہنچنے والا	جو	ان کو پہنچے گا	بیشک	صبح

تم میں سے تمہاری بیوی کے سوا کوئی، بیشک جو ان کو پہنچے گا، اس کو پہنچنے والا ہے (پہنچ کر رہے گا) بیشک ان پر (عذاب کے) وعدہ کا وقت صبح ہے

اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿۸۱﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا

اَلَيْسَ	الصُّبْحُ	بِقَرِيْبٍ	فَلَمَّا	جَآءَ	اَمْرُنَا	جَعَلْنَا	عَالِيَهَا	سَافِلَهَا	وَاَمْطَرْنَا
کیا نہیں	صبح	نزدیک	پس جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے کر دیا	اس کا اوپر (بلند)	اس کا نیچا (پست)	اور ہم نے برسائے

کیا صبح نزدیک نہیں؟ پس جب ہمارا حکم آیا، ہم نے ان کا بلند پست کر دیا (زیر زبر کر دیا) اور ہم نے برسائے

عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ﴿۸۲﴾ ۙ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ۭ وَمَا هِيَ

عَلَيْهَا	حِجَارَةً	مِّنْ سِجِّيْلٍ	مَّنْضُوْدٍ	مُّسَوَّمَةً	عِنْدَ رَبِّكَ	وَمَا هِيَ
اس پر	پتھر	کنکر (سنگریزہ)	تہہ بہ تہہ	نشان کئے ہوئے	تیرے رب کے پاس	اور نہیں یہ

اُس (بستی) پر سنگریزے کے پتھر تہہ بہ تہہ (لگاتار) - تیرے رب کے پاس نشان کئے ہوئے، اور یہ نہیں ہے

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۳﴾ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ

مِنَ	الظّٰلِمِيْنَ	بِبَعِيْدٍ	وَ	اِلٰى مَدْيَنَ	اَخَاهُمْ	شُعَيْبًا	قَالَ	يٰقَوْمِ
سے	ظالم (جمع)	کچھ دُور	اور	مَدین کی طرف	ان کا بھائی	شعیبؑ	اس نے کہا	اے میری قوم

ظالموں سے کچھ دُور۔ اور مَدین کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ (آئے)، اس نے کہا، اے میری قوم!

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ

اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِنْ اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	وَ	لَا تَنْقُصُوا	الْمِكْيَالَ	وَالْمِيْزَانَ
عبادت کرو	اللہ	تمہارے لئے نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	اور	نہ کمی کرو	ماپ	اور تول

اللہ کی عبادت کرو، اللہ کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، اور ماپ تول میں کمی نہ کرو،

اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿۸۴﴾ وَيٰقَوْمِ

اِنِّيْٓ	اَرٰىكُمْ	بِخَيْرٍ	وَّاِنِّيْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ	يَوْمٍ مُّحِيْطٍ	وَيٰقَوْمِ
بیشک میں	تمہیں دیکھتا ہوں	آسودہ حال	اور بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب	ایک گھیر لینے والا دن	اور اے میری قوم

بیشک میں تمہیں آسودہ حال دیکھتا ہوں، اور بیشک میں تم پر ایک گھیر لینے والے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اور اے میری قوم!

اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ

اَوْفُوا	الْمِكْيَالَ	وَالْمِيْزَانَ	بِالْقِسْطِ	وَلَا تَبْخَسُوا	النَّاسَ	اَشْيَآءَهُمْ
پورا کرو	ماپ	اور تول	انصاف سے	اور نہ گھٹاؤ	لوگ	ان کی چیزیں

انصاف سے ماپ تول پورا کرو، لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دو،

وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۸۵﴾ بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ

وَلَا تَعْثَوْا	فِى الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ	بَقِيَّتُ	اللّٰهِ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ
اور نہ پھرو	زمین میں	فساد کرتے ہوئے	بچا ہوا	اللہ	بہتر	تمہارے لئے	اگر	تم ہو	ایمان والے

اور زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔ اللہ (کا دیا ہوا جو) بچ رہے تمہارے لئے بہتر ہے، اگر تم ایمان والے ہو،

وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ

وَ	مَآ	اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِحَفِيْظٍ	قَالُوْا	يٰشُعَيْبُ	اَصَلٰوتُكَ	تَاْمُرُكَ	اَنْ
اور	نہیں	میں	تم پر	نگہبان	وہ بولے	اے شعیبؑ	کیا تیری نماز	تجھے حکم دیتی ہے	کہ

اور میں تم پر نگہبان نہیں ہوں۔ وہ بولے اے شعیبؑ! کیا تیری نماز تجھے حکم دیتی ہے (سکھاتی ہے)؟ کہ

نَتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّكَ لَاَنْتَ

نَتْرُكَ	مَا يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا	اَوْ	اَنْ نَّفْعَلَ	فِيْٓ اَمْوَالِنَا	مَا نَشٰٓؤُا	اِنَّكَ	لَاَنْتَ
ہم چھوڑ دیں	جو پرستش کرتے تھے	ہمارے باپ دادا	یا	ہم نہ کریں	اپنے مالوں میں	جو ہم چاہیں	بیشک تو	البتہ تو

انہیں چھوڑ دیں جن کی ہمارے باپ دادا پرستش کرتے تھے، یا اپنے مالوں میں ہم جو چاہیں نہ کریں، (طنزاً) بولے) بیشک تم ہی

الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ﴿۸۷﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ

الْحَلِيْمُ	الرَّشِيْدُ	قَالَ	يٰقَوْمِ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	كُنْتُ	عَلٰى	بَيِّنَةٍ	مِّنْ	رَّبِّيْ
بُردبار (باوقار)	نیک چلن	اس نے کہا	اے میری قوم	کیا تم دیکھتے ہو (کیا خیال ہے)	اگر	میں ہوں	پر	روشن دلیل	سے	اپنا رب

باوقار، نیک چلن ہو؟ اس نے کہا اے میری قوم! تمہارا کیا خیال ہے؟ میں اپنے رب کی طرف سے اگر روشن دلیل پر ہوں

وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ؕ

وَرَزَقَنِيْ	مِنْهُ	رِزْقًا	حَسَنًا	وَمَآ اُرِيْدُ	اَنْ	اُخَالِفَكُمْ	اِلٰى	مَآ اَنْهٰىكُمْ	عَنْهُ
اور اس نے مجھے روزی دی	اپنی طرف سے	روزی	اچھی	اور میں نہیں چاہتا	کہ	میں اس کے خلاف کروں	طرف	جس سے میں تمہیں روکتا ہوں	اس سے

اور اس نے مجھے اپنی طرف سے اچھی روزی دی ہے اور میں نہیں چاہتا کہ میں (خود) اس کے خلاف کروں جس سے تمہیں روکتا ہوں،

اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ

اِنْ	اُرِيْدُ	اِلَّا	الْاِصْلَاحَ	مَا	اسْتَطَعْتُ	وَمَا	تَوْفِيْقِيْٓ	اِلَّا	بِاللّٰهِ	عَلَيْهِ
نہیں	میں چاہتا	مگر (صرف)	اصلاح	جو (بقدر)	مجھ سے ہو سکے	اور نہیں	میری توفیق	مگر (صرف)	اللہ سے	اس پر

جس قدر مجھ سے ہو سکے میں صرف اصلاح چاہتا ہوں اور میری توفیق صرف اللہ ہی سے ہے، اُسی پر

تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾ وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ

تَوَكَّلْتُ	وَاِلَيْهِ	اُنِيْبُ	وَيٰقَوْمِ	لَا يَجْرِمَنَّكُمْ	شِقَاقِيْٓ	اَنْ	يُّصِيْبَكُمْ
میں نے بھروسہ کیا	اور اسی کی طرف	میں رجوع کرتا ہوں	اور اے میری قوم	تمہیں نہ کما دے (آمادہ نہ کر دے)	میری ضد	کہ	تمہیں پہنچے

میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ اور اے میری قوم! تمہیں میری ضد آمادہ نہ کر دے کہ تمہیں (عذاب) پہنچے

مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ

مِثْلُ	مَآ اَصَابَ	قَوْمَ نُوْحٍ	اَوْ	قَوْمَ هُوْدٍ	اَوْ	قَوْمَ صٰلِحٍ	وَمَا	قَوْمُ لُوْطٍ
اس جیسا	جو پہنچا	قوم نوح	یا	قوم ہود	یا	قوم صالح	اور نہیں	قوم لوط

اس جیسا جو پہنچا قوم نوحؑ، یا قوم ہودؑ، یا قوم صالحؑ کو، اور قوم لوط نہیں ہے

مِّنكُم بِبَعِيدٍ ﴿٨٩﴾ وَاسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي رَحِيمٌ

مِنكُم	بِبَعِيدٍ	وَ	اسْتَغْفِرُوا	رَبَّكُمْ	ثُمَّ	تُوبُوا إِلَيْهِ	إِنَّ	رَبِّي	رَحِيمٌ
تم سے	کچھ دُور	اور	بخشش مانگو	اپنا رب	پھر	اس کی طرف رجوع کرو	بیشک	میرا رب	نہایت مہربان

تم سے کچھ دُور ۔ اور اپنے رب سے بخشش مانگو، پھر اس کی طرف رجوع کرو، بیشک میرا رب نہایت مہربان ہے

وَدُودٌ ﴿٩٠﴾ قَالُوا يَا شُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِّمَّا تَقُولُ وَإِنَّا لَنَرَاكَ فِينَا

وَدُودٌ	قَالُوا	يَا شُعَيْبُ	مَا نَفْقَهُ	كَثِيرًا	مِّمَّا تَقُولُ	وَإِنَّا	لَنَرَاكَ	فِينَا
محبت والا	انہوں نے کہا	اے شعیبؑ	ہم نہیں سمجھتے	بہت	ان سے جو تو کہتا ہے	اور بیشک ہم	تجھے دیکھتے ہیں	اپنے درمیان

محبت والا ہے ۔ انہوں نے کہا اے شعیبؑ! تو جو کہتا ہے ان میں سے ہم بہت (سی باتیں) نہیں سمجھتے اور بیشک ہم تجھے دیکھتے ہیں اپنے درمیان

ضَعِيفًا ۖ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنَاكَ وَمَا أَنتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ ﴿٩١﴾ قَالَ يَا قَوْمِ

ضَعِيفًا	وَلَوْ	لَا رَهْطُكَ	لَرَجَمْنَاكَ	وَمَا	أَنتَ	عَلَيْنَا	بِعَزِيزٍ	قَالَ	يَا قَوْمِ
ضعیف (کمزور)	اور اگر	تیرا کنبہ نہ ہوتا	تجھ پر پتھراؤ کرتے	اور نہیں	تو	ہم پر	غالب	اس نے کہا	اے میری قوم

کمزور، اور تیرا کنبہ (بھائی بند) نہ ہوتے تو ہم تجھ پر پتھراؤ کرتے اور تو ہم پر غالب نہیں ۔ اس نے کہا اے میری قوم!

أَرَهْطِي أَعَزُّ عَلَيْكُم مِّنَ اللَّهِ ۖ وَاتَّخَذْتُمُوهُ وَرَاءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۖ إِنَّ رَبِّي

أَرَهْطِي	أَعَزُّ	عَلَيْكُم	مِنَ	اللَّهِ	وَاتَّخَذْتُمُوهُ	وَرَاءَكُمْ	ظِهْرِيًّا	إِنَّ	رَبِّي
کیا میرا کنبہ	زیادہ زور والا	تم پر	سے	اللہ	اور تم نے اسے لیا (ڈال رکھا)	اپنے سے پرے	پیٹھ پیچھے	بیشک	میرا رب

کیا میرا کنبہ تم پر اللہ سے زیادہ زور والا ہے ؟ اور تم نے اسے اپنی پیٹھ پیچھے ڈال رکھا ہے ، بیشک میرا رب

بِمَا تَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ﴿٩٢﴾ وَيَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ ۖ سَوْفَ تَعْلَمُونَ

بِمَا تَعْمَلُونَ	مُحِيطٌ	وَيَا قَوْمِ	اعْمَلُوا	عَلَىٰ	مَكَانَتِكُمْ	إِنِّي	عَامِلٌ	سَوْفَ	تَعْلَمُونَ
اسے جو تم کرتے ہو	احاطہ کئے ہوئے	اے میری قوم	تم کام کرتے رہو	پر	اپنی جگہ	بیشک میں	کام کرتا ہوں	جلد	تم جان لوگے

جو تم کرتے ہو اسے احاطہ (قابو) کئے ہوئے ہے ۔ اور اے میری قوم! تم اپنی جگہ کام کرتے رہو میں (اپنا) کام کرتا ہوں، تم جلد جان لوگے

مَن يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۖ وَارْتَقِبُوا إِنِّي مَعَكُمْ

مَن	يَأْتِيهِ	عَذَابٌ	يُخْزِيهِ	وَمَنْ	هُوَ	كَاذِبٌ	وَارْتَقِبُوا	إِنِّي	مَعَكُمْ
کون کس؟	اس پر آتا ہے	عذاب	اس کو رسوا کردیگا	اور کون ؟	وہ	جھوٹا	اور تم انتظار کرو	میں بیشک	تمہارے ساتھ

کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا؟ اور کون جھوٹا ہے ؟ اور تم انتظار کرو، بیشک میں (بھی) تمہارے ساتھ

رَقِيبٌ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَ

رَقِيبٌ	وَلَمَّا	جَآءَ	اَمْرُنَا	نَجَّيْنَا	شُعَيْبًا	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ	مِّنَّا	وَ
انتظار	اور جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے بچالیا	شعیبؑ	اور جو لوگ	ایمان لائے	اسکے ساتھ	رحمت سے	اپنی	اور

انتظار میں ہوں۔ اور جب ہمارا حکم آیا، ہم نے شعیبؑ کو اور جو لوگ اس کے ساتھ ایمان لائے اپنی رحمت سے بچا لیا، اور

اَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ كَاَنْ

اَخَذَتِ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوا	الصَّيْحَةُ	فَاَصْبَحُوْا	فِيْ دِيَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ	كَاَنْ
آ لیا	وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا	کڑک (چنگھاڑ)	سو صبح کی انہوں نے	اپنے گھروں میں	اوندھے پڑے ہوئے	گویا

جن لوگوں نے ظلم کیا انہیں چنگھاڑ نے آلیا، سو اُنہوں نے صبح کی (صبح کے وقت) اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ گویا

لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

لَمْ يَغْنَوْا	فِيْهَا	اَلَا	بُعْدًا	لِّمَدْيَنَ	كَمَا بَعِدَتْ	ثَمُوْدُ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا
وہ نہیں بسے	اس میں (وہاں)	یاد رکھو	دُوری ہے	مَدین کے لئے	جیسے دُور ہوئے	ثمود	اور	ہم نے بھیجا

وہ وہاں بسے (ہی) نہ تھے، یاد رکھو! (رحمت سے) دُوری ہو مَدین کے لئے جیسے دُور ہوئے ثمود۔ اور ہم نے بھیجا

مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۶﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ

مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا	وَ	سُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	اِلٰى فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهٖ	فَاتَّبَعُوْۤا	اَمْرَ فِرْعَوْنَ
موسیٰؑ	اپنی نشانیوں کے ساتھ	اور	دلیل	روشن	فرعون کی طرف	اور اس کے سردار	تو انہوں نے پیروی کی	فرعون کا حکم

موسیٰؑ کو اپنی نشانیوں اور روشن دلیل کے ساتھ، فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف، تو اُنہوں نے فرعون کے حکم کی پیروی کی

وَمَاۤ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ

وَمَاۤ	اَمْرُ فِرْعَوْنَ	بِرَشِيْدٍ	يَقْدُمُ	قَوْمَهٗ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فَاَوْرَدَهُمُ	النَّارَ
اور نہ	فرعون کا حکم	درست	آگے ہوگا	اپنی قوم	قیامت کے دن	تو لا اتارے گا انہیں	دوزخ

اور فرعون کا حکم درست نہ تھا۔ قیامت کے دن وہ اپنی قوم کے آگے ہوگا، تو وہ انہیں دوزخ میں لا اتارے گا

وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ

وَبِئْسَ	الْوِرْدُ	الْمَوْرُوْدُ	وَاُتْبِعُوْا	فِيْ هٰذِهٖ	لَعْنَةً	وَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	بِئْسَ
اور برا	گھاٹ	اُترنے کا مقام	اور انکے پیچھے لگادی گئی	اس میں	لعنت	اور	قیامت کے دن	برا

اور برا ہے گھاٹ (اُن کے) اُترنے کا مقام اور اس (دنیا) میں ان کے پیچھے لعنت لگادی گئی اور قیامت کے دن برا ہے

الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّ

الرِّفْدُ	الْمَرْفُوْدُ	ذٰلِكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى	نَقُصُّهٗ	عَلَيْكَ	مِنْهَا	قَآئِمٌ وَ
انعام	انہیں انعام دیا گیا	یہ	سے	بستیوں کی خبریں	ہم یہ بیان کرتے ہیں	تجھ پر (کو)	ان سے	قائم (موجود) اور

(یہ) انعام جو انہیں دیا گیا - یہ بستیوں کی خبریں ہیں کہ ہم تجھ کو بیان کرتے ہیں، ان میں کچھ موجود ہیں، اور (کچھ کی جڑیں)

حَصِيْدٌ ﴿۱۰۰﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ

حَصِيْدٌ	وَ	مَا ظَلَمْنٰهُمْ	وَلٰكِنْ	ظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَمَآ اَغْنَتْ	عَنْهُمْ
کٹ چکیں	اور	ہم نے ظلم نہیں کیا ان پر	اور لیکن (بلکہ)	انہوں نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر	سو نہ کام آئے	ان سے (کے)

کٹ چکی ہیں - اور ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا، بلکہ اُنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، سو ان کے کچھ کام نہ آئے

اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ

اٰلِهَتُهُمُ	الَّتِيْ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	لَّمَّا	جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ
ان کے معبود	وہ جو	وہ پکارتے تھے	سوائے	اللہ	کچھ بھی	جب	آیا تیرے رب کا حکم

اُن کے وہ معبود جنہیں وہ اللہ کے سوا پکارتے تھے، جب تیرے رب کا حکم آیا،

وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿۱۰۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى

وَ	مَا زَادُوْهُمْ	غَيْرَ تَتْبِيْبٍ	وَ	كَذٰلِكَ	اَخْذُ	رَبِّكَ	اِذَآ اَخَذَ	الْقُرٰى
اور	نہ بڑھایا انہیں	سوائے ہلاکت	اور	ایسی ہی	پکڑ	تیرا رب	جب اس نے پکڑا (پکڑتا ہے)	بستیاں

اور انہیں ہلاکت کے سوا انہوں نے کچھ نہ بڑھایا- اور ایسی ہی ہے تیرے رب کی پکڑ جب وہ بستیوں کو پکڑتا ہے

وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ

وَهِيَ	ظَالِمَةٌ	اِنَّ	اَخْذَهٗ	اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّمَنْ خَافَ
اور وہ	ظلم کرتے ہوں	بیشک	اس کی پکڑ	دردناک سخت	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اس کے لئے جو ڈرا

اور وہ ظلم کرتے ہوں، بیشک اس کی پکڑ دردناک، سخت ہے - بیشک اس میں البتہ اس کے لئے نشانی ہے جو ڈرا

عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾

عَذَابَ الْاٰخِرَةِ	ذٰلِكَ	يَوْمٌ	مَّجْمُوْعٌ	لَّهُ	النَّاسُ	وَذٰلِكَ	يَوْمٌ	مَّشْهُوْدٌ
آخرت کا عذاب	یہ	ایک دن	جمع ہوں گے	اس میں	سب لوگ	اور یہ	ایک دن	پیش ہونے کا

آخرت کے عذاب سے، یہ ایک دن ہے جس میں سب لوگ جمع ہوں گے، اور یہ ایک دن ہے پیش ہونے (حاضری) کا-

وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا

وَ	مَا نُؤَخِّرُهٗ	اِلَّا	لِاَجَلٍ	مَّعْدُوْدٍ	يَوْمَ	يَاْتِ	لَا تَكَلَّمُ	نَفْسٌ	اِلَّا
اور	ہم نہیں ہٹاتے پیچھے	مگر	ایک مدت کے لئے	گنی ہوئی (مقررہ)	جس دن	وہ آئے گا	نہ بات کرے گا	کوئی شخص	مگر

اور ہم پیچھے نہیں ہٹاتے (ملتوی نہیں کرتے) مگر (صرف) ایک مقررہ مدت تک کیلئے۔ جب وہ دن آئے گا کوئی شخص بات نہ کرسکے گا، مگر

بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا

بِاِذْنِهٖ	فَمِنْهُمْ	شَقِيٌّ	وَّسَعِيْدٌ	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	شَقُوْا	فَفِي النَّارِ	لَهُمْ	فِيْهَا
اس کی اجازت سے	سو ان میں سے	کوئی بدبخت	اور کوئی خوش بخت	پس	جو لوگ	بدبخت	سو میں	دوزخ	انکے لئے	اس میں

اس کی اجازت سے، سو کوئی ان میں بدبخت ہے اور کوئی خوش بخت۔ پس جو بدبخت ہوئے وہ دوزخ میں ہیں، ان کے لئے اس میں

زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا

زَفِيْرٌ	وَّشَهِيْقٌ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	مَا دَامَتِ	السَّمٰوٰتُ	وَالْاَرْضُ	اِلَّا
چیخنا	اور دھاڑنا	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	جب تک ہیں	آسمان (جمع)	اور زمین	مگر

(گدھے کی طرح) چیخنا اور دھاڑنا ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، جب تک زمین اور آسمان ہیں، مگر

مَا شَآءَ رَبُّكَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا

مَا شَآءَ	رَبُّكَ	اِنَّ	رَبَّكَ	فَعَّالٌ	لِّمَا يُرِيْدُ	وَاَمَّا	الَّذِيْنَ	سُعِدُوْا
جتنا چاہے	تیرا رب	بیشک	تیرا رب	کر گزرنے والا	جو وہ چاہے	اور جو	وہ لوگ جو	خوش بخت ہوئے

جتنا تیرا رب چاہے، بیشک تیرا رب جو چاہے کر گزرنے والا ہے۔ اور جو لوگ خوش بخت ہوئے

فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ۭ عَطَآءً

فَفِي الْجَنَّةِ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	مَا دَامَتِ	السَّمٰوٰتُ	وَالْاَرْضُ	اِلَّا	مَا شَآءَ	رَبُّكَ	عَطَآءً
سو جنت میں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	جب تک ہیں	آسمان (جمع)	اور زمین	مگر	جتنا چاہے	تیرا رب	عطا بخشش

سو وہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے، جب تک زمین اور آسمان ہیں، مگر جتنا تیرا رب چاہے، (یہ) بخشش ہے

غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ۭ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا

غَيْرَ مَجْذُوْذٍ	فَلَا تَكُ	فِيْ مِرْيَةٍ	مِّمَّا	يَعْبُدُ	هٰٓؤُلَآءِ	مَا يَعْبُدُوْنَ	اِلَّا
ختم نہ ہونے والی	پس تو نہ رہ	شک و شبہ میں	اس سے جو	پوجتے ہیں	یہ لوگ	وہ نہیں پوجتے	مگر

ختم نہ ہونے والی۔ پس اس سے شک و شبہ میں نہ رہو جو یہ (کافر) پوجتے ہیں، وہ نہیں پوجتے مگر

كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾

كَمَا	يَعْبُدُ	اٰبَآؤُهُمْ	مِّنْ قَبْلُ	وَاِنَّا	لَمُوَفُّوْهُمْ	نَصِيْبَهُمْ	غَيْرَ مَنْقُوْصٍ
جیسے	پوجتے تھے	ان کے باپ دادا	اس سے قبل	اور بیشک ہم	انہیں پورا بھیر دیں گے	ان کا حصہ	گھٹائے بغیر

جیسے اس سے قبل ان کے باپ دادا پوجتے تھے، اور بیشک ہم انہیں ان کا حصہ گھٹائے بغیر پورا پھیر دیں گے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

وَ	لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	فَاخْتُلِفَ	فِيْهِ	وَلَوْ	لَا	كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ	رَّبِّكَ
اور	البتہ ہم نے دی	موسیٰ ؑ	کتاب	سو اختلاف کیا گیا	اس میں	اور اگر	نہ	ایک بات	پہلے ہو چکی	سے	تیرا رب

اور ہم نے البتہ موسیٰ ؑ کو کتاب دی، سو اس میں اختلاف کیا گیا، اور اگر تیرے رب کی طرف سے ایک بات پہلے سے نہ ہو چکی ہوتی

لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ

لَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	وَاِنَّهُمْ	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ	مُرِيْبٍ	وَاِنَّ	كُلًّا	لَّمَّا	لَيُوَفِّيَنَّهُمْ
البتہ فیصلہ کر دیا جاتا	انکے درمیان	اور بیشک وہ	البتہ شک میں	اس سے	دھوکہ میں ڈالنے والا	اور بیشک	سب	جب	انہیں پورا بدلہ دیگا

تو البتہ ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا، اور البتہ وہ اس (قرآن کی طرف) سے دھوکہ میں ڈالنے والے شک میں ہیں۔ اور بیشک جب (وقت آئیگا) سب کو پورا پورا بدلہ دیگا

رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ

رَبُّكَ	اَعْمَالَهُمْ	اِنَّهٗ	بِمَا يَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	فَاسْتَقِمْ	كَمَآ	اُمِرْتَ	وَمَنْ	تَابَ
تیرا رب	ان کے عمل	بیشک وہ	جو وہ کرتے ہیں	باخبر	سو تم قائم رہو	جیسے	تمہیں حکم دیا گیا	اور جو	توبہ کی

تیرا رب ان کے اعمال کا، بیشک جو وہ کرتے ہیں وہ اس سے باخبر ہے۔ سو تم قائم رہو جیسے تمہیں حکم دیا گیا ہے، اور وہ بھی جس نے توبہ کی

مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ

مَعَكَ	وَلَا تَطْغَوْا	اِنَّهٗ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَ	لَا تَرْكَنُوْٓا	اِلَى	الَّذِيْنَ
تمہارے ساتھ	اور سرکشی نہ کرو	بیشک وہ	اس سے جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا	اور	نہ جھکو	طرف	وہ جنہوں نے

تمہارے ساتھ، اور سرکشی نہ کرو، بیشک جو تم کرتے ہو وہ اس کو دیکھ رہا ہے۔ اور ان کی طرف نہ جھکو جنہوں نے

ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

ظَلَمُوْا	فَتَمَسَّكُمُ	النَّارُ	وَمَا	لَكُمْ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ	اَوْلِيَآءَ	ثُمَّ	لَا تُنْصَرُوْنَ
ظلم کیا انہوں نے	پس تمہیں چھوئے گی	آگ	اور نہیں	تمہارے لیے	سوا	اللہ	کوئی	مددگار، حمایتی	پھر	نہ مدد دیئے جاؤ گے

ظلم کیا، پس تمہیں آگ چھوئے گی (آ لگے گی)، اور تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں، پھر مدد نہ دیئے جاؤ گے (مدد نہ پاؤ گے)

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ

وَ	اَقِمِ	الصَّلٰوةَ	طَرَفَيِ	النَّهَارِ	وَزُلَفًا	مِّنَ	الَّيْلِ	اِنَّ	الْحَسَنٰتِ	يُذْهِبْنَ
اور	قائم رکھو	نماز	دونوں طرف	دن	کچھ حصہ	سے (کے)	رات	بیشک	نیکیاں	مٹا دیتی ہیں

اور نماز قائم رکھو دن کے دونوں طرف (صبح و شام) اور رات کے کچھ حصہ میں ، بیشک نیکیاں مٹا دیتی ہیں

السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

السَّيِّاٰتِ	ذٰلِكَ	ذِكْرٰى	لِلذّٰكِرِيْنَ	وَاصْبِرْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُضِيْعُ	اَجْرَ
برائیاں	یہ	نصیحت	نصیحت ماننے والوں کے لئے	اور صبر کرو	بیشک	اللہ	ضائع نہیں کرتا	اجر

برائیوں کو ، یہ نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لئے ۔ اور صبر کرو ، بیشک اللہ اجر ضائع نہیں کرتا

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ

الْمُحْسِنِيْنَ	فَلَوْ	لَا كَانَ	مِنَ	الْقُرُوْنِ	مِنْ	قَبْلِكُمْ	اُولُوْا بَقِيَّةٍ	يَّنْهَوْنَ
نیکی کرنے والے	پس کیوں	نہ ہوئے	سے	قومیں	سے	تم سے پہلے	صاحبِ خیر	روکتے

نیکی کرنے والوں کا۔ پس تم سے پہلے جو قومیں ہوئیں ان میں صاحبانِ خیر کیوں نہ ہوئے ؟ کہ روکتے

عَنِ الْفَسَادِ فِى الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

عَنِ	الْفَسَادِ	فِى الْاَرْضِ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّمَّنْ	اَنْجَيْنَا	مِنْهُمْ	وَاتَّبَعَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا
سے	فساد	زمین میں	مگر	تھوڑے	سے۔جو	ہم نے بچالیا	ان سے	اور پیچھے رہے	وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)

زمین میں فساد سے ، مگر تھوڑے سے جنہیں ہم نے ان سے بچا لیا اور ظالم (ان ہی لذتوں کے) پیچھے پڑے رہے

مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ

مَآ اُتْرِفُوْا	فِيْهِ	وَكَانُوْا	مُجْرِمِيْنَ	وَمَا كَانَ	رَبُّكَ	لِيُهْلِكَ	الْقُرٰى	بِظُلْمٍ
جو انہیں دی گئی	اس میں	اور تھے وہ	گنہگار	اور نہیں ہے	تیرا رب	کہ ہلاک کردے	بستیاں	ظلم سے

جو انہیں دی گئی تھیں ، اور وہ گنہگار تھے ۔ اور تیرا رب ایسا نہیں ہے کہ بستیوں کو ظلم سے ہلاک کر دے

وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً

وَاَهْلُهَا	مُصْلِحُوْنَ	وَلَوْ	شَآءَ	رَبُّكَ	لَجَعَلَ	النَّاسَ	اُمَّةً	وَاحِدَةً
جبکہ وہاں کے لوگ	نیکوکار	اور اگر	چاہتا	تیرا رب	تو کر دیتا	لوگ (جمع)	امت	ایک

جبکہ وہاں کے لوگ نیکوکار ہوں ۔ اور اگر تیرا رب چاہتا تو لوگوں کو ایک (ہی) اُمت کر دیتا

وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَتَمَّتْ

وَ	لَا يَزَالُوْنَ	مُخْتَلِفِيْنَ	اِلَّا	مَنْ	رَّحِمَ	رَبُّكَ	وَلِذٰلِكَ	خَلَقَهُمْ	وَتَمَّتْ
اور	وہ ہمیشہ رہیں گے	اختلاف کرتے ہوئے	مگر	جو جس	رحم کیا	تیرا رب	اور اسی لئے	پیدا کیا انہیں	اور پوری ہوئی

اور وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے ۔ مگر جس پر تیرے رب نے رحم کیا، اور اسی لئے انہیں پیدا کیا ، اور پوری ہوئی

كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا

كَلِمَةُ	رَبِّكَ	لَاَمْلَـَٔنَّ	جَهَنَّمَ	مِنَ	الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ	وَكُلًّا
بات	تیرا رب	البتہ بھر دوں گا	جہنم	سے	جن (جمع)	اور انسان	اکٹھے	اور ہر بات

تیرے رب کی بات، البتہ جہنم کو بھر دوں گا جنوں اور انسانوں سے اکٹھے ۔ اور ہر بات

نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ

نَقُصُّ	عَلَيْكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ	الرُّسُلِ	مَا نُثَبِّتُ	بِهٖ	فُؤَادَكَ	وَجَآءَكَ
ہم بیان کرتے ہیں	تجھ پر	سے	خبریں (احوال)	رسول (جمع)	کہ ہم ثابت کریں (تسلی دیں)	اس سے	تیرا دل	اور تیرے پاس آیا

ہم تم سے رسولوں کے احوال کی بیان کرتے ہیں تاکہ اس سے تمہارے دل کو تسلی دیں، اور تمہارے پاس آیا

فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ

فِيْ	هٰذِهِ	الْحَقُّ	وَمَوْعِظَةٌ	وَذِكْرٰى	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَقُلْ	لِّلَّذِيْنَ
میں	اس	حق	اور نصیحت	اور یاد دہانی	مومنوں کے لئے	اور کہدیں	وہ لوگ جو

اِس میں حق، اور مومنوں کے لئے نصیحت اور یاد دہانی ۔ اور ان لوگوں کو کہدیں جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ؕ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا

لَا يُؤْمِنُوْنَ	اعْمَلُوْا	عَلٰى	مَكَانَتِكُمْ	اِنَّا	عٰمِلُوْنَ	وَانْتَظِرُوْا	اِنَّا
ایمان نہیں لاتے	تم کام کئے جاؤ	پر	اپنی جگہ	ہم	کام کرتے ہیں	اور تم انتظار کرو	ہم بھی

ایمان نہیں لاتے، تم اپنی جگہ کام کئے جاؤ، ہم (اپنی جگہ) کام کرتے ہیں ۔ اور تم انتظار کرو، ہم بھی

مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ

مُنْتَظِرُوْنَ	وَلِلّٰهِ	غَيْبُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَاِلَيْهِ	يُرْجَعُ	الْاَمْرُ	كُلُّهٗ
منتظر (جمع)	اور اللہ کے پاس	غیب	آسمانوں	اور زمین	اور اسی کی طرف	بازگشت	کام	تمام

منتظر ہیں ۔ اور اللہ کے پاس ہیں آسمانوں اور زمین کے غیب (چھپی ہوئی باتیں) ، اور اس کی طرف تمام کاموں کی بازگشت ہے

۱۰ ع ۱۴ ۱۰

فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿۱۲۳﴾

فَاعْبُدْهُ	وَتَوَكَّلْ	عَلَيْهِ	وَمَا	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُونَ
سو اُس کی عبادت کرو	اور بھروسہ کرو	اس پر	اور نہیں	تمہارا رب	غافل (بے خبر)	اس سے جو	تم کرتے ہو

سو اس کی عبادت کرو، اور اس پر بھروسہ کرو، اور تمہارا رب اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو۔

آیاتُہا ۱۱۱ | سُوْرَۃُ یُوْسُفَ مَکِّیَّۃٌ : ۱۲ | رکوعاتُہا ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۱﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲﴾

الٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	الْمُبِيْنِ	اِنَّآ	اَنْزَلْنٰهُ	قُرْاٰنًا	عَرَبِيًّا	لَّعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ
الٓرٰ	یہ	آیتیں	کتاب	روشن	بیشک ہم نے	اسے نازل کیا	قرآن	عربی	تاکہ تم	سمجھو

الٓرٰ - یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں - بیشک ہم نے اسے قرآن عربی زبان میں نازل کیا، تاکہ تم سمجھو۔

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

نَحْنُ	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	اَحْسَنَ	الْقَصَصِ	بِمَآ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	هٰذَا	الْقُرْاٰنَ
ہم	بیان کرتے ہیں	تم پر	بہت اچھا	قصہ	اس لئے کہ	ہم نے بھیجا	تمہاری طرف	یہ	قرآن

ہم تم پر بہت اچھا قصہ بیان کرتے ہیں، اس لئے کہ ہم نے تمہاری طرف یہ قرآن بھیجا

وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۳﴾ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ

وَاِنْ	كُنْتَ	مِنْ قَبْلِهٖ	لَمِنَ	الْغٰفِلِيْنَ	اِذْ	قَالَ	يُوْسُفُ	لِاَبِيْهِ	يٰٓاَبَتِ
اور تحقیق	تو تھا	اس سے قبل	البتہ - سے	بے خبر (جمع)	جب	کہا	یوسفؑ	اپنے باپ سے	اے میرے باپ

اور تحقیق تم اس سے قبل البتہ بے خبروں میں سے تھے - (یاد کرو) جب یوسفؑ نے اپنے باپ سے کہا، اے میرے باپ!

اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ﴿۴﴾

اِنِّيْ	رَاَيْتُ	اَحَدَ عَشَرَ	كَوْكَبًا	وَّالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	رَاَيْتُهُمْ	لِيْ	سٰجِدِيْنَ
بیشک میں	میں نے دیکھا	گیارہ	ستارے	اور سورج	اور چاند	میں نے انہیں دیکھا	اپنے لئے	سجدہ کرتے

بیشک میں نے گیارہ ستاروں اور سورج چاند کو (خواب میں) دیکھا، میں نے انہیں اپنے لئے سجدہ کرتے دیکھا۔

قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ؕ

قَالَ	يٰبُنَيَّ	لَا تَقْصُصْ	رُءْيَاكَ	عَلٰٓى	اِخْوَتِكَ	فَيَكِيْدُوْا	لَكَ	كَيْدًا
اس نے کہا	اے میرے بیٹے	نہ بیان کرنا	اپنا خواب	پر (سے)	اپنے بھائی	وہ چال چلیں گے	تیرے لئے	کوئی چال

اس نے کہا اے میرے بیٹے! اپنا خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا کہ وہ تیرے لئے کوئی چال چلیں گے

اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۵ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ

اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	لِلْاِنْسَانِ	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ	وَكَذٰلِكَ	يَجْتَبِيْكَ	رَبُّكَ	وَيُعَلِّمُكَ
بیشک	شیطان	انسان کے لئے (کا)	دشمن	کھلا	اور اسی طرح	چن لے گا تجھے	تیرا رب	اور سکھائے گا تجھے

بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔ اور تیرا رب اسی طرح تجھے چن لے گا، اور تجھے سکھائے گا

مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ

مِنْ	تَاْوِيْلِ	الْاَحَادِيْثِ	وَيُتِمُّ	نِعْمَتَهٗ	عَلَيْكَ	وَ	عَلٰٓى	اٰلِ يَعْقُوْبَ	كَمَآ
سے	انجام نکالنا	باتیں	اور مکمل کرے گا	اپنی نعمت	تجھ پر	اور	پر	یعقوبؑ کے گھر والے	جیسے

باتوں کا انجام نکالنا (خوابوں کی تعبیر) اور تجھ پر اپنی نعمت پوری کر دے گا، اور یعقوبؑ کے گھر والوں پر، جیسے

اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶ ع

اَتَمَّهَا	عَلٰٓى	اَبَوَيْكَ	مِنْ قَبْلُ	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْحٰقَ	اِنَّ	رَبَّكَ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ
اس نے اسے پورا کیا	پر	تیرے باپ دادا	اس سے پہلے	ابراہیمؑ	اور اسحٰقؑ	بیشک	تیرا رب	علم والا	حکمت والا

اس نے اس سے پہلے تیرے باپ دادا ابراہیمؑ اور اسحٰقؑ پر اسے پورا کیا، بیشک تیرا رب علم والا، حکمت والا ہے۔

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝۷ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَ

لَقَدْ كَانَ	فِيْ	يُوْسُفَ	وَاِخْوَتِهٖٓ	اٰيٰتٌ	لِّلسَّآئِلِيْنَ	اِذْ	قَالُوْا	لَيُوْسُفُ	وَ
بیشک ہیں	میں	یوسفؑ	اور اس کے بھائی	نشانیاں	پوچھنے والوں کے لئے	جب	انہوں نے کہا	ضرور یوسفؑ	اور

بیشک یوسفؑ اور اس کے بھائیوں میں پوچھنے والوں کے لئے کھلی نشانیاں ہیں۔ جب انہوں نے کہا ضرور یوسفؑ اور

اَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۸ ج صلے

اَخُوْهُ	اَحَبُّ	اِلٰٓى	اَبِيْنَا	مِنَّا	وَنَحْنُ	عُصْبَةٌ	اِنَّ	اَبَانَا	لَفِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ
اس کا بھائی	زیادہ پیارا	طرف (کو)	ہمارا باپ	ہم سے	جبکہ ہم	ایک جماعت	بیشک	ہمارے باپ	البتہ غلطی میں	صریح

اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں، جبکہ ہم ایک جماعت (قوی) ہیں، بیشک ہمارے ابا صریح غلطی میں ہیں۔

اِقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ

اِقْتُلُوْا	يُوْسُفَ	اَوِ	اطْرَحُوْهُ	اَرْضًا	يَّخْلُ	لَكُمْ	وَجْهُ	اَبِيْكُمْ	وَتَكُوْنُوْا	مِنْۢ
مار ڈالو	یوسفؑ	یا	اسے ڈال آؤ	کسی سرزمین	خالی ہو جائے	تمہارے لئے	منہ (توجہ)	تمہارے باپ	اور تم ہو جاؤ	سے

یوسفؑ کو مار ڈالو، یا اسے کسی سرزمین میں ڈال آؤ کہ تمہارے باپ کی توجہ تمہارے لئے خالی (خاص) ہو جائے اور تم ہو جاؤ (ہو جانا)

بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝۹ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ

بَعْدِهٖ	قَوْمًا	صٰلِحِيْنَ	قَالَ	قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ	لَا تَقْتُلُوْا	يُوْسُفَ	وَاَلْقُوْهُ
اس کے بعد	لوگ	نیک (جمع)	کہا	ایک کہنے والا	ان سے	نہ قتل کرو	یوسفؑ	اور اُسے ڈال آؤ

اس کے بعد نیک لوگ۔ ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا، یوسفؑ کو قتل نہ کرو، اور اسے ڈال آؤ

فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝۱۰ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا

فِيْ	غَيٰبَتِ	الْجُبِّ	يَلْتَقِطْهُ	بَعْضُ	السَّيَّارَةِ	اِنْ	كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا
میں	اندھا (گہرا)	کنواں	اٹھالے اس کو	کوئی	چلتا (مسافر)	اگر	تم کرنیوالے ہو (کرنا ہی ہے)	کہنے لگے	اے ہمارے ابّا

اندھے کنویں میں کہ اسے کوئی مسافر اُٹھالے (جائے)، اگر تمہیں کرنا ہی ہے۔ کہنے لگے اے ہمارے ابّا!

مَالَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝۱۱ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا

مَالَكَ	لَا تَاْمَنَّا	عَلٰى	يُوْسُفَ	وَاِنَّا	لَهٗ	لَنٰصِحُوْنَ	اَرْسِلْهُ	مَعَنَا	غَدًا
کیا ہوا تجھے	تو ہمارا اعتبار نہیں کرتا	پر (بارہ میں)	یوسفؑ	اور بیشک ہم	اس کے	البتہ خیر خواہ	اسے بھیجدے	ہمارے ساتھ	کل

تجھے کیا ہوا ہے؟ تو یوسفؑ کے بارہ میں ہمارا اعتبار نہیں کرتا، اور بیشک ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں۔ کل اسے ہمارے ساتھ بھیج دے

يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۱۲ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ

يَّرْتَعْ	وَيَلْعَبْ	وَاِنَّا	لَهٗ	لَحٰفِظُوْنَ	قَالَ	اِنِّيْ	لَيَحْزُنُنِيْٓ	اَنْ	تَذْهَبُوْا	بِهٖ
وہ کھائے	اور کھیلے کودے	اور بیشک ہم	اس کے	البتہ محافظ	اس نے کہا	بیشک مجھے	غمگین کرتا ہے	کہ	تم لے جاؤ	اسے

وہ (جنگل کے پھل) کھائے اور کھیلے کودے، اور بیشک ہم اس کے محافظ ہیں۔ اس نے کہا بیشک مجھے یہ غمگین (فکرمند) کرتا ہے کہ تم اسے لے جاؤ

وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ۝۱۳ قَالُوْا لَئِنْ

وَاَخَافُ	اَنْ	يَّاْكُلَهُ	الذِّئْبُ	وَاَنْتُمْ	عَنْهُ	غٰفِلُوْنَ	قَالُوْا	لَئِنْ
اور میں ڈرتا ہوں	کہ	اسے کھا جائے	بھیڑیا	اور تم	اس سے	بے خبر (جمع)	وہ بولے	اگر

اور میں ڈرتا ہوں کہ اسے بھیڑیا کھا جائے، اور تم اس سے بے خبر رہو۔ وہ بولے اگر

اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا

اَكَلَهُ	الذِّئْبُ	وَنَحْنُ	عُصْبَةٌ	اِنَّآ	اِذًا	لَّخٰسِرُوْنَ	فَلَمَّا	ذَهَبُوْا	بِهٖ	وَاَجْمَعُوْٓا
اسے کھا جائے	بھیڑیا	اور ہم	ایک جماعت	بیشک ہم	اس صورت میں	زیاں کار	پھر جب	وہ لے گئے	اس کو	اور انہوں نے اتفاق کر لیا

اسے بھیڑیا کھا جائے، جبکہ ہم ایک قوی جماعت ہیں اس صورت میں بیشک ہم زیاں کار ٹھہرے۔ پھر جب وہ اسے لے گئے اور انہوں نے اتفاق کر لیا

اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا

اَنْ	يَّجْعَلُوْهُ	فِيْ	غَيٰبَتِ	الْجُبِّ	وَاَوْحَيْنَآ	اِلَيْهِ	لَتُنَبِّئَنَّهُمْ	بِاَمْرِهِمْ	هٰذَا
کہ	اسے ڈال دیں	میں	اندھا	کنواں	اور ہم نے وحی بھیجی	اسکی طرف	کہ تو انہیں ضرور جتائے گا	ان کا کام	اس

کہ اُسے اندھے کنویں میں ڈالدیں، اور ہم نے اس کی طرف وحی بھیجی کہ تو انہیں ان کے اس کام کو ضرور جتائے گا

وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ﴿۱۶﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا

وَهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	وَجَآءُوْٓ	اَبَاهُمْ	عِشَآءً	يَّبْكُوْنَ	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَآ	اِنَّا
اور وہ	نہ جانتے ہوں گے	اور وہ آئے	اپنے باپ کے پاس	اندھیرا پڑے	روتے ہوئے	وہ بولے	اے ہمارے ابا	ہم

اور وہ نہ جانتے (سمجھے نہ پہچانتے) ہوں گے۔ اور اندھیرا پڑے وہ اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے آئے۔ بولے! اے ہمارے ابا! ہم

ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ

ذَهَبْنَا	نَسْتَبِقُ	وَتَرَكْنَا	يُوْسُفَ	عِنْدَ	مَتَاعِنَا	فَاَكَلَهُ	الذِّئْبُ	وَمَآ	اَنْتَ
دوڑنے گئے	آگے نکلنے	اور ہم نے چھوڑ دیا	یوسفؑ	پاس	اپنا اسباب	تو اسے کھا گیا	بھیڑیا	اور نہیں	تو

لگے دوڑنے آگے نکلنے کو، اور ہم نے یوسفؑ کو اپنے اسباب کے پاس چھوڑ دیا تو اسے بھیڑیا کھا گیا، اور تو نہیں

بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ۭ قَالَ بَلْ

بِمُؤْمِنٍ	لَّنَا	وَلَوْ كُنَّا	صٰدِقِيْنَ	وَجَآءُوْ	عَلٰى	قَمِيْصِهٖ	بِدَمٍ	كَذِبٍ	قَالَ	بَلْ
باور کرنے والا	ہم پر	اور خواہ ہوں ہم	سچے	اور وہ آئے (لائے)	پر	اس کی قمیص	خون کے ساتھ	جھوٹا	اس نے کہا	بلکہ

ہم پر باور کرنے والا خواہ ہم سچے ہوں۔ اور وہ اس کی قمیص پر جھوٹا خون (لگا کر) لائے، اس نے کہا (نہیں) بلکہ

سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰي مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

سَوَّلَتْ	لَكُمْ	اَنْفُسُكُمْ	اَمْرًا	فَصَبْرٌ	جَمِيْلٌ	وَاللّٰهُ	الْمُسْتَعَانُ	عَلٰى	مَا تَصِفُوْنَ
بنا لی	تمہارے لئے	تمہارے دل	ایک بات	پس صبر	اچھا	اور اللہ	مدد چاہتا ہوں	پر	جو تم بیان کرتے ہو

تمہارے لئے تمہارے دلوں نے ایک بات بنا لی ہے، پس (صبر) ہی اچھا ہے اور جو تم بیان کرتے ہو اس پر اللہ (ہی سے) مدد چاہتا ہوں۔

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَأَرْسَلُوا وَارِدَهُمْ فَأَدْلَىٰ دَلْوَهُ ۖ قَالَ يَا بُشْرَىٰ هَٰذَا

وَجَآءَتْ	سَيَّارَةٌ	فَأَرْسَلُوا	وَارِدَهُمْ	فَأَدْلَىٰ	دَلْوَهُ	قَالَ	يَا بُشْرَىٰ	هَٰذَا
اور آیا	ایک قافلہ	پس انہوں نے بھیجا	اپنا پانی بھرنے والا	پس اس نے ڈالا	اپنا ڈول	اس نے کہا	آہا خوشی کی بات	یہ

اور (اُدھر) ایک قافلہ آیا، پس انہوں نے اپنا پانی بھرنے والا بھیجا، اس نے اپنا ڈول ڈالا، اس نے کہا، آہا خوشی کی بات ہے، یہ

غُلَامٌ ۚ وَأَسَرُّوهُ بِضَاعَةً ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ﴿١٩﴾ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ

غُلَامٌ	وَأَسَرُّوهُ	بِضَاعَةً	وَاللَّهُ	عَلِيمٌ	بِمَا	يَعْمَلُونَ	وَشَرَوْهُ	بِثَمَنٍ	بَخْسٍ
ایک لڑکا	اور اسے چھپا لیا	مال تجارت سمجھ کر	اور اللہ	جاننے والا	اسے جو	وہ کرتے تھے	اور انہوں نے اسے بیچ دیا	دام	کھوٹے

ایک لڑکا اور انہوں نے اسے مالِ تجارت سمجھ کر چھپا لیا، اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے تھے - اور انہوں نے (بھائیوں نے) اسے بیچ دیا کھوٹے داموں

دَرَاهِمَ مَعْدُودَةٍ وَكَانُوا فِيهِ مِنَ الزَّاهِدِينَ ﴿٢٠﴾ وَقَالَ الَّذِي اشْتَرَاهُ

دَرَاهِمَ	مَعْدُودَةٍ	وَكَانُوا	فِيهِ	مِنَ	الزَّاهِدِينَ	وَقَالَ	الَّذِي	اشْتَرَاهُ
درہم	گنتی کے	اور وہ تھے	اس میں	سے	بے رغبت، بے زار	اور بولا	وہ جو، جس	اسے خریدا

گنتی کے چند درہموں میں، اور وہ اس سے بیزار ہو رہے تھے - اور مصر کے جس شخص نے اس کو خریدا اس نے کہا

مِنْ مِصْرَ لِامْرَأَتِهِ أَكْرِمِي مَثْوَاهُ عَسَىٰ أَنْ يَنْفَعَنَا أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَدًا ۚ

مِنْ	مِصْرَ	لِامْرَأَتِهِ	أَكْرِمِي	مَثْوَاهُ	عَسَىٰ	أَنْ	يَنْفَعَنَا	أَوْ	نَتَّخِذَهُ	وَلَدًا
سے	مصر	اپنی عورت کو	اسے عزت و اکرام سے رکھ	شاید	کہ	ہم کو نفع پہنچائے	یا	ہم اسے بنا لیں	بیٹا

اپنی عورت کو اسے عزت و اکرام سے رکھ، شاید کہ ہمیں نفع پہنچائے، یا ہم اسے بیٹا بنا لیں،

وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ وَلِنُعَلِّمَهُ مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ۚ

وَكَذَٰلِكَ	مَكَّنَّا	لِيُوسُفَ	فِي	الْأَرْضِ	وَلِنُعَلِّمَهُ	مِنْ	تَأْوِيلِ	الْأَحَادِيثِ
اور اس طرح	ہم نے جگہ دی	یوسفؑ کو	میں	زمین (ملک)	اور تاکہ ہم اسے سکھائیں	سے	انجام نکالنا	باتیں

اور اس طرح ہم نے یوسف کو ملکِ (مصر) میں جگہ دی، اور تاکہ ہم اسے باتوں کا انجام نکالنا (خوابوں کی تعبیر) سکھائیں

وَاللَّهُ غَالِبٌ عَلَىٰ أَمْرِهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢١﴾ وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ

وَاللَّهُ	غَالِبٌ	عَلَىٰ أَمْرِهِ	وَلَٰكِنَّ	أَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُونَ	وَلَمَّا	بَلَغَ	أَشُدَّهُ
اور اللہ	غالب	اپنے کام پر	اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں جانتے	اور جب	پہنچ گیا	اپنی قوت

اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے - اور جب (یوسفؑ) اپنی قوت (جوانی) کو پہنچ گیا

اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ

اٰتَيْنٰهُ	حُكْمًا	وَعِلْمًا	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	وَرَاوَدَتْهُ	الَّتِيْ هُوَ
ہم نے اسے عطا کیا	حکم	اور علم	اور اسی طرح	ہم جزا دیتے ہیں	نیکی کرنے والے	اور اسے پھسلایا	وہ عورت جو اس

ہم نے اسے حکم اور علم عطا کیا، اور اسی طرح ہم نیکی کرنے والوں کو جزا دیتے ہیں۔ اسے (یوسفؑ کو) اس عورت نے پھسلایا وہ

فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ

فِيْ	بَيْتِهَا	عَنْ نَّفْسِهٖ	وَغَلَّقَتِ	الْاَبْوَابَ	وَقَالَتْ	هَيْتَ لَكَ	قَالَ	مَعَاذَ اللّٰهِ
میں	اس کا گھر	اپنے آپ کو روکنے سے	اور بند کر دیئے	دروازے	اور بولی	آ جا جلدی کر	اس نے کہا	اللہ کی پناہ

جس کے گھر میں تھے اپنے آپ کو روکنے (قابو رکھنے) سے، اور دروازے بند کر دیئے اور بولی آ جا جلدی کر، اس نے کہا اللہ کی پناہ!

اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ مَثْوَايَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ

اِنَّهٗ	رَبِّيْٓ	اَحْسَنَ	مَثْوَايَ	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَلَقَدْ هَمَّتْ	بِهٖ
بیشک وہ	میرا مالک	بہت اچھا	اور رہنا سہنا	بیشک	بھلائی نہیں پاتے	ظالم (جمع)	اور بیشک اس عورت نے ارادہ کیا	اس کا

بیشک وہ (عزیز مصر) میرا مالک ہے، اس نے میرا رہنا سہنا بہت اچھا (رکھا)، بیشک ظالم بھلائی نہیں پاتے۔ اور بیشک اس عورت نے اس کا ارادہ کیا

وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَ

وَهَمَّ	بِهَا	لَوْلَآ	اَنْ	رَّاٰ	بُرْهَانَ	رَبِّهٖ	كَذٰلِكَ	لِنَصْرِفَ	عَنْهُ	السُّوْٓءَ	وَ
اور وہ ارادہ کرتے	اس کا	اگر نہ ہوتا	کہ	وہ دیکھے	دلیل	اپنا رب	اسی طرح	ہم نے پھیر دیا	اس سے	برائی	اور

اور وہ بھی اس کا ارادہ کرتے، اگر یہ نہ ہوتا کہ وہ اپنے رب کی دلیل دیکھ لیتے، اس طرح ہم نے اس سے پھیر دی برائی اور

الْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ

الْفَحْشَآءَ	اِنَّهٗ	مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُخْلَصِيْنَ	وَاسْتَبَقَا	الْبَابَ	وَقَدَّتْ	قَمِيْصَهٗ
بے حیائی	بیشک وہ	سے	ہمارے بندے	برگزیدہ	اور دونوں دوڑے	دروازہ	اور عورت نے پھاڑ دی	اس کی قمیص

بے حیائی، بیشک وہ ہمارے برگزیدہ بندوں میں سے تھا۔ اور دونوں دروازے کی طرف دوڑے، اور اس عورت نے اس کی قمیص پھاڑ دی

مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا

مِنْ دُبُرٍ	وَّاَلْفَيَا	سَيِّدَهَا	لَدَا الْبَابِ	قَالَتْ	مَا جَزَآءُ	مَنْ	اَرَادَ	بِاَهْلِكَ	سُوْٓءًا
پیچھے سے	اور دونوں کو ملا	عورت کا خاوند	دروازہ کے پاس	وہ کہنے لگی	کیا سزا؟	جو جس	ارادہ کیا	تیری بیوی سے	برائی

پیچھے سے، اور دونوں کو اس کا خاوند دروازے کے پاس ملا، وہ کہنے لگی اسکی کیا سزا جس نے تیری بیوی سے برا ارادہ کیا؟

إِلَّآ أَن يُسْجَنَ أَوْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢٥﴾ قَالَ هِيَ رَٰوَدَتْنِي عَن نَّفْسِي وَشَهِدَ

إِلَّآ	أَن	يُسْجَنَ	أَوْ	عَذَابٌ	أَلِيمٌ	قَالَ	هِيَ	رَٰوَدَتْنِي	عَن	نَّفْسِي	وَشَهِدَ
سوائے	یہ کہ	قید کیا جائے	یا	دردناک عذاب		اس نے کہا	اس	مجھے پھسلایا	سے	میرا نفس	اور گواہی دی

سوائے اس کے کہ وہ قید کیا جائے یا دردناک عذاب دیا جائے۔ اس (یوسفؑ) نے کہا اس نے مجھے میرے نفس (کی حفاظت) سے پھسلایا اور گواہی دی

شَاهِدٌ مِّنْ أَهْلِهَا ۚ إِن كَانَ قَمِيصُهُۥ قُدَّ مِن قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ

شَاهِدٌ	مِّنْ	أَهْلِهَا	إِن	كَانَ	قَمِيصُهُۥ	قُدَّ	مِن قُبُلٍ	فَصَدَقَتْ	وَ	هُوَ
ایک گواہ	سے	اس کے لوگ	اگر	ہے	اس کی قمیص	پھٹی ہوئی	آگے سے	تو وہ سچی	اور	وہ

اس کے لوگوں میں سے ایک گواہ نے، کہ اگر اس کی قمیص آگے سے پھٹی ہوئی ہے تو وہ سچی ہے اور وہ (یوسفؑ)

مِنَ الْكَٰذِبِينَ ﴿٢٦﴾ وَإِن كَانَ قَمِيصُهُۥ قُدَّ مِن دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ

مِنَ	الْكَٰذِبِينَ	وَإِن	كَانَ	قَمِيصُهُۥ	قُدَّ	مِن دُبُرٍ	فَكَذَبَتْ	وَهُوَ
سے	جھوٹے	اور اگر	ہے	اس کی قمیص	پھٹی ہوئی	پیچھے سے	تو وہ جھوٹی	اور وہ

جھوٹوں میں سے ہے۔ اور اگر اس کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی ہے تو وہ جھوٹی ہے اور وہ (یوسفؑ)

مِنَ الصَّٰدِقِينَ ﴿٢٧﴾ فَلَمَّا رَأَىٰ قَمِيصَهُۥ قُدَّ مِن دُبُرٍ قَالَ إِنَّهُۥ مِن كَيْدِكُنَّ ۖ

مِنَ	الصَّٰدِقِينَ	فَلَمَّا	رَأَىٰ	قَمِيصَهُۥ	قُدَّ	مِن دُبُرٍ	قَالَ	إِنَّهُۥ	مِن	كَيْدِكُنَّ
سے	سچے	تو جب	دیکھا	اس کی قمیص	پھٹی ہوئی	پیچھے سے	اس نے کہا	بیشک یہ	سے	تم عورتوں کا فریب

سچوں میں سے ہے۔ تو جب اس کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی دیکھی تو اس نے کہا یہ تم عورتوں کا فریب ہے،

إِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيمٌ ﴿٢٨﴾ يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا ۖ وَاسْتَغْفِرِي لِذَنۢبِكِ ۖ

إِنَّ	كَيْدَكُنَّ	عَظِيمٌ	يُوسُفُ	أَعْرِضْ	عَنْ	هَٰذَا	وَاسْتَغْفِرِي	لِذَنۢبِكِ
بیشک	تمہارا فریب	بڑا	یوسفؑ	جانے دے	سے کو	اس	اور اے عورت بخشش مانگ	اپنے گناہ کی

بیشک تمہارا فریب بڑا ہے۔ یوسفؑ! اس (ذکر) کو جانے دے اور اے عورت! اپنے گناہ کی بخشش مانگ،

۳ ع ۹ ۱۳

إِنَّكِ كُنتِ مِنَ الْخَٰطِـِٔينَ ﴿٢٩﴾ ع وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِينَةِ امْرَأَتُ الْعَزِيزِ

إِنَّكِ	كُنتِ	مِنَ	الْخَٰطِـِٔينَ	وَقَالَ	نِسْوَةٌ	فِي الْمَدِينَةِ	امْرَأَتُ الْعَزِيزِ
بیشک تو	تو ہے	سے	خطاکار (جمع)	اور کہا	عورتیں	شہر میں	عزیز کی بیوی

بیشک تو ہی خطاکاروں میں سے ہے۔ اور شہر میں عورتوں نے کہا، عزیز کی بیوی نے

تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾

تُرَاوِدُ	فَتٰىهَا	عَنْ	نَّفْسِهٖ	قَدْ شَغَفَهَا	حُبًّا	اِنَّا لَنَرٰىهَا	فِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ
پھسلا رہی ہے	اپنا غلام	سے	اس کا نفس	جگہ پکڑ گئی ہے	اس کی محبت	بیشک ہم اسے دیکھتی ہیں	میں	گمراہی	کھلی

پھسلایا ہے اپنے غلام کو اس کے نفس (کی حفاظت) سے، اسکی محبت (اسکے دل میں) جگہ پکڑ گئی ہے، بیشک ہم اسے کھلی گمراہی میں دیکھتی ہیں

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ

فَلَمَّا	سَمِعَتْ	بِمَكْرِهِنَّ	اَرْسَلَتْ	اِلَيْهِنَّ	وَاَعْتَدَتْ	لَهُنَّ	مُتَّكَاً	وَّاٰتَتْ
پھر جب	اس نے سُنا	اُن کا فریب	دعوت بھیجی	ان کی طرف	اور تیار کی	ان کے لئے	ایک محفل	اور دی

پھر جب اس نے اُن کے فریب (کا ذکر) سُنا تو انہیں دعوت بھیجی، اور اُن کے لئے ایک محفل تیار کی، اور (پھل کاٹنے کو) دی

كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ

كُلَّ وَاحِدَةٍ	مِّنْهُنَّ	سِكِّيْنًا	وَّقَالَتِ	اخْرُجْ	عَلَيْهِنَّ	فَلَمَّا	رَاَيْنَهٗۤ	اَكْبَرْنَهٗ
ہر ایک کو	ان میں سے	ایک ایک چھری	اور کہا	نکل آ	ان پر (اُنکے سامنے)	پھر جب	انہوں نے اسے دیکھا	اُن پر اس کا رعب چھا گیا

اُن میں سے ہر ایک کو ایک ایک چھری، اور کہا اُن کے سامنے نکل آ، پھر جب اُنہوں نے (یوسفؑ) کو دیکھا اُن پر اس کا (رعبِ حُسن) چھا گیا

وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾

وَقَطَّعْنَ	اَيْدِيَهُنَّ	وَقُلْنَ	حَاشَ	لِلّٰهِ	مَا هٰذَا	بَشَرًا	اِنْ	هٰذَاۤ	اِلَّا	مَلَكٌ	كَرِيْمٌ
اور انہوں نے کاٹ لئے	اپنے ہاتھ	اور کہنے لگیں	پناہ	اللہ کی	نہیں یہ	بشر	نہیں	یہ	مگر	فرشتہ	بزرگ

اور انہوں نے (پھلوں کی جگہ) اپنے ہاتھ کاٹ لئے اور کہنے لگیں اللہ کی پناہ! یہ بشر نہیں، مگر یہ تو بزرگ فرشتہ ہے۔

قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ؕ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ

قَالَتْ	فَذٰلِكُنَّ	الَّذِيْ	لُمْتُنَّنِيْ	فِيْهِ	وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ	عَنْ	نَّفْسِهٖ	فَاسْتَعْصَمَ
وہ بولی	سو یہ وُہی ہے	جو کہ	تم نے ملامت کی مجھے	اس میں	اور میں نے اسے پھسلایا	سے	اس کا نفس	تو اس نے بچا لیا

وہ بولی سو یہ وہی ہے جس (کے بارے) میں تم نے مجھے ملامت کی، اور میں نے اسے اسکے نفس (کی حفاظت) سے پھسلایا، تو اس نے (اپنے آپ کو) بچا لیا

وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَاۤ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ

وَلَئِنْ	لَّمْ يَفْعَلْ	مَاۤ	اٰمُرُهٗ	لَيُسْجَنَنَّ	وَلَيَكُوْنًا	مِّنَ	الصّٰغِرِيْنَ	قَالَ	رَبِّ
اور اگر	اس نے نہ کیا	جو	میں کہتی ہوں اسے	البتہ قید کر دیا جائیگا	اور البتہ ہو جائے گا	سے	بے عزت (جمع)	اس نے کہا	اے میرے رب

اور جو میں کہتی ہوں اگر اس نے نہ کیا تو البتہ وہ قید کر دیا جائے گا اور بے عزت لوگوں میں سے ہوگا۔ اس (یوسفؑ) نے کہا اے میرے رب!

السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ

السِّجْنُ	اَحَبُّ	اِلَيَّ	مِمَّا	يَدْعُوْنَنِيْ	اِلَيْهِ	وَ	اِلَّا تَصْرِفْ	عَنِّيْ	كَيْدَهُنَّ	اَصْبُ
قید	زیادہ پسند	مجھ کو	اس سے جو	مجھے بلاتی ہیں	اسکی طرف	اور	اگر نہ پھیرا	مجھ سے	ان کا فریب	مائل ہو جاؤں گا

مجھے قید اس سے زیادہ پسند ہے جس کی طرف وہ مجھے بلاتی ہیں، اور اگر تُو نے مجھ سے اُن کا فریب نہ پھیرا تو میں مائل ہو جاؤں گا

اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ

اِلَيْهِنَّ	وَاَكُنْ	مِنَ	الْجٰهِلِيْنَ	فَاسْتَجَابَ	لَهٗ	رَبُّهٗ	فَصَرَفَ	عَنْهُ	كَيْدَهُنَّ
ان کی طرف	اور میں ہوں گا	سے	جاہل (جمع)	سو قبول کر لی	اس کی (دعا)	اس کا رب	پس پھیر دیا	اس سے	ان کا فریب

ان کی طرف، اور جاہلوں میں سے ہوں گا۔ سو اس کے رب نے اس کی دُعا قبول کر لی، پس اس سے ان کا فریب پھیر دیا

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۴﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ

اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	ثُمَّ	بَدَا لَهُمْ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا رَاَوُا	الْاٰيٰتِ	لَيَسْجُنُنَّهٗ
بیشک وہ	وہ	سُننے والا	جاننے والا	پھر	انہیں سُوجھا	اس کے بعد	جب اُنہوں نے دیکھیں	نشانیاں	اسے ضرور قید میں ڈالیں

بیشک وہ سُننے والا، جاننے والا ہے۔ پھر نشانیاں دیکھ لینے کے بعد انہیں سُوجھا کہ اسے ضرور قید میں ڈال دیں

۴ ع ۶ ۱۴

حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۳۵﴾ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ۭ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ

حَتّٰى حِيْنٍ	وَدَخَلَ	مَعَهُ	السِّجْنَ	فَتَيٰنِ	قَالَ	اَحَدُهُمَآ	اِنِّيْٓ	اَرٰىنِيْٓ
ایک مدّت تک	اور داخل ہوئے	اس کے ساتھ	قید خانہ	دو جوان	کہا	ان میں سے ایک	بیشک میں دیکھتا ہوں	

ایک مدّت تک۔ اور اس کے ساتھ دو جوان قید خانہ میں داخل ہوئے، ان میں سے ایک نے کہا بیشک میں (خواب میں) دیکھتا ہوں

اَعْصِرُ خَمْرًا ۭ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ

اَعْصِرُ	خَمْرًا	وَقَالَ	الْاٰخَرُ	اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْ	اَحْمِلُ	فَوْقَ	رَاْسِيْ	خُبْزًا	تَاْكُلُ	الطَّيْرُ
نچوڑ رہا ہوں	شراب	اور کہا	دوسرا	میں دیکھتا ہوں	اٹھائے ہوئے ہوں	اوپر	اپنا سر	روٹی	کھا رہے ہیں	پرندے

کہ میں شراب نچوڑ رہا ہوں، اور دوسرے نے کہا میں (خواب میں) دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹی اُٹھائے ہوئے ہوں پرندے اس سے کھا رہے ہیں

مِنْهُ ۭ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ

مِنْهُ	نَبِّئْنَا	بِتَاْوِيْلِهٖ	اِنَّا نَرٰىكَ	مِنَ	الْمُحْسِنِيْنَ	قَالَ	لَا يَاْتِيْكُمَا	طَعَامٌ
اس سے	ہمیں بتلایئے	اس کی تعبیر	بیشک ہم تجھے دیکھتے ہیں	سے	نیکوکار (جمع)	اس نے کہا	تمہارے پاس نہیں آئیگا	کھانا

ہمیں اس کی تعبیر بتلایئے، بیشک ہم آپ کو نیکوکاروں میں سے دیکھتے ہیں۔ اس (یوسفؑ) نے کہا تمہارے پاس کھانا نہیں آئے گا

تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ۭ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ۭ

تُرْزَقٰنِهٖٓ	اِلَّا	نَبَّاْتُكُمَا	بِتَاْوِيْلِهٖ	قَبْلَ	اَنْ	يَّاْتِيَكُمَا	ذٰلِكُمَا	مِمَّا	عَلَّمَنِيْ	رَبِّيْ
جو تمہیں دیا جاتا ہے	مگر	میں تمہیں بتلا دوں گا	اس کی تعبیر	قبل	کہ	وہ آئے تمہارے پاس	یہ	اس سے جو	مجھے سکھایا	میرا رب

جو تمہیں دیا جاتا ہے، مگر میں تمہیں اس کی تعبیر تمہارے پاس اس کے آنے سے پہلے بتلا دوں گا، یہ اس (علم) سے ہے جو میرے رب نے مجھے سکھایا ہے

اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

اِنِّيْ	تَرَكْتُ	مِلَّةَ	قَوْمٍ	لَّا يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	كٰفِرُوْنَ
بیشک میں	میں نے چھوڑا	دین	وہ قوم	وہ ایمان نہیں لاتے	اللہ پر	اور وہ	آخرت سے	وہ	انکار کرتے ہیں

بیشک میں نے اس قوم کا دین چھوڑ دیا جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے، اور وہ (روزِ) آخرت سے انکار کرتے ہیں۔

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَاۗءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ

وَاتَّبَعْتُ	مِلَّةَ	اٰبَاۗءِيْٓ	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	مَا كَانَ	لَنَآ	اَنْ	نُّشْرِكَ
اور میں نے پیروی کی	دین	اپنے باپ دادا	ابراہیمؑ	اور اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	نہیں ہے	ہمارے لئے	کہ	ہم شریک ٹھہرائیں

اور میں نے اپنے باپ دادا ابراہیمؑ، اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ کے دین کی پیروی کی، ہمارا (کام) نہیں کہ ہم شریک ٹھہرائیں

بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَي النَّاسِ وَلٰكِنَّ

بِاللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	ذٰلِكَ	مِنْ	فَضْلِ اللّٰهِ	عَلَيْنَا	وَ	عَلَي النَّاسِ	وَلٰكِنَّ
اللہ کا	کوئی۔کسی شے	یہ	سے	اللہ کا فضل	ہم پر	اور	لوگوں پر	اور لیکن

اللہ کا کسی شے کو، یہ ہم پر اور لوگوں پر اللہ کا فضل ہے، لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۸﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ

اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَشْكُرُوْنَ	يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ	ءَاَرْبَابٌ	مُّتَفَرِّقُوْنَ	خَيْرٌ
اکثر	لوگ	شکر ادا نہیں کرتے	اے میرے قید کے ساتھیو!	کیا کئی معبود	جُدا جُدا	بہتر

اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے۔ اے میرے قید کے ساتھیو! کیا جُدا جُدا کئی معبود بہتر ہیں؟

ءَاَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۳۹﴾ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَاۗءً سَمَّيْتُمُوْهَآ

ءَاَمِ اللّٰهُ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ	مَا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اِلَّآ	اَسْمَاۗءً	سَمَّيْتُمُوْهَآ
یا اللہ	ایک، یکتا	زبردست۔غالب	نہیں	تم پوجتے	اس کے سوا	مگر	نام	تم نے رکھ لئے ہیں

یا ایک اللہ؟ (سب پر) غالب۔ اس کے سوا تم کچھ نہیں پوجتے مگر نام ہیں جو تم نے رکھ لئے (تراش لئے) ہیں۔

أَنتُمْ وَآبَاؤُكُم مَّا نَزَّلَ اللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ ۚ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۚ أَمَرَ أَلَّا

أَنتُمْ	وَآبَاؤُكُم	مَّا	نَزَّلَ اللَّهُ	بِهَا	مِن سُلْطَانٍ	إِنِ	الْحُكْمُ	إِلَّا	لِلَّهِ	أَمَرَ	أَلَّا
تم	اور تمہارے باپ دادا	نہیں	اللہ نے اتاری	اس کے لئے	کوئی سند	نہیں	حکم	مگر	اللہ کا	اس نے حکم دیا	کہ نہ

اور تمہارے باپ دادا نے، اللہ نے اُن کی کوئی سند نہیں اتاری، حکم صرف اللہ کا ہے، اس نے حکم دیا کہ

تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٠﴾

تَعْبُدُوا	إِلَّا	إِيَّاهُ	ذَٰلِكَ	الدِّينُ الْقَيِّمُ	وَلَٰكِنَّ	أَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُونَ
عبادت کرو تم	مگر	صرف اس کی	یہ	سیدھا دین	اور لیکن	اکثر لوگ	نہیں جانتے

اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، یہ سیدھا دین ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَمَّا أَحَدُكُمَا فَيَسْقِي رَبَّهُ خَمْرًا ۖ وَأَمَّا الْآخَرُ

يَا صَاحِبَيِ	السِّجْنِ	أَمَّا	أَحَدُكُمَا	فَيَسْقِي	رَبَّهُ	خَمْرًا	وَأَمَّا	الْآخَرُ
اے میرے ساتھیو!	قید خانہ	جو	تم میں سے ایک	سو وہ پلائے گا	اپنا مالک	شراب	اور جو	دوسرا

اے میرے قید خانہ کے ساتھیو! تم میں سے ایک اپنے مالک کو شراب پلائے گا، اور جو دوسرا ہے

فَيُصْلَبُ فَتَأْكُلُ الطَّيْرُ مِن رَّأْسِهِ ۚ قُضِيَ الْأَمْرُ الَّذِي فِيهِ تَسْتَفْتِيَانِ ﴿٤١﴾

فَيُصْلَبُ	فَتَأْكُلُ	الطَّيْرُ	مِن رَّأْسِهِ	قُضِيَ	الْأَمْرُ	الَّذِي	فِيهِ	تَسْتَفْتِيَانِ
تو سولی دیا جائے گا	پس کھائیں گے	پرندے	اس کے سر سے	فیصلہ ہو چکا	کام۔بات	وہ جو	اس میں	تم پوچھتے تھے

تو سولی دیا جائے گا، پس پرندے اس کے سر سے کھائیں گے، اس بات کا فیصلہ ہو چکا جس (کے بارہ) میں تم پوچھتے تھے۔

وَقَالَ لِلَّذِي ظَنَّ أَنَّهُ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِي عِندَ رَبِّكَ فَأَنسَاهُ الشَّيْطَانُ

وَقَالَ	لِلَّذِي	ظَنَّ	أَنَّهُ	نَاجٍ	مِّنْهُمَا	اذْكُرْنِي	عِندَ	رَبِّكَ	فَأَنسَاهُ	الشَّيْطَانُ
اور کہا	اس سے جس	اس نے گمان کیا	کہ وہ	بچے گا وہ	ان دونوں سے	میرا ذکر کرنا	پاس	اپنا مالک	پس اس کو بھلا دیا	شیطان

اور (یوسف علیہ السلام) نے ان دونوں میں سے جس (کے متعلق) گمان کیا کہ وہ بچے گا اس سے کہا اپنے مالک کے پاس میرا ذکر کرنا، پس شیطان نے اُسے بھلا دیا

ع ۵ ۷ ۱۵

ذِكْرَ رَبِّهِ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِينَ ﴿٤٢﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ إِنِّي أَرَىٰ سَبْعَ

ذِكْرَ رَبِّهِ	فَلَبِثَ	فِي السِّجْنِ	بِضْعَ سِنِينَ	وَقَالَ	الْمَلِكُ	إِنِّي	أَرَىٰ	سَبْعَ
اپنے مالک سے ذکر کرنا	تو رہا	قید میں	چند برس	اور کہا	بادشاہ	کہ وہ	میں دیکھتا ہوں	سات

اپنے مالک سے اس کا ذکر کرنا، تو وہ قید میں چند برس رہا۔ اور بادشاہ نے کہا کہ میں دیکھتا ہوں سات

بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ

بَقَرٰتٍ	سِمَانٍ	يَّاْكُلُهُنَّ	سَبْعٌ	عِجَافٌ	وَّسَبْعَ	سُنْۢبُلٰتٍ	خُضْرٍ	وَّاُخَرَ
گائیں	موٹی تازی	وہ کھاتی ہیں	سات	دُبلی پتلی	اور سات	خوشے	سبز	اور دوسرے

موٹی تازی گائیں، انہیں سات دبلی پتلی گائیں کھا رہی ہیں، اور سات سبز خوشے اور دوسرے

يٰبِسٰتٍ ؕ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾

يٰبِسٰتٍ	يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ	اَفْتُوْنِيْ	فِيْ	رُءْيَايَ	اِنْ	كُنْتُمْ	لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ
خشک	اے میرے سردارو	تبلاؤ مجھے تعبیر	میں (کی)	میرے خواب	اگر	ہو تم	خواب کی تعبیر دینے والے

خشک، اے سردارو! مجھے میرے خواب کی تعبیر تبلاؤ، اگر تم خواب کی تعبیر دینے والے ہو (تعبیر دینا جانتے ہو)۔

قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَقَالَ

قَالُوْٓا	اَضْغَاثُ	اَحْلَامٍ	وَمَا	نَحْنُ	بِتَاْوِيْلِ	الْاَحْلَامِ	بِعٰلِمِيْنَ	وَقَالَ
انہوں نے کہا	پریشان	خواب	اور نہیں	ہم	تعبیر دینا	خواب (جمع)	جاننے والے	اور اس نے کہا

انہوں نے کہا (یہ) پریشان خواب ہیں اور ہم (ایسے) خوابوں کی تعبیر جاننے والے نہیں (نہیں جانتے)۔ اور

الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾

الَّذِيْ	نَجَا	مِنْهُمَا	وَادَّكَرَ	بَعْدَ	اُمَّةٍ	اَنَا اُنَبِّئُكُمْ	بِتَاْوِيْلِهٖ	فَاَرْسِلُوْنِ
وہ جو	بچا	ان دو سے	اور اسے یاد آیا	بعد	ایک مدت	میں تبلاؤں گا تمہیں	اس کی تعبیر	سو مجھے بھیج دو

وہ جو ان دونوں (میں) سے بچا تھا اور اُسے ایک مدت کے بعد یاد آیا، اس نے کہا میں تمہیں اس کی تعبیر تبلاؤں گا، سو مجھے بھیج دو۔

يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ

يُوْسُفُ	اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ	اَفْتِنَا	فِيْ	سَبْعِ	بَقَرٰتٍ	سِمَانٍ	يَّاْكُلُهُنَّ	سَبْعٌ
اے یوسف	اے بڑے سچے	ہمیں بتا	میں	سات	گائیں	موٹی تازی	وہ کھا رہی ہیں	سات

اے یوسفؑ! اے بڑے سچے! ہمیں (خواب کی تعبیر) بتا، سات موٹی تازی گایوں کو کھا رہی ہیں سات

عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّيْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ

عِجَافٌ	وَّسَبْعِ	سُنْۢبُلٰتٍ	خُضْرٍ	وَّاُخَرَ	يٰبِسٰتٍ	لَّعَلِّيْٓ	اَرْجِعُ	اِلَى النَّاسِ
دُبلی پتلی	اور سات	خوشے	سبز	اور دوسرے	خشک	تاکہ میں	لوٹوں	لوگوں کی طرف (پاس)

دُبلی پتلی گائیں، اور سات خوشے سبز ہیں اور دوسرے خشک، تاکہ میں لوگوں کے پاس لوٹ کر جاؤں

لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿۴۶﴾ قَالَ تَزْرَعُونَ سَبْعَ سِنِينَ دَأَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُمْ

لَعَلَّهُمْ	يَعْلَمُونَ	قَالَ	تَزْرَعُونَ	سَبْعَ	سِنِينَ	دَأَبًا	فَمَا	حَصَدْتُمْ
شاید وہ	آگاہ ہوں	اس نے کہا	کھیتی باڑی کرو گے	سات	سال	لگاتار	پھر جو	تم کاٹو

شاید وہ آگاہ ہوں۔ اس نے کہا تم سات سال لگاتار کھیتی باڑی کرو گے ، پھر جو تم کاٹو

فَذَرُوهُ فِي سُنْبُلِهِ إِلَّا قَلِيلًا مِمَّا تَأْكُلُونَ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ يَأْتِي مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ

فَذَرُوهُ	فِي سُنْبُلِهِ	إِلَّا	قَلِيلًا	مِمَّا	تَأْكُلُونَ	ثُمَّ	يَأْتِي	مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ
تو اسے چھوڑ دو	اس کے خوشہ میں	مگر	تھوڑا جتنا	سے جو	تم کھالو	پھر	آئیں گے	اس کے بعد میں

تو اسے اس کے خوشہ میں چھوڑ دو ، مگر تھوڑا جتنا جو تم اس میں سے کھالو۔ پھر اس کے بعد آئیں گے

سَبْعٌ شِدَادٌ يَأْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ إِلَّا قَلِيلًا مِمَّا تُحْصِنُونَ ﴿۴۸﴾

سَبْعٌ	شِدَادٌ	يَأْكُلْنَ	مَا	قَدَّمْتُمْ	لَهُنَّ	إِلَّا	قَلِيلًا	مِمَّا	تُحْصِنُونَ
سات	سخت	کھا جائیں گے وہ	جو	تم نے رکھا	ان کے لئے	سوائے	تھوڑا سا	سے۔جو	تم بچاؤ گے

سات سخت سال، کھا جائیں گے جو تم نے ان کے لئے (بچا) رکھا ، سوائے اس کے جو تم تھوڑا بچاؤ گے۔

ثُمَّ يَأْتِي مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ عَامٌ فِيهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيهِ يَعْصِرُونَ ﴿۴۹﴾

ثُمَّ	يَأْتِي	مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ	عَامٌ	فِيهِ	يُغَاثُ	النَّاسُ	وَفِيهِ	يَعْصِرُونَ
پھر	آئے گا	اس کے بعد	ایک سال	اس میں	بارش برسائی جائیگی	لوگ	اور اس میں	وہ نچوڑیں گے

پھر اس کے بعد ایک سال آئے گا اس میں لوگوں پر بارش برسائی جائے گی اور وہ اس میں (رس) نچوڑیں گے۔

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ ۖ فَلَمَّا جَاءَهُ الرَّسُولُ قَالَ ارْجِعْ إِلَىٰ رَبِّكَ

وَقَالَ	الْمَلِكُ	ائْتُونِي	بِهِ	فَلَمَّا	جَاءَهُ	الرَّسُولُ	قَالَ	ارْجِعْ	إِلَىٰ رَبِّكَ
اور کہا	بادشاہ	میرے پاس لے آؤ	اسے	پس جب	اس کے پاس آیا	قاصد	اس نے کہا	لوٹ جا	طرف (پاس) اپنا مالک

اور بادشاہ نے کہا اسے میرے پاس لے آؤ ، پس جب قاصد اس کے پاس آیا تو اس نے کہا اپنے مالک کے پاس لوٹ جاؤ

فَسْئَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ اللَّاتِي قَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ ۚ إِنَّ رَبِّي بِكَيْدِهِنَّ

فَسْئَلْهُ	مَا بَالُ	النِّسْوَةِ	اللَّاتِي	قَطَّعْنَ	أَيْدِيَهُنَّ	إِنَّ	رَبِّي	بِكَيْدِهِنَّ
پس اس سے پوچھو	کیا حال ؟	عورتیں	وہ جو	انہوں نے کاٹے	اپنے ہاتھ	بیشک	میرا رب	ان کا فریب

اور اس سے پوچھو ان عورتوں کا کیا حال ہے ؟ جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹے تھے ، بیشک میرا رب ان کے فریب سے

عَلِيْمٌ ﴿۵۰﴾ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ

عَلِيْمٌ	قَالَ	مَا خَطْبُكُنَّ	اِذْ	رَاوَدْتُّنَّ	يُوْسُفَ	عَنْ	نَّفْسِهٖ
واقف	اس نے کہا	کیا حال تھا تمہارا	جب	تم نے پھسلایا	یوسف ؑ	سے	اس کا نفس

خوب واقف ہے۔ بادشاہ نے (ان عورتوں سے) کہا تمہارا کیا حال (واقعی) تھا جب تم نے یوسف ؑ کو اس کے نفس (کی حفاظت) سے پھسلایا

قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ

قُلْنَ	حَاشَ	لِلّٰهِ	مَا	عَلِمْنَا	عَلَيْهِ	مِنْ سُوْٓءٍ	قَالَتِ	امْرَاَتُ	الْعَزِيْزِ
وہ بولیں	پناہ	اللہ کی	نہیں	ہم نے معلوم کی	اس پر (میں)	کوئی برائی	بولی	عورت	عزیز

وہ بولیں اللہ کی پناہ! ہم نے اس میں کوئی برائی نہیں معلوم کی (نہیں پائی)۔ عزیز (مصر) کی عورت بولی

الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ز اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَ اِنَّهٗ لَمِنَ

الْـٰٔنَ	حَصْحَصَ	الْحَقُّ	اَنَا	رَاوَدْتُّهٗ	عَنْ	نَّفْسِهٖ	وَاِنَّهٗ	لَمِنَ
اب	ظاہر ہو گئی	حقیقت	میں	اسے پھسلایا میں نے	سے	اس کا نفس	اور وہ بیشک	البتہ سے

اب حقیقت ظاہر ہو گئی ہے، میں نے (ہی) اسے اس کے نفس کی حفاظت سے پھسلایا اور وہ بیشک

الصّٰدِقِيْنَ ﴿۵۱﴾ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ

الصّٰدِقِيْنَ	ذٰلِكَ	لِيَعْلَمَ	اَنِّيْ	لَمْ اَخُنْهُ	بِالْغَيْبِ	وَاَنَّ اللّٰهَ	لَا يَهْدِيْ
سچے	یہ	تاکہ وہ جان لے	بیشک میں	نہیں اسکی خیانت کی	پیٹھ پیچھے	اور بیشک اللہ	نہیں چلنے دیتا

سچوں میں سے ہے (سچا ہے)۔ (یوسف ؑ نے کہا) یہ (اس لئے تھا) تاکہ وہ جان لے کہ میں نے پیٹھ پیچھے اس کی خیانت نہیں کی، اور بیشک اللہ چلنے نہیں دیتا

كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۲﴾

كَيْدَ	الْخَآئِنِيْنَ
فریب	دغا باز (جمع)
دغا بازوں کا فریب	

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۭ ۱۳

وَ	مَآ اُبَرِّئُ	نَفْسِيْ	اِنَّ	النَّفْسَ	لَاَمَّارَةٌ	بِالسُّوْٓءِ	اِلَّا	مَا رَحِمَ رَبِّيْ
اور	پاک بے قصور نہیں کہتا	اپنا نفس	بیشک	نفس	سکھانے والا	برائی	مگر	جس پر رحم کیا میرا رب

اور میں اپنے نفس کو پاک نہیں کہتا، بیشک نفس برائی سکھانے والا ہے، مگر جس پر میرے رب نے رحم کیا،

اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵۳ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ

اِنَّ	رَبِّيْ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَقَالَ	الْمَلِكُ	ائْتُوْنِيْ	بِهٖٓ	اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ
بیشک	میرا رب	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور کہا	بادشاہ	لے آؤ میرے پاس	اس کو	اس کو خاص کروں اپنی ذات کے لئے

بیشک میرا رب بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اور بادشاہ نے کہا اسے میرے پاس لے آؤ کہ اسے اپنی (خدمت) کے لئے خاص کروں،

فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ۝۵۴ قَالَ اجْعَلْنِيْ

فَلَمَّا	كَلَّمَهٗ	قَالَ	اِنَّكَ	الْيَوْمَ	لَدَيْنَا	مَكِيْنٌ	اَمِيْنٌ	قَالَ	اجْعَلْنِيْ
پھر جب	اس سے بات کی	اس نے کہا	بیشک تم	آج	ہمارے پاس	باوقار	امین	اس نے کہا	مجھے کر دے

پھر جب (مَلِک) نے اس سے بات کی کہا بیشک تم آج ہمارے پاس باوقار، امین (صاحبِ اعتبار) ہو۔ اس نے کہا مجھے (مقرر) کر دے

عَلٰي خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ۝۵۵ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ

عَلٰي	خَزَآئِنِ	الْاَرْضِ	اِنِّيْ	حَفِيْظٌ	عَلِيْمٌ	وَكَذٰلِكَ	مَكَّنَّا	لِيُوْسُفَ	فِي الْاَرْضِ
پر	خزانے	زمین (ملک)	بیشک میں	حفاظت کرنیوالا	علم والا	اور اسی طرح	ہم نے قدرت دی	یوسف کو	زمین میں (ملک پر)

مُلک کے خزانوں پر، بیشک میں حفاظت کرنے والا علم والا ہوں۔ اور اسی طرح ہم نے یوسفؑ کو مُلک پر قدرت دی،

يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ۭ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ

يَتَبَوَّاُ	مِنْهَا	حَيْثُ	يَشَآءُ	نُصِيْبُ	بِرَحْمَتِنَا	مَنْ نَّشَآءُ	وَ	لَا نُضِيْعُ	اَجْرَ
وہ رہتے	اس سے (میں)	جہاں	چاہتے وہ	ہم پہنچا دیتے ہیں	اپنی رحمت سے	جس کو ہم چاہتے ہیں	اور	ہم ضائع نہیں کرتے	بدلہ

وہ اس میں جہاں چاہتے رہتے، ہم جس کو چاہتے ہیں اپنی رحمت پہنچا دیتے ہیں، اور ہم بدلہ ضائع نہیں کرتے

الْمُحْسِنِيْنَ ۝۵۶ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝۵۷ ع ۷ ۸ ۱

الْمُحْسِنِيْنَ	وَ	لَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ	خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَكَانُوْا	يَتَّقُوْنَ
نیکی کرنے والے	اور	آخرت کا بدلہ البتہ	بہتر	انکے لئے جو	ایمان لائے	اور تھے وہ	پرہیزگاری کرتے

نیکی کرنے والوں کا۔ اور جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے رہے، ان کے لئے آخرت کا بدلہ بہتر ہے۔

وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا

وَجَآءَ	اِخْوَةُ	يُوْسُفَ	فَدَخَلُوْا	عَلَيْهِ	فَعَرَفَهُمْ	وَهُمْ	لَهٗ	مُنْكِرُوْنَ	وَلَمَّا
اور آئے	بھائی	یوسفؑ	پس وہ داخل ہوئے	اس کے پاس	تو اس نے انہیں پہچان لیا	اور وہ	اس کو	وہ نہ پہچانے	اور جب

اور یوسف کے بھائی آئے، پس وہ اس کے پاس داخل ہوئے، تو اُس نے انہیں پہچان لیا اور وہ اس کو نہ پہچانے ۔ اور جب

جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ

جَهَّزَهُمْ	بِجَهَازِهِمْ	قَالَ	ائْتُوْنِيْ	بِاَخٍ	لَّكُمْ	مِّنْ اَبِيْكُمْ	اَلَا تَرَوْنَ	اَنِّيْٓ
جب انہیں تیار کر دیا	ان کا سامان	کہا اس نے	لاؤ میرے پاس	بھائی	تمہارا (اپنا)	تمہارے باپ سے	کیا تم نہیں دیکھتے	کہ میں

ان کا سامان انہیں تیار کر دیا تو کہا اپنے بھائی کو میرے پاس لاؤ جو تمہارے باپ (کی طرف) سے ہے، کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں

اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۵۹﴾ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ

اُوْفِي	الْكَيْلَ	وَاَنَا	خَيْرُ	الْمُنْزِلِيْنَ	فَاِنْ	لَّمْ تَاْتُوْنِيْ	بِهٖ	فَلَا كَيْلَ	لَكُمْ
پورا کرتا ہوں	پیمانہ	اور میں	بہترین	اتارنے والا (مہمان نواز)	پھر اگر	میرے پاس نہ لائے	اس کو	تو کوئی ناپ نہیں	تمہارے لئے

پیمانہ پورا (بھر) کر دیتا ہوں اور میں بہترین مہمان نواز ہوں ۔ پھر اگر تم اس کو میرے پاس نہ لائے تو تمہارے لئے کوئی ناپ (غلہ) نہیں

عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَ

عِنْدِيْ	وَلَا تَقْرَبُوْنِ	قَالُوْا	سَنُرَاوِدُ	عَنْهُ	اَبَاهُ	وَاِنَّا	لَفٰعِلُوْنَ	وَ
میرے پاس	اور نہ آنا میرے پاس	وہ بولے	ہم خواہش کریں گے	اس کے متعلق	اس کا باپ	اور ہم	ضرور کرنے والے ہیں (کرنا ہے)	اور

میرے پاس، اور نہ میرے پاس آنا ۔ وہ بولے ہم اس کے متعلق اس کے باپ سے خواہش کریں گے اور ہمیں (یہ کام) ضرور کرنا ہے ۔ اور

قَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا

قَالَ	لِفِتْيٰنِهِ	اجْعَلُوْا	بِضَاعَتَهُمْ	فِيْ رِحَالِهِمْ	لَعَلَّهُمْ	يَعْرِفُوْنَهَآ	اِذَا انْقَلَبُوْٓا
اس نے کہا	اپنے خدمتگاروں کو	اور تم رکھ دو	ان کی پونجی	ان کے بوروں میں	شاید وہ	اس کو معلوم کر لیں	جب وہ لوٹیں

اس نے اپنے خدمتگاروں کو کہا ان کی پونجی (غلہ کی قیمت) ان کے بوروں میں رکھ دو، شاید وہ اس کو معلوم کر لیں جب وہ لوٹیں

اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۲﴾ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا

اِلٰٓى	اَهْلِهِمْ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	فَلَمَّا	رَجَعُوْٓا	اِلٰٓى	اَبِيْهِمْ	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا
طرف	اپنے لوگ	شاید وہ	پھر آجائیں	پس جب	وہ لوٹے	طرف	اپنا باپ	وہ بولے	اے ہمارے ابّا

اپنے لوگوں کی طرف، شاید وہ پھر آجائیں ۔ پس جب وہ اپنے باپ کی طرف لوٹے، بولے اے ہمارے ابّا!

مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۶۳﴾ قَالَ

مُنِعَ	مِنَّا	الْكَيْلُ	فَاَرْسِلْ	مَعَنَآ	اَخَانَا	نَكْتَلْ	وَاِنَّا	لَهٗ	لَحٰفِظُوْنَ	قَالَ
روک دیا گیا	ہم سے	ناپ	پس بھیجدیں	ہمارے ساتھ	ہمارا بھائی	ناپ (غلہ) لائیں	اور بیشک ہم	اس کے	نگہبان ہیں	اس نے کہا

ہم سے ناپ (غلہ) روک دیا گیا، پس ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو بھیجدیں کہ ہم غلہ لائیں، اور بیشک ہم اس کے نگہبان ہیں - اس نے کہا

هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪

هَلْ اٰمَنُكُمْ	عَلَيْهِ	اِلَّا	كَمَآ	اَمِنْتُكُمْ	عَلٰٓى اَخِيْهِ	مِنْ قَبْلُ	فَاللّٰهُ	خَيْرٌ	حٰفِظًا
کیا میں تمہارا اعتبار کروں	اس کے متعلق	مگر	جیسے	میں نے تمہارا اعتبار کیا	اس کے بھائی کے متعلق	اس سے پہلے	سو اللہ	بہتر	نگہبان

میں اس کے متعلق تمہارا کیا اعتبار کروں مگر جیسے اس سے پہلے میں نے اس کے بھائی کے متعلق تمہارا اعتبار کیا، سو اللہ بہتر نگہبان ہے،

وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ

وَهُوَ	اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ	وَلَمَّا	فَتَحُوْا	مَتَاعَهُمْ	وَجَدُوْا	بِضَاعَتَهُمْ	رُدَّتْ
اور وہ	تمام مہربانوں سے بڑا مہربانی کرنیوالا ہے	اور جب	انہوں نے کھولا	اپنا سامان	انہوں نے پائی	اپنی پونجی	واپس کردی گئی

اور وہ تمام مہربانوں سے بڑا مہربانی کرنے والا ہے - اور جب انہوں نے اپنا سامان کھولا تو انہوں نے اپنی پونجی پائی جو واپس کردی گئی تھی

اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَ

اِلَيْهِمْ	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا	مَا نَبْغِيْ	هٰذِهٖ	بِضَاعَتُنَا	رُدَّتْ	اِلَيْنَا	وَنَمِيْرُ	اَهْلَنَا وَ
ان کی طرف (انہیں)	بولے	اے ہمارے ابّا	کیا چاہتے ہیں ہم	یہ	ہماری پونجی	لوٹادی گئی	ہماری طرف	اور ہم غلہ لائینگے	اپنے گھر اور

انہیں، بولے، اے ہمارے ابّا! (اور) ہم کیا چاہتے ہیں؟ یہ ہماری پونجی ہے، ہمیں لوٹادی گئی ہے، اور ہم اپنے گھر غلہ لائیں گے اور

نَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿۶۵﴾ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ

نَحْفَظُ	اَخَانَا	وَنَزْدَادُ	كَيْلَ	بَعِيْرٍ	ذٰلِكَ	كَيْلٌ	يَّسِيْرٌ	قَالَ	لَنْ اُرْسِلَهٗ
ہم حفاظت کرینگے	اپنا بھائی	اور زیادہ لیں گے	بوجھ	ایک اونٹ	یہ	بوجھ (غلہ)	آسان (تھوڑا)	اس نے کہا	ہرگز نہ بھیجوں گا اسے

ہم اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے، اور ایک اونٹ کا بوجھ زیادہ لیں گے، یہ (جو ہم لائے ہیں) تھوڑا غلہ ہے - اس نے کہا میں اسے ہرگز نہ بھیجوں گا

مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّا

مَعَكُمْ	حَتّٰى	تُؤْتُوْنِ	مَوْثِقًا	مِنَ	اللّٰهِ	لَتَاْتُنَّنِيْ	بِهٖٓ	اِلَّآ	اَنْ	يُّحَاطَ	بِكُمْ	فَلَمَّا
تمہارے ساتھ	یہانتک	تم دو مجھے	پختہ عہد	سے (کا)	اللہ	تم لے آؤ گے ضرور میرے پاس اسکو		مگر	یہ کہ	گھیر لیا جائے	تمہیں	پھر جب

تمہارے ساتھ، یہانتک کہ تم مجھے اللہ کا پختہ عہد دو کہ تم اسے میرے پاس ضرور لے کر آؤ گے، مگر یہ کہ تمہیں گھیر لیا جائے، پھر جب

اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿٦٦﴾ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا

اٰتَوْهُ	مَوْثِقَهُمْ	قَالَ	اللّٰهُ	عَلٰى	مَا نَقُوْلُ	وَكِيْلٌ	وَقَالَ	يٰبَنِيَّ	لَا تَدْخُلُوْا
انہوں نے اسے دیا	اپنا پختہ عہد	کہا اس نے	اللہ	پر	جو ہم کہتے ہیں	نگہبان (ضامن)	اور اس نے کہا	اے میرے بیٹو	تم نہ داخل ہونا

انہوں نے اسے (یعقوبؑ کو) پختہ عہد دیا، اس نے کہا جو ہم کہہ رہے ہیں اس پر اللہ ضامن ہے۔ اور کہا اے میرے بیٹو! تم سب داخل نہ ہونا

مِنْ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ

مِنْ	بَابٍ وَّاحِدٍ	وَادْخُلُوْا	مِنْ	اَبْوَابٍ	مُّتَفَرِّقَةٍ	وَمَآ اُغْنِيْ	عَنْكُمْ
سے	ایک دروازہ	اور داخل ہونا	سے	دروازے	جُدا جُدا	اور میں نہیں بچا سکتا	تم سے (کو)

ایک (ہی) دروازہ سے، (بلکہ) جُدا جُدا دروازوں سے داخل ہونا اور میں تمہیں بچا نہیں سکتا

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

مِنَ	اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	اِنِ	الْحُكْمُ	اِلَّا	لِلّٰهِ	عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَعَلَيْهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ
سے (کی)	اللہ	کسی چیز (بات) سے	نہیں	حکم	سوا	اللہ کا	اس پر	میں نے بھروسہ کیا	اور اس پر	پس چاہیئے بھروسہ کریں

اللہ کی کسی بات سے، اللہ کے سوا کسی کا حکم نہیں، اس پر میں نے بھروسہ کیا، پس چاہیئے اس پر بھروسہ کریں

الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ

الْمُتَوَكِّلُوْنَ	وَلَمَّا	دَخَلُوْا	مِنْ حَيْثُ	اَمَرَهُمْ	اَبُوْهُمْ	مَا كَانَ	يُغْنِيْ	عَنْهُمْ
بھروسہ کرنے والے	اور جب	وہ داخل ہوئے	جہاں سے	انہیں حکم دیا	ان کا باپ	نہیں تھا	وہ بچا سکتا	ان سے (انہیں)

بھروسہ کرنے والے۔ اور جب وہ داخل ہوئے جہاں سے انہیں ان کے باپ نے حکم دیا تھا، وہ انہیں نہیں بچا سکتا تھا

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ

مِنَ	اللّٰهِ	مِنْ	شَيْءٍ	اِلَّا	حَاجَةً	فِيْ	نَفْسِ	يَعْقُوْبَ	قَضٰىهَا	وَاِنَّهٗ	لَذُوْ عِلْمٍ
سے (کی)	اللہ	سے	کسی چیز (بات)	مگر	ایک خواہش	میں	دل	یعقوبؑ	وہ اسے پوری کر لی	اور بیشک وہ	صاحبِ علم

اللہ کی کسی بات سے، مگر یعقوبؑ کے دل میں ایک خواہش تھی سو وہ اس نے پوری کر لی، اور بیشک وہ صاحب علم تھا

لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ

لِمَا	عَلَّمْنٰهُ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَلَمَّا	دَخَلُوْا	عَلٰى يُوْسُفَ
اس کا جو	ہم نے اسے سکھایا	اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں جانتے	اور جب	وہ داخل ہوئے	یوسفؑ کے پاس

اس کا جو ہم نے اسے سکھایا تھا، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور جب وہ یوسف کے پاس داخل ہوئے

ع ۸ ۱۱ ۲

اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾

اٰوٰى	اِلَيْهِ	اَخَاهُ	قَالَ	اِنِّيْٓ	اَنَا اَخُوْكَ	فَلَا تَبْتَىِٕسْ	بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ
اس نے جگہ دی	اپنے پاس	اپنا بھائی	اس نے کہا	بیشک میں	میں تیرا بھائی	سو تو غمگین نہ ہو	اس پر جو وہ کرتے تھے

اس نے اپنے بھائی کو اپنے پاس جگہ دی، کہا بیشک میں تیرا بھائی ہوں، جو وہ کرتے تھے تو اس پر غمگین نہ ہو۔

فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ

فَلَمَّا	جَهَّزَهُمْ	بِجَهَازِهِمْ	جَعَلَ	السِّقَايَةَ	فِيْ	رَحْلِ	اَخِيْهِ	ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ
پھر جب	انہیں تیار کر دیا	ان کا سامان	رکھ دیا	پینے کا پیالہ	میں	سامان	اپنا بھائی	پھر اعلان کیا منادی کرنے والا

پھر جب اس نے ان کا سامان تیار کر دیا اپنے بھائی کے سامان میں (پانی) پینے کا پیالہ رکھ دیا، پھر ایک منادی کرنے والے نے اعلان کیا

اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ قَالُوْا

اَيَّتُهَا	الْعِيْرُ	اِنَّكُمْ	لَسٰرِقُوْنَ	قَالُوْا	وَاَقْبَلُوْا	عَلَيْهِمْ	مَاذَا	تَفْقِدُوْنَ	قَالُوْا
اے قافلے والو	بیشک تم	البتہ چور ہو	وہ بولے	اور انہوں نے منہ کیا	ان کی طرف	کیا ہے جو	تم گم کر بیٹھے	انہوں نے کہا

اے قافلے والو! تم البتہ چور ہو۔ وہ ان کی طرف منہ کر کے بولے، کیا ہے جو تم گم کر بیٹھے ہو؟ انہوں نے کہا

نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْا

نَفْقِدُ	صُوَاعَ	الْمَلِكِ	وَلِمَنْ	جَآءَ بِهٖ	حِمْلُ	بَعِيْرٍ	وَّاَنَا	بِهٖ	زَعِيْمٌ	قَالُوْا
ہم گم کر بیٹھے (نہیں پاتے)	پیمانہ	بادشاہ	اور اس کے لئے	جو وہ لائے	بوجھ	ایک اونٹ	اور میں	اس کا	ضامن	وہ بولے

ہم بادشاہ کا پیمانہ نہیں پاتے، اور جو کوئی وہ لائے گا اسکے لئے ایک اونٹ کا بوجھ (بارِ شتر ملے گا) اور میں اس کا ضامن ہوں۔ وہ بولے

تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوْا

تَاللّٰهِ	لَقَدْ عَلِمْتُمْ	مَا جِئْنَا	لِنُفْسِدَ	فِي الْاَرْضِ	وَمَا كُنَّا	سٰرِقِيْنَ	قَالُوْا
اللہ کی قسم	تم خوب جانتے ہو	ہم نہیں آئے	کہ ہم فساد کریں	(زمین (ملک) میں	اور ہم نہیں	چور (جمع)	انہوں نے کہا

اللہ کی قسم! تم خوب جانتے ہو ہم (اس لئے) نہیں آئے کہ ملک میں فساد کریں، اور ہم چور نہیں۔ انہوں نے کہا

فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ

فَمَا	جَزَآؤُهٗ	اِنْ	كُنْتُمْ	كٰذِبِيْنَ	قَالُوْا	جَزَآؤُهٗ	مَنْ وُّجِدَ
پھر کیا	سزا اس کی	اگر	تم ہو	جھوٹے	کہنے لگے	اس کی سزا	جو۔ جس پایا جائے

اگر تم جھوٹے ہو (جھوٹے نکلے)، پھر اس کی کیا سزا ہے؟ کہنے لگے اس کی سزا یہ ہے کہ پایا جائے جس کے

فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ

فِيْ رَحْلِهٖ	فَهُوَ	جَزَآؤُهٗ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الظّٰلِمِيْنَ	فَبَدَاَ	بِاَوْعِيَتِهِمْ
اس کے سامان میں	پس وہی	اس کا بدلہ	اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	ظالموں کو	پس شروع کیا	انکی خرجیوں (بوروں) سے

سامان میں پس وہی ہے اس کا بدلہ' اسی طرح ہم ظالموں کو سزا دیتے ہیں۔ پس اُن کی بوروں سے (تلاش کرنا) شروع کیا

قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ

قَبْلَ	وِعَآءِ	اَخِيْهِ	ثُمَّ	اسْتَخْرَجَهَا	مِنْ	وِعَآءِ	اَخِيْهِ	كَذٰلِكَ	كِدْنَا	لِيُوْسُفَ
پہلے	خرجی (بورا)	اپنا بھائی	پھر	اس کو نکالا	سے	بورا	اپنا بھائی	اسی طرح	ہم نے تدبیر کی	یوسف کے لئے

اپنے بھائی کے بورے سے پہلے' پھر اس کو اپنے بھائی کے بورے سے نکال لیا۔ اسی طرح ہم نے یوسفؑ کیلئے تدبیر کی

مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ

مَا كَانَ	لِيَاْخُذَ	اَخَاهُ	فِيْ	دِيْنِ الْمَلِكِ	اِلَّاۤ	اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ	نَرْفَعُ	دَرَجٰتٍ
نہ تھا	وہ لے سکتا	اپنا بھائی	میں	بادشاہ کا دین	مگر	یہ کہ	اللہ چاہے	ہم بلند کرتے ہیں	درجے

وہ بادشاہ کے دین میں (قانون کے مطابق) اپنے بھائی کو نہ لے سکتا تھا مگر یہ کہ اللہ چاہے (اللہ کی مشیت ہو) ہم درجے بلند کرتے ہیں

مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾ قَالُوْۤا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ

مَنْ	نَشَآءُ	وَفَوْقَ	كُلِّ	ذِيْ عِلْمٍ	عَلِيْمٌ	قَالُوْۤا	اِنْ	يَسْرِقْ	فَقَدْ سَرَقَ
جو جس	چاہیں ہم	اور اوپر	ہر	صاحبِ علم	ایک علم والا	بولے	اگر	اس نے چُرایا	تو چوری کی تھی

جس کے ہم چاہیں، اور ہر صاحبِ علم کے اوپر ایک علم والا ہے۔ بولے اگر اس نے چُرایا تو چوری کی تھی

اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ

اَخٌ لَّهٗ	مِنْ قَبْلُ	فَاَسَرَّهَا	يُوْسُفُ	فِيْ نَفْسِهٖ	وَلَمْ يُبْدِهَا	لَهُمْ	قَالَ	اَنْتُمْ
اس کا بھائی	اس سے قبل	پس اسے چھپایا	یوسفؑ	اپنے دل میں	اور وہ ظاہر نہ کیا	اُن پر	کہا	تم

اس سے قبل اس کے بھائی تے، پس یوسفؑ نے (اس بات کو) اپنے دل میں چھپایا اور ان پر ظاہر نہ کیا، کہا تم

شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗۤ اَبًا

شَرٌّ	مَّكَانًا	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا تَصِفُوْنَ	قَالُوْا	يٰۤاَيُّهَا	الْعَزِيْزُ	اِنَّ	لَهٗۤ	اَبًا
بدتر	درجہ میں	اور اللہ	خوب جانتا ہے	جو تم بیان کرتے ہو	کہنے لگے	اے	عزیز	بیشک	اس کا	باپ

بدتر درجہ میں ہو اور تم جو بیان کرتے ہو اللہ خوب جانتا ہے۔ کہنے لگے، اے عزیز! بیشک اس کا باپ

شَيْخًا كَبِيرًا فَخُذْ أَحَدَنَا مَكَانَهُ ۚ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٧٨﴾ قَالَ

شَيْخًا	كَبِيرًا	فَخُذْ	أَحَدَنَا	مَكَانَهُ	إِنَّا نَرَاكَ	مِنَ	الْمُحْسِنِينَ	قَالَ
بوڑھا	بڑی عمر کا	پس لے (رکھ لے)	ہم میں سے ایک	اس کی جگہ	ہم دیکھتے ہیں بیشک تجھے	سے	احسان کرنے والے	اس نے کہا

بڑی عمر کا بوڑھا ہے، پس اس کی جگہ ہم میں سے ایک کو رکھ لے، ہم دیکھتے ہیں کہ تو احسان کرنیوالوں میں سے ہے۔ اس نے کہا

۹ ع ۱۱ ۳

مَعَاذَ اللَّهِ أَنْ نَأْخُذَ إِلَّا مَنْ وَجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهُ ۖ إِنَّا إِذًا لَظَالِمُونَ ﴿٧٩﴾

مَعَاذَ اللَّهِ	أَنْ	نَأْخُذَ	إِلَّا	مَنْ	وَجَدْنَا	مَتَاعَنَا	عِنْدَهُ	إِنَّا إِذًا	لَظَالِمُونَ
اللہ کی پناہ	کہ	ہم پکڑیں	سوا	جس کو	ہم نے پایا	اپنا سامان	اس کے پاس	بیشک ہم جب	البتہ ظالموں سے

اللہ کی پناہ کہ اس کے سوا ہم (کسی اور) کو پکڑیں جس کے پاس ہم نے اپنا سامان پایا (اس صورت میں) ہم ظالموں سے ہوں گے۔

فَلَمَّا اسْتَيْأَسُوا مِنْهُ خَلَصُوا نَجِيًّا ۖ قَالَ كَبِيرُهُمْ أَلَمْ تَعْلَمُوا أَنَّ أَبَاكُمْ

فَلَمَّا	اسْتَيْأَسُوا	مِنْهُ	خَلَصُوا	نَجِيًّا	قَالَ	كَبِيرُهُمْ	أَلَمْ تَعْلَمُوا	أَنَّ	أَبَاكُمْ
پھر جب	وہ مایوس ہو گئے	اس سے	اکیلے ہو بیٹھے	مشورہ کیا	کہا	ان کا بڑا	کیا تم نہیں جانتے	کہ	تمہارا باپ

پھر جب وہ اس سے مایوس ہو گئے تو مشورہ کرنے کے لئے اکیلے ہو بیٹھے، انکے بڑے (بھائی) نے کہا، کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے باپ نے

قَدْ أَخَذَ عَلَيْكُمْ مَوْثِقًا مِنَ اللَّهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُمْ فِي يُوسُفَ ۖ فَلَنْ

قَدْ أَخَذَ	عَلَيْكُمْ	مَوْثِقًا	مِنَ	اللَّهِ	وَ	مِنْ قَبْلُ	مَا فَرَّطْتُمْ	فِي	يُوسُفَ	فَلَنْ
لیا ہے	تم سے	پختہ عہد	سے (کہ)	اللہ	اور	اس سے قبل	جو تقصیر کی تم نے	بارہ میں	یوسفؑ	پس ہرگز نہ

تم سے اللہ کا پختہ عہد لیا، اور اس سے قبل تم نے یوسفؑ کے بارہ میں تقصیر کی، پس میں ہرگز نہ

أَبْرَحَ الْأَرْضَ حَتَّىٰ يَأْذَنَ لِي أَبِي أَوْ يَحْكُمَ اللَّهُ لِي ۖ وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ ﴿٨٠﴾

أَبْرَحَ	الْأَرْضَ	حَتَّىٰ	يَأْذَنَ	لِي	أَبِي	أَوْ	يَحْكُمَ اللَّهُ لِي	وَهُوَ	خَيْرُ الْحَاكِمِينَ
ٹلوں گا	زمین	یہاں تک	اجازت دے	مجھے	میرا باپ	یا	حکم دے (تدبیر نکالے اللہ) میرے لئے	اور وہ	سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا

ٹلوں گا زمین سے (یہاں سے)، یہانتک کہ میرا باپ مجھے اجازت دے یا میرا اللہ میرے لئے کوئی تدبیر نکالے، اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنیوالا ہے۔

ارْجِعُوا إِلَىٰ أَبِيكُمْ فَقُولُوا يَا أَبَانَا إِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۖ وَمَا شَهِدْنَا إِلَّا بِمَا

ارْجِعُوا	إِلَىٰ	أَبِيكُمْ	فَقُولُوا	يَا أَبَانَا	إِنَّ	ابْنَكَ	سَرَقَ	وَمَا شَهِدْنَا	إِلَّا	بِمَا
لوٹ جاؤ تم	طرف (پاس)	اپنا باپ	پس کہو	اے ہمارے باپ	بیشک	تمہارا بیٹا	چوری کی	اور نہیں گواہی دی ہم نے	مگر	جو

اپنے باپ کے پاس لوٹ جاؤ، پس کہو اے ہمارے باپ! تمہارے بیٹے نے چوری کی اور ہم نے گواہی نہیں دی تھی (صرف وہی کہا تھا) جو

عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَ

عَلِمْنَا	وَمَا كُنَّا	لِلْغَيْبِ	حٰفِظِيْنَ	وَسْـَٔلِ	الْقَرْيَةَ	الَّتِيْ	كُنَّا	فِيْهَا	وَ
ہمیں معلوم تھا	اور ہم نہ تھے	غیب کے	نگہبان	اور پوچھ لیں آپ	بستی	جو جس	ہم تھے	اس میں	اور

ہمیں معلوم تھا، اور ہم غیب کے نگہبان (یا خبر) نہ تھے۔ اور پوچھ لیں اس بستی سے جس میں ہم تھے، اور

الْعِيْرَ الَّتِيْ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ؕ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ

الْعِيْرَ	الَّتِيْ	اَقْبَلْنَا	فِيْهَا	وَاِنَّا	لَصٰدِقُوْنَ	قَالَ	بَلْ	سَوَّلَتْ	لَكُمْ	اَنْفُسُكُمْ
قافلہ	جو۔جس	ہم آئے	اس میں	اور بیشک ہم	سچے	اس نے کہا	بلکہ	بنالی ہے	تمہارے لئے	تمہارا دل

اس قافلے سے جس میں ہم آئے ہیں، اور بیشک ہم سچے ہیں۔ اس نے کہا (نہیں) بلکہ تمہارے دل نے بنالی ہے

اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

اَمْرًا	فَصَبْرٌ	جَمِيْلٌ	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ يَّاْتِيَنِيْ	بِهِمْ	جَمِيْعًا	اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَلِيْمُ
ایک بات	پس صبر	اچھا	شاید	اللہ	کہ میرے پاس لے آئے	انہیں	سب کو	بیشک وہ	وہ	جاننے والا

ایک بات، پس صبر ہی اچھا ہے، شاید اللہ ان سب کو میرے پاس لے آئے، بیشک وہ جاننے والا ہے،

الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰۤاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ

الْحَكِيْمُ	وَتَوَلّٰى	عَنْهُمْ	وَقَالَ	يٰۤاَسَفٰى	عَلٰى	يُوْسُفَ	وَابْيَضَّتْ	عَيْنٰهُ
حکمت والا	اور منہ پھیر لیا	ان سے	اور کہا	ہائے افسوس	پر	یوسفؑ	اور سفید ہوگئیں	اس کی آنکھیں

حکمت والا ہے۔ اور ان سے منہ پھیر لیا اور کہا ہائے افسوس! یوسفؑ پر، اور اس کی آنکھیں سفید ہوگئیں

مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ

مِنَ	الْحُزْنِ	فَهُوَ	كَظِيْمٌ	قَالُوْا	تَاللّٰهِ	تَفْتَؤُا	تَذْكُرُ	يُوْسُفَ	حَتّٰى	تَكُوْنَ
سے	غم	پس وہ	گھونٹ رہا تھا	وہ بولے	اللہ کی قسم	تو ہمیشہ رہے گا	یاد کرتا	یوسفؑ	یہاں تک کہ	تم ہو جاؤ

غم سے، پس وہ گھونٹ رہا تھا (غم ضبط کر رہا تھا)۔ وہ بولے اللہ کی قسم! تم ہمیشہ یوسفؑ کو یاد کرتے رہو گے یہاں تک کہ تم ہو جاؤ

حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾ قَالَ اِنَّمَاۤ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْۤ

حَرَضًا	اَوْ تَكُوْنَ	مِنَ	الْهٰلِكِيْنَ	قَالَ	اِنَّمَاۤ	اَشْكُوْا	بَثِّيْ	وَحُزْنِيْۤ
بیمار	یا ہو جاؤ	سے	ہلاک ہونے والے	اس نے کہا	میں تو صرف	بیان کرتا ہوں	اپنی بیقراری	اور اپنا غم

بیمار یا ہلاک ہو جاؤ۔ اس نے کہا میں تو اپنی بے قراری اور اپنا غم بیان کرتا ہوں

إِلَى اللّٰهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿۸۶﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوا فَتَحَسَّسُوا

إِلَى	اللّٰهِ	وَأَعْلَمُ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُونَ	يٰبَنِيَّ	اذْهَبُوا	فَتَحَسَّسُوا
طرف سامنے	اللہ	اور جانتا ہوں	سے	اللہ	جو	تم نہیں جانتے	اے میرے بیٹو	تم جاؤ	پس کھوج نکالو

صرف اللہ کے سامنے اور اللہ (کی طرف) سے جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے - اے میرے بیٹو! تم جاؤ پس کھوج نکالو

مِنْ يُوسُفَ وَأَخِيهِ وَلَا تَايْـَٔسُوا مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ ۖ إِنَّهُ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ

مِنْ	يُوسُفَ	وَأَخِيهِ	وَلَا تَايْـَٔسُوا	مِنْ	رَوْحِ اللّٰهِ	إِنَّهُ	لَا يَايْـَٔسُ	مِنْ	رَوْحِ اللّٰهِ
سے (کا)	یوسفؑ	اور اس کا بھائی	اور نہ مایوس ہو	سے	اللہ کی رحمت	بیشک وہ	مایوس نہیں ہوتے	سے	اللہ کی رحمت

یوسفؑ کا اور اس کے بھائی کا، اور اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بیشک اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوتے

إِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُونَ ﴿۸۷﴾ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَيْهِ قَالُوا يٰٓأَيُّهَا الْعَزِيزُ مَسَّنَا وَأَهْلَنَا

إِلَّا	الْقَوْمُ	الْكٰفِرُونَ	فَلَمَّا	دَخَلُوا	عَلَيْهِ	قَالُوا	يٰٓأَيُّهَا	الْعَزِيزُ	مَسَّنَا	وَأَهْلَنَا
مگر	لوگ	کافر (جمع)	پھر جب	وہ داخل ہوئے	اس پر۔ سامنے	انہوں نے کہا	اے	عزیز	ہمیں پہنچی	اور ہمارے گھر

مگر کافر لوگ - پھر جب وہ اس کے سامنے داخل ہوئے انہوں نے کہا اے عزیز! ہمیں اور ہمارے گھر کو پہنچی ہے

الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَأَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۖ إِنَّ اللّٰهَ

الضُّرُّ	وَجِئْنَا	بِبِضَاعَةٍ	مُّزْجٰىةٍ	فَأَوْفِ	لَنَا	الْكَيْلَ	وَتَصَدَّقْ	عَلَيْنَا	إِنَّ اللّٰهَ
سختی	اور ہم آئے	پونجی کے ساتھ (لے کر)	نکمی (ناقص)	پس پوری دیں	ہمیں	ناپ (غلہ)	صدقہ کریں	ہم پر (ہمیں)	بیشک اللہ

سختی، اور ہم ناقص پونجی لے کر آئے ہیں، ہمیں پورا ناپ (غلہ) دیں، اور ہم پر صدقہ کریں، بیشک اللہ

يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِينَ ﴿۸۸﴾ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوسُفَ وَأَخِيهِ

يَجْزِي	الْمُتَصَدِّقِينَ	قَالَ	هَلْ عَلِمْتُمْ	مَّا فَعَلْتُمْ	بِيُوسُفَ	وَأَخِيهِ
جزا دیتا ہے	صدقہ کرنے والے	کہا	کیا تمہیں خبر ہے	کیا تم نے کیا ہے؟	یوسفؑ کے ساتھ	اور اس کا بھائی

صدقہ کرنے والوں کو جزا دیتا ہے - (یوسفؑ نے) کہا کیا تمہیں خبر ہے؟ تم نے یوسفؑ اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا (سلوک) کیا؟

إِذْ أَنْتُمْ جٰهِلُونَ ﴿۸۹﴾ قَالُوا أَءِنَّكَ لَأَنْتَ يُوسُفُ ۖ قَالَ أَنَا يُوسُفُ وَهٰذَا

إِذْ أَنْتُمْ	جٰهِلُونَ	قَالُوا	أَءِنَّكَ	لَأَنْتَ	يُوسُفُ	قَالَ	أَنَا يُوسُفُ	وَهٰذَا
جب تم	نادان	وہ بولے	کیا تم ہی	تم ہی	یوسفؑ	اس نے کہا	میں یوسفؑ	اور یہ

جب تم نادان تھے - وہ بولے کیا تم ہی یوسفؑ ہو؟ اس نے کہا میں یوسف ہوں اور یہ

اَخِیْ ز قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَیْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ یَّتَّقِ وَ یَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ

اَخِیْ	قَدْ مَنَّ	اللّٰهُ	عَلَیْنَا	اِنَّهٗ	مَنْ یَّتَّقِ	وَ یَصْبِرْ	فَاِنَّ اللّٰهَ	لَا یُضِیْعُ
میرا بھائی	البتہ احسان کیا ہے	اللہ	ہم پر	بیشک وہ	جو ڈرتا ہے	اور صبر کرتا ہے	تو بیشک اللہ	ضائع نہیں کرتا

میرا بھائی ہے، اللہ نے البتہ ہم پر احسان کیا ہے، بیشک جو ڈرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو بیشک اللہ ضائع نہیں کرتا

اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَیْنَا وَ اِنْ كُنَّا

اَجْرَ	الْمُحْسِنِیْنَ	قَالُوْا	تَاللّٰهِ	لَقَدْ اٰثَرَكَ	اللّٰهُ	عَلَیْنَا	وَ اِنْ	كُنَّا
اجر	نیکی کرنے والے	کہنے لگے	اللہ کی قسم	تجھے پسند کیا (فضیلت دی)	اللہ	ہم پر	اور بیشک	ہم تھے

نیکی کرنے والوں کا اجر۔ کہنے لگے اللہ کی قسم! اللہ نے تجھے ہم پر فضیلت دی ہے اور ہم بیشک

لَخٰطِـِٕیْنَ ﴿۹۱﴾ قَالَ لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْكُمُ الْیَوْمَ ؕ یَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۫ وَ هُوَ اَرْحَمُ

لَخٰطِـِٕیْنَ	قَالَ	لَا تَثْرِیْبَ	عَلَیْكُمُ	الْیَوْمَ	یَغْفِرُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	وَ هُوَ	اَرْحَمُ
خطاکار	اس نے کہا	ملامت نہیں	تم پر	آج	بخشے	اللہ	تم کو	اور وہ	سب سے زیادہ مہربان

خطاکار تھے۔ اس نے کہا آج تم پر کوئی ملامت (الزام) نہیں، اللہ تمہیں بخشے، وہ سب سے زیادہ مہربان ہے

الرّٰحِمِیْنَ ﴿۹۲﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِیْصِیْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰی وَجْهِ اَبِیْ یَاْتِ بَصِیْرًا ۚ

الرّٰحِمِیْنَ	اِذْهَبُوْا	بِقَمِیْصِیْ	هٰذَا	فَاَلْقُوْهُ	عَلٰی	وَجْهِ	اَبِیْ	یَاْتِ	بَصِیْرًا
مہربانی کرنے والے	تم جاؤ	میری قمیص لے کر	یہ	پس اس کو ڈالو	پر	چہرہ	میرے باپ	آئے گا	بینا ہو کر

مہربانی کرنے والوں سے۔ تم میری یہ قمیص لے کر جاؤ، پس اس کو میرے باپ کے چہرہ پر ڈالو، وہ بینا ہو جائیں گے؛

ع ۱۰ ۱۴ ۴

وَ اْتُوْنِیْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۹۳﴾ وَ لَمَّا فَصَلَتِ الْعِیْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّیْ

وَ اْتُوْنِیْ	بِاَهْلِكُمْ	اَجْمَعِیْنَ	وَ لَمَّا	فَصَلَتِ	الْعِیْرُ	قَالَ	اَبُوْهُمْ	اِنِّیْ
اور میرے پاس آؤ (لے آؤ)	اپنے گھر والوں کو	تمام (سارے)	اور جب	جُدا جُدا (روانہ ہوا)	قافلہ	کہا	ان کا باپ	بیشک میں

اور میرے پاس اپنے تمام گھر والوں کو لے آؤ۔ اور جب قافلہ روانہ ہوا ان کے باپ نے کہا، بیشک میں

لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ لَوْلَاۤ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ

لَاَجِدُ	رِیْحَ	یُوْسُفَ	لَوْلَاۤ	اَنْ	تُفَنِّدُوْنِ	قَالُوْا	تَاللّٰهِ	اِنَّكَ	لَفِیْ	ضَلٰلِكَ
البتہ پاتا ہوں	ہوا (خوشبو)	یوسف	اگر نہ	کہ	مجھے بہک گیا جانو	وہ کہنے لگے	اللہ کی قسم	بیشک تو	ہیں	اپنا وہم

یوسفؑ کی خوشبو پا رہا ہوں اگر نہ جانو (نہ کہو) کہ بوڑھا بہک گیا ہے۔ وہ کہنے لگے اللہ کی قسم! بیشک تو اپنے

الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ

الْقَدِيْمِ	فَلَمَّآ	اَنْ	جَآءَ	الْبَشِيْرُ	اَلْقٰىهُ	عَلٰى	وَجْهِهٖ	فَارْتَدَّ	بَصِيْرًا
پرانا	پھر جب	کہ	آیا	خوشخبری دینے والا	اس نے وہ (کرتہ) ڈالا	پر	اس کا منہ	تو لوٹ کر ہو گیا	دیکھنے والا

پرانے وہم میں ہے پھر جب خوشخبری دینے والا آیا اور اس نے کرتہ اس کے (یعقوبؑ) منہ پر ڈالا تو وہ لوٹ کر دیکھنے والا (بینا) ہو گیا

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا

قَالَ	اَلَمْ اَقُلْ	لَكُمْ	اِنِّيْٓ اَعْلَمُ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا	اسْتَغْفِرْ لَنَا
بولا	کیا میں نے تمہیں کہا تھا	تم سے	بیشک میں جانتا ہوں	(طرف) سے	اللہ	جو	تم نہیں جانتے	وہ بولے	اے ہمارے باپ	ہمارے لئے بخشش مانگ

بولا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا؟ کہ میں اللہ کی طرف سے جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے - وہ بولے اے ہمارے باپ! ہمارے لئے بخشش مانگیے

ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ

ذُنُوْبَنَآ	اِنَّا	كُنَّا	خٰطِـِٕيْنَ	قَالَ	سَوْفَ	اَسْتَغْفِرُ	لَكُمْ	رَبِّيْ	اِنَّهٗ	هُوَ
ہمارے گناہ	بیشک ہم	تھے	خطاکار (جمع)	اس نے کہا	جلد	میں بخشش مانگوں گا	تمہارے لئے	اپنا رب	بیشک وہ	وہ

ہمارے گناہوں کی، بیشک ہم خطاکار تھے - اس نے کہا میں جلد اپنے رب سے تمہارے گناہوں کی بخشش مانگوں گا، بیشک وہ

الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ

الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	فَلَمَّا	دَخَلُوْا	عَلٰى يُوْسُفَ	اٰوٰٓى	اِلَيْهِ	اَبَوَيْهِ	وَقَالَ
بخشنے والا	نہایت مہربان	پھر جب	وہ داخل ہوئے	یوسفؑ پر (پاس)	اس نے ٹھکانہ دیا	اپنے پاس	اپنے ماں باپ	اور کہا

بخشنے والا نہایت مہربان ہے - پھر جب وہ یوسفؑ کے پاس داخل ہوئے تو اس نے اپنے ماں باپ کو اپنے پاس ٹھکانہ دیا، اور کہا

ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ

ادْخُلُوْا	مِصْرَ	اِنْ	شَاۗءَ اللّٰهُ	اٰمِنِيْنَ	وَرَفَعَ	اَبَوَيْهِ	عَلَى	الْعَرْشِ	وَخَرُّوْا	لَهٗ
تم داخل ہو	مصر	اگر	اللہ نے چاہا	امن (وجمعی) کے ساتھ	اور اونچا بٹھایا	اپنے ماں باپ	پر	تخت	اور وہ گر گئے	اسکے لئے (آگے)

اگر اللہ چاہے تو تم مصر میں (جمعی) کے ساتھ داخل ہو - اور اپنے ماں باپ کو تخت پر اونچا بٹھایا، اور وہ اس کے آگے گر گئے

سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۡ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۭ

سُجَّدًا	وَقَالَ	يٰٓاَبَتِ	هٰذَا	تَاْوِيْلُ	رُءْيَايَ	مِنْ قَبْلُ	قَدْ جَعَلَهَا	رَبِّيْ	حَقًّا
سجدہ میں	اور اس نے کہا	اے میرے ابا	یہ	تعبیر	میرا خواب	اس سے پہلے	اس کو کر دیا	میرا رب	سچا

سجدہ میں اور اس نے کہا اے میرے ابا! یہ ہے میرے اس سے پہلے خواب کی تعبیر، اس کو میرے رب نے سچا کر دیا،

وَقَدْ اَحْسَنَ بِیْٓ اِذْ اَخْرَجَنِیْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ

وَ	قَدْ اَحْسَنَ	بِیْ	اِذْ	اَخْرَجَنِیْ	مِنَ	السِّجْنِ	وَجَآءَ	بِكُمْ	مِّنَ	الْبَدْوِ
اور	بیشک اس نے احسان کیا	مجھ پر	جب	مجھے نکالا	سے	قید خانہ	اور لے آیا	تم سب کو	سے	گاؤں

اور بیشک اس نے مجھ پر احسان کیا جب مجھے قید خانہ سے نکالا، اور تم سب کو گاؤں سے لے آیا

مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّیْطٰنُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اِخْوَتِیْ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ ؕ

مِنْۢ بَعْدِ	اَنْ	نَّزَغَ	الشَّیْطٰنُ	بَیْنِیْ	وَبَیْنَ اِخْوَتِیْ	اِنَّ	رَبِّیْ	لَطِیْفٌ	لِّمَا یَشَآءُ
اس کے بعد	کہ	جھگڑا ڈالدیا	شیطان	میرے درمیان	اور میرے بھائیوں کے درمیان	بیشک	میرا رب	عمدہ تدبیر کرنیوالا	جس کے لئے چاہے

اس کے بعد کہ میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان شیطان نے جھگڑا (فساد) ڈالدیا تھا، بیشک میرا رب جس کے لئے چاہے عمدہ تدبیر کرنیوالا ہے

اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِیْ

اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَلِیْمُ	الْحَكِیْمُ	رَبِّ	قَدْ اٰتَیْتَنِیْ	مِنَ	الْمُلْكِ	وَعَلَّمْتَنِیْ
بیشک وہ	وہ	جاننے والا	حکمت والا	اے میرے رب	تو نے مجھے عطا کیا	سے۔ایک	ملک	اور مجھے سکھایا

بیشک وہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ اے میرے رب! تو نے مجھے ایک ملک عطا کیا اور مجھے سکھایا

مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۫ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَ

مِنْ	تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ	فَاطِرَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اَنْتَ	وَلِیّٖ	فِی الدُّنْیَا	وَ
سے	انجام نکالنا (تعبیر)	باتیں (خواب)	پیدا کرنے والا	آسمان (جمع)	اور زمین	تو	میرا کارساز	دنیا میں	اور

باتوں کا انجام (خوابوں کی تعبیر) نکالنا، اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! تو میرا کارساز ہے دنیا میں، اور

الْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ

الْاٰخِرَةِ	تَوَفَّنِیْ	مُسْلِمًا	وَّاَلْحِقْنِیْ	بِالصّٰلِحِیْنَ	ذٰلِكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ
آخرت	مجھے اٹھا	فرمانبرداری کی حالت میں	اور مجھے ملا	صالح (نیک بندوں) کے ساتھ	یہ	سے	غیب کی خبریں

آخرت میں مجھے (دنیا سے) فرمانبرداری کی حالت میں اٹھانا اور مجھے نیک بندوں کے ساتھ ملانا۔ یہ غیب کی خبروں میں سے ہے

نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ یَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

نُوْحِیْهِ	اِلَیْكَ	وَمَا كُنْتَ	لَدَیْهِمْ	اِذْ	اَجْمَعُوْا	اَمْرَهُمْ	وَهُمْ	یَمْكُرُوْنَ
ہم وہ وحی کرتے ہیں	تمہاری طرف	اور تم نہ تھے	انکے پاس	جب	انہوں نے جمع کیا (پختہ کیا)	اپنا کام	اور وہ	چال چل رہے تھے

جو ہم تمہاری طرف وحی کرتے ہیں اور تم ان کے پاس نہ تھے جب انہوں نے اپنا کام پختہ کیا اور وہ چال چل رہے تھے۔

وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ؕ

وَمَا	اَكْثَرُ النَّاسِ	وَلَوْ	حَرَصْتَ	بِمُؤْمِنِيْنَ	وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ
اور نہیں	اکثر لوگ	اگرچہ	تم چاہو	ایمان لانے والے	اور تم نہیں مانگتے ان سے	اس پر	کوئی اجر

اگرچہ تم (کتنا ہی) چاہو اور اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ۔ اور تم ان سے اس پر کوئی اجر نہیں مانگتے

ع ۱۱ ۱۱ ۵

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ ع وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اِنْ هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	لِّلْعٰلَمِيْنَ	وَ	كَاَيِّنْ	مِنْ اٰيَةٍ	فِى السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
یہ نہیں	مگر	نصیحت	سارے جہانوں کے لئے	اور	کتنی ہی	نشانیاں	آسمانوں میں	اور زمین

یہ (اور کچھ) نہیں، سارے جہانوں کے لئے نصیحت ہے ۔ اور آسمانوں میں اور زمین میں کتنی ہی نشانیاں ہیں

يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ

يَمُرُّوْنَ	عَلَيْهَا	وَهُمْ	عَنْهَا	مُعْرِضُوْنَ	وَمَا يُؤْمِنُ	اَكْثَرُهُمْ	بِاللّٰهِ	اِلَّا	وَهُمْ
وہ گزرتے ہیں	ان پر	لیکن وہ	اس سے	منہ پھیرنے والے	اور ایمان نہیں لاتے	ان میں اکثر	اللہ پر	مگر	اور وہ

وہ اُن پر گزرتے ہیں، لیکن وہ ان سے منہ پھیرنے والے ہیں ۔ اور ان میں سے اکثر اللہ پر ایمان نہیں لاتے مگر وہ

مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ

مُشْرِكُوْنَ	اَفَاَمِنُوْا	اَنْ تَاْتِيَهُمْ	غَاشِيَةٌ	مِنْ	عَذَابِ اللّٰهِ	اَوْ	تَاْتِيَهُمُ
مشرک (جمع)	پس کیا وہ بے خوف ہو گئے	کہ ان پر آئے	چھا جانیوالی (آفت)	سے	اللہ کا عذاب	یا	ان پر آجائے

مشرک ہیں ۔ پس کیا وہ (اس سے) بے خوف ہو گئے کہ ان پر اللہ کے عذاب کی آفت آ جائے، یا اُن پر آ جائے

السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِىْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۛ

السَّاعَةُ	بَغْتَةً	وَّهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	قُلْ	هٰذِهٖ	سَبِيْلِىْٓ	اَدْعُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ
گھڑی (قیامت)	اچانک	اور وہ	انہیں خبر نہ ہو	آپ کہدیں	یہ	میرا راستہ	میں بلاتا ہوں	اللہ کی طرف

اچانک قیامت، اور انہیں خبر (بھی) نہ ہو ۔ آپؐ کہہ دیں یہ میرا راستہ ہے، میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں ۔

عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِىْ ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

عَلٰى بَصِيْرَةٍ	اَنَا	وَمَنِ	اتَّبَعَنِىْ	وَ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	وَمَآ اَنَا	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ
دانائی پر (سمجھ بوجھ کے مطابق)	میں	اور جو۔جس	میری پیروی کی	اور	اللہ پاک ہے	اور میں نہیں	سے	مشرک (جمع)

سمجھ بوجھ کے مطابق، میں (بھی) اور وہ (بھی) جس نے میری پیروی کی، اور اللہ پاک ہے، اور میں مشرکوں میں سے نہیں ۔

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا

وَ	مَآ اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	اِلَّا	رِجَالًا	نُّوْحِيْٓ	اِلَيْهِمْ	مِّنْ	اَهْلِ الْقُرٰى	اَ	فَلَمْ يَسِيْرُوْا
اور	ہم نے نہیں بھیجا	تم سے پہلے	مگر صرف	مرد	ہم وحی بھیجتے تھے	انکی طرف	سے	بستیوں والے	کیا	پس انہوں نے سیر نہیں کی

اور ہم نے تم سے پہلے بستیوں میں رہنے والے لوگوں میں سے صرف مرد (نبی) بھیجے جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے، پس کیا انہوں نے سیر نہیں کی

فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ

فِى الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَ لَدَارُ الْاٰخِرَةِ
زمین (ملک) میں	پس وہ دیکھتے	کیسا کیا	ہوا	انجام	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	اور البتہ آخرت کا گھر

ملک میں؟ کہ وہ دیکھتے ان سے پہلے لوگوں کا انجام کیا ہوا؟ اور البتہ آخرت کا گھر

خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا

خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	حَتّٰٓى	اِذَا	اسْتَيْـَٔسَ	الرُّسُلُ	وَظَنُّوْٓا
بہتر	ان کے لئے جو	انہوں نے پرہیز کیا	پس کیا تم سمجھتے نہیں	یہاں تک	جب	مایوس ہونے لگے	رسول (جمع)	اور انہوں نے گمان کیا

ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جنہوں نے پرہیز کیا، پس کیا تم نہیں سمجھتے؟ یہاں تک کہ (ظاہری اسباب سے) رسول مایوس ہونے لگے اور انہوں نے گمان کیا

اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا

اَنَّهُمْ	قَدْ كُذِبُوْا	جَآءَهُمْ	نَصْرُنَا	فَنُجِّيَ	مَنْ	نَّشَآءُ	وَ	لَا يُرَدُّ	بَاْسُنَا
کہ وہ	ان سے جھوٹ کہا گیا	اُن کے پاس آئی	ہماری مدد	پس بچا دیئے گئے	جنہیں	ہم نے چاہا	اور	نہیں پھیرا جاتا	ہمارا عذاب

کہ ان سے جھوٹ کہا گیا تھا، انکے پاس ہماری مدد آگئی پس جنہیں ہم نے چاہا وہ بچا دیئے گئے اور ہمارا عذاب نہیں پھیرا جاتا

عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدْ كَانَ فِىْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِى الْاَلْبَابِ ؕ

عَنِ	الْقَوْمِ	الْمُجْرِمِيْنَ	لَقَدْ	كَانَ	فِىْ	قَصَصِهِمْ	عِبْرَةٌ	لِّاُولِى الْاَلْبَابِ
سے	قوم	مجرم (جمع)	البتہ	ہے	میں	ان کے قصے	عبرت (نصیحت)	عقلمندوں کے لئے

مجرموں کی قوم سے۔ البتہ ان کے قصوں میں عقلمندوں کے لئے عبرت ہے

مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِىْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ

مَا كَانَ	حَدِيْثًا	يُّفْتَرٰى	وَلٰكِنْ	تَصْدِيْقَ	الَّذِىْ	بَيْنَ يَدَيْهِ	وَتَفْصِيْلَ
نہیں ہے	بات	بنائی ہوئی	اور لیکن (بلکہ)	تصدیق	وہ جو	اس سے (اپنے سے) پہلی	اور تفصیل (بیان)

یہ بنائی ہوئی بات نہیں، بلکہ تصدیق ہے اپنے سے پہلوں کی، اور بیان ہے

۱۲ ع ۷ ۶

كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

كُلِّ	شَيْءٍ	وَهُدًى	وَرَحْمَةً	لِقَوْمٍ	يُؤْمِنُوْنَ
ہر	بات	اور ہدایت	اور رحمت	لوگوں کے لئے	جو ایمان لاتے ہیں

ہر بات کا، اور ہدایت و رحمت ہے ان لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں۔

اٰیاتھا ۴۳ | ۱۳ : سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ : ۹۶ | رکوعاتھا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ۭ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ

الٓمّٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	وَالَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	الْحَقُّ	وَلٰكِنَّ
الف لام میم را	یہ	آیتیں	کتاب	اور وہ جو کہ	اُتارا گیا	تمہاری طرف	تمہارے رب کی طرف سے	حق	اور لیکن (مگر)

الف لام میم را - یہ کتاب (قرآن) کی آیتیں ہیں، اور جو تمہارے رب کی طرف تمہاری طرف اتارا گیا حق ہے ، مگر

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا

اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	رَفَعَ	السَّمٰوٰتِ	بِغَيْرِ عَمَدٍ	تَرَوْنَهَا
اکثر لوگ	ایمان نہیں لاتے	اللہ	وہ جس نے	بلند کیا	آسمان (جمع)	کسی ستون کے بغیر	تم اسے دیکھتے ہو

اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے - اللہ جس نے آسمانوں کو بلند کیا کسی ستون (سہارے) کے بغیر تم دیکھتے ہو اسے

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ

ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ	وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	كُلٌّ	يَّجْرِيْ	لِاَجَلٍ
پھر	قرار پکڑا	عرش پر	اور کام پر لگایا	سورج	اور چاند	ہر ایک	چلتا ہے	ایک مدت

پھر عرش پر قرار پکڑا، اور سورج اور چاند کو مسخر کیا (کام پر لگایا) ہر ایک چلتا ہے ایک مدت

مُّسَمًّى ۭ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَاۗءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ﴿۲﴾

مُسَمًّى	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ	يُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ	بِلِقَاۗءِ	رَبِّكُمْ	تُوْقِنُوْنَ
مقررہ	تدبیر کرتا ہے	کام	وہ بیان کرتا ہے	نشانیاں	تاکہ تم	ملنے کا	اپنا رب	تم یقین کر لو

مقررہ تک، اللہ کام کی تدبیر کرتا ہے، وہ نشانیاں بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے رب سے ملنے کا یقین کر لو۔

وَهُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ

وَهُوَ	الَّذِیْ	مَدَّ	الْاَرْضَ	وَجَعَلَ	فِیْهَا	رَوَاسِیَ	وَاَنْهٰرًا	وَ مِنْ	كُلِّ الثَّمَرٰتِ
اور وہی	وہ جس	پھیلایا	زمین	اور بنایا	اس میں	پہاڑ (جمع)	اور نہریں	اور سے	ہر ایک پھل (جمع)

اور وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا، اور اس میں پہاڑ بنائے اور نہریں (چلائیں) اور ہر قسم کے پھل (پیدا کئے)

جَعَلَ فِیْهَا زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ

جَعَلَ	فِیْهَا	زَوْجَیْنِ	اثْنَیْنِ	یُغْشِی	الَّیْلَ	النَّهَارَ	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ
بنایا	اس میں	جوڑے	دو، دو قسم	وہ ڈھانپتا ہے	رات	دن	بیشک	میں اس	نشانیاں

اور اس میں دو، دو قسم کے (تلخ و شیریں) پھل بنائے، اور وہ دن کو رات سے ڈھانپتا ہے، بیشک اس میں نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۳ وَفِی الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ

لِقَوْمٍ	یَتَفَكَّرُوْنَ	وَ	فِی الْاَرْضِ	قِطَعٌ	مُتَجٰوِرٰتٌ	وَجَنّٰتٌ	مِنْ	اَعْنَابٍ
لوگوں کے لئے	جو غور و فکر کرتے ہیں	اور	میں	زمین	قطعات	پاس پاس	اور باغات	سے۔ کے	انگور (جمع)

غور و فکر کرنے والے لوگوں کے لئے۔ اور زمین میں پاس پاس قطعات ہیں، اور باغات ہیں انگوروں کے،

وَّزَرْعٌ وَّنَخِیْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَیْرُ صِنْوَانٍ یُّسْقٰی بِمَآءٍ وَّاحِدٍ ۫ وَنُفَضِّلُ

وَزَرْعٌ	وَنَخِیْلٌ	صِنْوَانٌ	وَغَیْرُ	صِنْوَانٍ	یُسْقٰی	بِمَآءٍ	وَاحِدٍ	وَنُفَضِّلُ
اور کھیتیاں	اور کھجور	ایک جڑ سے دو شاخ والی	اور بغیر	دو شاخوں والی	سیراب کیا جاتا ہے	پانی سے	ایک	اور ہم فضیلت دیتے ہیں

اور کھیتیاں، اور کھجور ایک جڑ سے دو شاخوں والی اور بغیر دو شاخوں کی (حالانکہ) ایک ہی پانی سے سیراب کی جاتی ہیں، اور ہم فضیلت دیتے ہیں

بَعْضَهَا عَلٰی بَعْضٍ فِی الْاُكُلِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝۴

بَعْضَهَا	عَلٰی	بَعْضٍ	فِی	الْاُكُلِ	اِنَّ	فِیْ	ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	لِّقَوْمٍ	یَّعْقِلُوْنَ
ان کا ایک	پر	دوسرا	میں	ذائقہ	بیشک	میں	اس	نشانیاں	لوگوں کے لئے	عقل سے کام لیتے ہیں

ان میں سے ایک کو دوسرے پر ذائقہ میں، اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو عقل سے کام لیتے ہیں۔

وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ ؕ اُولٰٓئِكَ

وَاِنْ	تَعْجَبْ	فَعَجَبٌ	قَوْلُهُمْ	ءَاِذَا	كُنَّا	تُرٰبًا	ءَاِنَّا	لَفِیْ خَلْقٍ	جَدِیْدٍ	اُولٰٓئِكَ
اور اگر	تم تعجب کرو	تو عجب	ان کا کہنا	کیا جب	ہو گئے ہم	مٹی	کیا ہم یقیناً	زندگی پائیں گے	نئی	وہی

اور اگر تم تعجب کرو تو ان کا یہ کہنا عجب ہے۔ جب ہم مٹی ہو گئے کیا ہم (از سر نو) نئی زندگی پائیں گے؟ وہی لوگ ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ	وَاُولٰٓئِكَ	الْاَغْلٰلُ	فِيْٓ	اَعْنَاقِهِمْ	وَاُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ
جو لوگ	منکر ہوئے	اپنے رب کے	اور وہی ہیں	طوق (جمع)	میں	ان کی گردنیں	اور وہی ہیں	دوزخ والے

جو اپنے رب کے منکر ہوئے، اور وہی ہیں جن کی گردنوں میں طوق ہوں گے، اور وہی دوزخ والے ہیں،

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۵ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ

هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ	بِالسَّيِّئَةِ	قَبْلَ الْحَسَنَةِ	وَ	قَدْ خَلَتْ	مِنْ
وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	اور وہ تم سے جلدی مانگتے ہیں	برائی (عذاب)	بھلائی (رحمت) سے پہلے	اور (حالانکہ)	گزر چکی ہیں	سے

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور وہ تم سے رحمت سے پہلے جلد عذاب مانگتے ہیں، حالانکہ گزر چکی ہیں

قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰي ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ

قَبْلِهِمُ	الْمَثُلٰتُ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَذُوْ مَغْفِرَةٍ	لِلنَّاسِ	عَلٰي	ظُلْمِهِمْ	وَاِنَّ	رَبَّكَ
ان سے قبل	سزائیں	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ مغفرت والا	لوگوں کے لئے	پر	ان کا ظلم	اور بیشک	تمہارا رب

ان سے قبل (عبرتناک) سزائیں، اور بیشک تمہارا رب اُن کے ظلم کے باوجود لوگوں کے لئے مغفرت والا ہے، اور بیشک تمہارا رب

لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۶ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ

لَشَدِيْدُ	الْعِقَابِ	وَيَقُوْلُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَوْلَآ اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ	مِّنْ	رَّبِّهٖ
البتہ سخت عذاب دینے والا		اور کہتے ہیں	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	کیوں نہ اُتری	اس پر	کوئی نشانی	سے	اس کا رب

سخت عذاب دینے والا ہے۔ اور کافر کہتے ہیں اس کے رب کی طرف سے اُس پر کوئی نشانی کیوں نہ اُتری؟

اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝۷ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا

اِنَّمَآ	اَنْتَ	مُنْذِرٌ	وَّ	لِكُلِّ قَوْمٍ	هَادٍ	اَللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا تَحْمِلُ	كُلُّ اُنْثٰى	وَمَا
اس کے سوا نہیں	تم	ڈرانے والے	اور	ہر قوم کے لئے	ہادی	اللہ	جانتا ہے	جو پیٹ میں رکھتی ہے	ہر مادہ	اور جو

اس کے سوا نہیں کہ تم ڈرانے والے ہو، اور ہر قوم کے لئے ہادی ہوا ہے۔ اللہ جانتا ہے جو ہر مادہ پیٹ میں رکھتی ہے اور جو

تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۭ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝۸ عٰلِمُ الْغَيْبِ

تَغِيْضُ	الْاَرْحَامُ	وَمَا	تَزْدَادُ	وَكُلُّ	شَيْءٍ	عِنْدَهٗ	بِمِقْدَارٍ	عٰلِمُ الْغَيْبِ
سکڑتا ہے	رحم (جمع)	اور جو	بڑھتا ہے	اور ہر	چیز	اس کے نزدیک	ایک اندازہ سے	جاننے والا ہر غیب

رحم میں سکڑتا اور بڑھتا ہے، اور اس کے نزدیک ہر چیز ایک اندازہ سے ہے۔ جاننے والا ہے ہر غیب

وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝٩ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ

وَالشَّهَادَةِ	الْكَبِيْرُ	الْمُتَعَالِ	سَوَآءٌ	مِّنْكُمْ	مَّنْ	اَسَرَّ	الْقَوْلَ	وَمَنْ	جَهَرَ بِهٖ
اور ظاہر	سب سے بڑا	بلند مرتبہ	برابر	تم میں	جو	آہستہ کہے	بات	اور جو	پکار کر۔ اس کو

اور ظاہر کا، سب سے بڑا، بلند مرتبہ ہے۔ (اسکے لئے) برابر ہے تم میں سے جو آہستہ بات کہے اور جو اس کو پکار کر کہے

وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۢ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ۝١٠ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ

وَمَنْ	هُوَ	مُسْتَخْفٍ	بِالَّيْلِ	وَسَارِبٌ	بِالنَّهَارِ	لَهٗ	مُعَقِّبٰتٌ	مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ
اور جو	وہ	چھپ رہا ہے	رات میں	اور چلنے والا	دن میں	اس کے	پہرے دار	اس (انسان) کے آگے سے

اور جو رات میں چھپ رہا ہے اور جو دن میں چلنے (پھرنے) والا ہے۔ اس کے پہرے دار، ہیں انسان کے آگے سے

وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى

وَ	مِنْ خَلْفِهٖ	يَحْفَظُوْنَهٗ	مِنْ	اَمْرِ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُغَيِّرُ	مَا	بِقَوْمٍ	حَتّٰى
اور	اس کے پیچھے سے	وہ اسکی حفاظت کرتے ہیں	سے	اللہ کا حکم	بیشک	اللہ	نہیں بدلتا	جو	کسی قوم کے پاس (اچھی حالت)	یہاں تک کہ

اور اس کے پیچھے، وہ اللہ کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے ہیں، بیشک اللہ کسی قوم کی اچھی حالت نہیں بدلتا یہاں تک کہ

يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ

يُغَيِّرُوْا	مَا	بِاَنْفُسِهِمْ	وَاِذَآ	اَرَادَ	اللّٰهُ	بِقَوْمٍ	سُوْٓءًا	فَلَا مَرَدَّ	لَهٗ	وَمَا	لَهُمْ
وہ بدل لیں	جو	اپنے دلوں میں (اپنی حالت)	اور جب	ارادہ کرتا ہے	اللہ	کسی قوم سے	برائی	تو نہیں پھرنا	اسکے لئے	اور نہیں	انکے لئے

وہ خود اپنی حالت بدل لیں، اور جب اللہ کسی قوم سے برائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے لئے پھرنا نہیں (وہ ٹل نہیں سکتی) اور ان کے لئے

مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۝١١ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ

مِنْ دُوْنِهٖ	مِنْ وَّالٍ	هُوَ	الَّذِيْ	يُرِيْكُمُ	الْبَرْقَ	خَوْفًا	وَطَمَعًا	وَيُنْشِئُ
اس کے سوا	کوئی مددگار	وہ	وہ جو کہ	تمہیں دکھاتا ہے	بجلی	ڈرانے کو	امید دلانے کو	اور اٹھاتا ہے

اس کے سوا کوئی مددگار نہیں۔ وہی ہے جو تمہیں بجلی دکھاتا ہے ڈرانے کو اور امید دلانے کو، اور اٹھاتا ہے

السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝١٢ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ

السَّحَابَ	الثِّقَالَ	وَيُسَبِّحُ	الرَّعْدُ	بِحَمْدِهٖ	وَالْمَلٰٓئِكَةُ	مِنْ	خِيْفَتِهٖ
بادل	بوجھل	اور پاکیزگی بیان کرتی ہے	گرج	اسکی تعریف کے ساتھ	اور فرشتے	سے	اس کے ڈر سے

بوجھل بادل۔ اور گرج اس کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتی ہے اور فرشتے اس کے ڈر سے (اس کی تسبیح کرتے ہیں)

وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِى اللّٰهِ ۚ

وَيُرْسِلُ	الصَّوَاعِقَ	فَيُصِيْبُ	بِهَا	مَنْ	يَّشَآءُ	وَهُمْ	يُجَادِلُوْنَ	فِى اللّٰهِ
اور وہ بھیجتا ہے	گرجنے والی بجلیاں	پھر گراتا ہے	اسے	جس	وہ چاہتا ہے	اور وہ	جھگڑتے ہیں	اللہ (کے بارے) میں

اور وہ گرجنے والی بجلیاں بھیجتا ہے، پھر انہیں جس پر چاہتا ہے گراتا ہے اور وہ (کافر) اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں

وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ۝۱۳ لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ۭ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ

وَهُوَ	شَدِيْدُ	الْمِحَالِ	لَهٗ	دَعْوَةُ	الْحَقِّ	وَالَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ
اور وہ	سخت	پکڑ	اس کو	پکارنا	حق	اور جن کو	وہ پکارتے ہیں	اس کے سوا

اور وہ سخت پکڑ والا ہے۔ اس کو پکارنا حق ہے، اور وہ اس کے سوا وہ جن کو پکارتے ہیں

لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ

لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ	لَهُمْ	بِشَيْءٍ	اِلَّا	كَبَاسِطِ	كَفَّيْهِ	اِلَى الْمَآءِ	لِيَبْلُغَ	فَاهُ	وَمَا هُوَ
وہ جواب نہیں دیتے	ان کو	کچھ بھی	مگر	جیسے پھیلا دے	اپنی ہتھیلیاں	پانی کی طرف	تاکہ پہنچ جائے	اسکے منہ تک	اور نہیں وہ

وہ انہیں کچھ بھی جواب نہیں دیتے مگر جیسے (کوئی) اپنی دونوں ہتھیلیاں پانی کی طرف پھیلا دے تاکہ (پانی) اسکے منہ تک پہنچ جائے اور وہ

بِبَالِغِهٖ ۭ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِىْ ضَلٰلٍ ۝۱۴ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِى

بِبَالِغِهٖ	وَمَا	دُعَآءُ	الْكٰفِرِيْنَ	اِلَّا	فِىْ	ضَلٰلٍ	وَلِلّٰهِ	يَسْجُدُ	مَنْ	فِى
اس تک پہنچنے والا	اور نہیں	پکار	کافر (جمع)	سوائے	میں	گمراہی	اور اللہ ہی کو	سجدہ کرتا ہے	جو	میں

اس تک ہرگز پہنچنے والا نہیں، اور کافروں کی پکار گمراہی کے سوا کچھ نہیں۔ اور اللہ ہی کو سجدہ کرتا ہے جو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۝۱۵ السجدة

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	طَوْعًا	وَكَرْهًا	وَظِلٰلُهُمْ	بِالْغُدُوِّ	وَ	الْاٰصَالِ
آسمانوں	اور	زمین	خوشی سے	یا ناخوشی سے	اور ان کے سائے	صبح	اور	شام

آسمانوں اور زمین میں ہے، خوشی سے یا ناخوشی سے، اور صبح و شام ان کے سائے (بھی)۔

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۭ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ

قُلْ	مَنْ	رَّبُّ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	قُلِ	اللّٰهُ	قُلْ	اَفَاتَّخَذْتُمْ	مِّنْ دُوْنِهٖٓ
پوچھیں آپ	کون	آسمانوں کا رب	اور زمین	کہدیں	اللہ	کہدیں	تو کیا تم بناتے ہو	اس کے سوا

آپ پوچھیں آسمانوں اور زمین کا رب کون ہے؟ کہدیں، اللہ ہے، کہدیں تو کیا تم اس کے سوا بناتے ہو

أَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمٰى وَ

أَوْلِيَآءَ	لَا يَمْلِكُونَ	لِأَنفُسِهِمْ	نَفْعًا	وَلَا ضَرًّا	قُلْ	هَلْ	يَسْتَوِي	الْأَعْمٰى	وَ
حمایتی	وہ بس نہیں رکھتے	اپنی جانوں کے لئے	کچھ نفع	اور نہ نقصان	کہدیں	کیا	برابر ہوتا ہے	نابینا (اندھا)	اور

حمایتی، جو اپنی جانوں کے لئے (بھی) بس نہیں رکھتے کچھ نفع کا اور نہ نقصان کا، کہہ دیں کیا برابر ہوتا ہے اندھا اور

الْبَصِيرُ ۙ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّورُ ۚ أَمْ جَعَلُوا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوا

الْبَصِيرُ	أَمْ	هَلْ	تَسْتَوِي	الظُّلُمٰتُ	وَالنُّورُ	أَمْ	جَعَلُوا	لِلّٰهِ	شُرَكَآءَ	خَلَقُوا
بینا (دیکھنے والا)	یا	کیا	برابر ہوجائے گا	اندھیرے (جمع)	اور اُجالا	کیا	وہ بناتے ہیں	اللہ کیلئے	شریک	انہوں نے پیدا کیا ہے

دیکھنے والا؟ یا کیا اُجالا اور اندھیرے برابر ہوجائیں گے؟ کیا وہ اللہ کے لئے جو شریک بناتے ہیں انہوں نے (مخلوق) پیدا کی ہے

كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ۭ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ

كَخَلْقِهٖ	فَتَشَابَهَ	الْخَلْقُ	عَلَيْهِمْ	قُلِ	اللّٰهُ	خَالِقُ	كُلِّ شَيْءٍ	وَهُوَ	الْوَاحِدُ
اسکے پیدا کرنے کی طرح	تو مشتبہ ہوگئی	پیدائش	اُن پر	کہدیں	اللہ	پیدا کرنیوالا	ہر شے	اور وہ	یکتا

اس کے پیدا کرنے کی طرح؟ سو پیدائش اُن پر مشتبہ ہوگئی، کہدیں اللہ ہر شے کا پیدا کرنے والا ہے، اور وہ یکتا

الْقَهَّارُ ﴿۱۶﴾ أَنزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ

الْقَهَّارُ	أَنزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَسَالَتْ	أَوْدِيَةٌ	بِقَدَرِهَا	فَاحْتَمَلَ
زبردست (غالب)	اس نے اتارا	آسمانوں سے	پانی	سو بہہ نکلے	ندی نالے	اپنے اپنے اندازہ سے	پھر اٹھا لایا

غالب ہے۔ اس نے آسمانوں سے پانی اتارا، سو ندی نالے اپنے اپنے اندازے سے بہہ نکلے، پھر اٹھا لایا (اُوپر لے آیا)

السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ۭ وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ أَوْ

السَّيْلُ	زَبَدًا	رَّابِيًا	وَمِمَّا	يُوقِدُونَ	عَلَيْهِ	فِي النَّارِ	ابْتِغَآءَ	حِلْيَةٍ	أَوْ
نالہ	جھاگ	پھولا ہوا	اور اس سے جو	تپائے ہیں	اس پر	آگ میں	حاصل کرنے (بنانے) کو	زیور	یا

نالہ پھولا ہوا جھاگ، اور جو آگ میں تپاتے ہیں زیور بنانے کو یا

مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۭ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ

مَتَاعٍ	زَبَدٌ	مِّثْلُهٗ	كَذٰلِكَ	يَضْرِبُ	اللّٰهُ	الْحَقَّ	وَالْبَاطِلَ	فَأَمَّا	الزَّبَدُ	فَيَذْهَبُ
اسباب	جھاگ	اسی جیسا	اسی طرح	بیان کرتا ہے	اللہ	حق	اور باطل	سو	جھاگ	دُور ہوجاتا ہے

اور اسباب بنانے کو، (اس میں بھی) اس جیسا جھاگ (میل) ہوتا ہے، اسی طرح اللہ حق اور باطل کو بیان کرتا ہے، سو جھاگ دُور ہوجاتا ہے (ضائع ہوجاتا ہے)

جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ؕ ﴿۱۷﴾

جُفَآءً	وَاَمَّا	مَا يَنْفَعُ	النَّاسَ	فَيَمْكُثُ	فِي الْاَرْضِ	كَذٰلِكَ	يَضْرِبُ	اللّٰهُ	الْاَمْثَالَ
سوکھ کر	اور لیکن	جو نفع پہنچاتا ہے	لوگ	تو ٹھہرا رہتا ہے وہ	زمین میں	اسی طرح	بیان کرتا ہے	اللہ	مثالیں

سوکھ کر، لیکن جو لوگوں کو نفع پہنچاتا ہے وہ زمین میں ٹھہرا رہتا ہے (باقی رہتا ہے) اسی طرح اللہ مثالیں بیان کرتا ہے۔

لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؕ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ

لِلَّذِيْنَ	اسْتَجَابُوْا	لِرَبِّهِمُ	الْحُسْنٰى	وَالَّذِيْنَ	لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَهٗ	لَوْ	اَنَّ
انکے لئے جنہوں نے	انہوں نے مان لیا	اپنے رب (کا حکم)	بھلائی	اور جن لوگوں نے	نہ مانا	اس کا (حکم)	اگر	یہ کہ

جن لوگوں نے اپنے رب کا حکم مان لیا ان کے لئے بھلائی ہے، اور جنہوں نے اس کا حکم نہ مانا اگر

لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

لَهُمْ	مَا	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	وَمِثْلَهٗ	مَعَهٗ	لَافْتَدَوْا	بِهٖ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ
انکے لئے (ان کا)	جو کچھ	زمین میں	سب	اور اس جیسا	اس کے ساتھ	کہ فدیہ میں دیدیں	اس کو	وہی ہیں	ان کے لئے

جو کچھ زمین میں ہے سب ان کا ہو اور اس کے ساتھ اس جیسا (اور بھی ہو) کہ وہ اس کو فدیہ میں دیدیں (پھر بھی بچاؤ نہ ہوگا) انہی لوگوں کے لئے

سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ

سُوْٓءُ	الْحِسَابِ	وَمَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَبِئْسَ	الْمِهَادُ	اَفَمَنْ	يَّعْلَمُ	اَنَّمَآ	اُنْزِلَ
برا	حساب	اور ان کا ٹھکانہ	جہنم	اور برا	بچھانا (جگہ)	پس کیا جو	جانتا ہے	کہ جو	اتارا گیا

حساب برا ہے، اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے اور (وہ) بری جگہ ہے۔ کیا جو شخص جانتا ہے کہ جو اتارا گیا

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۙ﴿۱۹﴾

اِلَيْكَ	مِنْ	رَّبِّكَ	الْحَقُّ	كَمَنْ	هُوَ	اَعْمٰى	اِنَّمَا	يَتَذَكَّرُ	اُولُوا الْاَلْبَابِ
تمہاری طرف	سے	تمہارا رب	حق	اس جیسا	وہ	اندھا	اسکے سوا نہیں	سمجھتے ہیں	عقل والے

تم پر تمہارے رب کی طرف سے وہ حق ہے اس جیسا (ہو سکتا ہے) جو اندھا ہو، اسکے سوا نہیں کہ عقل والے ہی سمجھتے ہیں۔

الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ۙ﴿۲۰﴾ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ

الَّذِيْنَ	يُوْفُوْنَ	بِعَهْدِ اللّٰهِ	وَ	لَا يَنْقُضُوْنَ	الْمِيْثَاقَ	وَ	الَّذِيْنَ	يَصِلُوْنَ
وہ جو کہ	پورا کرتے ہیں	اللہ کا عہد	اور	وہ نہیں توڑتے	پختہ قول و اقرار	اور	وہ جو کہ	جوڑے رکھتے ہیں

وہ جو کہ اللہ کا عہد پورا کرتے ہیں، اور پختہ قول و اقرار نہیں توڑتے۔ اور وہ لوگ جو جوڑے رکھتے ہیں

مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿۲۱﴾

مَآ	اَمَرَ اللّٰهُ	بِهٖٓ	اَنْ	يُّوْصَلَ	وَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	وَيَخَافُوْنَ	سُوْٓءَ	الْحِسَابِ
جو	اللہ نے حکم دیا	اس کا	کہ	جوڑا جائے	اور	وہ ڈرتے ہیں	اپنا رب	اور خوف کھاتے ہیں	بُرا	حساب

جس کے لئے اللہ نے حکم دیا کہ جوڑا جائے، اور وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں، اور بُرے حساب کا خوف کھاتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

وَالَّذِيْنَ	صَبَرُوا	ابْتِغَآءَ	وَجْهِ	رَبِّهِمْ	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اَنْفَقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ
اور وہ لوگ جو	انہوں نے صبر کیا	حاصل کرنے کے لئے	خوشی	اپنا رب	اور انہوں نے قائم کی	نماز	اور	خرچ کیا	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا

اور جن لوگوں نے اپنے رب کی خوشی حاصل کرنے کے لئے صبر کیا، اور انہوں نے نماز قائم کی، اور جو ہم نے انہیں دیا اس سے خرچ کیا

سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۲﴾

سِرًّا	وَّعَلَانِيَةً	وَّيَدْرَءُوْنَ	بِالْحَسَنَةِ	السَّيِّئَةَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عُقْبَى الدَّارِ
پوشیدہ	اور ظاہر	اور ٹال دیتے ہیں	نیکی سے	بُرائی	وہی ہیں	ان کے لئے	آخرت کا گھر

پوشیدہ اور ظاہر، اور وہ نیکی سے بُرائی کو ٹال دیتے ہیں، وہی ہیں جن کے لئے آخرت کا گھر ہے۔

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ

جَنّٰتُ	عَدْنٍ	يَّدْخُلُوْنَهَا	وَمَنْ	صَلَحَ	مِنْ	اٰبَآئِهِمْ	وَ اَزْوَاجِهِمْ	وَذُرِّيّٰتِهِمْ
باغات	ہمیشگی	وہ اس میں داخل ہوں گے	اور جو	نیک ہوئے	سے (میں)	انکے باپ دادا	اور ان کی بیویاں	اور ان کی اولاد

ہمیشگی کے باغات (ہیں) ان میں وہ داخل ہوں گے، اور وہ جو اُن کے باپ دادا، اور ان کی بیویوں، اور اولاد میں سے نیک ہوئے

وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ

وَالْمَلٰٓئِكَةُ	يَدْخُلُوْنَ	عَلَيْهِمْ	مِنْ	كُلِّ بَابٍ	سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	بِمَا	صَبَرْتُمْ
اور فرشتے	داخل ہوں گے	ان پر	سے	ہر دروازہ	سلامتی	تم پر	اس لئے کہ	تم نے صبر کیا

اور ان پر ہر دروازہ سے فرشتے داخل ہوں گے (یہ کہتے ہوئے کہ) تم پر سلامتی ہو اس لئے کہ تم نے صبر کیا

فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ

فَنِعْمَ	عُقْبَى الدَّارِ	وَالَّذِيْنَ	يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَ اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ	مِيْثَاقِهٖ
پس خوب	آخرت کا گھر	اور وہ لوگ جو	توڑتے ہیں	اللہ کا عہد	اس کے بعد	اس کو پختہ کرنا

پس خوب ہے آخرت کا گھر۔ اور جو لوگ اللہ کا عہد اس کو پختہ کرنے کے بعد توڑتے ہیں،

وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ

وَيَقْطَعُوْنَ	مَآ	اَمَرَ اللّٰهُ	بِهٖٓ	اَنْ	يُّوْصَلَ	وَيُفْسِدُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	اُولٰٓئِكَ
اور وہ کاٹتے ہیں	جو	اللہ نے حکم دیا	اس کا	کہ	وہ جوڑا جائے	اور وہ فساد کرتے ہیں	زمین میں	یہی ہیں

اور وہ کاٹتے ہیں جس کے لئے اللہ نے حکم دیا کہ اسے جوڑا جائے، اور وہ زمین (ملک) میں فساد کرتے ہیں، یہی لوگ ہیں

لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ

لَهُمُ	اللَّعْنَةُ	وَلَهُمْ	سُوْٓءُ الدَّارِ	اَللّٰهُ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ يَّشَآءُ	وَ
ان کے لئے	لعنت	اور ان کے لئے	بُرا گھر	اللہ	کشادہ کرتا ہے	رزق	جس کے لئے وہ چاہتا ہے	اور

جن کے لئے لعنت ہے اور ان کے لئے بُرا گھر ہے۔ اللہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا ہے، اور

۳ ع ۸ ۹

يَقْدِرُ ۭ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿۲۶﴾

يَقْدِرُ	وَفَرِحُوْا	بِالْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَمَا	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	فِي الْاٰخِرَةِ	اِلَّا	مَتَاعٌ
تنگ کرتا ہے	اور وہ خوش ہیں	زندگی سے	دنیا	اور نہیں	دنیا کی زندگی	(مقابلہ میں) آخرت	مگر (صرف)	متاعِ حقیر

(جس کے لئے چاہتا ہے) تنگ کرتا ہے، اور وہ دنیا کی زندگی سے خوش ہیں، اور دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں متاعِ حقیر ہے۔

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ

وَيَقُوْلُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَوْ	لَآ اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ	مِّنْ	رَّبِّهٖ	قُلْ	اِنَّ اللّٰهَ
اور کہتے ہیں	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	کیوں	نہ اتاری گئی	اس پر	کوئی نشانی	سے	اس کا رب	آپ کہدیں	بیشک اللہ

اور کافر کہتے ہیں اس پر اس کے رب (کی طرف) سے کوئی نشانی کیوں نہ اتاری گئی؟ آپ کہہ دیں بیشک اللہ

يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ﴿۲۷﴾ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ

يُضِلُّ	مَنْ يَّشَآءُ	وَيَهْدِيْٓ	اِلَيْهِ	مَنْ	اَنَابَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَتَطْمَئِنُّ
گمراہ کرتا ہے	جس کو چاہتا ہے	اور راہ دکھاتا ہے	اپنی طرف	جو	رجوع کرے	جو لوگ	ایمان لائے	اور اطمینان پاتے ہیں

گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے، اور اپنی طرف اس کو راہ دکھاتا ہے جو (اسکی طرف) رجوع کرے۔ جو لوگ ایمان لائے اور اطمینان پاتے ہیں

قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

قُلُوْبُهُمْ	بِذِكْرِ اللّٰهِ	اَلَا	بِذِكْرِ اللّٰهِ	تَطْمَئِنُّ	الْقُلُوْبُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
جن کے دل	اللہ کے ذکر سے	یاد رکھو	اللہ کے ذکر سے	اطمینان پاتے ہیں	دل (جمع)	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے

جن کے دل اللہ کی یاد سے، یاد رکھو! اللہ کی یاد (ہی) سے دل اطمینان پاتے ہیں۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے

الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْٓ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ

الصّٰلِحٰتِ	طُوْبٰى	لَهُمْ	وَحُسْنُ	مَاٰبٍ	كَذٰلِكَ	اَرْسَلْنٰكَ	فِيْٓ	اُمَّةٍ	قَدْ خَلَتْ
نیک (جمع)	خوشحالی	ان کے لئے	اور اچھا	ٹھکانا	اسی طرح	ہم نے تمہیں بھیجا	میں	اس امت	گزر چکی ہیں

نیک، ان کے لئے خوشحالی ہے اور اچھا ٹھکانا۔ اسی طرح ہم نے تمہیں اس امت میں بھیجا ہے، گزر چکی ہیں

مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ؕ

مِنْ قَبْلِهَا	اُمَمٌ	لِّتَتْلُوَا	عَلَيْهِمُ	الَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	وَهُمْ	يَكْفُرُوْنَ	بِالرَّحْمٰنِ
اس سے پہلے	اُمتیں	تاکہ تم پڑھو	ان پر (ان کو)	وہ جو کہ	ہم نے وحی کیا	تمہاری طرف	اور وہ	منکر ہوتے ہیں	رحمٰن کے

اس سے پہلے اُمتیں تاکہ جو ہم نے تمہاری طرف وحی کیا ہے تم ان کو پڑھ کر اسناؤ، اور وہ (اللہ) رحمٰن کے منکر ہوتے ہیں

قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا

قُلْ	هُوَ	رَبِّيْ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَاِلَيْهِ	مَتَابِ	وَلَوْ	اَنَّ	قُرْاٰنًا
آپ کہدیں	وہ	میرا رب	نہیں	کوئی معبود	اسکے سوا	اس پر	میں نے بھروسہ کیا	اور اس کی طرف	میرا رجوع	اور اگر	یہ کہ (ہوتا)	ایسا قرآن

آپ کہدیں وہ میرا رب ہے اسکے سوا کوئی معبود نہیں، اس پر میں نے بھروسہ کیا اور اسکی طرف میرا رجوع ہے (رجوع کرتا ہوں)۔ اور اگر ایسا قرآن ہوتا کہ

سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ

سُيِّرَتْ	بِهِ	الْجِبَالُ	اَوْ	قُطِّعَتْ	بِهِ	الْاَرْضُ	اَوْ	كُلِّمَ	بِهِ	الْمَوْتٰى	بَلْ	لِّلّٰهِ
چلائے جاتے	اس سے	پہاڑ	یا	پھٹ جاتی	اس سے	زمین	یا	بات کرنے لگتے	اس سے	مُردے	بلکہ	اللہ کے لئے

اس سے پہاڑ چل پڑتے، یا اس سے زمین پھٹ جاتی، یا اس سے مُردے بات کرنے لگتے (پھر بھی یہ ایمان نہ لاتے)، بلکہ اللہ ہی کے لئے ہے

الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ

الْاَمْرُ	جَمِيْعًا	اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اَنْ	لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ	لَهَدَى	النَّاسَ	جَمِيْعًا
کام	تمام	تو کیا اطمینان نہیں ہوا	وہ لوگ جو ایمان لائے (مومن)	کہ	اگر اللہ چاہتا	تو ہدایت دیدیتا	لوگ	سب

تمام کاموں (کا اختیار)، تو کیا مومنوں کو (اس سے) اطمینان نہیں ہوا کہ اگر اللہ چاہتا تو سب لوگوں کو ہدایت دے دیتا

وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا

وَلَا يَزَالُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	تُصِيْبُهُمْ	بِمَا صَنَعُوْا	قَارِعَةٌ	اَوْ تَحُلُّ	قَرِيْبًا
اور ہمیشہ	وہ لوگ جو کافر ہوئے (کافر)	انہیں پہنچے گی	اس کے بدلے جو انہوں نے کیا (اعمال)	سخت مصیبت	یا اُترے گی	قریب

اور کافروں کو اُن کے اعمال کے بدلے ہمیشہ سخت مصیبت پہنچتی رہے گی، یا اُترے گی قریب

۴ ع ۵ ۱۰

مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ

مِنْ	دَارِهِمْ	حَتّٰى	يَاْتِيَ	وَعْدُ اللّٰهِ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُخْلِفُ	الْمِيْعَادَ	وَلَقَدِ
سے (کے)	ان کے گھر	یہانتک	آجائے	اللہ کا وعدہ	بیشک اللہ	خلاف نہیں کرتا	وعدہ	اور البتہ

ان کے گھر کے ۔ یہاں تک کہ اللہ کا وعدہ آجائے اور بیشک اللہ وعدے کے خلاف نہیں کرتا ۔ اور البتہ

اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫

اسْتُهْزِئَ	بِرُسُلٍ	مِنْ قَبْلِكَ	فَاَمْلَيْتُ	لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	ثُمَّ	اَخَذْتُهُمْ
مذاق اڑایا گیا	رسولوں کا	تم سے پہلے	تو میں نے ڈھیل دی	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	پھر	میں نے ان کی پکڑ کی

تم سے پہلے رسولوں کا مذاق اڑایا گیا ، تو میں نے کافروں کو ڈھیل دی ، پھر میں نے ان کی پکڑ کی

فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿۳۲﴾ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ؕ وَجَعَلُوْا

فَكَيْفَ	كَانَ	عِقَابِ	اَفَمَنْ	هُوَ	قَآئِمٌ	عَلٰى	كُلِّ نَفْسٍ	بِمَا كَسَبَتْ	وَجَعَلُوْا
سو کیسا	تھا	میرا بدلہ	پس کیا جو	وہ	نگران	پر	ہر شخص	جو اس نے کمایا (اعمال)	اور انہوں نے بنا لئے

سو میرا بدلہ (عذاب) کیسا تھا ؟ پس کیا جو ہر شخص کے اعمال کا نگران ہے (وہ بتوں کی طرح ہو سکتا ہے ؟) اور انہوں نے بنا لئے

لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّـُٔوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ

لِلّٰهِ	شُرَكَآءَ	قُلْ	سَمُّوْهُمْ	اَمْ	تُنَبِّـُٔوْنَهٗ	بِمَا	لَا يَعْلَمُ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ	بِظَاهِرٍ
اللہ کے	شریک (جمع)	آپ کہدیں	انکے نام لو	یا	تم اسے بتلاتے ہو	وہ جو	اس کے علم میں نہیں	زمین میں	یا	محض ظاہری

اللہ کے شریک ، آپ کہدیں اُن کے نام تو لو یا تم (اللہ) کو وہ بتلاتے ہو جو پوری زمین میں اس کے علم میں نہیں ، یا محض ظاہری

مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ

مِنَ	الْقَوْلِ	بَلْ	زُيِّنَ	لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مَكْرُهُمْ	وَصُدُّوْا	عَنِ	السَّبِيْلِ
سے	بات	بلکہ	خوشنما بنا دیئے گئے	ان لوگوں کے لئے جنہوں نے کفر کیا	انکے فریب	اور روک دیئے گئے	سے	راہ

(اوپری) بات کرتے ہو ، بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لئے اُنکے فریب خوشنما بنا دیئے گئے اور وہ راہ (ہدایت) سے روک دیئے گئے

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ

وَمَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ هَادٍ	لَهُمْ	عَذَابٌ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَ
اور جو۔جس	گمراہ کرے	اللہ	تو نہیں	اسکے لئے	کوئی ہدایت دینے والا	انکے لئے	عذاب	دنیا کی زندگی	اور

اور جس کو اللہ گمراہ کرے اس کے لئے کوئی ہدایت دینے والا نہیں ۔ اُن کے لئے دنیا کی زندگی میں عذاب ہے ، اور

لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ

لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ	اَشَقُّ	وَمَا	لَهُمْ	مِنَ اللّٰهِ	مِنْ وَّاقٍ	مَثَلُ	الْجَنَّةِ	الَّتِيْ
البتہ آخرت کا عذاب	نہایت تکلیف دہ	اور نہیں	ان کے لیے	اللہ سے	کوئی بچانے والا	کیفیت	جنت	وہ جو کہ

البتہ آخرت کا عذاب نہایت تکلیف دہ ہے اور ان کے لئے کوئی اللہ سے بچانے والا نہیں - اور اس جنت کی کیفیت جس کا

وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ

وُعِدَ	الْمُتَّقُوْنَ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	اُكُلُهَا	دَآئِمٌ	وَظِلُّهَا
وعدہ کیا گیا	پرہیزگار (جمع)	بہتی ہیں	اس کے نیچے	نہریں	اس کے پھل	دائم	اور اس کا سایہ

پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے (یہ ہے) اس کے نیچے نہریں بہتی ہیں، اس کے پھل دائم (ہمیشہ) ہیں اور اس کا سایہ (بھی)

تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

تِلْكَ	عُقْبَى	الَّذِيْنَ اتَّقَوْا	وَعُقْبَى	الْكٰفِرِيْنَ	النَّارُ	وَالَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ
یہ	انجام	پرہیزگاروں (جمع)	اور انجام	کافروں	جہنم	اور وہ لوگ جو	ہم نے انہیں دی

یہ ہے انجام پرہیزگاروں کا، اور کافروں کا انجام جہنم ہے - اور جن لوگوں کو ہم نے دی ہے

الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ؕ قُلْ

الْكِتٰبَ	يَفْرَحُوْنَ	بِمَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	وَ	مِنَ	الْاَحْزَابِ	مَنْ	يُّنْكِرُ	بَعْضَهٗ	قُلْ
کتاب	وہ خوش ہوتے ہیں	اس سے جو	نازل کیا گیا	تمہاری طرف	اور	بعض	گروہ	جو	انکار کرتے ہیں	اس کی بعض	آپ کہہ دیں

کتاب (اہل کتاب) وہ اس سے خوش ہوتے ہیں جو تمہاری طرف اتارا گیا، اور بعض گروہ اسکی بعض (باتوں) کا انکار کرتے ہیں - آپ کہہ دیں

اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿۳۶﴾

اِنَّمَآ	اُمِرْتُ	اَنْ	اَعْبُدَ	اللّٰهَ	وَ	لَآ اُشْرِكَ	بِهٖ	اِلَيْهِ	اَدْعُوْا	وَاِلَيْهِ	مَاٰبِ
اسکے سوا نہیں	مجھے حکم دیا گیا	کہ	میں عبادت کروں	اللہ	اور	نہ شریک ٹھہراؤں	اس کا	اسکی طرف	میں بلاتا ہوں	اور اسی کی طرف	میرا ٹھکانا

اس کے سوا نہیں کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں، اور اس کا شریک نہ ٹھہراؤں، میں اسکی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف میرا ٹھکانا ہے -

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ

وَكَذٰلِكَ	اَنْزَلْنٰهُ	حُكْمًا	عَرَبِيًّا	وَلَئِنِ	اتَّبَعْتَ	اَهْوَآءَهُمْ	بَعْدَ	مَا جَآءَكَ
اور اسی طرح	ہم نے اسکو نازل کیا	حکم	عربی زبان میں	اور اگر	تو نے پیروی کی	ان کی خواہشات	بعد	جبکہ تیرے پاس آگیا

اور اسی طرح ہم نے اس (قرآن) کو عربی زبان میں حکم نازل کیا ہے، اور اگر تو نے ان کی خواہشات کی پیروی کی اسکے بعد جبکہ تیرے پاس آگیا

۵ ع ۶ ۱۱

مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا

مِنَ الْعِلْمِ	مَا لَكَ	مِنَ اللّٰهِ	مِنْ وَّلِيٍّ	وَ	لَا وَاقٍ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	رُسُلًا
علم (وحی)	تیرے لئے نہیں	اللہ سے	کوئی حمایتی	اور	نہ کوئی بچانے والا	اور	البتہ ہم نے بھیجے	رسول (جمع)

علم، نہ تیرے لئے اللہ سے (اللہ کے سامنے) کوئی حمایتی ہوگا، نہ کوئی بچانے والا۔ اور البتہ ہم نے رسول بھیجے

مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ

مِنْ قَبْلِكَ	وَجَعَلْنَا	لَهُمْ	اَزْوَاجًا	وَذُرِّيَّةً	وَمَا كَانَ	لِرَسُوْلٍ	اَنْ	يَّاْتِيَ
تم سے پہلے	اور ہم نے دیں	ان کو	بیویاں	اور اولاد	اور نہیں ہوا	کسی رسول کے لئے	کہ	لائے

تم سے پہلے، اور ہم نے ان کو دیں بیویاں اور اولاد، اور کسی رسول کے لئے (اختیار میں) نہیں ہوا کہ وہ لائے

بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚ

بِاٰيَةٍ	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	لِكُلِّ اَجَلٍ	كِتَابٌ	يَمْحُوا	اللّٰهُ	مَا يَشَآءُ	وَيُثْبِتُ
کوئی نشانی	بغیر	اللہ کی اجازت سے	ہر وعدہ کے لئے	ایک تحریر	مٹا دیتا ہے	اللہ	جو وہ چاہتا ہے	اور باقی رکھتا ہے

کوئی نشانی اللہ کی اجازت کے بغیر، ہر وعدہ کے لئے ایک تحریر ہے۔ اور اللہ جو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور باقی رکھتا ہے (جو وہ چاہتا ہے)

وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ

وَعِنْدَهٗ	اُمُّ الْكِتٰبِ	وَاِنْ	مَّا نُرِيَنَّكَ	بَعْضَ	الَّذِيْ	نَعِدُهُمْ	اَوْ	نَتَوَفَّيَنَّكَ
اور اس کے پاس	اصل کتاب (لوح محفوظ)	اور اگر	تمہیں دکھا دیں ہم	کچھ حصہ	وہ جو کہ	ہم نے ان سے وعدہ کیا	یا	ہم تمہیں وفات دیں

اور اس کے پاس لوحِ محفوظ ہے۔ اور اگر ہم تمہیں کچھ حصہ (اس عذاب کا) دکھا دیں جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے، یا تمہیں وفات دے دیں،

فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ

فَاِنَّمَا	عَلَيْكَ	الْبَلٰغُ	وَعَلَيْنَا	الْحِسَابُ	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	اَنَّا نَاْتِي	الْاَرْضَ
تو اس کے سوا نہیں	تم پر (تمہارے ذمے)	پہنچانا	اور ہم پر (ہمارا کام)	حساب لینا	کیا	وہ نہیں دیکھتے	کہ ہم چلے آتے ہیں	زمین

تو اس کے سوا نہیں کہ تمہارے ذمے پہنچانا ہے اور حساب لینا ہمارا کام ہے۔ کیا وہ نہیں دیکھتے؟ کہ ہم چلے آتے ہیں زمین کو

نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَهُوَ سَرِيْعُ

نَنْقُصُهَا	مِنْ	اَطْرَافِهَا	وَاللّٰهُ	يَحْكُمُ	لَا مُعَقِّبَ	لِحُكْمِهٖ	وَهُوَ	سَرِيْعُ
اس کو گھٹاتے	سے	اس کے کناروں	اور اللہ	حکم فرماتا ہے	کوئی پیچھے ڈالنے والا نہیں	اس کے حکم کو	اور وہ	جلد

اس کو کناروں سے گھٹاتے، اور اللہ حکم فرماتا ہے، کوئی اس کے حکم کو پیچھے ڈالنے والا نہیں اور وہ جلد

الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ؕ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ

الْحِسَابِ	وَقَدْ مَكَرَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَلِلّٰهِ	الْمَكْرُ	جَمِيْعًا	يَعْلَمُ	مَا تَكْسِبُ
حساب لینے والا	اور چالیں چلیں	ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے	تو اللہ کے لئے	چال (تدبیر)	سب	وہ جانتا ہے	جو کماتا ہے

حساب لینے والا ہے۔ اور جو ان سے پہلے تھے انہوں نے چالیں چلیں تو ساری چال تو اللہ ہی کی ہے، وہ جانتا ہے جو کماتا ہے

كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۴۲﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

كُلُّ نَفْسٍ	وَسَيَعْلَمُ	الْكُفّٰرُ	لِمَنْ	عُقْبَى الدَّارِ	وَ	يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
ہر نفس (شخص)	اور عنقریب جان لیں گے	کافر	کس کے لئے	عاقبت کا گھر	اور	کہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)

ہر شخص اور عنقریب کافر جان لیں گے عاقبت کا گھر کس کے لئے ہے۔ اور کافر کہتے ہیں

لَسْتَ مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿۴۳﴾ ع ۶ ۱۲

لَسْتَ	مُرْسَلًا	قُلْ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكُمْ	وَمَنْ	عِنْدَهٗ	عِلْمُ الْكِتٰبِ
تو نہیں	رسول	آپ کہدیں	کافی ہے	اللہ	گواہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اور جو	اسکے پاس	کتاب کا علم

تو رسول نہیں آپ کہدیں، میرے اور تمہارے درمیان اللہ گواہ کافی ہے، اور وہ جس کے پاس کتاب کا علم ہے۔

آیاتھا ۵۲ | ۱۴ : سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ : ۷۲ | رکوعاتھا ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ

الٓرٰ	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	اِلَيْكَ	لِتُخْرِجَ	النَّاسَ	مِنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ	بِاِذْنِ	رَبِّهِمْ
الف لام را	ایک کتاب	ہم نے اسکو اتارا	تمہاری طرف	تاکہ تم نکالو	لوگ	اندھیروں سے	نور کی طرف	حکم سے	ان کا رب

الف لام را۔ یہ ایک کتاب ہے، ہم نے تمہاری طرف اتاری تاکہ تم لوگوں کو نکالو ان کے رب کے حکم سے اندھیروں سے نور کی طرف،

اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ﴿۱﴾ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

اِلٰى	صِرَاطِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ	اللّٰهِ	الَّذِيْ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ
طرف	راستہ	زبردست	خوبیوں والا	اللہ	وہ جو کہ	اسکے لئے	جو کچھ	آسمانوں میں	اور جو کچھ	زمین میں

غالب، خوبیوں والے اللہ کے راستہ کی طرف۔ اسی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے،

وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ

وَ	وَيْلٌ	لِّلْكٰفِرِيْنَ	مِنْ	عَذَابٍ	شَدِيْدِ	الَّذِيْنَ	يَسْتَحِبُّوْنَ	الْحَيٰوةَ
اور	خرابی	کافروں کے لئے	سے	عذاب	سخت	وہ جو کہ	پسند کرتے ہیں	زندگی

اور کافروں کے لئے سخت عذاب سے خرابی ہے۔ جو دنیا کی زندگی کو پسند کرتے ہیں

الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ اُولٰٓئِكَ

الدُّنْيَا	عَلَى الْاٰخِرَةِ	وَيَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَيَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	اُولٰٓئِكَ
دنیا	آخرت پر	اور روکتے ہیں	سے	اللہ کا راستہ	اور اس میں ڈھونڈتے ہیں	کجی	وہی لوگ

آخرت پر، اور اللہ کے راستے سے روکتے ہیں، اور اس میں کجی ڈھونڈتے ہیں، یہی لوگ

فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ؕ

فِيْ	ضَلٰلٍ	بَعِيْدٍ	وَ	مَآ اَرْسَلْنَا	مِنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	بِلِسَانِ	قَوْمِهٖ	لِيُبَيِّنَ	لَهُمْ
میں	گمراہی	دُور	اور	ہم نے نہیں بھیجا	کوئی رسول	مگر	زبان میں	اسکی قوم کی	تاکہ کھول کر بیان کردے	ان کے لئے

دُور کی گمراہی میں ہیں۔ اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اسکی قوم کی زبان میں تاکہ وہ ان کے لئے (اللہ کے احکام) کھول کر بیان کردے

فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴﴾

فَيُضِلُّ	اللّٰهُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَيَهْدِيْ	مَنْ يَّشَآءُ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ
پھر گمراہ کرتا ہے	اللہ	جس کو وہ چاہتا ہے	اور ہدایت دیتا ہے	جس کو چاہتا ہے	اور وہ	غالب	حکمت والا

پھر اللہ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے، اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ

وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَآ	اَنْ	اَخْرِجْ	قَوْمَكَ	مِنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ
اور	البتہ ہم نے بھیجا	موسیٰ ؑ	اپنی نشانیوں کے ساتھ	کہ	تو نکال	اپنی قوم	اندھیروں سے	نور کی طرف

اور البتہ ہم نے موسیٰ ؑ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا کہ اپنی قوم کو اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال،

وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۵﴾ وَاِذْ قَالَ

وَ	ذَكِّرْهُمْ	بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ	وَاِذْ	قَالَ
اور	یاد دلا انہیں	اللہ کے دن	بیشک	میں	اس	البتہ نشانیاں	ہر صبر کرنیوالے کے لئے	شکر گزار	اور جب	کہا

اور انہیں اللہ کے (عظیم واقعات کے) دن یاد دلا، بیشک اس میں ہر انتہائی صبر کرنیوالے شکر گزار کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور (یاد کرو) جب کہا

مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ

مُوْسٰى	لِقَوْمِهِ	اذْكُرُوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	اِذْ اَنْجٰىكُمْ	مِّنْ	اٰلِ فِرْعَوْنَ
موسیٰ ؑ	اپنی قوم کو	تم یاد کرو	اللہ کی نعمت	اپنے اوپر	جب اس نے نجات دی تمہیں	سے	فرعون کی قوم

موسیٰ ؑ نے اپنی قوم کو، تم اپنے اوپر اللہ کی نعمت یاد کرو، جب اس نے تمہیں فرعون کی قوم سے نجات دی،

يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ

يَسُوْمُوْنَكُمْ	سُوْٓءَ الْعَذَابِ	وَيُذَبِّحُوْنَ	اَبْنَآءَكُمْ	وَيَسْتَحْيُوْنَ	نِسَآءَكُمْ
وہ تمہیں پہنچاتے تھے	برا عذاب	اور ذبح کرتے تھے	تمہارے بیٹے	اور زندہ چھوڑتے تھے	تمہاری عورتیں

وہ تمہیں برا عذاب پہنچاتے تھے، اور تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے اور تمہاری عورتوں (لڑکیوں) کو زندہ چھوڑ دیتے تھے

وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝۶ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ

وَفِيْ	ذٰلِكُمْ	بَلَآءٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	عَظِيْمٌ	وَاِذْ تَاَذَّنَ	رَبُّكُمْ	لَئِنْ	شَكَرْتُمْ
اور میں	اس	آزمائش	سے	تمہارا رب	بڑی	اور جب آگاہ کیا	تمہارا رب	البتہ اگر	تم شکر کرو گے

اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش تھی۔ اور جب تمہارے رب نے آگاہ کیا، البتہ اگر تم شکر کرو گے

لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝۷ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا

لَاَزِيْدَنَّكُمْ	وَلَئِنْ	كَفَرْتُمْ	اِنَّ	عَذَابِيْ	لَشَدِيْدٌ	وَقَالَ	مُوْسٰٓى	اِنْ	تَكْفُرُوْٓا
میں ضرور تمہیں اور زیادہ دوں گا	اور البتہ اگر	تم نے ناشکری کی	بیشک	میرا عذاب	بڑا سخت	اور کہا	موسیٰ ؑ	اگر	ناشکری کرو گے

تو میں ضرور تمہیں اور زیادہ دوں گا، البتہ اگر تم نے ناشکری کی تو بیشک میرا عذاب بڑا سخت ہے۔ اور موسیٰ ؑ نے کہا اگر ناشکری کرو گے

اَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۸ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ

اَنْتُمْ	وَمَنْ	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	فَاِنَّ اللّٰهَ	لَغَنِيٌّ	حَمِيْدٌ	اَلَمْ يَاْتِكُمْ	نَبَؤُا	الَّذِيْنَ
تم	اور جو	زمین میں	سب	تو بیشک اللہ	بے نیاز	سب خوبیوں والا	کیا تمہیں نہیں آئی	خبر	وہ لوگ جو

تم اور جو زمین میں ہیں سب کے سب، تو بیشک اللہ بے نیاز، سب خوبیوں والا ہے۔ کیا تمہیں ان لوگوں کی خبر نہیں آئی۔ جو

مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۛ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ

مِنْ قَبْلِكُمْ	قَوْمِ نُوْحٍ	وَعَادٍ	وَثَمُوْدَ	وَالَّذِيْنَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	لَا يَعْلَمُهُمْ
تم سے پہلے	نوحؑ کی قوم	اور عاد	اور ثمود	اور وہ جو	ان کے بعد	ان کی خبر نہیں

تم سے پہلے تھے (مثلاً) قوم نوحؑ، عاد اور ثمود، اور وہ جو ان کے بعد ہوئے، ان کی خبر (کسی کو) نہیں،

إِلَّا اللّٰهُ ۖ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَ

إِلَّا	اللّٰهُ	جَآءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَرَدُّوْٓا	اَيْدِيَهُمْ	فِيْٓ	اَفْوَاهِهِمْ	وَ
سوائے	اللہ	ان کے پاس آئے	ان کے رسول	نشانیوں کے ساتھ	تو انہوں نے لوٹائے	اپنے ہاتھ	میں	ان کے منہ	اور

اللہ کے سوا، ان کے پاس ان کے رسول نشانیوں کے ساتھ آئے، تو انہوں نے اپنے ہاتھ اُن کے مُنہ میں لوٹائے (خاموش کردیا) اور

قَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ

قَالُوْٓا	اِنَّا كَفَرْنَا	بِمَآ	اُرْسِلْتُمْ	بِهٖ	وَاِنَّا	لَفِيْ	شَكٍّ	مِّمَّا	تَدْعُوْنَنَآ
وہ بولے	بیشک ہم نہیں مانتے	وہ جو	تمہیں بھیجا گیا	اسکے ساتھ	اور بیشک ہم	البتہ میں	شک	اس سے جو	تم ہمیں بلاتے ہو

بولے تمہیں جس (رسالت) کے ساتھ بھیجا گیا ہے ہم نہیں مانتے، اور البتہ تم ہمیں جس کی طرف بلاتے ہو ہم شک میں ہیں

الجزء الثامن

اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝٩ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

اِلَيْهِ	مُرِيْبٍ	قَالَتْ	رُسُلُهُمْ	اَفِي اللّٰهِ	شَكٌّ	فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
اس کی طرف	تردد میں ڈالتے ہوئے	کہا	ان کے رسول	کیا اللہ میں	شبہ۔شک	بنانے والا	آسمانوں	اور زمین

تردد میں ڈالتے ہوئے۔ ان کے رسولوں نے کہا کیا تمہیں زمین اور آسمانوں کے بنانے والے اللہ کے بارے میں شبہ ہے؟

يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ قَالُوْٓا اِنْ

يَدْعُوْكُمْ	لِيَغْفِرَ لَكُمْ	مِّنْ	ذُنُوْبِكُمْ	وَيُؤَخِّرَكُمْ	اِلٰٓى	اَجَلٍ مُّسَمًّى	قَالُوْٓا	اِنْ
وہ تمہیں بلاتا ہے	تاکہ بخشدے تمہیں	سے (کچھ)	تمہارے گناہ	اور مہلت دے تمہیں	تک	ایک مدت مقررہ	وہ بولے	نہیں

وہ تمہیں بلاتا ہے تاکہ تمہارے کچھ گناہ بخشدے، اور ایک مدت مقررہ تک تمہیں مہلت دے، وہ بولے

اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۭ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا

اَنْتُمْ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	تُرِيْدُوْنَ	اَنْ	تَصُدُّوْنَا	عَمَّا	كَانَ يَعْبُدُ	اٰبَاۗؤُنَا
تم	صرف	بشر	ہم جیسے	تم چاہتے ہو	کہ	ہمیں روک دو	اس سے جو	پوجتے تھے	ہمارے باپ دادا

تم صرف ہم جیسے بشر ہو، تم چاہتے ہو کہ ہمیں اُن سے روک دو جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے تھے،

فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝١٠ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ

فَاْتُوْنَا	بِسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	قَالَتْ	لَهُمْ	رُسُلُهُمْ	اِنْ	نَّحْنُ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ
پس لاؤ ہمارے پاس	دلیل، معجزہ	روشن	کہا	ان سے	ان کے رسول	نہیں	ہم	صرف	بشر	تم جیسے

پس ہمارے پاس روشن دلیل (معجزہ) لاؤ۔ ان کے رسولوں نے ان سے کہا (بیشک) ہم صرف تم جیسے بشر ہیں

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ

وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	يَمُنُّ	عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	وَمَا كَانَ	لَنَآ اَنْ
اور لیکن	اللہ	احسان کرتا ہے	جس پر چاہے	سے	اپنے بندے	اور نہیں ہے	ہمارے لئے

کہ

لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے احسان کرتا ہے، اور ہمارے لئے (ہمارا کام) نہیں کہ

نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾

نَّاْتِيَكُمْ	بِسُلْطٰنٍ	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَعَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ
تمہارے پاس لائیں	کوئی دلیل	مگر (بغیر)	اللہ کے حکم سے	اور اللہ پر	پس بھروسہ کرنا چاہیئے	مومن (جمع)

ہم اللہ کے حکم کے بغیر تمہارے پاس کوئی دلیل (معجزہ) لائیں، اور مومنوں کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیئے۔

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ

وَمَا	لَنَا	اَلَّا نَتَوَكَّلَ	عَلَى اللّٰهِ	وَ	قَدْ هَدٰىنَا	سُبُلَنَا	وَلَنَصْبِرَنَّ	عَلٰى	مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا
اور کیا	ہمارے لئے	کہ ہم نہ بھروسہ کریں	اللہ پر	اور	اس نے ہمیں دکھا دیں	ہماری راہیں	اور ہم ضرور صبر کریں گے	پر	جو	تم ہمیں ایذا دیتے ہو

اور ہمیں کیا ہوا؟ کہ ہم اللہ پر بھروسہ نہ کریں، اور اس نے ہمیں ہماری راہیں دکھا دی ہیں، اور تم ہمیں جو ایذا دیتے ہو ہم اس پر ضرور صبر کریں گے۔

ع ۲ ۶ ۱۴

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۱۲﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ

وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُتَوَكِّلُوْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لِرُسُلِهِمْ	لَنُخْرِجَنَّكُمْ
اور	اللہ پر	پس بھروسہ کرنا چاہیئے	بھروسہ کرنے والے	اور کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اپنے رسولوں کو	ضرور ہم تمہیں نکال دیں گے

اور بھروسہ کرنے والوں کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیئے۔ اور کافروں نے اپنے رسولوں سے کہا ہم تمہیں ضرور نکال دیں گے

مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ لا

مِنْ	اَرْضِنَآ	اَوْ	لَتَعُوْدُنَّ	فِيْ مِلَّتِنَا	فَاَوْحٰٓى	اِلَيْهِمْ	رَبُّهُمْ	لَنُهْلِكَنَّ	الظّٰلِمِيْنَ
سے	اپنی زمین	یا	تم لوٹ آؤ	ہمارے دین میں	تو وحی بھیجی	ان کی طرف	ان کا رب	ضرور ہم ہلاک کر دینگے	ظالم (جمع)

اپنی زمین (ملک) سے، یا تم ہمارے دین میں لوٹ آؤ تو ان کے رب نے انکی طرف وحی بھیجی کہ ہم ظالموں کو ضرور ہلاک کر دیں گے۔

وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ

وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ	الْاَرْضَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	خَافَ	مَقَامِيْ	وَ	خَافَ
اور البتہ ہم تمہیں آباد کریں گے	زمین	ان کے بعد	یہ	اس کے لئے جو	ڈرا	میرے روبرو کھڑا ہونا	اور	ڈرا

اور البتہ ہم تمہیں ان کے بعد زمین میں ضرور آباد کر دیں گے، یہ اس کے لئے ہے جو ڈرا میرے روبرو کھڑا ہونے سے، اور ڈرا

وَعِيدِ ﴿١٤﴾ وَاسْتَفْتَحُوا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ﴿١٥﴾ مِّن وَرَائِهِ جَهَنَّمُ وَ

وَعِيدِ	وَاسْتَفْتَحُوا	وَخَابَ	كُلُّ	جَبَّارٍ	عَنِيدٍ	مِن وَرَائِهِ	جَهَنَّمُ	وَ
وعید (اعلانِ عذاب)	اور انہوں نے فتح مانگی	اور نامراد ہوا	ہر	سرکش	ضدی	اس کے پیچھے	جہنم	اور

میرے اعلانِ عذاب سے۔ اور انہوں نے (انبیاء نے) فتح مانگی، اور نامراد ہوا ہر سرکش، ضدی۔ اس کے پیچھے جہنم ہے، اور

يُسْقَىٰ مِن مَّاءٍ صَدِيدٍ ﴿١٦﴾ يَتَجَرَّعُهُ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ

يُسْقَىٰ	مِن	مَّاءٍ	صَدِيدٍ	يَتَجَرَّعُهُ	وَلَا	يَكَادُ يُسِيغُهُ	وَيَأْتِيهِ	الْمَوْتُ
اسے پلایا جائیگا	سے	پانی	پیپ والا	اسے گھونٹ گھونٹ پیئے گا	اور نہ	گلے سے اتار سکے گا اسے	اور آئے گی اُسے	موت

اسے پیپ کا پانی پلایا جائے گا۔ وہ اسے گھونٹ گھونٹ پیئے گا، اور اسے گلے سے نہ اتار سکے گا، اور اسے موت آئے گی

مِن كُلِّ مَكَانٍ وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ وَمِن وَرَائِهِ عَذَابٌ غَلِيظٌ ﴿١٧﴾ مَّثَلُ الَّذِينَ

مِن	كُلِّ مَكَانٍ	وَمَا هُوَ	بِمَيِّتٍ	وَ	مِن وَرَائِهِ	عَذَابٌ	غَلِيظٌ	مَّثَلُ	الَّذِينَ
سے	ہر طرف	اور نہ وہ	مرنے والا	اور	اس کے پیچھے	عذاب	سخت	مثال	وہ لوگ

ہر طرف سے اور وہ مرے گا نہیں، اور اس کے پیچھے سخت عذاب ہے۔ ان لوگوں کی مثال

كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ أَعْمَالُهُمْ كَرَمَادٍ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيحُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ

كَفَرُوا	بِرَبِّهِمْ	أَعْمَالُهُمْ	كَرَمَادٍ	اشْتَدَّتْ	بِهِ	الرِّيحُ	فِي	يَوْمٍ	عَاصِفٍ
جو منکر ہوئے	اپنے رب کے	ان کے عمل	راکھ کی طرح	زور کی چلی	اس پر	ہوا	میں	دن	آندھی والا

جو اپنے رب کے منکر ہوئے، اُن کے عمل راکھ کی طرح ہیں کہ اُس پر آندھی کے دن زور کی ہوا چلی (اور سب اُڑا لے گئی)

لَا يَقْدِرُونَ مِمَّا كَسَبُوا عَلَىٰ شَيْءٍ ذَٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ ﴿١٨﴾ أَلَمْ تَرَ

لَا يَقْدِرُونَ	مِمَّا	كَسَبُوا	عَلَىٰ شَيْءٍ	ذَٰلِكَ	هُوَ	الضَّلَالُ	الْبَعِيدُ	أَلَمْ تَرَ
انہیں قدرت نہ ہوگی	اس سے جو	انہوں نے کمایا	کسی چیز پر	یہ	وہ	گمراہی	دُور	کیا تو نے نہ دیکھا

جو انہوں نے کمایا انہیں اس سے کسی چیز پر قدرت نہ ہوگی یہی ہے دُور کی (پرلے درجہ کی) گمراہی۔ کیا تو نے نہیں دیکھا؟

أَنَّ اللَّهَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ

أَنَّ	اللَّهَ	خَلَقَ	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضَ	بِالْحَقِّ	إِن	يَشَأْ	يُذْهِبْكُمْ	وَ	يَأْتِ
کہ	اللہ	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	حق کے ساتھ	اگر	وہ چاہے	تمہیں لے جائے	اور	لائے

کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے حق کے ساتھ (ٹھیک ٹھیک) اگر وہ چاہے تمہیں لے جائے اور لے آئے

بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿١٩﴾ وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿٢٠﴾ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ

بِخَلْقٍ	جَدِيْدٍ	وَمَا	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	بِعَزِيْزٍ	وَبَرَزُوْا	لِلّٰهِ	جَمِيْعًا	فَقَالَ
مخلوق	نئی	اور نہیں	یہ	اللہ پر	کچھ دشوار	اور وہ حاضر ہونگے	اللہ کے آگے	سب	پھر

کوئی نئی مخلوق۔ اور یہ اللہ پر کچھ دشوار نہیں۔ وہ سب اللہ کے آگے حاضر ہوں گے، پھر کہیں گے

الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا

الضُّعَفٰٓؤُا	لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْٓا	اِنَّا كُنَّا	لَكُمْ	تَبَعًا	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّغْنُوْنَ	عَنَّا
کمزور (جمع)	ان لوگوں سے جو	بڑے بنتے تھے	بیشک ہم تھے	تمہارے	تابع	تو کیا	تم	دفع کرتے ہو	ہم سے

کمزور ان لوگوں سے جو بڑے بنتے تھے، بیشک ہم تمہارے تابع تھے تو کیا تم ہم سے دفع کر سکتے ہو؟

مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ

مِنْ	عَذَابِ اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	قَالُوْا	لَوْ	هَدٰىنَا	اللّٰهُ	لَهَدَيْنٰكُمْ	سَوَآءٌ	عَلَيْنَآ
سے	اللہ کا عذاب	کسی قدر	وہ کہیں گے	اگر	ہمیں ہدایت کرتا	اللہ	البتہ ہم ہدایت کرتے تمہیں	برابر	ہم پر (لئے)

کسی قدر اللہ کا عذاب، وہ کہیں گے اگر اللہ ہمیں ہدایت کرتا تو البتہ ہم تمہیں ہدایت کرتے، اب ہمارے لئے برابر ہے

ع ۳ ۹ ۱۵

اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿٢١﴾ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ

اَجَزِعْنَآ	اَمْ	صَبَرْنَا	مَا لَنَا	مِنْ مَّحِيْصٍ	وَقَالَ	الشَّيْطٰنُ	لَمَّا	قُضِيَ	الْاَمْرُ
خواہ ہم گھبرائیں	یا	ہم صبر کریں	نہیں ہمارے لئے	کوئی چھٹکارا	اور بولا	شیطان	جب	فیصلہ ہو گیا	امر

خواہ ہم گھبرائیں یا صبر کریں، ہمارے لئے کوئی چھٹکارا نہیں۔ (اور روزِ حساب) جب تمام امور (کاموں) کا فیصلہ ہو گیا شیطان بولا

اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ وَمَا كَانَ لِيَ

اِنَّ اللّٰهَ	وَعَدَكُمْ	وَعْدَ الْحَقِّ	وَ	وَعَدْتُّكُمْ	فَاَخْلَفْتُكُمْ	وَمَا	كَانَ	لِيَ
بیشک اللہ	وعدہ کیا تم سے	سچا وعدہ	اور	میں نے وعدہ کیا تم سے	پھر میں نے اس کے خلاف کیا تم سے	اور نہ	تھا	میرا

بیشک اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا، اور میں نے (بھی) تم سے وعدہ کیا، پھر میں نے تم سے اس کے خلاف کیا، اور نہ تھا میرا

عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ

عَلَيْكُمْ	مِنْ سُلْطٰنٍ	اِلَّآ	اَنْ	دَعَوْتُكُمْ	فَاسْتَجَبْتُمْ	لِيْ	فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ
تم پر	کوئی زور	مگر	یہ کہ	میں نے بلایا تمہیں	پس تم نے کہا مان لیا	میرا	لہٰذا نہ لگاؤ الزام مجھ پر تم

تم پر کوئی زور، مگر یہ کہ میں نے تمہیں بلایا، اور تم نے میرا کہا مان لیا، لہٰذا تم مجھ پر کچھ الزام نہ لگاؤ

وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ؕ اِنِّيْ كَفَرْتُ

وَلُوْمُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	مَآ اَنَا	بِمُصْرِخِكُمْ	وَمَآ	اَنْتُمْ	بِمُصْرِخِيَّ	اِنِّيْ كَفَرْتُ
اور تم الزام لگاؤ	اپنے اوپر	نہیں میں	فریاد رسی کر سکتا تمہاری	اور نہ	تم	فریاد رسی کر سکتے ہو میری	بیشک میں انکار کرتا ہوں

الزام اپنے اوپر لگاؤ، نہ میں تمہاری فریاد رسی کر سکتا ہوں اور نہ تم میری فریاد رسی کر سکتے ہو، بیشک میں انکار کرتا ہوں

بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۲﴾ وَاُدْخِلَ

بِمَآ	اَشْرَكْتُمُوْنِ	مِنْ قَبْلُ	اِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	لَهُمْ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	وَاُدْخِلَ
اس سے جو	تم نے شریک بنایا مجھے	اس سے قبل	بیشک	ظالم (جمع)	ان کے لئے	دردناک عذاب	اور داخل کئے گئے

اس کا جو تم نے اس سے قبل مجھے شریک بنایا، بیشک ظالموں کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اور داخل کئے گئے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ
جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے

وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے باغات میں، ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ہمیشہ رہیں گے

فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ؕ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ﴿۲۳﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

فِيْهَا	بِاِذْنِ	رَبِّهِمْ	تَحِيَّتُهُمْ	فِيْهَا	سَلٰمٌ	اَلَمْ تَرَ	كَيْفَ	ضَرَبَ اللّٰهُ	مَثَلًا
اس میں	حکم سے	اپنا رب	ان کا تحفہ، ملاقات	اس میں	سلام	کیا تم نے نہیں دیکھا	کیسی	بیان کی اللہ نے	مثال

اس میں اپنے رب کے حکم سے، اس میں ان کا تحفہ ملاقات "سلام" ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا؟ اللہ نے کیسی مثال بیان کی ہے

كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ﴿۲۴﴾ تُؤْتِيْٓ

كَلِمَةً طَيِّبَةً	كَشَجَرَةٍ	طَيِّبَةٍ	اَصْلُهَا	ثَابِتٌ	وَّفَرْعُهَا	فِي	السَّمَآءِ	تُؤْتِيْٓ
کلمہ طیبہ (پاک بات)	جیسے درخت	پاکیزہ	اس کی جڑ	مضبوط	اور اسکی شاخ	میں	آسمان	وہ دیتا ہے

پاک بات کی؟ جیسے پاکیزہ درخت، اس کی جڑ مضبوط اور اس کی شاخ آسمان میں، وہ دیتا ہے

اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

اُكُلَهَا	كُلَّ حِيْنٍ	بِاِذْنِ	رَبِّهَا	وَيَضْرِبُ	اللّٰهُ	الْاَمْثَالَ	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ
اپنا پھل	ہر وقت	حکم سے	اپنا رب	اور بیان کرتا ہے	اللہ	مثالیں	لوگوں کے لئے	تاکہ وہ

ہر وقت اپنا پھل اپنے رب کے حکم سے، اور اللہ لوگوں کے لئے مثالیں بیان کرتا ہے، تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُونَ ﴿٢٥﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ ۨ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ

يَتَذَكَّرُونَ	وَمَثَلُ	كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ	كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ	ۨ اجْتُثَّتْ	مِنْ فَوْقِ
وہ غور و فکر کریں	اور مثال	ناپاک بات	مانند درخت ناپاک	اکھاڑ دیا گیا	سے اوپر

غور و فکر کریں۔ اور ناپاک بات کی مثال ناپاک درخت کی طرح ہے جسے زمین کے اوپر سے اُکھاڑ دیا گیا

الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿٢٦﴾ يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ

الْأَرْضِ	مَا لَهَا	مِنْ قَرَارٍ	يُثَبِّتُ	اللَّهُ	الَّذِينَ آمَنُوا	بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ
زمین	نہیں اس کے لئے	کچھ بھی قرار	مضبوط رکھتا ہے	اللہ	وہ لوگ جو ایمان لائے (مومن)	بات سے مضبوط

اس کے لئے کچھ بھی قرار نہیں۔ اللہ مؤمنوں کو مضبوط بات سے مضبوط رکھتا ہے،

فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللَّهُ الظَّالِمِينَ ۙ وَيَفْعَلُ اللَّهُ

فِي	الْحَيَاةِ الدُّنْيَا	وَ	فِي الْآخِرَةِ	وَيُضِلُّ	اللَّهُ	الظَّالِمِينَ	وَيَفْعَلُ	اللَّهُ
میں	دنیا کی زندگی	اور	آخرت میں	اور بھٹکا دیتا ہے	اللہ	ظالم (جمع)	اور کرتا ہے	اللہ

دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں (بھی)، اور اللہ ظالموں کو بھٹکا دیتا ہے، اور اللہ کرتا ہے

مَا يَشَاءُ ﴿٢٧﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ بَدَّلُوا نِعْمَتَ اللَّهِ كُفْرًا وَأَحَلُّوا قَوْمَهُمْ

مَا يَشَاءُ	أَلَمْ تَرَ	إِلَى	الَّذِينَ	بَدَّلُوا	نِعْمَتَ اللَّهِ	كُفْرًا	وَأَحَلُّوا	قَوْمَهُمْ
جو چاہتا ہے	کیا تم نے نہیں دیکھا	کو	وہ جنہوں نے	بدل دیا	اللہ کی نعمت	ناشکری سے	اور اتارا	اپنی قوم

جو وہ چاہتا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جنہوں نے اللہ کی نعمت کو ناشکری سے بدل دیا، اور اپنی قوم کو اُتارا

دَارَ الْبَوَارِ ﴿٢٨﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۖ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٢٩﴾ وَجَعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا

دَارَ الْبَوَارِ	جَهَنَّمَ	يَصْلَوْنَهَا	وَبِئْسَ	الْقَرَارُ	وَجَعَلُوا	لِلَّهِ	أَنْدَادًا
تباہی کا گھر	جہنم	اس میں داخل ہوں گے	اور برا	ٹھکانا	اور انہوں نے ٹھہرائے	اللہ کے لئے	شریک

تباہی کے گھر میں۔ وہ جہنم ہے وہ اس میں داخل ہوں گے اور وہ بُرا ٹھکانا ہے۔ اور انہوں نے اللہ کے لئے شریک ٹھہرائے

لِيُضِلُّوا عَنْ سَبِيلِهِ ۗ قُلْ تَمَتَّعُوا فَإِنَّ مَصِيرَكُمْ إِلَى النَّارِ ﴿٣٠﴾

لِيُضِلُّوا	عَنْ	سَبِيلِهِ	قُلْ	تَمَتَّعُوا	فَإِنَّ	مَصِيرَكُمْ	إِلَى	النَّارِ
تاکہ وہ گمراہ کریں	سے	اس کا راستہ	کہدیں	فائدہ اٹھا لو	پھر بیشک	تمہارا لوٹنا	طرف	جہنم

تاکہ وہ اس کے راستہ سے گمراہ کریں، آپ کہدیں، فائدہ اٹھا لو، بیشک تمہارا لوٹنا (بازگشت) جہنم کی طرف ہے۔

قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

قُلْ	لِّعِبَادِيَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	يُقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَيُنْفِقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ
کہدیں	میرے بندوں سے	وہ جو کہ	ایمان لائے	قائم کریں	نماز	اور خرچ کریں	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا

آپؐ میرے اُن بندوں سے کہدیں جو ایمان لائے کہ وہ نماز قائم کریں اور اُس میں سے خرچ کریں جو ہیں نے انہیں دیا ہے

سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾ اَللّٰهُ

سِرًّا	وَّعَلَانِيَةً	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ يَّاْتِيَ	يَوْمٌ	لَّا بَيْعٌ	فِيْهِ	وَلَا خِلٰلٌ	اَللّٰهُ
چھپاکر	اور ظاہر	اس سے قبل	کہ آجائے	وہ دن	نہ خرید فروخت	اس میں	اور نہ دوستی	اللہ

چھپاکر اور ظاہری طور پر، اس سے قبل کہ وہ دن آجائے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی۔ اللہ ہے

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ

الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَاَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجَ	بِهٖ
وہ جو	اس نے پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	اور اتارا	آسمان سے	پانی	پھر نکالا	اس سے

جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، اور آسمان سے پانی اتارا، پھر اس سے نکالا

مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ

مِنَ	الثَّمَرٰتِ	رِزْقًا	لَّكُمْ	وَسَخَّرَ	لَكُمُ	الْفُلْكَ	لِتَجْرِيَ	فِي الْبَحْرِ	بِاَمْرِهٖ	وَسَخَّرَ
سے	پھل (جمع)	رزق	تمہارے لئے	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	کشتی	تاکہ چلے	دریا میں	اسکے حکم سے	اور مسخر کیا

تمہارے لئے پھلوں سے رزق، اور تمہارے لئے کشتی کو مسخر (تابع فرمان) کیا تاکہ اُس (اللہ) کے حکم سے دریا میں چلے اور مسخر کیا

لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ

لَكُمُ	الْاَنْهٰرَ	وَسَخَّرَ	لَكُمُ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	دَآئِبَيْنِ	وَسَخَّرَ	لَكُمُ	الَّيْلَ
تمہارے لئے	نہریں (ندیاں)	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	سورج	اور چاند	ایک دستور پر چلنے والے	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	رات

تمہارے لئے نہروں کو۔ اور تمہارے لئے مسخر کیا سورج اور چاند کو کہ وہ ایک دستور پر چل رہے ہیں، اور تمہارے لئے مسخر کیا رات

وَالنَّهَارَ ﴿۳۳﴾ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۭ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

وَالنَّهَارَ	وَاٰتٰىكُمْ	مِنْ	كُلِّ	مَا	سَاَلْتُمُوْهُ	وَاِنْ	تَعُدُّوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ
اور دن	اور اس نے تمہیں دی	سے	ہر چیز	جو	تم نے اس سے مانگی	اور اگر	گننے لگو تم	نعمت	اللہ

اور دن کو، اور اس نے تمہیں دی ہر چیز جو تم نے اس سے مانگی، اور اگر تم اللہ کی نعمت گننے لگو

۵ ع ۱۷

لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ

لَا تُحْصُوْهَا	اِنَّ	الْاِنْسَانَ	لَظَلُوْمٌ	كَفَّارٌ	وَاِذْ	قَالَ	اِبْرٰهِيْمُ	رَبِّ	اجْعَلْ
اسے شمار میں نہ لاسکو گے	بیشک	انسان	بیشک بڑا ظالم	ناشکرا	اور جب	کہا	ابراہیمؑ	اے میرے رب	بنادے

تم اسے شمار میں نہ لاسکو گے، بیشک انسان بڑا ظالم، ناشکرا ہے۔ اور جب ابراہیمؑ نے کہا اے ہمارے رب ! بنادے

هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿۳۵﴾ رَبِّ اِنَّهُنَّ

هٰذَا الْبَلَدَ	اٰمِنًا	وَاجْنُبْنِيْ	وَبَنِيَّ	اَنْ	نَّعْبُدَ	الْاَصْنَامَ	رَبِّ	اِنَّهُنَّ
یہ شہر	امن کی جگہ	اور مجھے دُور رکھ	اور میری اولاد	کہ	ہم پرستش کریں	بُت (جمع)	اے میرے رب	بیشک وہ

اس شہر کو امن کی جگہ، اور مجھے اور میری اولاد کو اس سے دُور رکھ کہ ہم بتوں کی پرستش کرنے لگیں۔ اے میرے رب ! بیشک

اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ

اَضْلَلْنَ	كَثِيْرًا	مِنَ	النَّاسِ	فَمَنْ	تَبِعَنِيْ	فَاِنَّهٗ	مِنِّيْ	وَمَنْ	عَصَانِيْ
انہوں نے گمراہ کیا	بہت	سے	لوگ	پس جو جس	میری پیروی کی	بیشک وہ	مجھ سے	اور جو جس	میری نافرمانی کی

انہوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا، پس جس نے میری پیروی کی، بیشک وہ مجھ سے ہے، اور جس نے میری نافرمانی کی

فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۶﴾ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ

فَاِنَّكَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	رَبَّنَآ	اِنِّيْٓ	اَسْكَنْتُ	مِنْ	ذُرِّيَّتِيْ	بِوَادٍ	غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ
تو بیشک تو	بخشنے والا	نہایت مہربان	اے ہمارے رب	بیشک میں	میں نے بسایا	سے کچھ	اپنی اولاد	میدان	بغیر کھیتی والی

تو بیشک تو بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اے ہمارے رب ! بیشک میں نے اپنی کچھ اولاد کو ایک بغیر کھیتی والے میدان میں بسایا ہے

عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ

عِنْدَ	بَيْتِكَ	الْمُحَرَّمِ	رَبَّنَا	لِيُقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	فَاجْعَلْ	اَفْئِدَةً	مِّنَ النَّاسِ
نزدیک	تیرا گھر	احترام والا	اے ہمارے رب	تاکہ قائم کریں	نماز	پس کردے	دل (جمع)	سے لوگ

تیرے احترام والے گھر کے نزدیک اے ہمارے رب ! تاکہ وہ نماز قائم کریں، پس لوگوں کے دلوں کو (ایسا) کر دے

تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۷﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ

تَهْوِيْٓ	اِلَيْهِمْ	وَارْزُقْهُمْ	مِنَ	الثَّمَرٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَشْكُرُوْنَ	رَبَّنَآ	اِنَّكَ
وہ مائل ہوں	ان کی طرف	اور انہیں رزق دے	سے	پھل (جمع)	تاکہ وہ	شکر کریں	اے ہمارے رب	بیشک تو

کہ وہ ان کی طرف مائل ہوں، اور انہیں پھلوں سے رزق دے، تاکہ وہ شکر کریں۔ اے ہمارے رب ! بیشک تو

تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ؕ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ

تَعْلَمُ	مَا نُخْفِيْ	وَمَا	نُعْلِنُ	وَمَا	يَخْفٰى	عَلَى اللّٰهِ	مِنْ	شَيْءٍ
تو جانتا ہے	جو ہم چھپاتے ہیں	اور جو	ہم ظاہر کرتے ہیں	اور نہیں	چھپی ہوئی	اللہ پر	سے کوئی	چیز

تو جانتا ہے جو ہم چھپاتے ہیں، اور جو ظاہر کرتے ہیں، اور اللہ پر کوئی چیز چھپی ہوئی نہیں

فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ﴿۳۸﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ

فِي الْاَرْضِ	وَلَا	فِي	السَّمَآءِ	اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	وَهَبَ لِيْ	عَلَى الْكِبَرِ
زمین میں	اور نہ	میں	آسمان	تمام تعریفیں	اللہ کیلئے	وہ جو جس	بخشا مجھے	پر۔ میں بڑھاپا

زمین میں، اور نہ آسمان میں۔ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے مجھے بڑھاپے میں بخشا

اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾ رَبِّ اجْعَلْنِيْ

اِسْمٰعِيْلَ	وَاِسْحٰقَ	اِنَّ	رَبِّيْ	لَسَمِيْعُ	الدُّعَآءِ	رَبِّ	اجْعَلْنِيْ
اسمٰعیلؑ	اور اسحٰقؑ	بیشک	میرا رب	البتہ سننے والا	دعا	اے میرے رب	مجھے بنا تو

اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ، بیشک میرا رب دعا سننے والا ہے۔ اے میرے رب! مجھے بنا

مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا

مُقِيْمَ	الصَّلٰوةِ	وَ	مِنْ	ذُرِّيَّتِيْ	رَبَّنَا	وَتَقَبَّلْ	دُعَآءِ	رَبَّنَا
قائم کرنے والا	نماز	اور	سے۔کو	میری اولاد	اے ہمارے رب	اور قبول فرما	دعا	اے ہمارے رب

نماز قائم کرنے والا، اور میری اولاد کو بھی اے ہمارے رب! میری دعا قبول فرما لے۔ اے ہمارے رب!

ع ۶ ۱۸

اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ

اغْفِرْ لِيْ	وَلِوَالِدَيَّ	وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ	يَوْمَ	يَقُوْمُ	الْحِسَابُ	وَلَا	تَحْسَبَنَّ
مجھے بخشدے	اور میرے ماں باپ کو	اور مومنوں کو	جس دن	قائم ہوگا	حساب	اور نہ	تم ہرگز گمان کرنا

جس دن حساب قائم ہوگا (روزِ حساب) مجھے اور میرے ماں باپ کو، اور مومنوں کو بخشدے۔ اور تم ہرگز گمان نہ کرنا

اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۲﴾ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ

اللّٰهَ	غَافِلًا	عَمَّا	يَعْمَلُ	الظّٰلِمُوْنَ	اِنَّمَا	يُؤَخِّرُهُمْ	لِيَوْمٍ	تَشْخَصُ	فِيْهِ
اللہ	بے خبر	اس سے جو	وہ کرتے ہیں	ظالم (جمع)	صرف	انہیں مہلت دیتا ہے	اس دن تک	کھلی رہ جائیں گی	اس میں

کہ اللہ اس سے بے خبر ہے جو وہ ظالم کرتے ہیں۔ وہ صرف انہیں اس دن تک مہلت دیتا ہے، جس میں کھلی رہ جائیں گی

الْاَبْصَارُ ﴿۴۲﴾ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ

الْاَبْصَارُ	مُهْطِعِيْنَ	مُقْنِعِيْ	رُءُوْسِهِمْ	لَا يَرْتَدُّ	اِلَيْهِمْ	طَرْفُهُمْ
آنکھیں	وہ دوڑنے ہوں گے	اٹھائے ہوئے	اپنے سر	نہ لوٹ سکیں گی	ان کی طرف	اُن کی نگاہیں

آنکھیں۔ وہ اپنے سر (اوپر کو) اٹھائے ہوئے دوڑتے ہوں گے، اُن کی نگاہیں اُن کی طرف نہ لوٹ سکیں گی،

وَاَفْئِدَتُهُمْ هَوَآءٌ ﴿۴۳﴾ وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ

وَاَفْئِدَتُهُمْ	هَوَآءٌ	وَاَنْذِرِ	النَّاسَ	يَوْمَ	يَاْتِيْهِمُ	الْعَذَابُ	فَيَقُوْلُ
اور اُن کے دل	اُڑے ہوئے	اور ڈراؤ	لوگ	وہ دن	ان پر آئے گا	عذاب	تو کہیں گے

اور ان کے دل (خوف سے) اُڑے ہوئے ہوں گے۔ اور لوگوں کو اُس دن سے ڈراؤ جب اُن پر عذاب آئے گا، تو کہیں گے

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ

الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	رَبَّنَآ	اَخِّرْنَآ	اِلٰٓى	اَجَلٍ	قَرِيْبٍ	نُّجِبْ	دَعْوَتَكَ	وَنَتَّبِعِ
وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)	اے ہمارے رب	ہمیں مہلت دے	طرف	ایک دن	تھوڑی	ہم قبول کرلیں	تیری دعوت	اور ہم پیروی کریں

ظالم، اے ہمارے رب! ہمیں ایک تھوڑی مدّت کے لئے مہلت دیدے کہ ہم تیری دعوت قبول کرلیں، اور ہم پیروی کریں

الرُّسُلَ ۭ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿۴۴﴾ وَّسَكَنْتُمْ

الرُّسُلَ	اَوَ	لَمْ تَكُوْنُوْٓا	اَقْسَمْتُمْ	مِّنْ قَبْلُ	مَا لَكُمْ	مِّنْ زَوَالٍ	وَّسَكَنْتُمْ
رسول (جمع)	یا۔ کیا	تم نہ تھے	تم قسمیں کھاتے	اس سے قبل	تمہارے لئے نہیں	کوئی زوال	اور تم رہے تھے

رسولوں کی، کیا تم اس سے قبل قسمیں نہ کھاتے تھے؟ کہ تمہارے لئے کوئی زوال نہیں۔ اور تم رہے تھے

فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَ

فِيْ	مَسٰكِنِ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	وَتَبَيَّنَ	لَكُمْ	كَيْفَ	فَعَلْنَا	بِهِمْ	وَ
میں	گھر (جمع)	جن لوگوں	نے ظلم کیا تھا	اپنی جانوں پر	اور ظاہر ہوگیا	تم پر	کیسا	ہم نے (سلوک) کیا	ان سے	اور

ان لوگوں کے گھروں میں جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا، اور تم پر ظاہر ہوگیا تھا کہ ہم نے ان سے کیسا سلوک کیا

ضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿۴۵﴾ وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ۭ وَ

ضَرَبْنَا	لَكُمُ	الْاَمْثَالَ	وَ	قَدْ مَكَرُوْا	مَكْرَهُمْ	وَ	عِنْدَ اللّٰهِ	مَكْرُهُمْ	وَ
ہم نے بیان کیں	تمہارے لئے	مثالیں	اور	انہوں نے داؤ چلے	اپنے داؤ	اور	اللہ کے آگے	ان کا داؤ	اور

ہم نے تمہارے لئے مثالیں بیان کیں۔ اور انہوں نے اپنے داؤ چلے، اور اللہ کے آگے ہیں ان کے داؤ، اور

إِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُولَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿۴۶﴾ فَلَا تَحْسَبَنَّ اللَّهَ مُخْلِفَ

إِنْ	كَانَ	مَكْرُهُمْ	لِتَزُولَ	مِنْهُ	الْجِبَالُ	فَلَا تَحْسَبَنَّ	اللَّهَ	مُخْلِفَ
اگرچہ	تھا	ان کا داؤ	کہ ٹل جائے	اس سے	پہاڑ	پس تو ہرگز خیال نہ کر	اللہ	خلاف کرے گا

اگرچہ ان کا داؤ ایسا تھا کہ اس سے پہاڑ ٹل جاتے۔ پس تو ہرگز خیال نہ کر کہ اللہ خلاف کرے گا

وَعْدِهِ رُسُلَهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۴۷﴾ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ

وَعْدِهِ	رُسُلَهُ	إِنَّ	اللَّهَ	عَزِيزٌ	ذُو انْتِقَامٍ	يَوْمَ	تُبَدَّلُ	الْأَرْضُ
اپنا وعدہ	اپنے رسول	بیشک	اللہ	زبردست	بدلہ لینے والا	جس دن	بدل دی جائے گی	زمین

اپنے رسولوں سے اپنا وعدہ، بیشک اللہ زبردست بدلہ لینے والا ہے۔ جس دن (اس) زمین سے بدل دی جائے گی

غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ وَبَرَزُوا لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ وَتَرَى

غَيْرَ الْأَرْضِ	وَالسَّمَاوَاتُ	وَبَرَزُوا	لِلَّهِ	الْوَاحِدِ	الْقَهَّارِ	وَتَرَى
اور زمین	اور آسمان (جمع)	وہ نکل کھڑے ہوں گے	اللہ کے آگے	یکتا	سخت قہر والا	اور تو دیکھے گا

اور زمین (اور بدلے جائیں گے) آسمان، اور وہ سب اللہ یکتا سخت قہر والے کے آگے نکل کھڑے ہوں گے۔ اور تو دیکھے گا

الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ مُقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ ﴿۴۹﴾ سَرَابِيلُهُمْ مِنْ قَطِرَانٍ

الْمُجْرِمِينَ	يَوْمَئِذٍ	مُقَرَّنِينَ	فِي	الْأَصْفَادِ	سَرَابِيلُهُمْ	مِنْ	قَطِرَانٍ
مجرم (جمع)	اس دن	باہم جکڑے ہوئے	میں	زنجیریں	ان کے کرتے	سے۔ کے	گندھک

مجرم اس دن باہم زنجیروں میں جکڑے ہوں گے۔ ان کے کرتے گندھک کے ہوں گے،

وَتَغْشَىٰ وُجُوهَهُمُ النَّارُ ﴿۵۰﴾ لِيَجْزِيَ اللَّهُ كُلَّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ ۚ

وَ	تَغْشَىٰ	وُجُوهَهُمُ	النَّارُ	لِيَجْزِيَ	اللَّهُ	كُلَّ نَفْسٍ	مَا	كَسَبَتْ
اور	ڈھانپ لے گی	ان کے چہرے	آگ	تاکہ بدلہ دے	اللہ	ہر جان	جو	اس نے کمایا (کمائی)

اور آگ ان کے چہرے ڈھانپے ہوگی۔ تاکہ اللہ ہر جان کو اس کی کمائی (اعمال) کا بدلہ دے

إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿۵۱﴾ هَٰذَا بَلَاغٌ لِلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوا بِهِ

إِنَّ	اللَّهَ	سَرِيعُ الْحِسَابِ	هَٰذَا بَلَاغٌ	لِلنَّاسِ	وَ	لِيُنْذَرُوا	بِهِ
بیشک	اللہ	جلد حساب لینے والا	یہ پہنچا دینا (پیغام)	لوگوں کے لئے	اور	تاکہ وہ ڈرائے جائیں	اس سے

بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ یہ (قرآن) لوگوں کے لئے پیغام ہے، اور تاکہ وہ اس سے ڈرائے جائیں،

وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۵۲﴾

وَلِيَعْلَمُوْا	اَنَّمَا	هُوَ	اِلٰهٌ	وَاحِدٌ	وَلِيَذَّكَّرَ	اُولُوا الْاَلْبَابِ
اور تاکہ وہ جان لیں	اس کے سوا نہیں	وہ	معبود	یکتا	اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے

اور تاکہ وہ جان لیں کہ وہی معبود یکتا ہے، اور تاکہ عقل والے نصیحت پکڑیں۔

اٰیاتُہا ۹۹ | ۱۵ : سُوْرَۃُ الْحِجْرِ مَکِّیَّۃٌ : ۵۴ | رُکُوْعَاتُہا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱﴾

الٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	وَ	قُرْاٰنٍ	مُّبِيْنٍ
الف-لام-را	یہ	آیتیں	کتاب	اور	قرآن	واضح-روشن

الف-لام-را- یہ آیتیں ہیں کتاب کی، اور واضح (روشن) قرآن کی۔

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝۲

رُبَمَا	يَوَدُّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَوْ كَانُوْا	مُسْلِمِيْنَ
بسا اوقات	آرزو کریں گے	وہ لوگ جو کافر ہوئے		کاش وہ ہوتے	مسلمان

بسا اوقات کافر آرزو کریں گے کاش وہ مسلمان ہوتے!

ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝۳ وَمَا

ذَرْهُمْ	يَاْكُلُوْا	وَيَتَمَتَّعُوْا	وَيُلْهِهِمُ	الْاَمَلُ	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ	وَمَا
انہیں چھوڑ دو	وہ کھائیں	اور فائدہ اٹھالیں	اور غفلت میں رکھے انہیں	امید	پس عنقریب	وہ جان لیں گے	اور نہیں

انہیں چھوڑ دو، وہ کھائیں اور فائدہ اٹھالیں، اور امید انہیں غفلت میں ڈالے رکھے، پس عنقریب وہ جان لیں گے۔ اور

اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ۝۴ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ

اَهْلَكْنَا	مِنْ	قَرْيَةٍ	اِلَّا	وَلَهَا	كِتَابٌ	مَعْلُوْمٌ	مَا تَسْبِقُ	مِنْ اُمَّةٍ
ہم نے ہلاک کیا	کسی	بستی	مگر	اس کے لئے	ایک لکھا ہوا	مقررہ وقت	نہ سبقت کرتی ہے	کوئی امت

نہیں ہلاک کیا ہم نے کسی بستی کو، مگر اس کے لئے ایک لکھا ہوا وقت مقرر تھا۔ نہ کوئی امت سبقت کرتی ہے

اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝۵ وَقَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ

اَجَلَهَا	وَ مَا	يَسْتَاْخِرُوْنَ	وَقَالُوْا	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْ نُزِّلَ	عَلَيْهِ	الذِّكْرُ	اِنَّكَ
اپنا مقررہ وقت	اور نہ	وہ پیچھے رہتے ہیں	اور وہ بولے	اے وہ	وہ جو کہ اتارا گیا	اس پر	یاد دہانی (قرآن)	بیشک تو

اپنے مقررہ وقت سے، اور نہ وہ پیچھے رہتے ہیں۔ اور وہ (کافر) بولے اے وہ شخص جس پر قرآن اتارا گیا ہے بیشک تو

لَمَجْنُوْنٌ ۝۶ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۷ مَا نُنَزِّلُ

لَمَجْنُوْنٌ	لَوْ	مَا تَاْتِيْنَا	بِالْمَلٰٓئِكَةِ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	مَا نُنَزِّلُ
دیوانہ	کیوں	ہمارے پاس تو نہیں لے آتا	فرشتوں کو	اگر	تو ہے	سے	سچے	ہم نازل نہیں کرتے

دیوانہ ہے، تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتا؟ اگر تو سچوں میں سے ہے۔ ہم نازل نہیں کرتے

الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۝۸ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ

الْمَلٰٓئِكَةَ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَمَا كَانُوْٓا	اِذًا	مُّنْظَرِيْنَ	اِنَّا	نَحْنُ	نَزَّلْنَا	الذِّكْرَ
فرشتے	مگر	حق کے ساتھ	اور نہ ہوں گے	اس وقت	مہلت دیئے گئے	بیشک	ہم	ہم نے نازل کیا	یاد دہانی (قرآن)

فرشتے مگر حق کے ساتھ، اور وہ اس وقت مہلت نہ دیئے جائیں گے۔ بیشک ہم ہی نے قرآن نازل کیا

وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۹ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۰

وَاِنَّا	لَهٗ	لَحٰفِظُوْنَ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	مِنْ	قَبْلِكَ	فِيْ	شِيَعِ	الْاَوَّلِيْنَ
اور بیشک ہم	اس کے	نگہبان	اور یقیناً ہم نے بھیجے	سے	تم سے پہلے	میں	گروہ	پہلے

اور بیشک ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔ اور یقیناً ہم نے تم سے پہلے گروہوں میں (رسول) بھیجے۔

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۱ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ

وَمَا يَاْتِيْهِمْ	مِنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	كَذٰلِكَ	نَسْلُكُهٗ
اور نہیں آیا ان کے پاس	کوئی رسول	مگر	وہ تھے	اس سے	استہزاء کرتے	اسی طرح	ہم اسے ڈال دیتے ہیں

اور اُن کے پاس کوئی رسول نہیں آیا مگر وہ اس سے استہزاء کرتے تھے۔ اسی طرح ہم اسے ڈال دیتے ہیں

فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۲ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۳

فِيْ	قُلُوْبِ	الْمُجْرِمِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ	وَقَدْ خَلَتْ	سُنَّةُ	الْاَوَّلِيْنَ
میں	دل (جمع)	مجرموں	وہ ایمان نہیں لائیں گے	اس پر	اور پڑ چکی ہے	رسم روش	پہلے

مجرموں کے دلوں میں۔ وہ اس (قرآن) پر ایمان نہیں لائیں گے، اور یہ پہلوں کی رسم پڑ چکی ہے۔

وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝۱۴ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا

وَلَوْ	فَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ	بَابًا	مِنَ	السَّمَآءِ	فَظَلُّوْا	فِيْهِ	يَعْرُجُوْنَ	لَقَالُوْٓا	اِنَّمَا
اور اگر	ہم کھول دیں	اُن پر	کوئی دروازہ	سے	آسمان	وہ رہیں	اس میں	چڑھتے	تو کہیں گے	اسکے سوا نہیں

اور اگر ہم اُن پر آسمان کا کوئی دروازہ کھول دیں، اور وہ اس میں (دن بھر) چڑھتے رہیں تو (یہی) کہیں گے کہ اس کے سوا نہیں کہ

سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝۱۵ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا

سُكِّرَتْ	اَبْصَارُنَا	بَلْ	نَحْنُ	قَوْمٌ	مَّسْحُوْرُوْنَ	وَلَقَدْ جَعَلْنَا	فِي	السَّمَآءِ	بُرُوْجًا
باندھ دی گئی	ہماری آنکھیں	بلکہ	ہم	لوگ	سحر زدہ	اور یقیناً ہم نے بنائے	میں	آسمان	بُرج (جمع)

ہماری آنکھیں باندھ دی گئی ہیں (ہماری نظر بندی کر دی گئی ہے) بلکہ ہم سحر زدہ ہیں۔ اور یقیناً ہم نے آسمانوں میں بُرج بنائے

وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۝۱۶ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝۱۷ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ

وَزَيَّنّٰهَا	لِلنّٰظِرِيْنَ	وَحَفِظْنٰهَا	مِنْ	كُلِّ	شَيْطٰنٍ	رَجِيْمٍ	اِلَّا	مَنِ	اسْتَرَقَ
اور اُسے زینت دی	دیکھنے والوں کے لئے	اور ہم نے حفاظت کی اسکی	سے	ہر	شیطان	مردود	مگر	جو	چوری کرے

اور اسے دیکھنے والوں کے لئے زینت دی، اور ہم نے ہر مردود شیطان سے اس کی حفاظت کی۔ مگر جو چوری کر کے (چوری سے)

ع ۱ ۱۵ ۱

السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ

السَّمْعَ	فَاَتْبَعَهٗ	شِهَابٌ	مُّبِيْنٌ	وَالْاَرْضَ	مَدَدْنٰهَا	وَاَلْقَيْنَا	فِيْهَا	رَوَاسِيَ
سُننا	تو اس کا پیچھا کرتا ہے	شعلہ	چمکتا ہوا	اور زمین	ہم نے اس کو پھیلا دیا	اور ہم نے رکھے	اس میں (پر)	پہاڑ

سُن لے، تو چمکتا ہوا شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے۔ اور ہم نے زمین کو پھیلا دیا، اور ہم نے اس پر پہاڑ رکھے،

وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ

وَاَنْۢبَتْنَا	فِيْهَا	مِنْ	كُلِّ شَيْءٍ	مَّوْزُوْنٍ	وَجَعَلْنَا	لَكُمْ	فِيْهَا	مَعَايِشَ	وَمَنْ
اور ہم نے اُگائی	اس میں	سے	ہر شئے	موزوں	اور ہم نے بنائے	تمہارے لئے	اس میں	سامانِ معیشت	اور جو۔ جس

اور اس میں ہر شئے موزوں اُگائی۔ اور ہم نے تمہارے لئے اس میں سامانِ معیشت بنائے (اور اُس کے لئے بھی) جسے

لَسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا

لَسْتُمْ	لَهٗ	بِرٰزِقِيْنَ	وَاِنْ	مِنْ شَيْءٍ	اِلَّا	عِنْدَنَا	خَزَآئِنُهٗ	وَمَا	نُنَزِّلُهٗٓ	اِلَّا
تم نہیں	اس کے لئے	رزق دینے والے	اور نہیں	کوئی چیز	مگر	تمہارے پاس	اسکے خزانے	اور نہیں	ہم اس کو اُتارتے	مگر

تم رزق دینے والے نہیں۔ اور کوئی چیز نہیں جس کے خزانے ہمارے پاس نہ ہوں، اور ہم نہیں اُتارتے مگر

بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾ وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

بِقَدَرٍ	مَّعْلُوْمٍ	وَاَرْسَلْنَا	الرِّيٰحَ	لَوَاقِحَ	فَاَنْزَلْنَا	مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً
اندازہ سے	معلوم۔ مناسب	اور ہم نے بھیجیں	ہوائیں	بھری ہوئی	پھر ہم نے اتارا	سے	آسمان	پانی

ایک مناسب اندازے سے۔ اور ہم نے ہوائیں بھیجیں (پانی سے) بھری ہوئیں، پھر ہم نے آسمان سے پانی اُتارا،

فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ

فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ	وَمَآ	اَنْتُمْ	لَهٗ	بِخٰزِنِيْنَ	وَاِنَّا	لَنَحْنُ	نُحْيٖ	وَنُمِيْتُ	وَنَحْنُ
پھر ہم نے وہ تمہیں پلایا	اور نہیں	تم	اس کے	خزانہ کرنے والے	اور بیشک ہم	البتہ ہم	زندگی دیتے ہیں	اور ہم مارتے ہیں	اور ہم

پھر وہ ہم نے تمہیں پلایا، اور تم اس کے خزانے (جمع) کرنے والے نہیں۔ اور بیشک ہم (ہی) زندگی دیتے ہیں، اور ہم ہی مارتے ہیں، اور ہم ہی

الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾

الْوٰرِثُوْنَ	وَلَقَدْ عَلِمْنَا	الْمُسْتَقْدِمِيْنَ	مِنْكُمْ	وَلَقَدْ عَلِمْنَا	الْمُسْتَاْخِرِيْنَ
وارث (جمع)	اور تحقیق ہمیں معلوم ہیں	آگے گزرنے والے	تم میں سے	اور تحقیق ہمیں معلوم ہیں	پیچھے رہ جانے والے

وارث ہیں۔ اور تحقیق ہمیں معلوم ہیں تم میں سے آگے گزر جانے والے، اور تحقیق ہمیں معلوم ہیں پیچھے رہ جانے والے۔

وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

وَاِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	يَحْشُرُهُمْ	اِنَّهٗ	حَكِيْمٌ	عَلِيْمٌ	وَلَقَدْ خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ
اور بیشک	تیرا رب	وہ	انہیں جمع کرے گا	بیشک وہ	حکمت والا	علم والا	اور تحقیق ہم نے پیدا کیا	انسان

اور بیشک تیرا رب (ہی) انہیں (روزِ قیامت) جمع کرے گا، بیشک وہ حکمت والا، علم والا ہے۔ اور تحقیق ہم نے انسانوں کو پیدا کیا

مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ وَالْجَاۗنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾

مِنْ	صَلْصَالٍ	مِّنْ حَمَاٍ	مَّسْنُوْنٍ	وَالْجَاۗنَّ	خَلَقْنٰهُ	مِنْ قَبْلُ	مِنْ	نَّارِ السَّمُوْمِ
سے	کھنکناتا ہوا	سیاہ گارے سے	سڑا ہوا	اور جن (جمع)	ہم نے اسے پیدا کیا	اس سے پہلے	سے	آگ بے دھوئیں کی

ایک کھنکناتے ہوئے سیاہ سڑے ہوئے گارے سے۔ اور جنوں کو اس سے پہلے ہم نے بے دھوئیں کی آگ سے پیدا کیا۔

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اِنِّىْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾

وَاِذْ	قَالَ	رَبُّكَ	لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ	اِنِّىْ	خَالِقٌۢ	بَشَرًا	مِّنْ	صَلْصَالٍ	مِّنْ	حَمَاٍ	مَّسْنُوْنٍ
اور جب	کہا	تیرا رب	فرشتوں کو	بیشک میں	بنانے والا	انسان	سے	کھنکناتا ہوا	سے	سیاہ گارا	سڑا ہوا

اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا بیشک میں انسان کو بنانے والا ہوں ایک کھنکناتے ہوئے سیاہ سڑے ہوئے گارے سے۔

فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَسَجَدَ

فَاِذَا	سَوَّيْتُهٗ	وَنَفَخْتُ	فِيْهِ	مِنْ رُّوْحِيْ	فَقَعُوْا	لَهٗ	سٰجِدِيْنَ	فَسَجَدَ
پھر جب	میں اسے درست کرلوں	اور پھونکوں	اس میں	اپنی روح سے	تو گر پڑو تم	اس کے لئے	سجدہ کرتے ہوئے	پس سجدہ کیا

پھر جب میں اسے درست کرلوں، اور اس میں اپنی رُوح پھونک دوں تو تم اس کے لئے سجدہ میں گر پڑو۔ پس سجدہ کیا

الْمَلٰۗىِٕكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۱﴾

الْمَلٰۗىِٕكَةُ	كُلُّهُمْ	اَجْمَعُوْنَ	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	اَبٰٓى	اَنْ	يَّكُوْنَ	مَعَ	السّٰجِدِيْنَ
فرشتوں (جمع)	وہ سب	سب کے سب	سوائے	ابلیس	اس نے انکار کیا	کہ	وہ ہو	ساتھ	سجدہ کرنے والے

سب کے سب فرشتوں نے، ابلیس کے سوا۔ اس نے (اس سے) انکار کیا کہ وہ سجدہ کرنے والوں کے ساتھ ہو۔

قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ

قَالَ	يٰٓاِبْلِيْسُ	مَا لَكَ	اَلَّا تَكُوْنَ	مَعَ	السّٰجِدِيْنَ	قَالَ	لَمْ اَكُنْ	لِّاَسْجُدَ
اس نے فرمایا	اے ابلیس	تجھے کیا ہوا	کہ تو نہ ہوا	ساتھ	سجدہ کرنے والے	اس نے کہا	میں نہیں ہوں	کہ سجدہ کروں

اللہ نے فرمایا، اے ابلیس! تجھے کیا ہوا؟ کہ تو سجدہ کرنے والوں کے ساتھ نہ ہوا۔ اس نے کہا میں (وہ) نہیں ہوں کہ سجدہ کروں

لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا

لِبَشَرٍ	خَلَقْتَهٗ	مِنْ	صَلْصَالٍ	مِّنْ	حَمَاٍ	مَّسْنُوْنٍ	قَالَ	فَاخْرُجْ	مِنْهَا
انسان کو	تو نے اس کو پیدا کیا	سے	کھنکناتا ہوا	سے	سیاہ گارا	سڑا ہوا	اس نے کہا	پس نکل جا	یہاں سے

انسان کو، تو نے اس کو کھنکناتے ہوئے سیاہ سڑے ہوئے گارے سے پیدا کیا ہے۔ اللہ نے فرمایا پس یہاں (جنت) سے نکل جا

فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳۵﴾ قَالَ رَبِّ

فَاِنَّكَ	رَجِيْمٌ	وَّاِنَّ	عَلَيْكَ	اللَّعْنَةَ	اِلٰى	يَوْمِ الدِّيْنِ	قَالَ	رَبِّ
بیشک تو	مردود	اور بیشک	تجھ پر	لعنت	تک	روزِ انصاف	اس نے کہا	اے میرے رب

بیشک تو مردود ہے۔ اور بیشک تجھ پر روزِ انصاف (قیامت) تک لعنت ہے۔ اس نے کہا اے میرے رب!

فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِلٰى يَوْمِ

فَاَنْظِرْنِيْٓ	اِلٰى	يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ	قَالَ	فَاِنَّكَ	مِنَ	الْمُنْظَرِيْنَ	اِلٰى	يَوْمِ
تو مجھے مہلت دے	تک	جس دن (مُردے) اُٹھائے جائیں	اس نے کہا	بیشک تو	سے	مہلت دیئے جانے والے	تک	دن

مجھے اس دن تک مہلت دے جس دن مُردے اُٹھائے جائیں گے۔ اس نے فرمایا بیشک تو مہلت دیئے جانے والوں میں سے ہے، اس دن تک

الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ

الْوَقْتِ	الْمَعْلُوْمِ	قَالَ	رَبِّ	بِمَآ	اَغْوَيْتَنِيْ	لَاُزَيِّنَنَّ	لَهُمْ	فِي الْاَرْضِ
وقت	معلوم (مقرر)	اس نے کہا	اے میرے رب	جیسا کہ	تو نے مجھے گمراہ کیا	تو میں ضرور آراستہ کروں گا	ان کے لئے	زمین میں

جس کا وقت مقرر ہے۔ اس نے کہا اے میرے رب! جیسا کہ تو نے مجھے گمراہ کیا تو میں ضرور ان کے لئے (گناہ کو) زمین میں آراستہ کروں گا،

وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ قَالَ هٰذَا

وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	عِبَادَكَ	مِنْهُمُ	الْمُخْلَصِيْنَ	قَالَ	هٰذَا
اور میں ضرور گمراہ کروں گا اُنکو	سب	سوائے	تیرے بندے	ان میں سے	مخلص (جمع)	اس نے کہا	یہ

اور میں ضرور اُن سب کو گمراہ کروں گا۔ سوائے اُن میں سے جو تیرے مخلص بندے ہیں۔ اس نے فرمایا یہ

صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿۴۱﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا

صِرَاطٌ	عَلَيَّ	مُسْتَقِيْمٌ	اِنَّ	عِبَادِيْ	لَيْسَ	لَكَ	عَلَيْهِمْ	سُلْطٰنٌ	اِلَّا
راستہ	مجھ تک	سیدھا	بیشک	میرے بندے	نہیں	تیرے لئے (تیرا)	اُن پر	کوئی زور	مگر

راستہ سیدھا مجھ تک (آتا ہے)۔ بیشک وہ میرے بندے ہیں اُن پر تیرا کوئی زور نہیں، مگر

مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۳﴾ قفلا

مَنِ	اتَّبَعَكَ	مِنَ	الْغٰوِيْنَ	وَاِنَّ	جَهَنَّمَ	لَمَوْعِدُهُمْ	اَجْمَعِيْنَ
جو۔جس	تیری پیروی کی	سے	بہکے ہوئے (گمراہ)	اور بیشک	جہنم	ان کے لئے وعدہ گاہ	سب

گمراہوں میں سے جس نے تیری پیروی کی۔ اور بیشک ان سب کے لئے جہنم وعدہ گاہ ہے۔

لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ ع ۱۹ ۳

لَهَا	سَبْعَةُ	اَبْوَابٍ	لِكُلِّ بَابٍ	مِّنْهُمْ	جُزْءٌ	مَّقْسُوْمٌ	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ
اس کے لئے	سات	دروازے	ہر دروازہ کے لئے	اُن سے	ایک حصہ	تقسیم شدہ	بیشک	پرہیزگار

اس کے سات دروازے ہیں، ہر دروازے کے لئے ان کا ایک حصہ تقسیم شدہ ہے۔ بے شک پرہیزگار

فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ؕ ﴿۴۵﴾ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ

فِيْ	جَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ	اُدْخُلُوْهَا	بِسَلٰمٍ	اٰمِنِيْنَ	وَنَزَعْنَا	مَا	فِيْ	صُدُوْرِهِمْ
میں	باغات	اور چشمے	تم ان میں داخل ہو جاؤ	سلامتی کے ساتھ	بے خوف و خطر	اور ہم نے کھینچ لیا	جو	میں	ان کے سینے

باغوں اور چشموں میں (ہوں گے)۔ تم اُن میں سلامتی کے ساتھ بے خوف و خطر داخل ہو جاؤ اور ہم نے اُن کے سینوں سے کھینچ لئے

مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ

مِنْ	غِلٍّ	اِخْوَانًا	عَلٰى	سُرُرٍ	مُّتَقٰبِلِيْنَ	لَا يَمَسُّهُمْ	فِيْهَا	نَصَبٌ	وَمَا	هُمْ
سے	کینہ	بھائی بھائی	پر	تخت (جمع)	آمنے سامنے	انہیں نہ چھوئے گی	اس میں	کوئی تکلیف	اور نہ	وہ

کینے، بھائی بھائی (بن کر) تختوں پر آمنے سامنے (بیٹھے ہونگے)۔ اس میں انہیں کوئی تکلیف نہ چھوئے گی، اور نہ وہ

مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ

مِنْهَا	بِمُخْرَجِيْنَ	نَبِّئْ	عِبَادِيْٓ	اَنِّيْٓ	اَنَا	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	وَاَنَّ	عَذَابِيْ	هُوَ
اس سے	نکالے جائیں گے	خبر دیدو	میرے بندے	کہ بیشک	میں	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور یہ کہ	میرا عذاب	وہ (ہی)

اس سے نکالے جائیں گے۔ میرے بندوں کو خبر دے دو کہ بیشک میں بخشنے والا نہایت مہربان ہوں۔ اور یہ کہ میرا ہی عذاب

الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ

الْعَذَابُ	الْاَلِيْمُ	وَنَبِّئْهُمْ	عَنْ	ضَيْفِ	اِبْرٰهِيْمَ	اِذْ	دَخَلُوْا	عَلَيْهِ
عذاب	دردناک	اور انہیں خبر دو (سنادو)	سے۔کا	مہمان	ابراہیمؑ	جب	وہ داخل ہوئے (آئے)	اُس پر (پاس)

دردناک عذاب ہے۔ اور انہیں ابراہیمؑ کے مہمانوں کا (حال) سُنادو۔ جب وہ اس کے پاس آئے

فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ

فَقَالُوْا	سَلٰمًا	قَالَ	اِنَّا	مِنْكُمْ	وَجِلُوْنَ	قَالُوْا	لَا تَوْجَلْ	اِنَّا نُبَشِّرُكَ	بِغُلٰمٍ
تو انہوں نے کہا	سلام	اس نے کہا	بیشک ہم	تم سے	ڈرنے والے (ڈرتے) ہیں	انہوں نے کہا	ڈرو نہیں	بیشک ہم تمہیں خوشخبری دیتے ہیں	ایک لڑکا

تو انہوں نے سلام کہا، اس نے کہا ہم تم سے ڈرتے ہیں - انہوں نے کہا ڈرو نہیں، ہم تمہیں ایک لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں

عَلِيْمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ

عَلِيْمٍ	قَالَ	اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ	عَلٰٓى	اَنْ	مَّسَّنِيَ	الْكِبَرُ	فَبِمَ	تُبَشِّرُوْنَ	قَالُوْا	بَشَّرْنٰكَ
علم والا	اس نے کہا	کیا تم مجھے خوشخبری دیتے ہو	باوجود	کہ	مجھے پہنچ گیا	بڑھاپا	سو کس بات	تم خوشخبری دیتے ہو	وہ بولے	ہم نے تمہیں خوشخبری دی

علم والے کی - اس (ابراہیمؑ) نے کہا کیا تم مجھے اس حال میں خوشخبری دیتے ہو کہ مجھے بڑھاپا پہنچ گیا ہے؟ سو کس بات کی خوشخبری دیتے ہو؟ وہ بولے ہم نے تمہیں خوشخبری دی ہے

بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ

بِالْحَقِّ	فَلَا تَكُنْ	مِنَ	الْقٰنِطِيْنَ	قَالَ	وَمَنْ	يَّقْنَطُ	مِنْ	رَّحْمَةِ	رَبِّهٖٓ
سچائی کے ساتھ	آپ نہ ہوں	سے	مایوس ہونے والے	اس نے کہا	اور کون	مایوس ہوگا	سے	رحمت	اپنا رب

سچائی کے ساتھ، آپ مایوس ہونے والوں میں سے نہ ہوں - اس نے کہا اپنے رب کی رحمت سے کون مایوس ہو گا؟

اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ

اِلَّا	الضَّآلُّوْنَ	قَالَ	فَمَا خَطْبُكُمْ	اَيُّهَا	الْمُرْسَلُوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّا	اُرْسِلْنَآ
سوائے	گمراہ (جمع)	اس نے کہا	پس کیا ہے تمہارا کام (مہم)	اے	بھیجے ہوئے (فرشتو)	وہ بولے	ہم بیشک	بھیجے گئے

گمراہوں کے سوا - اس نے کہا اے فرشتو! پس تمہاری مہم کیا ہے؟ وہ بولے بیشک ہم بھیجے گئے ہیں

اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِلَّا امْرَاَتَهٗ

اِلٰى	قَوْمٍ	مُّجْرِمِيْنَ	اِلَّآ	اٰلَ لُوْطٍ	اِنَّا	لَمُنَجُّوْهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ
طرف	ایک قوم	مجرم (جمع)	سوائے	گھر والے لوط کے	ہم	البتہ ہم انہیں بچالیں گے	سب	سوائے	اس کی عورت

مجرموں کی ایک قوم کی طرف، سوائے لوطؑ کے گھر والوں کے، البتہ ہم اُن سب کو بچالیں گے، سوائے اس کی عورت کے،

ع ۴ ۱۶ ۴

قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ۨ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ اِنَّكُمْ

قَدَّرْنَآ	اِنَّهَا	لَمِنَ	الْغٰبِرِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَ	اٰلَ لُوْطِ	الْمُرْسَلُوْنَ	قَالَ	اِنَّكُمْ
ہم نے فیصلہ کر لیا ہے	بیشک وہ	سے	پیچھے رہ جانے والے	پس جب	آئے	لوطؑ کے گھر والے	بھیجے ہوئے (فرشتے)	اس نے کہا	بیشک تم

ہم نے فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ بیشک پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے - پس جب فرشتے لوطؑ کے گھر والوں کے پاس آئے، اس نے کہا بیشک تم

قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ

قَوْمٌ	مُّنْكَرُوْنَ	قَالُوْا	بَلْ	جِئْنٰكَ	بِمَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَمْتَرُوْنَ	وَاَتَيْنٰكَ	بِالْحَقِّ
لوگ	اوپرے (ناآشنا)	وہ بولے	بلکہ	ہم آئے ہیں تمہارے پاس	اسکے ساتھ جو	وہ تھے	اس میں	شک کرتے	اور ہم تمہارے پاس آئے ہیں	حق کے ساتھ

ناآشنا لوگ ہو۔ وہ بولے بلکہ ہم تمہارے پاس اس (عذاب) کے ساتھ آئے ہیں جس میں وہ شک کرتے تھے۔ اور ہم تمہارے پاس حق کے ساتھ آئے ہیں

وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۶۴﴾ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا

وَاِنَّا	لَصٰدِقُوْنَ	فَاَسْرِ	بِاَهْلِكَ	بِقِطْعٍ	مِّنَ	الَّيْلِ	وَاتَّبِعْ	اَدْبَارَهُمْ	وَلَا
اور ہم بیشک	البتہ سچے	پس لے نکلیں آپ	اپنے گھر والوں کو	ایک حصہ	سے	رات	اور خود چلیں	ان کے پیچھے	اور نہ

اور بیشک ہم سچے ہیں۔ پس اپنے گھر والوں کو رات کے ایک حصہ میں (کچھ رات رہے) لے نکلیں اور خود ان کے پیچھے پیچھے چلیں ، اور نہ

يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ

يَلْتَفِتْ	مِنْكُمْ	اَحَدٌ	وَّامْضُوْا	حَيْثُ	تُؤْمَرُوْنَ	وَقَضَيْنَآ	اِلَيْهِ	ذٰلِكَ	الْاَمْرَ
پیچھے مڑ کر دیکھے	تم میں سے	کوئی	اور چلے جاؤ	جیسے	تمہیں حکم دیا گیا	اور ہم نے فیصلہ بھیجا	اس کی طرف	اس	بات

تم میں سے کوئی پیچھے مڑ کر دیکھے، اور چلے جاؤ جیسے تمہیں حکم دیا گیا ہے۔ اور ہم نے اس کی طرف اس بات کا فیصلہ بھیج دیا

اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۶۷﴾

اَنَّ	دَابِرَ	هٰٓؤُلَآءِ	مَقْطُوْعٌ	مُّصْبِحِيْنَ	وَجَآءَ	اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ	يَسْتَبْشِرُوْنَ
کہ	جڑ	یہ لوگ	کٹی ہوئی	صبح ہوتے	اور آئے	شہر والے	خوشیاں مناتے

کہ صبح ہوتے ان لوگوں کی جڑ کٹ جائے گی - اور شہر والے خوشیاں مناتے آئے۔

قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿۶۸﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿۶۹﴾

قَالَ	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	ضَيْفِيْ	فَلَا تَفْضَحُوْنِ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَلَا تُخْزُوْنِ
اس نے کہا	کہ	یہ لوگ	میرے مہمان	پس مجھے رسوا نہ کرو تم	اور ڈرو	اللہ	اور مجھے خوار نہ کرو

اس (لوط) نے کہا یہ میرے مہمان ہیں، مجھے تم رسوا نہ کرو۔ اور اللہ سے ڈرو اور مجھے خوار نہ کرو۔

قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾

قَالُوْٓا	اَوَ	لَمْ نَنْهَكَ	عَنِ	الْعٰلَمِيْنَ	قَالَ	هٰٓؤُلَآءِ	بَنٰتِيْٓ	اِنْ	كُنْتُمْ	فٰعِلِيْنَ
وہ بولے	کیا	ہم نے تجھے منع نہیں کیا	سے	سارے جہان	اس نے کہا	یہ	میری بیٹیاں	اگر	تم ہو	کرنیوالے (کرنا ہے)

وہ بولے کیا ہم نے تجھے سارے جہان (کی حمایت) سے منع نہیں کیا؟ اس نے کہا یہ میری بیٹیاں ہیں (ان سے نکاح کر لو) اگر تمہیں کرنا ہے۔

لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿٧٢﴾ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِينَ ﴿٧٣﴾

لَعَمْرُكَ	إِنَّهُمْ	لَفِي	سَكْرَتِهِمْ	يَعْمَهُونَ	فَأَخَذَتْهُمُ	الصَّيْحَةُ	مُشْرِقِينَ
تمہاری جان کی قسم	بیشک وہ	البتہ میں	اپنے نشہ	مدہوش تھے	پس انہیں آ لیا	چنگھاڑ	سورج نکلتے وقت

(اے محمدؐ) تمہاری جان کی قسم یہ لوگ بیشک اپنے نشہ میں مدہوش تھے - پس انہیں سورج نکلتے وقت چنگھاڑ نے آ لیا -

فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ ﴿٧٤﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ

فَجَعَلْنَا	عَالِيَهَا	سَافِلَهَا	وَأَمْطَرْنَا	عَلَيْهِمْ	حِجَارَةً	مِّن	سِجِّيلٍ	إِنَّ	فِي	ذَٰلِكَ
پس ہم نے کر دیا	اس کے اوپر کا حصہ	اس کے نیچے کا حصہ	اور ہم نے برسائے	اُن پر	پتھر	سے	سنگِ گل (کھنگر)	بیشک	میں	اس

پس ہم نے اس (بستی) کا اوپر کا حصہ نیچے (تہ و بالا) کر دیا، اور ہم نے اُن پر کھنگر کے پتھر برسائے - بے شک اس میں ط

لَآيَاتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِينَ ﴿٧٥﴾ وَإِنَّهَا لَبِسَبِيلٍ مُّقِيمٍ ﴿٧٦﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿٧٧﴾

لَآيَاتٍ	لِّلْمُتَوَسِّمِينَ	وَإِنَّهَا	لَبِسَبِيلٍ	مُّقِيمٍ	إِنَّ	فِي	ذَٰلِكَ	لَآيَةً	لِّلْمُؤْمِنِينَ
نشانیاں	غور و فکر کرنے والوں کے لئے	اور بیشک وہ	راستہ پر	سیدھا	بیشک	میں	اس	نشانی	ایمان والوں کے لئے

غور و فکر کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں - اور بیشک وہ (بستی) سیدھے راستہ پر (واقع) ہے - بیشک اس میں ایمان والوں کے لئے نشانی ہے -

وَإِن كَانَ أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ لَظَالِمِينَ ﴿٧٨﴾ فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۖ وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ

وَإِن	كَانَ	أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ	لَظَالِمِينَ	فَانتَقَمْنَا	مِنْهُمْ	وَإِنَّهُمَا	لَبِإِمَامٍ
اور تحقیق	تھے	ایکہ (بن) والے (قوم شعیب)	ظالم (جمع)	ہم نے بدلہ لیا	اُن سے	اور بیشک وہ دونوں	راستہ پر

اور تحقیق قوم شعیبؑ کے لوگ ظالم تھے - اور ہم نے اُن سے بدلہ لیا، اور وہ دونوں (بستیاں واقع ہیں) ایک

مُّبِينٍ ﴿٧٩﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحَابُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِينَ ﴿٨٠﴾ وَآتَيْنَاهُمْ آيَاتِنَا

مُّبِينٍ	وَلَقَدْ كَذَّبَ	أَصْحَابُ الْحِجْرِ	الْمُرْسَلِينَ	وَآتَيْنَاهُمْ	آيَاتِنَا
کھلے	اور البتہ جھٹلایا	حجر والے	رسول (جمع)	اور ہم نے انہیں دیں	اپنی نشانیاں

کھلے راستہ پر - اور البتہ "حجر" کے رہنے والوں نے رسولوں کو جھٹلایا - اور ہم نے اُنہیں اپنی نشانیاں دیں

فَكَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ﴿٨١﴾ وَكَانُوا يَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا آمِنِينَ ﴿٨٢﴾

فَكَانُوا	عَنْهَا	مُعْرِضِينَ	وَكَانُوا يَنْحِتُونَ	مِنَ	الْجِبَالِ	بُيُوتًا	آمِنِينَ
پس وہ تھے	اس سے	منہ پھیرنے والے	اور وہ تراشتے تھے	سے	پہاڑ (جمع)	گھر	بے خوف و خطر

پس وہ اُن سے منہ پھیرنے والے تھے - اور وہ پہاڑوں سے بے خوف و خطر گھر تراشتے تھے -

وقف لازم ۵ ع ۱۹ ۵

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿۸۳﴾ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۴﴾

فَاَخَذَتْهُمُ	الصَّيْحَةُ	مُصْبِحِيْنَ	فَمَآ اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ
پس اُنہیں آ لیا	چنگھاڑ	صبح ہوتے	تو نہ کام آیا	ان کے	جو	وہ کمایا کرتے تھے

پس اُنہیں صبح ہوتے چنگھاڑ نے آ لیا - تو جو وہ کمایا کرتے تھے (اُن کا کیا دھرا) ان کے کام نہ آیا -

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ

وَمَا	خَلَقْنَا	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَمَا	بَيْنَهُمَآ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَاِنَّ	السَّاعَةَ
اور نہیں	پیدا کیا ہم نے	آسمان (جمع)	اور زمین	اور جو	ان کے درمیان	مگر	حق کے ساتھ	اور بیشک	قیامت

اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو ان کے درمیان ہے نہیں پیدا کیا مگر حق (حکمت) کے ساتھ، اور بیشک قیامت

لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿۸۵﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۶﴾

لَاٰتِيَةٌ	فَاصْفَحِ	الصَّفْحَ	الْجَمِيْلَ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	الْخَلّٰقُ	الْعَلِيْمُ
ضرور آنیوالی	پس درگزر کرو	درگزر کرنا	اچھا	بیشک	تمہارا رب	وہ	پیدا کرنے والا	جاننے والا

ضرور آنے والی ہے پس اچھی طرح درگزر کرو - بیشک تمہارا رب ہی خوب پیدا کرنے والا، جاننے والا ہے -

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿۸۷﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ

وَلَقَدْ	اٰتَيْنٰكَ	سَبْعًا	مِّنَ	الْمَثَانِيْ	وَالْقُرْاٰنَ	الْعَظِيْمَ	لَا تَمُدَّنَّ	عَيْنَيْكَ
اور تحقیق	ہم نے تمہیں دیں	سات	سے	بار بار دہرائی جانیوالی	اور قرآن	عظمت والا	ہرگز نہ بڑھائیں آپ	اپنی آنکھیں

(اور تحقیق ہم نے تمہیں (سورۂ فاتحہ کی) بار بار دہرائی جانیوالی سات (آیات) دیں اور عظمت والا قرآن - آپ ہرگز اپنی آنکھیں نہ بڑھائیں (آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھیں)

اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ

اِلٰى	مَا مَتَّعْنَا	بِهٖٓ	اَزْوَاجًا	مِّنْهُمْ	وَلَا تَحْزَنْ	عَلَيْهِمْ	وَاخْفِضْ	جَنَاحَكَ
طرف	جو ہم نے برتنے کو دیا	اس کو	کئی جوڑے	اُن کے	اور نہ غم کھائیں	ان پر	اور جھکا دیں آپ	اپنے بازو

(ان چیزوں کی) طرف جو ہم نے اُن کے کئی جوڑوں (گروہوں) کو دیں، اور ان پر غم نہ کھائیں، اور آپ اپنے بازو جھکا دیں

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾ وَقُلْ اِنِّيْٓ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۹﴾ كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿۹۰﴾

لِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَقُلْ	اِنِّيْٓ	اَنَا	النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ	كَمَآ	اَنْزَلْنَا	عَلَى	الْمُقْتَسِمِيْنَ
مومنوں کے لئے	اور کہدیں	بیشک میں	میں	ڈرانے والا علانیہ	جیسے	ہم نے نازل کیا	پر	تقسیم کرنے والے

مومنوں کے لئے - اور کہہ دیں بیشک میں علانیہ ڈرانے والا ہوں - جیسے ہم نے تقسیم کرنیوالوں (تفرقہ پردازوں) پر عذاب نازل کیا -

الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا

الَّذِيْنَ	جَعَلُوا	الْقُرْاٰنَ	عِضِيْنَ	فَوَرَبِّكَ	لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	عَمَّا
وہ لوگ جو	اُنہوں نے کر دیا	قرآن	ٹکڑے ٹکڑے	سو تیرے رب کی قسم	ہم ضرور پوچھیں گے ان سے	سب	اسکی بابت جو

جن لوگوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا (کچھ کو مانا کچھ کو نہ مانا) سو تیرے رب کی قسم ہم ان سب سے ضرور پوچھیں گے۔ اس کی بابت جو

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾

كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ	فَاصْدَعْ	بِمَا	تُؤْمَرُ	وَاَعْرِضْ	عَنِ	الْمُشْرِكِيْنَ
وہ کرتے تھے	پس صاف صاف کہہ دیں آپؐ	جس کا	تمہیں حکم دیا گیا	اور اعراض کریں	سے	مشرک (جمع)

وہ کرتے تھے۔ پس جس بات کا آپؐ کو حکم دیا گیا ہے صاف صاف کہہ دیں اور مشرکوں سے اعراض کریں (منہ پھیر لیں)

اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ

اِنَّا	كَفَيْنٰكَ	الْمُسْتَهْزِءِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَجْعَلُوْنَ	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰهًا	اٰخَرَ	فَسَوْفَ
بیشک ہم	کافی ہیں تمہارے لئے	مذاق اڑانے والے	جو لوگ	بناتے ہیں	اللہ کے ساتھ	معبود	کوئی دوسرا	پس عنقریب

بیشک مذاق اڑانے والوں (کے خلاف) تمہارے لئے ہم کافی ہیں۔ جو لوگ اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود بناتے ہیں پس وہ عنقریب

يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ

يَعْلَمُوْنَ	وَلَقَدْ نَعْلَمُ	اَنَّكَ	يَضِيْقُ	صَدْرُكَ	بِمَا	يَقُوْلُوْنَ	فَسَبِّحْ
وہ جان لیں گے	اور البتہ ہم جانتے ہیں	بیشک تم	تنگ ہوتا ہے	تمہارا سینہ (دل)	اس سے	جو وہ کہتے ہیں	تو تسبیح کریں

جان لیں گے۔ اور البتہ ہم جانتے ہیں کہ وہ جو کہتے ہیں اس سے آپؐ کا دل تنگ ہوتا ہے، تو تسبیح کریں (پاکیزگی بیان کریں)

بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

بِحَمْدِ	رَبِّكَ	وَكُنْ	مِنَ	السّٰجِدِيْنَ	وَاعْبُدْ	رَبَّكَ	حَتّٰى	يَاْتِيَكَ	الْيَقِيْنُ
حمد کے ساتھ	اپنا رب	اور ہو	سے	سجدہ کرنے والے	اور عبادت کر میں	اپنا رب	یہانتک کہ	آئے آپؐ کے پاس	یقینی بات

اپنے رب کی حمد کے ساتھ، اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہو، اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہیں یہانتک کہ آپؐ کے پاس یقینی بات (موت) آجائے۔

رکوعاتھا ۱۶ | ۱۶ : سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ : ۷۰ | اٰیاتھا ۱۲۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ

آپہنچا اللہ کا حکم	اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے	سو اس کی جلدی نہ کرو

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝١ يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى

سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	يُنَزِّلُ	الْمَلٰٓئِكَةَ	بِالرُّوْحِ	مِنْ	اَمْرِهٖ	عَلٰى
وہ پاک	اور برتر	اس سے جو	وہ شریک بناتے ہیں	وہ نازل کرتا ہے	فرشتے	وحی کے ساتھ	سے	اپنے حکم	پر

وہ پاک ہے اور اس سے برتر جو وہ (اللہ کا) شریک بناتے ہیں۔ وہ فرشتے اپنے حکم سے وحی کے ساتھ نازل کرتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۝٢ خَلَقَ

مَنْ يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖٓ	اَنْ	اَنْذِرُوْٓا	اَنَّهٗ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّآ	اَنَا	فَاتَّقُوْنِ	خَلَقَ
جسے چاہتا ہے	سے	اپنے بندے	کہ	تم ڈراؤ	کہ وہ	نہیں	کوئی معبود	سوائے	میرے	پس مجھ سے ڈرو	اس نے پیدا کئے

اپنے بندوں میں سے جس پر وہ چاہتا ہے کہ تم ڈراؤ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں، پس مجھ ہی سے ڈرو۔ اس نے پیدا کئے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝٣ خَلَقَ الْاِنْسَانَ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	تَعٰلٰى	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	خَلَقَ	الْاِنْسَانَ
آسمان (جمع)	اور زمین	حق (حکمت) کے ساتھ	برتر	اس سے جو	وہ شریک کرتے ہیں	پیدا کیا اس نے	انسان

آسمان اور زمین حکمت کے ساتھ، وہ اس سے برتر ہے جو وہ شریک کرتے ہیں۔ اس نے انسان کو پیدا کیا

مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝٤ وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ

مِنْ	نُّطْفَةٍ	فَاِذَا	هُوَ	خَصِيْمٌ	مُّبِيْنٌ	وَالْاَنْعَامَ	خَلَقَهَا	لَكُمْ	فِيْهَا	دِفْءٌ
سے	نطفہ	پھر ناگہاں	وہ	جھگڑالو	کھلا	اور چوپائے	اس نے ان کو پیدا کیا	تمہارے لئے	ان میں	گرم سامان

نطفے سے، پھر وہ ناگہاں کھلا جھگڑالو ہو گیا۔ اور اس نے چوپائے پیدا کئے تمہارے لئے، ان میں گرم سامان (جڑاؤل)

وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝٥ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ

وَمَنَافِعُ	وَمِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ	وَلَكُمْ	فِيْهَا	جَمَالٌ	حِيْنَ	تُرِيْحُوْنَ	وَحِيْنَ
اور فائدے (جمع)	ان میں سے	تم کھاتے ہو	اور تمہارے لئے	ان میں	خوبصورتی شان	جس وقت	شام کو چرا کر لاتے ہو	اور جس وقت

اور فائدے ہیں، اور ان میں سے (بعض کو) تم کھاتے ہو۔ اور تمہارے لئے ان میں خوبصورتی اور شان ہے جس وقت شام کو چرا کر لاتے ہو، اور جس وقت

تَسْرَحُوْنَ ۝٦ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ

تَسْرَحُوْنَ	وَتَحْمِلُ	اَثْقَالَكُمْ	اِلٰى	بَلَدٍ	لَّمْ تَكُوْنُوْا	بٰلِغِيْهِ	اِلَّا	بِشِقِّ	الْاَنْفُسِ
صبح کو چرانے لے جاتے ہو	اور وہ اٹھاتے ہیں	تمہارے بوجھ	طرف	شہر (جمع)	نہ تھے تم	ان تک پہنچنے والے	بغیر	ہلکان کئے	جانیں

صبح کو چرانے لے جاتے ہو۔ اور وہ تمہارے بوجھ ان شہروں تک اٹھائے جاتے ہیں جہاں جانیں ہلکان کئے بغیر تم پہنچنے والے نہ تھے۔

إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝٧ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً ۚ

إِنَّ	رَبَّكُمْ	لَرَءُوفٌ	رَّحِيمٌ	وَالْخَيْلَ	وَالْبِغَالَ	وَالْحَمِيرَ	لِتَرْكَبُوهَا	وَزِينَةً
بیشک	تمہارا رب	انتہائی شفیق	رحم کرنے والا	اور گھوڑے	اور خچر	اور گدھے	تاکہ تم ان پر سوار ہو	اور زینت

بیشک تمہارا رب نہایت رحم والا ہے۔ اور گھوڑے اور خچر اور گدھے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور زینت کے لئے (پیدا کئے)

وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝٨ وَعَلَى اللَّهِ قَصْدُ السَّبِيلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ ۚ وَلَوْ شَاءَ

وَيَخْلُقُ	مَا	لَا تَعْلَمُونَ	وَ	عَلَى اللَّهِ	قَصْدُ	السَّبِيلِ	وَمِنْهَا	جَائِرٌ	وَلَوْ شَاءَ
اور وہ پیدا کرتا ہے	جو	تم نہیں جانتے	اور	اللہ پر	سیدھی	راہ	اور اس سے	ٹیڑھی	اور اگر وہ چاہے

اور وہ پیدا کرتا ہے جو تم نہیں جانتے۔ اور سیدھی راہ اللہ تک پہنچتی ہے اور ان میں سے (کوئی) راہ ٹیڑھی ہے، اور اگر وہ چاہتا

لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ ۝٩ هُوَ الَّذِي أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لَّكُم مِّنْهُ شَرَابٌ

لَهَدَاكُمْ	أَجْمَعِينَ	هُوَ	الَّذِي	أَنزَلَ	مِنَ	السَّمَاءِ	مَاءً	لَّكُم	مِّنْهُ	شَرَابٌ
تو وہ تمہیں ہدایت دیتا	سب	وہی	جس نے	نازل کیا (برسایا)	سے	آسمان	پانی	تمہارے لئے	اس سے	پینا

تو تم سب کو ہدایت دے دیتا۔ وہی ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا، اس سے تمہارے لئے پینے کو ہے،

وَمِنْهُ شَجَرٌ فِيهِ تُسِيمُونَ ۝١٠ يُنبِتُ لَكُم بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُونَ وَالنَّخِيلَ

وَمِنْهُ	شَجَرٌ	فِيهِ	تُسِيمُونَ	يُنبِتُ	لَكُم	بِهِ	الزَّرْعَ	وَالزَّيْتُونَ	وَالنَّخِيلَ
اور اس سے	درخت	اس میں	تم چراتے ہو	وہ اگاتا ہے	تمہارے لئے	اس سے	کھیتی	اور زیتون	اور کھجور

اور اس سے درخت (سیراب ہوتے) ہیں اور جن میں تم (مویشی) چرتے ہو۔ وہ اس سے تمہارے لئے اگاتا ہے کھیتی، اور زیتون اور کھجور

وَالْأَعْنَابَ وَمِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝١١

وَالْأَعْنَابَ	وَ	مِن	كُلِّ	الثَّمَرَاتِ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	لِّقَوْمٍ	يَتَفَكَّرُونَ
اور انگور	اور	سے	ہر	پھل (جمع)	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	لوگوں کے لئے	غور و فکر کرتے ہیں

اور انگور اور ہر قسم کے پھل، بے شک اس میں غور و فکر کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۗ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ

وَسَخَّرَ	لَكُمُ	اللَّيْلَ	وَالنَّهَارَ	وَالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	وَالنُّجُومُ	مُسَخَّرَاتٌ
اور مسخر کیا	تمہارے لئے	رات	اور دن	اور سورج	اور چاند	اور ستارے	مسخر

اور اس نے تمہارے لئے مسخر کیا رات اور دن کو، اور سورج اور چاند کو، اور ستارے مسخر (کام میں لگے ہوئے) ہیں۔

بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِی الْاَرْضِ

بِاَمْرِهٖ	اِنَّ	فِیْ	ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	لِّقَوْمٍ	یَّعْقِلُوْنَ	وَمَا	ذَرَاَ	لَكُمْ	فِی الْاَرْضِ
اس کے حکم سے	بیشک	میں	اس	البتہ نشانیاں	لوگوں کے لئے	وہ عقل سے کام لیتے ہیں	اور جو	پیدا کیا	تمہارے لئے	زمین میں

اس کے حکم سے، بیشک اس میں عقل سے کام لینے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور تمہارے لئے زمین میں پیدا کیں

مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الَّذِیْ

مُخْتَلِفًا	اَلْوَانُهٗ	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیَةً	لِّقَوْمٍ	یَّذَّكَّرُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِیْ
مختلف	اس کے رنگ	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	لوگوں کے لئے	وہ سوچتے ہیں	اور وہی	جو۔جس

مختلف (چیزیں) رنگ بہ رنگ کی، بیشک اس میں سوچنے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور وہی ہے جس نے

سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِیًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْیَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ

سَخَّرَ	الْبَحْرَ	لِتَاْكُلُوْا	مِنْهُ	لَحْمًا	طَرِیًّا	وَتَسْتَخْرِجُوْا	مِنْهُ	حِلْیَةً	تَلْبَسُوْنَهَا
مسخر کیا	دریا	تاکہ تم کھاؤ	اس سے	گوشت	تازہ	اور تم نکالو	اس سے	زیور	تم وہ پہنتے ہو

دریا کو مسخر کیا تاکہ تم اس سے (مچھلیوں کا) تازہ گوشت کھاؤ، اور اس سے زیور نکالو جو تم پہنتے ہو،

وَتَرَی الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِیْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۴﴾

وَتَرَی	الْفُلْكَ	مَوَاخِرَ	فِیْهِ	وَلِتَبْتَغُوْا	مِنْ	فَضْلِهٖ	وَلَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ
اور تم دیکھتے ہو	کشتی	پانی چیرنے والی	اس میں	اور تاکہ تلاش کرو	سے	اس کا فضل	اور تاکہ تم	شکر کرو

اور تم دیکھتے ہو اس میں کشتیاں پانی کو چیر کر چلتی ہیں اور تاکہ تم اس کے فضل سے (روزی) تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو۔

وَاَلْقٰی فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾

وَاَلْقٰی	فِی الْاَرْضِ	رَوَاسِیَ	اَنْ تَمِیْدَ	بِكُمْ	وَاَنْهٰرًا	وَسُبُلًا	لَّعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ
اور ڈالے (رکھے)	زمین میں۔پر	پہاڑ	کہ جھک نہ پڑے	تمہیں لے کر	اور نہریں دریا	اور راستے	تاکہ تم	راہ پاؤ

اور اس نے زمین پر پہاڑ رکھے کہ تمہیں لے کر (زمین) جھک نہ پڑے، اور دریا اور راستے (بنائے) تاکہ تم راہ پاؤ۔

وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ یَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ یَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا یَخْلُقُ ؕ

وَعَلٰمٰتٍ	وَبِالنَّجْمِ	هُمْ	یَهْتَدُوْنَ	اَفَمَنْ	یَّخْلُقُ	كَمَنْ	لَّا یَخْلُقُ
اور علامتیں	اور ستارہ	وہ	راستہ پاتے ہیں	کیا۔پس جو	پیدا کرے	اس جیسا جو	پیدا نہیں کرتا

اور علامتیں (بنائیں) اور وہ ستاروں سے راستہ پاتے ہیں۔ کیا جو (اللہ) پیدا کرتا ہے اُس جیسا ہے جو پیدا نہیں کرتا

أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿١٧﴾ وَإِن تَعُدُّوا نِعْمَةَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا ۗ إِنَّ اللَّهَ لَغَفُورٌ

أَفَلَا تَذَكَّرُونَ	وَإِنْ	تَعُدُّوا	نِعْمَةَ اللَّهِ	لَا تُحْصُوهَا	إِنَّ اللَّهَ	لَغَفُورٌ
کیا، پس تم غور نہیں کرتے	اور اگر	تم شمار کرو	اللہ کی نعمت	اس کو پورا نہ گن سکو گے	بیشک اللہ	البتہ بخشنے والا

پس کیا تم غور نہیں کرتے ؟ اور اگر تم اللہ کی نعمتیں شمار کرو تو انہیں پورا نہ گن سکو گے، بے شک اللہ بخشنے والا،

رَّحِيمٌ ﴿١٨﴾ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ﴿١٩﴾ وَالَّذِينَ يَدْعُونَ

رَحِيمٌ	وَاللَّهُ	يَعْلَمُ	مَا تُسِرُّونَ	وَمَا	تُعْلِنُونَ	وَالَّذِينَ	يَدْعُونَ
نہایت مہربان	اور اللہ	جانتا ہے	جو تم چھپاتے ہو	اور جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور جنہیں	وہ پکارتے ہیں

نہایت مہربان ہے - اور اللہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو- اور وہ جنہیں پکارتے ہیں

مِن دُونِ اللَّهِ لَا يَخْلُقُونَ شَيْئًا وَهُمْ يُخْلَقُونَ ﴿٢٠﴾ أَمْوَاتٌ غَيْرُ أَحْيَاءٍ ۖ

مِن دُونِ	اللَّهِ	لَا يَخْلُقُونَ	شَيْئًا	وَهُمْ	يُخْلَقُونَ	أَمْوَاتٌ	غَيْرُ	أَحْيَاءٍ
سوائے	اللہ	وہ پیدا نہیں کرتے	کچھ بھی	اور وہ (خود)	پیدا کئے گئے	مُردے	نہیں	زندہ

اللہ کے سوا وہ کچھ بھی پیدا نہیں کرتے بلکہ وہ خود پیدا کئے گئے ہیں - مُردے ہیں، زندہ نہیں، (بے جان ہیں)،

وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ ﴿٢١﴾ إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۚ فَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ

وَمَا يَشْعُرُونَ	أَيَّانَ	يُبْعَثُونَ	إِلَٰهُكُمْ	إِلَٰهٌ	وَاحِدٌ	فَالَّذِينَ	لَا يُؤْمِنُونَ
اور وہ نہیں جانتے	کب	وہ اٹھائے جائیں گے	تمہارا معبود	معبود	ایک (یکتا)	پس جو لوگ	ایمان نہیں رکھتے

اور وہ نہیں جانتے وہ کب اٹھائے جائیں گے- تمہارا معبود، معبودِ یکتا ہے، پس جو لوگ ایمان نہیں رکھتے

بِالْآخِرَةِ قُلُوبُهُم مُّنكِرَةٌ وَهُم مُّسْتَكْبِرُونَ ﴿٢٢﴾ لَا جَرَمَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا

بِالْآخِرَةِ	قُلُوبُهُم	مُّنكِرَةٌ	وَهُم	مُّسْتَكْبِرُونَ	لَا جَرَمَ	أَنَّ	اللَّهَ	يَعْلَمُ	مَا
آخرت پر	ان کے دل	مُنکر (انکار کرنیوالے)	اور وہ	تکبّر کرنے والے (مغرور)	یقینی بات	کہ	اللہ	جانتا ہے	جو

آخرت پر، اُن کے دل منکر ہیں، اور وہ مغرور ہیں - یقینی بات ہے اللہ جانتا ہے جو

يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِينَ ﴿٢٣﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُم مَّاذَا

يُسِرُّونَ	وَمَا	يُعْلِنُونَ	إِنَّهُ	لَا يُحِبُّ	الْمُسْتَكْبِرِينَ	وَإِذَا	قِيلَ	لَهُم	مَّاذَا
وہ چھپاتے ہیں	اور جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	بیشک وہ	پسند نہیں کرتا	تکبّر کرنے والے	اور جب	کہا جائے	اُن سے	کیا

وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں - بیشک وہ تکبّر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا - اور جب اُن سے کہا جائے کیا

اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً

اَنْزَلَ	رَبُّكُمْ	قَالُوْا	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	لِيَحْمِلُوْا	اَوْزَارَهُمْ	كَامِلَةً
نازل کیا	تمہارا رب	وہ کہتے ہیں	کہانیاں	پہلے لوگ	انجام کار وہ اٹھائیں گے	اپنے بوجھ (گناہ)	پورے

نازل کیا تمہارے رب نے؟ تو وہ کہتے ہیں پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ انجام کار وہ اپنے پورے بوجھ اٹھائیں گے

۳ ع ۴ ۹

يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۲۵﴾

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَمِنْ	اَوْزَارِ	الَّذِيْنَ	يُضِلُّوْنَهُمْ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	اَلَا	سَآءَ	مَا يَزِرُوْنَ
قیامت کے دن	اور کچھ	بوجھ	ان کے جنہیں	وہ گمراہ کرتے ہیں	علم کے بغیر	خوب سن لو	برا	جو وہ لادتے ہیں

قیامت کے دن، اور کچھ ان کے بوجھ جنہیں وہ بغیر علم کے گمراہ کرتے ہیں، خوب سن لو، برا ہے جو وہ لادتے ہیں۔

قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ

قَدْ مَكَرَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَاَتَى	اللّٰهُ	بُنْيَانَهُمْ	مِنَ	الْقَوَاعِدِ
تحقیق مکاری کی	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	پس آیا	اللہ	ان کی عمارت	سے	بنیاد (جمع)

جو اُن سے پہلے تھے اُنہوں نے مکاری کی پس اُن کی عمارت پر اللہ (کا عذاب) بنیادوں سے آیا

فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ

فَخَرَّ	عَلَيْهِمُ	السَّقْفُ	مِنْ	فَوْقِهِمْ	وَاَتٰىهُمُ	الْعَذَابُ	مِنْ	حَيْثُ
پس گر پڑی	ان پر	چھت	سے	ان کے اوپر	اور آیا ان پر	عذاب	سے	جہاں سے

پس چھت اُن پر اُن کے اوپر سے گر پڑی، اور اُن پر عذاب آیا جہاں سے

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

لَا يَشْعُرُوْنَ	ثُمَّ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يُخْزِيْهِمْ	وَيَقُوْلُ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ
انہیں خیال نہ تھا	پھر	قیامت کے دن	وہ انہیں رسوا کرے گا	اور کہے گا	کہاں	میرے شریک	وہ جو کہ

اُنہیں خیال نہ تھا۔ پھر وہ انہیں قیامت کے دن رُسوا کرے گا، اور کہے گا کہاں ہیں؟ میرے وہ شریک جن

كُنْتُمْ تُشَاقُّوْنَ فِيْهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَ

كُنْتُمْ	تُشَاقُّوْنَ	فِيْهِمْ	قَالَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	اِنَّ	الْخِزْيَ	الْيَوْمَ	وَ
تم تھے	جھگڑتے	ان (کے بارہ) میں	کہیں گے	وہ لوگ جو	دیئے گئے علم (علم والے)	بیشک	رسوائی	آج	اور

کے بارے میں تم جھگڑتے تھے، علم والے کہیں گے بیشک آج کے دن رسوائی اور

السُّوْٓءَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۷﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠

السُّوْٓءَ	عَلَى	الْكٰفِرِيْنَ	الَّذِيْنَ	تَتَوَفّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ
بُرائی	پر	کافر (جمع)	وہ جو کہ	انکی جان نکالتے ہیں	فرشتے	ظلم کرتے ہوئے اپنے اوپر

بُرائی ہے کافروں پر۔ وہ جن کی جان فرشتے (اس حال میں) نکالتے ہیں کہ وہ اپنے اوپر ظلم کر رہے ہوتے ہیں،

فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ۭ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾

فَاَلْقَوُا	السَّلَمَ	مَا كُنَّا نَعْمَلُ	مِنْ سُوْٓءٍ	بَلٰٓى	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
پس ڈالیں گے	پیغام اطاعت	ہم نہ کرتے تھے	کوئی بُرائی	ہاں ہاں	بیشک	اللہ	جاننے والا	وہ جو تم کرتے تھے

پھر وہ اطاعت کا پیغام ڈالیں گے کہ ہم کوئی بُرائی نہ کرتے تھے، ہاں ہاں! اللہ جاننے والا ہے جو تم کرتے تھے۔

فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۲۹﴾

فَادْخُلُوْٓا	اَبْوَابَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	فَلَبِئْسَ	مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ
سو تم داخل ہو	دروازے	جہنم	ہمیشہ رہو گے	اس میں	البتہ بُرا	ٹھکانہ تکبر کرنے والے

سو تم جہنم کے دروازوں میں داخل ہو، اس میں ہمیشہ رہو گے، البتہ تکبر کرنے والوں کا بُرا ٹھکانہ ہے۔

وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا

وَ	قِيْلَ	لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا	مَاذَآ	اَنْزَلَ	رَبُّكُمْ	قَالُوْا	خَيْرًا	لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا
اور	کہا گیا	ان لوگوں سے جنہوں نے پرہیزگاری کی	کیا	اتارا	تمہارا رب	وہ بولے	بہتر ہے	ان کے لئے جو لوگ بھلائی کی

اور پرہیزگاروں سے کہا گیا تمہارے رب نے کیا اتارا؟ وہ بولے بہتر ہے (کلام)، جن لوگوں نے بھلائی کی ان کے لئے

فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ۭ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۰﴾

فِيْ	هٰذِهِ	الدُّنْيَا	حَسَنَةٌ	وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ	خَيْرٌ	وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ
میں	اس	دنیا	بھلائی	اور آخرت کا گھر	بہتر	اور کیا خوب پرہیزگاروں کا گھر

اس دنیا میں بھلائی ہے اور آخرت کا گھر (سب سے) بہتر ہے، اور کیا خوب ہے! پرہیزگاروں کا گھر۔

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَاۗءُوْنَ ۭ

جَنّٰتُ	عَدْنٍ	يَّدْخُلُوْنَهَا	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	لَهُمْ	فِيْهَا	مَا يَشَاۗءُوْنَ
باغات	ہمیشگی	وہ ان میں داخل ہوں گے	بہتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں	انکے لئے	وہاں	جو وہ چاہیں گے

ہمیشگی کے باغات، جن میں وہ داخل ہونگے، ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہاں جو وہ چاہیں گے ان کے لئے ہو گا،

كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۱﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ

كَذٰلِكَ	يَجْزِي	اللّٰهُ	الْمُتَّقِيْنَ	الَّذِيْنَ	تَتَوَفّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	طَيِّبِيْنَ
ایسی ہی	جزا دیتا ہے	اللہ	پرہیزگار (جمع)	وہ جو کہ	ان کی جان نکالتے ہیں	فرشتے	پاک ہوتے ہیں

اللہ پرہیزگاروں کو ایسی ہی جزا دیتا ہے۔ وہ جن کی جان فرشتے (اس حال میں) نکالتے ہیں کہ وہ پاک ہوتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۲﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

يَقُوْلُوْنَ	سَلٰمٌ	عَلَيْكُمُ	ادْخُلُوا	الْجَنَّةَ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	هَلْ	يَنْظُرُوْنَ
وہ کہتے ہیں	سلامتی	تم پر	تم داخل ہو	جنت	اسکے بدلے جو	تم کرتے تھے (اعمال)	کیا	وہ انتظار کرتے ہیں

وہ (فرشتے) کہتے ہیں تم پر سلامتی ہو، اپنے اعمال کے بدلے جنت میں داخل ہو۔ کیا وہ صرف (یہ) انتظار کرتے ہیں،

اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ ۭ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ

اِلَّآ	اَنْ	تَاْتِيَهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	اَوْ	يَاْتِيَ	اَمْرُ	رَبِّكَ	كَذٰلِكَ	فَعَلَ	الَّذِيْنَ
مگر (صرف)	یہ کہ	ان کے پاس آئیں	فرشتے	یا	آئے	حکم	تیرا رب	ایسا ہی	کیا	وہ لوگ جو

کہ ان کے پاس فرشتے آئیں، یا تیرے رب کا حکم آئے، ایسا ہی ان لوگوں نے کیا جو

مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۳۳﴾ فَاَصَابَهُمْ

مِنْ قَبْلِهِمْ	وَ	مَا ظَلَمَهُمُ	اللّٰهُ	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	فَاَصَابَهُمْ
ان سے پہلے	اور	نہیں ظلم کیا ان پر	اللہ	اور بلکہ	وہ تھے	اپنی جانیں	ظلم کرتے	پس انہیں پہنچیں

ان سے پہلے تھے، اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ اپنی جانوں پر (خود) ظلم کرتے تھے۔ پس انہیں پہنچیں

ع ۴ ۹ ۱۰

سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

سَيِّاٰتُ	مَا عَمِلُوْا	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ
برائیاں	جو انہوں نے کیا (اعمال)	اور گھیر لیا	ان کو	جو	وہ تھے	اس کا	مذاق اڑاتے	اور کہا	وہ لوگ جو

ان کے اعمال کی برائیاں، اور انہیں گھیر لیا اس (عذاب) نے جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ اور کہا جن لوگوں نے

اَشْرَكُوْا لَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَاۗؤُنَا

اَشْرَكُوْا	لَوْ	شَاۗءَ اللّٰهُ	مَا	عَبَدْنَا	مِنْ دُوْنِهٖ	مِنْ شَيْءٍ	نَّحْنُ	وَلَآ	اٰبَاۗؤُنَا
انہوں نے شرک کیا	اگر	چاہتا اللہ	نہ	ہم پرستش کرتے	اس کے سوائے	کوئی کسی شے	ہم	اور نہ	ہمارے باپ دادا

شرک کیا (مشرکوں نے) اگر اللہ چاہتا تو نہ ہم پرستش کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا اس کے سوائے کسی شے کی،

وَلَآ حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ

وَلَآ حَرَّمْنَا	مِنْ دُوْنِهٖ	مِنْ شَيْءٍ	كَذٰلِكَ	فَعَلَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ
اور نہ حرام ٹھہراتے ہم	اس کے (حکم کے) سوا	کوئی شے	اسی طرح	کیا	وہ لوگ جو	اُن سے پہلے

اور ہم اس کے حکم کے سوا کوئی شے حرام نہ ٹھہراتے، اسی طرح ان لوگوں نے کیا جو ان سے پہلے تھے،

فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿٣٥﴾ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ

فَهَلْ	عَلَى	الرُّسُلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	وَ	لَقَدْ بَعَثْنَا	فِيْ	كُلِّ اُمَّةٍ
پس کیا	پر (ذمے)	رسول (جمع)	مگر	پہنچا دینا	صاف صاف	اور	تحقیق ہم نے بھیجا	میں	ہر امت

پس کیا ہے رسولوں کے ذمے؟ مگر صاف صاف پہنچا دینا - اور تحقیق ہم نے ہر امت میں بھیجا

رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ

رَّسُوْلًا	اَنِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	وَاجْتَنِبُوا	الطَّاغُوْتَ	فَمِنْهُمْ	مَنْ هَدَى	اللّٰهُ
کوئی رسول	کہ	عبادت کرو تم	اللہ	اور بچو	طاغوت (سرکش)	سو ان میں سے بعض	جسے ہدایت دی	اللہ

کوئی نہ کوئی رسول کہ اللہ کی عبادت کرو اور سرکش سے بچو، سو ان میں سے کسی کو اللہ نے ہدایت دی،

وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ؕ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ

وَ	مِنْهُمْ	مَنْ	حَقَّتْ	عَلَيْهِ	الضَّلٰلَةُ	فَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَيْفَ
اور	ان میں سے	بعض	ثابت ہوگئی	اس پر	گمراہی	پس چلو پھرو	زمین میں	پھر دیکھو	کیسا

اور ان میں سے بعض پر گمراہی ثابت ہو گئی، پس زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھو کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٣٦﴾ اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ

كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِيْنَ	اِنْ	تَحْرِصْ	عَلٰى هُدٰىهُمْ	فَاِنَّ اللّٰهَ	لَا يَهْدِيْ
ہوا	انجام	جھٹلانے والے	اگر	تم حرص کرو (للچاؤ)	ان کی ہدایت کے لئے	تو بیشک اللہ	ہدایت نہیں دیتا

انجام ہوا جھٹلاتے والوں کا - اگر تم ان کی ہدایت کے لئے للچاؤ تو بیشک اللہ ہدایت نہیں دیتا

مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٣٧﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ

مَنْ	يُضِلُّ	وَمَا	لَهُمْ	مِنْ	نّٰصِرِيْنَ	وَاَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ	اَيْمَانِهِمْ
جسے	وہ گمراہ کرتا ہے	اور نہیں	انکے لئے	کوئی	مددگار	اور انہوں نے قسم کھائی	اللہ کی	سخت	اپنی قسم

جسے وہ گمراہ کرتا ہے، اور ان کا کوئی مددگار نہیں - اور انہوں نے اللہ کی قسم کھائی اپنی سخت (پُرزور) قسم کہ

لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

لَا يَبْعَثُ	اللّٰهُ	مَنْ يَّمُوْتُ	بَلٰى	وَعْدًا	عَلَيْهِ	حَقًّا	وَّلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ
نہیں اٹھائے گا	اللہ	جو مر جاتا ہے	کیوں نہیں	وعدہ	اس پر	سچا	اور لیکن	اکثر	لوگ

جو مر جاتا ہے اُسے اللہ (روز قیامت) نہیں اٹھائے گا کیوں نہیں؟ اس پر اس کا وعدہ سچا ہے، لیکن اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

لَا يَعْلَمُوْنَ	لِيُبَيِّنَ	لَهُمُ	الَّذِيْ	يَخْتَلِفُوْنَ	فِيْهِ	وَلِيَعْلَمَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
نہیں جانتے	تاکہ ظاہر کر دے	ان کے لئے	جو	اختلاف کرتے ہیں	اس میں	اور تاکہ جان لیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)

نہیں جانتے، تاکہ ان کے لئے ظاہر کر دے جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں، اور تاکہ کافر جان لیں

اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ

اَنَّهُمْ	كَانُوْا كٰذِبِيْنَ	اِنَّمَا	قَوْلُنَا	لِشَيْءٍ	اِذَآ اَرَدْنٰهُ	اَنْ نَّقُوْلَ	لَهٗ	كُنْ
کہ وہ	جھوٹے تھے	اس کے سوا نہیں	ہمارا فرمانا	کسی چیز کو	جب ہم اس کا ارادہ کریں	کہ ہم کہتے ہیں	اس کو	"ہو جا"

کہ وہ جھوٹے تھے۔ جب ہم کسی چیز کا ارادہ کریں تو ہمارا فرمانا اس کے سوا نہیں کہ ہم اس کو کہتے ہیں کہ "ہو جا"

ع ۵ ۶ ۱۱

فَيَكُوْنُ ﴿۴۰﴾ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ

فَيَكُوْنُ	وَالَّذِيْنَ	هَاجَرُوْا	فِي اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا ظُلِمُوْا	لَنُبَوِّئَنَّهُمْ
تو وہ ہو جاتا ہے	اور وہ لوگ جو	انہوں نے ہجرت کی	اللہ کے لئے	اس کے بعد	کہ اُن پر ظلم کیا گیا	ضرور ہم انہیں جگہ دیں گے

تو وہ ہو جاتا ہے۔ اور جن لوگوں نے اللہ کے لئے ہجرت کی اس کے بعد کہ ان پر ظلم کیا گیا، ہم انہیں ضرور جگہ دیں گے

فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا

فِي الدُّنْيَا	حَسَنَةً	وَلَاَجْرُ	الْاٰخِرَةِ	اَكْبَرُ	لَوْ	كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ	الَّذِيْنَ صَبَرُوْا
دنیا میں	اچھی	اور بیشک اجر	آخرت	بہت بڑا	کاش	وہ جانتے	وہ لوگ جو انہوں نے صبر کیا

دنیا میں اچھی اور بیشک آخرت کا اجر بہت بڑا ہے، کاش وہ (ہجرت سے رہ جانے والے) جانتے۔ جن لوگوں نے صبر کیا

وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ

وَ	عَلٰى رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ	وَمَا	اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	اِلَّا رِجَالًا	نُّوْحِيْٓ
اور	اپنے رب پر	بھروسہ کرتے ہیں	اور نہیں	ہم نے بھیجے	تم سے پہلے	مردوں کے سوا	ہم وحی کرتے ہیں

اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اور ہم نے تم سے پہلے بھی مردوں کے سوا (رسول) نہیں بھیجے، ہم وحی کرتے ہیں

وقف لازم

اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾ بِالْبَيِّنٰتِ

اِلَيْهِمْ	فَسْـَٔلُوْٓا	اَهْلَ الذِّكْرِ	اِنْ	كُنْتُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ	بِالْبَيِّنٰتِ
اُن کی طرف	پس پوچھو	یاد رکھنے والے	اگر	تم ہو	نہیں جانتے	نشانیوں کے ساتھ

اُن کی طرف، یاد رکھنے والوں سے پوچھو اگر تم نہیں جانتے (کہ اُن رسولوں کو ہم نے بھیجا تھا) نشانیوں اور

وَالزُّبُرِ ؕ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ

وَالزُّبُرِ	وَاَنْزَلْنَآ	اِلَيْكَ	الذِّكْرَ	لِتُبَيِّنَ	لِلنَّاسِ	مَا نُزِّلَ	اِلَيْهِمْ	وَلَعَلَّهُمْ
اور کتابیں	اور ہم نے نازل کی	تمہاری طرف	یاد داشت (کتاب)	تاکہ واضح کردو	لوگوں کے لئے	جو نازل کیا گیا	اُن کی طرف	اور تاکہ وہ

اور کتابوں کے ساتھ، اور ہم نے تمہاری طرف کتاب نازل کی ہے تاکہ لوگوں کے لئے واضح کردو جو اُن کی طرف نازل کیا گیا ہے، تاکہ

يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۴﴾ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ

يَتَفَكَّرُوْنَ	اَفَاَمِنَ	الَّذِيْنَ	مَكَرُوا	السَّيِّاٰتِ	اَنْ	يَّخْسِفَ	اللّٰهُ	بِهِمُ	الْاَرْضَ
وہ غور و فکر کریں	کیا بے خوف ہو گئے ہیں	جن لوگوں نے	داؤ کئے	بُرے	کہ	دھنسا دے	اللہ	ان کو	زمین

وہ غور و فکر کریں۔ جن لوگوں نے بُرے داؤ کئے کیا وہ اس سے بے خوف ہو گئے ہیں کہ اللہ ان کو زمین میں دھنسا دے؟

اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۴۵﴾ اَوْ يَاْخُذَهُمْ

اَوْ	يَاْتِيَهُمُ	الْعَذَابُ	مِنْ حَيْثُ	لَا يَشْعُرُوْنَ	اَوْ	يَاْخُذَهُمْ
یا	ان پر آئے	عذاب	اس جگہ سے	وہ خبر نہیں رکھتے	یا	انہیں پکڑ لے

یا اُن پر عذاب آ جائے جہاں سے اُن کو خبر ہی نہ ہو، یا وہ انہیں پکڑ لے

فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۴۶﴾ اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ ؕ فَاِنَّ رَبَّكُمْ

فِيْ	تَقَلُّبِهِمْ	فَمَا	هُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ	اَوْ	يَاْخُذَهُمْ	عَلٰى	تَخَوُّفٍ	فَاِنَّ	رَبَّكُمْ
میں	ان کو چلتے پھرتے	پس نہیں	وہ	عاجز کرنے والے	یا	انہیں پکڑ لے وہ	پر (بعد)	ڈرانا	پس بیشک	تمہارا رب

چلتے پھرتے، پس وہ (اللہ کو) عاجز کرنے والے نہیں، یا انہیں ڈرانے کے بعد پکڑ لے، پس بے شک تمہارا رب

لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۴۷﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ

لَرَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	اِلٰى	مَا خَلَقَ	اللّٰهُ	مِنْ شَيْءٍ	يَّتَفَيَّؤُا	ظِلٰلُهٗ
انتہائی شفیق	نہایت رحم کرنے والا	کیا	انہوں نے نہیں دیکھا	طرف	جو پیدا کیا	اللہ	جو چیز	ڈھلتے ہیں	اس کے سائے

انتہائی شفیق نہایت رحم کرنے والا ہے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟ کہ جو چیز اللہ نے پیدا کی ہے، اس کے سائے ڈھلتے ہیں،

عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا

عَنِ	الْيَمِيْنِ	وَالشَّمَآئِلِ	سُجَّدًا	لِلّٰهِ	وَهُمْ	دٰخِرُوْنَ	وَلِلّٰهِ	يَسْجُدُ	مَا
سے	دائیں	اور بائیں	سجدہ کرتے ہوئے	اللہ کے لئے	اور وہ	عاجزی کرنے والے	اور اللہ کے لئے	سجدہ کرتا ہے	جو

دائیں سے اور بائیں سے، اللہ کے لئے سجدہ کرتے ہوئے، اور وہ عاجزی کرنے والے ہیں۔ اور اللہ کو سجدہ کرتا ہے جو بھی

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٤٩﴾

فِي	السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	مِنْ	دَآبَّةٍ	وَالْمَلٰٓئِكَةُ	وَهُمْ	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ
میں	آسمانوں	اور جو	زمین میں	سے	جاندار	اور فرشتے	اور وہ	تکبر نہیں کرتے

آسمانوں میں اور جو بھی جانداروں میں سے زمین میں ہے اور فرشتے بھی، اور وہ تکبر نہیں کرتے۔

ع ١٠ ١٢

يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿٥٠﴾ السجدة وَقَالَ اللّٰهُ لَا

يَخَافُوْنَ	رَبَّهُمْ	مِنْ	فَوْقِهِمْ	وَيَفْعَلُوْنَ	مَا	يُؤْمَرُوْنَ	وَقَالَ	اللّٰهُ	لَا
وہ ڈرتے ہیں	اپنا رب	سے	اُن کے اوپر	اور وہ (وہی) کرتے ہیں	جو	انہیں حکم دیا جاتا ہے	اور کہا	اللہ	نہ

وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں (جو) اُن کے اوپر ہے، اور وہ وہی کرتے ہیں جو انہیں حکم دیا جاتا ہے۔ اور اللہ نے کہا کہ نہ

تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿٥١﴾

تَتَّخِذُوْٓا	اِلٰهَيْنِ	اثْنَيْنِ	اِنَّمَا	هُوَ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَاِيَّايَ	فَارْهَبُوْنِ
تم بناؤ	دو معبود	دو	اس کے سوا نہیں	وہ	معبود	یکتا	پس مجھ ہی سے	تم مجھ سے ڈرو

تم بناؤ دو معبود۔ اس کے سوا نہیں کہ وہ معبودِ یکتا ہے، پس تم مجھ ہی سے ڈرو۔

وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ۭ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ

وَلَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَلَهُ	الدِّيْنُ	وَاصِبًا	اَفَغَيْرَ اللّٰهِ
اور اسی کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور اسی کے لئے	اطاعت و عبادت	لازم	تو کیا اللہ کے سوا

اور اُسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے اور اسی کے لئے اطاعت و عبادت لازم ہے، تو کیا اللہ کے سوا (کسی اور سے)

تَتَّقُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ

تَتَّقُوْنَ	وَمَا	بِكُمْ	مِنْ نِّعْمَةٍ	فَمِنَ اللّٰهِ	ثُمَّ	اِذَا	مَسَّكُمُ	الضُّرُّ	فَاِلَيْهِ
تم ڈرتے ہو	اور جو	تمہارے پاس	کوئی نعمت	اللہ کی طرف سے	پھر	جب	تمہیں پہنچتی ہے	تکلیف	تو اس کی طرف

تم ڈرتے ہو؟ اور تمہارے پاس جو کوئی نعمت ہے سو اللہ کی طرف سے ہے، پھر جب تمہیں تکلیف پہنچتی ہے تو اسی کی طرف

تَجْـَٔرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ

تَجْـَٔرُوْنَ	ثُمَّ	اِذَا	كَشَفَ	الضُّرَّ	عَنْكُمْ	اِذَا	فَرِيْقٌ	مِّنْكُمْ	بِرَبِّهِمْ
تم روتے (چلاتے) ہو	پھر	جب	کھولدے (دور کر دیتا ہے)	سختی	تم سے	(اس وقت) جب	ایک فریق	تم میں سے	اپنے رب کے ساتھ

تم روتے چلاتے ہو۔ پھر وہ جب تم سے سختی دور کر دیتا ہے تو تم میں سے ایک فریق اس وقت اپنے رب کے ساتھ

يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۟ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَ

يُشْرِكُوْنَ	لِيَكْفُرُوْا	بِمَآ	اٰتَيْنٰهُمْ	فَتَمَتَّعُوْا	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	وَ
وہ شریک کرتا ہے	تاکہ وہ ناشکری کریں	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	تو تم فائدہ اٹھالو	پس عنقریب	تم جان لوگے	اور

شریک کرنے لگتا ہے تاکہ وہ اس کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں دیا، تو تم فائدہ اٹھالو، پس عنقریب تم جان لوگے - اور

يَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا

يَجْعَلُوْنَ	لِمَا	لَا يَعْلَمُوْنَ	نَصِيْبًا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	تَاللّٰهِ	لَتُسْـَٔلُنَّ	عَمَّا
وہ مقرر کرتے ہیں	اسکے لئے جو	وہ نہیں جانتے	حصہ	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	اللہ کی قسم	تم سے ضرور پوچھا جائے گا	اس سے جو

جو ہم نے انہیں دیا اس میں سے وہ ان کے لئے حصہ مقرر کرتے ہیں، جن (معبودوں) کو وہ نہیں جانتے، اللہ کی قسم تم سے اس کے بارے میں ضرور پوچھا جائیگا جو

كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾

كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ	وَ	يَجْعَلُوْنَ	لِلّٰهِ	الْبَنٰتِ	سُبْحٰنَهٗ	وَلَهُمْ	مَا	يَشْتَهُوْنَ
تم جھوٹ باندھتے تھے	اور	وہ بناتے (ٹھہراتے)	اللہ کے لئے	بیٹیاں	وہ پاک ہے	اور اپنے لئے	جو	ان کا دل چاہتا ہے

تم جھوٹ باندھتے تھے۔ اور وہ اللہ کے لئے بیٹیاں ٹھہراتے ہیں، وہ پاک ہے، اور اپنے لئے وہ جو ان کا دل چاہتا ہے۔

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۵۸﴾

وَاِذَا	بُشِّرَ	اَحَدُهُمْ	بِالْاُنْثٰى	ظَلَّ	وَجْهُهٗ	مُسْوَدًّا	وَهُوَ	كَظِيْمٌ
اور جب	خوشخبری دی جائے	ان میں سے کسی کو	لڑکی کی	ہو جاتا (پڑ جاتا ہے)	اس کا چہرہ	سیاہ	اور وہ	غصہ سے بھر جاتا ہے

اور جب اُن میں سے کسی کو لڑکی کی خوشخبری دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے اور وہ غصہ سے بھر جاتا ہے۔

يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ

يَتَوَارٰى	مِنَ	الْقَوْمِ	مِنْ	سُوْٓءِ	مَا	بُشِّرَ بِهٖ	اَيُمْسِكُهٗ	عَلٰى هُوْنٍ	اَمْ
چھپتا پھرتا ہے	سے	قوم (لوگ)	سے سبب	برائی	جو	خوشخبری دی گئی جس کی	یا اس کو رکھے	رسوائی کے ساتھ	یا

لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اس "برائی" کی خوشخبری کے سبب جو اُسے دی گئی (اب سوچتا ہے) آیا اس کو رسوائی کے ساتھ رکھے، یا

يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

يَدُسُّهٗ	فِي التُّرَابِ	اَلَا	سَآءَ	مَا يَحْكُمُوْنَ	لِلَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ
دبادے (دفن کردے)	مٹی میں	یاد رکھو	بُرا ہے	جو وہ فیصلہ کرتے ہیں	جو لوگ	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر

اس کو مٹی میں دفن کر دے، یاد رکھو! بُرا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں ۔ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کا

ع ۷ ۱۰ ۱۳

مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَ لِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۶۰﴾ وَ لَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ

مَثَلُ	السَّوْءِ	وَ لِلّٰهِ	الْمَثَلُ الْاَعْلٰى	وَ هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَ لَوْ	يُؤَاخِذُ	اللّٰهُ
حال	بُرا	اور اللہ کیلئے	شان بلند	اور وہ	غالب	حکمت والا	اور اگر	گرفت کرے	اللہ

حال بُرا ہے، اور اللہ کی شان بلند ہے، اور وہ غالب حکمت والا ہے ۔ اور اگر اللہ گرفت کرے

النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ

النَّاسَ	بِظُلْمِهِمْ	مَا تَرَكَ	عَلَيْهَا	مِنْ	دَآبَّةٍ	وَ لٰكِنْ	يُّؤَخِّرُهُمْ
لوگ	ان کے ظلم کے سبب	نہ چھوڑے وہ	اس (زمین) پر	کوئی	چلنے والا	اور لیکن	وہ ڈھیل دیتا ہے انہیں

لوگوں کی ان کے ظلم کے سبب تو وہ زمین پر کوئی چلنے والا نہ چھوڑے ، لیکن وہ انہیں ڈھیل دیتا ہے

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّ لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۶۱﴾

اِلٰٓى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	فَاِذَا	جَآءَ	اَجَلُهُمْ	لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ	سَاعَةً	وَ لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ
تک	ایک مدت	مقررہ	پھر جب	آ گیا	ان کا وقت	نہ پیچھے ہٹیں گے	ایک گھڑی	اور نہ آگے بڑھیں گے

ایک مدتِ مقررہ تک ، پھر جب ان کا وقت آ گیا ، نہ وہ ایک گھڑی پیچھے ہٹیں گے ، اور نہ آگے بڑھیں گے ۔

وَ يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَ تَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ

وَ يَجْعَلُوْنَ	لِلّٰهِ	مَا	يَكْرَهُوْنَ	وَ تَصِفُ	اَلْسِنَتُهُمُ	الْكَذِبَ	اَنَّ	لَهُمُ
اور وہ بناتے (ٹھہراتے) ہیں	اللہ کے لئے	جو	وہ اپنے لئے ناپسند کرتے ہیں	اور بیان کرتی ہیں	ان کی زبانیں	جھوٹ	کہ	ان کے لئے

اور وہ اللہ کے لئے ٹھہراتے ہیں جو اپنے لئے ناپسند کرتے ہیں، اور ان کی زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں کہ ان کے لئے

الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَ اَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿۶۲﴾ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ

الْحُسْنٰى	لَا جَرَمَ	اَنَّ	لَهُمُ	النَّارَ	وَ اَنَّهُمْ	مُّفْرَطُوْنَ	تَاللّٰهِ	لَقَدْ اَرْسَلْنَآ
بھلائی	لازمی بات	کہ	ان کے لئے	جہنم	اور بیشک وہ	آگے بھیجے جائیں گے	اللہ کی قسم	تحقیق ہم نے بھیجے

بھلائی ہے، لازمی بات ہے کہ ان کے لئے جہنم ہے، بیشک وہ (جہنم میں) آگے بھیجے جائیں گے ۔ اللہ کی قسم! تحقیق ہم نے بھیجے

إِلَىٰٓ أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَٰنُ أَعْمَٰلَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ

إِلَىٰٓ	أُمَمٍ	مِّن قَبْلِكَ	فَزَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطَٰنُ	أَعْمَٰلَهُمْ	فَهُوَ	وَلِيُّهُمُ	الْيَوْمَ
طرف	امتیں	تم سے پہلے	پھر اچھا کر دکھایا	انکے لئے	شیطان	ان کے اعمال	پس وہ	ان کا رفیق	آج

تم سے پہلے امتوں کی طرف (رسول)، پھر شیطان نے ان کے عمل انہیں اچھے کر دکھائے، پس آج وہ ان کا رفیق ہے،

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٦٣﴾ وَمَآ أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَٰبَ إِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ

وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ أَلِيمٌ	وَمَا	أَنزَلْنَا	عَلَيْكَ	الْكِتَٰبَ	إِلَّا	لِتُبَيِّنَ	لَهُمُ
اور	انکے لئے	عذاب دردناک	اور نہیں	اتاری ہم نے	تم پر	کتاب	مگر	اس لئے کہ تم واضح کر دو	ان کے لئے

اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اور ہم نے تم پر کتاب نہیں اتاری مگر (صرف) اس لئے کہ ان کے لئے تم واضح کر دو

الَّذِى اخْتَلَفُوا۟ فِيهِ ۙ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٦٤﴾ وَٱللَّهُ

الَّذِى	اخْتَلَفُوا۟	فِيهِ	وَهُدًى	وَرَحْمَةً	لِّقَوْمٍ	يُؤْمِنُونَ	وَٱللَّهُ
جو۔جس	انہوں نے اختلاف کیا	اس میں	اور ہدایت	اور رحمت	ان لوگوں کے لئے	وہ ایمان لائے ہیں	اور اللہ

جس میں انہوں نے اختلاف کیا، اور ہدایت و رحمت ان کے لئے جو ایمان لائے ہیں۔ اور اللہ نے

أَنزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۗ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ

أَنزَلَ	مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً	فَأَحْيَا	بِهِ	الْأَرْضَ	بَعْدَ	مَوْتِهَا	إِنَّ	فِى ذَٰلِكَ
اتارا	سے	آسمان	پانی	پھر زندہ کیا	اس سے	زمین	بعد	اس کی موت	بیشک	میں اس

آسمان سے پانی اتارا، پھر اس سے زمین کو اس کی موت (بنجر ہونے) کے بعد زندہ کیا، بیشک اس میں

٨ ع ٥ ١٤

لَءَايَةً لِّقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ﴿٦٥﴾ ع وَإِنَّ لَكُمْ فِى الْأَنْعَٰمِ لَعِبْرَةً ۖ نُّسْقِيكُم

لَءَايَةً	لِّقَوْمٍ	يَسْمَعُونَ	وَإِنَّ	لَكُمْ	فِى	الْأَنْعَٰمِ	لَعِبْرَةً	نُّسْقِيكُم
نشانی	لوگوں کے لئے	وہ سنتے ہیں	اور بیشک	تمہارے لئے	میں	چوپائے	البتہ عبرت	ہم پلاتے ہیں تم کو

ان لوگوں کے لئے نشانی ہے جو سنتے ہیں۔ اور بیشک تمہارے لئے چوپایوں میں (مقام) عبرت ہے، ہم تمہیں پلاتے ہیں

مِّمَّا فِى بُطُونِهِۦ مِنۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشَّٰرِبِينَ ﴿٦٦﴾

مِّمَّا	فِى	بُطُونِهِۦ	مِنۢ	بَيْنِ	فَرْثٍ	وَدَمٍ	لَّبَنًا	خَالِصًا	سَآئِغًا	لِّلشَّٰرِبِينَ
اس سے جو	میں	ان کے پیٹ (جمع)	سے	درمیان	گوبر	اور خون	دودھ	خالص	خوشگوار	پینے والوں کے لئے

دودھ خالص اس سے جو گوبر اور خون کے درمیان ان کے پیٹوں میں ہے پینے والوں کے لئے خوشگوار۔

وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ؕ

وَمِنْ	ثَمَرٰتِ	النَّخِيْلِ	وَالْاَعْنَابِ	تَتَّخِذُوْنَ	مِنْهُ	سَكَرًا	وَرِزْقًا	حَسَنًا
سے	پھل (جمع)	کھجور	اور انگور	تم بناتے ہو	اس سے	شراب	اور رزق	اچھا

اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے (رس) تم اس سے شراب بناتے ہو، اور اچھا رزق (حاصل کرتے ہو)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ

اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ	يَّعْقِلُوْنَ	وَاَوْحٰى	رَبُّكَ	اِلَى	النَّحْلِ	اَنِ
بیشک	میں	اس	نشانی	لوگوں کے لئے	عقل رکھتے ہیں	اور الہام کیا	تمہارا رب	طرف-کو	شہد کی مکھی	کہ

بیشک اس میں نشانی ہے اُن لوگوں کے لئے جو عقل رکھتے ہیں۔ اور تمہارے رب نے شہد کی مکھی کو الہام کیا کہ

اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿۶۸﴾ ثُمَّ كُلِيْ

اتَّخِذِيْ	مِنَ	الْجِبَالِ	بُيُوْتًا	وَ	مِنَ	الشَّجَرِ	وَ	مِمَّا	يَعْرِشُوْنَ	ثُمَّ	كُلِيْ
تو بنالے	سے-میں	پہاڑ (جمع)	گھر (جمع)	اور	سے-میں	درخت	اور	اس سے جو	چھتریاں بناتے ہیں	پھر	کھا

تو پہاڑوں میں گھر بنالے، اور درختوں میں، اور اس جگہ جہاں وہ چھتریاں بناتے ہیں۔ پھر کھا

مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ

مِنْ	كُلِّ الثَّمَرٰتِ	فَاسْلُكِيْ	سُبُلَ	رَبِّكِ	ذُلُلًا	يَخْرُجُ	مِنْ	بُطُوْنِهَا	شَرَابٌ
سے-کے	ہر قسم کے پھل	پھر چل	راستے	اپنا رب	نرم وہموار	نکلتی ہے	سے	ان کے پیٹ (جمع)	پینے کی ایک چیز

ہر قسم کے پھلوں سے، پھر اپنے رب کے نرم ہموار راستوں پر چل، ان کے پیٹوں سے پینے کی ایک چیز نکلتی ہے (شہد)

مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾

مُخْتَلِفٌ	اَلْوَانُهٗ	فِيْهِ	شِفَآءٌ	لِّلنَّاسِ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ
مختلف	اس کے رنگ	اس میں	شفا	لوگوں کے لئے	بیشک	میں	اس	نشانی	لوگوں کے لئے	سوچتے ہیں

اس کے رنگ مختلف ہیں، اس میں لوگوں کے لئے شفا ہے، بیشک اس میں اُن لوگوں کے لئے نشانی ہے جو سوچتے ہیں۔

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ

وَاللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	ثُمَّ	يَتَوَفّٰىكُمْ	وَمِنْكُمْ	مَّنْ	يُّرَدُّ اِلٰى	اَرْذَلِ الْعُمُرِ
اور اللہ	پیدا کیا تمہیں	پھر	وہ موت دیتا ہے تمہیں	اور تم میں سے بعض	جو	لوٹایا (پہنچایا) جاتا ہے طرف	ناکارہ - ناقص عمر

اور اللہ نے تمہیں پیدا کیا، پھر وہ تمہیں موت دیتا ہے، اور تم میں سے بعض کو ناکارہ عمر کی طرف پہنچایا جاتا ہے

۹ ع ۵ ۱۵

لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۷۰﴾ وَاللّٰهُ فَضَّلَ

لِكَيْ	لَا يَعْلَمَ	بَعْدَ	عِلْمٍ	شَيْـًٔا	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	قَدِيْرٌ	وَاللّٰهُ	فَضَّلَ
تاکہ	وہ بے علم ہو جائے	بعد	علم	کچھ	بیشک	اللہ	جاننے والا	قدرت والا	اور اللہ	فضیلت دی

تاکہ وہ کچھ علم کے بعد بے علم ہو جائے، بیشک اللہ جاننے والا، قدرت والا ہے۔ اور اللہ نے فضیلت دی

بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِى الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّيْ رِزْقِهِمْ

بَعْضَكُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ	فِى	الرِّزْقِ	فَمَا	الَّذِيْنَ	فُضِّلُوْا	بِرَآدِّيْ	رِزْقِهِمْ
تم میں سے بعض	پر	بعض	میں	رزق	پس نہیں	وہ لوگ جو	فضیلت دیئے گئے	لوٹا دینے والے	اپنا رزق

تم میں سے بعض کو بعض پر رزق میں، پس جن لوگوں کو فضیلت دی گئی وہ اپنا رزق لوٹانے (دینے والے) نہیں انہیں

عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ ؕ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۷۱﴾

عَلٰى	مَا مَلَكَتْ	اَيْمَانُهُمْ	فَهُمْ	فِيْهِ	سَوَآءٌ	اَفَبِنِعْمَةِ	اللّٰهِ	يَجْحَدُوْنَ
پر۔کو	جو مالک ہوئے	ان کے ہاتھ	پس وہ	اس میں	برابر	پس۔کیا نعمت سے	اللہ	وہ انکار کرتے ہیں

جن کے مالک ان کے ہاتھ ہیں (اپنے مملوکوں کو) کہ وہ اس میں برابر ہو جائیں، پس کیا وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں؟

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ

وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِنْ	اَنْفُسِكُمْ	اَزْوَاجًا	وَجَعَلَ	لَكُمْ	مِنْ	اَزْوَاجِكُمْ
اور اللہ	بنایا	تمہارے لئے	سے	تم میں سے	بیویاں	اور بنایا (پیدا کیا)	تمہارے لئے	سے	تمہاری بیویاں

اور اللہ نے تم میں سے تمہارے لئے تمہاری بیویاں بنائیں، اور تمہاری بیویوں سے تمہارے لئے پیدا کئے

بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَ

بَنِيْنَ	وَحَفَدَةً	وَرَزَقَكُمْ	مِنَ	الطَّيِّبٰتِ	اَفَبِالْبَاطِلِ	يُؤْمِنُوْنَ	وَ
بیٹے	اور پوتے	اور تمہیں عطا کیا	سے	پاک چیزیں	تو کیا باطل کو	وہ مانتے ہیں	اور

بیٹے اور پوتے، اور تمہیں پاک چیزیں عطا کیں، تو کیا وہ باطل کو مانتے ہیں؟ اور

بِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ

بِنِعْمَتِ	اللّٰهِ	هُمْ	يَكْفُرُوْنَ	وَيَعْبُدُوْنَ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	مَا	لَا يَمْلِكُ
نعمت	اللہ	وہ	انکار کرتے ہیں	اور پرستش کرتے ہیں	سے	اللہ کے سوا	جو	اختیار نہیں

وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں۔ اور اللہ کے سوا ان کی پرستش کرتے ہیں، جنہیں اختیار نہیں

لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۷۳﴾ فَلَا تَضْرِبُوْا

لَهُمْ	رِزْقًا	مِنَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	شَيْـًٔا	وَ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	فَلَا تَضْرِبُوْا
ان کے لئے	رزق	سے	آسمانوں	اور زمین	کچھ	اور	نہ وہ قدرت رکھتے ہیں	پس تم نہ چسپاں کرو

ان کے لئے رزق کا آسمانوں اور زمین سے کچھ بھی، اور نہ وہ قدرت رکھتے ہیں - پس تم چسپاں نہ کرو

لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

لِلّٰهِ	الْاَمْثَالَ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ	ضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا
اللہ کے لئے پر	مثالیں	بیشک	اللہ	جانتا ہے	اور تم	نہیں جانتے	بیان کیا	اللہ	ایک مثال

اللہ پر مثالیں، بے شک اللہ جانتا ہے، اور تم نہیں جانتے - اللہ نے ایک مثال بیان کی

عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ

عَبْدًا	مَّمْلُوْكًا	لَّا يَقْدِرُ	عَلٰى	شَيْءٍ	وَمَنْ	رَّزَقْنٰهُ	مِنَّا	رِزْقًا	حَسَنًا	فَهُوَ
ایک غلام	ملک میں آیا ہوا	وہ اختیار نہیں رکھتا	پر	کسی شئے	اور جو	ہم نے اسے رزق دیا	اپنی طرف سے	رزق	اچھا	سو وہ

(کسی کی) ملک میں آئے ہوئے غلام کی جو کسی شئے پر اختیار نہیں رکھتا، اور (دوسرا) وہ جسے ہم نے اچھا رزق دیا سو وہ

يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

يُنْفِقُ	مِنْهُ	سِرًّا	وَجَهْرًا	هَلْ	يَسْتَوٗنَ	اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ
خرچ کرتا ہے	اس سے	پوشیدہ	اور ظاہر	کیا	وہ برابر ہیں	تمام تعریف	اللہ کے لئے	بلکہ	ان میں سے اکثر

اس سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتا ہے، کیا وہ (دونوں) برابر ہیں؟ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، بلکہ اُن میں سے اکثر

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ

لَا يَعْلَمُوْنَ	وَضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا	رَّجُلَيْنِ	اَحَدُهُمَآ	اَبْكَمُ	لَا يَقْدِرُ
نہیں جانتے	اور بیان کیا	اللہ	ایک مثال	دو آدمی	ان میں سے ایک	گونگا	وہ اختیار نہیں رکھتا

نہیں جانتے - اور اللہ نے دو آدمیوں کی ایک مثال بیان کی اُن میں سے ایک گونگا ہے، وہ اختیار نہیں رکھتا

عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ

عَلٰى شَيْءٍ	وَهُوَ	كَلٌّ	عَلٰى	مَوْلٰىهُ	اَيْنَمَا	يُوَجِّهْهُّ	لَا يَاْتِ	بِخَيْرٍ	هَلْ
کسی شے پر	اور وہ	بوجھ	پر	اپنا آقا	جہاں کہیں	وہ بھیجے اس کو	وہ نہ لائے	کوئی بھلائی	کیا

کسی شے پر، اور وہ اپنے آقا پر بوجھ ہے، وہ جہاں کہیں اُسے بھیجے وہ کوئی بھلائی نہ لائے، کیا

١٠ ع ١٦

يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٧٦﴾ وَلِلّٰهِ

يَسْتَوِيْ	هُوَ	وَمَنْ	يَّاْمُرُ	بِالْعَدْلِ	وَهُوَ	عَلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	وَلِلّٰهِ
برابر	وہ-یہ	اور جو	حکم دیتا ہے	عدل کے ساتھ	اور وہ	پر	راہ	سیدھی	اور اللہ کے لئے

برابر ہے یہ اور وہ؟ جو عدل کا حکم دیتا ہے، اور وہ سیدھی راہ پر ہے - اور اللہ کے لئے ہیں

غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ

غَيْبُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا	اَمْرُ السَّاعَةِ	اِلَّا	كَلَمْحِ الْبَصَرِ	اَوْ	هُوَ
پوشیدہ باتیں	آسمانوں	اور زمین	اور نہیں	کام (آنا) قیامت	مگر (صرف)	جیسے جھپکنا آنکھ	یا	وہ

آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں، اور قیامت کا آنا صرف ایسے ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا، یا وہ

اَقْرَبُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٧٧﴾ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

اَقْرَبُ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَاللّٰهُ	اَخْرَجَكُمْ	مِنْ	بُطُوْنِ	اُمَّهٰتِكُمْ
اس سے بھی قریب	بیشک	اللہ	پر	ہر	شے	قدرت والا	اور اللہ	تمہیں نکالا	سے	پیٹ (جمع)	تمہاری مائیں

اس سے بھی زیادہ قریب ہے، بیشک اللہ ہر شے پر قدرت والا ہے - اور اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے نکالا

لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـــًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ

لَا تَعْلَمُوْنَ	شَيْـــًٔا	وَّجَعَلَ	لَكُمُ	السَّمْعَ	وَالْاَبْصَارَ	وَالْاَفْـِٕدَةَ	لَعَلَّكُمْ
تم نہ جانتے تھے	کچھ بھی	اور اس نے بنایا	تمہارے لئے	کان	اور آنکھیں	اور دل (جمع)	تاکہ تم

تم کچھ بھی نہ جانتے تھے، اور اللہ نے تمہارے بنائے کان، اور آنکھیں، اور دل، تاکہ تم

تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٨﴾ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَاۗءِ ۭ مَا يُمْسِكُهُنَّ

تَشْكُرُوْنَ	اَلَمْ يَرَوْا	اِلَى	الطَّيْرِ	مُسَخَّرٰتٍ	فِيْ	جَوِّ السَّمَاۗءِ	مَا	يُمْسِكُهُنَّ
تم شکر ادا کرو	کیا انہوں نے نہیں دیکھا	طرف	پرندہ	حکم کے پابند	میں	آسمان کی فضا	نہیں	تھامتا انہیں

شکر ادا کرو - کیا انہوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا آسمان کی فضا میں حکم کے پابند، انہیں (کوئی) نہیں تھامتا

اِلَّا اللّٰهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ

اِلَّا	اللّٰهُ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ
سوائے	اللہ	بیشک	میں	اس	نشانیاں	لوگوں کے لئے	ایمان لاتے ہیں	اور اللہ	بنایا	تمہارے لئے

سوائے اللہ کے، بیشک اس میں ایمان لانے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور اللہ نے تمہارے لئے بنایا

مِّنۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا

مِنۢ	بُيُوْتِكُمْ	سَكَنًا	وَجَعَلَ	لَكُمْ	مِّنْ	جُلُوْدِ	الْاَنْعَامِ	بُيُوْتًا	تَسْتَخِفُّوْنَهَا
سے	تمہارے گھروں	(رہنے کی) جگہ	اور بنایا	تمہارے لئے	سے	کھالیں	چوپائے	گھر (ڈیرے)	تم ہلکا پاتے ہو انہیں

تمہارے گھروں کو رہنے کی جگہ، اور تمہارے لئے چوپایوں کی کھالوں سے ڈیرے بنائے، جنہیں تم ہلکا پھلکا پاتے ہو

يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا

يَوْمَ ظَعْنِكُمْ	وَيَوْمَ	اِقَامَتِكُمْ	وَ	مِنْ	اَصْوَافِهَا	وَ	اَوْبَارِهَا	وَاَشْعَارِهَآ	اَثَاثًا
اپنے کوچ کے دن	اور دن	اپنا قیام	اور	سے	ان کی اُون	اور	ان کی پشم	اور ان کے بال	سامان

اپنے کوچ کے دن اور اپنے قیام کے دن، اور ان کی اُون، اور ان کی پشم، اور ان کے بالوں سے (بنائے) سامان

وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿٨٠﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

وَمَتَاعًا	اِلٰى	حِيْنٍ	وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّمَّا	خَلَقَ	ظِلٰلًا	وَجَعَلَ	لَكُمْ
اور برتنے کی چیزیں	تک	ایک وقت (مدت)	اور اللہ	بنایا	تمہارے لئے	اس سے جو	اس نے پیدا کیا	سائے	اور بنایا	تمہارے لئے

اور برتنے کی چیزیں ایک مدت مقررہ تک۔ اور اللہ نے جو پیدا کیا اس سے تمہارے لئے سائے بنائے، اور تمہارے لئے بنائیں

مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ

مِنَ	الْجِبَالِ	اَكْنَانًا	وَجَعَلَ	لَكُمْ	سَرَابِيْلَ	تَقِيْكُمُ	الْحَرَّ	وَسَرَابِيْلَ	تَقِيْكُمْ
سے	پہاڑوں	پناہ گاہیں	اور بنایا	تمہارے لئے	کرتے	بچاتے ہیں تمہیں	گرمی	اور کرتے	بچاتے ہیں تمہیں

پہاڑوں سے پناہ گاہیں اور اس نے تمہارے لئے کرتے بنائے جو تمہارے لئے گرمی کا بچاؤ ہیں، اور کرتے (زرہیں) جو تمہارے لئے بچاؤ ہیں

بَاْسَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿٨١﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا

بَاْسَكُمْ	كَذٰلِكَ	يُتِمُّ	نِعْمَتَهٗ	عَلَيْكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُسْلِمُوْنَ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاِنَّمَا
تمہاری لڑائی	اسی طرح	وہ مکمل کرتا ہے	اپنی نعمت	تم پر	تاکہ تم	فرمانبردار بنو	پھر اگر	وہ پھر جائیں	تو اس کے سوا نہیں

تمہاری لڑائی میں، اسی طرح وہ تم پر اپنی نعمت مکمل کرتا ہے تاکہ تم فرمانبردار بنو۔ پھر اگر وہ پھر جائیں تو اس کے سوا نہیں کہ

عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿٨٢﴾ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ

عَلَيْكَ	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	يَعْرِفُوْنَ	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	ثُمَّ	يُنْكِرُوْنَهَا	وَاَكْثَرُهُمُ
تم پر	پہنچا دینا	کھول کر (صاف صاف)	وہ پہچانتے ہیں	نعمت	اللہ	پھر	منکر ہو جاتے ہیں اس کے	اور اُن کے اکثر

تم پر (تمہارا ذمہ) صرف کھول کر پہنچا دینا ہے۔ وہ اللہ کی نعمت پہچانتے ہیں، پھر اس کے منکر ہو جاتے ہیں، اور اُن میں سے اکثر

١١ ع ٧ ١٧

الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ

الْكٰفِرُوْنَ	وَيَوْمَ	نَبْعَثُ	مِنْ	كُلِّ	اُمَّةٍ	شَهِيْدًا	ثُمَّ	لَا يُؤْذَنُ
کافر (جمع) ناشکرے	اور جس دن	ہم اٹھائیں گے	سے	ہر	امت	ایک گواہ	پھر	نہ اجازت دی جائے گی

ناشکرے ہیں - اور جس دن ہر اُمت سے ہم ایک گواہ اٹھائیں گے پھر نہ اجازت دی جائے گی

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ

لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	لَا هُمْ	يُسْتَعْتَبُوْنَ	وَاِذَا	رَاَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوا	الْعَذَابَ
وہ لوگ	انہوں نے کفر کیا (کافر)	اور	نہ وہ	عُذر قبول کئے جائیں گے	اور جب	دیکھیں گے	وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)	عذاب

کافروں کو اور نہ اُن سے عذر قبول کئے جائیں گے - اور (یاد کرو) جب ظالم عذاب دیکھیں گے

فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٨٥﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ

فَلَا يُخَفَّفُ	عَنْهُمْ	وَلَا	هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	وَاِذَا	رَاَ	الَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْا	شُرَكَآءَهُمْ
پھر نہ ہلکا کیا جائے گا	اُن سے	اور نہ	وہ	مہلت دی جائے گی	اور جب	دیکھیں گے	وہ لوگ جو	انہوں نے شرک کیا (مشرک)	اپنے شریک

پھر نہ اُن سے (عذاب) ہلکا کیا جائے گا اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی - اور (یاد کرو) جب مشرک اپنے شریکوں کو دیکھیں گے

قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ

قَالُوْا	رَبَّنَا	هٰٓؤُلَآءِ	شُرَكَآؤُنَا	الَّذِيْنَ	كُنَّا نَدْعُوْا	مِنْ دُوْنِكَ	فَاَلْقَوْا	اِلَيْهِمُ
وہ کہیں گے	اے ہمارے رب!	یہ ہیں	ہمارے شریک	وہ جو کہ	ہم پکارتے تھے	تیرے سوا	پھر وہ ڈالیں گے	ان کی طرف

تو وہ کہیں گے اے ہمارے رب! یہ ہیں ہمارے شریک جنہیں ہم تیرے سوا پکارتے تھے، پھر وہ (اُن کے شریک) ان کی طرف ڈالیں گے

الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِالسَّلَمَ وَضَلَّ

الْقَوْلَ	اِنَّكُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	وَاَلْقَوْا	اِلَى	اللّٰهِ	يَوْمَئِذِ	السَّلَمَ	وَضَلَّ
قول	بیشک تم	البتہ تم جھوٹے	اور وہ ڈالیں گے	طرف (سامنے)	اللہ	اُس دن	عاجزی	اور گم ہو جائے گا

قول (جواب دیں گے کہ) بیشک تم جھوٹے ہو - اور وہ اُس دن اللہ کے سامنے عاجزی (کا پیغام) ڈالیں گے اور ان سے گم ہو جائے گا (بھول جائیں گے)

عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٨٧﴾ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	اَلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ
اُن سے	جو	افترا کرتے (جھوٹ گھڑتے تھے)	وہ لوگ جو	انہوں نے کفر کیا	اور روکا	سے	راہ	اللہ

جو وہ جھوٹ گھڑتے تھے - اور جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا

زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ

زِدْنٰهُمْ	عَذَابًا	فَوْقَ	الْعَذَابِ	بِمَا	كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ	وَيَوْمَ	نَبْعَثُ
ہم بڑھا دیں گے انہیں	عذاب	پر	عذاب	کیونکہ	وہ فساد کرتے تھے	اور جس دن	ہم اٹھائیں گے

ہم اُن کے لئے عذاب پر عذاب بڑھا دیں گے، کیونکہ وہ فساد کرتے تھے۔ اور جس دن ہم اٹھائیں گے

فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ

فِيْ	كُلِّ اُمَّةٍ	شَهِيْدًا	عَلَيْهِمْ	مِّنْ اَنْفُسِهِمْ	وَجِئْنَا	بِكَ	شَهِيْدًا	عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ
میں	ہر امّت	ایک گواہ	ان پر	ان ہی میں سے	اور ہم لائیں گے	آپؐ کو	گواہ	اُن سب پر

ہر امّت میں اُن پر اُن ہی میں سے ایک گواہ، اور ہم آپؐ کو اُن سب پر گواہ لائیں گے

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى

وَنَزَّلْنَا	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	تِبْيَانًا	لِّكُلِّ شَيْءٍ	وَهُدًى	وَّرَحْمَةً	وَّبُشْرٰى
اور ہم نے نازل کی	آپ پر	الکتاب (قرآن)	(مفصّل) بیان	ہر شے کا	اور ہدایت	اور رحمت	اور خوشخبری

اور ہم نے آپؐ پر قرآن مجید نازل کیا، ہر شے کا مفصّل بیان، اور ہدایت و رحمت، اور خوشخبری

لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۸۹﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى ع ۱۲ ۶ ۱۸

لِلْمُسْلِمِيْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَاْمُرُ	بِالْعَدْلِ	وَالْاِحْسَانِ	وَاِيْتَآئِ	ذِي الْقُرْبٰى
مسلمانوں کے لئے	بیشک	اللہ	حکم دیتا ہے	عدل کا	اور احسان	اور دینا	رشتہ دار

مسلمانوں کے لئے۔ بیشک اللہ عدل و احسان کا حکم دیتا ہے اور رشتہ داروں کو (ان کے حقوق) دینے کا

وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۹۰﴾

وَيَنْهٰى	عَنِ	الْفَحْشَآءِ	وَالْمُنْكَرِ	وَالْبَغْيِ	يَعِظُكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ
اور منع کرتا ہے	سے	بے حیائی	اور ناشائستہ	اور سرکشی	تمہیں نصیحت کرتا ہے	تاکہ تم	دھیان کرو

اور منع کرتا ہے بے حیائی سے اور ناشائستہ کاموں سے اور سرکشی سے، تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم دھیان کرو۔

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا

وَاَوْفُوْا	بِعَهْدِ اللّٰهِ	اِذَا	عٰهَدْتُّمْ	وَ	لَا تَنْقُضُوا	الْاَيْمَانَ	بَعْدَ	تَوْكِيْدِهَا
اور پورا کرو	اللہ کا عہد	جب	تم عہد کرو	اور	نہ توڑو	قسمیں	بعد	ان کو پختہ کرنا

اور جب تم (پختہ) عہد کرلو تو اللہ کا عہد پورا کرو، اور قسمیں پختہ کرنے کے بعد ان کو نہ توڑو،

وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٩١﴾

وَ	قَدْ جَعَلْتُمُ	اللّٰهَ	عَلَيْكُمْ	كَفِيْلًا	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا تَفْعَلُوْنَ
اور	تحقیق تم نے بنایا	اللہ	اپنے اوپر	ضامن	بیشک	اللہ	جانتا ہے	جو تم کرتے ہو

اور تحقیق تم نے اپنے اوپر اللہ کو ضامن بنایا ہے، بے شک اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ۭ تَتَّخِذُوْنَ

وَ	لَا تَكُوْنُوْا	كَالَّتِيْ	نَقَضَتْ	غَزْلَهَا	مِنْۢ بَعْدِ	قُوَّةٍ	اَنْكَاثًا	تَتَّخِذُوْنَ
اور	تم نہ ہو جاؤ	اس عورت کی طرح	اس نے توڑا	اپنا سوت	بعد	قوت (مضبوطی)	ٹکڑے ٹکڑے	تم بناتے ہو

اور تم اس عورت کی طرح نہ ہو جانا جس نے اپنا سوت مضبوط کرنے (کاتنے) کے بعد ٹکڑے ٹکڑے توڑ ڈالا، تم بناتے ہو

اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ۭ اِنَّمَا

اَيْمَانَكُمْ	دَخَلًۢا	بَيْنَكُمْ	اَنْ	تَكُوْنَ	اُمَّةٌ	هِيَ	اَرْبٰى	مِنْ	اُمَّةٍ ۭ اِنَّمَا
اپنی قسمیں	دخل کا بہانہ	اپنے درمیان	کہ	ہو جائے	ایک گروہ	وہ	بڑھا ہوا (غالب)	سے	دوسرا گروہ اسکے سوا نہیں

اپنی قسموں کو اپنے درمیان دخل دینے کا بہانہ کہ ایک گروہ دوسرے گروہ پر غالب آ جائے، اس کے سوا نہیں

يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ۭ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٩٢﴾

يَبْلُوْكُمُ	اللّٰهُ	بِهٖ	وَلَيُبَيِّنَنَّ	لَكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	مَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ
آزماتا ہے تمہیں	اللہ	اس سے	اور وہ ضرور ظاہر کریگا	تم پر	روز قیامت	جو	تم تھے	اس میں	اختلاف کرتے تم

کہ اللہ تمہیں اس سے آزماتا ہے، اور وہ روز قیامت تم پر ضرور ظاہر کر دے گا جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔

وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ

وَلَوْ	شَاۗءَ اللّٰهُ	لَجَعَلَكُمْ	اُمَّةً وَّاحِدَةً	وَّلٰكِنْ	يُّضِلُّ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَ	يَهْدِيْ
اور اگر	اللہ چاہتا	تو البتہ بنا دیتا تمہیں	ایک امت	اور لیکن	گمراہ کرتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	اور	ہدایت دیتا ہے

اور اگر اللہ چاہتا تو البتہ تمہیں ایک امت بنا دیتا، لیکن وہ گمراہ کرتا ہے جس کو وہ چاہتا ہے، اور ہدایت دیتا ہے

مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَلَتُسْـَٔـلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٣﴾ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ

مَنْ يَّشَاۗءُ	وَلَتُسْـَٔـلُنَّ	عَمَّا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	وَ	لَا تَتَّخِذُوْٓا	اَيْمَانَكُمْ
جس کو وہ چاہتا ہے	اور تم سے ضرور پوچھا جائیگا	اسکی بابت	تم کرتے تھے	اور	تم نہ بناؤ	اپنی قسمیں

جس کو وہ چاہتا ہے، اور تم سے اس کی بابت ضرور پوچھا جائے گا جو تم کرتے تھے۔ اور اپنی قسموں کو تم نہ بناؤ

دَخَلًا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ

دَخَلًا	بَيْنَكُمْ	فَتَزِلَّ	قَدَمٌ	بَعْدَ ثُبُوْتِهَا	وَتَذُوْقُوا	السُّوْٓءَ	بِمَا صَدَدْتُّمْ
دخل کا بہانہ	اپنے درمیان	کہ پھسلے	کوئی قدم	اپنے جم جانے کے بعد	اور تم چکھو	بُرائی (وبال)	اس لئے کہ روکا تم نے

اپنے درمیان دخل کا بہانہ کہ کوئی قدم اپنے جم جانے کے بعد پھسل جائے اور تم اس کے نتیجہ میں وبال چکھو کہ تم نے روکا

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ

عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَلَكُمْ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	وَ لَا تَشْتَرُوْا	بِعَهْدِ اللّٰهِ
سے	اللہ کا راستہ	اور تمہارے لئے	عذاب	بڑا	اور تم نہ لو	اللہ کے عہد کے بدلے

اللہ کے راستہ سے، اور تمہارے لئے بڑا عذاب ہے ۔ اور تم اللہ کے عہد کے بدلے نہ لو

ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾ مَا

ثَمَنًا	قَلِيْلًا	اِنَّمَا	عِنْدَ اللّٰهِ	هُوَ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	مَا
مول	تھوڑا	بے شک جو	اللہ کے ہاں	وہی	بہتر	تمہارے لئے	اگر	تم جانو	جو

تھوڑا مول (مالِ دنیا) بے شک جو اللہ کے پاس ہے اگر تم جانو تو وہی تمہارے لئے بہتر ہے ۔ جو

عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ ۭ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۭ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ

عِنْدَكُمْ	يَنْفَدُ	وَمَا	عِنْدَ اللّٰهِ	بَاقٍ	وَلَنَجْزِيَنَّ	الَّذِيْنَ	صَبَرُوْٓا	اَجْرَهُمْ
تمہارے پاس	وہ ختم ہو جاتا ہے	اور جو	اللہ کے پاس	باقی رہنے والا	اور ہم ضرور دیں گے	وہ لوگ جو	انہوں نے صبر کیا	ان کا اجر

تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ (ہمیشہ) باقی رہنے والا ہے۔ اور جن لوگوں نے صبر کیا ہم ضرور اُنہیں اُن کا اجر دیں گے

بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى

بِاَحْسَنِ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	مَنْ	عَمِلَ	صَالِحًا	مِّنْ ذَكَرٍ	اَوْ	اُنْثٰى
اس سے بہتر	جو	وہ کرتے تھے	جو۔جس	عمل کیا	کوئی نیک	مرد ہو	یا	عورت

اُس سے بہت بہتر جو وہ (اعمال) کرتے تھے۔ جس نے کوئی نیک عمل کیا وہ مرد ہو یا عورت ،

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ

وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَلَنُحْيِيَنَّهٗ	حَيٰوةً	طَيِّبَةً	وَ	لَنَجْزِيَنَّهُمْ	اَجْرَهُمْ	بِاَحْسَنِ
جبکہ وہ	مومن	تو ہم اسے ضرور زندگی دیں گے	زندگی	پاکیزہ	اور	ہم ضرور انہیں دیں گے	ان کا اجر	اس سے بہت بہتر

جبکہ ہو وہ مومن، تو ہم ضرور اسے (دنیا میں) پاکیزہ زندگی دیں گے اور (آخرت) میں ان کا اجر ضرور اس سے بہت بہتر دیں گے

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ

مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	فَاِذَا	قَرَاْتَ	الْقُرْاٰنَ	فَاسْتَعِذْ	بِاللّٰهِ	مِنَ الشَّيْطٰنِ
جو	وہ کرتے تھے	پس جب	تم پڑھو	قرآن	تو پناہ لو	اللہ کی	سے شیطان

جو (اعمال) وہ کرتے تھے ۔ پس جب تم قرآن پڑھو تو اللہ کی پناہ لو شیطان

الرَّجِيْمِ ﴿۹۸﴾ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۹۹﴾

الرَّجِيْمِ	اِنَّهٗ	لَيْسَ	لَهٗ	سُلْطٰنٌ	عَلَى	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا وَ	عَلٰى رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ
مردود	بیشک وہ	نہیں	اسکے لئے	کوئی زور	پر	وہ لوگ جو	ایمان لائے اور	اپنے رب پر	وہ بھروسہ کرتے ہیں

مردود سے۔ بیشک اس کا کوئی زور نہیں ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔

۱۳ ع ۱۱ ۱۹

اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

اِنَّمَا	سُلْطٰنُهٗ	عَلَى	الَّذِيْنَ	يَتَوَلَّوْنَهٗ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	بِهٖ	مُشْرِكُوْنَ
اسکے سوا نہیں	اس کا زور	پر	وہ لوگ جو	اس کو دوست بناتے ہیں	اور وہ لوگ جو	وہ	اس اللہ کے ساتھ	شریک ٹھہراتے ہیں

اس کے سوا نہیں کہ اس کا زور ان لوگوں پر ہے جو اس کو دوست بناتے ہیں اور جو لوگ اللہ کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں۔

وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ

وَاِذَا	بَدَّلْنَا	اٰيَةً	مَّكَانَ	اٰيَةٍ	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يُنَزِّلُ	قَالُوْٓا	اِنَّمَآ	اَنْتَ
اور جب	ہم بدلتے ہیں	کوئی حکم	جگہ	دوسرا حکم	اور اللہ	خوب جانتا ہے	اس کو جو	وہ نازل کرتا ہے	وہ کہتے ہیں	اسکے سوا نہیں	تو

اور جب ہم کوئی حکم کسی دوسرے حکم کی جگہ بدلتے ہیں، اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ نازل کرتا ہے، وہ (کافر) کہتے ہیں اس کے سوا نہیں کہ تم

مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ

مُفْتَرٍ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	قُلْ	نَزَّلَهٗ	رُوْحُ الْقُدُسِ	مِنْ رَّبِّكَ
تم گھڑ لیتے ہو	بلکہ	ان میں اکثر	علم نہیں رکھتے	آپ کہہ دیں	اسے اتارا ہے	روح القدس (جبرئیلؑ)	سے تمہارا رب

(خود) گھڑ لیتے ہو (نہیں) بلکہ ان میں اکثر علم نہیں رکھتے ۔ آپ کہہ دیں کہ اسے جبرئیلؑ امین نے تمہارے رب کی طرف سے اتارا ہے

بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

بِالْحَقِّ	لِيُثَبِّتَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَهُدًى	وَبُشْرٰى	لِلْمُسْلِمِيْنَ
حق کے ساتھ	تاکہ ثابت قدم کرے	وہ لوگ جو	ایمان لائے (مومن)	اور ہدایت	اور خوشخبری	مسلمانوں کے لئے

حق کے ساتھ تاکہ مومنوں کو ثابت قدم رکھے، اور مسلمانوں کے لئے ہدایت اور خوشخبری ہے ۔

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ

وَ	لَقَدْ نَعْلَمُ	اَنَّهُمْ	يَقُوْلُوْنَ	اِنَّمَا	يُعَلِّمُهٗ	بَشَرٌ	لِسَانُ	الَّذِيْ	يُلْحِدُوْنَ
اور	ہم خوب جانتے ہیں	کہ وہ	وہ کہتے ہیں	اسکے سوا نہیں	اس کو سکھاتا ہے	ایک آدمی	زبان	وہ جو کہ	کجراہی (نسبت) کرتے ہیں

اور ہم خوب جانتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ اس کے سوا نہیں کہ اسے ایک آدمی سکھاتا ہے جس کی طرف وہ نسبت کرتے ہیں اس کی زبان

اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

اِلَيْهِ	اَعْجَمِيٌّ	وَهٰذَا	لِسَانٌ	عَرَبِيٌّ	مُّبِيْنٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ
اس کی طرف	عجمی	اور یہ	زبان	عربی	واضح	بیشک	وہ لوگ جو	ایمان نہیں لاتے ہیں

عجمی (غیر عربی) ہے، اور یہ واضح عربی زبان ہے - بیشک جو لوگ ایمان نہیں لاتے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	لَا يَهْدِيْهِمُ	اللّٰهُ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	اِنَّمَا	يَفْتَرِي	الْكَذِبَ
اللہ کی آیتوں پر	ہدایت نہیں دیتا انہیں	اللہ	اور ان کے لئے	دردناک عذاب	اسکے سوا نہیں	بہتان باندھتا ہے	جھوٹ

اللہ کی آیتوں پر، اللہ انہیں ہدایت نہیں دیتا، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے - اس کے سوا نہیں کہ وہی لوگ جھوٹ بہتان باندھتے ہیں

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ

الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْكٰذِبُوْنَ	مَنْ	كَفَرَ	بِاللّٰهِ
وہ لوگ	جو ایمان نہیں لاتے	اللہ کی آیتوں پر	اور یہی لوگ	وہ	جھوٹے	جو	منکر ہوا	اللہ کا

جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے، اور وہی لوگ جھوٹے ہیں - جو اللہ کا منکر ہوا

مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ

مِنْۢ بَعْدِ	اِيْمَانِهٖٓ	اِلَّا	مَنْ	اُكْرِهَ	وَقَلْبُهٗ	مُطْمَئِنٌّۢ	بِالْاِيْمَانِ	وَلٰكِنْ
بعد	اس کے ایمان	سوائے	جو	مجبور کیا گیا	جبکہ اس کا دل	مطمئن	ایمان پر	اور لیکن (بلکہ)

اس (اللہ) پر ایمان کے بعد، سوائے اس کے جو مجبور کیا گیا ہو، جبکہ اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو، بلکہ

﴿۱۰۶﴾

مَنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

مَنْ	شَرَحَ	بِالْكُفْرِ	صَدْرًا	فَعَلَيْهِمْ	غَضَبٌ	مِّنَ اللّٰهِ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ عَظِيْمٌ
جو	کشادہ کرے	کفر کے لئے	سینہ	تو ان پر	غضب	اللہ کا	اور ان کے لئے	بڑا عذاب

جو کفر کے لئے سینہ کشادہ کرے (من مرضی سے کفر کرے) تو ان پر اللہ کا غضب ہے، اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي

ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمُ	اسْتَحَبُّوا	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	عَلَى	الْاٰخِرَةِ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	لَا يَهْدِي
یہ	اس لئے کہ وہ	انہوں نے پسند کیا	زندگی دنیا	پر	آخرت	اور یہ کہ	اللہ	ہدایت نہیں دیتا

یہ اس لئے ہے کہ انہوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت پر پسند کیا، اور یہ کہ اللہ ہدایت نہیں دیتا

الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٠٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَ

الْقَوْمَ	الْكٰفِرِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	طَبَعَ اللّٰهُ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	وَسَمْعِهِمْ	وَ
لوگ	کافر (جمع)	یہی لوگ	وہ جو کہ	اللہ نے مہر لگادی	پر	ان کے دل	اور ان کے کان	اور

کافر لوگوں کو۔ یہی لوگ ہیں اللہ نے مہر لگادی ہے جن کے دلوں پر، اور ان کے کانوں پر، اور

اَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿١٠٨﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ

اَبْصَارِهِمْ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْغٰفِلُوْنَ	لَا جَرَمَ	اَنَّهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	هُمُ
ان کی آنکھیں	اور یہی لوگ	وہ	غافل (جمع)	کچھ شک نہیں	کہ وہ	آخرت میں	وہ

ان کی آنکھوں پر، اور یہی لوگ غافل ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ یہی لوگ آخرت میں

الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٠٩﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا

الْخٰسِرُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّ	رَبَّكَ	لِلَّذِيْنَ	هَاجَرُوْا	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	فُتِنُوْا
خسارہ اٹھانے والے	پھر	بیشک	تمہارا رب	ان لوگوں کے لئے	انہوں نے ہجرت کی	اس کے بعد	کہ	ستائے گئے وہ

خسارہ (نقصان) اٹھانے والے ہیں۔ پھر بیشک تمہارا رب ان لوگوں کے لئے جنہوں نے ہجرت کی، اس کے بعد کہ وہ ستائے گئے

ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٠﴾ ع

ثُمَّ	جٰهَدُوْا	وَصَبَرُوْٓا	اِنَّ	رَبَّكَ	مِنْۢ بَعْدِهَا	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
پھر	انہوں نے جہاد کیا	اور انہوں نے صبر کیا	بیشک	تمہارا رب	اس کے بعد	البتہ بخشنے والا	نہایت مہربان

اور پھر انہوں نے جہاد کیا، اور صبر کیا، بیشک تمہارا رب اس کے بعد بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا

يَوْمَ	تَاْتِيْ	كُلُّ	نَفْسٍ	تُجَادِلُ	عَنْ	نَّفْسِهَا	وَتُوَفّٰى	كُلُّ	نَفْسٍ	مَّا
جس دن	آئے گا	ہر	شخص	جھگڑا کرتا	سے	اپنی طرف	اور پورا دیا جائیگا	ہر	شخص	جو

جس دن ہر شخص اپنی (ہی) طرف سے جھگڑا کرتا آئے گا، اور ہر شخص کو پورا دیا جائے گا جو

عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿۱۱۱﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً

عَمِلَتْ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُونَ	وَ	ضَرَبَ اللّٰهُ	مَثَلًا	قَرْيَةً
اس نے کیا	اور وہ	ظلم نہ کئے جائیں گے	اور	بیان کی اللہ نے	ایک مثال	ایک بستی

اس نے کیا اور اُن پر ظلم نہ کیا جائے گا۔ اور اللہ نے ایک بستی کی مثال بیان کی،

كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ

كَانَتْ	اٰمِنَةً	مُّطْمَئِنَّةً	يَّاْتِيْهَا	رِزْقُهَا	رَغَدًا	مِنْ	كُلِّ مَكَانٍ	فَكَفَرَتْ
وہ تھی	بے خوف	مطمئن	اسکے پاس آتا تھا	اس کا رزق	بافراغت	سے	ہر جگہ	پھر اس نے ناشکری کی

وہ مطمئن بے خوف تھی، ہر جگہ سے اس کے پاس رزق بافراغت آ جاتا تھا، پھر اس نے ناشکری کی،

بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

بِاَنْعُمِ	اللّٰهِ	فَاَذَاقَهَا	اللّٰهُ	لِبَاسَ	الْجُوْعِ	وَالْخَوْفِ	بِمَا	كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ
نعمتوں سے	اللہ	تو چکھایا اس کو	اللہ	لباس	بھوک	اور خوف	اسکے بدلے جو	وہ کرتے تھے

اللہ کی نعمتوں کی، تو اللہ نے اس کے بدلے جو وہ کرتے تھے اس کو بھوک اور خوف کے لباس کا مزہ چکھایا (بھوک اور خوف اُن کا لبادہ بن گیا)

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ

وَ	لَقَدْ جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ	مِّنْهُمْ	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَخَذَهُمُ	الْعَذَابُ	وَهُمْ
اور	بیشک ان کے پاس آیا	ایک رسول	ان میں سے	سو انہوں نے اسے جھٹلایا	تو انہیں آ پکڑا	عذاب	اور وہ

اور بیشک ان کے پاس ان ہی میں سے ایک رسول آیا، سو انہوں نے اسے جھٹلایا، تو عذاب نے انہیں آ پکڑا اور وہ

ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

ظٰلِمُوْنَ	فَكُلُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ اللّٰهُ	حَلٰلًا	طَيِّبًا	وَّاشْكُرُوْا	نِعْمَتَ اللّٰهِ
ظالم (جمع)	پس تم کھاؤ	اس سے جو	تمہیں دیا اللہ نے	حلال	پاک	اور شکر کرو	نعمت اللہ

ظالم تھے۔ پس جو اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے حلال اور پاک کھاؤ، اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو،

اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَ

اِنْ	كُنْتُمْ	اِيَّاهُ	تَعْبُدُوْنَ	اِنَّمَا	حَرَّمَ	عَلَيْكُمُ	الْمَيْتَةَ	وَالدَّمَ	وَ
اگر	تم ہو	صرف اس کی	تم عبادت کرتے ہو	اس کے سوا نہیں	حرام کیا	تم پر	مردار	اور خون	اور

اگر تم صرف اس کی عبادت کرتے ہو۔ اس کے سوا نہیں کہ اللہ نے تم پر حرام کیا ہے مردار، اور خون، اور

لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ

لَحْمَ	الْخِنْزِيْرِ	مَآ	اُهِلَّ	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ	فَمَنِ	اضْطُرَّ	غَيْرَ بَاغٍ	وَّ	لَا عَادٍ
گوشت	خنزیر	اور جس	پکارا جائے	اللہ کے علاوہ	اس پر	پس جو	لاچار ہوا	نہ سرکشی کرنیوالا	اور	نہ حد سے بڑھنے والا

خنزیر کا گوشت اور جس پر اللہ کے علاوہ (کسی اور) کا نام پکارا جائے، پس جو لاچار ہو جائے نہ سرکشی کرنے والا ہو، اور نہ حد سے بڑھنے والا

فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٥﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ

فَاِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	لَا تَقُوْلُوْا	لِمَا	تَصِفُ	اَلْسِنَتُكُمُ	الْكَذِبَ
تو بے شک اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور	تم نہ کہو	وہ جو	بیان کرتی ہیں	تمہاری زبانیں	جھوٹ

تو بے شک اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور نہ کہو تم وہ جو تمہاری زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں

هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ

هٰذَا	حَلٰلٌ	وَّ	هٰذَا	حَرَامٌ	لِّتَفْتَرُوْا	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
یہ	حلال	اور	یہ	حرام	کہ بہتان باندھو	پر	اللہ	جھوٹ	بیشک	وہ لوگ جو

کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام، کہ تم اللہ پر جھوٹ، بہتان باندھو، بے شک جو لوگ

يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿١١٦﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۠ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

يَفْتَرُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	لَا يُفْلِحُوْنَ	مَتَاعٌ	قَلِيْلٌ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ
بہتان باندھتے ہیں	پر	اللہ	جھوٹ	فلاح نہ پائیں گے	فائدہ	تھوڑا	اور ان کے لئے	عذاب

اللہ پر جھوٹ، بہتان باندھتے ہیں وہ فلاح (دو جہان میں کامیابی) نہ پائیں گے۔ (ان کے لئے) فائدہ تھوڑا ہے، اور ان کے لئے عذاب

اَلِيْمٌ ﴿١١٧﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ

اَلِيْمٌ	وَ	عَلَى	الَّذِيْنَ هَادُوْا	حَرَّمْنَا	مَا قَصَصْنَا	عَلَيْكَ	مِنْ قَبْلُ
دردناک	اور	پر	جو لوگ یہودی ہوئے (یہودی)	ہم نے حرام کیا	جو ہم نے بیان کیا	تم پر (سے)	اس سے قبل

دردناک ہے۔ اور یہودیوں پر ہم نے حرام کیا تھا جو اس سے قبل ہم نے تم سے بیان کیا ہے،

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿١١٨﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ

وَ	مَا ظَلَمْنٰهُمْ	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّ	رَبَّكَ	لِلَّذِيْنَ
اور	نہیں ہم نے ظلم کیا ان پر	بلکہ	وہ تھے	اپنے اوپر	ظلم کرتے	پھر	بیشک	تمہارا رب	ان لوگوں کے لئے جو

اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا، بلکہ وہ اپنے اوپر ظلم کرتے تھے۔ پھر بے شک تمہارا رب ان لوگوں کے لئے جنہوں نے

عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ

عَمِلُوا	السُّوْٓءَ	بِجَهَالَةٍ	ثُمَّ	تَابُوْا	مِنْۢ بَعْدِ	ذٰلِكَ	وَاَصْلَحُوْٓا	اِنَّ رَبَّكَ
عمل کئے	برُے	نادانی سے	پھر	انہوں نے توبہ کی	اس کے بعد	اس	اور انہوں نے اصلاح کی	بیشک تمہارا رب

نادانی سے بُرے عمل کئے، پھر اس کے بعد انہوں نے توبہ کی اور اصلاح کرلی ، بیشک تمہارا رب

۱۵ ع ۹ ۲۱

مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ

مِنْۢ بَعْدِهَا	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	كَانَ	اُمَّةً	قَانِتًا	لِّلّٰهِ	حَنِيْفًا
اس کے بعد	بخشنے والا	نہایت مہربان	بیشک	ابراہیمؑ	تھے	ایک جماعت (امام)	فرمانبردار	اللہ کے	یک رُخ

اس کے بعد بخشنے والا نہایت مہربان ہے ۔ بیشک ابراہیمؑ امام تھے، اللہ کے فرمانبردار، یک رُخ (سب کو چھوڑ کر ایک اللہ کے ہو رہنے والے)

وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ

وَ	لَمْ يَكُ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	شَاكِرًا	لِّاَنْعُمِهٖ	اِجْتَبٰىهُ	وَهَدٰىهُ
اور	نہ تھے	سے	مشرک (جمع)	شکرگزار	اسکی نعمتوں کے لئے	اُس نے اُسے چُن لیا	اور اس کی رہنمائی کی

اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے ۔ اس کی نعمتوں کے شکرگزار، اس (اللہ) نے انہیں چُن لیا، اور اُن کی رہنمائی کی

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾ وَاٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ

اِلٰى	صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ	وَاٰتَيْنٰهُ	فِى الدُّنْيَا	حَسَنَةً	وَاِنَّهٗ	فِى الْاٰخِرَةِ
طرف	سیدھی راہ	اور اس کو ہی ہم نے	دنیا میں	بھلائی	اور بیشک وہ	آخرت میں

سیدھی راہ کی طرف ۔ اور ہم نے انہیں دنیا میں بھلائی دی ، اور بیشک وہ آخرت میں

لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ

لَمِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	ثُمَّ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	اَنِ	اتَّبِعْ	مِلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا
البتہ سے	نیکوکار (جمع)	پھر	وحی بھیجی ہم نے	تمہاری طرف	کہ	پیروی کرو تم	دین	ابراہیمؑ	یک رُخ

نیکوکاروں میں سے ہیں ۔ پھر ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی کہ تم ہر ایک سے جدا ہو رہنے والے (یک رُخ) ابراہیمؑ کی پیروی کرو

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ

وَمَا كَانَ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	اِنَّمَا	جُعِلَ	السَّبْتُ	عَلَى	الَّذِيْنَ
اور نہ تھے وہ	سے	مشرک (جمع)	اس کے سوا نہیں	مقرر کیا گیا	ہفتہ کا دن	پر	وہ لوگ جو

اور وہ مشرکوں سے نہ تھے ۔ اس کے سوا نہیں کہ ہفتہ ان لوگوں پر (عظمت کا دن) مقرر کیا گیا جنہوں نے

اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا

اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَيَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كَانُوْا
انہوں نے اختلاف کیا	اس میں	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ فیصلہ کریگا	ان کے درمیان	روزِ قیامت	اس میں جو	وہ تھے

اس میں اختلاف کیا تھا، اور بیشک تمہارا رب البتہ قیامت کے دن اُن کے درمیان اس (بات) میں فیصلہ کر دے گا

فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٢٤﴾ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ

فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	اُدْعُ	اِلٰى	سَبِيْلِ	رَبِّكَ	بِالْحِكْمَةِ	وَالْمَوْعِظَةِ
اس میں	اختلاف کرتے	تم بلاؤ	طرف	راستہ	اپنا رب	حکمت (دانائی) سے	اور نصیحت

جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ تم اپنے رب کے راستہ کی طرف بلاؤ دانائی سے، اور اچھی نصیحت سے،

الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ

الْحَسَنَةِ	وَجَادِلْهُمْ	بِالَّتِيْ	هِيَ	اَحْسَنُ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	اَعْلَمُ
اچھی	اور بحث کرو ان سے	ایسے جو	وہ	سب سے بہتر	بیشک	تمہارا رب	وہ	خوب جاننے والا

اور ان سے ایسے بحث کرو جو سب سے بہتر ہو، بیشک تمہارا رب اس کو خوب جاننے والا ہے

بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿١٢٥﴾ وَاِنْ

بِمَنْ	ضَلَّ	عَنْ	سَبِيْلِهٖ	وَهُوَ	اَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِيْنَ	وَاِنْ
اس کو جو	گمراہ ہوا	سے	اس کا راستہ	اور وہ	خوب جاننے والا	راہ پانے والوں کو	اور اگر

جو اللہ کے راستہ سے گمراہ ہوا، اور وہ راہ پانے والوں کو خوب جاننے والا ہے۔ اور اگر

عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ

عَاقَبْتُمْ	فَعَاقِبُوْا	بِمِثْلِ	مَا عُوْقِبْتُمْ	بِهٖ	وَلَئِنْ	صَبَرْتُمْ
تم تکلیف دو	تو انہیں تکلیف دو	ایسی ہی	جو تمہیں تکلیف دی گئی	اس سے	اور اگر	تم صبر کرو

تم تکلیف دو تو ایسی ہی تکلیف دو، جیسی تمہیں تکلیف دی گئی تھی، اور اگر تم صبر کرو

لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿١٢٦﴾ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ

لَهُوَ	خَيْرٌ	لِّلصّٰبِرِيْنَ	وَاصْبِرْ	وَمَا	صَبْرُكَ	اِلَّا	بِاللّٰهِ	وَلَا تَحْزَنْ
تو وہ	بہتر	صبر کرنے والوں کے لئے	اور صبر کرو	اور نہیں	تمہارا صبر	مگر	اللہ کی مدد سے	اور غم نہ کھاؤ

تو یہ صبر کرنے والوں کے لئے بہتر ہے۔ اور صبر کرو اور تمہارا صبر اللہ ہی کی مدد سے ہے۔ اور غم نہ کھاؤ

عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ

عَلَيْهِمْ	وَلَا تَكُ	فِيْ	ضَيْقٍ	مِّمَّا	يَمْكُرُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	مَعَ	الَّذِيْنَ
اُن پر	اور نہ ہو	میں	تنگی	اس سے جو	وہ فریب کرتے ہیں	بیشک	اللہ	ساتھ	وہ لوگ جو

اُن پر، اور وہ جو فریب کرتے ہیں اس سے تنگی میں (دل تنگ) نہ ہو - بے شک اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جنہوں نے

ع ١٦ ٩ ٢٢

اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿١٢٨﴾ ع

اتَّقَوْا	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	مُّحْسِنُوْنَ
انہوں نے پرہیزگاری کی	اور وہ لوگ جو	وہ	نیکوکار (جمع)

پرہیزگاری کی، اور وہ لوگ جو نیکوکار ہیں۔

۱۷ : سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَکِّیَّةٌ : ۵۰

اٰیَاتُهَا ۱۱۱	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ	رُکُوْعَاتُهَا ۱۲

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ

سُبْحٰنَ	الَّذِیْ	اَسْرٰی	بِعَبْدِهٖ	لَیْلًا	مِنَ	الْمَسْجِدِ
پاک	وہ جو	لے گیا	اپنے بندہ کو	راتوں رات	سے	مسجد

پاک ہے وہ، جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا مسجد

الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ

الْحَرَامِ	اِلَی	الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا	الَّذِیْ	بٰرَکْنَا	حَوْلَهٗ	لِنُرِیَهٗ	مِنْ	اٰیٰتِنَا	اِنَّهٗ
حرام	تک	مسجد اقصیٰ	جس کو	برکت دی ہم نے	اس کے اردگرد	تاکہ دکھائیں ہم اس کو	سے	اپنی نشانیاں	بیشک وہ

حرام (خانہ کعبہ سے) مسجدِ اقصیٰ (بیت المقدس) تک جس کے اردگرد (اطراف) کو ہم نے برکت دی ہے، تاکہ ہم اسے اپنی نشانیاں دکھا دیں، بیشک

هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝۱ وَاٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًی لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ

هُوَ	السَّمِیْعُ	الْبَصِیْرُ	وَ	اٰتَیْنَا	مُوْسَی	الْکِتٰبَ	وَجَعَلْنٰهُ	هُدًی	لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ
وہ	سُننے والا	دیکھنے والا	اور	ہم نے دی	موسیٰ ؑ	کتاب	اور ہم نے بنایا اسے	ہدایت	بنی اسرائیل کے لئے

وہ سُننے والا دیکھنے والا ہے۔ اور ہم نے موسیٰ ؑ کو کتاب دی، اور اُسے بنی اسرائیل کے لئے ہدایت بنایا

اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِیْ وَکِیْلًا ۝۲ ؕ ذُرِّیَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ؕ اِنَّهٗ کَانَ

اَلَّا تَتَّخِذُوْا	مِنْ دُوْنِیْ	وَکِیْلًا	ذُرِّیَّةَ	مَنْ	حَمَلْنَا	مَعَ نُوْحٍ	اِنَّهٗ	کَانَ
کہ نہ ٹھہراؤ تم	میرے سوا	کارساز	اولاد	جو۔جس	ہم نے سوار کیا	نوح ؑ کے ساتھ	بیشک وہ	تھا

کہ تم میرے سوا (کسی کو) کارساز نہ ٹھہراؤ۔ اے (اُن لوگوں کی) اولاد! جن کو ہم نے نوح ؑ کے ساتھ سوار کیا، بیشک وہ

عَبْدًا شَکُوْرًا ۝۳ وَقَضَیْنَآ اِلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ فِی الْکِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ

عَبْدًا	شَکُوْرًا	وَقَضَیْنَا	اِلٰی	بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ	فِی الْکِتٰبِ	لَتُفْسِدُنَّ
بندہ	شکرگزار	اور صاف کہدیا ہم نے	طرف۔کر	بنی اسرائیل	کتاب	البتہ تم فساد کرو گے ضرور

شکرگزار بندہ تھا۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں صاف کہہ سُنایا، البتہ تم ضرور فساد کرو گے

فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝۴ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا

فِي	الْاَرْضِ	مَرَّتَيْنِ	وَلَتَعْلُنَّ	عُلُوًّا كَبِيْرًا	فَاِذَا	جَآءَ	وَعْدُ	اُوْلٰىهُمَا
میں	زمین	دو مرتبہ	اور تم ضرور زور پکڑو گے	بڑا زور	پس جب	آیا	وعدہ	دوسری سے پہلا

زمین میں دو مرتبہ اور تم ضرور زور پکڑو گے (سرکشی کرو گے) ۔ پس جب دونوں میں سے پہلے وعدے (کا وقت) آیا

بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ۭ وَكَانَ وَعْدًا

بَعَثْنَا	عَلَيْكُمْ	عِبَادًا لَّنَا	اُولِيْ بَاْسٍ	شَدِيْدٍ	فَجَاسُوْا	خِلٰلَ الدِّيَارِ	وَكَانَ	وَعْدًا
ہم نے بھیجے	تم پر	اپنے بندے	لڑائی والے	سخت	تو وہ گھس پڑے	شہروں کے اندر	اور تھا	ایک وعدہ

تو ہم نے تم پر اپنے سخت لڑائی والے بندے بھیجے، وہ شہروں کے اندر گھس گئے (پھیل گئے)، اور یہ ایک وعدہ تھا

مَّفْعُوْلًا ۝۵ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ

مَفْعُوْلًا	ثُمَّ	رَدَدْنَا	لَكُمُ	الْكَرَّةَ	عَلَيْهِمْ	وَاَمْدَدْنٰكُمْ	بِاَمْوَالٍ	وَّبَنِيْنَ
پورا ہونے والا	پھر	ہم نے پھیر دی	تمہارے لئے	باری	ان پر	اور ہم نے تمہیں مدد دی	مالوں سے	اور بیٹے

پورا ہو کر رہنے والا۔ پھر ہم نے ان پر تمہاری باری پھیر دی (تمہیں غلبہ دیدیا) اور مالوں سے اور بیٹوں سے ہم نے تمہیں مدد دی

وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝۶ اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۣ وَاِنْ اَسَاْتُمْ

وَجَعَلْنٰكُمْ	اَكْثَرَ	نَفِيْرًا	اِنْ	اَحْسَنْتُمْ	اَحْسَنْتُمْ	لِاَنْفُسِكُمْ	وَاِنْ	اَسَاْتُمْ
اور ہم نے تمہیں کر دیا	زیادہ	جتھا (لشکر)	اگر	تم نے بھلائی کی	تم نے بھلائی کی	اپنی جانوں کے لئے	اور اگر	تم نے برائی کی

اور ہم نے تمہیں بڑا جتھا (لشکر) کر دیا۔ اگر تم نے بھلائی کی تو اپنی جانوں کے لئے، اور اگر تم نے برائی کی

فَلَهَا ۭ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْۗءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا

فَلَهَا	فَاِذَا	جَآءَ	وَعْدُ الْاٰخِرَةِ	لِيَسُوْۗءٗا	وُجُوْهَكُمْ	وَلِيَدْخُلُوا	الْمَسْجِدَ	كَمَا
تو اُن کے لئے	پھر جب	آیا	دوسرا وعدہ	کہ وہ بگاڑ دیں	تمہارے چہرے	اور وہ گھس جائیں	مسجد	جیسے

تو اُن (اپنی جانوں) کے لئے پھر (یاد کرو) جب دوسرے وعدے (کا وقت) آیا کہ وہ (دشمن) تمہارے چہرے بگاڑ دیں اور وہ مسجد (اقصیٰ) میں گھس جائیں جیسے

دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۝۷ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ

دَخَلُوْهُ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	وَلِيُتَبِّرُوْا	مَا عَلَوْا	تَتْبِيْرًا	عَسٰى	رَبُّكُمْ	اَنْ	يَّرْحَمَكُمْ
وہ گھسے اس میں	پہلی بار	اور برباد کر ڈالیں	جہاں غلبہ پائیں وہ	پوری طرح برباد	امید ہے	تمہارا رب	کہ	وہ تم پر رحم کرے

وہ پہلی بار اس میں گھسے تھے، اور یہ کہ جہاں غلبہ پائیں، پوری طرح برباد کر ڈالیں۔ امید ہے (بعید نہیں) کہ تمہارا رب تم پر رحم کرے

وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝٨ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

وَاِنْ	عُدْتُّمْ	عُدْنَا	وَ جَعَلْنَا	جَهَنَّمَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	حَصِيْرًا	اِنَّ	هٰذَا الْقُرْاٰنَ
اور اگر	تم پھر (وہی) کرو گے	ہم (بھی) کریں گے	اور ہم نے بنایا	جہنم	کافروں کے لئے	قید خانہ	بیشک	یہ قرآن

اور اگر تم پھر وہی کرو گے تو ہم (بھی) وہی کریں گے اور ہم نے جہنم کافروں کے لئے قید خانہ بنایا ہے۔ بیشک یہ قرآن

يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ

يَهْدِيْ	لِلَّتِيْ	هِيَ	اَقْوَمُ	وَيُبَشِّرُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	الصّٰلِحٰتِ	اَنَّ
رہنمائی کرتا ہے	اس کے لئے جو	وہ	سب سے سیدھی	اور بشارت دیتا ہے	مومن (جمع)	وہ لوگ جو	عمل کرتے ہیں	اچھے	کہ

اس راہ کی رہنمائی کرتا ہے جو سب سے سیدھی ہے، اور اُن مومنوں کو بشارت دیتا ہے جو اچھے عمل کرتے ہیں کہ

لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۝٩ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا

لَهُمْ	اَجْرًا كَبِيْرًا	وَ اَنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	اَعْتَدْنَا	لَهُمْ	عَذَابًا
اُن کے لئے	بڑا اجر	اور یہ کہ	جو لوگ	ایمان نہیں لاتے	آخرت پر	ہم نے تیار کیا	ان کے لئے	عذاب

اُن کے لئے بڑا اجر ہے۔ اور یہ کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے، ہم نے ان کے لئے تیار کیا ہے عذاب

اَلِيْمًا ۝١٠ ع وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝١١

اَلِيْمًا	وَيَدْعُ	الْاِنْسَانُ	بِالشَّرِّ	دُعَآءَهٗ	بِالْخَيْرِ	وَكَانَ	الْاِنْسَانُ	عَجُوْلًا
دردناک	اور دُعا کرتا ہے	انسان	بُرائی کی	اس کی دُعا	بھلائی کی	اور ہے	انسان	جلد باز

دردناک۔ اور انسان بُرائی کی دُعا کرتا ہے، جیسے وہ بھلائی کی دُعا کرتا ہے، اور انسان جلد باز ہے۔

وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً

وَجَعَلْنَا	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ	اٰيَتَيْنِ	فَمَحَوْنَآ	اٰيَةَ الَّيْلِ	وَجَعَلْنَآ	اٰيَةَ النَّهَارِ	مُبْصِرَةً
اور ہم نے بنایا	رات	اور دن	دو نشانیاں	پھر ہم نے مٹا دیا	رات کی نشانی	اور ہم نے بنایا	دن کی نشانی	دکھانے والی

اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا، پھر ہم نے رات کی نشانی کو مٹا دیا (ماند کر دیا) اور ہم نے دن کی نشانی کو دکھانے والی بنایا

لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ

لِتَبْتَغُوْا	فَضْلًا	مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَلِتَعْلَمُوْا	عَدَدَ	السِّنِيْنَ	وَالْحِسَابَ	وَ كُلَّ شَيْءٍ	
تاکہ تم تلاش کرو	فضل	اپنے رب سے (کا)	اور تاکہ تم معلوم کرو	گنتی	برس (جمع)	اور حساب	اور	ہر چیز

تاکہ تم اپنے رب کا فضل (روزی) تلاش کرو، اور تاکہ برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کرو اور ہر چیز کو

فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ﴿۱۲﴾ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ

فَصَّلْنٰهُ	تَفْصِيْلًا	وَ	كُلَّ اِنْسَانٍ	اَلْزَمْنٰهُ	طٰٓئِرَهٗ	فِيْ عُنُقِهٖ	وَنُخْرِجُ	لَهٗ
ہم نے بیان کیا ہے	تفصیل کے ساتھ	اور	ہر انسان	اسکو لگا دی (لٹکا دی)	اس کی قسمت	اسکی گردن میں	اور ہم نکالیں گے	اس کے لئے

ہم نے تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا ہے، اور ہم نے ہر انسان کی قسمت اس کی گردن میں لٹکا دی، اور ہم اس کے لئے نکالیں گے

يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	كِتٰبًا	يَّلْقٰىهُ	مَنْشُوْرًا	اِقْرَاْ	كِتٰبَكَ	كَفٰى	بِنَفْسِكَ	الْيَوْمَ	عَلَيْكَ
روزِ قیامت	ایک	اور اُسے پائے گا	کھلا ہوا	پڑھ لے	اپنی کتاب (نامۂ اعمال)	کافی ہے	تو خود	آج	اپنے اوپر

روزِ قیامت ایک کتاب (نوشتہ) وہ اسے کھلا ہوا پائے گا۔ اپنا نامۂ اعمال پڑھ لے، آج تو خود اپنے اوپر کافی ہے

حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ

حَسِيْبًا	مَنِ	اهْتَدٰى	فَاِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ
حساب لینے والا	جس	ہدایت پائی	تو صرف	اُس نے ہدایت پائی	اپنے لئے	اور جو	گمراہ ہوا	تو صرف	گمراہ ہوا

حساب لینے والا (محتسب)۔ جس نے ہدایت پائی اس نے صرف اپنے لئے ہدایت پائی، اور جو کوئی گمراہ ہوا تو وہ گمراہ ہوا صرف

عَلَيْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

عَلَيْهَا	وَ لَا تَزِرُ	وَازِرَةٌ	وِّزْرَ اُخْرٰى	وَ	مَا كُنَّا	مُعَذِّبِيْنَ	حَتّٰى	نَبْعَثَ	رَسُوْلًا
اپنے اوپر (اپنے برے کو)	اور بوجھ نہیں اٹھاتا	کوئی اٹھانے والا	دوسرے کا بوجھ	اور	ہم نہیں	عذاب دینے والے	جب تک	ہم (نہ) بھیجیں	کوئی رسول

اپنے برے کو، اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھاتا، اور جب تک ہم کوئی رسول نہ بھیجیں ہم عذاب دینے والے نہیں۔

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا

وَاِذَآ	اَرَدْنَآ	اَنْ نُّهْلِكَ	قَرْيَةً	اَمَرْنَا	مُتْرَفِيْهَا	فَفَسَقُوْا	فِيْهَا	فَحَقَّ	عَلَيْهَا
اور جب	ہم نے چاہا	کہ ہم ہلاک کریں	کوئی بستی	ہم نے حکم بھیجا	اس کے خوشحال لوگ	تو انہوں نے نافرمانی کی	اس میں	پھر پوری ہو گئی	ان پر

اور جب ہم نے کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہا تو ہم نے اس کے خوشحال لوگوں کو حکم بھیجا تو انہوں نے اس میں نافرمانی کی پھر ان پر بات پوری ہو گئی

الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ

الْقَوْلُ	فَدَمَّرْنٰهَا	تَدْمِيْرًا	وَكَمْ	اَهْلَكْنَا	مِنَ	الْقُرُوْنِ	مِنْۢ بَعْدِ	نُوْحٍ
بات	پھر ہم نے انہیں ہلاک کیا	پوری طرح ہلاک	اور کتنی	ہم نے ہلاک کر دیں	سے	بستیاں	بعد سے	نوح ؑ

بات (حکم ثابت ہو گیا) پھر ہم نے انہیں بُری طرح ہلاک کر دیا۔ اور ہم نے نوحؑ کے بعد کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں

وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ

وَكَفٰى	بِرَبِّكَ	بِذُنُوْبِ	عِبَادِهٖ	خَبِيْرًا	بَصِيْرًا	مَنْ	كَانَ يُرِيْدُ	الْعَاجِلَةَ
اور کافی	تیرا رب	گناہوں کو	اپنے بندے	خبر رکھنے والا	دیکھنے والا	جو کوئی	چاہتا ہے	جلدی

اور تیرا رب کافی ہے اپنے بندوں کے گناہوں کی خبر رکھنے والا دیکھنے والا ہے۔ جو کوئی جلدی (دنیا میں) چاہتا ہے،

عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا

عَجَّلْنَا	لَهٗ	فِيْهَا	مَا نَشَآءُ	لِمَنْ	نُّرِيْدُ	ثُمَّ	جَعَلْنَا	لَهٗ	جَهَنَّمَ	يَصْلٰىهَا	مَذْمُوْمًا
ہم جلد دیدیں گے	اس کو	اس (دنیا) میں	جتنا ہم چاہیں	جس کو	ہم چاہیں	پھر	ہم نے بنادیا	اسکے لئے	جہنم	وہ داخل ہوگا اس میں	مذمت کیا ہوا

ہم اس کو جتنا چاہیں جلدی (دنیا میں) دیدیں گے، پھر ہم نے اس کے لئے جہنم بنا دیا ہے وہ اس میں داخل ہوگا مذمت کیا ہوا

مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ

مَدْحُوْرًا	وَمَنْ	اَرَادَ	الْاٰخِرَةَ	وَسَعٰى	لَهَا	سَعْيَهَا	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَاُولٰٓئِكَ
دُور کیا ہوا (دھکیلا ہوا)	اور جو	چاہے	آخرت	اور کوشش کی اس نے	اسکے لئے	اس کی سی کوشش	اور (بشرطیکہ) وہ	مومن	پس یہی لوگ

دھکیلا ہوا۔ اور جو کوئی آخرت چاہے اور اس کے لئے اس کی سی کوشش کرے، بشرطیکہ وہ مومن ہو، پس یہی لوگ ہیں

كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ؕ

كَانَ	سَعْيُهُمْ	مَّشْكُوْرًا	كُلًّا	نُّمِدُّ	هٰٓؤُلَآءِ	وَ	هٰٓؤُلَآءِ	مِنْ	عَطَآءِ	رَبِّكَ
ہے۔ ہوئی	ان کی کوشش	قدر کی ہوئی (مقبول)	ہر ایک	ہم دیتے ہیں	ان کو بھی	اور	اُن کو بھی	سے	بخشش	تیرا رب

جن کی کوشش مقبول ہوئی۔ ہم تیرے رب کی بخشش سے ان کو بھی اور اُن کو بھی ہر ایک کو دیتے ہیں

وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿۲۰﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ

وَ	مَا كَانَ	عَطَآءُ	رَبِّكَ	مَحْظُوْرًا	اُنْظُرْ	كَيْفَ	فَضَّلْنَا	بَعْضَهُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ
اور	نہیں ہے	بخشش	تیرا رب	روکی جانے والی	دیکھو	کس طرح	ہم نے فضیلت دی	انکے بعض (ایک)	پر	بعض (دوسرا)

اور تیرے رب کی بخشش (کسی پر) روکی جانے والی نہیں۔ دیکھو! ہم نے کس طرح اُن کے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی

وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿۲۱﴾ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

وَلَلْاٰخِرَةُ	اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ	وَ	اَكْبَرُ	تَفْضِيْلًا	لَا تَجْعَلْ	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰهًا اٰخَرَ
اور البتہ آخرت	سب سے بڑے درجے	اور	سب سے برتر	فضیلت میں	تو نہ ٹھہرا	اللہ کے ساتھ	کوئی دوسرا معبود

اور البتہ آخرت کے درجے سب سے بڑے، اور فضیلت میں سب سے برتر ہیں۔ اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہ ٹھہرا

فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ

فَتَقْعُدَ	مَذْمُوْمًا	مَّخْذُوْلًا	وَقَضٰى	رَبُّكَ	اَلَّا تَعْبُدُوْٓا	اِلَّآ اِيَّاهُ	وَبِالْوَالِدَيْنِ
پس تو بیٹھ رہے گا	مذمت کیا ہوا	بے بس ہو کر	اور حکم فرما دیا	تیرا رب	کہ نہ عبادت کرو	اس کے سوا	اور ماں باپ سے

پس تو بیٹھ رہے گا مذمت کیا ہوا، بے بس ہو کر، اور تیرے رب نے حکم فرما دیا کہ اس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرو، اور ماں باپ سے

اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ

اِحْسَانًا	اِمَّا يَبْلُغَنَّ	عِنْدَكَ	الْكِبَرَ	اَحَدُهُمَا	اَوْ	كِلٰهُمَا	فَلَا تَقُلْ	لَّهُمَآ
حسن سلوک	اگر وہ پہنچ جائیں	تیرے سامنے	بڑھاپا	ان میں سے ایک	یا	وہ دونوں	تو نہ کہہ	انہیں

حسن سلوک کرو، اور ان میں سے ایک یا وہ دونوں تیرے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں نہ کہو

اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ

اُفٍّ	وَّلَا تَنْهَرْهُمَا	وَقُلْ	لَّهُمَا	قَوْلًا	كَرِيْمًا	وَاخْفِضْ	لَهُمَا	جَنَاحَ الذُّلِّ
اُف	اور نہ جھڑکو انہیں	اور کہو	ان دونوں سے	بات	ادب کے ساتھ	اور جھکا دے	ان دونوں کے لئے	بازو عاجزی

اُف (بھی) اور انہیں نہ جھڑکو، اور ان دونوں سے ادب کے ساتھ بات کہو (کرو)۔ اور ان کے لئے عاجزی کے (ساتھ) بازو جھکا دو

مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا

مِنَ	الرَّحْمَةِ	وَقُلْ	رَّبِّ	ارْحَمْهُمَا	كَمَا	رَبَّيٰنِيْ	صَغِيْرًا	رَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِمَا
سے	مہربانی	اور کہو	اے میرے رب	ان دونوں پر رحم فرما	جیسے	انہوں نے میری پرورش کی	بچپن	تمہارا رب	خوب جانتا ہے	جو

مہربانی سے، اور کہو اے میرے رب! ان دونوں پر رحم فرما جیسے انہوں نے بچپن میں میری پرورش کی۔ تمہارا رب خوب جانتا ہے جو

فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ

فِيْ نُفُوْسِكُمْ	اِنْ	تَكُوْنُوْا	صٰلِحِيْنَ	فَاِنَّهٗ	كَانَ	لِلْاَوَّابِيْنَ	غَفُوْرًا	وَاٰتِ
تمہارے دلوں میں	اگر	تم ہو گے	نیک (جمع)	تو بیشک وہ	ہے	رجوع کرنیوالوں کے لئے	بخشنے والا	اور دو تم

تمہارے دلوں میں ہے، اگر تم نیک ہو گے تو بیشک وہ رجوع کرنے والوں کو بخشنے والا ہے۔ اور تم دو

ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾

ذَا الْقُرْبٰى	حَقَّهٗ	وَالْمِسْكِيْنَ	وَ	ابْنَ السَّبِيْلِ	وَ	لَا تُبَذِّرْ	تَبْذِيْرًا
قرابت دار	اس کا حق	اور مسکین	اور	مسافر	اور	نہ فضول خرچی کرو	اندھا دھند

قرابت دار کو اس کا حق، اور مسکین اور مسافر کو، اور اندھا دھند فضول خرچی نہ کرو۔

إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُوا إِخْوَانَ الشَّيَاطِينِ ۖ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهِ كَفُورًا ﴿٢٧﴾

إِنَّ	الْمُبَذِّرِينَ	كَانُوا	إِخْوَانَ	الشَّيَاطِينِ	وَكَانَ	الشَّيْطَانُ	لِرَبِّهِ	كَفُورًا
بیشک	فضول خرچ (جمع)	ہیں	بھائی (جمع)	شیطان (جمع)	اور ہے	شیطان	اپنے رب کا	ناشکرا

بیشک فضول خرچ شیطانوں کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔

وَإِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاءَ رَحْمَةٍ مِّن رَّبِّكَ تَرْجُوهَا فَقُل لَّهُمْ

وَإِمَّا	تُعْرِضَنَّ	عَنْهُمُ	ابْتِغَاءَ	رَحْمَةٍ	مِن	رَّبِّكَ	تَرْجُوهَا	فَقُل	لَّهُمْ
اور اگر	تو منہ پھیر لے	ان سے	انتظار میں	رحمت	سے	اپنا رب	تو اس کی امید رکھتا ہے	تو کہہ	ان سے

اور اگر تو اپنے رب کی رحمت (فراخ دستی) کے انتظار میں جس کی تو امید رکھتا ہے، ان سے منہ پھیر لے تو ان سے تو کہہ دیا کر

قَوْلًا مَّيْسُورًا ﴿٢٨﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً إِلَىٰ عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا

قَوْلًا مَّيْسُورًا	وَ	لَا تَجْعَلْ	يَدَكَ	مَغْلُولَةً	إِلَىٰ	عُنُقِكَ	وَ	لَا تَبْسُطْهَا
نرمی کی بات	اور	تو نہ رکھ	اپنا ہاتھ	بندھا ہوا	تک۔سے	اپنی گردن	اور	نہ اسے کھول

نرمی کی بات۔ اور اپنا ہاتھ اپنی گردن تک بندھا ہوا نہ رکھ (کنجوس نہ ہو جا) اور نہ اسے کھول

كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُومًا مَّحْسُورًا ﴿٢٩﴾ إِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ

كُلَّ الْبَسْطِ	فَتَقْعُدَ	مَلُومًا	مَّحْسُورًا	إِنَّ	رَبَّكَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَن يَشَاءُ
پوری طرح کھولنا	پھر تو بیٹھا رہ جائے	ملامت زدہ	تھکا ہوا	بیشک	تیرا رب	فراخ کر دیتا ہے	رزق	جس کا وہ چاہتا ہے

پوری طرح (بالکل ہی) کہ پھر تو ملامت زدہ تھکا ہارا بیٹھا رہ جائے۔ بیشک تیرا رب جس کا وہ چاہتا ہے رزق فراخ کر دیتا ہے اور (جس کا وہ چاہتا ہے)

إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ﴿٣٠﴾ وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ

إِنَّهُ	كَانَ	بِعِبَادِهِ	خَبِيرًا	بَصِيرًا	وَلَا تَقْتُلُوا	أَوْلَادَكُمْ	خَشْيَةَ	إِمْلَاقٍ
بیشک وہ	ہے	اپنے بندوں سے	خبر رکھنے والا	دیکھنے والا	اور نہ قتل کرو تم	اپنی اولاد	ڈر	مفلسی

تنگ کر دیتا ہے، بے شک وہ اپنے بندوں کی خبر رکھنے والا، دیکھنے والا ہے۔ اور تم اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو

نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَإِيَّاكُمْ ۚ إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْئًا كَبِيرًا ﴿٣١﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنَىٰ

نَحْنُ	نَرْزُقُهُمْ	وَإِيَّاكُمْ	إِنَّ	قَتْلَهُمْ	كَانَ	خِطْئًا كَبِيرًا	وَلَا تَقْرَبُوا	الزِّنَىٰ
ہم	ہم رزق دیتے ہیں انہیں	اور تم کو	بیشک	ان کا قتل	ہے	گناہ بڑا	اور نہ قریب جاؤ	زنا

ہم ہی انہیں رزق دیتے ہیں اور تم کو (بھی)۔ بیشک اُن کا قتل بڑا گناہ ہے۔ اور زنا کے قریب نہ جاؤ،

إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيلًا ﴿٣٢﴾ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ

إِنَّهُ	كَانَ	فَاحِشَةً	وَسَآءَ	سَبِيلًا	وَ	لَا تَقْتُلُوا	النَّفْسَ	الَّتِي	حَرَّمَ اللّٰهُ
بیشک یہ	ہے	بے حیائی	اور بُرا	راستہ	اور	نہ قتل کرو	جان	وہ جو کہ	اللہ نے حرام کیا

بیشک یہ بے حیائی ہے اور بُرا راستہ۔ اور اس جان کو قتل نہ کرو جسے (قتل کرنا) اللہ نے حرام کیا ہے

إِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُومًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهِ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ

إِلَّا	بِالْحَقِّ	وَمَنْ	قُتِلَ	مَظْلُومًا	فَقَدْ جَعَلْنَا	لِوَلِيِّهِ	سُلْطٰنًا	فَلَا يُسْرِفْ
مگر	حق کے ساتھ	اور جو	مارا گیا	مظلوم	تو تحقیق ہم نے کر دیا	اسکے وارث کے لئے	ایک اختیار	پس وہ حد سے نہ بڑھے

مگر حق کے ساتھ، اور جو مظلوم مارا گیا تو تحقیق ہم نے اس کے وارث کے لئے ایک اختیار (قصاص) دیا ہے، بس وہ حد سے نہ بڑھے

فِي الْقَتْلِ ؕ إِنَّهُ كَانَ مَنْصُورًا ﴿٣٣﴾ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ

فِي الْقَتْلِ	إِنَّهُ	كَانَ	مَنْصُورًا	وَلَا تَقْرَبُوا	مَالَ الْيَتِيمِ	إِلَّا	بِالَّتِي	هِيَ
قتل میں	بیشک وہ	ہے	مدد دیا گیا	اور پاس نہ جاؤ	یتیم کا مال	مگر	اس طریقہ سے	وہ

قتل میں، بیشک وہ مدد دیا گیا ہے۔ اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ (تصرف نہ کرو) مگر اس طریقہ سے جو

أَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۚ وَأَوْفُوا بِالْعَهْدِ ۚ إِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُولًا ﴿٣٤﴾

أَحْسَنُ	حَتّٰى	يَبْلُغَ	أَشُدَّهُ	وَأَوْفُوا	بِالْعَهْدِ	إِنَّ	الْعَهْدَ	كَانَ	مَسْئُولًا
سب سے بہتر	یہاں تک کہ	وہ پہنچ جائے	اپنی جوانی	اور پورا کرو	عہد کو	بیشک	عہد	ہے	پرسش کیا جانے والا

سب سے بہتر ہو یہاں تک کہ وہ (یتیم) اپنی جوانی کو پہنچ جائے اور عہد کو پورا کرو" بیشک عہد ہے پرسش کیا جانے والا (ضرور پرسش ہوگی)

وَأَوْفُوا الْكَيْلَ إِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّأَحْسَنُ

وَأَوْفُوا	الْكَيْلَ	إِذَا كِلْتُمْ	وَزِنُوا	بِالْقِسْطَاسِ	الْمُسْتَقِيمِ	ذٰلِكَ	خَيْرٌ	وَأَحْسَنُ
اور پورا کرو	پیمانہ	جب تم ماپ کر دو	اور وزن کرو تم	ترازو کے ساتھ	سیدھی	یہ	بہتر	اور سب سے اچھا

اور جب تم ماپ کر دو تو پیمانہ پورا کرو، اور وزن کرو سیدھی ترازو کے ساتھ، یہ بہتر ہے اور سب سے اچھا ہے

تَأْوِيلًا ﴿٣٥﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ؕ إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَ

تَأْوِيلًا	وَلَا تَقْفُ	مَا لَيْسَ	لَكَ	بِهِ	عِلْمٌ	إِنَّ	السَّمْعَ	وَالْبَصَرَ	وَ
انجام کے اعتبار سے	اور پیچھے نہ پڑ تو	جس کا نہیں	تیرے لئے۔ تجھے	اس کا	علم	بیشک	کان	اور آنکھ	اور

انجام کے اعتبار سے۔ اور اس کے پیچھے نہ پڑ جس کا تجھے علم نہیں، بیشک کان، اور آنکھ، اور

الْفُؤَادَ كُلُّ أُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا ﴿۳۶﴾ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا

الْفُؤَادَ	كُلُّ	أُولٰٓئِكَ	كَانَ	عَنْهُ	مَسْئُولًا	وَلَا تَمْشِ	فِي الْأَرْضِ	مَرَحًا
دل	ہر ایک	یہ	ہے	اس سے	پُرسش کیا جانے والا	اور نہ چل	زمین میں	اکڑ کر (اِتراتا ہوا)

دل، ان میں سے ہر ایک پُرسش کیا جانے والا ہے (ہر ایک کی پُرسش ہوگی) اور زمین میں اِتراتا ہوا نہ چل

إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْأَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهُ

إِنَّكَ	لَنْ تَخْرِقَ	الْأَرْضَ	وَلَنْ تَبْلُغَ	الْجِبَالَ	طُولًا	كُلُّ	ذٰلِكَ	كَانَ	سَيِّئُهُ
بیشک تُو	ہرگز نہ چیر ڈالے گا	زمین	اور ہرگز نہ پہنچے گا	پہاڑ	بلندی	تمام	یہ	ہے	اس کی بُرائی

بیشک تُو زمین کو ہرگز نہ چیر ڈالے گا، اور نہ پہاڑ کی بلندی کو پہنچے گا - یہ تمام برائیاں

عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوهًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ مِمَّا أَوْحٰٓى إِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۗ وَلَا

عِنْدَ	رَبِّكَ	مَكْرُوهًا	ذٰلِكَ	مِمَّا	أَوْحٰى	إِلَيْكَ	رَبُّكَ	مِنَ الْحِكْمَةِ	وَلَا
نزدیک	تیرا رب	ناپسندیدہ	یہ	اس سے جو	وحی کی	تیری طرف	تیرا رب	حکمت سے	اور نہ

تیرے رب کے نزدیک ناپسندیدہ ہیں - یہ حکمت کی (ان باتوں) میں سے ہے جو تیرے رب نے تیری طرف وحی کی ہے ، اور نہ

تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ فَتُلْقٰى فِي جَهَنَّمَ مَلُومًا مَّدْحُورًا ﴿۳۹﴾ أَفَأَصْفٰىكُمْ

تَجْعَلْ	مَعَ اللّٰهِ	إِلٰهًا	آخَرَ	فَتُلْقٰى	فِي جَهَنَّمَ	مَلُومًا	مَّدْحُورًا	أَفَأَصْفٰىكُمْ
بنا	اللہ کے ساتھ	معبود	کوئی اور	پھر تو ڈالا دیا جائے	جہنم میں	ملامت زدہ	دھکیلا ہوا	کیا تمہیں چُن لیا

بنا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود، کہ پھر تو جہنم میں ڈال دیا جائے ملامت زدہ، دھکیلا ہوا (راندۂ درگاہ) - کیا تمہیں چُن لیا

رَبُّكُمْ بِالْبَنِينَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ إِنَاثًا ۚ إِنَّكُمْ لَتَقُولُونَ قَوْلًا عَظِيمًا ﴿۴۰﴾

رَبُّكُمْ	بِالْبَنِينَ	وَاتَّخَذَ	مِنَ	الْمَلٰٓئِكَةِ	إِنَاثًا	إِنَّكُمْ	لَتَقُولُونَ	قَوْلًا عَظِيمًا
تمہارا رب	بیٹوں کے لئے	اور بنا لیا	سے کو	فرشتے	بیٹیاں	بیشک تم	البتہ کہتے ہو (بولتے ہو)	بڑا بول

تمہارے رب نے بیٹوں کے لئے؟ اور اپنے لئے فرشتوں کو بیٹیاں بنا لیا، بے شک تم بڑا بول بولتے ہو -

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوا ۚ وَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا نُفُورًا ﴿۴۱﴾

وَ	لَقَدْ صَرَّفْنَا	فِي	هٰذَا الْقُرْاٰنِ	لِيَذَّكَّرُوا	وَمَا يَزِيدُهُمْ	إِلَّا نُفُورًا
اور	البتہ ہم نے طرح طرح سے بیان کیا	میں	اس قرآن	تاکہ وہ نصیحت پکڑیں	اور نہیں بڑھتی ان کو	مگر نفرت

اور ہم نے اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کیا ہے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں اور (اس سے) انہیں نہیں بڑھتی مگر نفرت -

ع ۴ ۱۰ ۴

قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِى الْعَرْشِ

قُلْ	لَّوْ كَانَ	مَعَهٗٓ	اٰلِهَةٌ	كَمَا	يَقُوْلُوْنَ	اِذًا	لَّابْتَغَوْا	اِلٰى	ذِى الْعَرْشِ
کہدیں آپ	اگر ہوتے	اسکے ساتھ	اور معبود	جیسے	وہ کہتے ہیں	اس صورت میں	وہ ضرور ڈھونڈتے	طرف	عرش والے

آپ کہدیں اگر جیسے وہ کہتے ہیں اس کے ساتھ اور معبود ہوتے تو اس صورت میں وہ عرش والے کی طرف ضرور ڈھونڈتے

سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ﴿۴۳﴾ تُسَبِّحُ لَهُ

سَبِيْلًا	سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يَقُوْلُوْنَ	عُلُوًّا	كَبِيْرًا	تُسَبِّحُ	لَهُ
کوئی راستہ	وہ پاک ہے	اور برتر	اس سے جو	وہ کہتے ہیں	برتر	بہت بڑا (بے نہایت)	پاکیزگی بیان کرتیں	اس کی

کوئی راستہ۔ وہ اس سے نہایت پاک ہے اور برتر جو وہ کہتے ہیں۔ اس کی پاکیزگی بیان کرتے ہیں

السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ وَاِنْ مِّنْ شَىْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ

السَّمٰوٰتُ	السَّبْعُ	وَالْاَرْضُ	وَمَنْ	فِيْهِنَّ	وَاِنْ	مِّنْ شَىْءٍ	اِلَّا	يُسَبِّحُ
آسمان (جمع)	سات	اور زمین	اور جو	ان میں	اور نہیں	کوئی چیز	مگر	پاکیزگی بیان کرتی ہے

ساتوں آسمان اور زمین، اور جو ان میں ہے، کوئی چیز نہیں مگر (ہر شے) پاکیزگی بیان کرتی ہے

بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾

بِحَمْدِهٖ	وَلٰكِنْ	لَّا تَفْقَهُوْنَ	تَسْبِيْحَهُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ	حَلِيْمًا	غَفُوْرًا
اس کی حمد کے ساتھ	اور لیکن	تم نہیں سمجھتے	ان کی تسبیح	بیشک وہ	ہے	بردبار	بخشنے والا

اس کی حمد کے ساتھ، لیکن تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے، بے شک وہ بردبار، بخشنے والا ہے۔

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

وَاِذَا	قَرَاْتَ	الْقُرْاٰنَ	جَعَلْنَا	بَيْنَكَ	وَ	بَيْنَ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ
اور جب	تم پڑھتے ہو	قرآن	ہم کر دیتے ہیں	تمہارے درمیان	اور	درمیان	وہ لوگ جو	ایمان نہیں لاتے	آخرت پر

اور جب تم قرآن پڑھتے ہو، ہم تمہارے اور ان کے درمیان جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے کر دیتے (ڈال دیتے) ہیں

حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾ وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِىْٓ اٰذَانِهِمْ

حِجَابًا	مَّسْتُوْرًا	وَجَعَلْنَا	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	اَكِنَّةً	اَنْ	يَّفْقَهُوْهُ	وَ	فِىْٓ اٰذَانِهِمْ
ایک پردہ	چھپا ہوا	اور ہم نے ڈال دیئے	پر	ان کے دل	پردے	کہ	وہ نہ سمجھیں اسے	اور	میں ان کے کان

ایک چھپا ہوا (دبیز) پردہ۔ اور ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے کہ وہ اسے نہ سمجھیں، اور ان کے کانوں میں

وَقُرْاٰنًا وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴿۴۶﴾

وَقُرْاٰنًا	وَاِذَا	ذَكَرْتَ	رَبَّكَ	فِي الْقُرْاٰنِ	وَحْدَهٗ	وَلَّوْا	عَلٰٓى	اَدْبَارِهِمْ	نُفُوْرًا
گرانی	اور جب	تم ذکر کرتے ہو	اپنا رب	قرآن میں	یکتا	وہ بھاگتے ہیں	پر	اپنی پیٹھ (جمع)	نفرت کرتے ہوئے

گرانی ہے اور جب تم قرآن میں اپنے یکتا رب کا ذکر کرتے ہو تو وہ پیٹھ پھیر کر نفرت کرتے ہوئے بھاگ جاتے ہیں۔

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ

نَحْنُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يَسْتَمِعُوْنَ	بِهٖٓ	اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ	اِلَيْكَ	وَاِذْ	هُمْ	نَجْوٰٓى	اِذْ يَقُوْلُ
ہم	خوب جانتے ہیں	جس غرض سے	وہ سنتے ہیں	اس کو	جب وہ کان لگاتے ہیں	تیری طرف	اور جب	وہ	سرگوشی کرتے ہیں	جب کہتے ہیں

ہم خوب جانتے ہیں کہ وہ اس کو کس غرض سے سنتے ہیں جب وہ تمہاری طرف کان لگاتے ہیں اور جب وہ سرگوشی کرتے ہیں (یعنی) جب کہتے ہیں

الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۴۷﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ

الظّٰلِمُوْنَ	اِنْ	تَتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	رَجُلًا	مَّسْحُوْرًا	اُنْظُرْ	كَيْفَ ضَرَبُوْا	لَكَ	الْاَمْثَالَ
ظالم (جمع)	نہیں	تم پیروی کرتے	مگر	ایک آدمی	سحر زدہ	تم دیکھو	کیسی انہوں نے چسپاں کیں	تمہارے لئے	مثالیں

ظالم کہ تم پیروی نہیں کرتے مگر ایک سحر زدہ آدمی کی۔ تم دیکھو! انہوں نے تم پر کیسی مثالیں چسپاں کیں

فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا

فَضَلُّوْا	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	سَبِيْلًا	وَقَالُوْٓا	ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	وَّرُفَاتًا	ءَاِنَّا
سو وہ گمراہ ہوگئے	پس وہ استطاعت نہیں پاتے	کسی اور راستہ	اور وہ کہتے ہیں	کیا۔جب	ہم ہوگئے	ہڈیاں	اور ریزہ ریزہ	کیا ہم یقیناً

سو وہ گمراہ ہوئے، پس وہ کسی اور راستے کی استطاعت نہیں پاتے، اور وہ کہتے ہیں کہ کیا جب ہم ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہوگئے، کیا ہم یقیناً

لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۴۹﴾ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ﴿۵۰﴾ اَوْ خَلْقًا

لَمَبْعُوْثُوْنَ	خَلْقًا	جَدِيْدًا	قُلْ	كُوْنُوْا	حِجَارَةً	اَوْ	حَدِيْدًا	اَوْ	خَلْقًا
پھر جی اٹھیں گے	پیدائش	نئی	کہدیں	تم ہوجاؤ	پتھر	یا	لوہا	یا	اور مخلوق

پھر نئی پیدائش (از سرِنو) جی اٹھیں گے؟ کہہ دیں تم پتھر، یا لوہا ہو جاؤ، یا کوئی اور مخلوق،

مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ

مِمَّا	يَكْبُرُ	فِيْ	صُدُوْرِكُمْ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	مَنْ	يُّعِيْدُنَا	قُلِ	الَّذِيْ	فَطَرَكُمْ	اَوَّلَ
اس سے جو	بڑی ہو	میں	تمہارے سینے (خیال)	پھر اب کہیں گے	کون	ہمیں لوٹائے گا	فرمادیں	وہ جس نے	تمہیں پیدا کیا	پہلی

جو تمہارے خیالوں میں اس سے بھی بڑی ہو۔ پھر اب کہیں گے ہمیں کون لوٹائے گا آپ فرما دیں، وہ جس نے تمہیں پیدا کیا پہلی

مَرَّةٍ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ؕ قُلْ عَسٰٓى اَنْ

مَرَّةٍ	فَسَيُنْغِضُوْنَ	اِلَيْكَ	رُءُوْسَهُمْ	وَيَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هُوَ	قُلْ	عَسٰٓى	اَنْ
بار	تو وہ ہلائیں گے (مٹکائیں گے)	تمہاری طرف	اپنے سر	اور کہیں گے	کب	وہ - یہ	آپ فرمادیں	شاید	کہ

بار، تو وہ تمہاری طرف اپنے سر مٹکائیں گے اور کہیں گے یہ کب ہوگا؟ (قیامت کب آئے گی) آپ فرما دیں، شاید کہ

يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿۵۱﴾ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ

يَكُوْنَ	قَرِيْبًا	يَوْمَ	يَدْعُوْكُمْ	فَتَسْتَجِيْبُوْنَ	بِحَمْدِهٖ	وَتَظُنُّوْنَ	اِنْ	لَبِثْتُمْ
وہ ہو	قریب	جس دن	وہ پکارے گا تمہیں	تو تم جواب دو گے (تعمیل کرو گے)	اسکی تعریف کے ساتھ	اور تم خیال کرو گے	کہ	تم رہے

قریب ہی ہو۔ جس دن وہ تمہیں پکارے گا تو تم اس کی تعریف کے ساتھ تعمیل کرو گے (قبروں سے نکل آؤ گے) اور تم خیال کرو گے کہ تم (دنیا میں) رہے ہو

إِلَّا قَلِيْلًا ﴿۵۲﴾ وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ؕ

اِلَّا	قَلِيْلًا	وَقُلْ	لِّعِبَادِيْ	يَقُوْلُوا	الَّتِيْ	هِيَ	اَحْسَنُ	اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	يَنْزَغُ	بَيْنَهُمْ
صرف	تھوڑی دیر	اور فرمادیں	میرے بندوں کو	وہ کہیں	وہ جو	وہ	سب سے اچھی	بیشک	شیطان	فساد ڈالتا ہے	انکے درمیان

صرف تھوڑی دیر۔ اور آپ میرے بندوں کو فرما دیں کہ (بات) وہ کہیں جو سب سے اچھی ہو، بیشک شیطان ان کے درمیان فساد ڈال دیتا ہے،

اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۵۳﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ يَّشَاْ

اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	كَانَ	لِلْاِنْسَانِ	عَدُوًّا	مُّبِيْنًا	رَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِكُمْ	اِنْ	يَّشَاْ
بیشک	شیطان	ہے	انسان کا	دشمن	کھلا	تمہارا رب	خوب جانتا ہے	تمہیں	اگر	وہ چاہے

بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔ تمہارا رب تمہیں خوب جانتا ہے، اگر وہ چاہے

يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۵۴﴾ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ

يَرْحَمْكُمْ	اَوْ	اِنْ	يَّشَاْ	يُعَذِّبْكُمْ	وَمَآ	اَرْسَلْنٰكَ	عَلَيْهِمْ	وَكِيْلًا	وَرَبُّكَ	اَعْلَمُ
تم پر رحم کرے وہ	یا	اگر	وہ چاہے	تمہیں عذاب دے	اور نہیں	ہم نے تمہیں بھیجا	ان پر	داروغہ	اور تمہارا رب	خوب جانتا ہے

تو تم پر رحم کرے، یا اگر وہ چاہے تو تمہیں عذاب دے، اور ہم نے تمہیں ان پر داروغہ (بنا کر) نہیں بھیجا۔ اور تمہارا رب خوب جانتا ہے

بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ

بِمَنْ	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ	لَقَدْ فَضَّلْنَا	بَعْضَ	النَّبِيّٖنَ	عَلٰى بَعْضٍ
جو کوئی	ہیں	آسمان (جمع)	اور زمین	اور	تحقیق ہم نے فضیلت دی	بعض	(جمع) نبی	بعض پر

جو کوئی آسمانوں میں اور زمین میں ہے، اور تحقیق ہم نے بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی،

وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ

وَاٰتَيْنَا	دَاوٗدَ	زَبُوْرًا	قُلِ	ادْعُوا	الَّذِيْنَ	زَعَمْتُمْ	مِّنْ دُوْنِهٖ	فَلَا يَمْلِكُوْنَ
اور ہم نے دی	داؤدؑ	زبور	کہدیں	پکارو تم	وہ جن کو	تم گمان کرتے ہو	اس کے سوا	پس وہ اختیار نہیں رکھتے

اور ہم نے داؤدؑ کو زبور دی آپ کہہ دیں پکارو انہیں جن کو تم اس کے سوا (معبود) گمان کرتے ہو، پس وہ اختیار نہیں رکھتے

كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿۵۶﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ

كَشْفَ	الضُّرِّ	عَنْكُمْ	وَ	لَا	تَحْوِيْلًا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	يَبْتَغُوْنَ
دُور کرنا	تکلیف	تم سے	اور	نہ	بدلنا	وہ لوگ	جنہیں	وہ پکارتے ہیں	ڈھونڈتے ہیں

تم سے تکلیف دُور کرنے کا اور نہ (تکلیف) بدلنے کا۔ وہ لوگ جنہیں یہ پکارتے ہیں وہ (خود) ڈھونڈتے ہیں

اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ

اِلٰى	رَبِّهِمُ	الْوَسِيْلَةَ	اَيُّهُمْ	اَقْرَبُ	وَيَرْجُوْنَ	رَحْمَتَهٗ	وَ	يَخَافُوْنَ	عَذَابَهٗ
طرف	اپنا رب	وسیلہ	ان میں سے کون	زیادہ قریب	اور وہ امید رکھتے ہیں	اسکی رحمت	اور	وہ ڈرتے ہیں	اس کا عذاب

اپنے رب کی طرف وسیلہ کہ اُن سے کون زیادہ قریب ہے، اور وہ اس کی رحمت کی امید رکھتے ہیں، اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں،

اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا

اِنَّ	عَذَابَ	رَبِّكَ	كَانَ	مَحْذُوْرًا	وَاِنْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	اِلَّا	نَحْنُ	مُهْلِكُوْهَا
بیشک	عذاب	تیرا رب	ہے	ڈر کی بات	اور نہیں	کوئی بستی	مگر	ہم	اسے ہلاک کرنے والے

بیشک تیرے رب کا عذاب ڈر (ہی) کی بات ہے۔ اور کوئی (نافرمان) بستی نہیں مگر ہم اسے ہلاک کرنے والے ہیں،

قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ

قَبْلَ	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	اَوْ	مُعَذِّبُوْهَا	عَذَابًا	شَدِيْدًا	كَانَ	ذٰلِكَ	فِي الْكِتٰبِ
پہلے	قیامت کا دن	یا	اسے عذاب دینے والے	عذاب	سخت	ہے	یہ	کتاب میں

قیامت کے دن سے پہلے، یا اسے سخت عذاب دینے والے ہیں، یہ کتاب میں ہے

مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾ وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ

مَسْطُوْرًا	وَمَا مَنَعَنَا	اَنْ	نُّرْسِلَ	بِالْاٰيٰتِ	اِلَّآ	اَنْ	كَذَّبَ	بِهَا	الْاَوَّلُوْنَ
لکھا ہوا	اور نہیں ہمیں روکا	کہ	ہم بھیجیں	نشانیاں	مگر	یہ کہ	جھٹلایا	ان کو	اگلے لوگ (جمع)

لکھا ہوا۔ اور ہمیں نشانیاں بھیجنے سے نہیں روکا مگر (اس بات نے) کہ ان کو اگلوں نے جھٹلایا،

وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ﴿۵۹﴾

وَاٰتَيْنَا	ثَمُوْدَ	النَّاقَةَ	مُبْصِرَةً	فَظَلَمُوْا بِهَا	وَ	مَا نُرْسِلُ	بِالْاٰيٰتِ	اِلَّا	تَخْوِيْفًا
اور ہم نے دی	ثمود	اونٹنی	دکھانے کو (ذریعۂ بصیرت)	انہوں نے اس پر ظلم کیا	اور	ہم نہیں بھیجتے	نشانیاں	مگر	ڈرانے کو

اور ہم نے ثمود کو اونٹنی دی ذریعۂ بصیرت وعبرت، انہوں نے اس پر ظلم کیا، اور ہم نشانیاں نہیں بھیجتے مگر (صرف) ڈرانے کو۔

وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ۭ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا

وَاِذْ	قُلْنَا	لَكَ	اِنَّ	رَبَّكَ	اَحَاطَ	بِالنَّاسِ	وَمَا جَعَلْنَا	الرُّءْيَا	الَّتِيْٓ	اَرَيْنٰكَ	اِلَّا
اور جب	ہم نے کہا	تم سے	بیشک	تمہارا رب	احاطہ کئے ہوئے	لوگوں کو	اور ہم نے نہیں کیا	نمائش	وہ جو کہ	ہم نے تمہیں دکھائی	مگر

اور جب ہم نے تم سے کہا کہ بیشک تمہارا رب لوگوں کو (احاطہ) قابو کئے ہوئے ہے، اور ہم نے جو تمائش تمہیں دکھائی وہ ہم نے نہیں کیا مگر

فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ۭ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ

فِتْنَةً	لِّلنَّاسِ	وَالشَّجَرَةَ	الْمَلْعُوْنَةَ	فِي الْقُرْاٰنِ	وَنُخَوِّفُهُمْ	فَمَا يَزِيْدُهُمْ
آزمائش	لوگوں کے لئے	اور (تھوہر کا) درخت	جس پر لعنت کی گئی	قرآن میں	اور ہم ڈراتے ہیں انہیں	تو نہیں بڑھتی انہیں

لوگوں کی آزمائش کے لئے، اور تھوہر کا درخت جس پر قرآن میں لعنت کی گئی ہے، اور ہم انہیں ڈراتے ہیں تو انہیں بڑھتی ہے

اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿۶۰﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ

اِلَّا	طُغْيَانًا	كَبِيْرًا	وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ
مگر (صرف)	سرکشی	بڑی	اور جب	ہم نے کہا	فرشتوں سے	تم سجدہ کرو	آدمؑ کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس

صرف بڑی سرکشی۔ اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدمؑ کو سجدہ کرو، تو ابلیس کے سوا ان سب نے سجدہ کیا،

قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ﴿۶۱﴾ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ۚ

قَالَ	ءَاَسْجُدُ	لِمَنْ	خَلَقْتَ	طِيْنًا	قَالَ	اَرَءَيْتَكَ	هٰذَا	الَّذِيْ	كَرَّمْتَ	عَلَيَّ
اس نے کہا	کیا میں سجدہ کروں	اس کو جسے	تو نے پیدا کیا	مٹی سے	اس نے کہا	بھلا تو دیکھ	یہ	وہ جسے	تو نے عزت دی	مجھ پر

اس نے کہا کیا میں اسے سجدہ کروں؟ جسے تُو نے مٹی سے پیدا کیا۔ اس نے کہا بھلا دیکھ تو یہ ہے وہ۔ تُو نے مجھ پر عزت دی ہے،

لَىِٕنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اذْهَبْ

لَىِٕنْ	اَخَّرْتَنِ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	لَاَحْتَنِكَنَّ	ذُرِّيَّتَهٗٓ	اِلَّا	قَلِيْلًا	قَالَ	اذْهَبْ
البتہ اگر	تو مجھے ڈھیل دے	تک	روزِ قیامت	جڑ سے اکھاڑ دوں گا ضرور	اس کی اولاد	سوائے	چند ایک	اس نے فرمایا	تو جا

البتہ اگر تُو مجھے روزِ قیامت تک ڈھیل دے تو میں چند ایک کے سوا اس کی اولاد کو ضرور جڑ سے اُکھاڑ دوں گا۔ اس نے فرمایا تو جا،

فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَإِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُورًا ﴿۶۳﴾ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ

فَمَنْ	تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	فَإِنَّ	جَهَنَّمَ	جَزَآؤُكُمْ	جَزَآءً	مَّوْفُورًا	وَاسْتَفْزِزْ	مَنِ
پس جس	تیری پیروی کی	ان میں سے	تو بیشک	جہنم	تمہاری سزا	سزا	بھرپور	اور پھسلالے	جو۔جس

پس ان میں سے جس نے تیری پیروی کی تو بیشک جہنم تمہاری سزا ہے، سزا بھی بھرپور - اور پھسلا لے جس پر

اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَأَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ

اسْتَطَعْتَ	مِنْهُمْ	بِصَوْتِكَ	وَأَجْلِبْ	عَلَيْهِمْ	بِخَيْلِكَ	وَرَجِلِكَ	وَشَارِكْهُمْ
تیرا بس چلے	ان میں سے	اپنی آواز سے	اور چڑھالا	اُن پر	اپنے سوار	اور پیادے	اوران سے ساجھا کرلے

ان میں سے اپنی آواز سے، تیرا بس چلے اوران پر اپنے سوار اور پیادے چڑھالا، اور ان سے ساجھا کر لے

فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۚ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا ﴿۶۴﴾

فِي	الْأَمْوَالِ	وَالْأَوْلَادِ	وَعِدْهُمْ	وَمَا يَعِدُهُمُ	الشَّيْطَانُ	إِلَّا	غُرُورًا
میں	مال (جمع)	اور اولاد	اور وعدے کر اُن سے	اور نہیں اُن سے وعدہ کرتا	شیطان	مگر (صرف)	دھوکہ

مال اور اولاد میں، اوران سے وعدے کر اور اُن سے شیطان کا وعدہ کرنا صرف دھوکہ ہے۔

إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ ۚ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ وَكِيلًا ﴿۶۵﴾ رَّبُّكُمُ الَّذِي

إِنَّ	عِبَادِي	لَيْسَ	لَكَ	عَلَيْهِمْ	سُلْطَانٌ	وَكَفَىٰ	بِرَبِّكَ	وَكِيلًا	رَبُّكُمُ	الَّذِي
بیشک	میرے بندے	نہیں	تیرا	اُن پر	زور۔غلبہ	اور کافی	تیرا رب	کارساز	تمہارا رب	وہ جو کہ

بیشک میرے بندوں پر تیرا کوئی زور نہیں، اور تیرا رب کافی ہے کارساز - تمہارا رب وہ ہے جو کہ

يُزْجِي لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿۶۶﴾

يُزْجِي	لَكُمُ	الْفُلْكَ	فِي الْبَحْرِ	لِتَبْتَغُوا	مِن	فَضْلِهِ	إِنَّهُ	كَانَ	بِكُمْ	رَحِيمًا
چلاتا ہے	تمہارے لئے	کشتی	دریا میں	تاکہ تم تلاش کرو	سے	اس کا فضل	بیشک وہ	ہے	تم پر	نہایت مہربان

تمہارے لئے دریا میں کشتی چلاتا ہے تاکہ تم اس کا فضل (رزق) تلاش کرو، بیشک وہ تم پر نہایت مہربان ہے۔

وَإِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَن تَدْعُونَ إِلَّا إِيَّاهُ ۖ فَلَمَّا نَجَّاكُمْ

وَإِذَا	مَسَّكُمُ	الضُّرُّ	فِي الْبَحْرِ	ضَلَّ	مَن	تَدْعُونَ	إِلَّا إِيَّاهُ	فَلَمَّا	نَجَّاكُمْ
اور جب	تمہیں چھوتی (پہنچتی) ہے	تکلیف	دریا میں	گم ہوجاتے ہیں	جو	تم پکارتے تھے	اس کے سوا	پھر جب	وہ تمہیں بچا لایا

اور جب تمہیں دریا میں تکلیف پہنچتی ہے گم ہوجاتے ہیں (بھول جاتے ہیں) جنہیں اس کے سوا تم پکارتے تھے، پھر جب وہ تمہیں بچا لایا،

إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ ۚ وَكَانَ الْإِنسَانُ كَفُورًا ﴿٦٧﴾ أَفَأَمِنتُمْ أَن يَخْسِفَ

إِلَى الْبَرِّ	أَعْرَضْتُمْ	وَكَانَ	الْإِنسَانُ	كَفُورًا	أَفَأَمِنتُمْ	أَن	يَخْسِفَ
خشکی کی طرف	تم پھر جاتے ہو	اور ہے	انسان	بڑا ناشکرا	سو کیا تم نڈر ہو گئے ہو	کہ	دھنسا دے

خشکی کی طرف تو تم پھر جاتے ہو، اور انسان بڑا ناشکرا ہے - سو کیا تم نڈر ہو گئے ہو کہ وہ زمین میں دھنسا دے

بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ أَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ وَكِيلًا ﴿٦٨﴾ أَمْ

بِكُمْ	جَانِبَ الْبَرِّ	أَوْ	يُرْسِلَ	عَلَيْكُمْ	حَاصِبًا ثُمَّ	لَا تَجِدُوا	لَكُمْ	وَكِيلًا	أَمْ
تمہیں	خشکی کی طرف	یا	وہ بھیجے	تم پر	پتھر برسانے والی ہوا پھر	تم نہ پاؤ	اپنے لئے	کوئی کارساز	یا

تمہیں خشکی کی طرف (لے جا کر) یا تم پر پتھر برسانے والی ہوا بھیجے، پھر تم اپنے لئے کوئی کارساز نہ پاؤ - یا

أَمِنتُمْ أَن يُعِيدَكُمْ فِيهِ تَارَةً أُخْرَىٰ فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيحِ

أَمِنتُمْ	أَنْ	يُعِيدَكُمْ	فِيهِ	تَارَةً أُخْرَىٰ	فَيُرْسِلَ	عَلَيْكُمْ	قَاصِفًا	مِنَ	الرِّيحِ
تم بے فکر ہو گئے ہو	کہ	وہ تمہیں لے جائے	اس میں	دوبارہ	پھر بھیجدے وہ	تم پر	سخت جھونکا	سے کا	ہوا

تم بے فکر ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں دوبارہ اس (دریا) میں لے جائے، پھر تم پر ہوا کا سخت جھونکا (طوفان) بھیج دے

فَيُغْرِقَكُم بِمَا كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهِ تَبِيعًا ﴿٦٩﴾ وَلَقَدْ

فَيُغْرِقَكُمْ	بِمَا	كَفَرْتُمْ	ثُمَّ	لَا تَجِدُوا	لَكُمْ	عَلَيْنَا	بِهِ	تَبِيعًا	وَلَقَدْ
پھر تمہیں غرق کر دے	بدلہ میں	تم نے ناشکری کی	پھر	تم نہ پاؤ	اپنے لئے	ہم پر (ہمارا)	اس پر	پیچھا کرنے والا	اور تحقیق

پھر تمہیں ناشکری کے بدلے میں غرق کر دے، پھر تم اپنے لئے اس پر ہمارا کوئی پیچھا کرنے والا نہ پاؤ - اور تحقیق

كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ

كَرَّمْنَا	بَنِي آدَمَ	وَحَمَلْنَاهُمْ	فِي الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	وَرَزَقْنَاهُم	مِنَ	الطَّيِّبَاتِ
ہم نے عزت بخشی	اولادِ آدم کو	اور ہم نے انہیں سواری دی	خشکی میں	اور دریا	اور ہم نے انہیں رزق دیا	سے	پاکیزہ چیزیں

ہم نے اولادِ آدم کو عزت بخشی، اور ہم نے انہیں خشکی اور دریا میں سواری دی، اور ہم نے انہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا،

وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ﴿٧٠﴾ يَوْمَ نَدْعُوا كُلَّ أُنَاسٍ

وَفَضَّلْنَاهُمْ	عَلَىٰ	كَثِيرٍ	مِّمَّنْ خَلَقْنَا	تَفْضِيلًا	يَوْمَ	نَدْعُوا	كُلَّ أُنَاسٍ
اور ہم نے انہیں فضیلت دی	پر	بہت سی	اس سے جو ہم نے پیدا کیا (اپنی مخلوق)	بڑائی دیکر	جس دن	ہم بلائیں گے	تمام لوگ

اور ہم نے انہیں اپنی بہت سی مخلوق پر بڑائی دے کر فضیلت دی - جس دن ہم تمام لوگوں کو بلائیں گے

ع ۱۰ ۷ ۷

بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ

بِاِمَامِهِمْ	فَمَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيْنِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	يَقْرَءُوْنَ	كِتٰبَهُمْ	وَلَا يُظْلَمُوْنَ
ان کے پیشواؤں کے ساتھ	پس جو	دیا گیا	اسکی کتاب	اسکے دائیں ہاتھ میں	تو وہ لوگ	پڑھیں گے	اپنا اعمالنامہ	اور نہ وہ ظلم کئے جائیں گے

اُن کے پیشواؤں کے ساتھ، پس جس کو اس کی کتاب (اعمالنامہ) دائیں ہاتھ میں دی گئی تو وہ لوگ اپنا اعمالنامہ پڑھیں گے اور وہ ظلم نہ کئے جائیں گے

فَتِيْلًا ﴿۷۱﴾ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۷۲﴾

فَتِيْلًا	وَمَنْ	كَانَ	فِيْ هٰذِهٖٓ	اَعْمٰى	فَهُوَ	فِي الْاٰخِرَةِ	اَعْمٰى	وَاَضَلُّ	سَبِيْلًا
ایک دھاگے برابر	اور جو	رہا	اس (دنیا) میں	اندھا	پس وہ	آخرت میں	اندھا	اور بہت بھٹکا ہوا	راستہ

ایک دھاگے کے برابر بھی) اور جو اس دنیا میں اندھا رہا پس وہ آخرت میں (بھی) اندھا (اُٹھے گا) اور راستے سے بہت بھٹکا ہوا۔

وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ

وَاِنْ	كَادُوْا	لَيَفْتِنُوْنَكَ	عَنِ	الَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	لِتَفْتَرِيَ	عَلَيْنَا	غَيْرَهٗ
اور تحقیق	وہ قریب تھا	کہ تمہیں پھسلا دیں	سے	وہ لوگ جو	ہم نے وحی کی	تمہاری طرف	تاکہ تم جھوٹ باندھو	ہم پر	اس کے سوا

اور اس وحی سے جو ہم نے تمہاری طرف کی ہے قریب تھا کہ وہ تمہیں اس سے پھسلا دیں (پھسلا دیں) تاکہ ہم پر اس (وحی) کے سوا تم جھوٹ باندھو

وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ﴿۷۳﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا

وَاِذًا	لَّاتَّخَذُوْكَ	خَلِيْلًا	وَلَوْلَآ	اَنْ	ثَبَّتْنٰكَ	لَقَدْ كِدْتَّ	تَرْكَنُ	اِلَيْهِمْ	شَيْـًٔا
اور اس صورت میں	البتہ وہ تمہیں بنا لیتے	دوست	اور اگر نہ	یہ کہ	ہم تمہیں ثابت قدم رکھتے	البتہ تم جھکنے لگتے		ان کی طرف	کچھ

اور اس صورت میں البتہ وہ تمہیں دوست بنا لیتے۔ اور اگر ہم تمہیں ثابت قدم نہ رکھتے تو البتہ تم ان کی طرف جھکنے لگتے کچھ

قَلِيْلًا ﴿۷۴﴾ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ

قَلِيْلًا	اِذًا	لَّاَذَقْنٰكَ	ضِعْفَ	الْحَيٰوةِ	وَضِعْفَ	الْمَمَاتِ	ثُمَّ	لَا تَجِدُ	لَكَ
تھوڑا	اس صورت میں	ہم تمہیں چکھاتے	دوگنی	زندگی	اور دوگنی	موت	پھر	تم نہ پاتے	اپنے لئے

تھوڑا سا۔ اس صورت میں ہم تمہیں زندگی میں دوگنی (سزا) چکھاتے اور دوگنی موت (کے بعد)، پھر تم اپنے لئے نہ پاتے

عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا

عَلَيْنَا	نَصِيْرًا	وَاِنْ	كَادُوْا	لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ	مِنَ	الْاَرْضِ	لِيُخْرِجُوْكَ	مِنْهَا
ہم پر (ہمارے مقابلہ میں)	کوئی مددگار	اور تحقیق	قریب تھا	کہ تمہیں پھسلا ہی دیں	سے	زمین (مکہ)	تاکہ وہ تمہیں نکال دیں	یہاں سے

ہمارے مقابلہ میں کوئی مددگار۔ اور تحقیق قریب تھا کہ وہ تمہیں سرزمین مکہ سے پھسلا ہی دیں تاکہ وہ تمہیں یہاں سے نکال دیں

وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۷۶﴾ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا

وَاِذًا	لَّا يَلْبَثُوْنَ	خِلٰفَكَ	اِلَّا	قَلِيْلًا	سُنَّةَ	مَنْ	قَدْ اَرْسَلْنَا	قَبْلَكَ	مِنْ	رُّسُلِنَا
اور اس صورت میں	وہ نہ ٹھہر پاتے	تمہارے پیچھے	مگر	تھوڑا	سنت	جو	ہم نے بھیجا	آپ سے پہلے	سے	اپنے رسول (جمع)

اور اس صورت میں وہ تمہارے پیچھے نہ ٹھہر پاتے مگر تھوڑا (عرصہ)۔ آپؐ سے پہلے جو رسول ہم نے بھیجے (یہی) سُنت (چلی آ رہی) ہے

وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ﴿۷۷﴾ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ

وَلَا تَجِدُ	لِسُنَّتِنَا	تَحْوِيْلًا	اَقِمِ	الصَّلٰوةَ	لِدُلُوْكِ	الشَّمْسِ	اِلٰى	غَسَقِ	الَّيْلِ
اور تم نہ پاؤ گے	ہماری سنت میں	کوئی تبدیلی	قائم کریں آپ	نماز	ڈھلنے سے	سورج	تک	اندھیرا	رات

اور تم ہماری سُنت میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ سورج ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک نماز قائم کریں،

وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿۷۸﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ

وَ	قُرْاٰنَ	الْفَجْرِ	اِنَّ	قُرْاٰنَ الْفَجْرِ	كَانَ	مَشْهُوْدًا	وَ مِنَ	الَّيْلِ	فَتَهَجَّدْ	بِهٖ
اور	قرآن	فجر (صبح)	بیشک	صبح کا قرآن	ہے	حاضر کیا گیا (فرشتوں کو)	اور کچھ حصہ	رات	سو بیدار رہیں	اس (قرآن) کے ساتھ

اور صبح کا قرآن، بیشک صبح کا قرآن (پڑھنے میں فرشتے) حاضر ہوتے ہیں۔ اور رات کا کچھ حصہ قرآن کی تلاوت کے ساتھ بیدار رہیں،

نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ

نَافِلَةً	لَّكَ	عَسٰى	اَنْ يَّبْعَثَكَ	رَبُّكَ	مَقَامًا مَّحْمُوْدًا	وَقُلْ	رَّبِّ	اَدْخِلْنِيْ
نفل (زائد)	تمہارے لئے	قریب	کہ تمہیں کھڑا کرے	تمہارا رب	مقام محمود	اور کہیں	اے میرے رب	مجھے داخل کر

یہ تمہارے لئے زائد ہے، قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں مقام محمود میں کھڑا کر دے۔ اور آپؐ کہیں اے میرے رب! مجھے داخل کر

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا

مُدْخَلَ	صِدْقٍ	وَّاَخْرِجْنِيْ	مُخْرَجَ	صِدْقٍ	وَّاجْعَلْ	لِّيْ	مِنْ لَّدُنْكَ	سُلْطٰنًا
داخل کرنا	سچا	اور مجھے نکال	نکالنا	سچا	اور عطا کر	میرے لئے	اپنی طرف سے	غلبہ

سچا داخل کرنا، اور مجھے نکال سچا نکالنا (اچھی طرح)، اور اپنی طرف سے میرے لئے عطا کر غلبہ،

نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ وَ

نَصِيْرًا	وَقُلْ	جَآءَ	الْحَقُّ	وَزَهَقَ	الْبَاطِلُ	اِنَّ	الْبَاطِلَ	كَانَ	زَهُوْقًا	وَ
مدد دینے والا	اور کہدیں آپؐ	آیا	حق	اور نابود ہو گیا	باطل	بیشک	باطل	ہے ہی	مٹنے والا	اور

مدد دینے والا۔ اور کہدیں حق آیا اور باطل نابود ہو گیا، بیشک باطل ہے ہی مٹنے والا (نیست و نابود ہونے والا)۔ اور

ع ۸ ۸

نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ

نُنَزِّلُ	مِنَ	الْقُرْاٰنِ	مَا	هُوَ	شِفَآءٌ	وَّرَحْمَةٌ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	وَ لَا يَزِيْدُ	الظّٰلِمِيْنَ
ہم نازل کرتے ہیں	سے	قرآن	جو	وہ شفا	اور رحمت	مومنوں کے لئے	اور نہیں زیادہ ہوتا	ظالم (جمع)	

ہم قرآن نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لئے شفا اور رحمت ہے ، اور ظالموں کے لئے زیادہ نہیں ہوتا

اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

اِلَّا	خَسَارًا	وَاِذَا	اَنْعَمْنَا	عَلَى	الْاِنْسَانِ	اَعْرَضَ	وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ	وَاِذَا	مَسَّهُ	الشَّرُّ
سوائے	گھاٹا	اور جب	ہم نعمت بخشتے ہیں	پر۔کو	انسان	وہ روگردان ہو جاتا ہے	اور پہلو پھیر لیتا ہے	اور جب	اسے پہنچتی ہے	برائی

گھاٹے سے سوا۔ اور جب ہم انسان کو نعمت بخشتے ہیں وہ روگردان ہو جاتا ہے، اور پہلو پھیر لیتا ہے، اور جب اسے برائی پہنچتی ہے ع

كَانَ يَـُٔوْسًا ﴿۸۳﴾ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۭ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿۸۴﴾

كَانَ	يَـُٔوْسًا	قُلْ	كُلٌّ	يَّعْمَلُ	عَلٰى	شَاكِلَتِهٖ	فَرَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِمَنْ هُوَ	اَهْدٰى	سَبِيْلًا
وہ ہو جاتا ہے	مایوس	کہدیں	ہر ایک	کام کرتا ہے	پر	اپنا طریقہ	سو تمہارا پروردگار	خوب جانتا ہے	کہ وہ کون	زیادہ صحیح	راستہ

تو وہ مایوس ہو جاتا ہے۔ کہدیں ہر ایک اپنے طریقے پر کام کرتا ہے، سو تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ کون زیادہ صحیح راستہ پر ہے ؟

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۭ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ	الرُّوْحِ	قُلِ	الرُّوْحُ	مِنْ اَمْرِ	رَبِّيْ	وَ مَآ اُوْتِيْتُمْ	مِنَ الْعِلْمِ
اور آپؐ سے پوچھتے ہیں	سے متعلق	روح	کہدیں	روح	حکم سے	میرا رب	اور تمہیں نہیں دیا گیا	علم سے

اور آپؐ سے روح کے متعلق پوچھتے ہیں، آپؐ کہدیں روح میرے رب کے حکم سے ہے، اور تمہیں علم نہیں دیا گیا

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۵﴾ وَلَىِٕنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ

اِلَّا	قَلِيْلًا	وَلَىِٕنْ	شِئْنَا	لَنَذْهَبَنَّ	بِالَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	ثُمَّ لَا تَجِدُ	لَكَ	بِهٖ
مگر	تھوڑا سا	اور اگر	ہم چاہیں	تو البتہ ہم لے جائیں	وہ جو کہ	ہم نے وحی کی	تمہاری طرف	پھر تم نہ پاؤ	اپنے واسطے	اس کے لئے

مگر تھوڑا سا۔ اور اگر ہم چاہیں تو البتہ ہم لے جائیں (سلب کرلیں) جو وحی ہم نے تمہاری طرف کی ہے، پھر تم اس کے لئے اپنے واسطے نہ پاؤ

عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿۸۶﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿۸۷﴾ قُلْ لَّىِٕنِ

عَلَيْنَا	وَكِيْلًا	اِلَّا	رَحْمَةً	مِّنْ رَّبِّكَ	اِنَّ	فَضْلَهٗ	كَانَ	عَلَيْكَ	كَبِيْرًا	قُلْ	لَّىِٕنِ
ہمارے (مقابلہ) پر	کوئی مددگار	مگر	رحمت	تمہارے رب سے	بیشک	اس کا فضل	ہے	تم پر	بڑا	کہدیں	اگر

ہمارے مقابلہ پر کوئی مددگار۔ مگر تمہارے رب کی رحمت سے ہے (کہ ایسا نہیں ہوتا) بیشک تم پر اس کا بڑا فضل ہے۔ آپؐ کہدیں اگر

اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ

اجْتَمَعَتِ	الْاِنْسُ	وَالْجِنُّ	عَلٰٓى	اَنْ	يَّاْتُوْا	بِمِثْلِ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ	لَا يَاْتُوْنَ	بِمِثْلِهٖ
جمع ہو جائیں	تمام انسان	اور جن	پر	کہ	وہ لائیں	مانند	اس قرآن	نہ لا سکیں گے آپ	اس کے مانند

تمام انسان اور جن (اس بات) پر جمع ہو جائیں کہ وہ اس قرآن کے مانند لے آئیں تو وہ اس کے مانند نہ لا سکیں گے

وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿۸۸﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ

وَلَوْ كَانَ	بَعْضُهُمْ	لِبَعْضٍ	ظَهِيْرًا	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا	لِلنَّاسِ	فِيْ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ
اور اگرچہ ہو جائیں	ان کے بعض	بعض کے لئے	مددگار	اور ہم نے طرح طرح سے بیان کیا	لوگوں کے لئے	میں	اس قرآن

اگرچہ اُن کے بعض، بعض کے لئے (وہ ایک دوسرے کے) مددگار ہو جائیں۔ اور ہم نے لوگوں کے لئے اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کر دی ہے

مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۚ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۸۹﴾ وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى

مِنْ	كُلِّ مَثَلٍ	فَاَبٰٓى	اَكْثَرُ النَّاسِ	اِلَّا	كُفُوْرًا	وَقَالُوْا	لَنْ نُّؤْمِنَ	لَكَ	حَتّٰى
سے	ہر مثال	پس قبول نہ کیا	اکثر لوگ	سوائے	ناشکری	اور وہ بولے	ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے	تجھ پر	یہاں تک کہ

ہر مثال، پس اکثر لوگوں نے ناشکری کے سوا قبول نہ کیا۔ اور وہ بولے کہ ہم تجھ پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے، یہاں تک کہ

تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ

تَفْجُرَ	لَنَا	مِنَ الْاَرْضِ	يَنْۢبُوْعًا	اَوْ تَكُوْنَ	لَكَ	جَنَّةٌ	مِّنْ	نَّخِيْلٍ	وَّعِنَبٍ
تو رواں کر دے	ہمارے لئے	زمین سے	کوئی چشمہ	یا ہو جائے	تیرے لئے	ایک باغ	سے۔ کا	کھجور (جمع)	اور انگور

تو ہمارے لئے زمین سے کوئی چشمہ رواں کر دے۔ یا تیرے لئے کھجوروں اور انگور کا ایک باغ ہو،

فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ﴿۹۱﴾ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا

فَتُفَجِّرَ	الْاَنْهٰرَ	خِلٰلَهَا	تَفْجِيْرًا	اَوْ	تُسْقِطَ	السَّمَآءَ	كَمَا زَعَمْتَ	عَلَيْنَا	كِسَفًا
پس تو رواں کر دے	نہریں	اسکے درمیان	بہتی ہوئی	یا	تو گرا دے	آسمان	جیسا کہ تو کہا کرتا ہے	ہم پر	ٹکڑے

پس تو اس کے درمیان بہتی نہریں رواں کر دے۔ یا جیسے تو کہا کرتا ہے ہم پر آسمان کے ٹکڑے گرا دے،

اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ﴿۹۲﴾ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ

اَوْ تَاْتِيَ	بِاللّٰهِ	وَالْمَلٰٓئِكَةِ	قَبِيْلًا	اَوْ	يَكُوْنَ	لَكَ	بَيْتٌ	مِّنْ	زُخْرُفٍ	اَوْ
یا تو لے آوے	اللہ کو	اور فرشتے	رُو برو	یا	ہو	تیرے لئے	ایک گھر	سے۔ کا	سونا	یا

یا اللہ کو اور فرشتوں کو رُو برو لے آوے۔ یا تیرے لئے سونے کا ایک گھر ہو، یا

تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ؕ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ

تَرْقٰى	فِي السَّمَآءِ	وَلَنْ نُّؤْمِنَ	لِرُقِيِّكَ	حَتّٰى	تُنَزِّلَ	عَلَيْنَا	كِتٰبًا	نَّقْرَؤُهٗ
تو چڑھ جائے	آسمانوں میں	اور ہم ہرگز نہ مانیں گے	تیرے چڑھنے کو	یہانتک کہ	تو اتارے	ہم پر	ایک کتاب	ہم پڑھ لیں جسے

تو آسمان میں چڑھ جائے ، اور ہم ہرگز تیرے چڑھنے کو نہ مانیں گے جب تک تو ہم پر ایک کتاب نہ اتارے جسے ہم پڑھ لیں ،

ع ۱۰ ۹ ۱۰

قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا

قُلْ	سُبْحَانَ	رَبِّيْ	هَلْ كُنْتُ	اِلَّا	بَشَرًا	رَسُوْلًا	وَمَا	مَنَعَ	النَّاسَ	اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا
آپ کہدیں	پاک ہے	میرا رب	نہیں ہوں میں	مگر صرف	ایک بشر	رسول	اور نہیں	روکا	لوگ (جمع)	کہ وہ ایمان لائیں

آپ کہہ دیں پاک ہے میرا رب، میں صرف ایک بشر ہوں (اللہ کا) رسول - اور لوگوں کو (کسی بات نے) نہیں روکا کہ وہ ایمان لائیں

اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ

اِذْ	جَآءَهُمُ	الْهُدٰٓى	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْٓا	اَبَعَثَ	اللّٰهُ	بَشَرًا	رَسُوْلًا	قُلْ	لَّوْ كَانَ
جب	انکے پاس آگئی	ہدایت	مگر	یہ کہ	انہوں نے کہا	کیا بھیجا	اللہ	ایک بشر	رسول	کہدیں	اگر ہوتے

جب ان کے پاس ہدایت آگئی، مگر یہ کہ انہوں نے کہا کیا اللہ نے ایک بشر کو رسول (بنا کر) بھیجا ہے ؟ آپ کہدیں ، اگر ہوتے

فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾

فِي الْاَرْضِ	مَلٰٓئِكَةٌ	يَّمْشُوْنَ	مُطْمَئِنِّيْنَ	لَنَزَّلْنَا	عَلَيْهِمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	مَلَكًا	رَّسُوْلًا
زمین میں	فرشتے	چلتے پھرتے	اطمینان سے رہتے	ہم ضرور اتارتے	ان پر	آسمان سے	فرشتہ	رسول

زمین میں فرشتے، چلتے پھرتے، اطمینان سے رہتے، تو ہم ضرور ان پر آسمانوں سے فرشتے رسول (بنا کر) اتارتے -

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا ۢ بَصِيْرًا ﴿۹۶﴾

قُلْ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا ۢ	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ	بِعِبَادِهٖ	خَبِيْرًا ۢ	بَصِيْرًا
کہہ دیں	کافی ہے	اللہ کی	گواہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	بیشک وہ	ہے	اپنے بندوں کا	خبر رکھنے والا	دیکھنے والا

آپ کہہ دیں میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی گواہی کافی ہے، بیشک وہ اپنے بندوں کا خبر رکھنے والا ، دیکھنے والا ہے -

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ

وَمَنْ	يَّهْدِ	اللّٰهُ	فَهُوَ	الْمُهْتَدِ	وَمَنْ	يُّضْلِلْ	فَلَنْ تَجِدَ	لَهُمْ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِهٖ
اور جسے	ہدایت دے	اللہ	پس وہی	ہدایت پانے والا	اور جسے	گمراہ کرے	پس تو ہرگز پائے گا	انکے لئے	مددگار	اس کے سوا

اور جسے اللہ ہدایت دے پس وہی ہدایت پانے والا ہے، اور جسے وہ گمراہ کرے پس تو ان کے لئے اس کے سوا ہرگز کوئی مددگار نہ پائے گا،

وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ

وَنَحْشُرُهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	عَلٰى	وُجُوْهِهِمْ	عُمْيًا	وَبُكْمًا	وَصُمًّا	مَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ
اور ہم اٹھائیں گے انہیں	قیامت کے دن	پر۔بَل	ان کے چہرے	اندھے	اور گونگے	اور بہرے	ان کا ٹھکانا	جہنم

اور ہم قیامت کے دن انہیں ان کے چہروں کے بل اندھے اور گونگے اور بہرے اٹھائیں گے ، ان کا ٹھکانا جہنم ہے ۔

كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ۝۹۷ ذٰلِكَ جَزَاۗؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا

كُلَّمَا	خَبَتْ	زِدْنٰهُمْ	سَعِيْرًا	ذٰلِكَ	جَزَاۗؤُهُمْ	بِاَنَّهُمْ	كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَقَالُوْٓا
جب کبھی	بجھنے لگے گی	ہم انکے لئے زیادہ کردیں گے	بھڑکانا	یہ	انکی سزا	کیونکہ وہ	انہوں نے انکار کیا	ہماری آیتوں کا	اور انہوں نے کہا

جب کبھی جہنم کی آگ بجھنے لگے گی ہم انکے لئے اور بھڑکا دیں گے ۔ یہ ان کی سزا ہے کیونکہ انہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور انہوں نے کہا

ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۝۹۸ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ

ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	وَّرُفَاتًا	ءَاِنَّا	لَمَبْعُوْثُوْنَ	خَلْقًا	جَدِيْدًا	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	اَنَّ
کیا جب	ہو جائیں گے ہم	ہڈیاں	اور ریزہ ریزہ	کیا ہم	ضرور اٹھائے جائیں گے	پیدا کر کے	از سر نو	کیا	انہوں نے نہیں دیکھا	کہ

کیا جب ہم ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے ، کیا ہم از سر نو پیدا کر کے ضرور اٹھائے جائیں گے ؟ کیا انہوں نے نہیں دیکھا ؟ کہ

اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ

اللّٰهَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	قَادِرٌ	عَلٰٓى	اَنْ يَّخْلُقَ	مِثْلَهُمْ	وَجَعَلَ	لَهُمْ
اللہ	جس نے	پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	قادر	پر	کہ وہ پیدا کرے	ان جیسے	اس نے مقرر کیا	ان کے لئے

اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اس پر قادر ہے کہ ان جیسے پیدا کرے ، اور اس نے ان کے لئے مقرر کیا

اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ۝۹۹ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ

اَجَلًا	لَّا رَيْبَ	فِيْهِ	فَاَبَى	الظّٰلِمُوْنَ	اِلَّا كُفُوْرًا	قُلْ	لَّوْ	اَنْتُمْ	تَمْلِكُوْنَ
ایک وقت	نہیں شک	اس میں	تو قبول نہ کیا	ظالم (جمع)	ناشکری کے سوا	آپ کہہ دیں	اگر	تم	مالک ہوتے

ایک وقت اس میں کوئی شک نہیں ، ظالموں نے ناشکری کے سوا قبول نہ کیا ۔ آپ کہہ دیں اگر تم مالک ہوتے

خَزَاۗىِٕنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ۝۱۰۰ ع

خَزَاۗىِٕنَ	رَحْمَةِ	رَبِّيْٓ	اِذًا	لَّاَمْسَكْتُمْ	خَشْيَةَ	الْاِنْفَاقِ	وَكَانَ	الْاِنْسَانُ	قَتُوْرًا
خزانے	رحمت	میرا رب	جب	تم ضرور بند رکھتے	ڈر سے	خرچ ہو جانا	اور ہے	انسان	تنگ دل

میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے ، تو تم خرچ ہو جانے کے ڈر سے ضرور بند رکھتے ، اور انسان بہت تنگ دل ہے ۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ

وَ	لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسٰى	تِسْعَ	اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ	فَسْـَٔلْ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اِذْ	جَآءَهُمْ
اور	البتہ ہم نے دیں	موسیٰ ؑ	نو ۹	کھلی نشانیاں	پس پوچھ تو	بنی اسرائیل	جب	ان کے پاس آیا

اور ہم نے موسیٰ ؑ کو نو ۹ کھلی نشانیاں دیں، پس بنی اسرائیل سے پوچھ، جب وہ (موسیٰ ؑ) ان کے پاس آئے

فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ﴿۱۰۱﴾ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ

فَقَالَ	لَهٗ	فِرْعَوْنُ	اِنِّيْ	لَاَظُنُّكَ	يٰمُوْسٰى	مَسْحُوْرًا	قَالَ	لَقَدْ عَلِمْتَ
تو کہا	اس کو	فرعون	بیشک میں	تجھ پر گمان کرتا ہوں	اے موسیٰ	جادو کیا گیا	اس نے کہا	البتہ تو نے جان لیا

تو فرعون نے اس کو کہا بیشک میں گمان کرتا ہوں تم پر جادو کیا گیا ہے (سحر زدہ ہو) ۔ اس نے کہا، البتہ تو جان چکا ہے

مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ

مَآ اَنْزَلَ	هٰٓؤُلَآءِ	اِلَّا	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	بَصَآئِرَ	وَاِنِّيْ	لَاَظُنُّكَ	يٰفِرْعَوْنُ
نہیں نازل کیا	اس کو	مگر	پروردگار	آسمانوں	اور زمین	جمع بصیرت	اور بیشک میں	تجھ پر گمان کرتا ہوں	اے فرعون

اس کو نازل نہیں کیا، مگر زمین اور آسمانوں کے پروردگار نے بصیرت (سمجھ بوجھ کی باتیں) اور اے فرعون! بیشک میں تجھے گمان کرتا ہوں

مَثْبُوْرًا ﴿۱۰۲﴾ فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ﴿۱۰۳﴾ وَّقُلْنَا

مَثْبُوْرًا	فَاَرَادَ	اَنْ	يَّسْتَفِزَّهُمْ	مِّنَ	الْاَرْضِ	فَاَغْرَقْنٰهُ	وَمَنْ	مَّعَهٗ	جَمِيْعًا	وَّقُلْنَا
ہلاک شدہ	پس اس نے ارادہ کیا	کہ	انہیں نکال دے	سے	زمین	تو ہم نے اسے غرق کر دیا	اور جو	اسکے ساتھ	سب	اور ہم نے کہا

ہلاک شدہ (ہلاک ہوا چاہتا ہے) ۔ پس اس نے ارادہ کیا کہ انہیں سرزمین (مصر) سے نکال دے تو ہم نے اسے اور جو اس کے ساتھ تھے سب کو غرق کر دیا۔ اور ہم نے کہا

مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ

مِنْۢ بَعْدِهٖ	لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اسْكُنُوا	الْاَرْضَ	فَاِذَا	جَآءَ	وَعْدُ الْاٰخِرَةِ	جِئْنَا	بِكُمْ
اس کے بعد	بنی اسرائیل کو	تم رہو	زمین (ملک)	پھر جب	آئے گا	آخرت کا وعدہ	ہم لے آئینگے	تم کو

اس کے بعد بنی اسرائیل کو تم اس ملک میں رہو، پھر جب آخرت کا وعدہ آئے گا ہم تم سب کو لے آئیں گے

لَفِيْفًا ﴿۱۰۴﴾ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾

لَفِيْفًا	وَبِالْحَقِّ	اَنْزَلْنٰهُ	وَبِالْحَقِّ	نَزَلَ	وَمَآ	اَرْسَلْنٰكَ	اِلَّا	مُبَشِّرًا	وَّنَذِيْرًا
جمع کر کے	اور حق کے ساتھ	ہم نے اسے نازل کیا	اور سچائی کے ساتھ	نازل ہوا	اور نہیں	ہم نے آپ کو بھیجا	مگر	خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا

جمع کر کے (سمیٹ کر) اور ہم نے اسے (قرآن کو) حق کے ساتھ نازل کیا اور وہ سچائی کے ساتھ نازل ہوا اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا۔

وقف لازم

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿۱۰۶﴾ قُلْ

وَقُرْاٰنًا	فَرَقْنٰهُ	لِتَقْرَاَهٗ	عَلَى	النَّاسِ	عَلٰى مُكْثٍ	وَنَزَّلْنٰهُ	تَنْزِيْلًا	قُلْ
اور قرآن	ہم نے جُدا جُدا کیا	تاکہ تم اسے پڑھو	پر	لوگ	ٹھہر ٹھہر کر	اور ہم نے اسے نازل کیا	آہستہ آہستہ	آپؐ کہدیں

اور قرآن ہم نے جُدا جُدا کر کے (تھوڑا تھوڑا) نازل کیا تاکہ تم لوگوں پر ٹھہر ٹھہر کر پڑھو اور ہم نے اُسے آہستہ آہستہ (بتدریج) نازل کیا۔ آپؐ کہدیں

اٰمِنُوْا بِهٖۤ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖۤ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ

اٰمِنُوْا	بِهٖۤ	اَوْ	لَا تُؤْمِنُوْا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	مِنْ قَبْلِهٖۤ	اِذَا	يُتْلٰى	عَلَيْهِمْ
تم ایمان لاؤ	اس پر	یا	تم ایمان نہ لاؤ	بیشک	وہ لوگ جنہیں	علم دیا گیا	اس سے قبل	جب	وہ پڑھا جاتا ہے	ان کے سامنے

تم اس پر ایمان لاؤ یا نہ لاؤ، بیشک جنہیں اس سے قبل علم دیا گیا ہے، جب وہ ان کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو

يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿۱۰۷﴾ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا

يَخِرُّوْنَ	لِلْاَذْقَانِ	سُجَّدًا	وَ	يَقُوْلُوْنَ	سُبْحٰنَ	رَبِّنَا	اِنْ	كَانَ	وَعْدُ	رَبِّنَا
وہ گر پڑتے ہیں	ٹھوڑیوں کے بل	سجدہ کرتے ہوئے	اور	وہ کہتے ہیں	پاک ہے	ہمارا رب	بیشک	ہے	وعدہ	ہمارا رب

تو وہ سجدہ کرتے ہوئے ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں ہمارا رب پاک ہے، بے شک ہمارے رب کا وعدہ

لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ﴿۱۰۹﴾ السجدة قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ

لَمَفْعُوْلًا	وَيَخِرُّوْنَ	لِلْاَذْقَانِ	يَبْكُوْنَ	وَيَزِيْدُهُمْ	خُشُوْعًا	قُلِ	ادْعُوا	اللّٰهَ
ضرور پورا ہو کر رہنے والا	اور وہ گر پڑتے ہیں	ٹھوڑیوں کے بل	روتے ہوئے	اور ان میں زیادہ کرتا ہے	عاجزی	آپ کہدیں	تم پکارو	اللہ

ضرور پورا ہو کر رہنے والا ہے۔ اور وہ روتے ہوئے ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں اور یہ (قرآن) ان میں عاجزی اور زیادہ کرتا ہے۔ آپؐ کہدیں تم پکارو اللہ (کہہ کر)

اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ

اَوِ	ادْعُوا	الرَّحْمٰنَ	اَيًّا مَّا	تَدْعُوْا	فَلَهُ	الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى	وَلَا تَجْهَرْ	بِصَلَاتِكَ
یا	تم پکارو	رحمٰن	جو کچھ بھی	تم پکارو گے	اسی کے لئے	سب سے اچھے نام	اور نہ بلند کرو تم	اپنی نماز میں

یا پکارو رحمٰن (کہہ کر) جو کچھ بھی پکارو گے اُسی کے لئے ہیں سب سے اچھے نام، اور نہ اپنی نماز میں (آواز بہت) بلند کرو

وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

وَ	لَا تُخَافِتْ	بِهَا	وَابْتَغِ	بَيْنَ ذٰلِكَ	سَبِيْلًا	وَقُلِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ
اور	نہ بالکل پست کرو تم	اس میں	اور ڈھونڈو	اس کے درمیان	راستہ	اور کہدیں	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے

اور نہ اس میں بالکل پست کرو (بلکہ) اس کے درمیان کا راستہ ڈھونڈو۔ اور آپؐ کہدیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، وہ جس نے

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ

لَمْ يَتَّخِذْ	وَلَدًا	وَ	لَمْ يَكُنْ	لَهٗ	شَرِيْكٌ	فِي الْمُلْكِ	وَلَمْ يَكُنْ	لَّهٗ	وَلِيٌّ
نہیں بنائی	کوئی اولاد	اور	نہیں ہے	اس کے لئے	کوئی شریک	سلطنت میں	اور نہیں ہے	اس کا	کوئی مددگار

کوئی اولاد نہیں بنائی، اور سلطنت میں اس کا کوئی شریک نہیں، اور نہ اس کا کوئی مددگار ہے

ع ۱۲ ۱۱ ۱۲

مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾

مِنَ	الذُّلِّ	وَكَبِّرْهُ	تَكْبِيْرًا
سے، سبب	ناتوانی	اور اس کی بڑائی کرو	خوب بڑائی

ناتوانی کے سبب، اور خوب اس کی بڑائی (بیان) کرو۔

آیاتھا ۱۱۰ — ۱۸ : سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ : ۶۹ — رکوعاتھا ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ؕ ﴿۱﴾ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ	عَلٰى عَبْدِهِ	الْكِتٰبَ	وَلَمْ يَجْعَلْ	لَّهٗ	عِوَجًا	قَيِّمًا	لِّيُنْذِرَ
تمام تعریفیں	اللہ کیلئے	وہ جس نے	نازل کی	اپنے بندہ پر	کتاب (قرآن)	اور نہ رکھی	اس میں	کوئی کجی	ٹھیک سیدھی	تاکہ ڈر سنائے

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے اپنے بندے (محمدؐ) پر (یہ) کتاب نازل کی، اور اس میں کوئی کجی نہ رکھی (بلکہ) ٹھیک سیدھی (اُتاری) تاکہ ڈر سنائے

بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ

بَاْسًا	شَدِيْدًا	مِّنْ لَّدُنْهُ	وَيُبَشِّرَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	الصّٰلِحٰتِ	اَنَّ لَهُمْ
عذاب	سخت	اس کی طرف سے	اور خوشخبری دے	مومنوں	وہ جو	عمل کرتے ہیں	اچھے	کہ ان کے لئے

اس کی طرف سے سخت عذاب سے، اور مومنوں کو خوشخبری دے، جو اچھے عمل کرتے ہیں کہ ان کے لئے

اَجْرًا حَسَنًا ۙ﴿۲﴾ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۙ﴿۳﴾ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۚ﴿۴﴾

اَجْرًا حَسَنًا	مَّاكِثِيْنَ	فِيْهِ	اَبَدًا	وَيُنْذِرَ	الَّذِيْنَ قَالُوا	اتَّخَذَ اللّٰهُ	وَلَدًا
اچھا اجر	وہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ	اور وہ ڈرائے	وہ جن لوگوں نے کہا	اللہ نے بنا لیا ہے	بیٹا

اچھا اجر ہے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور وہ ان لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے کہا اللہ نے بیٹا بنا لیا ہے۔

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ

مَا	لَهُمْ	بِهٖ	مِنْ	عِلْمٍ	وَّلَا	لِاٰبَآئِهِمْ	كَبُرَتْ	كَلِمَةً	تَخْرُجُ	مِنْ	اَفْوَاهِهِمْ
نہیں	ان کو	اس کا	کوئی	علم	اور نہ	ان کے باپ دادا	بڑی ہے	بات	نکلتی ہے	سے	ان کے منہ (جمع)

اس کا نہ انہیں کوئی علم ہے اور نہ ان کے باپ دادا کو تھا، بڑی ہے بات (جو) ان کے مُنہ سے نکلتی ہے

اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝۵ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا

اِنْ	يَّقُوْلُوْنَ	اِلَّا	كَذِبًا	فَلَعَلَّكَ	بَاخِعٌ	نَّفْسَكَ	عَلٰٓى	اٰثَارِهِمْ	اِنْ	لَّمْ يُؤْمِنُوْا
نہیں	وہ کہتے ہیں	مگر	جھوٹ	تو شاید آپ	ہلاک کرنیوالا	اپنی جان	پر	ان کے پیچھے	اگر	وہ ایمان نہ لائے

وہ نہیں کہتے مگر جھوٹ - تو شاید آپ ان کے پیچھے اپنی جان کو ہلاک کرنے والے ہیں، اگر وہ ایمان نہ لاتے

بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝۶ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ

بِهٰذَا	الْحَدِيْثِ	اَسَفًا	اِنَّا	جَعَلْنَا	مَا	عَلَى الْاَرْضِ	زِيْنَةً	لَّهَا	لِنَبْلُوَهُمْ	اَيُّهُمْ
اس	بات	غم کے مارے	بیشک ہم	ہم نے بنایا	جو	زمین پر	زینت	اسکے لئے	تاکہ ہم انہیں آزمائیں	کون ان میں سے

اس بات پر، غم کے مارے - جو کچھ زمین میں ہے، بیشک ہم نے اسے اسکے لئے زینت بنایا ہے تاکہ ہم انہیں آزمائیں کہ ان میں کون ہے؟

اَحْسَنُ عَمَلًا ۝۷ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝۸ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ

اَحْسَنُ	عَمَلًا	وَاِنَّا	لَجٰعِلُوْنَ	مَا عَلَيْهَا	صَعِيْدًا	جُرُزًا	اَمْ حَسِبْتَ	اَنَّ
بہتر	عمل میں	اور بیشک ہم	البتہ کرنے والے	جو اس پر	صاف میدان	بنجر (چٹیل)	کیا تم نے گمان کیا	کہ

عمل میں بہتر - اور جو کچھ اس (زمین) پر ہے بیشک ہم اسے (نابود کرکے) صاف چٹیل میدان کرنے والے ہیں - کیا تم نے گمان کیا؟ کہ

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝۹ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ	وَ	الرَّقِيْمِ	كَانُوْا	مِنْ	اٰيٰتِنَا	عَجَبًا	اِذْ	اَوَى	الْفِتْيَةُ	اِلَى الْكَهْفِ
اصحاب کہف (غار والے)	اور	رقیم	وہ تھے	سے	ہماری نشانیاں	عجیب	جب	پناہ لی	جوان (جمع)	طرف۔ میں	غار

کہف (غار) اور رقیم والے ہماری نشانیوں میں سے عجیب تھے - جب اُن جوانوں نے غار میں پناہ لی

فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝۱۰ فَضَرَبْنَا

فَقَالُوْا	رَبَّنَا	اٰتِنَا	مِنْ لَّدُنْكَ	رَحْمَةً	وَّهَيِّئْ	لَنَا	مِنْ اَمْرِنَا	رَشَدًا	فَضَرَبْنَا
تو انہوں نے کہا	اے ہمارے رب	ہمیں دے	اپنی طرف سے	رحمت	اور مہیا کر	ہمارے لئے	ہمارے کام میں	درستی	پس ہم نے مار (پردہ ڈالا)

تو انہوں نے کہا، اے ہمارے رب! ہمیں اپنی طرف سے رحمت دے، اور ہمارے کام میں درستی مہیا کر، پس ہم نے پردہ ڈالا

عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ

عَلٰٓى	اٰذَانِهِمْ	فِي الْكَهْفِ	سِنِيْنَ عَدَدًا	ثُمَّ	بَعَثْنٰهُمْ	لِنَعْلَمَ	اَيُّ	الْحِزْبَيْنِ
پر	ان کے کان (جمع)	غار میں	کئی سال	پھر	ہم نے انہیں اُٹھایا	تاکہ ہم دیکھیں	کون کس	دونوں گروہ

ان کے کانوں پر انہیں غار میں کئی سال (سُلایا) پھر ہم نے انہیں اٹھایا تاکہ ہم دیکھیں دونوں گروہوں میں سے کس نے

۱ ع ۱۲ ۱۳

اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿۱۲﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا

اَحْصٰى	لِمَا لَبِثُوْٓا	اَمَدًا	نَحْنُ	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	نَبَاَهُمْ	بِالْحَقِّ	اِنَّهُمْ	فِتْيَةٌ	اٰمَنُوْا
خوب یاد رکھا	کتنی دیر رہے	مدت	ہم	بیان کرتے ہیں	تجھ سے	ان کا حال	ٹھیک ٹھیک	بیشک وہ	چند نوجوان	وہ ایمان لائے

خوب یاد رکھا ہے کہ وہ کتنی مدت (غار میں) رہے؟ ہم تجھ سے ٹھیک ٹھیک ان کا حال بیان کرتے ہیں، وہ چند نوجوان تھے، وہ ایمان لائے

بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ﴿۱۳﴾ وَّرَبَطْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ

بِرَبِّهِمْ	وَزِدْنٰهُمْ - هُدًى	وَرَبَطْنَا	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	اِذْ	قَامُوْا	فَقَالُوْا	رَبُّنَا	رَبُّ
اپنے رب پر	اور ہم نے اور زیادہ دی انہیں - ہدایت	اور ہم نے گرہ لگا دی	پر	ان کے دل	جب	وہ کھڑے ہوئے	تو انہوں نے کہا	ہمارا رب	پروردگار

اپنے رب پر، اور ہم نے انہیں ہدایت اور زیادہ دی - اور ہم نے انکے دلوں پر گرہ لگا دی (دل پختہ کر دیئے) جب وہ کھڑے ہوئے تو انہوں نے کہا ہمارا رب پروردگار ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ﴿۱۴﴾ هٰٓؤُلَاۗءِ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	لَنْ نَّدْعُوَا	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اِلٰهًا	لَّقَدْ قُلْنَآ	اِذًا	شَطَطًا	هٰٓؤُلَاۗءِ
آسمانوں	اور زمین	ہم ہرگز نہ پکاریں گے	اس کے سوائے	کوئی معبود	البتہ ہم نے کہی	اس وقت	بے جا بات	یہ ہے

آسمانوں کا اور زمین کا، ہم اس کے سوائے ہرگز کسی کو معبود نہ پکاریں گے (ورنہ) البتہ اس وقت ہم نے بے جا بات کہی - یہ ہے

قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ۭ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ۭ فَمَنْ

قَوْمُنَا	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اٰلِهَةً	لَوْلَا	يَاْتُوْنَ	عَلَيْهِمْ	بِسُلْطٰنٍۢ	بَيِّنٍ	فَمَنْ
ہماری قوم	انہوں نے بنا لئے	اس کے سوا	اور معبود	کیوں	وہ نہیں لاتے	ان پر	کوئی دلیل	واضح	پس کون

ہماری قوم، اس نے اس کے سوا اور معبود بنا لئے، وہ ۭ ان پر کوئی واضح دلیل کیوں نہیں لاتے؟ پس کون ہے

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا ﴿۱۵﴾ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ

اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى	اللّٰهِ	كَذِبًا	وَاِذِ	اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ	وَ	مَا يَعْبُدُوْنَ	اِلَّا اللّٰهَ
بڑا ظالم	اس سے جو	افترا کرے	پر	اللہ	جھوٹ	اور جب	تم نے ان سے کنارہ کر لیا	اور	جو وہ پوجتے ہیں	اللہ کے سوا

اس سے بڑا ظالم؟ جو اللہ پر جھوٹ افترا کرے - اور جب تم نے اُن سے اور جن کو وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں اُن سے کنارہ کر لیا ہے

فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾

فَاْوٗٓا	اِلَى الْكَهْفِ	يَنْشُرْ لَكُمْ	رَبُّكُمْ	مِّنْ	رَّحْمَتِهٖ	وَيُهَيِّئْ	لَكُمْ	مِّنْ	اَمْرِكُمْ	مِّرْفَقًا
تو پناہ لو	طرف میں غار	پھیلا دے گا تمہیں	تمہارا رب	سے	اپنی رحمت	مہیا کرے گا	تمہارے لئے	سے	تمہارے کام	سہولت

تو غار میں پناہ لو، تمہارا رب تمہارے لئے اپنی رحمت پھیلا دے گا، اور تمہارے کام میں تمہارے لئے سہولت مہیا کرے گا۔

وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ

وَتَرَى	الشَّمْسَ	اِذَا	طَلَعَتْ	تَّزٰوَرُ	عَنْ	كَهْفِهِمْ	ذَاتَ الْيَمِيْنِ	وَاِذَا	غَرَبَتْ
اور تم دیکھو گے	سورج (دھوپ)	جب	وہ نکلتی ہے	بچ کر جاتی ہے	سے	ان کا غار	دائیں طرف	اور جب	وہ ڈھل جاتی ہے

اور تم دیکھو گے جب دھوپ نکلتی ہے، وہ ان کی غار سے دائیں طرف بچ کر جاتی ہے، اور جب وہ ڈھلتی ہے

تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ مَنْ يَّهْدِ

تَقْرِضُهُمْ	ذَاتَ الشِّمَالِ	وَهُمْ	فِيْ	فَجْوَةٍ	مِنْهُ	ذٰلِكَ	مِنْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	مَنْ يَّهْدِ
ان سے کترا جاتی ہے	بائیں طرف	اور وہ	میں	کھلی جگہ	اس (غار) کی	یہ	سے	اللہ کی نشانیاں	جو۔ جسے ہدایت دے

تو ان سے بائیں طرف کو کترا جاتی ہے، اور وہ غار کی کھلی جگہ میں ہیں، یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے، جسے ہدایت دے

ع ۲ ۵ ۱۴

اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا

اللّٰهُ	فَهُوَ الْمُهْتَدِ	وَمَنْ	يُّضْلِلْ	فَلَنْ تَجِدَ	لَهٗ	وَلِيًّا	مُّرْشِدًا	وَتَحْسَبُهُمْ	اَيْقَاظًا
اللہ	پس وہ ہدایت یافتہ	اور جو۔ جس	وہ گمراہ کرے	پس تو ہرگز نہ پائے گا	اسکے لئے	کوئی رفیق	سیدھی راہ دکھانے والا	اور تو انہیں سمجھے	بیدار

اللہ سو وہی ہدایت یافتہ ہے اور جسے وہ گمراہ کرے تو اسکے لئے ہرگز کوئی رفیق، سیدھی راہ دکھانے والا نہ پاؤ گے۔ اور تو انہیں بیدار سمجھے

وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ

وَّهُمْ	رُقُوْدٌ	وَّنُقَلِّبُهُمْ	ذَاتَ الْيَمِيْنِ	وَ	ذَاتَ الشِّمَالِ	وَكَلْبُهُمْ	بَاسِطٌ	ذِرَاعَيْهِ
حالانکہ وہ	سوئے ہوئے	اور ہم بدلواتے ہیں انہیں	دائیں طرف	اور	بائیں طرف	اور ان کا کتا	پھیلائے ہوئے	دونوں ہاتھ

حالانکہ وہ سوئے ہوئے ہیں اور ہم انہیں دائیں طرف اور بائیں طرف (کروٹ) بدلواتے ہیں اور ان کا کتا دونوں ہاتھ (پنجے) پھیلائے ہوئے ہے

بِالْوَصِيْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿۱۸﴾

بِالْوَصِيْدِ	لَوِ اطَّلَعْتَ	عَلَيْهِمْ	لَوَلَّيْتَ	مِنْهُمْ	فِرَارًا	وَّ	لَمُلِئْتَ	مِنْهُمْ	رُعْبًا
دہلیز پر	اگر تو جھانکتا	ان پر	تو پیٹھ پھیرتا	ان سے	بھاگتا ہوا	اور تو بھر جاتا		ان سے	دہشت میں

دہلیز پر، اگر تو ان پر جھانکتا تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگتا، اور ان سے دہشت میں بھر جاتا۔

وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ؕ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا لَبِثْنَا

وَكَذٰلِكَ	بَعَثْنٰهُمْ	لِيَتَسَآءَلُوْا	بَيْنَهُمْ	قَالَ	قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ	كَمْ لَبِثْتُمْ	قَالُوْا	لَبِثْنَا
اور اسی طرح	ہم نے انہیں اٹھایا	تاکہ وہ ایکدوسرے سے سوال کریں	آپس میں	کہا	ایک کہنے والا	ان میں سے	تم کتنی دیر رہے	انہوں نے کہا	ہم رہے

اور ہم نے اسی طرح انہیں اٹھایا تاکہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے سوال کریں، ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا تم (یہاں) کتنی دیر رہے ہو؟ انہوں نے کہا ہم رہے

يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ

يَوْمًا	اَوْ	بَعْضَ يَوْمٍ	قَالُوْا	رَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِمَا لَبِثْتُمْ	فَابْعَثُوْٓا	اَحَدَكُمْ	بِوَرِقِكُمْ	هٰذِهٖٓ
ایک دن	یا	ایک دن کا کچھ حصہ	انہوں نے کہا	تمہارا رب	خوب جانتا ہے	جتنی مدت تم رہے	پس بھیجو تم	اپنے میں سے ایک	اپنا روپیہ دے کر	یہ

ایک دن یا ایک دن کا کچھ حصہ، انہوں نے کہا تمہارا رب خوب جانتا ہے تم کتنی مدت رہے ہو؟ پس اپنے میں سے ایک کو اپنا یہ روپیہ دے کر بھیجو

اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَ

اِلَى	الْمَدِيْنَةِ	فَلْيَنْظُرْ	اَيُّهَآ	اَزْكٰى	طَعَامًا	فَلْيَاْتِكُمْ	بِرِزْقٍ	مِّنْهُ	وَلْيَتَلَطَّفْ	وَ
طرف	شہر	پس وہ دیکھے	کونسا	پاکیزہ تر	کھانا	تو وہ تمہارے لئے لے آئے	کھانا	اس سے	اور نرمی کرے	اور

شہر کی طرف، پس وہ دیکھے کون سا کھانا پاکیزہ تر ہے، تو وہ اس سے تمہارے لئے لے آئے اور نرمی کرے اور

لَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ﴿۱۹﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ

لَا يُشْعِرَنَّ	بِكُمْ	اَحَدًا	اِنَّهُمْ	اِنْ يَّظْهَرُوْا	عَلَيْكُمْ	يَرْجُمُوْكُمْ	اَوْ	يُعِيْدُوْكُمْ
اور وہ خبر نہ دے بیٹھے	تمہاری	کسی کو	بیشک وہ	اگر وہ خبر پالیں گے	تمہاری	تمہیں سنگسار کر دیں گے	یا	تمہیں لوٹا لیں گے

کسی کو تمہاری خبر نہ دے بیٹھے۔ بیشک اگر وہ تمہاری خبر پا لیں گے تو وہ تمہیں سنگسار کر دیں گے یا تمہیں لوٹا لیں گے

فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۲۰﴾ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ

فِيْ	مِلَّتِهِمْ	وَ	لَنْ تُفْلِحُوْٓا	اِذًا	اَبَدًا	وَكَذٰلِكَ	اَعْثَرْنَا	عَلَيْهِمْ	لِيَعْلَمُوْٓا	اَنَّ
میں	اپنی ملت	اور	تم ہرگز فلاح نہ پاؤ گے	اس صورت میں	کبھی	اور اسی طرح	ہم نے خبردار کر دیا	ان پر	تاکہ وہ جان لیں	کہ

اپنی ملت میں، اور اس صورت میں تم ہرگز کبھی فلاح نہ پاؤ گے۔ اور اسی طرح ہم نے (لوگوں کو) ان پر خبردار کیا تاکہ وہ جان لیں کہ

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ

وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّاَنَّ	السَّاعَةَ	لَا رَيْبَ	فِيْهَا	اِذْ	يَتَنَازَعُوْنَ	بَيْنَهُمْ	اَمْرَهُمْ
اللہ کا وعدہ	سچا	اور یہ کہ	قیامت	کوئی شک نہیں	اس میں	جب	وہ جھگڑتے تھے	آپس میں	ان کا معاملہ

اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور یہ کہ قیامت میں کوئی شک نہیں، (یاد کرو) جب وہ ان کے معاملے میں آپس میں جھگڑتے تھے،

نصف القرآن باعتبار عدد الآیات وباعتبار عدد الحروف والنصف الاول والنصف الثانی من النصف الاول

فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۖ رَبُّهُمْ أَعْلَمُ بِهِمْ ۖ قَالَ الَّذِينَ غَلَبُوا عَلَىٰ أَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ

فَقَالُوا	ابْنُوا	عَلَيْهِمْ	بُنْيَانًا	رَبُّهُمْ	أَعْلَمُ بِهِمْ	قَالَ	الَّذِينَ غَلَبُوا	عَلَىٰ	أَمْرِهِمْ	لَنَتَّخِذَنَّ
تو انہوں نے کہا	بناؤ	ان پر	ایک عمارت	ان کا رب	خوب جانتا ہے انہیں	کہا	وہ لوگ جو غالب تھے	پر	اپنے کام	ہم ضرور بنائیں گے

تو انہوں نے کہا ان پر ایک عمارت بناؤ، ان کا رب انہیں خوب جانتا ہے۔ جو لوگ اپنے کام پر غالب تھے انہوں نے کہا ہم ضرور بنائیں گے

عَلَيْهِمْ مَسْجِدًا ﴿٢١﴾ سَيَقُولُونَ ثَلَاثَةٌ رَابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ

عَلَيْهِمْ	مَسْجِدًا	سَيَقُولُونَ	ثَلَاثَةٌ	رَابِعُهُمْ	كَلْبُهُمْ	وَيَقُولُونَ	خَمْسَةٌ	سَادِسُهُمْ
ان پر	ایک مسجد	اب وہ کہیں گے	تین	ان کا چوتھا	ان کا کتا	اور وہ کہیں گے	پانچ	ان کا چھٹا

ان پر ایک مسجد (عبادت گاہ)۔ اب (کچھ) کہیں گے وہ تین ہیں چوتھا ان کا کتا ہے، اور (کچھ) کہیں گے وہ پانچ ہیں اور ان کا چھٹا

كَلْبُهُمْ ۚ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۖ وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ قُلْ رَبِّي أَعْلَمُ

كَلْبُهُمْ	رَجْمًا	بِالْغَيْبِ	وَيَقُولُونَ	سَبْعَةٌ	وَثَامِنُهُمْ	كَلْبُهُمْ	قُلْ	رَبِّي	أَعْلَمُ
ان کا کتا	بات پھینکنا	بن دیکھے	اور کہیں گے وہ	سات	اور ان کا آٹھواں	ان کا کتا	کہہ دیں آپ	میرا رب	خوب جانتا ہے

ان کا کتا، بن دیکھے بات پھینکتے ہیں (اٹکل کے تکے چلا رہے ہیں) کچھ کہیں گے وہ سات ہیں اور آٹھواں ان کا کتا ہے، آپ کہہ دیں میرا رب خوب جانتا ہے

مَا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ ۗ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَاءً ظَاهِرًا ۖ وَلَا تَسْتَفْتِ

بِعِدَّتِهِمْ	مَا يَعْلَمُهُمْ	إِلَّا	قَلِيلٌ	فَلَا تُمَارِ	فِيهِمْ	إِلَّا	مِرَاءً	ظَاهِرًا	وَ	لَا تَسْتَفْتِ
ان کی گنتی (تعداد)	انہیں نہیں جانتے ہیں	مگر صرف	تھوڑے	پس نہ جھگڑو	ان میں	سوائے	بحث	ظاہری (سرسری)	اور	نہ پوچھ

ان کی تعداد، انہیں صرف تھوڑے جانتے ہیں، پس سرسری بحث کے سوا ان کے (بارے میں) نہ جھگڑو ؛ اور نہ پوچھو

ع ۳ ۵ ۱۵

فِيهِمْ مِنْهُمْ أَحَدًا ﴿٢٢﴾ وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ إِلَّا أَنْ

فِيهِمْ	مِنْهُمْ	أَحَدًا	وَ	لَا تَقُولَنَّ	لِشَيْءٍ	إِنِّي	فَاعِلٌ	ذَٰلِكَ	غَدًا	إِلَّا	أَنْ
انکے (بارہ) میں	ان میں سے	کسی	اور	ہرگز نہ کہنا تم	کسی کام کو	کہ میں	کرنیوالا ہوں	یہ	کل	مگر	یہ کہ

ان کے بارہ میں ان میں سے کسی سے۔ اور ہرگز کسی کام کو نہ کہنا کہ "میں کل کرنے والا ہوں" (کل کردوں گا) ؛ مگر "یہ کہ

يَشَاءَ اللَّهُ ۚ وَاذْكُرْ رَبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسَىٰ أَنْ يَهْدِيَنِ رَبِّي

يَشَاءَ	اللَّهُ	وَاذْكُرْ	رَبَّكَ	إِذَا	نَسِيتَ	وَقُلْ	عَسَىٰ	أَنْ يَهْدِيَنِ	رَبِّي
چاہے	اللہ	اور تو یاد کر	اپنا رب	جب	تو بھول جائے	اور کہہ	امید ہے	کہ مجھے ہدایت دے	میرا رب

اللہ چاہے (انشاء اللہ) اور جب تو بھول جائے تو اپنے رب کو یاد کر اور کہو امید ہے کہ میرا رب مجھے ہدایت دے

لَاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿۲۴﴾ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَ

لَاَقْرَبَ	مِنْ هٰذَا	رَشَدًا	وَلَبِثُوْا	فِيْ	كَهْفِهِمْ	ثَلٰثَ	مِائَةٍ	سِنِيْنَ	وَ
بہت زیادہ قریب کی	اس سے	بھلائی	اور وہ رہے	میں	اپنا غار	تین	سو	سال	اور

اس سے بہت زیادہ قریب کی بھلائی کی - اور وہ اس غار میں تین سو سال رہے ، اور

ازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

ازْدَادُوْا	تِسْعًا	قُلِ	اللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا لَبِثُوْا	لَهٗ	غَيْبُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
اور ان کے اوپر	نو	آپ کہدیں	اللہ	خوب جانتا ہے	کتنی مدت وہ ٹھہرے	اسی کو	غیب	آسمانوں	اور زمین

اور ان کے اوپر نو (۳۰۹ سال) آپ کہدیں اللہ خوب جانتا ہے وہ کتنی مدت ٹھہرے، اسی کو ہے آسمانوں اور زمین کا غیب،

اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

اَبْصِرْ بِهٖ	وَاَسْمِعْ	مَا لَهُمْ	مِنْ دُوْنِهٖ	مِنْ وَّلِيٍّ	وَّلَا يُشْرِكُ	فِيْ حُكْمِهٖ	اَحَدًا
کیا وہ دیکھتا ہے	اور کیا وہ سنتا ہے	انکے لئے نہیں	اس کے سوا	کوئی مددگار	اور وہ شریک نہیں کرتا	اپنے حکم میں	کسی کو

کیا (خوب) وہ دیکھتا ہے اور کیا (خوب) وہ سنتا ہے! ان کے لئے اس کے سوا کوئی مددگار نہیں، وہ اپنے حکم میں کسی کو شریک نہیں کرتا -

وَاتْلُ مَاۤ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ

وَاتْلُ	مَاۤ اُوْحِيَ	اِلَيْكَ	مِنْ	كِتَابِ	رَبِّكَ	لَا مُبَدِّلَ	لِكَلِمٰتِهٖ	وَ	لَنْ تَجِدَ
اور آپ پڑھیں	جو وحی کی گئی	آپ کی طرف	سے	کتاب	آپ کا رب	نہیں کوئی بدلنے والا	اس کی باتوں کو	اور	تم ہرگز نہ پاؤ گے

اور آپ پڑھیں جو آپ کی طرف آپ کے رب کی کتاب وحی کی گئی ہے، اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں، اور تم ہرگز نہ پاؤ گے

مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ

مِنْ دُوْنِهٖ	مُلْتَحَدًا	وَاصْبِرْ	نَفْسَكَ	مَعَ	الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَدٰوةِ
اس کے سوا	کوئی پناہ گاہ	اور روکے رکھو	اپنا نفس (اپنا آپ)	ساتھ	وہ لوگ جو پکارتے ہیں	اپنا رب	صبح

اس کے سوا کوئی پناہ گاہ - اور اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ روکے (لگائے) رکھو جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح

وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۚ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

وَالْعَشِيِّ	يُرِيْدُوْنَ	وَجْهَهٗ	وَلَا تَعْدُ	عَيْنٰكَ	عَنْهُمْ	تُرِيْدُ	زِيْنَةَ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا
اور شام	وہ چاہتے ہیں	اس کا چہرہ (رضا)	نہ دوڑیں (نہ پھریں)	تمہاری آنکھیں	ان سے	تم طلبگار ہو جاؤ	آرائش	زندگی	دنیا

اور شام، وہ اس کی رضا چاہتے ہیں، اور تمہاری آنکھیں ان سے نہ پھریں کہ تم دنیا کی زندگی کی آرائش کے طلبگار ہو جاؤ،

وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾

وَلَا تُطِعْ	مَنْ	اَغْفَلْنَا	قَلْبَهٗ	عَنْ	ذِكْرِنَا	وَاتَّبَعَ	هَوٰىهُ	وَكَانَ	اَمْرُهٗ	فُرُطًا
اور کہا نہ مانو	جو جس	ہم نے غافل کر دیا	اس کا دل	سے	اپنا ذکر	اور پیچھے پڑ گیا	اپنی خواہش	اور ہے	اس کا کام	حد سے بڑھا ہوا

اور اس کا کہا نہ مانو جس کا دل، ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا، اور وہ اپنی خواہش کے پیچھے پڑ گیا، اور اس کا کام حد سے بڑھا ہوا ہے۔

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۟ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ اِنَّآ اَعْتَدْنَا

وَقُلِ	الْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَمَنْ	شَآءَ	فَلْيُؤْمِنْ	وَّمَنْ	شَآءَ	فَلْيَكْفُرْ	اِنَّآ	اَعْتَدْنَا
اور کہدیں	حق	سے	تمہارا رب	پس جو	چاہے	سو ایمان لائے	اور جو	چاہے	سو کفر کرے	بیشک ہم	ہم نے تیار کیا

اور آپ کہہ دیں حق تمہارے رب کی طرف سے ہے، پس جو چاہے سو ایمان لائے اور جو چاہے سو نہ مانے، ہم نے بیشک تیار کی ہے

لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۭ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَاۗءٍ كَالْمُهْلِ

لِلظّٰلِمِيْنَ	نَارًا	اَحَاطَ	بِهِمْ	سُرَادِقُهَا	وَاِنْ	يَّسْتَغِيْثُوْا	يُغَاثُوْا	بِمَاۗءٍ	كَالْمُهْلِ
ظالموں کے لئے	آگ	گھیر لیں گی	انہیں	اس کی قناتیں	اور اگر	وہ فریاد کریں گے	وہ دادرسی کئے جائینگے	پانی سے	پگھلے ہوئے تانبے کی مانند

ظالموں کے لئے آگ، اس کی قناتیں انہیں گھیر لیں گی، اور اگر وہ فریاد کریں گے تو پگھلے ہوئے تانبے کے مانند (کھولتے) پانی سے دادرسی کئے جائیں گے

يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ الشَّرَابُ ۭ وَسَاۗءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

يَشْوِي	الْوُجُوْهَ	بِئْسَ الشَّرَابُ	وَسَاۗءَتْ	مُرْتَفَقًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
وہ بھون ڈالے گا	منہ (جمع)	برا ہے پینا (مشروب)	اور بری ہے	آرام گاہ	بیشک	جو لوگ ایمان	لائے	اور انہوں نے عمل کئے

وہ (اُن کے) منہ بھون ڈالے گا، بُرا ہے اُن کا مشروب اور بُری ہے (ان کی) آرام گاہ (جہنم)۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے

الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ

الصّٰلِحٰتِ	اِنَّا	لَا نُضِيْعُ	اَجْرَ	مَنْ	اَحْسَنَ	عَمَلًا	اُولٰۗىِٕكَ	لَهُمْ	جَنّٰتُ	عَدْنٍ	تَجْرِيْ
نیک	یقیناً ہم	ہم ضائع نہیں کریں گے	اجر	جو جس	اچھا کیا	عمل	یہی لوگ	انکے لئے	باغات	ہمیشگی	بہتی ہیں

نیک، یقیناً ہم اس کا اجر ضائع نہیں کریں گے جس نے اچھا عمل کیا۔ یہی لوگ ہیں ان کے لئے ہمیشگی کے باغات ہیں، بہتی ہیں

مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا

مِنْ تَحْتِهِمُ	الْاَنْهٰرُ	يُحَلَّوْنَ	فِيْهَا	مِنْ	اَسَاوِرَ	مِنْ	ذَهَبٍ	وَّيَلْبَسُوْنَ	ثِيَابًا
ان کے نیچے	نہریں	پہنائے جائیں گے	اس میں	سے	کنگن	سے	سونا	اور وہ پہنیں گے	کپڑے

ان کے نیچے نہریں، اس میں انہیں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے، اور وہ کپڑے پہنیں گے

خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ

خُضْرًا	مِنْ	سُنْدُسٍ	وَّاِسْتَبْرَقٍ	مُّتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا	عَلَى الْاَرَآئِكِ	نِعْمَ	الثَّوَابُ
سبز رنگ	سے۔کے	باریک ریشم	اور دبیز ریشم	تکیہ لگائے ہوئے	اس میں	تختوں (مسہریوں) پر	اچھا	بدلہ

سبز باریک ریشم کے اور دبیز ریشم کے، اس میں مسہریوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے، اچھا ہے بدلہ

ع ۴ ۹ ۱۶

وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۳۱﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ

وَحَسُنَتْ	مُرْتَفَقًا	وَاضْرِبْ	لَهُمْ	مَّثَلًا	رَّجُلَيْنِ	جَعَلْنَا	لِاَحَدِهِمَا	جَنَّتَيْنِ
اور خوب ہے	آرام گاہ	اور بیان کریں آپ	ان کے لئے	مثال (حال)	دو آدمی	ہم نے بنائے	ان میں ایک کے لئے	دو باغ

اور خوب ہے آرام گاہ۔ اور آپ ان کے لئے دو آدمیوں کا حال بیان کریں، ہم نے ان میں سے ایک کے لئے دو باغ بنائے

مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿۳۲﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ

مِنْ	اَعْنَابٍ	وَحَفَفْنٰهُمَا	بِنَخْلٍ	وَجَعَلْنَا	بَيْنَهُمَا	زَرْعًا	كِلْتَا	الْجَنَّتَيْنِ
سے۔کے	انگور (جمع)	اور ہم نے انہیں گھیر لیا	کھجوروں کے درخت	اور بنا دی (رکھی)	ان کے درمیان	کھیتی	دونوں	باغ

انگوروں کے، اور ہم نے انہیں کھجوروں کے درختوں (کی باڑ) سے گھیر لیا، اور ان کے درمیان کھیتی رکھی۔ دونوں باغ

اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿۳۳﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ

اٰتَتْ	اُكُلَهَا	وَلَمْ تَظْلِمْ	مِنْهُ	شَيْـًٔا	وَفَجَّرْنَا	خِلٰلَهُمَا	نَهَرًا	وَكَانَ	لَهٗ	ثَمَرٌ
لائے	اپنے پھل	اور کم نہ کرتے تھے	اس سے	کچھ	اور ہم نے جاری کر دی	دونوں کے درمیان	ایک نہر	اور تھا	اسکے لئے	پھل

اپنے پھل لائے، اور اس (پیداوار) میں کچھ کمی نہ کرتے تھے، اور ہم نے ان دونوں کے درمیان میں ایک نہر جاری کر دی۔ اور اس کے لئے (بہت) پھل تھا

فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ

فَقَالَ	لِصَاحِبِهٖ	وَهُوَ	يُحَاوِرُهٗۤ	اَنَا اَكْثَرُ	مِنْكَ	مَالًا	وَّاَعَزُّ	نَفَرًا	وَدَخَلَ	جَنَّتَهٗ
تو وہ بولا	اپنے ساتھی سے	اور وہ	اس سے باتیں کرتے ہوئے	میں زیادہ تر	تجھ سے	مال میں	اور زیادہ باعزت	آدمیوں کے لحاظ سے	اور وہ داخل ہوا	اپنا باغ

تو وہ اپنے ساتھی سے بولا، میں مال میں تجھ سے زیادہ تر ہوں، اور آدمیوں (جتھے) کے لحاظ سے زیادہ باعزت ہوں۔ اور وہ اپنے باغ میں داخل ہوا

وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَاۤ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖۤ اَبَدًا ﴿۳۵﴾ وَّمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ

وَهُوَ	ظَالِمٌ	لِّنَفْسِهٖ	قَالَ	مَاۤ اَظُنُّ	اَنْ	تَبِيْدَ	هٰذِهٖۤ	اَبَدًا	وَّ مَاۤ اَظُنُّ	السَّاعَةَ
اور وہ	ظلم کر رہا تھا	اپنی جان پر	وہ بولا	میں گمان نہیں کرتا	کہ	برباد ہوگا	یہ	کبھی	اور میں گمان نہیں کرتا	قیامت

(اس حال میں کہ) وہ اپنی جان پر ظلم کر رہا تھا، وہ بولا میں گمان نہیں کرتا کہ یہ کبھی برباد ہوگا۔ اور میں گمان نہیں کرتا کہ قیامت

قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّىْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ

قَآئِمَةً	وَّلَئِنْ	رُّدِدْتُّ	اِلٰى	رَبِّىْ	لَاَجِدَنَّ	خَيْرًا	مِّنْهَا	مُنْقَلَبًا	قَالَ	لَهٗ	صَاحِبُهٗ
قائم (برپا)	اور اگر	میں لوٹایا گیا	طرف	اپنا رب	میں ضرور پاؤں گا	بہتر	اس سے	لوٹنے کی جگہ	کہا	اس سے	اس کا ساتھی

برپا ہونے والی ہے، اور اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹایا گیا تو میں ضرور اس سے بہتر لوٹنے کی جگہ پاؤں گا - اس کے ساتھی نے اس سے کہا

وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِىْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ

وَهُوَ	يُحَاوِرُهٗٓ	اَكَفَرْتَ	بِالَّذِىْ	خَلَقَكَ	مِنْ تُرَابٍ	ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ سَوّٰىكَ
اور وہ	اس سے باتیں کر رہا تھا	کیا تو کفر کرتا ہے	اسکے ساتھ جس نے	تجھے پیدا کیا	مٹی سے	پھر	نطفہ سے	پھر تجھے پورا بنایا

اور وہ اس سے باتیں کر رہا تھا، کیا تو اس کے ساتھ کفر کرتا ہے؟ جس نے تجھے مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفہ سے، پھر اس نے تجھے بنا یا

رَجُلًا ﴿۳۷﴾ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّىْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّىْٓ اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ

رَجُلًا	لٰكِنَّا	هُوَ	اللّٰهُ	رَبِّىْ	وَلَآ اُشْرِكُ	بِرَبِّىْٓ	اَحَدًا	وَلَوْلَآ	اِذْ دَخَلْتَ
مرد	لیکن میں	وہ	اللہ	میرا رب	اور میں شریک نہیں کرتا	اپنے رب کے ساتھ	کسی کو	اور کیوں نہ	جب تو داخل ہوا

(پورا) مرد۔ لیکن میں (کہتا ہوں) وہی اللہ میرا رب ہے، اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔ اور کیوں نہ جب تو داخل ہوا

جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا

جَنَّتَكَ	قُلْتَ	مَا شَآءَ اللّٰهُ	لَا قُوَّةَ	اِلَّا	بِاللّٰهِ	اِنْ تَرَنِ	اَنَا	اَقَلَّ	مِنْكَ	مَالًا
اپنا باغ	تو نے کہا	جو چاہے اللہ	نہیں قوت	مگر	اللہ کی	اگر تو مجھے دیکھتا ہے	مجھے	کم تر	اپنے سے	مال میں

(اپنے باغ میں) تو نے کہا "ماشاء اللہ" (جو اللہ چاہے وہی ہوتا ہے) کوئی قوت نہیں مگر اللہ کی (دی ہوئی) اگر تو مجھے اپنے سے کم تر دیکھتا ہے مال میں

وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ فَعَسٰى رَبِّىْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا

وَّوَلَدًا	فَعَسٰى	رَبِّىْٓ	اَنْ	يُّؤْتِيَنِ	خَيْرًا	مِّنْ	جَنَّتِكَ	وَيُرْسِلَ	عَلَيْهَا	حُسْبَانًا
اور اولاد میں	تو قریب ہے	میرا رب	کہ	مجھے دے	بہتر	سے	تیرا باغ	اور بھیجے	اس پر	آفت

اور اولاد میں، تو قریب ہے کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے بہتر دے اور اس (تیرے باغ) پر آفت بھیجے

مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ

مِنَ	السَّمَآءِ	فَتُصْبِحَ	صَعِيْدًا	زَلَقًا	اَوْ	يُصْبِحَ	مَآؤُهَا	غَوْرًا	فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ
سے	آسمان	پھر وہ ہو کر رہ جائے	مٹی کا میدان	چٹیل	یا	ہو جائے	اس کا پانی	خشک	پھر تو ہرگز نہ کر سکے

آسمان سے، پھر وہ مٹی کا چٹیل میدان، ہو کر رہ جائے یا اس کا پانی خشک ہو جائے، اور تو ہرگز نہ کر سکے

لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا

لَهٗ	طَلَبًا	وَاُحِيْطَ	بِثَمَرِهٖ	فَاَصْبَحَ	يُقَلِّبُ	كَفَّيْهِ	عَلٰى	مَآ اَنْفَقَ	فِيْهَا
اس کو	طلب (تلاش)	اور گھیر لیا گیا	اس کے پھل	پس وہ رہ گیا	وہ ملنے لگا	اپنے ہاتھ	پر	جو اس نے خرچ کیا	اس میں

اس کو تلاش۔ اور اس کے پھل (عذاب میں) گھیر لئے گئے اور اس میں جو اس نے خرچ کیا تھا، وہ اس پر اپنے ہاتھ ملتا رہ گیا

وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾

وَهِيَ	خَاوِيَةٌ	عَلٰى	عُرُوْشِهَا	وَيَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِيْ	لَمْ اُشْرِكْ	بِرَبِّيْٓ	اَحَدًا
اور وہ	گرا ہوا	پر	اپنی چھتریاں	اور وہ کہنے لگا	اے کاش	میں شریک نہ کرتا	اپنے رب کے ساتھ	کسی کو

اور وہ (باغ) اپنی چھتریوں پر گرا ہوا تھا اور وہ کہنے لگا اے کاش، میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا۔

وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾

وَلَمْ تَكُنْ	لَّهٗ	فِئَةٌ	يَّنْصُرُوْنَهٗ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَمَا	كَانَ	مُنْتَصِرًا
اور نہ ہوتی	اس کے لئے	کوئی جماعت	اس کی مدد کرتی وہ	سے	اللہ کے سوا	اور نہ	وہ تھا	بدلہ لینے کے قابل

اور اس کے لئے کوئی جماعت نہ ہوئی کہ اللہ کے سوا اس کی مدد کرتی، اور وہ بدلہ لینے کے قابل نہ تھا۔

ع ۵ ۱۳ ۱۷

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۭ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ

هُنَالِكَ	الْوَلَايَةُ	لِلّٰهِ	الْحَقِّ	هُوَ	خَيْرٌ	ثَوَابًا	وَّخَيْرٌ	عُقْبًا	وَاضْرِبْ	لَهُمْ
یہاں	اختیار	اللہ کے لئے	برحق	وہ	بہتر	ثواب دینے میں	اور بہتر	بدلہ دینے میں	اور بیان کردیں	ان کے لئے

یہاں اختیار اللہ برحق کے لئے ہے، وہی بہتر ہے ثواب دینے میں، اور بہتر ہے بدلہ دینے میں۔ اور آپ ان کے لئے بیان کریں

مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاۗءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاۗءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ

مَثَلَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	كَمَاۗءٍ	اَنْزَلْنٰهُ	مِنَ	السَّمَاۗءِ	فَاخْتَلَطَ	بِهٖ	نَبَاتُ الْاَرْضِ
مثال	دنیا کی زندگی	جیسے پانی	ہم نے اسکو اتارا	سے	آسمان	پس مل جل گیا	اس سے۔ ذریعہ	زمین کی نباتات (سبزہ)

دنیا کی مثال (وہ ایسے ہے) جیسے ہم نے آسمان سے پانی اتارا، پھر اس کے ذریعہ زمین کا سبزہ مل جل گیا (خوب گھنا اُگا)

فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ

فَاَصْبَحَ	هَشِيْمًا	تَذْرُوْهُ	الرِّيٰحُ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ	مُّقْتَدِرًا	اَلْمَالُ
وہ پھر ہو گیا	چورا چورا	اڑاتی ہے اسکو	ہوا (جمع)	اور ہے	اللہ	ہر شے پر	بڑی قدرت رکھنے والا	مال

پھر وہ چورا چورا ہو گیا کہ اس کو ہوائیں اُڑاتی ہیں، اور اللہ ہر شے پر بڑی قدرت رکھنے والا ہے۔ مال

وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا

وَالْبَنُوْنَ	زِيْنَةُ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَالْبٰقِيٰتُ	الصّٰلِحٰتُ	خَيْرٌ	عِنْدَ رَبِّكَ	ثَوَابًا
اور بیٹے	زینت	دنیا کی زندگی	اور باقی رہنے والی	نیکیاں	بہتر	تیرے رب کے نزدیک	ثواب میں

اور بیٹے دنیا کی زندگی کی زینت ہیں، اور باقی رہنے والی نیکیاں تیرے رب کے نزدیک بہتر ہیں ثواب میں ۔

وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ

وَّخَيْرٌ	اَمَلًا	وَ يَوْمَ	نُسَيِّرُ	الْجِبَالَ	وَتَرَى	الْاَرْضَ	بَارِزَةً	وَّ حَشَرْنٰهُمْ
اور بہتر	آرزو میں	اور جس دن	ہم چلائیں گے	پہاڑ	اور تو دیکھے گا	زمین	کھلی ہوئی (صاف میدان)	اور ہم انہیں جمع کرلیں گے

اور بہتر ہیں آرزو میں ۔ اور جس دن ہم پہاڑ چلائیں گے، اور تو زمین کو صاف میدان دیکھے گا، اور ہم انہیں جمع کرلیں گے،

فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا

فَلَمْ نُغَادِرْ	مِنْهُمْ	اَحَدًا	وَ عُرِضُوْا	عَلٰى	رَبِّكَ	صَفًّا	لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا
پھر نہ چھوڑیں گے ہم	ان سے	کسی کو	اور وہ پیش کئے جائیں گے	پر	سامنے تیرا رب	صف بستہ	البتہ تم ہمارے سامنے آ گئے

پھر ہم ان میں سے کسی کو نہ چھوڑیں گے ۔ اور وہ تیرے رب کے سامنے صف بستہ پیش کئے جائیں گے (آخر) البتہ تم ہمارے سامنے آ گئے،

كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ

كَمَا	خَلَقْنٰكُمْ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	بَلْ	زَعَمْتُمْ	اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ	مَّوْعِدًا	وَوُضِعَ
جیسے	ہم نے تمہیں پیدا کیا تھا	پہلی بار	بلکہ (جبکہ)	تم سمجھتے تھے	کہ ہم ہرگز نہ ٹھہرائیں گے تمہارے لئے	کوئی وقتِ موعود	اور رکھی جائے گی

جیسے ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا، جبکہ تم سمجھتے تھے کہ ہم تمہارے لئے ہرگز کوئی وقتِ موعود نہ ٹھہرائیں گے ۔ اور رکھی جائے گی

الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ

الْكِتٰبُ	فَتَرَى	الْمُجْرِمِيْنَ	مُشْفِقِيْنَ	مِمَّا	فِيْهِ	وَيَقُوْلُوْنَ	يٰوَيْلَتَنَا	مَالِ
کتاب	سو تم دیکھو گے	مجرم (جمع)	ڈرتے ہوئے	اس سے جو	اس میں	اور وہ کہیں گے	ہائے ہماری شامتِ اعمال	کیسی ہے

کتاب (جو اس میں لکھا ہوگا) سو تم مجرموں کو اس سے ڈرتے ہوئے دیکھو گے اور وہ کہیں گے ہائے ہماری شامتِ اعمال! کیسی ہے

هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا

هٰذَا الْكِتٰبِ	لَا يُغَادِرُ	صَغِيْرَةً	وَّلَا	كَبِيْرَةً	اِلَّآ اَحْصٰىهَا	وَ وَجَدُوْا
یہ کتاب (تحریر)	یہ نہیں چھوڑتی	چھوٹی بات	اور نہ	بڑی بات	مگر وہ اسے گھیرے (قلم بند کئے) ہوئے	اور وہ پالیں گے

یہ تحریر! یہ نہیں چھوڑتی چھوٹی سی بات اور نہ بڑی بات مگر اسے قلم بند کئے ہوئے ہے، اور وہ پالیں گے

مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا

مَا عَمِلُوْا	حَاضِرًا	وَلَا يَظْلِمُ	رَبُّكَ	اَحَدًا	وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا
جو انہوں نے کیا	سامنے	اور ظلم نہیں کرے گا	تمہارا رب	کسی پر	اور جب	ہم نے کہا	فرشتوں سے	تم سجدہ کرو

جو کچھ انہوں نے کیا (اپنے) سامنے، اور تمہارا رب کسی پر ظلم نہیں کرے گا - اور (یاد کرو) جب ہم نے فرشتوں سے کہا تم سجدہ کرو

لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ

لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	كَانَ	مِنَ	الْجِنِّ	فَفَسَقَ	عَنْ	اَمْرِ رَبِّهٖ
آدمؑ کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس	وہ تھا	سے	جنّ	وہ (باہر) نکل گیا	سے	اپنے رب کا حکم

آدمؑ کو تو (اُن) سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، وہ (قوم) جنّ سے تھا، اور وہ اپنے رب کے حکم سے باہر نکل گیا

اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ

اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ	وَذُرِّيَّتَهٗٓ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِيْ	وَهُمْ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	بِئْسَ	لِلظّٰلِمِيْنَ
سو تم کیا اس کو بناتے ہو	اور اس کی اولاد	دوست (جمع)	میرے سوائے	اور وہ	تمہارے لئے	دشمن	بُرا ہے	ظالموں کے لئے

سو کیا تم اس کو اور اس کی اولاد کو میرے سوائے دوست بناتے ہو؟ اور وہ تمہارے دشمن ہیں، بُرا ہے ظالموں کے لئے

بَدَلًا ﴿۵۰﴾ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪

بَدَلًا	مَا	اَشْهَدْتُّهُمْ	خَلْقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ	لَا خَلْقَ	اَنْفُسِهِمْ
بدل	نہیں	حاضر کیا میں نے انہیں	پیدا کرنا	آسمانوں	اور زمین	اور	نہ پیدا کرنا	انکی جانیں (خود وہ)

بدل - میں نے انہیں نہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے (کے وقت) حاضر کیا (بلایا)، اور نہ خود اُن کے پیدا کرنے (وقت)،

وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿۵۱﴾ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

وَمَا كُنْتُ	مُتَّخِذَ	الْمُضِلِّيْنَ	عَضُدًا	وَيَوْمَ	يَقُوْلُ	نَادُوْا	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ
اور میں نہیں	بنانے والا	گمراہ کرنے والے	بازو	اور جس دن	وہ فرمائے گا	بلاؤ	میرے شریک (جمع)	اور وہ جنہیں

اور میں گمراہ کرنے والوں کو (دست و) بازو بنانے والا نہیں ہوں - اور جس دن وہ (اللہ) فرمائے گا بلاؤ میرے شریکوں کو جنہیں

زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿۵۲﴾ وَرَاَ

زَعَمْتُمْ	فَدَعَوْهُمْ	فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَهُمْ	وَجَعَلْنَا	بَيْنَهُمْ	مَّوْبِقًا	وَرَاَ
تم نے گمان کیا	پس وہ انہیں پکاریں گے	تو وہ جواب نہ دیں گے	انہیں	اور ہم بنا دیں گے	ان کے درمیان	ہلاکت کی جگہ	اور دیکھیں گے

تم نے (معبود) گمان کیا تھا، پس وہ انہیں پکاریں گے تو وہ جواب نہ دیں گے، اور ہم ان کے درمیان ہلاکت کی جگہ بنا دیں گے - اور دیکھیں گے

الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ۝۵۳ وَ

الْمُجْرِمُوْنَ	النَّارَ	فَظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ	مُّوَاقِعُوْهَا	وَ لَمْ يَجِدُوْا	عَنْهَا	مَصْرِفًا	وَ
مجرم (جمع)	آگ	تو وہ سمجھ جائیں گے	کہ وہ	گرنے والے ہیں اس میں	اور وہ نہ پائیں گے	اس سے	کوئی راہ	اور

مجرم آگ، تو وہ سمجھ جائیں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں، اور وہ اس سے (بچ نکلنے کی) کوئی راہ نہ پائیں گے، اور

لَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ

لَقَدْ صَرَّفْنَا	فِيْ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ	لِلنَّاسِ	مِنْ	كُلِّ مَثَلٍ	وَكَانَ	الْاِنْسَانُ
البتہ ہم نے پھیر پھیر کر بیان کیا	میں	اِس قرآن	لوگوں کے لئے	سے	ہر (طرح کی) مثالیں	اور ہے	انسان

ہم نے البتہ اس قرآن میں لوگوں کے لئے پھیر پھیر کر ہر قسم کی مثالیں بیان کی ہیں، اور انسان

اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ۝۵۴ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَاۗءَهُمُ الْهُدٰٓى

اَكْثَرَ شَيْءٍ	جَدَلًا	وَمَا مَنَعَ	النَّاسَ	اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا	اِذْ جَاۗءَهُمُ	الْهُدٰٓى
ہر شے سے زیادہ	جھگڑالو	اور نہیں روکا	لوگ	کہ وہ ایمان لائیں	جب آگئی ان کے پاس	ہدایت

ہر شے سے زیادہ جھگڑالو ہے۔ اور لوگوں کو (کسی بات سے) نہیں روکا کہ وہ ایمان لے آئیں جبکہ اُن کے پاس ہدایت آ گئی

وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ

وَيَسْتَغْفِرُوْا	رَبَّهُمْ	اِلَّآ	اَنْ	تَاْتِيَهُمْ	سُنَّةُ	الْاَوَّلِيْنَ	اَوْ	يَاْتِيَهُمُ
اور وہ بخشش مانگیں	اپنا رب	بجز	یہ کہ	انکے پاس آئے	رَوِش (معاملہ)	پہلوں کی	یا	آئے ان کے پاس

اور وہ اپنے رب سے بخشش مانگیں، بجز اس کے کہ ان کے پاس پہلوں کی رَوِش آئے یا ان کے پاس آئے

الْعَذَابُ قُبُلًا ۝۵۵ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ

الْعَذَابُ	قُبُلًا	وَمَا نُرْسِلُ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ	وَمُنْذِرِيْنَ	وَيُجَادِلُ
عذاب	سامنے کا	اور ہم نہیں بھیجتے	رسول (جمع)	مگر خوشخبری دینے والے	اور ڈر سنانے والے	اور جھگڑا کرتے ہیں

سامنے کا عذاب - اور ہم رسول نہیں بھیجتے مگر خوشخبری دینے والے اور ڈر سُنانے والے، اور جھگڑا کرتے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بِالْبَاطِلِ	لِيُدْحِضُوْا	بِهِ	الْحَقَّ	وَاتَّخَذُوْٓا	اٰيٰتِيْ	وَمَآ
وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	ناحق (کی باتوں) سے	تاکہ وہ پھسلا دیں	اس سے	حق	اور انہوں نے بنایا	میری آیات	اور جو-جس

کافر ناحق باتوں کے ساتھ تاکہ وہ اس سے حق (بات) کو پھسلا دیں، اور انہوں نے بنایا میری آیتوں کو اور جس سے

اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿۵۶﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَ

اُنْذِرُوْا	هُزُوًا	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ	ذُكِّرَ	بِاٰيٰتِ	رَبِّهٖ	فَاَعْرَضَ	عَنْهَا	وَ
وہ ڈرائے گئے	مذاق	اور کون	بڑا ظالم	اس سے جو	سمجھایا گیا	آیتوں سے	اس کا رب	تو اس نے منہ پھیر لیا	اس سے	اور

وہ ڈرائے گئے ایک مذاق۔ اور اس سے بڑا ظالم کون جسے اس کے رب کی آیتوں سے سمجھایا گیا تو اس نے اس سے منہ پھیر لیا، اور

نَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَ

نَسِيَ	مَا قَدَّمَتْ	يَدٰهُ	اِنَّا جَعَلْنَا	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	اَكِنَّةً	اَنْ	يَّفْقَهُوْهُ	وَ
وہ بھول گیا	جو آگے بھیجا	اس کے دونوں ہاتھ	بیشک ہم نے ڈال دیئے	ان کے دلوں پر	پردے	کہ	وہ اسے سمجھ سکیں	اور

اور بھول گیا جو اس کے دونوں ہاتھوں نے (اس نے) آگے بھیجا ہے۔ بیشک ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں کہ وہ اس (قرآن) کو سمجھ سکیں اور

فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا

فِيْٓ	اٰذَانِهِمْ	وَقْرًا	وَاِنْ	تَدْعُهُمْ	اِلَى	الْهُدٰى	فَلَنْ	يَّهْتَدُوْٓا	اِذًا
میں	ان کے کان	گرانی	اور اگر	تم انہیں بلاؤ	طرف	ہدایت	تو وہ ہرگز	نہ پائیں ہدایت	جب بھی

ان کے کانوں میں گرانی ہے (بہرے ہیں) اور اگر تم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو جب بھی وہ ہرگز ہدایت نہ پائیں گے

اَبَدًا ﴿۵۷﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ

اَبَدًا	وَرَبُّكَ	الْغَفُوْرُ	ذُو الرَّحْمَةِ	لَوْ	يُؤَاخِذُهُمْ	بِمَا كَسَبُوْا	لَعَجَّلَ
کبھی بھی	اور تمہارا رب	بخشنے والا	رحمت والا	اگر	اُن کا مواخذہ کرے	اس پر جو انہوں نے کیا	تو وہ جلد بھیجدے

کبھی بھی۔ اور تمہارا رب بخشنے والا، رحمت والا ہے۔ اگر ان کے کئے پر وہ ان کا مواخذہ کرے تو وہ جلد بھیجدے

لَهُمُ الْعَذَابَ ؕ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ﴿۵۸﴾ وَ

لَهُمُ	الْعَذَابَ	بَلْ	لَّهُمْ	مَّوْعِدٌ	لَّنْ يَّجِدُوْا	مِنْ دُوْنِهٖ	مَوْئِلًا	وَ
ان کے لئے	عذاب	بلکہ	ان کے لئے	ایک وقت مقرر	وہ ہرگز نہ پائیں گے	اس سے ورے	پناہ کی جگہ	اور

ان کے لئے عذاب، بلکہ ان کے لئے ایک وقت مقرر ہے اور وہ ہرگز اس کے ورے پناہ کی جگہ نہ پائیں گے۔ اور

۸ ع ۶ ۲۰

تِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾ ع

تِلْكَ	الْقُرٰى	اَهْلَكْنٰهُمْ	لَمَّا	ظَلَمُوْا	وَجَعَلْنَا	لِمَهْلِكِهِمْ	مَوْعِدًا
یہ (ان)	بستیاں	ہم نے انہیں ہلاک کر دیا	جب	انہوں نے ظلم کیا	اور ہم نے مقرر کیا	ان کی تباہی کے لئے	ایک مقررہ وقت

ان بستیوں کو جب انہوں نے ظلم کیا ہم نے ہلاک کر دیا، اور ہم نے ان کی تباہی کے لئے ایک وقت مقرر کیا۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ

وَاِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِفَتٰىهُ	لَآ اَبْرَحُ	حَتّٰى	اَبْلُغَ	مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ	اَوْ
اور جب	کہا	موسیٰؑ	اپنے جوان (شاگرد) سے	میں نہ ہٹوں گا	یہانتک	میں پہنچ جاؤں	دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ	یا

اور (یاد کرو) جب موسیٰؑ نے اپنے شاگرد سے کہا میں ہٹوں گا نہیں (چلتا رہوں گا) یہاں تک کہ پہنچ جاؤں دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ (سنگم پر) یا

اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ

اَمْضِيَ	حُقُبًا	فَلَمَّا	بَلَغَا	مَجْمَعَ	بَيْنِهِمَا	نَسِيَا	حُوْتَهُمَا	فَاتَّخَذَ	سَبِيْلَهٗ
چلتا رہوں گا	مدّتِ دراز	پھر جب	وہ دونوں پہنچے	ملنے کا مقام	دونوں کے درمیان	وہ بھول گئے	اپنی مچھلی	تو اس نے بنا لیا	اپنا راستہ

میں مدّتِ دراز چلتا رہوں گا۔ پھر جب وہ دونوں (دریاؤں) کے سنگم پر پہنچے تو وہ اپنی مچھلی بھول گئے تو اس (مچھلی) نے اپنا راستہ بنا لیا

فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿۶۱﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا لَقَدْ لَقِيْنَا

فِي الْبَحْرِ	سَرَبًا	فَلَمَّا	جَاوَزَا	قَالَ	لِفَتٰىهُ	اٰتِنَا	غَدَآءَنَا	لَقَدْ لَقِيْنَا
دریا میں	سُرنگ کی طرح	پھر جب	وہ آگے چلے	اس نے کہا	اپنے شاگرد کو	ہمارے پاس لاؤ	ہمارا صبح کا کھانا	البتہ ہم نے پائی

دریا میں سرنگ کی طرح۔ پھر جب وہ آگے چلے تو موسیٰؑ نے اپنے شاگرد کو کہا ہمارے لئے صبح کا کھانا لاؤ، البتہ ہم نے

مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ

مِنْ	سَفَرِنَا	هٰذَا	نَصَبًا	قَالَ	اَرَءَيْتَ	اِذْ	اَوَيْنَآ	اِلَى	الصَّخْرَةِ	فَاِنِّيْ
سے	اپنا سفر	اس	تکلیف	اس نے کہا	کیا آپ نے دیکھا؟	جب	ہم ٹھہرے	طرف۔پاس	پتھر	تو بیشک میں

اپنے اس سفر سے بہت (تکلیف) تھکان پائی ہے۔ اس نے کہا کیا آپ نے دیکھا؟ جب ہم پتھر کے پاس ٹھہرے تو بے شک

نَسِيْتُ الْحُوْتَ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ

نَسِيْتُ	الْحُوْتَ	وَ	مَآ اَنْسٰنِيْهُ	اِلَّا	الشَّيْطٰنُ	اَنْ اَذْكُرَهٗ	وَاتَّخَذَ
بھول گیا	مچھلی	اور	نہیں بھلایا مجھے	مگر	شیطان	کہ میں اس کا ذکر کروں	اور اس نے بنا لیا

میں مچھلی بھول گیا اور مجھے نہیں بھلایا مگر شیطان نے، کہ میں (آپ سے) اس کا ذکر کروں، اور اس نے بنا لیا

سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿۶۳﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۚ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا

سَبِيْلَهٗ	فِي الْبَحْرِ	عَجَبًا	قَالَ	ذٰلِكَ	مَا كُنَّا نَبْغِ	فَارْتَدَّا	عَلٰى	اٰثَارِهِمَا
اپنا راستہ	دریا میں	عجیب طرح	اس نے کہا	یہ	جو، ہم چاہتے تھے	پھر وہ دونوں لوٹے	پر	اپنے نشاناتِ (قدم)

اپنا راستہ دریا میں عجیب طرح سے۔ موسیٰؑ نے کہا یہی ہے (وہ مقام) جو ہم چاہتے تھے، پھر وہ دونوں لوٹے اپنے نشاناتِ قدم پر

قَصَصًا ﴿٦٤﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَ

قَصَصًا	فَوَجَدَا	عَبْدًا	مِنْ	عِبَادِنَا	اٰتَيْنٰهُ	رَحْمَةً	مِنْ	عِنْدِنَا	وَ
دیکھتے ہوئے	پھر دونوں نے پایا	ایک بندہ	سے	ہمارے بندے	ہم نے دی اسے	رحمت	سے	اپنے پاس	اور

دیکھتے ہوئے۔ پھر انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ (خضرؑ) کو پایا، اسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت دی ، اور

عَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿٦٥﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ

عَلَّمْنٰهُ	مِنْ لَّدُنَّا	عِلْمًا	قَالَ	لَهٗ	مُوْسٰى	هَلْ	اَتَّبِعُكَ	عَلٰٓى	اَنْ
ہم نے علم دیا اسے	اپنے پاس سے	علم	کہا	اس کو	موسیٰؑ	کیا	میں تمہارے ساتھ چلوں	پر	کہ

اور ہم نے اسے اپنے پاس سے علم دیا۔ موسیٰؑ نے اس سے کہا کیا میں تمہارے ساتھ چلوں ؟ اس (بات) پر کہ

تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿٦٦﴾ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٦٧﴾

تُعَلِّمَنِ	مِمَّا	عُلِّمْتَ	رُشْدًا	قَالَ	اِنَّكَ	لَنْ تَسْتَطِيْعَ	مَعِيَ	صَبْرًا
تم سکھا دو مجھے	اس سے جو	تمہیں سکھایا گیا ہے	بھلی راہ	اس نے کہا	بیشک تو	ہرگز نہ کر سکے گا تو	میرے ساتھ	صبر

تم مجھے سکھا دو اس بھلی راہ میں سے جو تمہیں سکھائی گئی ہے۔ اس (خضرؑ) نے کہا بیشک تو میرے ساتھ ہرگز صبر نہ کر سکے گا۔

وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿٦٨﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

وَكَيْفَ	تَصْبِرُ	عَلٰى	مَا	لَمْ تُحِطْ بِهٖ	خُبْرًا	قَالَ	سَتَجِدُنِيْٓ	اِنْ شَآءَ اللّٰهُ
اور کیسے	تو صبر کرے گا	اس پر	جو	تو نے احاطہ نہیں کیا اس کا	واقفیت سے	اس نے کہا	تم مجھے پاؤ گے جلد	اگر چاہا اللہ نے

اور تو اس پر کیسے صبر کر سکے گا جس کا تو نے واقفیت سے احاطہ نہیں کیا (جس سے تو واقف نہیں)، موسیٰؑ نے کہا اگر اللہ نے چاہا تو تم جلد مجھے پاؤ گے

صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿٦٩﴾ قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ

صَابِرًا	وَّلَآ اَعْصِيْ	لَكَ	اَمْرًا	قَالَ	فَاِنِ	اتَّبَعْتَنِيْ	فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ
صبر کرنے والا	اور میں نافرمانی نہ کروں گا	تمہارے	کسی بات	اس نے کہا	پس اگر	تجھے میرے ساتھ چلنا ہے	تو مجھ سے نہ پوچھنا

صبر کرنے والا، اور میں تمہاری کسی بات کی نافرمانی نہ کروں گا۔ خضرؑ نے کہا پس اگر تجھے میرے ساتھ چلنا ہے تو مجھ سے نہ پوچھنا

۹ ع ۱۱ ۲۱

عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿٧٠﴾ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَآ

عَنْ	شَيْءٍ	حَتّٰى	اُحْدِثَ	لَكَ	مِنْهُ	ذِكْرًا	فَانْطَلَقَا	حَتّٰٓى	اِذَآ
سے متعلق	کسی چیز	یہاں تک کہ	میں بیان کروں	تجھ سے	اس کا	ذکر	پھر وہ دونوں چلے	یہاں تک کہ	جب

کسی چیز سے متعلق، یہاں تک کہ میں خود تجھ سے ذکر کروں۔ پھر وہ دونوں چلے یہاں تک کہ جب

رَكِبَا فِي السَّفِينَةِ خَرَقَهَا ۖ قَالَ أَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ

رَكِبَا	فِي السَّفِينَةِ	خَرَقَهَا	قَالَ	أَخَرَقْتَهَا	لِتُغْرِقَ	أَهْلَهَا	لَقَدْ جِئْتَ
وہ دونوں سوار ہوئے	کشتی میں	اس نے سوراخ کر دیا اس میں	اس نے کہا	تم نے اس میں سوراخ کر دیا	کہ تم غرق کر دو	اس کے سوار	البتہ تو لایا (تو نے کی)

وہ دونوں کشتی میں سوار ہوئے، اس (خضرؑ) نے اس میں سوراخ کر دیا، موسیٰؑ نے کہا تم نے اس میں سوراخ کر دیا تاکہ تم اس کے سواروں کو غرق کر دو، البتہ تم نے ایک

شَيْئًا إِمْرًا ﴿٧١﴾ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٢﴾ قَالَ

شَيْئًا	إِمْرًا	قَالَ	أَلَمْ أَقُلْ	إِنَّكَ	لَن تَسْتَطِيعَ	مَعِيَ	صَبْرًا	قَالَ
ایک بات	بھاری	اس (خضرؑ) نے کہا	کیا میں نے نہیں کہا	بیشک تو	ہرگز نہ کر سکے گا تو	میرے ساتھ	صبر	اس نے کہا

بھاری (خطرہ کی) بات کی ہے۔ خضرؑ نے کہا کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ تو میرے ساتھ ہرگز صبر نہ کر سکے گا۔ موسیٰؑ نے کہا

لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْرًا ﴿٧٣﴾ فَانطَلَقَا

لَا تُؤَاخِذْنِي	بِمَا	نَسِيتُ	وَلَا تُرْهِقْنِي	مِنْ	أَمْرِي	عُسْرًا	فَانطَلَقَا
آپ میرا مواخذہ نہ کریں	اس پر جو	میں بھول گیا	اور مجھ پر نہ ڈالیں	سے	میرا معاملہ	مشکل	پھر وہ دونوں چلے

آپ اس پر میرا مواخذہ نہ کریں جو میں بھول گیا اور میرے معاملے میں مجھ پر مشکل نہ ڈالیں - پھر وہ دونوں چلے

حَتَّىٰ إِذَا لَقِيَا غُلَامًا فَقَتَلَهُ ۙ قَالَ أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ ۖ

حَتَّىٰ	إِذَا	لَقِيَا	غُلَامًا	فَقَتَلَهُ	قَالَ	أَقَتَلْتَ	نَفْسًا	زَكِيَّةً	بِغَيْرِ	نَفْسٍ
یہاں تک کہ	جب	وہ ملے	ایک لڑکا	تو اس نے اس کو قتل کر دیا	اس نے کہا	کیا تم نے قتل کر دیا	ایک جان	پاک	بغیر	جان

یہاں تک کہ وہ ایک لڑکے کو ملے تو اس (خضرؑ) نے اسے قتل کر دیا۔ موسیٰؑ نے کہا کیا تم نے ایک پاک جان کو جان (کے بدلہ کے) بغیر قتل کر دیا

لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾

لَقَدْ جِئْتَ	شَيْئًا	نُّكْرًا
البتہ تم آئے (تم نے کیا)	ایک کام	ناپسندیدہ

البتہ تم نے ایک ناپسندیدہ کام کیا۔

الجزء ۱۶

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۷۵﴾

قَالَ	اَلَمْ	اَقُلْ	لَكَ	اِنَّكَ	لَنْ تَسْتَطِيْعَ	مَعِيَ	صَبْرًا
اس نے کہا	کیا نہیں	میں نے کہا	تجھ سے	بیشک تُو	ہرگز نہ کر سکے گا	میرے ساتھ	صبر

خضرؑ نے کہا کہ کیا میں نے تجھ سے نہیں کہا تھا کہ تو میرے ساتھ ہرگز صبر نہ کر سکے گا؟

قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ

قَالَ اِنْ	سَاَلْتُكَ	عَنْ شَيْءٍ	بَعْدَهَا	فَلَا تُصٰحِبْنِيْ	قَدْ بَلَغْتَ	مِنْ لَّدُنِّيْ
اس (موسیٰؑ) نے کہا اگر	میں تم سے پوچھوں	کسی چیز سے	اس کے بعد	تو مجھے اپنے ساتھ نہ رکھنا	البتہ تم پہنچ گئے	میری طرف سے

موسیٰؑ نے کہا اگر اس کے بعد میں تم سے کسی چیز سے (متعلق) پوچھوں تو مجھے اپنے ساتھ نہ رکھنا، البتہ تم میری طرف سے پہنچ گئے ہو

عُذْرًا ﴿۷۶﴾ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَيَاۤ اَهْلَ قَرْيَةِ ِۨاسْتَطْعَمَاۤ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ

عُذْرًا	فَانْطَلَقَا	حَتّٰى	اِذَا اَتَيَا	اَهْلَ قَرْيَةٍ	اِسْتَطْعَمَا	اَهْلَهَا	فَاَبَوْا اَنْ
عُذر کو	پھر وہ دونوں چلے	یہاں تک کہ	جب وہ دونوں آئے	ایک گاؤں والوں کے پاس	دونوں نے کھانا مانگا	اسکے باشندے	تو انہوں نے انکار کر دیا کہ

(حدِ) عُذر کو۔ پھر وہ دونوں چلے یہاں تک کہ ایک گاؤں والوں کے پاس آئے، انہوں نے اسکے باشندوں سے کھانا مانگا تو انہوں نے انکار کر دیا

يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ

يُضَيِّفُوْهُمَا	فَوَجَدَا	فِيْهَا جِدَارًا	يُّرِيْدُ	اَنْ يَّنْقَضَّ	فَاَقَامَهٗ	قَالَ	لَوْ شِئْتَ
وہ انکی ضیافت کریں	پھر انہوں نے پائی (دیکھی)	اس میں (وہاں) ایک دیوار	وہ چاہتی تھی	کہ وہ گر پڑے	تو اس نے اسے سیدھا کر دیا	اس نے کہا	اگر تم چاہتے

اُن کی ضیافت کرنے سے، پھر انہوں نے وہاں ایک دیوار دیکھی جو گرا چاہتی تھی تو خضرؑ نے اسے سیدھا کر دیا، موسیٰؑ نے کہا اگر تم چاہتے

لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿۷۷﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ

لَتَّخَذْتَ	عَلَيْهِ	اَجْرًا	قَالَ	هٰذَا	فِرَاقُ	بَيْنِيْ	وَبَيْنِكَ	سَاُنَبِّئُكَ	بِتَاْوِيْلِ
لے لیتے	اس پر	اُجرت	اس نے کہا	یہ	جدائی	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اب تمہیں بتائے دیتا ہوں	تعبیر

تو اس پر تم اُجرت لے لیتے۔ اُس نے کہا یہ میرے اور تمہارے درمیان جُدائی ہے! اب میں تمہیں تعبیر (حقیقتِ حال) بتائے دیتا ہوں

مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۷۸﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ

مَا	لَمْ تَسْتَطِعْ	عَلَيْهِ	صَبْرًا	اَمَّا	السَّفِيْنَةُ	فَكَانَتْ	لِمَسٰكِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	فِي الْبَحْرِ
جو	تم نہ کر سکے	اس پر	صبر	رہی	کشتی	سو وہ تھی	غریب لوگوں کی	وہ کام کرتے تھے	دریا میں

جس پر تم صبر نہ کر سکے۔ رہی کشتی! سو وہ چند غریب لوگوں کی تھی جو دریا میں کام (محنت مزدوری) کرتے تھے

فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿۷۹﴾ وَ

فَاَرَدْتُّ	اَنْ	اَعِيْبَهَا	وَكَانَ	وَرَآءَهُمْ	مَّلِكٌ	يَّاْخُذُ	كُلَّ سَفِيْنَةٍ	غَصْبًا	وَ
سو میں نے چاہا	کہ	میں اسے عیب دار کردوں	اور تھا	ان کے آگے	ایک بادشاہ	وہ پکڑ لیتا	ہر کشتی	زبردستی	اور

اور ان کے آگے ایک بادشاہ تھا جو ہر (اچھی) کشتی کو زبردستی پکڑ لیتا (چھین لیتا) تھا، سو میں نے چاہا کہ اسے عیب دار کردوں۔ اور

اَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿۸۰﴾ فَاَرَدْنَآ

اَمَّا	الْغُلٰمُ	فَكَانَ	اَبَوٰهُ	مُؤْمِنَيْنِ	فَخَشِيْنَآ	اَنْ يُّرْهِقَهُمَا	طُغْيَانًا	وَّكُفْرًا	فَاَرَدْنَآ
رہا	لڑکا	تو تھے	اسکے ماں باپ	دونوں مومن	سو ہمیں اندیشہ ہوا	کہ انہیں پھنسا دے	سرکشی میں	اور کفر میں	پس ہم نے ارادہ کیا

رہا لڑکا! تو اس کے ماں باپ دونوں مومن تھے، سو ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ انہیں سرکشی اور کفر میں نہ پھنسا دے۔ پس ہم نے ارادہ کیا

اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿۸۱﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ

اَنْ يُّبْدِلَ	لَهُمَا	رَبُّهُمَا	خَيْرًا	مِّنْهُ	زَكٰوةً	وَاَقْرَبَ	رُحْمًا	وَاَمَّا	الْجِدَارُ	فَكَانَ
کہ بدلہ دے	ان دونوں کو	ان کا رب	بہتر	اس سے	پاکیزگی	اور زیادہ قریب	شفقت	اور رہی	دیوار	سو وہ تھی

کہ ان دونوں کو ان کا رب بدلہ دے (جو پاکیزگی) میں اس سے بہتر اور شفقت میں بہت زیادہ قریب ہو۔ اور رہی دیوار! سو وہ تھی

لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِى الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ

لِغُلٰمَيْنِ	يَتِيْمَيْنِ	فِى الْمَدِيْنَةِ	وَ كَانَ	تَحْتَهٗ	كَنْزٌ	لَّهُمَا	وَكَانَ	اَبُوْهُمَا	صَالِحًا
دو بچوں کی	دو یتیم	شہر میں۔ کے	اور تھا	اسکے نیچے	خزانہ	ان دونوں کے لئے	اور تھا	ان کا باپ	نیک

شہر کے دو یتیم بچوں کی، اور اس کے نیچے ان دونوں کے لئے خزانہ تھا، اور ان کا باپ نیک تھا

فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهٗ

فَاَرَادَ	رَبُّكَ	اَنْ يَّبْلُغَا	اَشُدَّهُمَا	وَيَسْتَخْرِجَا	كَنْزَهُمَا	رَحْمَةً	مِّنْ رَّبِّكَ	وَمَا فَعَلْتُهٗ
سو چاہا	تمہارا رب	کہ وہ پہنچیں	اپنی جوانی	اور وہ دونوں نکالیں	اپنا خزانہ	مہربانی	سے تمہارا رب	اور یہ میں نے نہیں کیا

سو تمہارے رب نے چاہا کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچیں تو وہ دونوں تمہارے رب کی رحمت سے اپنا خزانہ نکالیں اور یہ میں نے نہیں کیا

عَنْ اَمْرِىْ ۭ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۸۲﴾ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ

عَنْ	اَمْرِىْ	ذٰلِكَ	تَاْوِيْلُ	مَا	لَمْ تَسْطِعْ	عَلَيْهِ	صَبْرًا	وَيَسْـَٔلُوْنَكَ
سے	اپنا حکم (مرضی)	یہ	تعبیر (حقیقت)	جو	تم نہ کر سکے	اس پر	صبر	اور آپ سے پوچھتے ہیں

اپنی مرضی سے، یہ ہے (وہ) حقیقت! جس پر تم صبر نہ کر سکے۔ اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں

ع ۱۰ ۱۲ ۱

عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۖ قُلْ سَأَتْلُوا عَلَيْكُمْ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿٨٣﴾ إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ

عَنْ	ذِي الْقَرْنَيْنِ	قُلْ	سَأَتْلُوا	عَلَيْكُمْ	مِنْهُ	ذِكْرًا	إِنَّا مَكَّنَّا	لَهُ	فِي الْأَرْضِ
سے (بابت)	ذوالقرنین	فرما دیں	ابھی پڑھتا ہوں	تم پر سامنے	اس سے کا	کچھ حال	بیشک ہم نے قدرت دی	اس کو	زمین میں

ذوالقرنین کی بابت، فرما دیں، میں تمہارے سامنے ابھی اس کا کچھ حال پڑھتا (بیان کرتا) ہوں۔ بیشک ہم نے اس کو زمین میں قدرت دی

وَآتَيْنَاهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿٨٤﴾ فَأَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ

وَآتَيْنَاهُ	مِنْ	كُلِّ شَيْءٍ	سَبَبًا	فَأَتْبَعَ	سَبَبًا	حَتَّىٰ	إِذَا بَلَغَ	مَغْرِبَ	الشَّمْسِ
اور ہم نے اسے دیا	سے	ہر شے	سامان	سو وہ پیچھے پڑا	ایک سامان	یہاں تک کہ	جب وہ پہنچا	غروب ہونے کا مقام	سورج

اور ہم نے اسے ہر شے کا سامان دیا تھا، سو وہ ایک سامان کے پیچھے پڑا، یہاں تک کہ وہ سورج کے غروب ہونے کے مقام پر پہنچا

وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۗ قُلْنَا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ

وَجَدَهَا	تَغْرُبُ	فِي	عَيْنٍ	حَمِئَةٍ	وَوَجَدَ	عِنْدَهَا	قَوْمًا	قُلْنَا	يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ
اس نے پایا اسے	ڈوب رہا ہے	میں	چشمۂ ندی	دلدل	اور اس نے پایا	اس کے نزدیک	ایک قوم	ہم نے کہا	اے ذوالقرنین

اس نے اسے پایا (دیکھا) کہ وہ دلدل کی ندی میں ڈوب رہا ہے، اور اس کے نزدیک اس نے ایک قوم پائی، ہم نے کہا اے ذوالقرنین!

إِمَّا أَنْ تُعَذِّبَ وَإِمَّا أَنْ تَتَّخِذَ فِيهِمْ حُسْنًا ﴿٨٦﴾ قَالَ أَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ

إِمَّا	أَنْ	تُعَذِّبَ	وَإِمَّا	أَنْ	تَتَّخِذَ	فِيهِمْ	حُسْنًا	قَالَ	أَمَّا	مَنْ ظَلَمَ	فَسَوْفَ
یا۔ چاہے	یہ کہ	تو سزا دے	اور یا چاہے	یہ کہ	تو اختیار کرے	ان میں سے	کوئی بھلائی	اس نے کہا	اچھا	جس نے ظلم کیا	تو جلد

(تجھے اختیار ہے) چاہے تو سزا دے، چاہے تو ان سے کوئی بھلائی اختیار کرے۔ اس نے کہا، اچھا! جس نے ظلم کیا تو جلد

نُعَذِّبُهُ ثُمَّ يُرَدُّ إِلَىٰ رَبِّهِ فَيُعَذِّبُهُ عَذَابًا نُكْرًا ﴿٨٧﴾ وَأَمَّا مَنْ آمَنَ وَعَمِلَ

نُعَذِّبُهُ	ثُمَّ	يُرَدُّ	إِلَىٰ رَبِّهِ	فَيُعَذِّبُهُ	عَذَابًا	نُكْرًا	وَأَمَّا	مَنْ آمَنَ	وَعَمِلَ
ہم اسے سزا دیں گے	پھر	وہ لوٹایا جائیگا	اپنے رب کی طرف	تو وہ اسے عذاب دے گا	عذاب	برا، سخت	اور اچھا	جو ایمان لایا	اور اس نے عمل کیا

ہم اسے سزا دیں گے، پھر وہ اپنے رب کی طرف لوٹایا جائے گا تو وہ اسے سخت عذاب دے گا۔ اور اچھا! جو ایمان لایا اور اس نے عمل کئے

صَالِحًا فَلَهُ جَزَاءَ الْحُسْنَىٰ ۚ وَسَنَقُولُ لَهُ مِنْ أَمْرِنَا يُسْرًا ﴿٨٨﴾ ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾

صَالِحًا	فَلَهُ	جَزَاءَ	الْحُسْنَىٰ	وَسَنَقُولُ	لَهُ	مِنْ	أَمْرِنَا	يُسْرًا	ثُمَّ	أَتْبَعَ	سَبَبًا
نیک	تو اس کے لئے	بدلہ	بھلائی	اور عنقریب ہم کہیں گے	اس کے لئے	متعلق	اپنا کام	آسانی	پھر	وہ پیچھے پڑا	ایک سامان

نیک، تو اس کے لئے بدلہ ہے بھلائی، اور عنقریب ہم اس کے لئے اپنے کام میں آسانی (کی بات) کہیں گے۔ پھر وہ ایک (اور) سامان کے پیچھے پڑا۔

حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا

حَتّٰٓى	اِذَا بَلَغَ	مَطْلِعَ	الشَّمْسِ	وَجَدَهَا	تَطْلُعُ	عَلٰى قَوْمٍ	لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا
یہاں تک کہ	جب وہ پہنچا	طلوع ہونے کا مقام	سورج	اس نے اس کو پایا	طلوع کر رہا ہے	ایک قوم پر	ہم نے نہیں بنایا انکے لئے اس کے آگے

یہاں تک کہ جب وہ سورج کے طلوع ہونے کے مقام پر پہنچا تو اسکو پایا (دیکھا) وہ ایک ایسی قوم پر طلوع کر رہا ہے جنکے لئے ہم نے اس (سورج) کے آگے نہیں بنایا تھا

سِتْرًا ﴿۹۰﴾ كَذٰلِكَ ۭ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿۹۱﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۹۲﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ

سِتْرًا	كَذٰلِكَ	وَقَدْ اَحَطْنَا	بِمَا لَدَيْهِ	خُبْرًا	ثُمَّ	اَتْبَعَ	سَبَبًا	حَتّٰٓى	اِذَا بَلَغَ
کوئی پردہ	یہی	اور ہمارے احاطہ میں ہے	جو کچھ اس کے پاس	از روئے خبر	پھر	وہ پیچھے پڑا	ایک سامان	یہاں تک کہ	جب وہ پہنچا

کوئی پردہ (اوٹ) - یہ ہے (حقیقت) اور جو کچھ اس کے پاس تھا اسکی خبر ہمارے احاطۂ (علم) میں ہے پھر وہ (ایک اور) سامان کے پیچھے پڑا - یہاں تک کہ جب وہ پہنچا

بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿۹۳﴾ قَالُوْا

بَيْنَ	السَّدَّيْنِ	وَجَدَ	مِنْ دُوْنِهِمَا	قَوْمًا	لَّا يَكَادُوْنَ	يَفْقَهُوْنَ	قَوْلًا	قَالُوْا
درمیان	دو دیواریں (پہاڑ)	اس نے پایا	اور دونوں کے درے	ایک قوم	نہیں لگتے تھے	وہ سمجھیں	کوئی بات	انہوں نے کہا

دو پہاڑوں کے درمیان، اس نے ان دونوں کے درے میں ایک قوم پائی، وہ لگتے نہ تھے کہ کوئی بات سمجھیں - انہوں نے کہا

يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ

يٰذَا الْقَرْنَيْنِ	اِنَّ	يَاْجُوْجَ	وَ	مَاْجُوْجَ	مُفْسِدُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	فَهَلْ	نَجْعَلُ	لَكَ
اے ذوالقرنین	بیشک	یاجوج	اور	ماجوج	فساد کرنیوالے (فسادی)	زمین میں	تو کیا	ہم کردیں	تیرے لئے

اے ذوالقرنین! بیشک یاجوج اور ماجوج زمین میں فسادی ہیں تو کیا ہم تیرے لئے (جمع) کر دیں

خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿۹۴﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ رَبِّيْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِيْ

خَرْجًا	عَلٰٓى	اَنْ تَجْعَلَ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَهُمْ	سَدًّا	قَالَ	مَا مَكَّنِّيْ	فِيْهِ	رَبِّيْ	خَيْرٌ	فَاَعِيْنُوْنِيْ
کچھ مال	پر رشتا کہ	کہ تو بنا دے	ہمارے درمیان	اور انکے درمیان	ایک دیوار	اس نے کہا	جس پر قدرت دی مجھے	اس میں	میرا رب	بہتر	پس تم میری مدد کرو

کچھ مال؟ تاکہ تو ہمارے اور ان کے درمیان ایک دیوار بنا دے - اس نے کہا جس پر میرے رب نے قدرت دی وہ بہتر ہے پس تم میری مدد کرو

بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿۹۵﴾ اٰتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى

بِقُوَّةٍ	اَجْعَلْ	بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَهُمْ	رَدْمًا	اٰتُوْنِيْ	زُبَرَ الْحَدِيْدِ	حَتّٰٓى	اِذَا	سَاوٰى
قوت سے	میں بنا دوں گا	تمہارے درمیان	اور انکے درمیان	مضبوط آڑ	مجھے لا دو تم	لوہے کے تختے	یہاں تک کہ	جب	اس نے برابر کر دیا

قوت (بازو) سے، میں تمہارے اور ان کے درمیان ایک مضبوط آڑ بنا دوں گا - مجھے لوہے کے تختے لا دو، یہاں تک کہ جب اس نے برابر کر دیا

بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَعَلَهُ نَارًا ۙ قَالَ آتُونِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿٩٦﴾

بَيْنَ	الصَّدَفَيْنِ	قَالَ	انْفُخُوا	حَتّٰى	إِذَا جَعَلَهُ	نَارًا	قَالَ	آتُونِي	أُفْرِغْ	عَلَيْهِ	قِطْرًا
درمیان	دونوں پہاڑ	اس نے کہا	دھونکو	یہانتک کہ	جب اسے کردیا	آگ	اس نے کہا	لے آؤ میرے پاس	میں ڈالوں	اس پر	پگھلا ہوا تانبہ

دونوں پہاڑوں کے درمیان، اس نے کہا (اب) دھونکو، یہانتک کہ جب (دھونک کر) اسے آگ کردیا اس نے کہا میرے پاس لاؤ میں اس پر پگھلا ہوا تانبہ ڈالوں،

فَمَا اسْطَاعُوا أَنْ يَظْهَرُوهُ وَمَا اسْتَطَاعُوا لَهُ نَقْبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ هَٰذَا رَحْمَةٌ مِّن رَّبِّي

فَمَا اسْطَاعُوا	أَنْ	يَظْهَرُوهُ	وَ	مَا اسْتَطَاعُوا	لَهُ	نَقْبًا	قَالَ	هٰذَا	رَحْمَةٌ	مِن رَّبِّي
پھر نہ کرسکیں گے	کہ	اس پر چڑھیں	اور	وہ نہ لگاسکیں گے	اس میں	نقب	اس نے کہا	یہ	رحمت	میرے رب سے

پھر وہ (یاجوج ماجوج) نہ اس پر چڑھ سکیں گے، اور نہ اس میں نقب لگا سکیں گے۔ اس نے کہا یہ میرے رب کی (طرف سے) رحمت ہے،

فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ رَبِّي جَعَلَهُ دَكَّاءَ ۖ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّي حَقًّا ﴿٩٨﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ

فَإِذَا	جَاءَ	وَعْدُ	رَبِّي	جَعَلَهُ	دَكَّاءَ	وَكَانَ	وَعْدُ	رَبِّي	حَقًّا	وَتَرَكْنَا	بَعْضَهُمْ
پس جب	آئے گا	وعدہ	میرا رب	اس کو کردیگا	ہموار	اور ہے	وعدہ	میرا رب	سچا	اور ہم چھوڑ دیں گے	ان کے بعض

پس جب میرے رب کا وعدہ (مقررہ وقت) آئے گا وہ اسکو ہموار کر دے گا اور میرے رب کا وعدہ سچا ہے۔ اور ہم چھوڑ دیں گے ان کے بعض کو

يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعًا ﴿٩٩﴾ وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ

يَوْمَئِذٍ	يَمُوجُ	فِي بَعْضٍ	وَنُفِخَ فِي الصُّورِ	فَجَمَعْنَاهُمْ	جَمْعًا	وَعَرَضْنَا	جَهَنَّمَ	يَوْمَئِذٍ
اس دن	ریلا مارتے	بعض (دوسرے) کے اندر	اور پھونکا جائے گا صور	پھر ہم انہیں جمع کرینگے	سب کو	اور ہم سامنے کردینگے	جہنم	اس دن

اس دن دوسرے کے اندر ریلا مارتے ہوئے، اور صور پھونکا جائے گا، پھر ہم ان سب کو جمع کریں گے۔ اور ہم اس دن جہنم سامنے کردیں گے

لِّلْكَافِرِينَ عَرْضًا ﴿١٠٠﴾ الَّذِينَ كَانَتْ أَعْيُنُهُمْ فِي غِطَاءٍ عَن ذِكْرِي وَ

لِلْكَافِرِينَ	عَرْضًا	الَّذِينَ	كَانَتْ	أَعْيُنُهُمْ	فِي غِطَاءٍ	عَن	ذِكْرِي	وَ
کافروں کے	بالکل سامنے	وہ جو کہ	تھیں	ان کی آنکھیں	پردہ میں	سے	میرا ذکر	اور

کافروں کے بالکل سامنے - اور وہ میرے ذکر سے جن کی آنکھیں پردۂ (غفلت) میں تھیں،

كَانُوا لَا يَسْتَطِيعُونَ سَمْعًا ﴿١٠١﴾ أَفَحَسِبَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَن يَتَّخِذُوا عِبَادِي

كَانُوا	لَا يَسْتَطِيعُونَ	سَمْعًا	أَفَحَسِبَ	الَّذِينَ كَفَرُوا	أَن يَتَّخِذُوا	عِبَادِي
وہ تھے	نہ طاقت رکھتے	سننا	کیا گمان کرتے ہیں	وہ جنہوں نے کفر کیا	کہ وہ بنالیں گے	میرے بندے

وہ سننے کی طاقت نہ رکھتے تھے (سن نہ سکتے تھے)۔ جن لوگوں نے کفر کیا، کیا وہ گمان کرتے ہیں؟ کہ وہ میرے بندوں کو بنالیں گے

ع ۱۱ ۱۹ ۲

مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ؕ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿١٠٢﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ

مِنْ دُوْنِيْ	اَوْلِيَآءَ	اِنَّا	اَعْتَدْنَا	جَهَنَّمَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	نُزُلًا	قُلْ	هَلْ	نُنَبِّئُكُمْ
میرے سوا	کارساز	بیشک ہم	ہم نے تیار کیا	جہنم	کافروں کے لئے	ضیافت	فرمادیں	کیا	ہم تمہیں بتلائیں

میرے سوا کارساز - بیشک ہم نے کافروں کے لئے جہنم کو ضیافت تیار کیا ہے - فرمادیں کیا ہم تمہیں بتلائیں

بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ

بِالْاَخْسَرِيْنَ	اَعْمَالًا	اَلَّذِيْنَ	ضَلَّ	سَعْيُهُمْ	فِي	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَهُمْ	يَحْسَبُوْنَ
بدترین گھاٹے میں	اعمال کے لحاظ سے	وہ لوگ	برباد ہوگئی	ان کی کوشش	میں	دنیا کی زندگی	اور وہ	خیال کرتے ہیں

اعمال کے لحاظ سے بدترین گھاٹے میں (کون ہیں)؟ وہ لوگ جن کی کوشش دنیا کی زندگی میں برباد ہوگئی، اور وہ خیال کرتے ہیں

اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿١٠٤﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ

اَنَّهُمْ	يُحْسِنُوْنَ	صُنْعًا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	وَلِقَآئِهٖ	فَحَبِطَتْ
کہ وہ	اچھے کررہے ہیں وہ	کام	یہی لوگ	جن لوگوں نے انکار کیا	آیتوں کو	اپنا رب	اور اس کی ملاقات	پس اکارت گئے

کہ وہ اچھے کام کررہے ہیں - یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا، پس اکارت گئے

اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿١٠٥﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا

اَعْمَالُهُمْ	فَلَا نُقِيْمُ	لَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَزْنًا	ذٰلِكَ	جَزَآؤُهُمْ	جَهَنَّمُ	بِمَا
ان کے عمل (جمع)	پس ہم قائم نہ کریں گے	انکے لئے	قیامت کے دن	کوئی وزن	یہ	ان کا بدلہ	جہنم	اسلئے کہ

ان کے عمل، پس قیامت کے دن ان کے لئے کوئی وزن قائم نہ کریں گے (دونوں کے عمل بے وزن ہونگے) یہ ان کا بدلہ ہے جہنم، اس لئے کہ

كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿١٠٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

كَفَرُوْا	وَاتَّخَذُوْٓا	اٰيٰتِيْ	وَرُسُلِيْ	هُزُوًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
انہوں نے کفر کیا	اور ٹھہرایا	میری آیات	اور میرے رسول	ہنسی مذاق	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور	انہوں نے نیک عمل کئے

انہوں نے کفر کیا اور میری آیتوں کو اور میرے رسولوں کو ہنسی مذاق ٹھہرایا - بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے

كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾

كَانَتْ	لَهُمْ	جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ	نُزُلًا	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	لَا يَبْغُوْنَ	عَنْهَا	حِوَلًا
ہیں	انکے لئے	فردوس کے باغات	ضیافت	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	وہ نہ چاہیں گے	وہاں سے	جگہ بدلنا

ان کے لئے ضیافت ہیں فردوس (بہشت) کے باغات - اُن میں ہمیشہ رہیں گے، وہ وہاں سے جگہ بدلنا نہ چاہیں گے -

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ

قُلْ	لَّوْ	كَانَ	الْبَحْرُ	مِدَادًا	لِّكَلِمٰتِ	رَبِّيْ	لَنَفِدَ الْبَحْرُ	قَبْلَ	اَنْ تَنْفَدَ	كَلِمٰتُ رَبِّيْ
فرمادیں	اگر	ہو	سمندر	روشنائی	باتوں کے لئے	میرا رب	تو ختم ہو جائے سمندر	پہلے	کہ ختم ہوں	میرے رب کی باتیں

فرمادیں اگر سمندر میرے رب کی باتیں (لکھنے کیلئے) روشنائی بن جائے تو سمندر (کا پانی) ختم ہو جائے گا اس سے پہلے کہ میرے رب کی باتیں ختم ہوں

وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ

وَلَوْ	جِئْنَا	بِمِثْلِهٖ	مَدَدًا	قُلْ	اِنَّمَا اَنَا	بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ	يُوْحٰٓى	اِلَيَّ	اَنَّمَآ	اِلٰهُكُمْ
اور اگر چہ	ہم لے آئیں	اس جیسا	مدد کو	فرمادیں	اسکے سوا نہیں میں	بشر	تم جیسا	وحی کی جاتی ہے	میری طرف	فقط	تمہارا معبود

اگر چہ ہم اس کی مدد کو اُس جیسا (اور سمندر بھی) لے آئیں۔ آپ فرمادیں کہ میں تم جیسا بشر ہوں (البتہ) میری طرف وحی کی جاتی ہے ، تمہارا معبود

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّ

اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَمَنْ	كَانَ	يَرْجُوْا	لِقَآءَ	رَبِّهٖ	فَلْيَعْمَلْ	عَمَلًا	صَالِحًا	وَّ
معبود	واحد	سو جو	ہو	امید رکھتا ہے	ملاقات	اپنا رب	تو اسے چاہیئے کہ وہ عمل کرے	عمل	اچھے	اور

معبود واحد ہے ، سو جو اپنے رب سے ملاقات کی امید رکھتا ہے تو اسے چاہیئے کہ وہ اچھے عمل کرے اور

۱۲ ع ۹ ۳

لَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ ع

لَا يُشْرِكْ	بِعِبَادَةِ	رَبِّهٖ	اَحَدًا
وہ شریک نہ کرے	عبادت میں	اپنا رب	کسی کو

وہ اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے ۔

آیاتھا ۹۸ | ۱۹ : سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ : ۴۴ | رکوعاتھا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿۱﴾ تف ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿۲﴾ ش اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ﴿۳﴾

كٓهٰيٰعٓصٓ	ذِكْرُ	رَحْمَتِ	رَبِّكَ	عَبْدَهٗ	زَكَرِيَّا	اِذْ	نَادٰى رَبَّهٗ	نِدَآءً خَفِيًّا
کاف۔ ہا۔ یا۔ عین۔ صاد	تذکرہ	رحمت	تیرا رب	اپنا بندہ	زکریا	جب	اس نے پکارا اپنا رب	پکارنا آہستہ سے

كٓهٰيٰعٓصٓ یہ تذکرہ ہے تیرے رب کی رحمت کا اس کے بندے زکریا پر۔ (یاد کرو) جب اس نے اپنے رب کو آہستہ سے پکارا۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآىِٕكَ

قَالَ	رَبِّ	اِنِّیْ	وَهَنَ	الْعَظْمُ	مِنِّیْ	وَاشْتَعَلَ	الرَّاْسُ	شَیْبًا	وَ	لَمْ اَكُنْ	بِدُعَآىِٕكَ
اس نے کہا	اے میرے رب	بیشک میں	کمزور ہو گئی	ہڈیاں	میری	اور شعلہ مارنے لگا	سر	سفید بال	اور	میں نہیں رہا	تجھ سے مانگ کر

اس نے کہا اے میرے رب! بیشک (بڑھاپے سے) میری ہڈیاں کمزور ہو گئی ہیں، اور میرا سر سفید بالوں سے شعلہ مارنے لگا ہے (بالکل سفید ہو گیا ہے) اور میں (کبھی) تجھ سے مانگ کر

رَبِّ شَقِیًّا ﴿۴﴾ وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ وَكَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ

رَبِّ	شَقِیًّا	وَاِنِّیْ	خِفْتُ	الْمَوَالِیَ	مِنْ وَّرَآءِیْ	وَ كَانَتِ	امْرَاَتِیْ	عَاقِرًا	فَهَبْ لِیْ
اے میرے رب	محروم	اور البتہ میں	ڈرتا ہوں	اپنے رشتے دار	اپنے بعد	اور ہے	میری بیوی	بانجھ	تو مجھے عطا کر

اے میرے رب محروم نہیں رہا ہوں اور البتہ میں اپنے بعد اپنے رشتہ داروں سے ڈرتا ہوں، اور میری بیوی بانجھ ہے، تو مجھے عطا فرما

مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ﴿۵﴾ یَّرِثُنِیْ وَیَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ ۗ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِیًّا ﴿۶﴾

مِنْ لَّدُنْكَ	وَلِیًّا	یَّرِثُنِیْ	وَ یَرِثُ	مِنْ	اٰلِ یَعْقُوْبَ	وَاجْعَلْهُ	رَبِّ	رَضِیًّا
اپنے پاس سے	ایک وارث	میرا وارث ہو	اور وارث ہو	سے۔کا	اولادِ یعقوبؑ	اور اسے بنا دے	اے میرے رب	پسندیدہ

اپنے پاس سے ایک وارث۔ وہ وارث ہو میرا اور اولادِ یعقوبؑ کا، اور اے میرے رب! اسے پسندیدہ بنا دے۔

یٰزَكَرِیَّاۤ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِۨاسْمُهٗ یَحْیٰی ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ﴿۷﴾

یٰزَكَرِیَّا	اِنَّا	نُبَشِّرُكَ	بِغُلٰمِ	اِسْمُهٗ	یَحْیٰی	لَمْ نَجْعَلْ	لَّهٗ	مِنْ قَبْلُ	سَمِیًّا
اے زکریاؑ	بیشک ہم	تجھے بشارت دیتے ہیں	ایک لڑکا	اس کا نام	یحییٰ	نہیں بنایا ہم نے	اس کا	اس سے قبل	کوئی ہم نام

(ارشاد ہوا) اے زکریاؑ! بیشک ہم تجھے ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں، اس کا نام یحییٰؑ ہے۔ ہم نے اس سے قبل کسی کو اس کا ہم نام نہیں بنایا۔

قَالَ رَبِّ اَنّٰی یَكُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ

قَالَ	رَبِّ	اَنّٰی	یَكُوْنُ	لِیْ غُلٰمٌ	وَ كَانَتِ	امْرَاَتِیْ	عَاقِرًا	وَ قَدْ بَلَغْتُ	مِنَ الْكِبَرِ
اس نے کہا	اے میرے رب	کیسے	ہوگا وہ	میرے لئے۔میرا۔لڑکا	جبکہ وہ ہے	میری بیوی	بانجھ	اور میں پہنچ چکا ہوں	سے۔کی	بڑھاپا

اس نے کہا، اے میرے رب! میرے لڑکا کیسے ہوگا؟ جبکہ میری بیوی بانجھ ہے، اور میں پہنچ گیا ہوں بڑھاپے کی

عِتِیًّا ﴿۸﴾ قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَیَّ هَیِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ

عِتِیًّا	قَالَ	كَذٰلِكَ	قَالَ	رَبُّكَ	هُوَ	عَلَیَّ	هَیِّنٌ	وَ قَدْ خَلَقْتُكَ	مِنْ قَبْلُ
انتہائی حد	اس نے کہا	اسی طرح	فرمایا	تیرا رب	وہ (یہ)	مجھ پر	آسان	اور میں نے تجھے پیدا کیا	اس سے قبل

انتہائی حد کو۔ اس نے کہا اسی طرح، تیرا رب فرماتا ہے، یہ (امر) مجھ پر آسان ہے، اور اس سے قبل میں نے تجھے پیدا کیا،

وَلَمْ تَكُ شَيْـًٔا ۝٩ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ

وَ	لَمْ تَكُ	شَيْـًٔا	قَالَ	رَبِّ	اجْعَلْ	لِّيْٓ	اٰيَةً	قَالَ	اٰيَتُكَ	اَلَّا تُكَلِّمَ	النَّاسَ
جبکہ	تو نہ تھا	کوئی چیز۔ کچھ بھی	اس نے کہا	اے میرے رب	کر دے	میرے لئے	کوئی نشانی	فرمایا	تیری نشانی	تو نہ بات کرے گا	لوگ (جمع)

جبکہ تو کچھ بھی نہ تھا۔ اس نے کہا اے میرے رب! میرے لئے کوئی نشانی (مقرر) کر دے، فرمایا تیری نشانی (یہ ہے) کہ تو لوگوں سے بات نہ کرے گا

ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ۝١٠ فَخَرَجَ عَلٰي قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا

ثَلٰثَ	لَيَالٍ	سَوِيًّا	فَخَرَجَ	عَلٰى	قَوْمِهٖ	مِنَ	الْمِحْرَابِ	فَاَوْحٰى	اِلَيْهِمْ	اَنْ سَبِّحُوْا
تین	رات	ٹھیک	پھر وہ نکلا	پاس	اپنی قوم	سے	محراب	تو اس نے اشارہ کیا	انکی طرف	کہ اسکی پاکیزگی بیان کرو

تین رات (دن) ٹھیک (ہونے کے باوجود)۔ پھر وہ محراب (عبادت) سے اپنی قوم کے پاس نکل کر (آیا) تو اس نے انکی طرف اشارہ کیا کہ اسکی پاکیزگی بیان کرو

بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝١١ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝١٢ۙ

بُكْرَةً	وَ	عَشِيًّا	يٰيَحْيٰى	خُذِ	الْكِتٰبَ	بِقُوَّةٍ	وَاٰتَيْنٰهُ	الْحُكْمَ	صَبِيًّا
صبح	اور	شام	اے یحییٰ	پکڑو (تھام لو)	کتاب	مضبوطی سے	اور ہم نے اسے دی	دانائی	بچپن سے

صبح و شام۔ (ارشادِ الٰہی ہوا) اے یحییٰ! کتاب کو مضبوطی سے تھام لو، اور ہم نے اسے بچپن (ہی) سے نبوت و دانائی دے دی۔

وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ۭ وَكَانَ تَقِيًّا ۝١٣ۙ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا

وَ	حَنَانًا	مِّنْ لَّدُنَّا	وَزَكٰوةً	وَكَانَ	تَقِيًّا	وَ	بَرًّا	بِوَالِدَيْهِ	وَلَمْ يَكُنْ	جَبَّارًا
اور	شفقت	اپنے پاس سے	اور پاکیزگی	اور وہ تھا	پرہیزگار	اور	اچھا سلوک کرنیوالا	اپنے ماں باپ سے	اور نہ تھا وہ	گردن کش

اور اپنے پاس سے شفقت اور پاکیزگی (عطا کی) اور وہ پرہیزگار تھا، اور وہ اپنے ماں باپ سے اچھا سلوک کرنے والا تھا اور تھا گردن کش

عَصِيًّا ۝١٤ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ۝١٥ۧ

عَصِيًّا	وَ	سَلٰمٌ	عَلَيْهِ	يَوْمَ	وُلِدَ	وَيَوْمَ	يَمُوْتُ	وَيَوْمَ	يُبْعَثُ	حَيًّا
نافرمانی	اور	سلام	اس پر	جس دن	وہ پیدا ہوا	اور جس دن	وہ فوت ہوگا	اور جس دن	اٹھایا جائے گا	زندہ ہو کر

نافرمان۔ اور سلام (سلامتی) ہو اس پر جس دن وہ پیدا ہوا، اور جس دن وہ فوت ہوگا، اور جس دن زندہ ہو کر اٹھایا جائے گا۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ۝١٦ۙ فَاتَّخَذَتْ

وَاذْكُرْ	فِي الْكِتٰبِ	مَرْيَمَ	اِذِ انْتَبَذَتْ	مِنْ اَهْلِهَا	مَكَانًا	شَرْقِيًّا	فَاتَّخَذَتْ
اور ذکر کرو	کتاب میں	مریم	جب وہ یکسو ہو گئی	اپنے گھر والوں سے	مکان	مشرقی	پھر ڈال لیا

اور کتاب (قرآن) میں مریمؑ کا ذکر (یاد) کرو، جب وہ اپنے گھر والوں سے یکسو ہو گئی ایک مشرقی مکان میں۔ پھر اس نے ڈال لیا

مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۖ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿۱۷﴾ قَالَتْ

مِنْ	دُوْنِهِمْ	حِجَابًا	فَاَرْسَلْنَا	اِلَيْهَا	رُوْحَنَا	فَتَمَثَّلَ	لَهَا	بَشَرًا	سَوِيًّا	قَالَتْ
سے	ان کی طرف	پردہ	پھر ہم نے بھیجا	اس کی طرف	اپنی رُوح (فرشتہ)	شکل بن گیا	اسکے لئے	ایک آدمی	ٹھیک	وہ بولی

ان کی طرف سے پردہ، پھر ہم نے اسکی طرف اپنے فرشتہ کو بھیجا، وہ اس کے لئے ٹھیک ایک آدمی کی شکل بن کر آیا۔ وہ بولی

اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ﴿۱۸﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ

اِنِّيْٓ	اَعُوْذُ	بِالرَّحْمٰنِ	مِنْكَ	اِنْ كُنْتَ	تَقِيًّا	قَالَ	اِنَّمَا	اَنَا	رَسُوْلُ	رَبِّكِ
بیشک میں	پناہ میں آتی ہوں	رحمٰن (اللہ) کی	تجھ سے	اگر تو ہے	پرہیزگار	اس نے کہا	اسکے سوا نہیں	کہ میں	بھیجا ہوا	تیرے رب کا

بیشک میں تجھ سے اللہ کی پناہ میں آتی ہوں، اگر تو پرہیزگار ہے (یہاں سے ہٹ جا)۔ اس نے کہا اس کے سوا نہیں کہ میں تیرے رب کا بھیجا ہوا ہوں

لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿۱۹﴾ قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ

لِاَهَبَ	لَكِ	غُلٰمًا	زَكِيًّا	قَالَتْ	اَنّٰى	يَكُوْنُ	لِيْ	غُلٰمٌ	وَ	لَمْ يَمْسَسْنِيْ	بَشَرٌ
تاکہ عطا کروں	تجھ کو	ایک لڑکا	پاکیزہ	وہ بولی	کیسے	ہوگا	میرے	لڑکا	جبکہ	مجھے چھوا نہیں	کسی بشر نے

تاکہ تجھے ایک پاکیزہ لڑکا عطا کروں۔ وہ بولی میرے لڑکا کیسے ہوگا؟ جبکہ نہ مجھے کسی بشر نے چھوا،

وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ﴿۲۰﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ

وَ	لَمْ اَكُ	بَغِيًّا	قَالَ	كَذٰلِكِ	قَالَ	رَبُّكِ	هُوَ	عَلَيَّ	هَيِّنٌ	وَلِنَجْعَلَهٗ	اٰيَةً	لِلنَّاسِ
اور	میں نہیں ہوں	بدکار	اس نے کہا	یونہی	فرمایا	تیرا رب	وہ (یہ)	مجھ پر	آسان	اور تاکہ ہم اسے بنائیں	ایک نشانی	لوگوں کے لئے

اور نہ میں بدکار ہوں۔ اس نے کہا اسی طرح (اللہ کا فیصلہ ہے) تیرے رب نے فرمایا کہ یہ مجھ پر آسان ہے اور تاکہ ہم اسے لوگوں کے لئے ایک نشانی بنائیں،

وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ﴿۲۱﴾ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿۲۲﴾

وَ	رَحْمَةً	مِّنَّا	وَكَانَ	اَمْرًا	مَّقْضِيًّا	فَحَمَلَتْهُ	فَانْتَبَذَتْ	بِهٖ	مَكَانًا	قَصِيًّا
اور	رحمت	اپنی طرف سے	اور ہے	ایک امر	طے شدہ	پھر اسے حمل رہ گیا	پس وہ چلی گئی	اسے لیکر	ایک جگہ	دُور

اور اپنی طرف سے رحمت، اور یہ ہے ایک طے شدہ امر۔ پھر اسے حمل رہ گیا، پس وہ اسے لے کر ایک دُور جگہ چلی گئی۔

فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ

فَاَجَآءَهَا	الْمَخَاضُ	اِلٰى	جِذْعِ	النَّخْلَةِ	قَالَتْ	يٰلَيْتَنِيْ	مِتُّ	قَبْلَ هٰذَا	وَكُنْتُ
پھر اسے لے آیا	دردِ زہ	طرف	جڑ	کھجور کا درخت	وہ بولی	اے کاش میں	مر چکی ہوتی	اس سے قبل	اور میں ہو جاتی

پھر دردِ زہ اسے کھجور کے درخت کی جڑ کی طرف لے آیا، وہ بولی، اے کاش! میں اس سے قبل مر چکی ہوتی، اور میں ہو جاتی

نَسْيًا مَّنْسِيًّا ﴿۲۳﴾ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِيْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ﴿۲۴﴾

نَسْيًا مَّنْسِيًّا	فَنَادٰىهَا	مِنْ	تَحْتِهَآ	اَلَّا تَحْزَنِيْ	قَدْ جَعَلَ	رَبُّكِ	تَحْتَكِ	سَرِيًّا
بھولی بسری	پس اسے آواز دی	سے	اسکے نیچے	کہ نہ گھبرا تو	کر دیا ہے	تیرا رب	تیرے نیچے	ایک چشمہ

بھولی بسری - پس (اسے اس کے نیچے (وادی) سے (فرشتے نے) آواز دی تو گھبرا نہیں تیرے رب نے تیرے نیچے ایک چشمہ (جاری) کر دیا ہے -

وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ﴿۲۵﴾ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَ

وَهُزِّيْٓ	اِلَيْكِ	بِجِذْعِ	النَّخْلَةِ	تُسٰقِطْ	عَلَيْكِ	رُطَبًا	جَنِيًّا	فَكُلِيْ	وَاشْرَبِيْ	وَ
اور ہلا	اپنی طرف	تنے کو	کھجور	جھڑ پڑیں گی	تجھ پر	تازہ تازہ	کھجوریں	تو کھا	اور پی	اور

اور کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلا، تجھ پر تازہ کھجوریں جھڑ پڑیں گی - پس تو کھا اور پی اور

قَرِّيْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا

قَرِّيْ	عَيْنًا	فَاِمَّا تَرَيِنَّ	مِنَ	الْبَشَرِ	اَحَدًا	فَقُوْلِيْٓ	اِنِّيْ نَذَرْتُ	لِلرَّحْمٰنِ	صَوْمًا
ٹھنڈی کر	آنکھیں	پھر اگر تو دیکھے	سے	آدمی	کوئی	تو کہدے	کہ میں نے نذر مانی ہے	رحمٰن کے لئے	روزہ

آنکھیں ٹھنڈی کر، پھر اگر تو کسی آدمی کو دیکھے تو کہدے کہ میں نے رحمٰن کے لئے روزہ کی نذر مانی ہے،

فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ﴿۲۶﴾ فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ۭ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ

فَلَنْ اُكَلِّمَ	الْيَوْمَ	اِنْسِيًّا	فَاَتَتْ بِهٖ	قَوْمَهَا	تَحْمِلُهٗ	قَالُوْا	يٰمَرْيَمُ	لَقَدْ جِئْتِ
پس میں ہرگز کلام نہ کرونگی	آج	کسی آدمی	پھر وہ اسے لیکر آئی	اپنی قوم	اسے اٹھائے ہوئے	وہ بولے	اے مریم	تو لائی ہے

پس آج ہرگز کسی آدمی سے کلام نہ کروں گی - پھر وہ اسے اٹھا کر اپنی قوم کے پاس لائی، وہ بولے اے مریمؑ! تو لائی ہے

شَيْـــًٔا فَرِيًّا ﴿۲۷﴾ يٰٓاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ

شَيْـــًٔا	فَرِيًّا	يٰٓاُخْتَ هٰرُوْنَ	مَا	كَانَ	اَبُوْكِ	امْرَاَ	سَوْءٍ	وَ	مَا كَانَتْ	اُمُّكِ
شے	بُری (غضب کی)	اے ہارونؑ کی بہن	نہ	تھا	تیرا باپ	آدمی	بُرا	اور	نہ تھی	تیری ماں

غضب کی شے - اے ہارونؑ کی بہن! تیرا باپ بُرا آدمی نہ تھا، اور نہ تیری ماں ہی تھی،

بَغِيًّا ﴿۲۸﴾ فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ ۭ قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا ﴿۲۹﴾ قَالَ اِنِّيْ

بَغِيًّا	فَاَشَارَتْ	اِلَيْهِ	قَالُوْا	كَيْفَ نُكَلِّمُ	مَنْ كَانَ	فِي الْمَهْدِ	صَبِيًّا	قَالَ	اِنِّيْ
بدکار	تو مریم نے اشارہ کیا	اس کی طرف	وہ بولے	کیسے ہم بات کریں	جو ہے	گہوارہ میں	بچہ	بچہ نے کہا	بیشک میں

بدکار - تو مریمؑ نے اس (بچہ) کی طرف اشارہ کیا، وہ بولے ہم گہوارہ (گود) کے بچے سے کیسے بات کریں؟ بچے نے کہا بیشک میں

عَبْدُ اللّٰهِ ۖ اٰتٰنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا ﴿۳۰﴾ وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَ

عَبْدُ اللّٰهِ	اٰتٰنِيَ	الْكِتٰبَ	وَجَعَلَنِيْ	نَبِيًّا	وَجَعَلَنِيْ	مُبٰرَكًا	اَيْنَ مَا	كُنْتُ	وَ
اللہ کا بندہ	اس نے مجھے دی ہے	کتاب	اور مجھے بنایا ہے	نبی	اور مجھے بنایا ہے	بابرکت	جہاں کہیں	میں ہوں	اور

اللہ کا بندہ ہوں، اس نے مجھے کتاب دی، اور مجھے نبی بنایا ہے۔ اور جہاں کہیں میں ہوں مجھے بابرکت بنایا ہے، اور

اَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ﴿۳۱﴾ وَّبَرًّا بِوَالِدَتِيْ ۫ وَلَمْ يَجْعَلْنِيْ

اَوْصٰنِيْ	بِالصَّلٰوةِ	وَالزَّكٰوةِ	مَا دُمْتُ	حَيًّا	وَبَرًّا	بِوَالِدَتِيْ	وَ	لَمْ يَجْعَلْنِيْ
مجھے حکم دیا ہے اس نے	نماز کا	اور زکوٰۃ کا	جب تک میں رہوں	زندہ	اور اچھا سلوک کرنیوالا	اپنی ماں سے	اور	اس نے مجھے نہیں بنایا

اور جب تک میں زندہ رہوں مجھے حکم دیا ہے نماز کا اور زکوٰۃ کا، اور اپنی ماں سے اچھا سلوک کرنے کا، اور اس نے مجھے نہیں بنایا

جَبَّارًا شَقِيًّا ﴿۳۲﴾ وَالسَّلٰمُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ﴿۳۳﴾

جَبَّارًا	شَقِيًّا	وَالسَّلٰمُ	عَلَيَّ	يَوْمَ	وُلِدْتُّ	وَيَوْمَ	اَمُوْتُ	وَيَوْمَ	اُبْعَثُ	حَيًّا
سرکش	بدنصیب	اور سلامتی	مجھ پر	جس دن	میں پیدا ہوا	اور جس دن	میں مروں گا	اور جس دن	اٹھایا جاؤں گا	زندہ ہو کر

سرکش، بدنصیب۔ اور سلامتی ہو مجھ پر جس دن میں پیدا ہوا، اور جس دن میں مروں گا، اور جس دن میں زندہ ہو کر اٹھایا جاؤں گا۔

ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۳۴﴾ مَا كَانَ لِلّٰهِ

ذٰلِكَ	عِيْسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	قَوْلَ	الْحَقِّ	الَّذِيْ فِيْهِ	يَمْتَرُوْنَ	مَا كَانَ	لِلّٰهِ
یہ	عیسیٰؑ	ابن مریم	بات	سچی	وہ جس میں	وہ شک کرتے ہیں	نہیں ہے	اللہ کیلئے

یہ ہیں عیسیٰؑ ابن مریمؑ، سچی بات جس میں وہ (لوگ) شک کرتے ہیں۔ اللہ کے لئے (سزاوار) نہیں ہے

اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۳۵﴾

اَنْ	يَّتَّخِذَ	مِنْ	وَّلَدٍ	سُبْحٰنَهٗ	اِذَا	قَضٰٓى	اَمْرًا	فَاِنَّمَا	يَقُوْلُ	لَهٗ	كُنْ	فَيَكُوْنُ
کہ	وہ بنائے	کوئی	بیٹا	وہ پاک ہے	جب	وہ فیصلہ کرتا ہے	کسی کام	تو اسکے سوا نہیں	وہ کہتا ہے	اس کو	ہو جا	پس وہ ہو جاتا ہے

کہ وہ کوئی بیٹا بنائے، وہ پاک ہے، جب وہ کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کے سوا نہیں کہ وہ کہتا ہے "ہو جا" پس وہ ہو جاتا ہے۔

وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۳۶﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ

وَاِنَّ	اللّٰهَ	رَبِّيْ	وَرَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ	هٰذَا	صِرَاطٌ	مُّسْتَقِيْمٌ	فَاخْتَلَفَ	الْاَحْزَابُ
اور بیشک	اللہ	میرا رب	اور تمہارا رب	پس اسکی عبادت کرو	یہ	راستہ	سیدھا	پھر اختلاف کیا	فرقے

اور بیشک اللہ میرا اور تمہارا رب ہے، پس اس کی عبادت کرو، یہ سیدھا راستہ ہے۔ (پھر اہل کتاب کے) فرقوں نے اختلاف کیا

مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۳۷﴾ اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ

مِنْۢ بَيْنِهِمْ	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ	مَّشْهَدِ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ	اَسْمِعْ	بِهِمْ	وَاَبْصِرْ
آپس میں (باہم)	پس خرابی	کافروں کے لئے		سے	حاضری	بڑا دن	سنیں گے	کیا کچھ	اور دیکھیں گے

باہم، پس خرابی ہے کافروں کے لئے (قیامت کے) بڑے دن کی حاضری سے۔ کیا کچھ سنیں گے ! اور کیا کچھ دیکھیں گے !

يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ

يَوْمَ	يَاْتُوْنَنَا	لٰكِنِ	الظّٰلِمُوْنَ	الْيَوْمَ	فِيْ	ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	وَاَنْذِرْهُمْ	يَوْمَ الْحَسْرَةِ
جس دن	وہ ہمارے سامنے آئیں گے	لیکن	ظالم (جمع)	آج کے دن	میں	کھلی گمراہی	اور ان کو ڈراویں آپ	حسرت کا دن

جس دن وہ ہمارے سامنے آئیں گے، لیکن آج کے دن ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔ اور آپ انہیں حسرت کے دن سے ڈراویں

اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ

اِذْ	قُضِيَ	الْاَمْرُ	وَهُمْ	فِيْ غَفْلَةٍ	وَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اِنَّا نَحْنُ	نَرِثُ	الْاَرْضَ
جب	فیصلہ کر دیا جائیگا	کام	لیکن وہ	غفلت میں ہیں	اور وہ	ایمان نہیں لاتے	بیشک ہم	وارث ہونگے	زمین

جب کام کا فیصلہ کر دیا جائیگا لیکن وہ غفلت میں ہیں، اور وہ ایمان نہیں لاتے۔ بیشک ہم وارث ہوں گے زمین کے

وَمَنْ عَلَيْهَا وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۘ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا

وَمَنْ	عَلَيْهَا	وَاِلَيْنَا	يُرْجَعُوْنَ	وَاذْكُرْ	فِي الْكِتٰبِ	اِبْرٰهِيْمَ	اِنَّهٗ كَانَ	صِدِّيْقًا
اور جو	اس پر	اور ہماری طرف	وہ لوٹائے جائیں گے	اور یاد کرو	کتاب میں	ابراہیمؑ	بیشک وہ تھے	سچے

اور جو کچھ اس پر ہے، اور وہ ہماری طرف لوٹائے جائیں گے۔ اور کتاب میں ابراہیمؑ کو یاد کرو، بیشک وہ سچے

نَبِيًّا ﴿۴۱﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ

نَبِيًّا	اِذْ قَالَ	لِاَبِيْهِ	يٰٓاَبَتِ	لِمَ تَعْبُدُ	مَا لَا يَسْمَعُ	وَلَا يُبْصِرُ	وَ	لَا يُغْنِيْ
نبی	جب اس نے کہا	اپنے باپ کو	اے میرے ابا	تم کیوں پرستش کرتے ہو	جو نہ سنے	اور نہ دیکھے	اور	نہ کام آئے

نبی تھے۔ جب اس نے اپنے باپ سے کہا، اے میرے ابا تم کیوں اس کی پرستش کرتے ہو، جو نہ کچھ سنے اور نہ دیکھے، اور نہ کام آئے

عَنْكَ شَيْـًٔا ﴿۴۲﴾ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْٓ

عَنْكَ	شَيْـًٔا	يٰٓاَبَتِ	اِنِّيْ	قَدْ جَآءَنِيْ	مِنَ الْعِلْمِ	مَا	لَمْ يَاْتِكَ	فَاتَّبِعْنِيْٓ
تمہارے	کچھ	اے میرے ابا	بیشک میں	بیشک میرے پاس آیا ہے	وہ علم	جو	تمہارے پاس نہیں آیا	پس میری بات مانو

تمہارے کچھ بھی۔ اے میرے ابا! بیشک میرے پاس وہ علم (وحی) آیا ہے جو تمہارے پاس نہیں آیا، پس میری بات مانو،

اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿۴۳﴾ يٰٓاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ

اَهْدِكَ	صِرَاطًا	سَوِيًّا	يٰٓاَبَتِ	لَا تَعْبُدِ	الشَّيْطٰنَ	اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	كَانَ
میں تمہیں دکھاؤں گا	راستہ	سیدھا	اے میرے ابّا	پرستش نہ کر	شیطان	بیشک	شیطان	ہے

میں تمہیں ٹھیک سیدھا راستہ دکھاؤں گا - اے میرے ابّا! شیطان کی پرستش نہ کر، بیشک شیطان

لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿۴۴﴾ يٰٓاَبَتِ اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ

لِلرَّحْمٰنِ	عَصِيًّا	يٰٓاَبَتِ	اِنِّىْٓ	اَخَافُ	اَنْ	يَّمَسَّكَ	عَذَابٌ	مِّنَ	الرَّحْمٰنِ	فَتَكُوْنَ
رحمٰن کا	نافرمان	اے میرے ابّا	بیشک میں	ڈرتا ہوں	کہ	تجھے آپکڑے	عذاب	سے۔کا	رحمٰن	پھر تو ہو جائے

رحمٰن کا نافرمان ہے - اے میرے ابّا! بیشک میں ڈرتا ہوں (کہیں) کہ رحمٰن کا عذاب تجھے (نہ) آپکڑے - پھر تو ہو جائے

لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿۴۵﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِىْ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ

لِلشَّيْطٰنِ	وَلِيًّا	قَالَ	اَرَاغِبٌ	اَنْتَ	عَنْ	اٰلِهَتِىْ	يٰٓاِبْرٰهِيْمُ	لَئِنْ	لَّمْ تَنْتَهِ
شیطان کا	ساتھی	اس نے کہا	کیا روگرداں	تو	سے	میرے معبود (جمع)	اے ابراہیمؑ	اگر	تو باز نہ آیا

شیطان کے ساتھ - اس نے کہا اے ابراہیمؑ! کیا تو میرے معبودوں سے روگرداں ہے؟ اگر تو باز نہ آیا

لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِىْ مَلِيًّا ﴿۴۶﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّىْ ۭ اِنَّهٗ

لَاَرْجُمَنَّكَ	وَاهْجُرْنِىْ	مَلِيًّا	قَالَ	سَلٰمٌ	عَلَيْكَ	سَاَسْتَغْفِرُ	لَكَ	رَبِّىْ	اِنَّهٗ
تو میں تجھے ضرور سنگسار کروں گا	اور مجھے چھوڑ دے	ایک مدّت کیلئے	اس نے کہا	سلام	تجھ پر	میں ابھی بخشش مانگوں گا	تیرے لئے	اپنا رب	بیشک وہ

تو میں تجھے ضرور سنگسار کردوں گا، اور مجھے ایک مدّت کیلئے چھوڑ دے - ابراہیمؑ نے کہا تجھ پر سلام ہو، میں ابھی تیرے لئے اپنے رب سے بخشش مانگوں گا، بیشک وہ

كَانَ بِىْ حَفِيًّا ﴿۴۷﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّىْ ۡ عَسٰٓى

كَانَ	بِىْ	حَفِيًّا	وَاَعْتَزِلُكُمْ	وَمَا	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	وَاَدْعُوْا	رَبِّىْ	عَسٰى
ہے	مجھ پر	مہربان	اور کنارہ کشی کرتا ہوں تم سے	اور جو	تم پرستش کرتے ہو	سوائے	اللہ	اور میں عبادت کروں گا	اپنا رب	امید ہے

مجھ پر مہربان ہے - اور میں کنارہ کشی کرتا ہوں تم سے اور اللہ کے سوا جن کی تم پرستش کرتے ہو - اور میں اپنے رب کی عبادت کروں گا، امید ہے

اَلَّآ اَكُوْنَ بِدُعَاۗءِ رَبِّىْ شَقِيًّا ﴿۴۸﴾ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ

اَلَّآ اَكُوْنَ	بِدُعَاۗءِ	رَبِّىْ	شَقِيًّا	فَلَمَّا	اعْتَزَلَهُمْ	وَمَا	يَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ
کہ نہ رہوں گا	عبادت سے	اپنا رب	محروم	پھر جب	وہ کنارہ کش ہو گئے ان سے	اور جو	وہ پرستش کرتے تھے	سوائے	اللہ

کہ میں اپنے رب کی عبادت سے محروم نہ رہوں گا - پھر جب وہ (ابراہیمؑ) اُن سے اور اللہ کے سوا وہ جنکی پرستش کرتے تھے اُن سے کنارہ کش ہو گئے،

وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿۴۹﴾ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا

وَهَبْنَا	لَهٗ	اِسْحٰقَ	وَ	يَعْقُوْبَ	وَكُلًّا	جَعَلْنَا	نَبِيًّا	وَوَهَبْنَا	لَهُمْ	مِّنْ	رَّحْمَتِنَا
ہم نے عطا کیا	اس کو	اسحٰق ؑ	اور	یعقوب ؑ	اور سب کو	ہم نے بنایا	نبی	اور ہم نے عطا کیا	انہیں	سے	اپنی رحمت

ہم نے اس کو اسحٰق ؑ اور یعقوب ؑ عطا کئے ، اور (ان) سب کو ہم نے نبی بنایا ۔ اور ہم نے اپنی رحمت سے انہیں (بہت کچھ) عطا کیا

ع ۳ ۶ ۱۰ ۶

وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ﴿۵۰﴾ ع وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا

وَجَعَلْنَا	لَهُمْ	لِسَانَ	صِدْقٍ	عَلِيًّا	وَاذْكُرْ	فِي الْكِتٰبِ	مُوْسٰٓى	اِنَّهٗ	كَانَ	مُخْلَصًا
اور ہم نے کیا	ان کا	ذکر	سچا۔جمیل	نہایت بلند	اور یاد کرو	کتاب میں	موسیٰ ؑ	بیشک وہ	تھا	برگزیدہ

اور ہم نے ان کا ذکر جمیل نہایت بلند کیا ۔ اور کتاب میں موسیٰ ؑ کو یاد کرو ، بیشک وہ برگزیدہ تھے ،

وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۱﴾ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿۵۲﴾

وَكَانَ	رَسُوْلًا	نَّبِيًّا	وَ نَادَيْنٰهُ	مِنْ	جَانِبِ	الطُّوْرِ	الْاَيْمَنِ	وَقَرَّبْنٰهُ	نَجِيًّا
اور تھا	رسول	نبی	اور ہم نے اسے پکارا	سے	جانب	کوہِ طور	داہنی	اور اسے نزدیک بلایا	راز بتانے کو

اور رسول نبی تھے ۔ اور ہم نے اسے کوہِ طور کی داہنی جانب سے پکارا ، اور ہم نے اسے راز بتلانے کو نزدیک بلایا۔

وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ﴿۵۳﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ اِنَّهٗ

وَوَهَبْنَا	لَهٗ	مِنْ رَّحْمَتِنَا	اَخَاهُ	هٰرُوْنَ	نَبِيًّا	وَاذْكُرْ	فِي الْكِتٰبِ	اِسْمٰعِيْلَ	اِنَّهٗ
اور ہم نے عطا کیا	اسے	اپنی رحمت سے	اس کا بھائی	ہارون	نبی	اور یاد کرو	کتاب میں	اسمٰعیل ؑ	بیشک وہ

اور ہم نے اسے اپنی رحمت سے اس کا بھائی ہارون ؑ عطا کیا ۔ اور کتاب میں اسمٰعیل ؑ کو یاد کرو، بیشک وہ

كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۴﴾ ج وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ

كَانَ	صَادِقَ الْوَعْدِ	وَكَانَ	رَسُوْلًا	نَبِيًّا	وَكَانَ يَاْمُرُ	اَهْلَهٗ	بِالصَّلٰوةِ	وَالزَّكٰوةِ
تھے	وعدہ کا سچا	اور تھے	رسول	نبی	اور حکم دیتے تھے	اپنے گھر والے	نماز کا	اور زکوٰۃ

وعدہ کے سچے تھے، اور رسول نبی تھے ۔ اور وہ اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتے تھے،

وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿۵۵﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿۵۶﴾

وَكَانَ	عِنْدَ رَبِّهٖ	مَرْضِيًّا	وَاذْكُرْ	فِي الْكِتٰبِ	اِدْرِيْسَ	اِنَّهٗ	كَانَ	صِدِّيْقًا	نَبِيًّا
اور وہ تھے	اپنے رب کے ہاں	پسندیدہ	اور یاد کرو	کتاب میں	ادریس ؑ	بیشک وہ	تھے	سچے	نبی

اور وہ اپنے رب کے ہاں پسندیدہ تھے ۔ اور کتاب میں ادریس ؑ کو یاد کرو، بیشک وہ سچے نبی تھے ۔

وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ

وَرَفَعْنٰهُ	مَكَانًا	عَلِيًّا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	اَنْعَمَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مِّنَ النَّبِيّٖنَ
اور ہم نے اسے اٹھالیا	ایک مقام	بلند	یہ وہ لوگ	وہ جنہیں	اللہ نے انعام کیا	ان پر	سے (نبی جمع)

اور ہم نے اسے ایک بلند مقام پر اُٹھالیا۔ یہ ہیں نبیوں میں سے وہ جن پر اللہ نے انعام کیا

مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ

مِنْ	ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ	وَمِمَّنْ	حَمَلْنَا	مَعَ	نُوْحٍ	وَ مِنْ	ذُرِّيَّةِ	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْرَآءِيْلَ
سے	اولادِ آدم	اور اُن سے جنہیں	سوار کیا ہم نے	ساتھ	نوحؑ	اور سے	اولاد	ابراہیمؑ	اور یعقوبؑ

اولادِ آدم میں سے، اور ان میں سے جنہیں ہم نے نوحؑ کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا، اور ابراہیمؑ اور یعقوبؑ کی اولاد میں سے

وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۭ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ

وَمِمَّنْ	هَدَيْنَا	وَاجْتَبَيْنَا	اِذَا تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ	خَرُّوْا	سُجَّدًا	وَ
اور ان سے جنہیں	ہم نے ہدایت دی	اور ہم نے چُنا	جب پڑھی جاتیں	اُن پر	رحمٰن کی آیتیں	وہ گر پڑتے	سجدہ کرتے ہوئے	اور

اور ان میں سے جنہیں ہم نے ہدایت دی، اور چُنا، جب ان پر رحمٰن کی آیتیں پڑھی جاتیں وہ زمین پر گر پڑتے سجدہ کرتے اور

السجدة ٥٨

بُكِيًّا ﴿٥٨﴾ السجدة فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ

بُكِيًّا	فَخَلَفَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	خَلْفٌ	اَضَاعُوا	الصَّلٰوةَ	وَاتَّبَعُوا	الشَّهَوٰتِ	فَسَوْفَ
روتے ہوئے	پھر جانشین ہوئے	ان کے بعد	چند جانشین (ناخلف)	انہوں نے گنوادی	نماز	اور پیروی کی	خواہشات	پس عنقریب

روتے ہوئے۔ پھر ان کے بعد چند ناخلف جانشین ہوئے، انہوں نے نماز گنوادی، اور خواہشات (نفسانی) کی پیروی کی، پس عنقریب

يَّلْقَوْنَ غَيًّا ﴿٥٩﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ

يَّلْقَوْنَ	غَيًّا	اِلَّا	مَنْ	تَابَ	وَاٰمَنَ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	فَاُولٰٓئِكَ	يَدْخُلُوْنَ	الْجَنَّةَ
انہیں ملے گی	گمراہی	مگر	جو۔ جس	توبہ کی	وہ ایمان لایا	اور عمل کئے	نیک	پس یہی لوگ	وہ داخل ہوں گے	جنت

انہیں گمراہی (کی سزا) ملے گی۔ مگر جس نے توبہ کی، اور نیک عمل کئے، پس یہی لوگ ہیں جو جنت میں داخل ہوں گے،

وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ﴿٦٠﴾ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ

وَلَا يُظْلَمُوْنَ	شَيْـًٔا	جَنّٰتِ عَدْنِ	ِۨالَّتِيْ	وَعَدَ	الرَّحْمٰنُ	عِبَادَهٗ	بِالْغَيْبِ
اور ان کا نہ نقصان کیا جائیگا	کچھ۔ ذرا	ہمیشگی کے باغات	وہ جو	وعدہ کیا	رحمٰن	اپنے بندے (جمع)	غائبانہ

اور ذرہ بھر بھی اُن کا نقصان نہ کیا جائے گا ہمیشگی کے باغات میں جن کا وعدہ رحمٰن نے غائبانہ اپنے بندوں سے کیا،

إِنَّهُۥ كَانَ وَعْدُهُۥ مَأْتِيًّا ﴿٦١﴾ لَّا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا إِلَّا سَلَٰمًا ۖ وَلَهُمْ

إِنَّهُۥ	كَانَ	وَعْدُهُۥ	مَأْتِيًّا	لَّا يَسْمَعُونَ	فِيهَا	لَغْوًا	إِلَّا سَلَٰمًا	وَلَهُمْ
بیشک وہ	ہے	اس کا وعدہ	آنے والا	وہ نہ سنیں گے	اس میں	بیہودہ	سوائے سلام	اور ان کے لئے

بیشک اس کا وعدہ آنے والا ہے۔ اور اس میں سلام کے سوا کوئی بیہودہ بات نہ سنیں گے، اور ان کے لئے

رِزْقُهُمْ فِيهَا بُكْرَةً وَعَشِيًّا ﴿٦٢﴾ تِلْكَ ٱلْجَنَّةُ ٱلَّتِى نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَن

رِزْقُهُمْ	فِيهَا	بُكْرَةً	وَعَشِيًّا	تِلْكَ	الْجَنَّةُ	الَّتِي	نُورِثُ	مِنْ	عِبَادِنَا	مَنْ
ان کا رزق	اس میں	صبح	اور شام	یہ	جنت	وہ جو کہ	ہم وارث بنائینگے	سے۔کو	اپنے بندے	جو

اس میں صبح و شام ان کا رزق ہے۔ یہ وہ جنت ہے جس کا ہم اپنے (اُن) بندوں کو وارث بنائیں گے جو

كَانَ تَقِيًّا ﴿٦٣﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ ۖ لَهُۥ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا خَلْفَنَا

كَانَ	تَقِيًّا	وَمَا	نَتَنَزَّلُ	إِلَّا	بِأَمْرِ	رَبِّكَ	لَهُ	مَا بَيْنَ أَيْدِينَا	وَمَا	خَلْفَنَا
ہوں گے	پرہیزگار	اور ہم	نہیں اترتے	مگر	حکم سے	تمہارا رب	اسکے لئے	جو ہمارے ہاتھوں میں (آگے)	اور جو	ہمارے پیچھے

پرہیزگار ہوں گے۔ اور (فرشتوں نے کہا) ہم تمہارے رب کے حکم کے بغیر نہیں اُترتے، اسی کے لئے ہے جو ہمارے آگے، اور جو ہمارے پیچھے ہے

وَمَا بَيْنَ ذَٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ رَّبُّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

وَمَا	بَيْنَ ذَٰلِكَ	وَمَا	كَانَ	رَبُّكَ	نَسِيًّا	رَبُّ السَّمَٰوَٰتِ	وَالْأَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا
اور جو	اس کے درمیان	اور نہیں	ہے	تمہارا رب	بھولنے والا	آسمانوں کا رب	اور زمین	اور جو	ان کے درمیان

اور جو اس کے درمیان ہے، اور تمہارا رب بھولنے والا نہیں۔ وہ رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو ان کے درمیان ہے،

ع ۴ ۱۵ ۷

فَٱعْبُدْهُ وَٱصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِۦ ۚ هَلْ تَعْلَمُ لَهُۥ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ وَيَقُولُ ٱلْإِنسَٰنُ ءَإِذَا

فَاعْبُدْهُ	وَاصْطَبِرْ	لِعِبَادَتِهِ	هَلْ	تَعْلَمُ	لَهُ	سَمِيًّا	وَيَقُولُ	الْإِنسَانُ	ءَإِذَا
پس اسکی عبادت کرو	اور ثابت قدم رہو	اسکی عبادت پر	کیا	تو جانتا ہے	اس کا	ہم نام کوئی	اور کہتا ہے	انسان	کیا جب

پس تم اسی کی عبادت کرو، اور اس کی عبادت پر ثابت قدم رہو، کیا تو کوئی اس کا ہم نام جانتا ہے؟ اور (کافر) انسان کہتا ہے کیا جب

مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾ أَوَلَا يَذْكُرُ ٱلْإِنسَٰنُ أَنَّا خَلَقْنَٰهُ مِن قَبْلُ

مَا مِتُّ	لَسَوْفَ	أُخْرَجُ	حَيًّا	أَوَ	لَا يَذْكُرُ	الْإِنسَانُ	أَنَّا	خَلَقْنَاهُ	مِنْ قَبْلُ
میں مر گیا	تو پھر	میں نکالا جاؤں گا	زندہ	کیا	یاد نہیں کرتا	انسان	بیشک ہم	ہم نے اسے پیدا کیا	اس سے قبل

میں مر گیا تو پھر میں زندہ (کر کے زمین سے) نکالا جاؤں گا! کیا انسان یاد نہیں کرتا (کیا اسے یاد نہیں) کہ ہم نے اسے اس سے پہلے پیدا کیا،

وَلَمْ يَكُ شَيْـًٔا ﴿٦٧﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ

وَلَمْ يَكُ	شَيْـًٔا	فَوَرَبِّكَ	لَنَحْشُرَنَّهُمْ	وَالشَّيٰطِيْنَ	ثُمَّ	لَنُحْضِرَنَّهُمْ	حَوْلَ
جبکہ وہ نہ تھا	کچھ بھی	سو تمہارے رب کی قسم	ہم انہیں ضرور جمع کریں گے	اور شیطان (جمع)	پھر	ہم انہیں ضرور حاضر کرلیں گے	ارد گرد

جبکہ وہ کچھ بھی نہ تھا - سو تمہارے رب کی قسم ہم انہیں اور شیطان کو ضرور جمع کریں گے ، پھر ہم انہیں ضرور حاضر کر لیں گے

جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾

جَهَنَّمَ	جِثِيًّا	ثُمَّ	لَنَنْزِعَنَّ	مِنْ	كُلِّ	شِيْعَةٍ	اَيُّهُمْ	اَشَدُّ	عَلَى الرَّحْمٰنِ	عِتِيًّا
جہنم	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	پھر	ضرور کھینچ نکالیں گے	سے	ہر	گروہ	جو اُن میں سے	بہت زیادہ	اللہ رحمٰن سے	سرکشی کرنے والا

جہنم کے گرد گھٹنوں کے بل گرے ہوئے پھر ہر گروہ میں سے ہم اُسے ضرور کھینچ نکالیں گے جو ان میں اللہ رحمٰن سے بہت زیادہ سرکشی کرنے والا تھا

ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا

ثُمَّ	لَنَحْنُ	اَعْلَمُ	بِالَّذِيْنَ	هُمْ	اَوْلٰى بِهَا	صِلِيًّا	وَاِنْ	مِنْكُمْ	اِلَّا	وَارِدُهَا
پھر	البتہ	خوب واقف	ان سے جو	وہ	زیادہ مستحق اس میں	داخل ہونا	اور نہیں	تم میں سے	مگر	یہاں سے گزرنا ہوگا

پھر البتہ ہم اُن سے خوب واقف ہیں جو اس (جہنم) میں داخل ہونے کے زیادہ مستحق ہیں! (تم میں سے کوئی نہیں مگر اُسے (ہر ایک کو) یہاں سے گزرنا ہوگا -

كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا

كَانَ	عَلٰى	رَبِّكَ	حَتْمًا	مَّقْضِيًّا	ثُمَّ	نُنَجِّي	الَّذِيْنَ اتَّقَوْا	وَّنَذَرُ	الظّٰلِمِيْنَ	فِيْهَا
ہے	پر	تمہارا رب	لازم	مقرر کیا ہوا	پھر	ہم نجات دینگے	وہ جنہوں نے پرہیزگاری کی	اور ہم چھوڑ دینگے	ظالم (جمع)	اس میں

یہ تمہارے پروردگار پر لازم مقرر کیا ہوا ہے - پھر ہم ان لوگوں کو نجات دیں گے جنہوں نے پرہیزگاری کی، اور ہم ظالموں کو اس میں چھوڑ دیں گے

جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

جِثِيًّا	وَاِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُنَا	بَيِّنٰتٍ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	اور جب	پڑھی جاتی ہیں	ان پر	ہماری آیتیں	واضح	کہتے ہیں	وہ جنہوں نے	کفر کیا	ان سے جو	وہ ایمان لائے

گھٹنوں کے بل گرے ہوئے - اور جب ان پر ہماری واضح آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو جنہوں نے کفر کیا وہ ایمان لانے والوں سے کہتے ہیں،

اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ

اَيُّ	الْفَرِيْقَيْنِ	خَيْرٌ مَّقَامًا	وَّاَحْسَنُ	نَدِيًّا	وَكَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِّنْ قَرْنٍ
کون سا	دونوں فریق	بہتر مقام	اور اچھی	مجلس	اور کتنے ہی	ہم ہلاک کر چکے	ان سے پہلے	گروہوں میں سے

دونوں فریق میں سے کس کا مقام (مرتبہ) بہتر اور مجلس اچھی ہے ؟ اور ان سے پہلے ہم کتنے ہی گروہ ہلاک کر چکے ہیں،

هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّ رِءْيًا ﴿۷۴﴾ قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ

هُمْ	اَحْسَنُ	اَثَاثًا	وَّ رِءْيًا	قُلْ	مَنْ كَانَ	فِي الضَّلٰلَةِ	فَلْيَمْدُدْ	لَهُ	الرَّحْمٰنُ	مَدًّا
وہ	بہت اچھے	سامان	اور نمود	کہہ دیجئے	جو ہے	گمراہی میں	تو ڈھیل دے رہا ہے	اس کو	اللہ	خوب ڈھیل

وہ سامان اور نمود میں (ان سے) بہت اچھے تھے۔ کہہ دیجئے جو گمراہی میں ہے تو اس کو اللہ گمراہی میں اور خوب ڈھیل رہا ہے،

حَتّٰۤى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ وَ اِمَّا السَّاعَةَ ؕ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ

حَتّٰۤى	اِذَا	رَاَوْا	مَا يُوْعَدُوْنَ	اِمَّا	الْعَذَابَ	وَ اِمَّا	السَّاعَةَ	فَسَيَعْلَمُوْنَ	مَنْ
یہاں تک کہ	جب	وہ دیکھیں گے	جس کا وعدہ کیا جاتا ہے	خواہ	عذاب	اور خواہ	قیامت	پس اب وہ جان لیں گے	کون

یہاں تک کہ وہ دیکھ لیں گے خواہ عذاب خواہ قیامت، جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے، پس اب وہ جان لیں گے کون ہے

هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّ اَضْعَفُ جُنْدًا ﴿۷۵﴾ وَ يَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ؕ وَ

هُوَ	شَرٌّ مَّكَانًا	وَّ اَضْعَفُ	جُنْدًا	وَ يَزِيْدُ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا	هُدًى	وَ
وہ	بدتر مقام	اور کمزور تر	لشکر	اور زیادہ دیتا ہے	اللہ	جن لوگوں نے ہدایت حاصل کی	ہدایت	اور

بدتر مقام (مرتبہ) ہیں؟ اور کمزور تر لشکر ہیں۔ اور جن لوگوں نے ہدایت حاصل کی اللہ انہیں اور زیادہ ہدایت دیتا ہے، اور

الْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّ خَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿۷۶﴾ اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ

الْبٰقِيٰتُ	الصّٰلِحٰتُ	خَيْرٌ	عِنْدَ رَبِّكَ	ثَوَابًا	وَ خَيْرٌ	مَّرَدًّا	اَفَرَءَيْتَ	الَّذِيْ
باقی رہنے والی	نیکیاں	بہتر	تمہارے رب کے نزدیک	باعتبارِ ثواب	اور بہتر	باعتبارِ انجام	پس کیا تو نے دیکھا	وہ جس نے

تمہارے پروردگار کے نزدیک باقی رہنے والی نیکیاں بہتر ہیں باعتبارِ ثواب اور بہتر ہیں باعتبارِ انجام۔ پس کیا تو نے اس شخص کو دیکھا جس نے

كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَ قَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّ وَلَدًا ؕ ﴿۷۷﴾ اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ

كَفَرَ	بِاٰيٰتِنَا	وَ قَالَ	لَاُوْتَيَنَّ	مَالًا	وَّ وَلَدًا	اَطَّلَعَ	الْغَيْبَ	اَمِ	اتَّخَذَ	عِنْدَ الرَّحْمٰنِ
انکار کیا	ہمارے حکموں کا	اور اس نے کہا	میں ضرور دیا جاؤں گا	مال	اور اولاد	کیا وہ مطلع ہو گیا ہے	غیب	یا	اس نے لے لیا	اللہ رحمٰن سے

ہمارے حکموں کا انکار کیا؟ اور کہا میں ضرور مال و اولاد دیا جاؤں گا۔ کیا وہ غیب پر مطلع ہو گیا ہے؟ یا اس نے اللہ رحمٰن سے لے لیا ہے

عَهْدًا ﴿۷۸﴾ كَلَّا ؕ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَ نَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿۷۹﴾ وَّ نَرِثُهٗ

عَهْدًا	كَلَّا	سَنَكْتُبُ	مَا يَقُوْلُ	وَ نَمُدُّ	لَهٗ	مِنَ الْعَذَابِ	مَدًّا	وَّ نَرِثُهٗ
کوئی عہد	ہرگز نہیں	اب ہم لکھ لیں گے	وہ جو کہتا ہے	اور ہم بڑھا دینگے	اس کو	عذاب سے	اور لمبا	اور ہم وارث ہوں گے

کوئی عہد۔ ہرگز نہیں! جو وہ کہتا ہے اب ہم لکھ لیں گے اس کو عذاب اور لمبا بڑھا دیں گے اور ہم وارث ہوں گے (لے لیں گے)

مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾ وَّاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿٨١﴾

مَا يَقُوْلُ	وَيَاْتِيْنَا	فَرْدًا	وَّاتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اٰلِهَةً	لِّيَكُوْنُوْا	لَهُمْ	عِزًّا
جو وہ کہتا ہے	اور وہ ہمارے پاس آئیگا	اکیلا	اور انہوں نے بنا لیا	اللہ کے سوا	معبود	تاکہ وہ ہوں	انکے لئے	موجب عزت

جو وہ کہتا ہے اور وہ ہمارے پاس اکیلا آئے گا۔ اور انہوں نے اللہ کے سوا (اوروں کو) معبود بنا لیا ہے تاکہ ان کے لئے موجب عزت ہوں۔

ع ١٧ ٥ ٨

كَلَّا ۭ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ

كَلَّا	سَيَكْفُرُوْنَ	بِعِبَادَتِهِمْ	وَيَكُوْنُوْنَ	عَلَيْهِمْ	ضِدًّا	اَلَمْ تَرَ	اَنَّآ اَرْسَلْنَا	الشَّيٰطِيْنَ
ہرگز نہیں	جلد ہی وہ انکار کرینگے	ان کی بندگی سے	اور ہو جائیں گے	ان کے	مخالف	کیا تم نے نہیں دیکھا	بیشک ہم نے بھیجے	شیطان (جمع)

ہرگز نہیں، جلد ہی وہ اُن کی بندگی سے انکار کریں گے اور انکے مخالف ہو جائیں گے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا؟ بیشک ہم نے شیطان بھیجے ہیں

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿٨٣﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿٨٤﴾

عَلَى	الْكٰفِرِيْنَ	تَؤُزُّهُمْ	اَزًّا	فَلَا تَعْجَلْ	عَلَيْهِمْ	اِنَّمَا	نَعُدُّ	لَهُمْ	عَدًّا
پر	کافر (جمع)	اکساتے ہیں انہیں	خوب اکسانا	سو تم جلدی نہ کرو	ان پر	صرف	ہم گنتی پوری کر رہے ہیں	اُن کی	گنتی

کافروں پر، وہ انہیں خوب اکساتے رہتے ہیں، سو تم ان پر (نزول عذاب کی) جلدی نہ کرو ہم تو صرف انکی گنتی پوری کر رہے ہیں (انکے دن گن رہے ہیں)

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿٨٥﴾ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ

يَوْمَ	نَحْشُرُ	الْمُتَّقِيْنَ	اِلَى الرَّحْمٰنِ	وَفْدًا	وَّنَسُوْقُ	الْمُجْرِمِيْنَ
جس دن	ہم جمع کرلیں گے	پرہیزگار (جمع)	رحمٰن کی طرف	مہمان بنا کر	اور ہانک کر لے جائیں گے	گنہگار (جمع)

(یاد کرو) جس دن ہم پرہیزگاروں کو اللہ رحمٰن کی طرف مہمان بنا کر جمع کر لائیں گے۔ اور ہم گنہگاروں کو ہانک کر لے جائیں گے

اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾ لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ

اِلٰى	جَهَنَّمَ	وِرْدًا	لَا يَمْلِكُوْنَ	الشَّفَاعَةَ	اِلَّا	مَنِ اتَّخَذَ	عِنْدَ الرَّحْمٰنِ
طرف	جہنم	پیاسے	وہ اختیار نہیں رکھتے	شفاعت	سوائے	جس نے لیا ہو	رحمٰن کے پاس

جہنم کی طرف پیاسے - وہ شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے سوائے اس کے جس رحمٰن سے لیا ہو

عَهْدًا ﴿٨٧﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـًٔا اِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ

عَهْدًا	وَقَالُوا	اتَّخَذَ	الرَّحْمٰنُ	وَلَدًا	لَقَدْ جِئْتُمْ	شَيْـًٔا	اِدًّا	تَكَادُ	السَّمٰوٰتُ
اقرار	اور وہ کہتے ہیں	بنا لیا ہے	رحمٰن	بیٹا	تحقیق تم لائے ہو	ایک بات	بُری	قریب ہے	آسمان

اقرار۔ اور وہ کہتے ہیں اللہ رحمٰن نے بیٹا بنا لیا ہے۔ تحقیق تم (زبان پر) بُری بات لائے ہو۔ قریب ہے (بعید نہیں) کہ آسمان

يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿٩٠﴾ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ

يَتَفَطَّرْنَ	مِنْهُ	وَتَنْشَقُّ	الْاَرْضُ	وَتَخِرُّ	الْجِبَالُ	هَدًّا	اَنْ دَعَوْا	لِلرَّحْمٰنِ
پھٹ پڑیں	اس سے	اور ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے	زمین	اور گر پڑیں	پہاڑ	پارہ پارہ	کہ انہوں نے پکارا (منسوب کیا)	اللہ کے لئے

اس سے پھٹ پڑیں اور زمین ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے، اور پہاڑ پارہ پارہ ہو کر گر پڑیں۔ کہ انہوں نے اللہ کے لئے منسوب کیا

وَلَدًا ﴿٩١﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿٩٢﴾ اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

وَلَدًا	وَمَا	يَنْۢبَغِيْ	لِلرَّحْمٰنِ	اَنْ يَّتَّخِذَ	وَلَدًا	اِنْ	كُلُّ	مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
بیٹا	جبکہ نہیں	شایان	رحمٰن کے لئے	کہ وہ بنائے	بیٹا	نہیں	تمام کوئی	جو آسمانوں میں

بیٹا۔ جبکہ رحمٰن کے شایان نہیں کہ وہ بیٹا بنائے ۔ نہیں کوئی جو آسمانوں میں ہے

وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿٩٣﴾ لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿٩٤﴾ وَكُلُّهُمْ

وَالْاَرْضِ	اِلَّآ اٰتِي	الرَّحْمٰنِ	عَبْدًا	لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ	وَعَدَّهُمْ	عَدًّا	وَكُلُّهُمْ
اور زمین	مگر آتا ہے	رحمٰن	بندہ	اس نے ان کو گھیر لیا ہے	اور ان کا شمار کر لیا ہے	گن کر	اور ان میں سے ہر ایک

اور زمین میں، مگر رحمٰن کے (حضور) بندہ ہو کر آتا ہے۔ اس نے ان کو گھیر لیا ہے، اور گن کر ان کا شمار کر لیا ہے۔ اور ان میں سے ہر ایک

اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿٩٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ

اٰتِيْهِ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فَرْدًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	سَيَجْعَلُ	لَهُمُ
آئیگا اسکے سامنے	قیامت کے دن	اکیلا	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	پیدا کر دے گا	ان کے لئے

قیامت کے دن اس کے سامنے اکیلا آئے گا۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لئے پیدا کر دے گا

الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾

الرَّحْمٰنُ	وُدًّا	فَاِنَّمَا	يَسَّرْنٰهُ	بِلِسَانِكَ	لِتُبَشِّرَ بِهِ	الْمُتَّقِيْنَ	وَتُنْذِرَ بِهٖ	قَوْمًا لُّدًّا
رحمٰن	محبت	پس اس کے سوا نہیں	ہم نے آسان کر دیا ہے	آپ کی زبان پر	تاکہ آپ خوشخبری دیں	پرہیزگاروں	اور ڈرائیں اس سے	جھگڑالو لوگ

رحمٰن (دلوں میں) محبت۔ پس اسکے سوا نہیں کہ ہم نے (قرآن) کو آپکی زبان پر آسان کر دیا تاکہ اس سے آپ پرہیزگاروں کو خوشخبری دیں اور جھگڑالو لوگوں کو اس سے ڈرائیں

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ۭ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿٩٨﴾

وَكَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِنْ	قَرْنٍ	هَلْ	تُحِسُّ	مِنْهُمْ	مِنْ اَحَدٍ	اَوْ تَسْمَعُ	لَهُمْ	رِكْزًا
اور کتنے ہی	ہم نے ہلاک کر دیئے	ان سے قبل	سے	گروہ	کیا	تم دیکھتے ہو	ان سے	کوئی کسی کو	یا تم سنتے ہو	ان کی	آہٹ

اور ان سے قبل ہم نے کتنے ہی گروہ ہلاک کر دیئے، کیا تم ان میں سے کسی کو دیکھتے ہو؟ یا ان کی آہٹ سنتے ہو؟

ع ١٦ ٦ ٩ النصف

آیاتھا ۱۳۵ | ۲۰ = سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ = ۴۵ | رکوعاتھا ۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

طٰهٰ ① مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ② اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ③ تَنْزِيْلًا

طٰهٰ	مَآ اَنْزَلْنَا	عَلَيْكَ	الْقُرْاٰنَ	لِتَشْقٰى	اِلَّا	تَذْكِرَةً	لِّمَنْ	يَّخْشٰى	تَنْزِيْلًا
طٰہٰ	ہم نے نازل نہیں کیا	تم پر	قرآن	تاکہ تم مشقت میں پڑ جاؤ	مگر	یاد دہانی	اس کے لئے جو	ڈرتا ہے	نازل کیا ہوا

طٰہٰ۔ ہم نے قرآن تم پر اس لئے نازل نہیں کیا کہ تم مشقت میں پڑ جاؤ۔ مگر اس کے لئے نصیحت ہے جو ڈرتا ہے۔ نازل کیا ہوا ہے

مِمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ④ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ⑤ لَهٗ مَا

مِمَّنْ	خَلَقَ	الْاَرْضَ	وَالسَّمٰوٰتِ	الْعُلٰى	اَلرَّحْمٰنُ	عَلَى الْعَرْشِ	اسْتَوٰى	لَهٗ مَا
سے جس	بنایا	زمین	اور آسمان (جمع)	اونچے	رحمٰن	عرش پر	قائم	اسکے لئے جو

(اس کی طرف سے) جس نے زمین اور اونچے آسمان بنائے۔ رحمٰن عرش پر قائم ہے۔ اسی کے لئے ہے جو کچھ

فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ⑥ وَاِنْ تَجْهَرْ

فِى السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِى الْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	وَمَا	تَحْتَ	الثَّرٰى	وَاِنْ	تَجْهَرْ
آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور جو	ان دونوں کے درمیان	اور جو	نیچے	گیلی مٹی	اور اگر	تو پکار کر کہے

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو ان دونوں کے درمیان ہے، اور جو گیلی مٹی (آخری کرۂ ارض) کے نیچے ہے۔ اور اگر تو پکار کر کہے

بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفَى ⑦ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ⑧

بِالْقَوْلِ	فَاِنَّهٗ	يَعْلَمُ	السِّرَّ	وَاَخْفَى	اَللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	لَهُ	الْاَسْمَآءُ	الْحُسْنٰى
بات	تو بیشک وہ	جانتا ہے	بھید	اور نہایت پوشیدہ	اللہ	نہیں کوئی معبود	اسکے سوا	اسی کے لئے	سب نام	اچھے

بات تو۔ بیشک وہ بھید جانتا ہے اور نہایت پوشیدہ (بات کو بھی)۔ اللہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی کے لئے ہیں سب اچھے نام

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ⑨ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ

وَهَلْ	اَتٰىكَ	حَدِيْثُ	مُوْسٰى	اِذْ رَاٰ	نَارًا	فَقَالَ	لِاَهْلِهِ	امْكُثُوْٓا	اِنِّيْٓ	اٰنَسْتُ
اور کیا	تمہارے پاس آئی	بات۔ خبر	موسیٰ	جب اس نے دیکھی	آگ	تو کہا	اپنے گھر والوں کو	تم ٹھہرو	بیشک میں نے	دیکھی ہے

اور کیا تمہارے پاس موسیٰ کی خبر آئی؟ جب اس نے آگ دیکھی تو اپنے گھر والوں سے کہا تم ٹھہرو، بے شک میں نے دیکھی ہے

نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿١٠﴾ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ

نَارًا	لَّعَلِّيْٓ	اٰتِيْكُمْ	مِّنْهَا	بِقَبَسٍ	اَوْ	اَجِدُ	عَلَى النَّارِ	هُدًى	فَلَمَّآ	اَتٰىهَا	نُوْدِيَ
آگ	شاید میں	تمہارے پاس لاؤں	اس سے	چنگاری	یا	میں پاؤں	آگ پر	راستہ	پس جب	وہ وہاں آئے	آواز آئی

آگ، شاید میں تمہارے پاس اس سے چنگاری لے آؤں، یا میں آگ کے راستہ (کا پتہ) پالوں۔ پس جب وہ وہاں آئے، تو آواز آئی

يٰمُوْسٰٓى ﴿١١﴾ اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾

يٰمُوْسٰٓى	اِنِّيْٓ	اَنَا	رَبُّكَ	فَاخْلَعْ	نَعْلَيْكَ	اِنَّكَ	بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ	طُوًى
اے موسیٰؑ	بیشک میں	میں	تمہارا رب	سو اتار لو	اپنی جوتیاں	بیشک تم	میدانِ پاک	طُویٰ

اے موسیٰؑ! بیشک میں ہی تمہارا رب ہوں، سو اپنی جوتیاں اتار لو، بیشک تم طُویٰ کے پاک میدان میں ہو۔

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰٓى ﴿١٣﴾ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ

وَاَنَا	اخْتَرْتُكَ	فَاسْتَمِعْ	لِمَا يُوْحٰٓى	اِنَّنِيْٓ	اَنَا	اللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّآ اَنَا	فَاعْبُدْنِيْ
اور میں	تمہیں پسند کیا	پس کان لگا کر سنو	اسکی طرف جو وحی کی جائے	بیشک میں	میں	اللہ	نہیں کوئی معبود	میرے سوا	پس میری عبادت کرو

اور میں نے تمہیں پسند کیا، پس جو وحی کی جائے اس کی طرف کان لگا کر سنو۔ بیشک میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں، پس میری عبادت کرو

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ﴿١٤﴾ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ

وَاَقِمِ	الصَّلٰوةَ	لِذِكْرِيْ	اِنَّ	السَّاعَةَ	اٰتِيَةٌ	اَكَادُ	اُخْفِيْهَا	لِتُجْزٰى	كُلُّ نَفْسٍ
اور قائم کرو	نماز	میری یاد کے لئے	بیشک	قیامت	آنے والی	میں چاہتا ہوں	اسے پوشیدہ رکھوں	تاکہ بدلہ دیا جائے	ہر شخص

اور میری یاد کے لئے نماز قائم کرو۔ بیشک قیامت آنے والی ہے، میں چاہتا ہوں کہ اسے پوشیدہ رکھوں تاکہ ہر شخص کو بدلہ دیا جائے

بِمَا تَسْعٰى ﴿١٥﴾ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ﴿١٦﴾

بِمَا تَسْعٰى	فَلَا يَصُدَّنَّكَ	عَنْهَا	مَنْ	لَّا يُؤْمِنُ	بِهَا	وَاتَّبَعَ	هَوٰىهُ	فَتَرْدٰى
اس کا جو وہ کوشش کرے	پس تجھے روک نہ دے	اس سے	جو	ایمان نہیں رکھتا	اس پر	اور وہ پیچھے پڑا	اپنی خواہش	پھر تو ہلاک ہو جائے

اس کوشش کا جو وہ کرے۔ پس تجھے اس سے وہ نہ روک دے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا، اور اپنی خواہش کے پیچھے پڑا ہوا ہے، پھر تو ہلاک ہو جائے

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ﴿١٧﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا

وَمَا	تِلْكَ	بِيَمِيْنِكَ	يٰمُوْسٰى	قَالَ	هِيَ	عَصَايَ	اَتَوَكَّؤُا	عَلَيْهَا	وَاَهُشُّ	بِهَا
اور کیا	یہ	تیرے داہنے ہاتھ میں	اے موسیٰؑ	اس نے کہا	یہ	میرا عصا	میں ٹیک لگاتا ہوں	اس پر	اور میں پتے جھاڑتا ہوں	اس سے

اور اے موسیٰؑ! یہ تیرے داہنے ہاتھ میں کیا ہے؟ اس نے کہا یہ میرا عصا ہے، میں اس پر ٹیک لگاتا ہوں، اور اس سے پتے جھاڑتا ہوں

عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ﴿۱۸﴾ قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ﴿۱۹﴾ فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ

عَلٰى	غَنَمِيْ	وَلِيَ	فِيْهَا	مَاٰرِبُ	اُخْرٰى	قَالَ	اَلْقِهَا	يٰمُوْسٰى	فَاَلْقٰىهَا	فَاِذَا هِيَ
پر	اپنی بکریاں	اور میرے لئے	اس میں	ضرورتیں (فائدے)	اور بھی	اس نے فرمایا	اسے ڈال دے	اے موسیٰ	پس اس نے اسے ڈال دیا	تو ناگاہ وہ

اپنی بکریوں پر، اور اس میں میرے اور بھی کئی فائدے ہیں۔ اس نے فرمایا اے موسیٰ! اسے (زمین پر) ڈال دے، پس اس نے ڈال دیا، تو ناگاہ وہ

حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿۲۰﴾ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ۫ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿۲۱﴾ وَ

حَيَّةٌ	تَسْعٰى	قَالَ	خُذْهَا	وَ	لَا تَخَفْ	سَنُعِيْدُهَا	سِيْرَتَهَا	الْاُوْلٰى	وَ
سانپ	دوڑتا ہوا	فرمایا	اسے پکڑ لے	اور	نہ ڈر	ہم جلد اسے لوٹا دیں گے	اس کی حالت	پہلی	اور

دوڑتا ہوا سانپ (بن گیا) (اللہ نے) فرمایا اسے پکڑ لے، اور نہ ڈر، ہم جلد اسے اس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گے، اور

اضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ﴿۲۲﴾ لِنُرِيَكَ

اضْمُمْ	يَدَكَ	اِلٰى	جَنَاحِكَ	تَخْرُجْ	بَيْضَآءَ	مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ	اٰيَةً	اُخْرٰى	لِنُرِيَكَ
ملا (لگا)	اپنا ہاتھ	تک۔ سے	اپنی بغل	وہ نکلے گا	سفید	بغیر کسی عیب	نشانی	دوسری	تاکہ ہم تجھے دکھائیں

اپنا ہاتھ اپنی بغل میں لگا لے، وہ کسی عیب کے بغیر سفید (چمکتا ہوا) نکلے گا (یہ) دوسری نشانی ہے۔ تاکہ ہم تجھے دکھائیں

ع ۱ ۲۴ ۱۰

مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ﴿۲۳﴾ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۲۴﴾ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ

مِنْ	اٰيٰتِنَا	الْكُبْرٰى	اِذْهَبْ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	اِنَّهٗ	طَغٰى	قَالَ	رَبِّ	اشْرَحْ	لِيْ
سے	اپنی نشانیاں	بڑی	تو جا	طرف	فرعون	بیشک وہ	سرکش ہو گیا	اس نے کہا	اے میرے رب	کشادہ کر دے	میرے لئے

اپنی بڑی نشانیوں میں سے۔ تو فرعون کی طرف جا، بیشک وہ سرکش ہو گیا ہے۔ موسیٰؑ نے کہا اے میرے رب! میرے لئے کشادہ کر دے

صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾

صَدْرِيْ	وَيَسِّرْ لِيْٓ	اَمْرِيْ	وَاحْلُلْ	عُقْدَةً	مِنْ	لِّسَانِيْ	يَفْقَهُوْا	قَوْلِيْ
میرا سینہ	اور میرے لئے آسان کر دے	میرا کام	اور کھول دے	گرہ	سے کی	میری زبان	وہ سمجھ لیں	میری بات

میرا سینہ۔ اور میرے لئے میرا کام آسان کر دے۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔ کہ وہ میری بات سمجھ لیں۔

وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ﴿۲۹﴾ هٰرُوْنَ اَخِي ﴿۳۰﴾ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ﴿۳۱﴾ وَاَشْرِكْهُ

وَاجْعَلْ	لِّيْ	وَزِيْرًا	مِّنْ	اَهْلِيْ	هٰرُوْنَ	اَخِي	اشْدُدْ بِهٖ	اَزْرِيْ	وَاَشْرِكْهُ
اور بنا دے	میرے لئے	وزیر	سے	میرا خاندان	ہارونؑ	میرا بھائی	مضبوط کر اس سے	میری قوت	اور شریک کر دے اسے

اور میرے لئے میرے خاندان سے میرا وزیر (معاون) بنا دے، میرا بھائی ہارونؑ۔ اس سے میری قوت (کمر) مضبوط کر دے۔ اور اسے شریک کر دے

فِيْۤ اَمْرِيْ ﴿٣٢﴾ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿٣٣﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿٣٤﴾ اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿٣٥﴾

فِيْۤ اَمْرِيْ	كَيْ	نُسَبِّحَكَ	كَثِيْرًا	وَّنَذْكُرَكَ	كَثِيْرًا	اِنَّكَ	كُنْتَ	بِنَا بَصِيْرًا
میرے کام میں	تاکہ	ہم تیری تسبیح کریں	کثرت سے	اور تجھے یاد کریں	کثرت سے	بیشک تو	تو ہے	ہمیں خوب دیکھتا ہے

میرے کام میں۔ تاکہ ہم کثرت سے تیری تسبیح کریں، اور کثرت سے تجھے یاد کریں۔ بیشک تو ہمیں خوب دیکھتا ہے۔

قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ﴿٣٦﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰۤى ﴿٣٧﴾ اِذْ

قَالَ	قَدْ اُوْتِيْتَ	سُؤْلَكَ	يٰمُوْسٰى	وَ لَقَدْ مَنَنَّا	عَلَيْكَ	مَرَّةً	اُخْرٰى	اِذْ
اللہ نے فرمایا	تحقیق تجھے دیدیا گیا	جو تو نے مانگا	اے موسیٰؑ	اور تحقیق ہم نے احسان کیا	تجھ پر	ایک بار	اور بھی	جب

اللہ نے فرمایا، اے موسیٰؑ! جو تو نے مانگا تحقیق تجھے دے دیا گیا۔ اور تحقیق ہم نے تجھ پر ایک بار اور بھی احسان کیا تھا۔ جب

اَوْحَيْنَاۤ اِلٰۤى اُمِّكَ مَا يُوْحٰۤى ﴿٣٨﴾ اَنِ اقْذِفِيْهِ فِى التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِى الْيَمِّ

اَوْحَيْنَا	اِلٰى	اُمِّكَ	مَا يُوْحٰى	اَنِ اقْذِفِيْهِ	فِى التَّابُوْتِ	فَاقْذِفِيْهِ	فِى الْيَمِّ
ہم نے الہام کیا	طرف۔کو	تیری والدہ	جو الہام کرنا تھا	کہ تو اسے ڈال	صندوق میں	پھر اسے ڈالدے	دریا میں

ہم نے تیری والدہ کو الہام کیا جو الہام کرنا تھا۔ کہ تو اسے صندوق میں ڈال، پھر صندوق دریا میں ڈال دے،

فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّيْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً

فَلْيُلْقِهِ	الْيَمُّ	بِالسَّاحِلِ	يَاْخُذْهُ	عَدُوٌّ لِّيْ	وَعَدُوٌّ لَّهٗ	وَاَلْقَيْتُ	عَلَيْكَ	مَحَبَّةً
پھر اُسے ڈالدے گا	دریا	ساحل پر	اسے لے گا	میرا دشمن	اور اس کا دشمن	اور میں نے ڈالدی	تجھ پر	محبت

پھر دریا اسے ساحل پر ڈال دے گا، میرا اور اس کا دشمن اس کو لے لے گا (دریا سے نکال لے گا) اور میں نے ڈالدی تجھ پر محبت

مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ﴿٣٩﴾ اِذْ تَمْشِيْۤ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى

مِنِّيْ	وَلِتُصْنَعَ	عَلٰى عَيْنِيْ	اِذْ	تَمْشِيْ	اُخْتُكَ	فَتَقُوْلُ	هَلْ اَدُلُّكُمْ	عَلٰى
اپنی طرف سے	تاکہ تو پرورش پائے	میری آنکھوں پر (میرے سامنے)	جب	جا رہی تھی	تیری بہن	تو وہ کہہ رہی تھی	کیا میں تمہیں بتاؤں	پر

(اپنی طرف سے (کہ مخلوق تجھ سے محبت کرے) تاکہ تو میرے سامنے پرورش پائے۔ اور (یاد کر) جب تیری بہن جا رہی تھی تو (فرعون سے) کہہ رہی تھی کیا میں تمہیں (اسکا پتہ) بتاؤں

مَنْ يَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰۤى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ؕ وَقَتَلْتَ نَفْسًا

مَنْ يَّكْفُلُهٗ	فَرَجَعْنٰكَ	اِلٰى	اُمِّكَ	كَيْ تَقَرَّ	عَيْنُهَا	وَلَا تَحْزَنَ	وَقَتَلْتَ	نَفْسًا
جو	اس کی پرورش کرے	پس ہمنے تجھے لوٹا دیا	طرف	تیری ماں	تاکہ ٹھنڈی ہو	اس کی آنکھ	اور وہ غم نہ کرے	اور تو نے قتل کر دیا	ایک شخص

جو اس کی پرورش کرے؟ پس ہم نے تجھے تیری ماں کی طرف لوٹا دیا، تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ غم نہ کرے، اور تو نے ایک شخص کو قتل کر دیا

فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۚ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ ثُمَّ

فَنَجَّيْنٰكَ	مِنَ الْغَمِّ	وَفَتَنّٰكَ	فُتُوْنًا	فَلَبِثْتَ	سِنِيْنَ	فِيْٓ	اَهْلِ مَدْيَنَ	ثُمَّ
تو ہم نے تجھے نجات دی	غم سے	اور تجھے آزمایا	کئی آزمائشیں	پھر تو ٹھہرا رہا	کئی سال	میں	مَدیَن والے	پھر

تو ہم نے تجھے غم سے نجات دی، اور تجھے کئی آزمائشوں سے آزمایا، پھر تو کئی سال مَدیَن والوں میں ٹھہرا رہا، پھر

جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ﴿۴۰﴾ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿۴۱﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ

جِئْتَ	عَلٰى قَدَرٍ	يٰمُوْسٰى	وَاصْطَنَعْتُكَ	لِنَفْسِيْ	اِذْهَبْ	اَنْتَ	وَاَخُوْكَ
تو آیا	وقتِ مقرر پر	اے موسےٰ	اور میں نے تجھے بنایا	خاص اپنے لئے	تو جا	تو	اور تیرا بھائی

اے موسیٰ! تو وقتِ مقرر پر (مطابق تقدیرِ الٰہی) آیا، اور میں نے تجھے خاص اپنے لئے بنایا۔ تم اور تمہارا بھائی دونوں جاؤ

بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿۴۲﴾ اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۴۳﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا

بِاٰيٰتِيْ	وَلَا تَنِيَا	فِيْ ذِكْرِيْ	اِذْهَبَآ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	اِنَّهٗ	طَغٰى	فَقُوْلَا	لَهٗ	قَوْلًا لَّيِّنًا
میری نشانیوں کے ساتھ	اور سستی نہ کرنا	میری یاد میں	تم دونوں جاؤ	طرف، پاس	فرعون	بیشک وہ	سرکش ہو گیا	تم کہو	اس کو	نرم بات

میری نشانیوں کے ساتھ، اور میری یاد میں سستی نہ کرنا۔ تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ، بیشک وہ سرکش ہو گیا ہے۔ تم اس کو نرم بات کہو

لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿۴۴﴾ قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿۴۵﴾

لَعَلَّهٗ	يَتَذَكَّرُ	اَوْ	يَخْشٰى	قَالَا	رَبَّنَآ	اِنَّنَا نَخَافُ	اَنْ يَّفْرُطَ	عَلَيْنَآ	اَوْ	اَنْ يَّطْغٰى
شاید وہ	نصیحت پکڑلے	یا	وہ ڈر جائے	دونوں بولے	اے ہمارے رب	بیشک ہم ڈرتے ہیں	کہ وہ زیادتی کرے	ہم پر	یا	وہ حد سے بڑھے

شاید وہ نصیحت پکڑلے یا ڈر جائے۔ وہ بولے، اے ہمارے رب! بیشک ہم ڈرتے ہیں کہ کہیں وہ ہم پر زیادتی (نہ) کرے یا حد سے (نہ) بڑھے۔

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿۴۶﴾ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ

قَالَ	لَا تَخَافَآ	اِنَّنِيْ	مَعَكُمَآ	اَسْمَعُ	وَاَرٰى	فَاْتِيٰهُ	فَقُوْلَآ	اِنَّا رَسُوْلَا	رَبِّكَ
اس نے فرمایا	تم ڈرو نہیں	بیشک میں	تمہارے ساتھ ہوں	میں سنتا ہوں	اور میں دیکھتا ہوں	پس جاؤ اسکے پاس	اور تم کہو	بیشک ہم دونوں بھیجے ہوئے	تیرا رب

اس نے فرمایا تم ڈرو نہیں، بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں، میں سنتا اور دیکھتا ہوں۔ پس اس کے پاس جاؤ اور کہو بیشک ہم دونوں تیرے رب کے بھیجے ہوئے ہیں

فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۭ

فَاَرْسِلْ	مَعَنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	وَلَا تُعَذِّبْهُمْ	قَدْ جِئْنٰكَ	بِاٰيَةٍ	مِّنْ رَّبِّكَ
پس بھیج دے	ہمارے ساتھ	بنی اسرائیل	اور انہیں سزا نہ دے	ہم تیرے پاس آئے ہیں	نشانی کے ساتھ	سے تیرا رب

پس بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج دے اور انہیں سزا نہ دے، ہم تیرے پاس تیرے رب کی نشانی کے ساتھ آئے ہیں،

وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿٤٧﴾ اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى مَنْ كَذَّبَ

وَالسَّلٰمُ	عَلٰى	مَنِ	اتَّبَعَ	الْهُدٰى	اِنَّا	قَدْ اُوْحِيَ	اِلَيْنَا	اَنَّ	الْعَذَابَ	عَلٰى	مَنْ كَذَّبَ
اور سلام	پر	جو جس	اس نے پیروی کی	ہدایت	بیشک	وحی کی گئی	ہماری طرف	کہ	عذاب	پر	جس نے جھٹلایا

اور سلام ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی۔ بیشک ہماری طرف وحی کی گئی ہے کہ عذاب ہے اس پر جس نے جھٹلایا

وَتَوَلّٰى ﴿٤٨﴾ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿٤٩﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ

وَتَوَلّٰى	قَالَ	فَمَنْ	رَّبُّكُمَا	يٰمُوْسٰى	قَالَ	رَبُّنَا	الَّذِيْٓ	اَعْطٰى	كُلَّ شَيْءٍ	خَلْقَهٗ
اور منہ پھیرا	اس نے کہا	پس کون	تمہارا رب	اے موسیٰؑ	اس نے کہا	ہمارا رب	جس نے	عطا کی	ہر چیز	اسکی شکل و صورت

اور منہ پھیرا۔ اس نے کہا اے موسیٰؑ! پس تمہارا رب کون ہے؟ موسیٰؑ نے کہا ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اسکی شکل و صورت عطا کی

ثُمَّ هَدٰى ﴿٥٠﴾ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿٥١﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ

ثُمَّ	هَدٰى	قَالَ	فَمَا	بَالُ	الْقُرُوْنِ	الْاُوْلٰى	قَالَ	عِلْمُهَا	عِنْدَ	رَبِّيْ	فِيْ كِتٰبٍ
پھر	رہنمائی کی	اس نے کہا	پھر کیا	حال	جماعتیں	پہلی	اس نے کہا	اس کا علم	پاس	میرا رب	کتاب میں

پھر اس کی رہنمائی کی۔ اس نے کہا پھر پہلی جماعتوں کا کیا حال؟ موسیٰؑ نے کہا اس کا علم میرے رب کے پاس کتاب میں ہے

لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى ﴿٥٢﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ

لَا يَضِلُّ	رَبِّيْ	وَ	لَا يَنْسَى	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَرْضَ	مَهْدًا	وَّسَلَكَ	لَكُمْ
وہ نہ غلطی کرتا ہے	میرا رب	اور	نہ وہ بھولتا ہے	وہ جس نے	بنایا	تمہارے لئے	زمین	بچھونا	اور چلائیں	تمہارے لئے

میرا رب نہ غلطی کرتا ہے، اور نہ بھولتا ہے۔ وہ جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا، اور تمہارے لئے چلائیں

فِيْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۭ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿٥٣﴾

فِيْهَا	سُبُلًا	وَّاَنْزَلَ	مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجْنَا	بِهٖٓ	اَزْوَاجًا	مِّنْ	نَّبَاتٍ	شَتّٰى
اس میں	راہیں	اور اتارا	سے	آسمان	پانی	پھر ہم نے نکالے	اس سے	جوڑے (اقسام)	سے	سبزی	مختلف

اس میں راہیں، اور آسمان سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس سے سبزی کی مختلف اقسام نکالیں۔

كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿٥٤﴾ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ

كُلُوْا	وَارْعَوْا	اَنْعَامَكُمْ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّاُولِي النُّهٰى	مِنْهَا	خَلَقْنٰكُمْ
تم کھاؤ	اور چراؤ	اپنے مویشی	بیشک	اس میں	نشانیاں	عقل والوں کے لئے	اس سے	ہم نے تمہیں پیدا کیا

تم کھاؤ اور اپنے مویشی چراؤ، بیشک اس میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اس (زمین) سے ہم نے تمہیں پیدا کیا

ع ٢ ١١

وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ ﴿٥٥﴾ وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ آيَاتِنَا كُلَّهَا

وَفِيهَا	نُعِيدُكُمْ	وَمِنْهَا	نُخْرِجُكُمْ	تَارَةً أُخْرَىٰ	وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ	آيَاتِنَا	كُلَّهَا
اور اس میں	ہم لوٹا دیں گے تمہیں	اور اس سے	ہم نکالیں گے تمہیں	دوسری بار	اور ہم نے اسے دکھائیں	اپنی نشانیاں	تمام

اور اسی میں ہم تمہیں لوٹا دیں گے، اور اسی سے ہم تمہیں دوسری بار نکالیں گے۔ اور ہم نے اُسے (فرعون کو) اپنی تمام نشانیاں دکھائیں

فَكَذَّبَ وَأَبَىٰ ﴿٥٦﴾ قَالَ أَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ أَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يَا مُوسَىٰ ﴿٥٧﴾ فَلَنَأْتِيَنَّكَ

فَكَذَّبَ	وَأَبَىٰ	قَالَ	أَجِئْتَنَا	لِتُخْرِجَنَا	مِنْ أَرْضِنَا	بِسِحْرِكَ	يَا مُوسَىٰ	فَلَنَأْتِيَنَّكَ
تو اس نے جھٹلایا	اور انکار کیا	اس نے کہا	کیا تو آیا ہے ہمارے پاس	کہ تو نکالدے ہمیں	ہماری زمین سے	اپنے جادو کے ذریعہ	اے موسیٰ	پس ضرور ہم تیرے مقابل لائیں گے

تو اس نے جھٹلایا اور انکار کیا۔ اس نے کہا اے موسیٰ! کیا تو ہمارے پاس آیا ہے کہ تو ہمیں اپنے جادو کے ذریعہ ہماری زمین (ملک) سے نکالدے۔ پس ہم تیرے مقابل ضرور لائیں گے

بِسِحْرٍ مِثْلِهِ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَا نُخْلِفُهُ نَحْنُ وَلَا أَنْتَ

بِسِحْرٍ	مِثْلِهِ	فَاجْعَلْ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَكَ	مَوْعِدًا	لَا نُخْلِفُهُ	نَحْنُ	وَلَا	أَنْتَ
ایک جادو	اس جیسا	پس مقرر کر	ہمارے درمیان	اور اپنے درمیان	ایک وعدہ (وقت)	ہم اسکے خلاف نہ کریں	ہم	اور نہ	تو

اس جیسا ایک جادو، پس ہمارے اور اپنے درمیان ایک وقت مقرر کر لے کہ نہ ہم اس کے خلاف کریں اور نہ تو،

مَكَانًا سُوًى ﴿٥٨﴾ قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّينَةِ وَأَنْ يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿٥٩﴾ فَتَوَلَّىٰ

مَكَانًا سُوًى	قَالَ	مَوْعِدُكُمْ	يَوْمُ الزِّينَةِ	وَأَنْ	يُحْشَرَ	النَّاسُ	ضُحًى	فَتَوَلَّىٰ
ایک ہموار میدان	اس نے کہا	تمہارا وعدہ	زینت (میلے) کا دن	اور یہ کہ	جمع کئے جائیں	لوگ	دن چڑھے	پھر لوٹ گیا

ایک ہموار میدان (میں مقابلہ ہوگا) موسیٰؑ نے کہا تمہارا وعدہ میلے کا دن ہے اور یہ کہ لوگ دن چڑھے جمع کئے جائیں۔ پھر لوٹ گیا

فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُ ثُمَّ أَتَىٰ ﴿٦٠﴾ قَالَ لَهُمْ مُوسَىٰ وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ

فِرْعَوْنُ	فَجَمَعَ	كَيْدَهُ	ثُمَّ	أَتَىٰ	قَالَ	لَهُمْ	مُوسَىٰ	وَيْلَكُمْ	لَا تَفْتَرُوا	عَلَى اللَّهِ
فرعون	اس نے جمع کیا	اپنا داؤ	پھر	وہ آیا	اس نے کہا	اُن سے	موسیٰؑ	خرابی تم پر	نہ گھڑو	اللہ پر

فرعونؑ سو اس نے اپنا داؤ (جادو کا سامان) جمع کیا پھر آیا۔ موسیٰؑ نے ان سے کہا تم پر خرابی ہو، اللہ پر نہ گھڑو

كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَىٰ ﴿٦١﴾ فَتَنَازَعُوا أَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ

كَذِبًا	فَيُسْحِتَكُمْ	بِعَذَابٍ	وَقَدْ خَابَ	مَنِ افْتَرَىٰ	فَتَنَازَعُوا	أَمْرَهُمْ	بَيْنَهُمْ
جھوٹ	کہ وہ ہلاک کر دے تمہیں	عذاب سے	اور وہ نامراد ہوا	جس نے جھوٹ باندھا	تو وہ جھگڑنے لگے	اپنے کام میں	باہم

جھوٹ، کہ وہ تمہیں عذاب سے ہلاک کر دے، اور جس نے جھوٹ باندھا وہ نامراد ہوا۔ تو وہ (جادوگر) باہم اپنے کام میں جھگڑنے لگے

وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿٦٢﴾ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ

وَاَسَرُّوا	النَّجْوٰى	قَالُوْٓا	اِنْ	هٰذٰنِ	لَسٰحِرٰنِ	يُرِيْدٰنِ	اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ	مِّنْ اَرْضِكُمْ
اور انہوں نے چھپ کر کیا	مشورہ	وہ کہنے لگے	تحقیق	یہ دونوں	البتہ جادوگر	یہ چاہتے ہیں	کہ تمہیں نکال دیں	سے تمہاری سرزمین

اور انہوں نے چھپ کر مشورہ کیا۔ وہ کہنے لگے تحقیق یہ دونوں جادوگر ہیں، یہ چاہتے ہیں کہ تمہیں تمہاری سرزمین سے نکال دیں

بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ

بِسِحْرِهِمَا	وَيَذْهَبَا	بِطَرِيْقَتِكُمُ	الْمُثْلٰى	فَاَجْمِعُوْا	كَيْدَكُمْ	ثُمَّ ائْتُوْا	صَفًّا
اپنے جادو کے ذریعہ	اور وہ لے جائیں	تمہارا طریقہ	اچھا	لہٰذا اکٹھا کر لو تم	اپنے داؤ	پھر تم آؤ	صف باندھ کر

اپنے جادو کے ذریعہ، اور تمہارا اچھا طریقہ لے جائیں (نابود کر دیں)۔ لہٰذا تم اپنے داؤ اکٹھے کر لو، پھر صف باندھ کر آؤ،

وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ

وَقَدْ اَفْلَحَ	الْيَوْمَ	مَنِ	اسْتَعْلٰى	قَالُوْا	يٰمُوْسٰٓى	اِمَّآ	اَنْ تُلْقِيَ	وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ
اور تحقیق کامیاب ہوگا	آج	جو	غالب رہا	وہ بولے	اے موسیٰ	یا تو	یہ کہ تو ڈالے	اور یا یہ کہ ہم ہوں

اور تحقیق آج وہی کامیاب ہوگا جو غالب رہا۔ وہ بولے اے موسیٰ! یا تو (پہلے اپنا داؤ) ڈال یا ہم

اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ

اَوَّلَ	مَنْ	اَلْقٰى	قَالَ	بَلْ	اَلْقُوْا	فَاِذَا	حِبَالُهُمْ	وَعِصِيُّهُمْ	يُخَيَّلُ اِلَيْهِ
پہلے	جو	ڈالیں	اس نے کہا	بلکہ	تم ڈالو	تو ناگہاں	ان کی رسیاں	اور انکی لاٹھیاں	خیال میں آئیں اس کے

پہلے ڈالیں۔ اس نے کہا (نہیں) بلکہ تم ڈالو، تو ناگہاں ان کی رسیاں اور ان کی لاٹھیاں اُس (موسیٰؑ) کے خیال میں آئیں (ایسے نمودار ہوئیں)

مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿٦٦﴾ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾ قُلْنَا

مِنْ	سِحْرِهِمْ	اَنَّهَا	تَسْعٰى	فَاَوْجَسَ	فِيْ نَفْسِهٖ	خِيْفَةً	مُّوْسٰى	قُلْنَا
سے	ان کا جادو	کہ وہ	دوڑ رہی ہیں	تو پایا (محسوس کیا)	اپنے دل میں	کچھ خوف	موسیٰؑ	ہم نے کہا

ان کے جادو سے، گویا کہ وہ دوڑ رہی ہیں۔ تو موسیٰؑ نے اپنے دل میں کچھ خوف محسوس کیا۔ ہم نے کہا

لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا

لَا تَخَفْ	اِنَّكَ	اَنْتَ	الْاَعْلٰى	وَاَلْقِ	مَا	فِيْ يَمِيْنِكَ	تَلْقَفْ	مَا صَنَعُوْا	اِنَّمَا
تم ڈرو نہیں	بیشک تم	تم (ہی)	غالب	اور ڈالو	جو	تمہارے دائیں ہاتھ میں	وہ نگل جائے گا	جو انہوں نے بنایا ہے	بیشک

تم ڈرو نہیں، بیشک تم ہی غالب رہو گے۔ اور جو تمہارے دائیں ہاتھ میں ہے ڈالو وہ نگل جائے گا جو کچھ انہوں نے بنایا ہے، بیشک

صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا

صَنَعُوْا	كَيْدُ	سٰحِرٍ	وَلَا يُفْلِحُ	السّٰحِرُ	حَيْثُ	اَتٰى	فَاُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا
انہوں نے بنایا	فریب	جادوگر	اور کامیاب نہیں ہوگا	جادوگر	جہاں (کہیں)	وہ آئے	پس ڈال دیئے گئے	جادوگر	سجدہ میں

(جو کچھ) انہوں نے بنایا ہے جادو کا فریب ہے، اور جادوگر کہیں آئے وہ کامیاب نہیں ہوتا۔ پس جادوگر سجدہ میں ڈال دیئے گئے (گر پڑے)

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿٧٠﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ؕ اِنَّهٗ

قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِرَبِّ	هٰرُوْنَ	وَمُوْسٰى	قَالَ	اٰمَنْتُمْ	لَهٗ	قَبْلَ	اَنْ اٰذَنَ	لَكُمْ	اِنَّهٗ
وہ بولے	ہم ایمان لائے	رب پر	ہارون[ع]	اور موسےٰ[ع]	اس نے کہا	تم ایمان لائے	اس پر	پہلے	کہ میں اجازت دوں	تمہیں	بیشک وہ

وہ بولے ہم ہارونؑ اور موسیٰؑ کے رب پر ایمان لائے۔ فرعون نے کہا تم اس پر ایمان لے آئے (اس سے) پہلے کہ میں تمہیں اجازت دوں بیشک وہ (موسیٰ)

لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ

لَكَبِيْرُكُمُ	الَّذِيْ	عَلَّمَكُمُ	السِّحْرَ	فَلَاُقَطِّعَنَّ	اَيْدِيَكُمْ	وَاَرْجُلَكُمْ	مِّنْ خِلَافٍ
تمہارا بڑا	وہ جس نے	تمہیں سکھایا	جادو	پس میں ضرور کاٹوں گا	تمہارے ہاتھ	اور تمہارے پاؤں	دوسری طرف سے

تمہارا بڑا ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا ہے پس میں ضرور کاٹ ڈالوں گا تمہارے ہاتھ پاؤں (جانب) خلاف سے (ایک طرف کا ہاتھ دوسری طرف کا پاؤں)

وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۫ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ﴿٧١﴾

وَ	لَاُصَلِّبَنَّكُمْ	فِيْ	جُذُوْعِ النَّخْلِ	وَلَتَعْلَمُنَّ	اَيُّنَآ	اَشَدُّ	عَذَابًا	وَّاَبْقٰى
اور	میں تمہیں ضرور سولی دوں گا	میں۔ پر	کھجور کے تنے	اور تم خوب جان لوگے	ہم میں کون	زیادہ سخت	عذاب میں	اور تادیر رہنے والا

اور میں ضرور تمہیں کھجور کے تنوں پر سولی دوں گا، اور تم خوب جان لوگے ہم میں کون عذاب میں سخت ہے اور تادیر رہنے والا ہے۔

قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ

قَالُوْا	لَنْ نُّؤْثِرَكَ	عَلٰى	مَا جَآءَنَا	مِنَ الْبَيِّنٰتِ	وَالَّذِيْ فَطَرَنَا	فَاقْضِ	مَا
انہوں نے کہا	ہم ہرگز تجھے ترجیح نہ دیں گے	پر	جو ہمارے پاس آئے	واضح دلائل سے	اور وہ جس نے ہمیں پیدا کیا	پس تو کر گزر	جو

انہوں نے کہا ہم تجھے ہرگز ترجیح نہ دیں گے اُن واضح دلائل سے جو ہمارے پاس آئے ہیں اور اس پر جس نے ہمیں پیدا کیا ہے، پس تو کر گزر جو

اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٧٢﴾ اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا

اَنْتَ	قَاضٍ	اِنَّمَا	تَقْضِيْ	هٰذِهِ	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	اِنَّآ اٰمَنَّا	بِرَبِّنَا	لِيَغْفِرَ لَنَا	خَطٰيٰنَا
تو	کرنے والا	اس کے سوا نہیں	تو کرے گا	اس	دنیا کی زندگی	بیشک ہم ایمان لائے	اپنے رب پر	کہ وہ بخشدے	ہماری خطائیں

تو کرنے والا ہے، اس کے سوا نہیں کہ تو (صرف) اس دنیا کی زندگی میں کرے گا۔ بیشک ہم اپنے رب پر ایمان لائے کہ وہ ہماری خطائیں بخشدے

وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝٧٣ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ

وَمَآ	اَكْرَهْتَنَا	عَلَيْهِ	مِنَ	السِّحْرِ	وَاللّٰهُ	خَيْرٌ	وَّاَبْقٰى	اِنَّهٗ	مَنْ يَّاْتِ	رَبَّهٗ
اور جو	تونے ہمیں مجبور کیا	اس پر	سے	جادو	اور اللہ	بہتر	اور ہمیشہ باقی رہنے والا	بیشک وہ	جو آیا	اپنے رب کے سامنے

اور اس کے بارے میں جو تو نے ہمیں جادو سے مجبور کیا، اور اللہ بہتر ہے اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔ بیشک وہ، جو اپنے رب کے سامنے آیا

مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝٧٤ وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا

مُجْرِمًا	فَاِنَّ	لَهٗ	جَهَنَّمَ	لَا يَمُوْتُ	فِيْهَا	وَ	لَا يَحْيٰى	وَمَنْ	يَّاْتِهٖ	مُؤْمِنًا
مجرم بن کر	تو بیشک	اس کے لئے	جہنم	نہ وہ مرے گا	اس میں	اور	نہ جئے گا	اور جو	اسکے پاس آیا	مومن بن کر

مجرم بن کر تو بیشک اس کے لئے جہنم ہے نہ وہ اس میں مرے گا، اور نہ جئے گا۔ اور جو اس کے پاس مومن بن کر آیا

قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۝٧٥ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ

قَدْ عَمِلَ	الصّٰلِحٰتِ	فَاُولٰۗىِٕكَ	لَهُمُ	الدَّرَجٰتُ	الْعُلٰى	جَنّٰتُ	عَدْنٍ	تَجْرِيْ
اس نے کئے عمل	اچھے	پس یہی لوگ	ان کے لئے	درجے	بلند	باغات	ہمیشہ رہنے والے	جاری ہیں

اور اس نے اچھے عمل کئے، پس یہی لوگ ہیں جن کے لئے درجے بلند ہیں، ہمیشہ رہنے والے باغات، جاری ہیں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ۝٧٦ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ

مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَذٰلِكَ	جَزٰۗؤُا	مَنْ تَزَكّٰى	وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ	
ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور یہ	جزا ہے	جو پاک ہوا	اور تحقیق ہم نے وحی کی	

ان کے نیچے نہریں، ان میں ہمیشہ رہیں گے، اور یہ جزا ہے (اس کی) جو پاک ہوا۔ اور تحقیق ہم نے وحی کی

اِلٰى مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا

اِلٰى	مُوْسٰٓى	اَنْ اَسْرِ	بِعِبَادِيْ	فَاضْرِبْ	لَهُمْ	طَرِيْقًا	فِي الْبَحْرِ	يَبَسًا	لَّا
طرف۔کو	موسیٰؑ	کہ راتوں رات لے جا	میرے بندے	پس بنا لینا	ان کے لئے	راستہ	دریا میں	خشک	نہ

موسیٰؑ کو کہ راتوں رات میرے بندوں کو (نکال) لے جا، ان کے لئے دریا میں (عصا مار کر) خشک راستہ بنا لینا، نہ

تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ۝٧٧ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ

تَخٰفُ	دَرَكًا	وَّلَا تَخْشٰى	فَاَتْبَعَهُمْ	فِرْعَوْنُ	بِجُنُوْدِهٖ	فَغَشِيَهُمْ	مِّنَ الْيَمِّ
خوف ہوگا	پکڑنا	اور نہ ڈر	پھر ان کا پیچھا کیا	فرعون	اپنے لشکر کے ساتھ	انہیں ڈھانپ لیا	دریا سے

تجھے پکڑے جانے کا خوف ہوگا اور نہ (غرق ہونے کا) ڈر ہوگا۔ پھر فرعون نے اپنے لشکر کے ساتھ ان کا پیچھا کیا تو انہیں دریا (کی موجوں) نے ڈھانپ لیا،

مَا غَشِيَهُمْ ﴿٧٨﴾ وَأَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهُ وَمَا هَدَىٰ ﴿٧٩﴾ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ قَدْ

مَا غَشِيَهُمْ	وَأَضَلَّ	فِرْعَوْنُ	قَوْمَهُ	وَمَا هَدَىٰ	يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ	قَدْ
جیسا کہ ان کو ڈھانپ لیا	اور گمراہ کیا	فرعون	اپنی قوم	اور نہ ہدایت دی	اے بنی اسرائیل	تحقیق

جیسا کہ ڈھانپ لیا (بالکل غرق کر دیا) اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا اور ہدایت نہ دی۔ اے بنی اسرائیل (اولادِ یعقوب)! تحقیق

أَنجَيْنَاكُمْ مِّن عَدُوِّكُمْ وَوَاعَدْنَاكُمْ جَانِبَ الطُّورِ الْأَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ

أَنجَيْنَاكُمْ	مِن	عَدُوِّكُمْ	وَوَاعَدْنَاكُمْ	جَانِبَ	الطُّورِ الْأَيْمَنَ	وَنَزَّلْنَا	عَلَيْكُمُ الْمَنَّ
ہمنے تمہیں نجات دی	سے	تمہارا دشمن	اور ہم نے تم سے وعدہ کیا	جانب	کوہ طور دائیں	اور ہم نے اتارا	تم پر من

ہم نے تمہارے دشمن سے تمہیں نجات دی اور کوہِ طور کے دائیں جانب تم سے (توریت عطا کرنے کا) وعدہ کیا اور ہم نے تم پر اتارا "من"

وَالسَّلْوَىٰ ﴿٨٠﴾ كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ

وَ	السَّلْوَىٰ	كُلُوا	مِنْ	طَيِّبَاتِ	مَا رَزَقْنَاكُمْ	وَ	لَا تَطْغَوْا فِيهِ	فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ
اور	سلویٰ	تم کھاؤ	سے	پاکیزہ چیزیں	جو ہم نے تمہیں دیا	اور	نہ سرکشی کرو اس میں	کہ اترے گا تم پر

اور "سلویٰ"۔ جو ہم نے تمہیں دیا اس میں سے پاکیزہ چیزیں کھاؤ، اور اس میں سرکشی نہ کرو کہ تم پر اُترے

غَضَبِي ۚ وَمَن يَحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِي فَقَدْ هَوَىٰ ﴿٨١﴾ وَإِنِّي لَغَفَّارٌ لِّمَن تَابَ

غَضَبِي	وَمَن	يَحْلِلْ	عَلَيْهِ	غَضَبِي	فَقَدْ هَوَىٰ	وَإِنِّي	لَغَفَّارٌ	لِّمَن تَابَ
میرا غضب	اور جو	اُترا	اس پر	میرا غضب	تو وہ گرا (نیست و نابود ہوا)	اور بیشک میں	بڑا بخشنے والا	اسکو جو جس

میرا غضب، اور جس پر میرا غضب اُترا تو وہ نیست و نابود ہوا۔ اور بیشک میں بڑا بخشنے والا ہوں اس کو جس نے توبہ کی،

وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدَىٰ ﴿٨٢﴾ وَمَا أَعْجَلَكَ عَن قَوْمِكَ يَا مُوسَىٰ ﴿٨٣﴾

وَآمَنَ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	ثُمَّ	اهْتَدَىٰ	وَمَا	أَعْجَلَكَ	عَن قَوْمِكَ	يَا مُوسَىٰ
اور وہ ایمان لایا	اور اس نے عمل کیا	نیک	پھر	ہدایت پر رہا	اور کیا (چیز)	تجھے جلد لائی	اپنی قوم سے	اے موسیٰ

اور وہ ایمان لایا اور اس نے عمل کیا نیک، پھر ہدایت پر رہا۔ اور اے موسیٰ! اور کیا چیز تجھے اپنی قوم سے جلد لائی (کیوں جلدی کی):

قَالَ هُمْ أُولَاءِ عَلَىٰ أَثَرِي وَعَجِلْتُ إِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضَىٰ ﴿٨٤﴾ قَالَ فَإِنَّا قَدْ

قَالَ	هُمْ	أُولَاءِ	عَلَىٰ أَثَرِي	وَعَجِلْتُ	إِلَيْكَ	رَبِّ	لِتَرْضَىٰ	قَالَ	فَإِنَّا	قَدْ
اس نے کہا	وہ	یہ ہیں	میرے پیچھے	اور میں نے جلدی کی	تیری طرف	اے میرے رب	تاکہ تو راضی ہو	اس نے کہا	پس ہم نے	تحقیق

اس نے کہا وہ یہ میرے پیچھے (آ رہے ہیں) میں نے تیری طرف (آنے میں) جلدی کی تاکہ تو راضی ہو۔ اس نے کہا پس ہم نے تحقیق

فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿٨٥﴾ فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ

فَتَنَّا	قَوْمَكَ	مِنْۢ بَعْدِكَ	وَاَضَلَّهُمُ	السَّامِرِيُّ	فَرَجَعَ	مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ
آزمائش میں ڈالا	تیری قوم	تیرے بعد	اور انہیں گمراہ کیا	سامری	پس لوٹا	موسیٰؑ اپنی قوم کی طرف

تیری قوم کو آزمائش میں ڈالا، اور انہیں سامری نے گمراہ کیا۔ پس موسیٰؑ اپنی قوم کی طرف لوٹے،

غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۚ اَفَطَالَ

غَضْبَانَ	اَسِفًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اَ لَمْ يَعِدْكُمْ	رَبُّكُمْ	وَعْدًا حَسَنًا	اَفَطَالَ
غصہ میں بھرا ہوا	افسوس کرتا	اس نے کہا	اے میری قوم	کیا تم سے وعدہ نہیں کیا تھا	تمہارا رب	اچھا وعدہ	کیا طویل ہو گئی

غصہ میں بھرے ہوئے، افسوس کرتے ہوئے، کہا اے میری قوم! کیا تم سے تمہارے رب نے اچھا وعدہ نہیں کیا تھا؟ کیا طویل ہو گئی

عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ

عَلَيْكُمُ	الْعَهْدُ	اَمْ اَرَدْتُّمْ	اَنْ يَّحِلَّ	عَلَيْكُمْ	غَضَبٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	فَاَخْلَفْتُمْ
تم پر	مدت	یا تم نے چاہا	کہ اترے	تم پر	غضب	سے۔کا	تمہارا رب	پھر تم نے خلاف کیا

تم پر (میری جدائی کی) مدت؟ یا تم نے چاہا کہ تم پر تمہارے رب کا غضب اُترے؟ پھر تم نے خلاف کیا

مَّوْعِدِيْ ﴿٨٦﴾ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا

مَوْعِدِيْ	قَالُوْا	مَآ اَخْلَفْنَا	مَوْعِدَكَ	بِمَلْكِنَا	وَلٰكِنَّا	حُمِّلْنَآ	اَوْزَارًا
میرا وعدہ	وہ بولے	ہم نے خلاف نہیں کیا	تمہارا وعدہ	اپنے اختیار سے	اور لیکن (بلکہ)	ہم پر لادا گیا	بوجھ

میرے وعدہ کے (وعدہ خلافی کی)۔ وہ بولے ہم نے اپنے اختیار سے تمہارے وعدہ کے خلاف نہیں کیا، بلکہ ہم پر بوجھ لادا گیا

مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿٨٧﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا

مِنْ	زِيْنَةِ الْقَوْمِ	فَقَذَفْنٰهَا	فَكَذٰلِكَ	اَلْقَى	السَّامِرِيُّ	فَاَخْرَجَ	لَهُمْ	عِجْلًا
سے۔کا	قوم کا زیور	تو ہم نے اسے ڈالدیا	پھر اسی طرح	ڈالا	سامری	پھر اس نے نکالا	ان کے لئے	ایک بچھڑا

(فرعون کی قوم کے زیور کا، تو ہم نے اُسے (آگ میں) ڈال دیا، پھر اسی طرح سامری نے ڈالا۔ پھر اس نے ان کے لئے ایک بچھڑا نکالا (بنایا)

جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۙ فَنَسِيَ ﴿٨٨﴾ اَفَلَا يَرَوْنَ

جَسَدًا	لَّهٗ	خُوَارٌ	فَقَالُوْا	هٰذَآ	اِلٰهُكُمْ	وَاِلٰهُ	مُوْسٰى	فَنَسِيَ	اَفَلَا يَرَوْنَ
ایک قالب	اسکے لئے	گائے کی آواز	پھر انہوں نے کہا	یہ	تمہارا معبود	اور معبود	موسیٰؑ	پھر وہ بھول گیا	پس کیا وہ نہیں دیکھتے

(گویا) ایک قالب جس کی آواز گائے کی تھی، پھر انہوں نے کہا یہ تمہارا معبود ہے اور موسیٰؑ کا معبود ہے، وہ (موسیٰؑ) تو بھول گیا ہے۔ بھلا کیا وہ نہیں دیکھتے؟

ع ۴ ۱۳ ۱۳

اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۙ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ﴿۸۹﴾ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ

اَلَّا يَرْجِعُ	اِلَيْهِمْ	قَوْلًا	وَ لَا يَمْلِكُ	لَهُمْ	ضَرًّا	وَ	لَا نَفْعًا	وَ	لَقَدْ قَالَ	لَهُمْ
کہ وہ نہیں پھیرتا	ان کی طرف	بات (جواب)	اور اختیار نہیں رکھتا	ان کے	نقصان	اور	نہ نفع	اور	تحقیق کہا	ان سے

کہ وہ (بچھڑا) ان کی طرف بات نہیں پھیرتا (ان کو جواب نہیں دیتا) نہ اُن کے نقصان کا اختیار رکھتا ہے اور نہ نفع کا۔ اور تحقیق ان سے

هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ

هٰرُوْنُ	مِنْ قَبْلُ	يٰقَوْمِ	اِنَّمَا	فُتِنْتُمْ	بِهٖ	وَاِنَّ	رَبَّكُمُ	الرَّحْمٰنُ	فَاتَّبِعُوْنِيْ
ہارونؑ	اس سے پہلے	اے میری قوم	اسکے سوا نہیں	تم آزمائے گئے	اس سے	اور بیشک	تمہارا رب	"رحمٰن" ہے	سو میری پیروی کرو

ہارونؑ نے اس سے پہلے کہا تھا کہ اے میری قوم! اس کے سوا نہیں کہ تم اس سے آزمائے گئے ہو اور بیشک تمہارا رب "رحمٰن" ہے سو میری پیروی کرو

وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿۹۱﴾

وَاَطِيْعُوْٓا	اَمْرِيْ	قَالُوْا	لَنْ نَّبْرَحَ	عَلَيْهِ	عٰكِفِيْنَ	حَتّٰى	يَرْجِعَ	اِلَيْنَا	مُوْسٰى
حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ

حَرَجٌ	وَّلَا	عَلَى الْمَرِيْضِ	حَرَجٌ	وَّلَا	عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ	اَنْ تَاْكُلُوْا	مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ
کوئی گناہ	اور نہ	بیمار پر	کوئی گناہ	اور نہ	خود تم پر	کہ تم کھاؤ	اپنے گھروں سے

کوئی گناہ ہے، اور نہ بیمار پر کوئی گناہ ہے، نہ خود تم پر کہ تم کھاؤ اپنے گھروں سے،

اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ

اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ
یا اپنے باپوں کے گھروں سے	یا اپنی ماؤں کے گھروں سے	یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے	یا اپنی بہنوں کے گھروں سے

یا اپنے باپوں کے گھروں سے، یا اپنی ماؤں کے گھروں سے، یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے، یا اپنی بہنوں کے گھروں سے،

اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ

اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ	اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ
یا اپنے تائے چچاؤں کے گھروں سے	یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے	یا اپنے خالو، ماموؤں کے گھروں سے	یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے

یا اپنے تائے چچاؤں کے گھروں سے، یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے، یا اپنے خالو ماموؤں کے گھروں سے، یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے،

اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ۭ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا

اَوْ	مَا مَلَكْتُمْ	مَّفَاتِحَهٗٓ	اَوْ صَدِيْقِكُمْ	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	اَنْ	تَاْكُلُوْا	جَمِيْعًا
یا	جس (گھر) کی تمہارے قبضہ میں ہوں	اسکی کنجیاں	یا اپنے دوست (کے گھر سے)	نہیں	تم پر	کوئی گناہ	کہ	تم کھاؤ	اکٹھے مل کر

یا جس گھر کی کنجیاں تمہارے قبضہ میں ہوں، یا اپنے دوست کے گھر سے، تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم اکٹھے مل کر کھاؤ،

اَوْ اَشْتَاتًا ۭ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

اَوْ	اَشْتَاتًا	فَاِذَا	دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا	فَسَلِّمُوْا	عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ	تَحِيَّةً	مِّنْ	عِنْدِ اللّٰهِ
یا	جُدا جُدا	پھر جب	تم داخل ہو گھروں میں	تو سلام کرو	اپنے لوگوں کو	دعائے خیر	سے	اللہ کے ہاں

یا جُدا جُدا، پھر جب تم گھروں میں داخل ہو تو اپنے لوگوں کو سلام کرو، دعائے خیر اللہ کے ہاں سے،

مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ ع اِنَّمَا

مُبٰرَكَةً	طَيِّبَةً	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	اِنَّمَا
بابرکت	پاکیزہ	اسی طرح	اللہ واضح کرتا ہے	تمہارے لئے	احکام	تاکہ تم	سمجھو	اس کے سوا نہیں

بابرکت، پاکیزہ، اسی طرح اللہ تمہارے لئے احکام واضح کرتا ہے تاکہ تم سمجھو، اس کے سوا نہیں کہ

الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ

الْمُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَاِذَا	كَانُوْا	مَعَهٗ	عَلٰٓى	اَمْرٍ جَامِعٍ
مومن (جمع)	جو ایمان لائے (یقین کیا)	اللہ پر	اور اس کے رسول پر	اور جب	وہ ہوتے ہیں	اسکے ساتھ	پر ہیں	جمع ہونے کا کام

مومن وہ ہیں جنہوں نے اللہ اور اس کے رسولؐ پر یقین کیا اور جب وہ کسی جمع ہو کر کرنے کے کام میں (شرکت کیلئے) اسکے ساتھ (رسول کے پاس) ہوتے ہیں

لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

لَمْ يَذْهَبُوْا	حَتّٰى	يَسْتَاْذِنُوْهُ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَسْتَاْذِنُوْنَكَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
وہ نہیں جاتے	جب تک	وہ اس سے اجازت لیں	بیشک	جو لوگ	اجازت مانگتے ہیں آپ سے	یہی لوگ	وہ جو

تو جب تک وہ اس سے اجازت نہ لے لیں چلے نہیں جاتے، بیشک جو لوگ آپ سے اجازت مانگتے ہیں یہی لوگ ہیں، جو

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ

يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	فَاِذَا	اسْتَاْذَنُوْكَ	لِبَعْضِ	شَاْنِهِمْ	فَاْذَنْ	لِّمَنْ
ایمان لاتے ہیں	اللہ پر	اور اس کے رسول پر	پس جب	وہ تم سے اجازت مانگیں	کسی کے لئے	اپنے کام	تو اجازت دیدیں	جس کو

جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے ہیں، پس جب وہ آپ سے اپنے کسی کام کے لئے اجازت مانگیں تو اجازت دیدیں جس کو

شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۲﴾ لَا تَجْعَلُوْا

شِئْتَ	مِنْهُمْ	وَاسْتَغْفِرْ	لَهُمُ اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	لَا تَجْعَلُوْا
آپ چاہیں	ان میں سے	اور بخشش مانگیں	ان کے لئے اللہ	بیشک اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	تم نہ بنالو

اُن میں سے آپ چاہیں، اور ان کے لئے اللہ سے بخشش مانگیں، بیشک اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ تم نہ بنا لو

دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ

دُعَآءَ	الرَّسُوْلِ	بَيْنَكُمْ	كَدُعَآءِ	بَعْضِكُمْ	بَعْضًا	قَدْ يَعْلَمُ	اللّٰهُ
بُلانا	رسول کو	اپنے درمیان	جیسے بلانا	اپنے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) کو	تحقیق جانتا ہے	اللہ

اپنے درمیان رسول کو بلانا، جیسے تم ایک دوسرے کو بُلاتے ہو، تحقیق اللہ جانتا ہے

الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ

الَّذِيْنَ	يَتَسَلَّلُوْنَ	مِنْكُمْ	لِوَاذًا	فَلْيَحْذَرِ	الَّذِيْنَ	يُخَالِفُوْنَ	عَنْ اَمْرِهٖٓ	اَنْ
جو لوگ	چپکے سے کھسک جاتے ہیں	تم میں سے	نظر بچا کر	پس چاہیئے کہ ڈریں	جو لوگ	خلاف کرتے ہیں	اس کے حکم سے	کہ

ان لوگوں کو جو تم میں سے نظر بچا کر چپکے سے کھسک جاتے ہیں، جو لوگ اس کے حکم کے خلاف کرتے ہیں چاہیئے کہ ڈریں کہ

تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

تُصِيْبَهُمْ	فِتْنَةٌ	اَوْ يُصِيْبَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ
پہنچے اُن پر	کوئی آفت	یا پہنچے ان کو	عذاب	دردناک	یاد رکھو بیشک اللہ کے لئے	جو	آسمانوں میں

ان پر کوئی آفت پہنچے یا ان کو دردناک عذاب پہنچے - یاد رکھو! بیشک اللہ کے لئے ہے، جو کچھ آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ ؕ قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ

وَالْاَرْضِ	قَدْ يَعْلَمُ	مَا	اَنْتُمْ	عَلَيْهِ	وَيَوْمَ	يُرْجَعُوْنَ	اِلَيْهِ
اور زمین	تحقیق وہ جانتا ہے	جو جس	تم	اس پر	اور جس دن	وہ لوٹائے جائیں گے	اس کی طرف

اور زمین میں ہے، تحقیق وہ جانتا ہے جس (حال) پر تم ہو، اور اس دن کو جب اس کی طرف وہ لوٹائے جائیں گے،

۹ ع ۳ ۱۵

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۴﴾ ع

فَيُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	عَمِلُوْا	وَاللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ
پھر وہ انہیں بتائے گا	اس سے	انہوں نے کیا	اور اللہ	ہر شے کو	جاننے والا

پھر وہ انہیں بتائے گا جو کچھ انہوں نے کیا، اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔

اٰيَاتُهَا ۷۷ | ۲۵ : سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ : ۴۲ | رُكُوْعَاتُهَا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ۙ﴿۱﴾

تَبٰرَكَ	الَّذِيْ	نَزَّلَ	الْفُرْقَانَ	عَلٰى عَبْدِهٖ	لِيَكُوْنَ	لِلْعٰلَمِيْنَ	نَذِيْرَا
بڑی برکت والا	وہ جو جس	نازل کیا	فرق کرنیوالی کتاب (قرآن)	اپنے بندہ پر	تاکہ وہ ہو	سارے جہانوں کے لئے	ڈرانے والا

بڑی برکت والا ہے وہ اللہ جس نے اپنے بندہ پر "فرقان" (اچھے برے میں فرق اور فیصلہ کرنیوالی کتاب قرآن) کو نازل کیا تاکہ وہ سارے جہانوں کے لئے ڈرانے والا ہو۔

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ

الَّذِيْ لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَلَمْ يَتَّخِذْ	وَلَدًا	وَّلَمْ يَكُنْ	لَّهٗ	شَرِيْكٌ
وہ جس کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	اور اس نے نہیں بنایا	کوئی بیٹا	اور نہیں ہے	اس کا	کوئی شریک

وہ جس کی بادشاہت ہے آسمانوں کی اور زمین کی، اور اس نے کوئی بیٹا نہیں بنایا اور اس کا کوئی شریک نہیں

فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝۲ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ

فِي الْمُلْكِ	وَخَلَقَ	كُلَّ شَيْءٍ	فَقَدَّرَهٗ	تَقْدِيْرًا	وَاتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ
سلطنت میں	اور اس نے پیدا کیا	ہر شے	پھر اس کا اندازہ ٹھہرایا	ایک اندازہ	اور انہوں نے بنا لئے	اس کے علاوہ

سلطنت میں، اور اس نے ہر شے کو پیدا کیا، پھر اس کا ایک (مناسب) اندازہ کیا۔ اور انہوں نے اس کے علاوہ بنا لئے ہیں

اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا

اٰلِهَةً	لَّا يَخْلُقُوْنَ	شَيْـًٔا	وَّهُمْ	يُخْلَقُوْنَ	وَلَا يَمْلِكُوْنَ	لِاَنْفُسِهِمْ	ضَرًّا
اور معبود	وہ نہیں پیدا کرتے	کچھ	بلکہ وہ	پیدا کئے گئے ہیں	اور وہ اختیار نہیں رکھتے	اپنے لئے	کسی نقصان کا

اور معبود، وہ کچھ نہیں پیدا کرتے بلکہ وہ (خود) پیدا کئے گئے ہیں، اور وہ اپنے لئے اختیار نہیں رکھتے کسی نقصان کا،

وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝۳ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

وَلَا نَفْعًا	وَلَا يَمْلِكُوْنَ	مَوْتًا	وَلَا حَيٰوةً	وَلَا نُشُوْرًا	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
اور نہ کسی نفع کا	اور نہ وہ اختیار رکھتے ہیں	کسی موت کا	اور نہ کسی زندگی کا	اور نہ پھر اٹھنے کا	اور کہا	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)

اور نہ کسی نفع کا، اور نہ وہ اختیار رکھتے ہیں کسی موت کا، اور نہ کسی زندگی کا، اور نہ پھر (جی) اٹھنے کا۔ اور کافروں نے کہا

اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ِۨافْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا

اِنْ هٰذَآ	اِلَّآ	اِفْكُ	ِۨافْتَرٰىهُ	وَاَعَانَهٗ	عَلَيْهِ	قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ	فَقَدْ جَآءُوْ	ظُلْمًا
نہیں یہ	مگر صرف	بہتان من گھڑت	اس نے اسے گھڑ لیا ہے	اس کی مدد کی	اس پر	دوسرے لوگ (جمع)	تحقیق وہ آ گئے	ظلم

یہ (کچھ بھی) نہیں صرف بہتان ہے اس (نبی) نے اسے گھڑ لیا ہے اور اس پر دوسرے لوگوں نے اس کی مدد کی ہے تحقیق وہ آ گئے (اتر آئے) ہیں ظلم

وَّزُوْرًا ۚ ۝۴ وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً

وَّزُوْرًا	وَقَالُوْٓا	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	اكْتَتَبَهَا	فَهِيَ تُمْلٰى	عَلَيْهِ	بُكْرَةً
اور جھوٹ	اور انہوں نے کہا	کہانیاں	پہلے لوگ	اس نے انہیں لکھ لیا ہے	پس وہ پڑھی جاتی ہیں	اس پر	صبح

اور جھوٹ پر۔ اور انہوں نے کہا کہ یہ پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں، اس نے انہیں لکھ لیا ہے پس وہ اس پر پڑھی جاتی ہیں (سنائی جاتی ہیں) صبح

وَّاَصِيْلًا ۝۵ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

وَاَصِيْلًا	قُلْ	اَنْزَلَهُ	الَّذِيْ	يَعْلَمُ	السِّرَّ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اِنَّهٗ كَانَ
اور شام	فرمادیں	اسکو نازل کیا ہے	وہ جو	جانتا ہے	راز	آسمانوں میں	اور زمین	بیشک وہ ہے

اور شام ۔ آپؐ فرمادیں اس کو نازل کیا ہے اس نے جو آسمانوں اور زمین کے راز جانتا ہے ، بیشک وہ

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۶ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي

غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	وَقَالُوْا	مَالِ	هٰذَا الرَّسُوْلِ	يَاْكُلُ	الطَّعَامَ	وَيَمْشِيْ	فِي
بخشنے والا	نہایت مہربان	اور انہوں نے کہا	کیسا ہے	یہ رسول	وہ کھاتا ہے	کھانا	چلتا (پھرتا) ہے	میں

بخشنے والا نہایت مہربان ہے ۔ اور انہوں نے کہا کیسا ہے یہ رسول ! (جو) کھانا کھاتا ہے ، اور چلتا پھرتا ہے

الْاَسْوَاقِ ؕ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝۷ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ

الْاَسْوَاقِ	لَوْلَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْهِ	مَلَكٌ	فَيَكُوْنَ	مَعَهٗ	نَذِيْرًا	اَوْ يُلْقٰٓى	اِلَيْهِ
بازار (جمع)	کیوں نہ	اُتارا گیا	اسکے ساتھ	کوئی فرشتہ	کہ ہوتا وہ	اس کے ساتھ	ڈرانے والا	یا ڈالا (اتارا) جاتا	اس کی طرف

بازاروں میں ، اس کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہ اتارا گیا کہ وہ اس کے ساتھ ڈرانے والا ہوتا ۔ یا اس کی طرف اتارا جاتا

كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ؕ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا

كَنْزٌ	اَوْ تَكُوْنُ	لَهٗ جَنَّةٌ	يَّاْكُلُ	مِنْهَا	وَقَالَ	الظّٰلِمُوْنَ	اِنْ تَتَّبِعُوْنَ	اِلَّا
کوئی خزانہ	یا ہوتا	اسکے لئے کوئی باغ	وہ کھاتا	اس سے	اور کہا	ظالم (جمع)	نہیں تم پیروی کرتے	مگر صرف

کوئی خزانہ ، یا اس کے لئے کوئی باغ ہوتا کہ وہ اس سے کھاتا اور ظالموں نے کہا تم پیروی کرتے ہو صرف

رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝۸ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا

رَجُلًا	مَّسْحُوْرًا	اُنْظُرْ	كَيْفَ	ضَرَبُوْا	لَكَ	الْاَمْثَالَ	فَضَلُّوْا	فَلَا
ایک آدمی	جادو کا مارا ہوا	دیکھو	کیسی	انہوں نے بیان کیں	تمہارے لئے	مثالیں (باتیں)	سو وہ بہک گئے	لہٰذا نہ

جادو کے مارے ہوئے آدمی کی ۔ اے نبیؐ ! دیکھو تو انہوں نے تمہارے لئے کیسی باتیں بیان کیں ، ہیں ، سو وہ بہک گئے ہیں ، لہٰذا

۱ ع ۹ ۱۶

يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝۹ تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ

يَسْتَطِيْعُوْنَ	سَبِيْلًا	تَبٰرَكَ	الَّذِيْٓ	اِنْ شَآءَ	جَعَلَ	لَكَ	خَيْرًا	مِّنْ ذٰلِكَ
پا سکتے ہیں	کوئی راستہ	بڑی برکت والا	وہ جو	اگر چاہے	وہ بنادے	تمہارے لئے	بہتر	اس سے

وہ کوئی راستہ نہیں پا سکتے ۔ بڑی برکت والا ہے وہ ، اگر وہ (اللہ) چاہے تو تمہارے لئے اس سے بہتر بنا دے ،

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَیَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ﴿۱۰﴾ بَلْ كَذَّبُوْا

جَنّٰتٍ	تَجْرِیْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	وَیَجْعَلْ	لَّكَ	قُصُوْرًا	بَلْ	كَذَّبُوْا
باغات	بہتی ہیں	جن کے نیچے	نہریں	اور بنادے	تمہارے لئے	محل (جمع)	بلکہ	انہوں نے جھٹلایا

(ایسے) باغات جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں، اور تمہارے لئے محل بنا دے۔ بلکہ انہوں نے جھٹلایا

بِالسَّاعَةِ ۫ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِیْرًا ﴿۱۱﴾ۚ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ

بِالسَّاعَةِ	وَاَعْتَدْنَا	لِمَنْ كَذَّبَ	بِالسَّاعَةِ	سَعِیْرًا	اِذَا	رَاَتْهُمْ	مِّنْ
قیامت کو	اور ہم نے تیار کیا	اسکے لئے جس نے جھٹلایا	قیامت کو	دوزخ	جب	وہ دیکھے گی انہیں	سے

قیامت کو، اور جس نے قیامت کو جھٹلایا ہم نے اس کے لئے دوزخ تیار کیا ہے۔ جب وہ (دوزخ) انہیں دیکھے گی

مَّكَانٍۭ بَعِیْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَیُّظًا وَّزَفِیْرًا ﴿۱۲﴾ وَاِذَاۤ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَیِّقًا

مَكَانٍ	بَعِیْدٍ	سَمِعُوْا	لَهَا	تَغَیُّظًا	وَّزَفِیْرًا	وَاِذَا	اُلْقُوْا	مِنْهَا	مَكَانًا	ضَیِّقًا
جگہ	دور	وہ سنیں گے	اسے	جوش مارتا	اور چنگھاڑتا	اور جب	وہ ڈالے جائیں گے	اس سے کی	کسی جگہ	تنگ

دور جگہ سے، وہ اُسے جوش مارتا، چنگھاڑتا سنیں گے۔ اور جب وہ اس (دوزخ) کی کسی تنگ جگہ میں ڈالے جائیں گے

مُقَرَّنِیْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿۱۳﴾ لَا تَدْعُوا الْیَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا

مُقَرَّنِیْنَ	دَعَوْا	هُنَالِكَ	ثُبُوْرًا	لَا تَدْعُوا	الْیَوْمَ	ثُبُوْرًا	وَاحِدًا	وَادْعُوْا
جکڑے ہوئے	وہ پکاریں گے	وہاں	موت	تم نہ پکارو	آج	موت کو	ایک	بلکہ پکارو

(باہم زنجیروں سے) جکڑے ہوئے، تو وہ وہاں موت کو پکاریں گے، (کہا جائے گا) آج ایک موت کو نہ پکارو، بلکہ تم پکارو

ثُبُوْرًا كَثِیْرًا ﴿۱۴﴾ قُلْ اَذٰلِكَ خَیْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ

ثُبُوْرًا	كَثِیْرًا	قُلْ	اَذٰلِكَ	خَیْرٌ	اَمْ	جَنَّةُ الْخُلْدِ	الَّتِیْ	وُعِدَ	الْمُتَّقُوْنَ
موتیں	بہت سی	فرمادیں	کیا یہ	بہتر	یا	ہمیشگی کے باغ	جو جس	وعدہ کیا گیا	پرہیزگار (جمع)

بہت سی موتوں کو آپؐ فرمادیں کیا یہ بہتر ہے یا ہمیشگی کے باغ، جن کا وعدہ پرہیزگاروں سے کیا گیا ہے،

كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِیْرًا ﴿۱۵﴾ لَهُمْ فِیْهَا مَا یَشَآءُوْنَ خٰلِدِیْنَ ؕ

كَانَتْ	لَهُمْ	جَزَآءً	وَّمَصِیْرًا	لَهُمْ	فِیْهَا	مَا یَشَآءُوْنَ	خٰلِدِیْنَ
وہ ہے	ان کے لئے	جزا (بدلہ)	لوٹ کر جانے کی جگہ	ان کے لئے	اس میں	جو وہ چاہیں گے	ہمیشہ رہیں گے

وہ ان کے لئے جزا، اور لوٹ کر جانے کی جگہ ہے۔ اس میں اُن کے لئے جو وہ چاہیں گے (موجود ہوگا) ہمیشہ رہیں گے

كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿۱۶﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ

كَانَ	عَلٰى رَبِّكَ	وَعْدًا	مَسْـُٔوْلًا	وَيَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ	وَمَا	يَعْبُدُوْنَ	مِنْ
ہے	تمہارے رب کے ذمے	ایک وعدہ	مانگا ہوا	اور جس دن	وہ انہیں جمع کریگا	اور جنہیں	وہ پرستش کرتے ہیں	سے

یہ ایک وعدہ ہے تیرے رب کے ذمے مانگا ہوا (مانگنے کے لائق ہے)۔ اور جس دن وہ انہیں جمع کرے گا اور جن کی وہ پرستش کرتے ہیں

دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾

دُوْنِ اللّٰهِ	فَيَقُوْلُ	ءَاَنْتُمْ	اَضْلَلْتُمْ	عِبَادِيْ	هٰٓؤُلَآءِ	اَمْ هُمْ	ضَلُّوا	السَّبِيْلَ
اللہ کے سوائے	تو وہ کہے گا	کیا تم	تم نے گمراہ کیا	میرے بندے	یہ ہیں ان	یا وہ	بھٹک گئے	راستہ

اللہ کے سوا، تو وہ کہے گا کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا؟ یا وہ خود راستہ سے بھٹک گئے؟

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ

قَالُوْا	سُبْحٰنَكَ	مَا كَانَ	يَنْۢبَغِيْ	لَنَا	اَنْ	نَّتَّخِذَ	مِنْ دُوْنِكَ	مِنْ
وہ کہیں گے	تو پاک ہے	نہ تھا	سزاوار۔ لائق	ہمارے لئے	کہ	ہم بنائیں	تیرے سوا	کوئی

وہ کہیں گے تو پاک ہے، ہمارے لئے سزاوار نہ تھا کہ ہم بنائے تیرے سوا اوروں کو

اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۸﴾

اَوْلِيَآءَ	وَلٰكِنْ	مَّتَّعْتَهُمْ	وَاٰبَآءَهُمْ	حَتّٰى	نَسُوا	الذِّكْرَ	وَكَانُوْا	قَوْمًۢا بُوْرًا
مدد گار	اور لیکن	تو نے آسودگی دی انہیں	اور انکے باپ دادا	یہانتک کہ	وہ بھول گئے	یاد	اور وہ تھے	ہلاک ہونے والے لوگ

مدد گار، لیکن تو نے انہیں اور ان کے باپ دادا کو آسودگی دی یہانتک کہ وہ تیری یاد بھول گئے اور وہ ہلاک ہونے والے لوگ تھے۔

فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ

فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ	بِمَا تَقُوْلُوْنَ	فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ	صَرْفًا	وَّلَا نَصْرًا	وَمَنْ
پس انہوں نے تمہیں جھٹلا دیا	وہ جو تم کہتے تھے (تمہاری بات)	پس اب تم نہیں کر سکتے ہو	پھیرنا	اور نہ مدد کرنا	اور جو

پس انہوں نے تمہاری بات جھٹلا دی، پس اب نہ تم (عذاب) پھیر سکتے ہو اور نہ اپنی مدد کر سکتے ہو، اور جو

يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾

يَّظْلِمْ	مِّنْكُمْ	نُذِقْهُ	عَذَابًا	كَبِيْرًا
وہ ظلم کرے گا	تم میں سے	ہم چکھائیں گے اسے	عذاب	بڑا

تم میں سے ظلم کرے گا، ہم اسے بڑا عذاب چکھائیں گے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ

وَمَا	اَرْسَلْنَا	قَبْلَكَ	مِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِلَّآ	اِنَّهُمْ	لَيَاْكُلُوْنَ
اور نہیں	بھیجے ہم نے	تم سے پہلے	سے	رسول (جمع)	مگر	وہ یقیناً	البتہ کھاتے تھے

اور ہم نے تم سے پہلے رسول نہیں بھیجے مگر یقیناً وہ کھاتے تھے

الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِى الْاَسْوَاقِ ۭ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ

الطَّعَامَ	وَيَمْشُوْنَ	فِى الْاَسْوَاقِ	وَجَعَلْنَا	بَعْضَكُمْ
کھانا	اور چلتے پھرتے تھے	بازاروں میں	اور ہم نے کیا (بنایا)	تم میں سے بعض کو (کسی کو)

کھانا، اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے، اور ہم نے تم میں سے کسی کو بنایا

۲ ع ۱۱ ۱۷

لِبَعْضٍ فِتْنَةً ۭ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ع ۝۲۰

لِبَعْضٍ	فِتْنَةً	اَتَصْبِرُوْنَ	وَكَانَ	رَبُّكَ	بَصِيْرًا
بعض (دوسروں کے لئے)	آزمائش	کیا تم صبر کرو گے	اور ہے	تمہارا رب	دیکھنے والا

دوسروں کے لئے آزمائش، کیا تم صبر کرو گے؟ اور تمہارا رب دیکھنے والا ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ

وَقَالَ	الَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ	لِقَآءَنَا	لَوْلَا	اُنْزِلَ	عَلَيْنَا	الْمَلٰٓئِكَةُ
اور کہا	وہ لوگ جو	وہ امید نہیں رکھتے	ہم سے ملنا	کیوں نہ	اتارے گئے	ہم پر	فرشتے

اور جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے ، انہوں نے کہا ہم پر فرشتے کیوں نہ اتارے گئے ؟

اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿۲۱﴾ يَوْمَ يَرَوْنَ

اَوْ نَرٰى	رَبَّنَا	لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	وَعَتَوْ	عُتُوًّا كَبِيْرًا	يَوْمَ	يَرَوْنَ
یا ہم دیکھ لیتے	اپنا رب	تحقیق انہوں نے بڑا کیا	اپنے دلوں میں	اور انہوں نے سرکشی کی	بڑی سرکشی	جس دن	وہ دیکھیں گے

یا ہم اپنے رب کو دیکھ لیتے ، تحقیق انہوں نے اپنے دلوں میں (اپنے زعم میں اپنے آپکو) بڑا سمجھا اور بڑی سرکشی کی ۔ جس دن وہ دیکھیں گے

الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۲۲﴾ وَقَدِمْنَآ

الْمَلٰٓئِكَةَ	لَا بُشْرٰى	يَوْمَئِذٍ	لِّلْمُجْرِمِيْنَ	وَيَقُوْلُوْنَ	حِجْرًا	مَّحْجُوْرًا	وَقَدِمْنَآ
فرشتے	نہیں خوشخبری	اُس دن	مجرموں کے لئے	اور وہ کہیں گے	کوئی آڑ ہو	روکی ہوئی	(اور ہم آئے (متوجہ ہونگے)

فرشتوں کو اُس دن مجرموں کے لئے کوئی خوشخبری نہیں ہوگی اور وہ کہیں گے کوئی آڑ ہو روکی ہوئی ہو (پناہ ہو) اور ہم متوجہ ہوں گے

اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ

اِلٰى	مَا عَمِلُوْا	مِنْ عَمَلٍ	فَجَعَلْنٰهُ	هَبَآءً	مَّنْثُوْرًا	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	يَوْمَئِذٍ
طرف	جو انہوں نے کئے	کوئی کام	تو ہم کر دینگے انہیں	غبار	بکھرا ہوا (پراگندہ)	بہشت والے	اس دن

ان کے کئے ہوئے کاموں کی طرف تو ہم انہیں پراگندہ غبار کی طرح کر دیں گے ۔ اس دن بہشت والے

خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿۲۴﴾ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ

خَيْرٌ	مُّسْتَقَرًّا	وَّاَحْسَنُ	مَقِيْلًا	وَيَوْمَ	تَشَقَّقُ	السَّمَآءُ	بِالْغَمَامِ	وَنُزِّلَ	الْمَلٰٓئِكَةُ
بہت اچھا	ٹھکانہ	اور بہترین	آرام گاہ	اور جس دن	پھٹ جائے گا	آسمان	بادل سے	اور اتارے جائینگے	فرشتے

بہت اچھے ٹھکانے میں اور بہترین آرام گاہ میں ہوں گے ۔ اور جس دن بادل سے آسمان پھٹ جائیگا اور فرشتے اتارے جائیں گے

تَنْزِيْلًا ﴿۲۵﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ۨ الْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿۲۶﴾

تَنْزِيْلًا	اَلْمُلْكُ	يَوْمَئِذِ ۨ	الْحَقُّ	لِلرَّحْمٰنِ	وَكَانَ	يَوْمًا	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ	عَسِيْرًا
بکثرت اترنا	بادشاہت	اس دن	سچی	رحمٰن کے لئے	اور ہے ہوگا	وہ دن	کافروں پر	سخت

بکثرت اترنا ۔ اس دن سچی بادشاہی رحمٰن (اللہ) کے لئے ہے ، اور وہ دن کافروں پر سخت ہوگا ۔

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿۲۷﴾

وَيَوْمَ	يَعَضُّ	الظَّالِمُ	عَلٰى يَدَيْهِ	يَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِي	اتَّخَذْتُ	مَعَ الرَّسُوْلِ	سَبِيْلًا
اور جس دن	کاٹ کھائے گا	ظالم	اپنے ہاتھوں کو	وہ کہے گا	اے کاش! میں	پکڑ لیتا	رسول کے ساتھ	راستہ

اور جس دن ظالم اپنے ہاتھوں کو کاٹ کھائے گا اور کہے گا اے کاش! میں نے رسول کے ساتھ راستہ پکڑ لیا ہوتا۔

يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِي لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿۲۸﴾ لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ

يٰوَيْلَتٰى	لَيْتَنِي	لَمْ اَتَّخِذْ	فُلَانًا	خَلِيْلًا	لَقَدْ اَضَلَّنِيْ	عَنِ الذِّكْرِ	بَعْدَ	اِذْ
ہائے میری شامت	کاش میں	نہ بناتا	فلاں کو	دوست	البتہ اس نے مجھے بہکایا	نصیحت سے	اس کے بعد	جب

ہائے میری شامت! کاش میں فلاں کو دوست نہ بناتا۔ البتہ اس نے مجھے نصیحت سے بہکایا، اس کے بعد جبکہ

جَآءَنِيْ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ

جَآءَنِيْ	وَكَانَ	الشَّيْطٰنُ	لِلْاِنْسَانِ	خَذُوْلًا	وَقَالَ	الرَّسُوْلُ	يٰرَبِّ	اِنَّ
میرے پاس پہنچ گئی	اور ہے	شیطان	انسان کو	کھلا چھوڑ جانے والا	اور کہے گا	رسول	اے میرے رب	بیشک

وہ میرے پاس پہنچ گئی، اور شیطان انسان کو (عین وقت پر) تنہا چھوڑ جانے والا ہے۔ اور رسول فرمائے گا اے میرے رب! بیشک

قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿۳۰﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ

قَوْمِي	اتَّخَذُوْا	هٰذَا الْقُرْاٰنَ	مَهْجُوْرًا	وَكَذٰلِكَ	جَعَلْنَا	لِكُلِّ نَبِيٍّ	عَدُوًّا	مِّنَ
میری قوم	ٹھہرا لیا انہوں نے	اس قرآن کو	متروک (چھوڑنے کے قابل)	اور اسی طرح	ہم نے بنائے	ہر نبی کے لئے	دشمن	سے

میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑنے کے قابل ٹھہرا لیا (متروک کر رکھا) اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لئے دشمن بنائے

الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا

الْمُجْرِمِيْنَ	وَكَفٰى	بِرَبِّكَ	هَادِيًا	وَنَصِيْرًا	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَوْلَا
مجرموں (گنہگاروں)	اور کافی ہے	تمہارا رب	ہدایت کرنیوالا	اور مددگار	اور کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کیوں نہ

گنہگاروں میں سے۔ اور تمہارا رب کافی ہے ہدایت کرنے والا اور مددگار۔ اور کافروں نے کہا کیوں نہ

نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ

نُزِّلَ	عَلَيْهِ	الْقُرْاٰنُ	جُمْلَةً وَّاحِدَةً	كَذٰلِكَ	لِنُثَبِّتَ	بِهٖ	فُؤَادَكَ	وَرَتَّلْنٰهُ
نازل کیا گیا	اس پر	قرآن	ایک ہی بار	اسی طرح	تاکہ ہم قوی کریں	اس سے	تمہارا دل	اور ہم نے اسکو پڑھا

اس پر قرآن ایک ہی بار نازل کیا گیا؟ اسی طرح (ہم نے بتدریج نازل کیا) تاکہ اس سے تمہارا دل مضبوط کریں اور ہم نے اس کو پڑھ کر (سنایا)

تَرْتِيلًا ﴿٣٢﴾ وَلَا يَأْتُونَكَ بِمَثَلٍ إِلَّا جِئْنَاكَ بِالْحَقِّ وَأَحْسَنَ تَفْسِيرًا ﴿٣٣﴾

تَرْتِيلًا	وَلَا يَأْتُونَكَ	بِمَثَلٍ	إِلَّا	جِئْنَاكَ	بِالْحَقِّ	وَأَحْسَنَ	تَفْسِيرًا
ٹھہر ٹھہر کر	اور وہ نہیں لاتے تمہارے پاس	کوئی بات	مگر	ہم پہنچا دیتے ہیں تمہیں	ٹھیک (جواب)	اور بہترین	وضاحت

ٹھہر ٹھہر کر۔ اور وہ تمہارے پاس کوئی بات نہیں لاتے، مگر ہم تمہیں ٹھیک جواب اور بہترین وضاحت پہنچا دیتے ہیں۔

الَّذِينَ يُحْشَرُونَ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ إِلَىٰ جَهَنَّمَ أُولَٰئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَأَضَلُّ

الَّذِينَ	يُحْشَرُونَ	عَلَىٰ	وُجُوهِهِمْ	إِلَىٰ جَهَنَّمَ	أُولَٰئِكَ	شَرٌّ	مَكَانًا	وَأَضَلُّ
جو لوگ	جمع کئے جائیں گے	پر بَل	اپنے مُنہ	جہنم کی طرف	وہی لوگ	بدترین	مقام	اور بہت بہکے ہوئے

جو لوگ اپنے مونہوں کے بل جہنم کی طرف جمع کئے جائیں گے، وہی لوگ ہیں بدترین مقام ہیں اور بہت بہکے ہوئے

سَبِيلًا ﴿٣٤﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَجَعَلْنَا مَعَهُ أَخَاهُ هَارُونَ وَزِيرًا ﴿٣٥﴾

سَبِيلًا	وَلَقَدْ آتَيْنَا	مُوسَى	الْكِتَابَ	وَجَعَلْنَا	مَعَهُ	أَخَاهُ	هَارُونَ	وَزِيرًا
راستے سے	اور البتہ ہم نے دی	موسیٰ	کتاب	اور ہم نے بنایا	اس کے ساتھ	اس کا بھائی	ہارون	وزیر (معاون)

راستے سے اور البتہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اس کے ساتھ اس کے بھائی ہارون کو معاون بنایا۔

فَقُلْنَا اذْهَبَا إِلَى الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَدَمَّرْنَاهُمْ تَدْمِيرًا ﴿٣٦﴾ وَقَوْمَ نُوحٍ

فَقُلْنَا	اذْهَبَا	إِلَى الْقَوْمِ	الَّذِينَ كَذَّبُوا	بِآيَاتِنَا	فَدَمَّرْنَاهُمْ	تَدْمِيرًا	وَ	قَوْمَ نُوحٍ
پس ہم نے کہا	تم دونوں جاؤ	قوم کی طرف	جنہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتیں	تو ہم نے تباہ کر دیا انہیں	بری طرح ہلاک	اور	قوم نوح

پس ہم نے کہا تم دونوں اس قوم کی طرف جاؤ جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں بُری طرح ہلاک کر کے تباہ کر دیا۔ اور قوم نوح

لَمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ أَغْرَقْنَاهُمْ وَجَعَلْنَاهُمْ لِلنَّاسِ آيَةً وَأَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ

لَمَّا كَذَّبُوا	الرُّسُلَ	أَغْرَقْنَاهُمْ	وَجَعَلْنَاهُمْ	لِلنَّاسِ	آيَةً	وَأَعْتَدْنَا	لِلظَّالِمِينَ
جب انہوں نے جھٹلایا	رسولوں (جمع)	ہم نے غرق کر دیا انہیں	اور ہم نے بنایا انہیں	لوگوں کے لئے	ایک نشانی	اور تیار کیا ہم نے	ظالموں کے لئے

نے جب رسولوں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں غرق کر دیا، اور ہم نے انہیں لوگوں کے لئے ایک نشانی (عبرت) بنایا، اور ہم نے ظالموں کیلئے تیار کیا ہے

عَذَابًا أَلِيمًا ﴿٣٧﴾ وَعَادًا وَثَمُودَ وَأَصْحَابَ الرَّسِّ وَقُرُونًا بَيْنَ ذَٰلِكَ كَثِيرًا

عَذَابًا	أَلِيمًا	وَعَادًا	وَثَمُودَ	وَأَصْحَابَ الرَّسِّ	وَقُرُونًا	بَيْنَ ذَٰلِكَ	كَثِيرًا
ایک عذاب	دردناک	اور عاد	اور ثمود	اور کنوئیں والے	اور جماعتیں	ان کے درمیان	بہت سی

ایک دردناک عذاب۔ اور عاد اور ثمود، اور کنوئیں والے اور ان کے درمیان بہت سی جماعتیں۔

وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۫ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿۳۹﴾ وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ

وَكُلًّا	ضَرَبْنَا	لَهُ	الْاَمْثَالَ	وَكُلًّا	تَبَّرْنَا	تَتْبِيْرًا	وَلَقَدْ اَتَوْا	عَلَى	الْقَرْيَةِ
اور ہر ایک کو	ہم نے بیان کیں	اس کے لئے	مثالیں	اور ہر ایک کو	ہم نے مٹا دیا	تباہ کر کے	اور تحقیق وہ آئے	پر	بستی

اور ہم نے ہر ایک کے لئے مثالیں بیان کیں (مگر انہوں نے نصیحت نہ پکڑی) اور ہر ایک کو تباہ کر کے مٹا دیا۔ تحقیق وہ (قوم لوط کی) اس بستی پر آئے

الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ۭ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿۴۰﴾

الَّتِيْٓ	اُمْطِرَتْ	مَطَرَ السَّوْءِ	اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا	يَرَوْنَهَا	بَلْ كَانُوْا	لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا
وہ جس پر	برسائی گئی	بری بارش	تو کیا وہ نہ تھے	اس کو دیکھتے	بلکہ	وہ امید نہیں رکھتے جی اٹھنا

جس پر (پتھروں کی) بری بارش برسائی گئی، تو کیا وہ اسے دیکھتے نہیں رہتے؟ بلکہ وہ (دوبارہ) جی اٹھنے کی امید نہیں رکھتے۔

وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۭ اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿۴۱﴾

وَاِذَا	رَاَوْكَ	اِنْ	يَّتَّخِذُوْنَكَ	اِلَّا	هُزُوًا	اَهٰذَا	الَّذِيْ بَعَثَ	اللّٰهُ	رَسُوْلًا
اور جب	دیکھتے ہیں تجھ	نہیں	وہ بناتے تجھ	مگر صرف	تمسخر ٹھٹھا	کیا یہ	وہ جسے بھیجا	اللہ	رسول

اور جب وہ تمہیں دیکھتے ہیں تو وہ تمہارا صرف ٹھٹھا اڑاتے ہیں (کہتے ہیں) کیا یہ ہے وہ جسے اللہ نے رسول (بنا کر) بھیجا؟

اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ۭ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ

اِنْ	كَادَ لَيُضِلُّنَا	عَنْ اٰلِهَتِنَا	لَوْلَآ	اَنْ صَبَرْنَا	عَلَيْهَا	وَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ	حِيْنَ
قریب تھا	کہ وہ ہمیں بہکا دیتا	ہمارے معبودوں سے	اگر نہ	ہم جمے رہتے	اس پر	اور جلد	وہ جان لیں گے	جس وقت

قریب تھا کہ وہ ہمیں ہمارے معبودوں سے بہکا دیتا، اگر ہم اس پر جمے نہ رہتے، اور وہ جلد جان لیں گے جب

يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾ اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ۭ اَفَاَنْتَ

يَرَوْنَ	الْعَذَابَ	مَنْ اَضَلُّ	سَبِيْلًا	اَرَءَيْتَ	مَنِ اتَّخَذَ	اِلٰهَهٗ	هَوٰىهُ	اَفَاَنْتَ
وہ دیکھیں گے	عذاب	کون بدتر بن گمراہ	راستہ سے	کیا تم نے دیکھا؟	جس نے بنایا	اپنا معبود	اپنی خواہش	تو کیا تم

وہ عذاب دیکھیں گے، کون ہے راہ (راست) سے بدتر بن گمراہ! کیا تم نے اسے دیکھا؟ جس نے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنا لیا ہے، تو کیا تم

تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ۭ اِنْ هُمْ

تَكُوْنُ	عَلَيْهِ	وَكِيْلًا	اَمْ تَحْسَبُ	اَنَّ	اَكْثَرَهُمْ	يَسْمَعُوْنَ	اَوْ يَعْقِلُوْنَ	اِنْ هُمْ
ہو جائے گا	اس پر	نگہبان	کیا تم سمجھتے ہو؟	کہ	ان کے اکثر	سنتے ہیں	یا عقل سے کام لیتے ہیں	نہیں وہ

اس پر نگہبان ہو جاؤ گے؟ کیا تم سمجھتے ہو کہ ان میں سے اکثر سنتے یا عقل سے کام لیتے ہیں؟ وہ نہیں، ہیں

إِلَّا كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ سَبِيلًا ﴿٤٤﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَىٰ رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ

إِلَّا	كَالْأَنْعَامِ	بَلْ هُمْ	أَضَلُّ	سَبِيلًا	أَلَمْ تَرَ	إِلَىٰ	رَبِّكَ	كَيْفَ	مَدَّ الظِّلَّ
مگر	چوپایوں جیسے	بلکہ وہ	بدترین گمراہ	راہ سے	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف	اپنا رب	کیسے	دراز کیا سایہ

مگر چوپایوں جیسے، بلکہ راہِ (راست) سے بدترین گمراہ ہیں۔ کیا تم نے اپنے رب کی (قدرت کی) طرف نہیں دیکھا، اس نے کیسے سایہ کو دراز کیا؟

وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيلًا ﴿٤٥﴾ ثُمَّ قَبَضْنَاهُ

وَلَوْ شَاءَ	لَجَعَلَهُ	سَاكِنًا	ثُمَّ	جَعَلْنَا	الشَّمْسَ	عَلَيْهِ	دَلِيلًا	ثُمَّ	قَبَضْنَاهُ
اور اگر وہ چاہتا	تو اسے بنا دیتا	ساکن	پھر	ہم نے بنایا	سورج	اس پر	ایک دلیل	پھر	ہم نے سمیٹا اس کو

اور اگر وہ چاہتا تو اسے ساکن بنا دیتا، پھر ہم نے سورج کو اس پر ایک دلیل (رہنما) بنایا، پھر ہم نے اس (سایہ) کو سمیٹا

إِلَيْنَا قَبْضًا يَسِيرًا ﴿٤٦﴾ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِبَاسًا وَالنَّوْمَ سُبَاتًا

إِلَيْنَا	قَبْضًا	يَسِيرًا	وَهُوَ	الَّذِي جَعَلَ	لَكُمُ	اللَّيْلَ	لِبَاسًا	وَالنَّوْمَ	سُبَاتًا
اپنی طرف	کھینچنا	آہستہ آہستہ	اور وہ	جس نے بنایا	تمہارے لئے	رات	پردہ	اور نیند	راحت

اپنی طرف آہستہ آہستہ کھینچ کر۔ اور وہی ہے جس نے تمہارے لئے رات کو پردہ، اور نیند کو راحت بنایا،

وَجَعَلَ النَّهَارَ نُشُورًا ﴿٤٧﴾ وَهُوَ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۚ

وَجَعَلَ	النَّهَارَ	نُشُورًا	وَهُوَ	الَّذِي	أَرْسَلَ الرِّيَاحَ	بُشْرًا	بَيْنَ يَدَيْ	رَحْمَتِهِ
اور بنایا	دن	اٹھنے کا وقت	اور وہی	جس نے	بھیجیں ہوائیں	خوشخبری	آگے	اپنی رحمت

اور دن کو اُٹھ (کھڑے ہونے) کا وقت بنایا۔ اور وہی ہے جس نے اپنی رحمت کے آگے ہوائیں خوشخبری (سناتی ہوئی) بھیجیں،

وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُورًا ﴿٤٨﴾ لِنُحْيِيَ بِهِ بَلْدَةً مَيْتًا وَنُسْقِيَهُ مِمَّا خَلَقْنَا

وَأَنْزَلْنَا	مِنَ السَّمَاءِ	مَاءً طَهُورًا	لِنُحْيِيَ بِهِ	بَلْدَةً مَيْتًا	وَنُسْقِيَهُ	مِمَّا خَلَقْنَا
اور ہم نے اتارا	آسمان سے	پانی پاک	تاکہ ہم زندہ کر دیں اس سے	شہر مُردہ	اور ہم پلائیں اسے	اس سے جو ہم نے پیدا کیا

اور ہم نے آسمان سے پاک پانی اتارا تاکہ ہم اس سے مُردہ شہر کو زندہ کر دیں۔ اور ہم اسے پلائیں (انہیں) جو ہم نے پیدا کئے ہیں،

أَنْعَامًا وَأَنَاسِيَّ كَثِيرًا ﴿٤٩﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَاهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوا ۖ فَأَبَىٰ أَكْثَرُ النَّاسِ

أَنْعَامًا	وَأَنَاسِيَّ	كَثِيرًا	وَلَقَدْ صَرَّفْنَاهُ	بَيْنَهُمْ	لِيَذَّكَّرُوا	فَأَبَىٰ	أَكْثَرُ النَّاسِ
چوپائے	اور آدمی	بہت سے	اور تحقیق ہم نے اسے تقسیم کیا	ان کے درمیان	تاکہ وہ نصیحت پکڑیں	پس قبول نہ کیا	اکثر لوگ

بہت سے چوپائے اور آدمی۔ اور تحقیق ہم نے اسے ان کے درمیان تقسیم کیا تاکہ وہ نصیحت پکڑیں، پس اکثر لوگوں نے قبول نہ کیا

إِلَّا كُفُورًا ﴿٥٠﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيرًا ﴿٥١﴾ فَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ

إِلَّا	كُفُورًا	وَلَوْ	شِئْنَا	لَبَعَثْنَا	فِي	كُلِّ قَرْيَةٍ	نَّذِيرًا	فَلَا تُطِعِ	الْكَافِرِينَ
مگر	ناشکری	اور اگر	ہم چاہتے	تو ہم بھیجدیتے	میں	ہر بستی	ایک ڈرانے والا	پس نہ کہا مانیں آپ	کافروں

مگر ناشکری کو۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہر بستی میں ایک ڈرانے والا بھیج دیتے۔ پس آپ کافروں کا کہا نہ مانیں

وَجَاهِدْهُم بِهِ جِهَادًا كَبِيرًا ﴿٥٢﴾ وَهُوَ الَّذِي مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هَٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ

وَجَاهِدْهُم	بِهِ	جِهَادًا كَبِيرًا	وَهُوَ	الَّذِي	مَرَجَ	الْبَحْرَيْنِ	هَٰذَا	عَذْبٌ	فُرَاتٌ
اور جہاد کریں اُن سے	اس کے ساتھ	بڑا جہاد	اور وہی	جس نے	ملایا	دو دریا	یہ	شیریں	خوشگوار

اور اس (حکم الٰہی) کے ساتھ اُن سے بڑا جہاد کریں۔ اور وہی ہے جس نے دو دریاؤں کو ملا یا (ملا کر چلایا) یہ (اُن کا پانی) خوشگوار شیریں ہے

وَهَٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَحِجْرًا مَّحْجُورًا ﴿٥٣﴾ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ

وَهَٰذَا	مِلْحٌ أُجَاجٌ	وَجَعَلَ	بَيْنَهُمَا	بَرْزَخًا	وَحِجْرًا	مَّحْجُورًا	وَهُوَ	الَّذِي	خَلَقَ
اور یہ	تلخ بدمزہ	اور اس نے بنایا	ان دونوں کے درمیان	ایک پردہ	اور آڑ	مضبوط آڑ	اور وہی	جس نے	پیدا کیا

اور یہ (دوسرا) تلخ بدمزہ ہے، اور اس نے ان دونوں کے درمیان (ایک غیر محسوس) پردہ اور مضبوط آڑ بنائی۔ اور وہی ہے جس نے پیدا کیا

مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا ۗ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا ﴿٥٤﴾ وَيَعْبُدُونَ

مِنَ الْمَاءِ	بَشَرًا	فَجَعَلَهُ	نَسَبًا	وَصِهْرًا	وَكَانَ	رَبُّكَ	قَدِيرًا	وَيَعْبُدُونَ
پانی سے	بشر	پھر بنائے اس کے	نسب	اور سسرال	اور ہے	تیرا رب	قدرت والا	اور وہ بندگی کرتے ہیں

پانی سے بشر، پھر بنائے اس کے نسب (نسبی رشتے) اور سسرال، اور تیرا رب قدرت والا ہے۔ اور وہ بندگی کرتے ہیں

مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۗ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلَىٰ رَبِّهِ

مِن دُونِ اللَّهِ	مَا	لَا يَنفَعُهُمْ	وَلَا يَضُرُّهُمْ	وَكَانَ	الْكَافِرُ	عَلَىٰ رَبِّهِ
اللہ کے سوا	جو	نہ انہیں نفع پہنچائے	اور نہ ان کا نقصان کر سکے	اور ہے	کافر	پشت خلاف اپنا رب

اللہ کے سوا اس کی جو انہیں نہ نفع پہنچائے، اور نہ وہ ان کا نقصان کر سکے، اور کافر اپنے رب کے خلاف

ظَهِيرًا ﴿٥٥﴾ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ﴿٥٦﴾ قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

ظَهِيرًا	وَمَا	أَرْسَلْنَاكَ	إِلَّا مُبَشِّرًا	وَنَذِيرًا	قُلْ	مَا أَسْأَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ
پشت پناہی کرنیوالا	اور نہیں	بھیجا ہم نے آپ کو	مگر خوشخبری دینے والا	اور ڈرانے والا	فرما دیں	نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی

پشت پناہی کرنے والا ہے۔ اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر (صرف) خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا۔ آپ فرما دیں میں اس پر تم سے نہیں مانگتا

أَجْرٍ إِلَّا مَنْ شَاءَ أَنْ يَتَّخِذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا ﴿۵۷﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ

أَجْرٍ	إِلَّا	مَنْ شَاءَ	أَنْ يَتَّخِذَ	إِلَىٰ رَبِّهِ	سَبِيلًا	وَتَوَكَّلْ	عَلَى الْحَيِّ	الَّذِي لَا يَمُوتُ
کوئی اجر	مگر	جو چاہے	کہ اختیار کرلے	اپنے رب تک	راستہ	اور بھروسہ کر	پر ہمیشہ زندہ رہنے والے	جسے موت نہیں

کوئی اجر مگر جو شخص چاہے اپنے رب تک راستہ اختیار کرلے۔ اور اس ہمیشہ رہنے والے پر بھروسہ کر جسے موت نہیں،

وَسَبِّحْ بِحَمْدِهِ ۚ وَكَفَىٰ بِهِ بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا ﴿۵۸﴾ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ

وَسَبِّحْ	بِحَمْدِهِ	وَكَفَىٰ بِهِ	بِذُنُوبِ	عِبَادِهِ	خَبِيرًا	الَّذِي	خَلَقَ	السَّمَاوَاتِ
اور پاکیزگی بیان کر	اسکی تعریف کے ساتھ	اور کافی ہے وہ	گناہوں سے	اپنے بندے	خبر رکھنے والا	اور جس نے	پیدا کیا	آسمان (جمع)

اور اس کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کر، اور وہ اپنے بندوں کے گناہوں کی خبر رکھنے والا کافی ہے۔ وہ جس نے آسمانوں کو پیدا کیا

وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۛ الرَّحْمَٰنُ

وَالْأَرْضَ	وَمَا بَيْنَهُمَا	فِي	سِتَّةِ أَيَّامٍ	ثُمَّ اسْتَوَىٰ	عَلَى الْعَرْشِ	الرَّحْمَٰنُ
اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان	میں	چھ دن	پھر قائم ہوا	عرش پر	جو رحم کرنے والا

اور زمین کو، اور جو اُن کے درمیان ہے چھ دن میں، پھر عرش پر قائم ہوا، جو رحم کرنے والا ہے

فَاسْأَلْ بِهِ خَبِيرًا ﴿۵۹﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اسْجُدُوا لِلرَّحْمَٰنِ قَالُوا وَمَا الرَّحْمَٰنُ

فَاسْأَلْ	بِهِ	خَبِيرًا	وَإِذَا	قِيلَ	لَهُمُ	اسْجُدُوا	لِلرَّحْمَٰنِ	قَالُوا	وَمَا	الرَّحْمَٰنُ
تو پوچھو	اسکے متعلق	کسی باخبر	اور جب	کہا جائے	ان سے	تم سجدہ کرو	رحمٰن کو	وہ کہتے ہیں	اور کیا ہے	رحمٰن

اس کے متعلق کسی باخبر سے پوچھو۔ اور جب اُن سے کہا جائے کہ تم رحمٰن کو سجدہ کرو تو وہ کہتے ہیں کیا ہے رحمٰن؟

أَنَسْجُدُ لِمَا تَأْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُورًا ﴿۶۰﴾ السجدة تَبَارَكَ الَّذِي جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا

أَنَسْجُدُ	لِمَا تَأْمُرُنَا	وَزَادَهُمْ	نُفُورًا	تَبَارَكَ	الَّذِي جَعَلَ	فِي السَّمَاءِ	بُرُوجًا
کیا ہم سجدہ کریں	جسے تو سجدہ کرنے کو کہے	اسنے بڑھا دیا اُن کا	بدکنا	بڑی برکت والا ہے	وہ جس نے بنائے	آسمانوں میں	بُرج (جمع)

کیا تو جسے سجدہ کرنے کو کہے ہم اُسے سجدہ کریں؟ اس (بات) نے ان کا بدکنا اور بڑھا دیا۔ بڑی برکت والا ہے وہ جس نے بُرج بنائے

وَجَعَلَ فِيهَا

وَجَعَلَ	فِيهَا
اور بنایا	اس میں

اور اس میں بنایا

سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿٦١﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ

سِرٰجًا	وَقَمَرًا	مُنِيْرًا	وَهُوَ	الَّذِيْ جَعَلَ	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ	خِلْفَةً	لِّمَنْ اَرَادَ
چراغ (سورج)	اور چاند	روشن	اور وہی	جس نے بنایا	رات	اور دن	ایک دوسرے کے پیچھے آنے والا	اس کے لئے جو چاہے

سورج اور روشن چاند۔ اور وہی ہے جس نے رات دن کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے والا بنایا، یہ اس کے (سمجھنے) کے لئے ہیں جو چاہے

اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿٦٢﴾ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ

اَنْ يَّذَّكَّرَ	اَوْ اَرَادَ	شُكُوْرًا	وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ	الَّذِيْنَ	يَمْشُوْنَ	عَلَى الْاَرْضِ
کہ وہ نصیحت پکڑے	یا چاہے	شکرگزار بننا	اور رحمٰن کے بندے	وہ جو کہ	چلتے ہیں	زمین پر

کہ نصیحت پکڑے، یا شکرگزار بننا چاہے۔ اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر چلتے ہیں

هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿٦٣﴾ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ

هَوْنًا	وَاِذَا	خَاطَبَهُمُ	الْجٰهِلُوْنَ	قَالُوْا	سَلٰمًا	وَالَّذِيْنَ	يَبِيْتُوْنَ	لِرَبِّهِمْ
آہستہ آہستہ	اور جب	ان سے بات کرتے ہیں	جاہل (جمع)	کہتے ہیں وہ	سلام	اور جو	رات کاٹتے ہیں	اپنے رب کے لئے

آہستہ آہستہ، اور جب جاہل ان سے بات کرتے ہیں تو وہ بس (سلام) کہتے ہیں، اور وہ اپنے رب کے لئے رات کاٹتے ہیں (رات بھر لگے رہتے ہیں)

سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿٦٤﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ

سُجَّدًا	وَقِيَامًا	وَالَّذِيْنَ	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَا	اصْرِفْ	عَنَّا	عَذَابَ جَهَنَّمَ	اِنَّ
سجدے کرنے	اور قیام کرتے	اور وہ جو	کہتے ہیں	اے ہمارے رب	پھیر دے	ہم سے	جہنم کا عذاب	بیشک

سجدے کرتے اور قیام کرتے۔ اور وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہم سے جہنم کا عذاب پھیر دے، بے شک

عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿٦٥﴾ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿٦٦﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا

عَذَابَهَا	كَانَ غَرَامًا	اِنَّهَا	سَآءَتْ	مُسْتَقَرًّا	وَمُقَامًا	وَالَّذِيْنَ	اِذَآ اَنْفَقُوْا
اس کا عذاب	لازم ہو جانے والا ہے	بیشک وہ	بُری	ٹھہرنے کی جگہ	اور (بُرا) مقام	اور وہ لوگ جو	جب وہ خرچ کرتے ہیں

اس کا عذاب لازم ہو جانے والا ہے (جُدا نہ ہونے والا ہے)۔ بیشک وہ بُری ہے ٹھہرنے کی جگہ اور بُرا ہے مقام۔ اور وہ لوگ کہ جب وہ خرچ کرتے ہیں

لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿٦٧﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ

لَمْ يُسْرِفُوْا	وَلَمْ يَقْتُرُوْا	وَكَانَ	بَيْنَ ذٰلِكَ	قَوَامًا	وَالَّذِيْنَ	لَا يَدْعُوْنَ	مَعَ اللّٰهِ
نہ فضول خرچی کرتے ہیں	اور نہ تنگی کرتے ہیں	اور ہے	اس کے درمیان	اعتدال	اور وہ جو	نہیں پکارتے	اللہ کے ساتھ

نہ فضول خرچی کرتے ہیں، اور نہ تنگی کرتے ہیں (اُن کی رَوِش) اس کے درمیان اعتدال کی ہے۔ اور وہ جو اللہ کے ساتھ نہیں پکارتے

اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا یَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا یَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ

اِلٰهًا	اٰخَرَ	وَ لَا یَقْتُلُوْنَ	النَّفْسَ	الَّتِیْ حَرَّمَ	اللّٰهُ	اِلَّا بِالْحَقِّ	وَ لَا یَزْنُوْنَ	وَمَنْ
کوئی معبود	دوسرا	اور وہ قتل نہیں کرتے	جان	جسے حرام کیا	اللہ	مگر جہاں حق ہو	اور وہ زنا نہیں کرتے	اور جو

دوسرا (کوئی اور) معبود، اور اس جان کو قتل نہیں کرتے جسے (قتل کرنا) اللہ نے حرام کیا ہے، مگر جہاں حق ہو، اور وہ زنا نہیں کرتے، اور جو

یَّفْعَلْ ذٰلِكَ یَلْقَ اَثَامًا ﴿۶۸﴾ یُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَیَخْلُدْ فِیْهٖ

یَفْعَلْ	ذٰلِكَ	یَلْقَ اَثَامًا	یُضٰعَفْ	لَهُ	الْعَذَابُ	یَوْمَ الْقِیٰمَةِ	وَیَخْلُدْ	فِیْهٖ
کرے گا	یہ	وہ دوچار ہوگا بڑی سزا	دوچند کر دیا جائیگا	اسکے لئے	عذاب	روزِ قیامت	اور وہ ہمیشہ رہے گا	اس میں

یہ کرے گا وہ بڑی سزا سے دوچار ہوگا۔ روزِ قیامت اس کے لئے عذاب دوچند کر دیا جائے گا، اور وہ اس میں ہمیشہ رہے گا،

مُهَانًا ﴿۶۹﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ یُبَدِّلُ اللّٰهُ سَیِّاٰتِهِمْ

مُهَانًا	اِلَّا	مَنْ تَابَ	وَاٰمَنَ	وَعَمِلَ	عَمَلًا صَالِحًا	فَاُولٰٓئِكَ	یُبَدِّلُ اللّٰهُ	سَیِّاٰتِهِمْ
خوار ہوکر	سوائے	جس نے توبہ کی	اور ایمان لایا	اور عمل کئے اس نے	نیک عمل	پس یہ لوگ	اللہ بدل دے گا	ان کی برائیاں

خوار ہوکر۔ سوائے اس کے جس نے توبہ کی، اور وہ ایمان لایا، اور اس نے نیک عمل کئے، پس اللہ ان لوگوں کی برائیاں بدل دے گا

حَسَنٰتٍ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۷۰﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ یَتُوْبُ

حَسَنٰتٍ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِیْمًا	وَ مَنْ تَابَ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	فَاِنَّهٗ	یَتُوْبُ
بھلائیوں سے	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور جس نے توبہ کی	اور عمل کئے	نیک	تو بیشک وہ	رجوع کرتا ہے

بھلائیوں سے، اور اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور جس نے توبہ کی اور نیک عمل کئے تو بیشک وہ رجوع کرتا ہے

اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿۷۱﴾ وَالَّذِیْنَ لَا یَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿۷۲﴾

اِلَى اللّٰهِ	مَتَابًا	وَالَّذِیْنَ	لَا یَشْهَدُوْنَ	الزُّوْرَ	وَاِذَا	مَرُّوْا	بِاللَّغْوِ	مَرُّوْا	كِرَامًا
اللہ کی طرف	رجوع کرنے کا مقام	اور وہ لوگ جو	گواہی نہیں دیتے	جھوٹ	اور جب	وہ گزریں	بیہودہ سے	گزرتے ہیں	بزرگانہ

اللہ کی طرف (جیسے) رجوع کرنے کا مقام (حق) ہے، اور وہ لوگ جو جھوٹ کی گواہی نہیں دیتے اور جب بے ہودہ چیزوں کے پاس سے گزرتے ہیں بزرگانہ (سنجیدگی کے انداز سے)

وَالَّذِیْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ یَخِرُّوْا عَلَیْهَا صُمًّا وَّعُمْیَانًا ﴿۷۳﴾ وَالَّذِیْنَ

وَالَّذِیْنَ	اِذَا ذُكِّرُوْا	بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ	لَمْ یَخِرُّوْا	عَلَیْهَا	صُمًّا	وَّعُمْیَانًا	وَالَّذِیْنَ
اور وہ لوگ جو	جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے	انکے رب کے احکام سے	نہیں گر پڑتے	ان پر	بہروں کی طرح	اور اندھوں کی طرح	اور وہ لوگ جو

اور وہ لوگ کہ جب انہیں اُن کے رب کے احکام سے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ ان پر بہروں اور اندھوں کی طرح نہیں گر پڑتے۔ اور وہ لوگ جو

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ

يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَا	هَبْ لَنَا	مِنْ	اَزْوَاجِنَا	وَذُرِّيّٰتِنَا	قُرَّةَ اَعْيُنٍ	وَاجْعَلْنَا	لِلْمُتَّقِيْنَ
کہتے ہیں وہ	اے ہمارے رب عطا فرما ہمیں		سے	ہماری بیویاں	اور ہماری اولاد	ٹھنڈک آنکھوں کی	اور بنا دے ہمیں	پرہیزگاروں کا

کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں ہماری بیویوں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہمیں بنا دے پرہیزگاروں کا

اِمَامًا ﴿۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿۷۵﴾

اِمَامًا	اُولٰٓئِكَ	يُجْزَوْنَ	الْغُرْفَةَ	بِمَا صَبَرُوْا	وَيُلَقَّوْنَ	فِيْهَا	تَحِيَّةً	وَسَلٰمًا
امام (پیشوا)	یہ لوگ	انعام دیئے جائیں گے	بالاخانے	ان کے صبر کی بدولت	اور پیشوائی کئے جائیں گے	اس میں	دعائے خیر	اور سلام

پیشوا۔ ان لوگوں کو ان کے صبر کی بدولت (جنت کے) بالاخانے انعام دیئے جائیں گے اور وہ اس میں دعائے خیر اور سلام سے پیشوائی کئے جائیں گے

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۷۶﴾ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ ۚ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	حَسُنَتْ	مُسْتَقَرًّا	وَّمُقَامًا	قُلْ	مَا يَعْبَؤُا	بِكُمْ	رَبِّيْ	لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ
وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اچھی ہے	آرام گاہ	اور مسکن	فرما دیں	پرواہ نہیں رکھتا	تمہاری	میرا رب	اگر نہ پکارو تم

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، (کیا ہی) اچھی ہے آرام گاہ، اور اچھا مسکن۔ آپؐ فرما دیں اگر تم اس کو نہ پکارو، تو میرا رب تمہاری پرواہ نہیں رکھتا

فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿۷۷﴾ ع

فَقَدْ كَذَّبْتُمْ	فَسَوْفَ	يَكُوْنُ	لِزَامًا
تو جھٹلایا تم نے	پس عنقریب	ہوگی	لازمی

تو تم نے جھٹلایا، پس عنقریب (اس کی سزا) لازمی ہوگی۔

اٰيَاتُهَا ۲۲۷ | ۲۶ : سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ مَكِّيَّةٌ = ۴۷ | رُكُوْعَاتُهَا ۱۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾

طٰسٓمّٓ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ	لَعَلَّكَ	بَاخِعٌ	نَّفْسَكَ	اَلَّا يَكُوْنُوْا	مُؤْمِنِيْنَ
طٰسٓمّٓ	یہ	آیتیں	روشن کتاب	شاید تم	ہلاک کر لو گے	اپنے تئیں	کہ وہ نہیں	ایمان لاتے

طٰسٓمّٓ۔ یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں۔ شاید آپؐ (ان کے غم میں) اپنے تئیں ہلاک کر لیں گے کہ وہ ایمان نہیں لاتے۔

إِن نَّشَأْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِم مِّنَ السَّمَاءِ آيَةً فَظَلَّتْ أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِينَ ﴿٤﴾

إِن نَّشَأْ	نُنَزِّلْ	عَلَيْهِم	مِّنَ السَّمَاءِ	آيَةً	فَظَلَّتْ	أَعْنَاقُهُمْ	لَهَا	خَاضِعِينَ
اگر ہم چاہیں	ہم اتار دیں	ان پر	آسمان سے	کوئی نشانی	تو ہو جائیں	ان کی گردنیں	اس کے آگے	پست

اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے کوئی نشانی اتار دیں، تو اس کے آگے ان کی گردنیں پست ہو جائیں۔

وَمَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ مُحْدَثٍ إِلَّا كَانُوا عَنْهُ مُعْرِضِينَ ﴿٥﴾

وَ	مَا يَأْتِيهِم	مِّن ذِكْرٍ	مِّنَ	الرَّحْمَٰنِ	مُحْدَثٍ	إِلَّا	كَانُوا	عَنْهُ	مُعْرِضِينَ
اور	نہیں آتی انکے پاس	کوئی نصیحت	سے	رحمٰن	نئی	مگر	ہو جاتے ہیں وہ	اس سے	روگردان

اور ان کے پاس رحمٰن کی طرف سے کوئی نئی نصیحت نہیں آتی مگر وہ اس سے روگردان ہو جاتے ہیں۔

فَقَدْ كَذَّبُوا فَسَيَأْتِيهِمْ أَنبَاءُ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الْأَرْضِ

فَقَدْ كَذَّبُوا	فَسَيَأْتِيهِمْ	أَنبَاءُ	مَا كَانُوا	بِهِ	يَسْتَهْزِئُونَ	أَوَلَمْ يَرَوْا	إِلَى الْأَرْضِ
پس بیشک انہوں نے جھٹلایا	تو جلد آئیں گی انکے پاس	خبریں	جو وہ تھے	اس کا	مذاق اڑاتے	کیا انہوں نے نہیں دیکھا	زمین کی طرف

پس بیشک انہوں نے جھٹلایا تو جلد ان کے پاس اسکی خبریں آئیں گی (حقیقت معلوم ہو جائے گی) جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ کیا انہوں نے زمین کی طرف نہیں دیکھا:

كَمْ أَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ﴿٧﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم

كَمْ	أَنبَتْنَا	فِيهَا	مِن كُلِّ	زَوْجٍ	كَرِيمٍ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	وَمَا كَانَ	أَكْثَرُهُم
کس قدر	اگائیں ہم نے	اس میں	ہر قسم	جوڑا جوڑا	عمدہ	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اور نہیں ہیں	ان میں اکثر

کہ ہم نے اس میں کس قدر عمدہ عمدہ ہر قسم کی چیزیں جوڑا جوڑا اگائی ہیں۔ بیشک اس میں البتہ نشانی ہے، اور ان میں اکثر نہیں ہیں

مُّؤْمِنِينَ ﴿٨﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٩﴾ وَإِذْ نَادَىٰ رَبُّكَ مُوسَىٰ ع ۹ ۵

مُّؤْمِنِينَ	وَإِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيزُ	الرَّحِيمُ	وَإِذْ	نَادَىٰ	رَبُّكَ	مُوسَىٰ
ایمان لانے والے	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان	اور جب	پکارا (فرمایا)	تمہارا رب	موسیٰ کو

ایمان لانے والے۔ اور بیشک تمہارا رب البتہ غالب ہے، نہایت مہربان۔ اور (یاد کرو) جب تمہارے رب نے موسیٰ کو فرمایا

أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٠﴾ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۚ أَلَا يَتَّقُونَ ﴿١١﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي أَخَافُ

أَنِ ائْتِ	الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ	قَوْمَ فِرْعَوْنَ	أَلَا يَتَّقُونَ	قَالَ	رَبِّ إِنِّي أَخَافُ
کہ تو جا	ظالم لوگ	قوم فرعون	کیا وہ مجھ سے نہیں ڈرتے	اس نے کہا	اے میرے رب بیشک میں ڈرتا ہوں

کہ ظالم لوگوں کے پاس جاؤ۔ (یعنی) قوم فرعون کے پاس، کیا وہ مجھ سے نہیں ڈرتے؟ اس نے کہا اے میرے رب! بیشک میں ڈرتا ہوں (مجھے اندیشہ ہے)

اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿١٢﴾ وَيَضِيْقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ﴿١٣﴾

اَنْ	يُّكَذِّبُوْنِ	وَيَضِيْقُ	صَدْرِيْ	وَلَا يَنْطَلِقُ	لِسَانِيْ	فَاَرْسِلْ	اِلٰى هٰرُوْنَ
کہ	وہ مجھے جھٹلائیں گے	اور تنگ ہوتا ہے	میرا سینہ (دل)	اور نہیں چلتی	میری زبان	پس پیغام بھیج	طرف ہارون

کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے۔ اور میرا دل تنگ ہوتا ہے، اور میری زبان (خوب) نہیں چلتی، پس ہارونؑ کی طرف (بھی) پیغام بھیج۔

وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿١٤﴾ قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ

وَلَهُمْ	عَلَيَّ	ذَنْۢبٌ	فَاَخَافُ	اَنْ يَّقْتُلُوْنِ	قَالَ	كَلَّا	فَاذْهَبَا	بِاٰيٰتِنَآ	اِنَّا	مَعَكُمْ
اور اُن کا	مجھ پر	ایک الزام	پس میں ڈرتا ہوں	کہ وہ مجھے قتل (نہ) کر دیں	فرمایا	ہرگز نہیں	پس تم دونوں جاؤ	ہماری نشانیوں کے ساتھ	بیشک ہم	تمہارے ساتھ

اور ان کا مجھ پر ایک الزام (بھی) ہے، پس مجھے ڈر ہے کہ وہ مجھے قتل نہ کر دیں فرمایا ہرگز نہیں، تم دونوں ہماری نشانیوں کے ساتھ جاؤ، بیشک ہم تمہارے ساتھ ہیں

مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿١٥﴾ فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦﴾ اَنْ اَرْسِلْ

مُّسْتَمِعُوْنَ	فَاْتِيَا	فِرْعَوْنَ	فَقُوْلَآ	اِنَّا رَسُوْلُ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	اَنْ	اَرْسِلْ
سننے والے	پس تم دونوں جاؤ	فرعون	تو اسے کہو	بیشک ہم رسول	تمام جہانوں کا رب	کہ	تو بھیج دے

سننے والے۔ پس تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ تو اسے کہو کہ بیشک ہم تمام جہانوں کے رب کے رسول ہیں۔ کہ تو بھیج دے

مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿١٧﴾ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ

مَعَنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	قَالَ	اَلَمْ نُرَبِّكَ	فِيْنَا	وَلِيْدًا	وَلَبِثْتَ	فِيْنَا	مِنْ عُمُرِكَ
ہمارے ساتھ	بنی اسرائیل	فرعون نے کہا	کیا ہمنے تجھے نہیں پالا	اپنے درمیان	بچپن میں	اور تو رہا	ہمارے درمیان	اپنی عمر کے

ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو۔ فرعون نے کہا کیا ہم نے تجھے بچپن میں اپنے درمیان نہیں پالا؟ اور تو ہمارے درمیان رہا اپنی عمر کے

سِنِيْنَ ﴿١٨﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩﴾ قَالَ فَعَلْتُهَآ

سِنِيْنَ	وَفَعَلْتَ	فَعْلَتَكَ	الَّتِيْ فَعَلْتَ	وَاَنْتَ	مِنَ	الْكٰفِرِيْنَ	قَالَ	فَعَلْتُهَآ
کئی برس	اور تو نے کیا	اپنا (وہ) کام	جو تو نے کیا	اور تو	سے	ناشکرے	موسیٰؑ نے کہا	میں نے وہ کیا تھا

کئی برس۔ اور تو نے وہ کام کیا جو تو نے کیا (قبطی قتل کیا) اور تو ناشکروں میں سے ہے۔ موسیٰؑ نے کہا میں نے وہ کیا تھا

اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٢٠﴾ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّ

اِذًا	وَّاَنَا	مِنَ	الضَّآلِّيْنَ	فَفَرَرْتُ	مِنْكُمْ	لَمَّا خِفْتُكُمْ	فَوَهَبَ لِيْ	رَبِّيْ	حُكْمًا	وَّ
جب	اور میں	سے	راہ سے بے خبر (جمع)	تو میں بھاگ گیا	تم سے	جب میں ڈرا تم سے	پس عطا کیا مجھے	میرا رب	حکم	اور

جب میں راہ سے بے خبروں میں سے تھا۔ جب میں تم سے ڈرا تو میں تم سے بھاگ گیا پس میرے رب نے مجھے حکم عطا کیا (نبوت دی) اور

جَعَلَنِيْ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۱﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۲﴾

جَعَلَنِيْ	مِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	وَتِلْكَ	نِعْمَةٌ	تَمُنُّهَا عَلَيَّ	اَنْ عَبَّدْتَّ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
اور مجھے بنایا	سے	رسول (جمع)	اور یہ	کوئی نعمت	تو اس کا احسان رکھتا ہے مجھ پر	کہ تو نے غلام بنایا	بنی اسرائیل

اور مجھے رسولوں میں سے بنایا۔ اور یہ کوئی نعمت ہے جس کا تو مجھ پر احسان رکھتا ہے؟ کہ تو نے بنی اسرائیل کو غلام بنایا۔

قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

قَالَ فِرْعَوْنُ	وَمَا	رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ	قَالَ	رَبُّ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا
فرعون نے کہا	اور کیا ہے	رب	سارے جہان	اس نے کہا	رب ہے آسمانوں کا	اور زمین	اور جو ان کے درمیان

فرعون نے کہا، اور کیا ہے سارے جہان کا رب! موسیٰؑ نے کہا رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو ان کے درمیان ہے،

اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿۲۴﴾ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗٓ اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ

اِنْ	كُنْتُمْ	مُّوْقِنِيْنَ	قَالَ	لِمَنْ	حَوْلَهٗٓ	اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ	قَالَ	رَبُّكُمْ	وَرَبُّ
اگر	تم ہو	یقین کرنے والے	اس نے کہا	انہیں جو	اس کے اردگرد	کیا تم سنتے نہیں	(موسیٰؑ نے کہا	تمہارا رب	اور رب

اگر تم یقین کرنے والے ہو۔ اس نے اپنے اردگرد والوں (درباریوں) سے کہا، کیا تم سنتے نہیں! موسیٰؑ نے کہا رب ہے تمہارا اور رب ہے

اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْٓ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۲۷﴾ قَالَ رَبُّ

اٰبَآئِكُمُ	الْاَوَّلِيْنَ	قَالَ	اِنَّ	رَسُوْلَكُمُ	الَّذِيْٓ	اُرْسِلَ	اِلَيْكُمْ	لَمَجْنُوْنٌ	قَالَ	رَبُّ
تمہارے باپ دادا	پہلے	فرعون بولا	بیشک	تمہارا رسول	وہ جو	بھیجا گیا	تمہاری طرف	البتہ دیوانہ	(موسیٰؑ نے کہا	رب

تمہارے پہلے باپ دادا کا۔ فرعون بولا، بیشک تمہارا رسول جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے البتہ دیوانہ ہے۔ موسیٰؑ نے کہا رب ہے

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾ قَالَ لَىِٕنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا

الْمَشْرِقِ	وَالْمَغْرِبِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ	قَالَ	لَىِٕنِ	اتَّخَذْتَ	اِلٰهًا
مشرق	اور مغرب	اور جو	ان دونوں کے درمیان	اگر	تم سمجھتے ہو	وہ بولا	البتہ اگر	تو نے بنایا	کوئی معبود

مشرق کا اور مغرب کا، اور جو ان دونوں کے درمیان ہے، اگر تم سمجھتے ہو۔ وہ بولا، البتہ اگر تو نے کوئی اور معبود بنایا

غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾ قَالَ

غَيْرِيْ	لَاَجْعَلَنَّكَ	مِنَ	الْمَسْجُوْنِيْنَ	قَالَ	اَوَلَوْ جِئْتُكَ	بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ	قَالَ
میرے سوا	تو میں ضرور کر دوں گا تجھے	سے	قیدی (جمع)	(موسیٰؑ نے کہا	خواہ میں لاؤں تیرے پاس	ایک شے (معجزہ) واضح	وہ بولا

میرے سوا، تو میں ضرور تجھے قید کر دوں گا۔ موسیٰؑ نے کہا خواہ میں تیرے پاس ایک واضح معجزہ لاؤں؟ وہ بولا

فَاْتِ بِهٖۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿۳۲﴾

فَاْتِ بِهٖ	اِنْ كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	فَاَلْقٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا هِيَ	ثُعْبَانٌ	مُّبِيْنٌ
تو لے آ اسے	اگر تو ہے	سے	سچے	پس موسیٰ نے ڈالا	اپنا عصا	تو اچانک وہ	اژدہا	کھلا (نمایاں)

تو اسے لے آ اگر تو سچوں میں سے ہے (سچا ہے)۔ پس موسیٰؑ نے اپنا عصا ڈالا تو وہ اچانک نمایاں اژدہا بن گیا۔

۲ ع ۲۴ ۶

وَنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۳۳﴾ قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗۤ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ

وَنَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا هِيَ	بَيْضَآءُ	لِلنّٰظِرِيْنَ	قَالَ	لِلْمَلَاِ	حَوْلَهٗۤ	اِنَّ هٰذَا	لَسٰحِرٌ	عَلِيْمٌ
اور اس نے کھینچی (نکالا)	اپنا ہاتھ	تو ناگاہ وہ	چمکتا ہوا	دیکھنے والوں کے لئے	فرعون نے کہا	سرداروں سے	اپنے گرد	بیشک یہ	جادوگر	دانا، ماہر

وَيَقْدِرُ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَاتٍ	لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ	فَآتِ	ذَا الْقُرْبَىٰ	حَقَّهُ
اور تنگ کرتا ہے	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں	پس دو تم	قرابت دار	اس کا حق

تنگ کرتا ہے، بیشک جو لوگ ایمان رکھتے ہیں ان کے لئے اس میں نشانیاں ہیں۔ پس تم قرابت دار کو اس کا حق دو

وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ

وَالْمِسْكِينَ	وَابْنَ السَّبِيلِ	ذَٰلِكَ	خَيْرٌ	لِّلَّذِينَ	يُرِيدُونَ	وَجْهَ اللَّهِ
اور محتاج	اور مسافر	یہ	بہتر	ان لوگوں کے لئے جو	وہ چاہتے ہیں	اللہ کی رضا

اور محتاج اور مسافر کو، یہ ان کے لئے بہتر ہے جو اللہ کی رضا چاہتے ہیں،

وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٣٨﴾ وَمَا آتَيْتُم مِّن رِّبًا لِّيَرْبُوَا فِي أَمْوَالِ النَّاسِ

وَأُولَٰئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُونَ	وَمَا	آتَيْتُم	مِن	رِّبًا	لِّيَرْبُوَا	فِي	أَمْوَالِ	النَّاسِ
اور وہی لوگ	وہ	فلاح پانے والے	اور جو	تم دو	سے	سُود	تاکہ بڑھے	میں	مال (جمع)	لوگ (جمع)

اور وہی لوگ فلاح (دونوں جہان کی کامیابی) پانے والے ہیں۔ اور جو تم سُود دو کہ لوگوں کے مال بڑھیں (اضافہ ہو)

فَلَا يَرْبُوا عِندَ اللَّهِ ۖ وَمَا آتَيْتُم مِّن زَكَاةٍ تُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ

فَلَا يَرْبُوا	عِندَ اللَّهِ	وَمَا آتَيْتُم	مِن	زَكَاةٍ	تُرِيدُونَ	وَجْهَ اللَّهِ
تو نہیں بڑھتا	اللہ کے ہاں	اور جو تم دو	سے	زکوٰۃ	چاہتے ہوئے	اللہ کی رضا

تو (یہ) اللہ کے ہاں نہیں بڑھتا اور جو تم اللہ کی رضا چاہتے ہوئے زکوٰۃ دیتے ہو

فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُونَ ﴿٣٩﴾ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ

فَأُولَٰئِكَ	هُمُ	الْمُضْعِفُونَ	اللَّهُ الَّذِي	خَلَقَكُمْ	ثُمَّ رَزَقَكُمْ	ثُمَّ يُمِيتُكُمْ
تو وہی لوگ	وہ	چند در چند کرنے والے	اللہ ہے جس نے	پیدا کیا تمہیں	پھر اُس نے تمہیں رزق دیا	پھر وہ تمہیں موت دیتا ہے

تو یہی لوگ ہیں (اپنا مال اور اجر) چند در چند کرنے والے۔ اللہ ہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا، پھر تمہیں رزق دیا، پھر وہ تمہیں موت دیتا ہے

ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۖ هَلْ مِن شُرَكَائِكُم مَّن يَفْعَلُ مِن ذَٰلِكُم مِّن شَيْءٍ ۚ

ثُمَّ	يُحْيِيكُمْ	هَلْ	مِن	شُرَكَائِكُم	مَّن	يَفْعَلُ	مِن ذَٰلِكُم	مِن شَيْءٍ
پھر	وہ تمہیں زندہ کرے گا	کیا	سے	تمہارے شریک (جمع)	جو	کرے	ان (کاموں) میں سے	کچھ بھی

پھر وہ تمہیں زندہ کرے گا، کیا تمہارے شریکوں میں سے (کوئی ہے) جو ان کاموں میں سے کچھ بھی کرے ؟

۴ ع ۱۳ ۷

سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٤٠﴾ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ

سُبْحَانَهُ	وَتَعَالَىٰ	عَمَّا	يُشْرِكُونَ	ظَهَرَ	الْفَسَادُ	فِي الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	بِمَا كَسَبَتْ
وہ پاک ہے	اور برتر	اس سے جو	وہ شریک ٹھہراتے ہیں	ظاہر ہو گیا	فساد	خشکی میں	اور دریا (تری)	اس سے جو کمایا

وہ پاک ہے اور برتر اس سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ فساد خشکی اور تری میں ظاہر ہو گیا (پھیل گیا) اس سے جو کمایا

لِيُذِيقَهُم بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٤١﴾ قُلْ

لِيُذِيقَهُم	بَعْضَ	الَّذِي عَمِلُوا	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُونَ	قُلْ	
تاکہ وہ انہیں (مزہ) چکھائے	بعض	انہوں نے کیا (اعمال)	شاید وہ	باز آ جائیں	آپ فرما دیں	

لوگوں کے ہاتھوں سے (انکے اعمال کے سبب) تاکہ وہ ان کے بعض اعمال کا مزہ انہیں چکھائے، شاید وہ باز آ جائیں۔ آپ فرما دیں

سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلُ ۚ

سِيرُوا	فِي	الْأَرْضِ	فَانظُرُوا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِينَ	مِن قَبْلُ
تم چلو پھرو	میں	زمین	پھر تم دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	ان کا جو	پہلے (تھے)

تم زمین میں چلو پھرو، پھر تم دیکھو ان کا انجام کیسا ہوا ؟ جو پہلے تھے،

كَانَ أَكْثَرُهُم مُّشْرِكِينَ ﴿٤٢﴾ فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ الْقَيِّمِ مِن قَبْلِ أَن

كَانَ	أَكْثَرُهُم	مُّشْرِكِينَ	فَأَقِمْ	وَجْهَكَ	لِلدِّينِ الْقَيِّمِ	مِن قَبْلِ	أَن
تھے	ان کے اکثر	شرک کرنے والے	پس سیدھا رکھو	اپنا چہرہ	دین (راہ) کے لئے (طرف)	اس سے قبل	کہ

ان کے اکثر شرک کرنے والے تھے۔ پس اپنا چہرہ دین راست کی طرف سیدھا رکھو اس سے قبل کہ

يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ يَوْمَئِذٍ يَصَّدَّعُونَ ﴿٤٣﴾ مَن كَفَرَ فَعَلَيْهِ

يَأْتِيَ	يَوْمٌ	لَّا مَرَدَّ	لَهُ	مِنَ اللَّهِ	يَوْمَئِذٍ	يَصَّدَّعُونَ	مَن كَفَرَ	فَعَلَيْهِ
آ جائے	وہ دن	ٹلنا نہیں	اسکے لئے	اللہ سے	اس دن	جدا جدا ہو جائیں گے	جس نے کفر کیا	تو اسی پر

وہ دن آ جائے جس کو اللہ (کی طرف) سے ٹلنا نہیں اس دن (سب) جدا جدا ہو جائیں گے۔ جس نے کفر کیا تو اس پر پڑے گا

كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ﴿۴۴﴾ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

كُفْرُهٗ	وَمَنْ عَمِلَ	صَالِحًا	فَلِاَنْفُسِهِمْ	يَمْهَدُوْنَ	لِيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَ
اس کا کفر	اور جس نے کئے	اچھے عمل	تو وہ اپنے لئے	سامان کر رہے ہیں	تاکہ جزا دے وہ	ان لوگوں کو جو ایمان لائے	اور

اس کے کفر (کا وبال)، اور جس نے اچھے عمل کئے تو وہ اپنے لئے سامان کر رہے ہیں ۔ تاکہ (اللہ) ان لوگوں کو جزا دے جو ایمان لائے ، اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	مِنْ	فَضْلِهٖ	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ	الْكٰفِرِيْنَ	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖٓ	اَنْ يُّرْسِلَ
انہوں نے اچھے عمل کئے	سے	اپنا فضل	بیشک وہ	پسند نہیں کرتا	کافر (جمع)	اور	اس کی نشانیوں سے	کہ وہ بھیجتا ہے

انہوں نے اچھے عمل کئے اپنے فضل سے جزا دے، بیشک اللہ کافروں کو پسند نہیں کرتا۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ وہ بھیجتا ہے

الرِّيٰحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا

الرِّيٰحَ	مُبَشِّرٰتٍ	وَلِيُذِيْقَكُمْ	مِنْ رَّحْمَتِهٖ	وَلِتَجْرِيَ	الْفُلْكُ	بِاَمْرِهٖ	وَلِتَبْتَغُوْا
ہوائیں	خوشخبری دینے والی	اور تاکہ وہ تمہیں چکھائے	سے (کا) اپنی رحمت	اور تاکہ چلیں	کشتیاں	اس کے حکم سے	اور تاکہ تم تلاش کرو

ہوائیں خوشخبری دینے والی، اور تاکہ وہ تمہیں اپنی رحمت کا مزہ چکھائے، اور تاکہ کشتیاں اس کے حکم سے چلیں، اور تاکہ تم تلاش کرو

مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا

مِنْ فَضْلِهٖ	وَلَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	رُسُلًا
سے اس کا فضل	اور تاکہ تم	تم شکر کرو	اور تحقیق ہم نے بھیجے	آپؐ سے پہلے	بہت سے رسول

(اس کا فضل (رزق) اور تاکہ تم شکر کرو ۔ اور تحقیق ہم نے آپؐ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے

اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَاۗءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ۭ وَكَانَ حَقًّا

اِلٰى	قَوْمِهِمْ	فَجَاۗءُوْهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَانْتَقَمْنَا	مِنَ	الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا	وَكَانَ	حَقًّا
طرف	ان کی قومیں	پس وہ ان کے پاس آئے	کھلی نشانیوں کے ساتھ	پھر ہم نے انتقام لیا	سے	وہ جنہوں نے جرم کیا (مجرم)	اور ہے	حق (ذمے)

ان کی قوموں کی طرف، پس وہ ان کے پاس کھلی نشانیوں کے ساتھ آئے، پھر ہم نے مجرموں سے انتقام لیا اور ہمارے ذمے ہے

عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ

عَلَيْنَا	نَصْرُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ يُرْسِلُ	الرِّيٰحَ	فَتُثِيْرُ	سَحَابًا	فَيَبْسُطُهٗ
ہم پر (ہمارا)	مدد	مومن (جمع)	اللہ	جو بھیجتا ہے	ہوائیں	تو وہ ابھارتی ہیں	بادل	پھر وہ (بادل) پھیلاتا ہے

مومنوں کی مدد کرنا ۔ اللہ (ہی ہے) جو ہوائیں بھیجتا ہے ، تو وہ بادل ابھارتی ہیں ، پھر وہ بادل پھیلاتا ہے ،

فِي السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ

فِي السَّمَآءِ	كَيْفَ	يَشَآءُ	وَيَجْعَلُهٗ	كِسَفًا	فَتَرَى	الْوَدْقَ	يَخْرُجُ	مِنْ خِلٰلِهٖ
آسمان میں	جیسے	وہ چاہتا ہے	اور وہ اسے کر دیتا ہے	ٹکڑے ٹکڑے	پھر تو دیکھے	مینہ	نکلتا ہے	اس کے درمیان سے

آسمان میں، جیسے وہ چاہتا ہے اور وہ اسے (بادل) کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے، پھر تو دیکھے کہ وہ اس کے درمیان سے مینہ نکلتا ہے

فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ ۚ وَاِنْ

فَاِذَآ	اَصَابَ بِهٖ	مَنْ يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	اِذَا هُمْ	يَسْتَبْشِرُوْنَ	وَاِنْ
پھر جب	وہ اسے پہنچا دیتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	سے	اپنے بندوں	اچانک وہ	خوشیاں منانے لگتے ہیں	اور اگرچہ

پھر وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے وہ پہنچا دیتا ہے، تو وہ اچانک خوشیاں منانے لگتے ہیں۔ اگرچہ

كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ

كَانُوْا	مِنْ قَبْلِ	اَنْ يُّنَزَّلَ	عَلَيْهِمْ	مِنْ قَبْلِهٖ	لَمُبْلِسِيْنَ	فَانْظُرْ	اِلٰٓى	اٰثٰرِ
تھے	اس سے قبل	کہ وہ نازل ہو	اُن پر	پہلے (ہی) سے	البتہ مایوس (جمع)	پس دیکھ تو	طرف	آثار

اس سے قبل کہ (بارش) اُن پر نازل ہو وہ پہلے ہی سے مایوس ہو رہے تھے۔ پس تو آثار (نشانیوں) کی طرف دیکھ

رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَ

رَحْمَتِ اللّٰهِ	كَيْفَ يُحْيِ	الْاَرْضَ	بَعْدَ مَوْتِهَا	اِنَّ	ذٰلِكَ	لَمُحْيِ	الْمَوْتٰى	وَ
اللہ کی رحمت	وہ کیسے زندہ کرتا ہے	زمین	اسکے مرنے کے بعد	بیشک	وہی	البتہ زندہ کرنیوالا	مُردے	اور

اللہ کی رحمت کے، وہ کیسے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے! بیشک وہی مُردوں کو زندہ کرنے والا ہے، اور

هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا

هُوَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَلَئِنْ	اَرْسَلْنَا	رِيْحًا	فَرَاَوْهُ	مُصْفَرًّا	لَّظَلُّوْا
وہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	اور اگر	ہم بھیجیں	ہوا	پھر وہ اسے دیکھیں	زرد شدہ	ضرور ہو جائیں

وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اور اگر ہم ہوا بھیجیں، پھر وہ اسے زرد شدہ دیکھیں تو وہ ضرور ہو جائیں

مِنْ م بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ

مِنْ م بَعْدِهٖ	يَكْفُرُوْنَ	فَاِنَّكَ	لَا تُسْمِعُ	الْمَوْتٰى	وَلَا	تُسْمِعُ	الصُّمَّ	الدُّعَآءَ
اس کے بعد	ناشکری کرنے والے	پس بیشک آپ	نہیں سنا سکتے	مُردوں	اور نہیں	سنا سکتے	بہروں	آواز

اس کے بعد ناشکری کرنے والے۔ پس بیشک آپ مُردوں کو سنا سکتے ہیں اور نہ بہروں کو آواز سنا سکتے ہیں،

إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ﴿٥٢﴾ وَمَا أَنْتَ بِهَادِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلَالَتِهِمْ ۖ إِنْ تُسْمِعُ إِلَّا

إِذَا وَلَّوْا	مُدْبِرِينَ	وَمَا أَنْتَ	بِهَادِ	الْعُمْيِ	عَنْ ضَلَالَتِهِمْ	إِنْ تُسْمِعُ	إِلَّا
جب وہ پھر جائیں	پیٹھ دے کر	اور آپ نہیں	ہدایت دینے والے	اندھا	اس کی گمراہی سے	آپ نہیں سنا سکتے	مگر

جب وہ پیٹھ دے کر پھر جائیں۔ آپ اندھے کو اس کی گمراہی سے ہدایت دینے والے نہیں، نہیں سُنا سکتے مگر (صرف اسے)

مَنْ يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ مُسْلِمُونَ ﴿٥٣﴾ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ ضَعْفٍ ثُمَّ

مَنْ يُؤْمِنُ	بِآيَاتِنَا	فَهُمْ	مُسْلِمُونَ	اللَّهُ	الَّذِي خَلَقَكُمْ	مِنْ	ضَعْفٍ	ثُمَّ
جو ایمان لاتا ہے	ہماری آیتوں پر	پس وہ	فرمانبردار (جمع)	اللہ	وہ جس نے تمہیں پیدا کیا	سے (میں)	کمزوری	پھر

جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتا ہے پس وہی فرمانبردار ہیں۔ اللہ ہی ہے وہ جس نے تمہیں کمزوری سے پیدا کیا، پھر

جَعَلَ مِنْ بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَشَيْبَةً ۚ

جَعَلَ	مِنْ بَعْدِ	ضَعْفٍ	قُوَّةً	ثُمَّ جَعَلَ	مِنْ بَعْدِ	قُوَّةٍ	ضَعْفًا	وَشَيْبَةً
اس نے بنایا۔ دی	بعد	کمزوری	قوت	پھر اس نے کر دیا	بعد	قوت	کمزوری	اور بڑھاپا

کمزوری کے بعد قوت دی، پھر قوت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا دیا،

يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِيمُ الْقَدِيرُ ﴿٥٤﴾ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ

يَخْلُقُ	مَا يَشَاءُ	وَ	هُوَ	الْعَلِيمُ	الْقَدِيرُ	وَيَوْمَ	تَقُومُ	السَّاعَةُ	يُقْسِمُ
وہ پیدا کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	اور	وہ	علم والا	قدرت والا	اور جس دن	قائم ہوگی	قیامت	قسم کھائیں گے

وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، اور وہ علم والا قدرت والا ہے۔ اور جس دن قیامت قائم ہوگی قسم کھائیں گے

الْمُجْرِمُونَ ۙ مَا لَبِثُوا غَيْرَ سَاعَةٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَانُوا يُؤْفَكُونَ ﴿٥٥﴾ وَقَالَ

الْمُجْرِمُونَ	مَا لَبِثُوا	غَيْرَ سَاعَةٍ	كَذَٰلِكَ	كَانُوا	يُؤْفَكُونَ	وَقَالَ
مجرم (جمع)	وہ نہیں رہے	ایک گھڑی سے زیادہ	اسی طرح	وہ تھے	اوندھے جاتے	اور کہا۔ کہیں گے

مجرم، کہ وہ ایک گھڑی سے زیادہ نہیں رہے، اسی طرح وہ اوندھے جاتے تھے۔ اور وہ کہیں گے

الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَالْإِيمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِي كِتَابِ اللَّهِ إِلَىٰ يَوْمِ الْبَعْثِ ۖ

الَّذِينَ	أُوتُوا الْعِلْمَ	وَالْإِيمَانَ	لَقَدْ لَبِثْتُمْ	فِي كِتَابِ اللَّهِ	إِلَىٰ	يَوْمِ الْبَعْثِ
وہ لوگ جنہیں	علم دیا گیا	اور ایمان	یقیناً تم رہے ہو	میں (مطابق) نوشتۂ الٰہی	تک	جی اٹھنے کا دن

جنہیں علم اور ایمان دیا گیا یقیناً تم نوشتۂ الٰہی کے مطابق جی اُٹھنے کے دن تک رہے ہو،

فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ

فَهٰذَا	يَوْمُ الْبَعْثِ	وَلٰكِنَّكُمْ	كُنْتُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ	فَيَوْمَئِذٍ	لَا يَنْفَعُ	الَّذِيْنَ
پس یہ ہے	جی اُٹھنے کا دن	اور لیکن تم	تم	نہ جانتے تھے	پس اس دن	نفع نہ دے گی	وہ لوگ جنہوں

پس یہ ہے جی اٹھنے کا دن، لیکن تم نہ جانتے تھے۔ پس اس دن نفع نہ دے گی ان لوگوں کو

ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ

ظَلَمُوْا	مَعْذِرَتُهُمْ	وَلَا هُمْ	يُسْتَعْتَبُوْنَ	وَ	لَقَدْ ضَرَبْنَا	لِلنَّاسِ	فِيْ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ
جنہوں نے ظلم کیا	ان کی معذرت	اور نہ وہ	راضی کرنا چاہا جائے گا	اور	تحقیق ہم نے بیان کیں	لوگوں کے لئے	میں	اس قرآن

ان کی معذرت (عذر خواہی) جنہوں نے ظلم کیا، اور نہ اُن سے (اللہ کو) راضی کرنا چاہا جائیگا۔ اور تحقیق ہم نے بیان کیں لوگوں کے لئے اس قرآن میں

مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَلَىِٕنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿٥٨﴾

مِنْ كُلِّ	مَثَلٍ	وَلَئِنْ	جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ	لَّيَقُوْلَنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	اِنْ اَنْتُمْ	اِلَّا	مُبْطِلُوْنَ
ہر قسم	مثالیں	اور اگر	تم لاؤ انکے پاس کوئی نشانی	تو ضرور کہیں گے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	تم نہیں ہو	مگر (صرف)	جھوٹ بناتے ہو

ہر قسم کی مثالیں، اور اگر تم ان کے پاس کوئی نشانی لاؤ تو کافر ضرور کہیں گے، تم صرف جھوٹ بناتے ہو۔

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰي قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٩﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

كَذٰلِكَ	يَطْبَعُ اللّٰهُ	عَلٰى	قُلُوْبِ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	فَاصْبِرْ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ
اسی طرح	اللہ مہر لگا دیتا ہے	پر	دل (جمع)	جو لوگ	سمجھ نہیں رکھتے	پس آپ صبر کریں	بیشک	اللہ کا وعدہ

اسی طرح اللہ ان کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے جو سمجھ نہیں رکھتے۔ پس آپؐ صبر کریں بیشک اللہ کا وعدہ

ع ۶ ۷ ۹

حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٦٠﴾ ع

حَقٌّ	وَلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ	الَّذِيْنَ	لَا يُوْقِنُوْنَ
سچا	اور وہ ہرگز (کسی طور) سبک نہ کر دیں گے آپ کو	جو لوگ	یقین نہیں رکھتے

سچا ہے اور جو لوگ یقین نہیں رکھتے وہ کسی طور آپ کو سبک (برداشت نہ کرنیوالا۔ اوچھا) نہ کر دیں۔

اٰیاتُھا ۳۴ | ۳۱ = سُوْرَۃُ لُقْمٰنَ مَکِّیَّۃٌ = ۵۷ | رُکُوْعَاتُھا ۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

الٓمّٓ ① تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ② هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ③ الَّذِيْنَ

الٓمّٓ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ	هُدًى	وَّرَحْمَةً	لِّلْمُحْسِنِيْنَ	الَّذِيْنَ
الٓمّٓ	یہ	آیتیں	پُر حکمت کتاب	ہدایت	اور رحمت	نیکوکاروں کے لئے	جو لوگ

الف۔لام۔میم۔ یہ آیتیں ہیں پُر حکمت کتاب کی۔ ہدایت اور رحمت ہیں نیکوکاروں کے لئے، جو لوگ

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ④ اُولٰٓئِكَ

يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَيُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ	وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ يُوْقِنُوْنَ	اُولٰٓئِكَ
قائم کرتے ہیں	نماز	اور ادا کرتے ہیں	زکوٰۃ	اور وہ	آخرت پر	وہ یقین رکھتے ہیں	یہی لوگ

نماز قائم کرتے ہیں، اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں، اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ

عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑤ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ

عَلٰى	هُدًى	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	وَمِنَ	النَّاسِ	مَنْ	يَّشْتَرِيْ
پر	ہدایت	اپنے رب سے	اور یہی لوگ	وہ	فلاح پانے والے	اور سے	لوگ	جو	خریدتا ہے

اپنے رب (کی طرف) سے ہدایت پر ہیں اور یہی لوگ فلاح (دو جہان کی کامیابی) پانے والے ہیں اور لوگوں میں کوئی ایسا (بدنصیب بھی) ہے جو خریدتا ہے

لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ؕ

لَهْوَ الْحَدِيْثِ	لِيُضِلَّ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	وَيَتَّخِذَهَا	هُزُوًا
کھیل کی (بیہودہ) باتیں	تاکہ وہ گمراہ کرے	سے	اللہ کا راستہ	بے سمجھے	اور وہ اُسے ٹھہراتے ہیں	ہنسی مذاق

بیہودہ باتیں تاکہ وہ بے سمجھے اللہ کے راستے سے گمراہ کر دے، اور وہ اُسے ہنسی مذاق ٹھہراتے ہیں،

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑥ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ

اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ مُّهِيْنٌ	وَاِذَا	تُتْلٰى عَلَيْهِ	اٰيٰتُنَا	وَلّٰى	مُسْتَكْبِرًا	كَاَنْ
یہی لوگ	ان کے لئے	ذلت والا عذاب	اور جب	پڑھی جاتی ہیں اس پر	ہماری آیتیں	وہ منہ موڑ لیتا ہے	تکبر کرتے ہوئے	گویا

یہی لوگ ہیں جن کے لئے ذلت والا عذاب ہے۔ اور جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی (سُنائی) جاتی ہیں تو تکبّر کرتے ہوئے منہ موڑ لیتا ہے گویا

لَمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝٧ اِنَّ الَّذِيْنَ

لَمْ يَسْمَعْهَا	كَاَنَّ	فِيْٓ اُذُنَيْهِ	وَقْرًا	فَبَشِّرْهُ	بِعَذَابٍ	اَلِيْمٍ	اِنَّ الَّذِيْنَ
اُس نے اُسے سُنا نہیں	گویا	اس کے کانوں میں	گرانی	پس اسے خوشخبری دو	عذاب کی	دردناک	بیشک جو لوگ

اس نے اُسے سنا ہی نہیں، گویا اس کے کانوں میں گرانی (بہرا پن) ہے، پس اُسے دردناک عذاب کی خوشخبری دو۔ بیشک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۝٨ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ

اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	جَنّٰتُ النَّعِيْمِ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقًّا
ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	ان کے لئے	نعمتوں کے باغات	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اللہ کا وعدہ	سچا

ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے، ان کے لئے نعمتوں کے باغات ہیں۔ ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ کا وعدہ سچا ہے،

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٩ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى

وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	بِغَيْرِ عَمَدٍ	تَرَوْنَهَا	وَاَلْقٰى
اور وہ	غالب	حکمت والا	اس نے پیدا کیا	آسمان (جمع)	بغیر ستون	تم انہیں دیکھتے ہو	اور اس نے ڈالے

اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ اس نے ستون کے بغیر آسمانوں کو پیدا کیا، تم انہیں دیکھتے ہو اور اس نے ڈالے

فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَاۗبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا

فِي الْاَرْضِ	رَوَاسِيَ	اَنْ	تَمِيْدَ بِكُمْ	وَبَثَّ	فِيْهَا	مِنْ كُلِّ	دَاۗبَّةٍ	وَاَنْزَلْنَا
زمین میں	پہاڑ (جمع)	کہ	جھک (نہ) جائے تمہارے ساتھ	اور پھیلائے	اس میں	ہر قسم	جانور	اور ہم نے اتارا

زمین میں پہاڑ کہ تمہارے ساتھ جھک نہ جائے، اور اس نے اس میں ہر قسم کے جانور پھیلائے، اور ہم نے اتارا

مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝١٠ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ

مِنَ السَّمَاۗءِ	مَاۗءً	فَاَنْۢبَتْنَا	فِيْهَا	مِنْ كُلِّ	زَوْجٍ	كَرِيْمٍ	هٰذَا	خَلْقُ اللّٰهِ	فَاَرُوْنِيْ
آسمان سے	پانی	پھر ہم نے اگائے	اس میں	ہر قسم	جوڑے	عمدہ	یہ	خلقت (بنایا ہوا) اللہ کا	پس تم مجھے دکھاؤ

آسمان سے پانی، پھر ہم نے اس میں اگائے ہر قسم کے عمدہ جوڑے۔ یہ اللہ کا بنایا ہوا ہے، پس تم مجھے دکھاؤ

مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝١١ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

مَاذَا	خَلَقَ	الَّذِيْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	بَلِ	الظّٰلِمُوْنَ	فِيْ	ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا
کیا	پیدا کیا	وہ جو	اس کے سوا	بلکہ	ظالم (جمع)	میں	کھلی گمراہی	اور البتہ ہم نے دی

کیا پیدا کیا انہوں نے جو اس کے سوا ہیں، بلکہ ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔ اور البتہ ہم نے دی

لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ

لُقْمٰنَ	الْحِكْمَةَ	اَنِ	اشْكُرْ	لِلّٰهِ	وَمَنْ	يَّشْكُرْ	فَاِنَّمَا	يَشْكُرُ	لِنَفْسِهٖ	وَمَنْ كَفَرَ
لقمان	حکمت	کہ	تم شکر کرو	اللہ کا	اور جو	شکر کرتا ہے	تو اسکے لئے نہیں (نفع)	وہ شکر کرتا ہے	اپنے لئے	اور جس نے ناشکری کی

لقمان کو حکمت (اور فرمایا) کہ تم اللہ کا شکر کرو، اور جو شکر کرتا ہے تو وہ صرف اپنے (ہی بھلے کے) لئے کرتا ہے، اور جس نے ناشکری کی

فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۱۲﴾ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ

فَاِنَّ اللّٰهَ	غَنِيٌّ	حَمِيْدٌ	وَاِذْ	قَالَ	لُقْمٰنُ	لِابْنِهٖ	وَهُوَ	يَعِظُهٗ	يٰبُنَيَّ
تو بیشک اللہ	بے نیاز	تعریفوں کے ساتھ	اور جب	کہا	لقمان	اپنے بیٹے کو	اور وہ	اسے نصیحت کر رہا تھا	اے میرے بیٹے

تو بیشک اللہ بے نیاز، تعریفوں کے ساتھ ہے۔ اور (یاد کرو) جب لقمان نے اپنے بیٹے کو کہا اور وہ اسے نصیحت کر رہا تھا، اے میرے بیٹے!

لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ

لَا تُشْرِكْ	بِاللّٰهِ	اِنَّ الشِّرْكَ	لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ	وَوَصَّيْنَا	الْاِنْسَانَ	بِوَالِدَيْهِ
تو نہ شریک ٹھہرا	اللہ کے ساتھ	بیشک شرک	البتہ ظلم عظیم	اور ہم نے تاکید کر دی	انسان	اسکے ماں باپ کے بارہ میں

تو اللہ کے ساتھ شریک نہ ٹھہرا، بیشک شرک ایک ظلم عظیم ہے۔ اور ہم نے انسان کو تاکید کی اس کے ماں باپ کے بارے میں (حسن سلوک کی)

حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ

حَمَلَتْهُ	اُمُّهٗ	وَهْنًا	عَلٰى وَهْنٍ	وَفِصٰلُهٗ	فِيْ عَامَيْنِ	اَنِ اشْكُرْ لِيْ	وَلِوَالِدَيْكَ
اسے پیٹ میں رکھا	اسکی ماں	کمزوری	پر کمزوری	اور اسکا دودھ چھڑانا	دو سال میں	کہ تو میرا شکر کر	اور اپنے ماں باپ کا

اس کی ماں نے کمزوری پر کمزوری (جھیلتے ہوئے) اسے پیٹ میں رکھا، اور دو سال میں اس کا دودھ چھڑایا، کہ میرا شکر کر اور اپنے ماں باپ کا،

اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۱۴﴾ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ

اِلَيَّ	الْمَصِيْرُ	وَاِنْ	جَاهَدٰكَ	عَلٰى	اَنْ تُشْرِكَ	بِيْ	مَا لَيْسَ	لَكَ	بِهٖ	عِلْمٌ
میری طرف	لوٹ کر آنا	اور اگر	وہ تیرے ساتھ کوشش کریں	پر (کی)	کہ تو شریک ٹھہرائے	میرا	جس کا نہیں	تجھے	اس کا	کوئی علم

میری طرف (ہی) لوٹ کر آنا ہے۔ اور اگر وہ دونوں تیرے ساتھ کوشش کریں کہ تو میرا شریک ٹھہرائے، جس کا تجھے کوئی علم (سند) نہیں

فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۖ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ

فَلَا تُطِعْهُمَا	وَصَاحِبْهُمَا	فِي الدُّنْيَا	مَعْرُوْفًا	وَاتَّبِعْ	سَبِيْلَ	مَنْ اَنَابَ
تو ان دونوں کا کہا نہ مان	اور ان کے ساتھ بسر کر	دنیا میں	اچھے طریقے سے	اور تو پیروی کر	راستہ	جو رجوع کرے

تو اُن کا کہا نہ مان، اور دنیا (کے معاملات) میں ان کے ساتھ اچھے طریقے سے بسر کر، اور اس کے راستے کی پیروی کر، جو رجوع کرے

إِلَيَّ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٥﴾ يَا بُنَيَّ إِنَّهَا إِنْ تَكُ

إِلَيَّ	ثُمَّ	إِلَيَّ	مَرْجِعُكُمْ	فَأُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ	يَا بُنَيَّ	إِنَّهَا	إِنْ تَكُ
میری طرف	پھر	میری طرف	تمہیں لوٹ کر آنا ہے	سو میں تمہیں آگاہ کروں گا	جو کچھ	تم کرتے تھے	اے میرے بیٹے	بیشک وہ	اگر ہو

میری طرف، پھر تمہیں میری طرف ہی لوٹ کر آنا ہے، سو میں تمہیں آگاہ کر دوں گا، جو کچھ تم کرتے تھے اے میرے بیٹے! اگر (برائی)

مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِي صَخْرَةٍ أَوْ فِي السَّمَاوَاتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ

مِثْقَالَ حَبَّةٍ	مِنْ	خَرْدَلٍ	فَتَكُنْ	فِي	صَخْرَةٍ	أَوْ	فِي السَّمَاوَاتِ	أَوْ	فِي الْأَرْضِ
وزن (برابر) دانہ	سے (کے)	رائی	پھر وہ ہو	میں	سخت پتھر	یا	آسمانوں میں	یا	زمین میں

ایک رائی کے دانے کے برابر (بھی) ہو، پھر وہ کسی سخت پتھر (چٹان) میں (پوشیدہ) ہو، یا آسمانوں میں، یا زمین میں (پوشیدہ) ہو

يَأْتِ بِهَا اللَّهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ﴿١٦﴾ يَا بُنَيَّ أَقِمِ الصَّلَاةَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ

يَأْتِ بِهَا	اللَّهُ	إِنَّ اللَّهَ	لَطِيفٌ	خَبِيرٌ	يَا بُنَيَّ	أَقِمِ الصَّلَاةَ	وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ
لے آئے گا اسے	اللہ	بیشک اللہ	باریک بین	خبردار	اے میرے بیٹے	قائم کر نماز	اور حکم دے اچھے کام

اللہ اُسے لے آئے گا (حاضر کر دے گا) بیشک اللہ باریک بین باخبر ہے۔ (اے میرے بیٹے! نماز قائم کر، اور اچھے کاموں کا حکم دے،

وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا أَصَابَكَ ۖ إِنَّ ذَٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ﴿١٧﴾

وَانْهَ	عَنِ	الْمُنْكَرِ	وَاصْبِرْ	عَلَىٰ	مَا أَصَابَكَ	إِنَّ ذَٰلِكَ	مِنْ	عَزْمِ الْأُمُورِ
اور روک تو	سے	بُری بات	اور صبر کر	پر	جو تجھ پر پہنچے	بیشک یہ	سے	بڑی ہمت کے کام

اور تو بُری باتوں سے روک اور تجھ پر جو (اُفتاد) پہنچے اس پر صبر کر، بیشک یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے۔

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ

وَلَا تُصَعِّرْ	خَدَّكَ	لِلنَّاسِ	وَلَا تَمْشِ	فِي الْأَرْضِ	مَرَحًا	إِنَّ اللَّهَ	لَا يُحِبُّ
اور تو ٹیڑھا نہ کر	اپنا رخسار	لوگوں سے	اور نہ چل تو	زمین میں	اِتراتا	بیشک اللہ	پسند نہیں کرتا

اور تو لوگوں سے (بات کرتے ہوئے) اپنا رخسار ٹیڑھا نہ کر، اور زمین میں اِتراتا ہوا نہ چل، بیشک اللہ پسند نہیں کرتا

كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ ﴿١٨﴾ وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۚ إِنَّ

كُلَّ	مُخْتَالٍ	فَخُورٍ	وَاقْصِدْ	فِي مَشْيِكَ	وَ	اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ	إِنَّ
ہر کسی	اِترانے والا	خود پسند	اور میانہ روی کر	اپنی رفتار میں	اور	پست کر	اپنی آواز کو	بیشک

کسی اِترانے والے، خود پسند کو، اور اپنی رفتار میں میانہ روی (اختیار) کر اور اپنی آواز کو پست رکھ، بیشک

۲ ع ۸ ۱۱

اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴿۱۹﴾ اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ

اَنْكَرَ	الْاَصْوَاتِ	لَصَوْتُ	الْحَمِيْرِ	اَلَمْ تَرَوْا	اَنَّ اللّٰهَ	سَخَّرَ	لَكُمْ	مَّا فِي السَّمٰوٰتِ
سب سے ناپسندیدہ	آوازیں	آواز	گدھا	کیا تم نے نہیں دیکھا	کہ اللہ	مسخر کیا	تمہارے لئے	جو کچھ آسمانوں میں

آوازوں میں سے سب سے ناپسندیدہ آواز گدھے کی ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لئے مسخر کیا ہے جو کچھ آسمانوں میں

وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ

وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَاَسْبَغَ	عَلَيْكُمْ	نِعَمَهٗ	ظَاهِرَةً	وَّ بَاطِنَةً	وَ مِنَ	النَّاسِ
اور جو کچھ	زمین میں	اور بھرپور دیں	تم پر (تمہیں)	اپنی نعمتیں	ظاہر	اور پوشیدہ	اور	بعض لوگ

اور جو کچھ زمین میں ہے اور اس نے تمہیں اپنی ظاہر اور پوشیدہ نعمتیں بھرپور دیں، اور لوگوں میں بعض (ایسے ہیں)

مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿۲۰﴾ وَاِذَا

مَنْ	يُّجَادِلُ	فِي اللّٰهِ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ	وَ لَا هُدًى	وَلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ	وَاِذَا
جو	جھگڑتا ہے	اللہ (کے بارہ) میں	بغیر	علم	اور بغیر ہدایت	اور بغیر کتاب روشن	اور جب

جو اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں بغیر علم، بغیر ہدایت، اور بغیر روشن کتاب کے۔ اور جب

قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ

قِيْلَ	لَهُمُ	اتَّبِعُوْا	مَآ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	قَالُوْا	بَلْ نَتَّبِعُ	مَا وَجَدْنَا	عَلَيْهِ	اٰبَآءَنَا
کہا جائے	اُن سے	تم پیروی کرو	جو نازل کیا	اللہ	وہ کہتے ہیں	بلکہ ہم پیروی کریں گے	جو ہم نے پایا	اس پر	اپنے باپ دادا

اُن سے کہا جائے، جو اللہ نے نازل کیا ہے تم اس کی پیروی کرو تو وہ کہتے ہیں بلکہ ہم اسکی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے

اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ يُّسْلِمْ

اَوَلَوْ	كَانَ	الشَّيْطٰنُ	يَدْعُوْهُمْ	اِلٰى	عَذَابِ	السَّعِيْرِ	وَمَنْ	يُّسْلِمْ
کیا اگر	ہو	شیطان	ان کو بلاتا	طرف	عذاب	دوزخ	اور جو	جھکا دے

کیا (اس صورت میں بھی کہ) اگر شیطان ان کو دوزخ کے عذاب کی طرف بلاتا ہو؟ اور جو جھکا دے

وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

وَجْهَهٗٓ	اِلَى اللّٰهِ	وَ هُوَ	مُحْسِنٌ	فَقَدِ اسْتَمْسَكَ	بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى	وَ اِلَى اللّٰهِ
اپنا چہرہ	اللہ کی طرف	اور وہ	نیکوکار	تو بیشک اس نے تھاما	حلقہ مضبوط	اور اللہ کی طرف

چہرہ (سر تسلیم خم کردے) اللہ کی طرف، اور وہ نیکوکار ہو، تو بیشک اس نے مضبوط حلقہ (دست آویز) تھام لیا، اور اللہ کی طرف (ہی)

عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ؕ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا

عَاقِبَةُ	الْاُمُوْرِ	وَمَنْ كَفَرَ	فَلَا يَحْزُنْكَ	كُفْرُهٗ	اِلَيْنَا	مَرْجِعُهُمْ	فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا
انتہا	تمام کام (جمع)	اور جو کفر کرے	تو آپ کو غمگین نہ کردے	اس کا کفر	ہماری طرف	اُن کا لوٹنا	پھر ہم انہیں ضرور جتلائیں گے وہ جو

تمام کاموں کی انتہا ہے۔ اور جو کفر کرے تو اس کا کفر آپ کو غمگین نہ کردے، انہیں ہماری طرف (ہی) لوٹنا ہے، پھر ہم انہیں ضرور جتلائیں گے وہ

عَمِلُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۳﴾ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى

عَمِلُوْا	اِنَّ اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	نُمَتِّعُهُمْ	قَلِيْلًا	ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ	اِلٰى
وہ کرتے تھے	بیشک اللہ	جاننے والا	سینوں (دلوں) کے بھید	ہم انہیں فائدہ دیں گے	تھوڑا	پھر ہم انہیں کھینچ لائیں گے	طرف

جو وہ کرتے تھے، بے شک اللہ دلوں کے بھید جاننے والا ہے۔ ہم انہیں تھوڑا (چند روزہ) فائدہ دیں گے پھر انہیں کھینچ لائیں گے

عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۲۴﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ

عَذَابٍ	غَلِيْظٍ	وَلَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ	مَّنْ خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ
عذاب	سخت	اور اگر	تم اُن سے پوچھو	کس نے پیدا کیا	آسمانوں کو	اور زمین	تو وہ یقیناً کہیں گے	اللہ

سخت عذاب کی طرف۔ اور اگر تم ان سے پوچھو کس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا؟ تو وہ یقیناً کہیں گے "اللہ نے"۔

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

قُلِ	الْحَمْدُ لِلّٰهِ	بَلْ اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	لِلّٰهِ	مَا	فِى السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اِنَّ اللّٰهَ
فرمادیں	تمام تعریفیں اللہ کے لئے	بلکہ ان کے اکثر	جانتے نہیں	اللہ کے لئے	جو کچھ	آسمانوں میں	اور زمین	بیشک اللہ

آپ فرمادیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، بلکہ ان کے اکثر نہیں جانتے۔ اللہ ہی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے بیشک اللہ

هُوَ الْغَنِىُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ اَنَّ مَا فِى الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ

هُوَ	الْغَنِىُّ	الْحَمِيْدُ	وَلَوْ	اَنَّ	مَا	فِى الْاَرْضِ	مِنْ	شَجَرَةٍ	اَقْلَامٌ	وَّالْبَحْرُ	يَمُدُّهٗ
وہ	بے نیاز	تعریفوں کے ساتھ	اور اگر	یہ ہو کہ	جو	زمین میں	سے کوئی	درخت	قلمیں	اور سمندر	اسکی سیاہی

بے نیاز، تعریفوں کے ساتھ ہے۔ اور اگر یہ ہو کہ زمین میں جو بھی درخت ہیں قلمیں بن جائیں اور سمندر اس کی سیاہی (بن جائیں)

مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۷﴾ مَا خَلْقُكُمْ

مِنْ بَعْدِهٖ	سَبْعَةُ	اَبْحُرٍ	مَّا نَفِدَتْ	كَلِمٰتُ اللّٰهِ	اِنَّ اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	مَا خَلْقُكُمْ
اس کے بعد	سات	سمندر (جمع)	تو بھی ختم نہ ہوں	اللہ کی باتیں	بیشک اللہ	غالب	حکمت والا	نہیں تم سب کا پیدا کرنا

اور اس کے بعد سات سمندر (اور ہوں) تو بھی اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں، بیشک اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ نہیں ہے تم سب کا پیدا کرنا

وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۲۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ

وَلَا بَعْثُكُمْ	اِلَّا	كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ	اِنَّ اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	بَصِيْرٌ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ	يُوْلِجُ
اور نہیں تمہارا جی اٹھانا	مگر	جیسے ایک شخص	بیشک اللہ	سننے والا	دیکھنے والا	کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ اللہ	داخل کرتا ہے

اور نہیں ہے تمہارا جی اٹھانا مگر جیسے ایک شخص (کا پیدا کرنا) بیشک اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ داخل کرتا ہے

الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ يَّجْرِيْٓ

الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ	وَيُوْلِجُ	النَّهَارَ	فِي الَّيْلِ	وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	كُلٌّ	يَّجْرِيْٓ
رات	دن میں	اور داخل کرتا ہے	دن	رات میں	اور اس نے مسخر کیا	سورج	اور چاند	ہر ایک	چلتا رہے گا

رات کو دن میں، اور دن کو داخل کرتا ہے رات میں، اور اس نے سورج اور چاند کو مسخر کیا، ہر ایک چلتا رہے گا،

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ

اِلٰٓى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	وَّاَنَّ	اللّٰهَ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	ذٰلِكَ	بِاَنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْحَقُّ
طرف	مدت	مقررہ	اور یہ کہ	اللہ	اس سے جو کچھ تم کرتے ہو	خبردار	یہ	اس لئے کہ اللہ	وہی برحق

مدتِ مقررہ (روزِ قیامت) تک۔ اور یہ کہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خبردار ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ اللہ ہی برحق ہے

ع ۳ ۱۱ ۱۲

وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۳۰﴾

وَاَنَّ	مَا	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهِ	الْبَاطِلُ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْعَلِيُّ	الْكَبِيْرُ
اور یہ کہ	جو جس	وہ پرستش کرتے ہیں	اس کے سوا	باطل	اور یہ کہ	اللہ	وہی	بلند مرتبہ	بڑائی والا

اور یہ کہ وہ اس کے سوا جس کی پرستش کرتے ہیں سب باطل ہیں، اور یہ کہ اللہ ہی بلند مرتبہ، بڑائی والا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اَلَمْ تَرَ	اَنَّ	الْفُلْكَ	تَجْرِيْ	فِي الْبَحْرِ	بِنِعْمَتِ اللّٰهِ	لِيُرِيَكُمْ	مِّنْ اٰيٰتِهٖ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ
کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ	کشتی	چلتی ہے	دریا میں	اللہ کی نعمتوں کے ساتھ	تاکہ وہ تمہیں دکھادے	اسکی نشانیاں	بیشک	اس میں

کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ کی نعمتوں کے ساتھ کشتی دریا میں چلتی ہے تاکہ وہ تمہیں اس کی نشانیاں دکھادے، بے شک اس میں

لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ

لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ	صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ	وَاِذَا	غَشِيَهُمْ	مَّوْجٌ	كَالظُّلَلِ	دَعَوُا اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ
البتہ نشانیاں	واسطے ہر	بڑے صبر والے	بڑے شکر گزار	اور جب	اُن پر چھا جاتی ہے	موج	سائبانوں کی طرح	وہ اللہ کو پکارتے ہیں	خالص کر کے

ہر بڑے صبر کرنے والے، شکر گزار کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور جب موج اِن پر سائبانوں کی طرح چھا جاتی ہے تو وہ اللہ کو پکارتے ہیں خالص کر کے

لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا

لَهُ الدِّيْنَ	فَلَمَّا	نَجّٰىهُمْ	اِلَى الْبَرِّ	فَمِنْهُمْ	مُّقْتَصِدٌ	وَمَا يَجْحَدُ	بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا
اس کے لئے دین (عبادت)	پھر جب	اس نے انہیں بچا لیا	خشکی کی طرف	تو ان میں کوئی	میانہ رَو	اور انکار نہیں کرتا	ہماری آیتوں کا سوائے

اسی کے لئے عبادت، پھر جب اس نے انہیں خشکی کی طرف بچا لیا تو ان میں کوئی میانہ رَو رہتا ہے۔ اور ہماری آیتوں کا انکار نہیں کرتا سوائے

كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ

كُلُّ	خَتَّارٍ	كَفُوْرٍ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	اتَّقُوْا	رَبَّكُمْ	وَاخْشَوْا	يَوْمًا	لَّا يَجْزِيْ
ہر	عہد شکن	ناشکرا	اے	لوگو	تم ڈرو	اپنا پروردگار	اور خوف کرو	وہ دن	نہ کام آئے گا

ہر عہد شکن ناشکرے کے۔ اے لوگو! تم اپنے پروردگار سے ڈرو، اور اس دن کا خوف کرو (جس دن) نہ کام آئے گا

وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۡ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـــًٔا ۭ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

وَالِدٌ	عَنْ	وَّلَدِهٖ	وَلَا مَوْلُوْدٌ	هُوَ	جَازٍ	عَنْ وَّالِدِهٖ	شَيْـــًٔا	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ
کوئی باپ	سے۔ کے	اپنے بیٹے	اور نہ کوئی بیٹا	وہ	کام آئے گا	سے۔ کے باپ	کچھ	بیشک	اللہ کا وعدہ

کوئی باپ اپنے بیٹے کے، اور نہ کوئی بیٹا اپنے باپ کے کچھ کام آئے گا، بیشک اللہ کا وعدہ

حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ

حَقٌّ	فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	وَ	لَا يَغُرَّنَّكُمْ	بِاللّٰهِ	الْغَرُوْرُ	اِنَّ اللّٰهَ
سچا	سو تمہیں ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے	دنیا کی زندگی	اور	تمہیں ہرگز دھوکہ نہ دے	اللہ سے	دھوکہ دینے والا	بیشک اللہ

سچا ہے، سو تمہیں دنیا کی زندگی ہرگز دھوکے میں نہ ڈال دے اور دھوکہ دینے والا (شیطان) تمہیں اللہ سے ہرگز دھوکہ نہ دے۔ بیشک اللہ ہی

عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ۭ وَمَا تَدْرِيْ

عِنْدَهٗ	عِلْمُ السَّاعَةِ	وَيُنَزِّلُ	الْغَيْثَ	وَيَعْلَمُ	مَا	فِي الْاَرْحَامِ	وَمَا تَدْرِيْ
اس کے پاس	قیامت کا علم	اور وہ نازل کرتا ہے	بارش	اور وہ جانتا ہے	جو	(حاملہ کے) رحم میں	اور نہیں جانتا

کے پاس ہے قیامت کا علم، وہی بارش نازل کرتا ہے، اور وہ جانتا ہے جو حاملہ کے رحم میں ہے، اور نہیں جانتا

نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۭ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ۭ

نَفْسٌ	مَّاذَا	تَكْسِبُ	غَدًا	وَمَا تَدْرِيْ	نَفْسٌ	بِاَيِّ	اَرْضٍ	تَمُوْتُ
کوئی شخص	کیا	وہ کرے گا	کل	اور نہیں جانتا	کوئی شخص	کس	زمین	وہ مرے گا

کوئی شخص کہ وہ کل کیا کرے گا، اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کس زمین میں مرے گا،

إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ﴿٣٣﴾

إِنَّ اللّٰهَ	عَلِيمٌ	خَبِيرٌ
بیشک اللہ	علم والا	خبردار

بے شک اللہ علم والا، خبردار ہے۔

آیاتھا ٣٠ | ٣٢ : سُورَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ : ٧٥ | رکوعاتھا ٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

الٓمّٓ ﴿١﴾ تَنْزِيلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿٢﴾ أَمْ يَقُولُونَ

الٓمّٓ	تَنْزِيلُ	الْكِتٰبِ	لَا رَيْبَ	فِيهِ	مِنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِينَ	أَمْ	يَقُولُونَ
الٓمّٓ	نازل کرنا	کتاب	کوئی شبہ نہیں	اس میں	سے	پروردگار	تمام جہان	کیا	وہ کہتے ہیں

الف۔لام۔میم۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کتاب (قرآن) کا نازل کرنا تمام جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ

افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ أَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيرٍ

افْتَرٰىهُ	بَلْ	هُوَ	الْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّكَ	لِتُنْذِرَ	قَوْمًا	مَّآ أَتٰىهُمْ	مِّنْ	نَّذِيرٍ
یہ اس نے گھڑ لیا ہے	بلکہ	یہ	حق	سے	تمہارا رب	تاکہ تم ڈراؤ	اس قوم کو	ان کے پاس نہیں آیا	کوئی	ڈرانے والا

یہ اس نے گھڑ لیا ہے؟ (نہیں) بلکہ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے تاکہ تم اس قوم کو ڈراؤ جس کے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ﴿٣﴾ اللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ

مِنْ	قَبْلِكَ	لَعَلَّهُمْ	يَهْتَدُونَ	اللّٰهُ	الَّذِي	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضَ
سے	تم سے پہلے	تاکہ وہ	ہدایت پالیں	اللہ	وہ جس نے	پیدا کیا	آسمانوں کو	اور زمین

تم سے پہلے، تاکہ وہ ہدایت پالیں۔ اللہ (وہی ہے) جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو

وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۖ مَا لَكُمْ مِّنْ دُونِهِ

وَمَا	بَيْنَهُمَا	فِي	سِتَّةِ	أَيَّامٍ	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ	مَا لَكُمْ	مِّنْ دُونِهِ
اور جو	ان کے درمیان	میں	چھ ٦	دن	پھر	اس نے قرار کیا	عرش پر	تمہارے لئے نہیں	اس کے سوا

اور جو ان کے درمیان ہے چھ ٦ دن میں، پھر اس نے عرش پر قرار کیا، تمہارے لئے اس کے سوا نہیں

مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝۴ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ

مِنْ	وَّلِيٍّ	وَّلَا شَفِيْعٍ	اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ	مِنَ	السَّمَآءِ
سے۔کوئی	مددگار	اور نہ سفارش کرنے والا	سو کیا تم غور نہیں کرتے	وہ تدبیر کرتا ہے	تمام کام	سے	آسمان

کوئی مددگار، اور نہ سفارش کرنے والا، سو کیا تم غور نہیں کرتے؟ وہ ہر کام کی تدبیر کرتا ہے آسمان سے

اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا

اِلَى الْاَرْضِ	ثُمَّ	يَعْرُجُ	اِلَيْهِ	فِيْ يَوْمٍ	كَانَ	مِقْدَارُهٗ	اَلْفَ سَنَةٍ	مِّمَّا
زمین تک	پھر	وہ رجوع کرے گا	اسکی طرف	ایک دن میں	ہے	اس کی مقدار	ایک ہزار سال	اس سے جو

زمین تک، پھر (وہ کام) اس کی طرف رجوع کرے گا ایک دن میں، جس کی مقدار ایک ہزار سال ہے اس (حساب) سے جو

تَعُدُّوْنَ ۝۵ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۶ الَّذِيْٓ

تَعُدُّوْنَ	ذٰلِكَ	عٰلِمُ الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	الَّذِيْٓ
تم شمار کرتے ہو	وہ	جاننے والا پوشیدہ	اور ظاہر	غالب	مہربان	وہ جس نے

تم شمار کرتے ہو۔ وہ پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا ہے، غالب، مہربان۔ وہ جس نے

اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝۷ ثُمَّ

اَحْسَنَ	كُلَّ شَيْءٍ	خَلَقَهٗ	وَبَدَاَ	خَلْقَ	الْاِنْسَانِ	مِنْ	طِيْنٍ	ثُمَّ
بہت خوب بنائی	ہر شے	جو اس نے پیدا کی	اور ابتدا کی	پیدائش	انسان	سے	مٹی	پھر

ہر شے بہت خوب بنائی جو اس نے پیدا کی اور انسان کی پیدائش کی ابتداء مٹی سے کی۔ پھر

جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝۸ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ

جَعَلَ	نَسْلَهٗ	مِنْ سُلٰلَةٍ	مِنْ	مَّآءٍ مَّهِيْنٍ	ثُمَّ سَوّٰىهُ	وَنَفَخَ	فِيْهِ
بنایا	اس کی نسل	خلاصہ سے	سے	حقیر (بے قدر) پانی	پھر اس (کے اعضا) کو ٹھیک کیا	اور پھونکی	اس میں

اس کی نسل کو بے قدر پانی کے خلاصہ سے بنایا۔ پھر اس نے اس کے اعضا کو ٹھیک کیا، اور اس میں پھونکی

مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا

مِنْ	رُّوْحِهٖ	وَجَعَلَ	لَكُمُ	السَّمْعَ	وَالْاَبْصَارَ	وَالْاَفْـِٕدَةَ	قَلِيْلًا	مَّا
سے	اپنی روح	اور بنائے	تمہارے لئے	کان	اور آنکھیں	اور دل (جمع)	بہت کم	جو

اپنی (طرف سے) اپنی روح، اور تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے، تم بہت کم ہو جو

تَشْكُرُوْنَ ۝٩ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۭ

تَشْكُرُوْنَ	وَقَالُوْٓا	ءَاِذَا	ضَلَلْنَا	فِي الْاَرْضِ	ءَاِنَّا	لَفِيْ	خَلْقٍ جَدِيْدٍ
تم شکر کرتے ہو	اور انہوں نے کہا	کیا جب	ہم گم ہو جائیں گے	زمین میں	کیا ہم	تو۔میں	نئی پیدائش

شکر کرتے ہو۔ اور انہوں نے کہا کیا جب ہم زمین میں گم ہو جائیں گے تو کیا نئی پیدائش میں (آئیں گے)؟

بَلْ هُمْ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝١٠ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ

بَلْ	هُمْ	بِلِقَاۗئِ	رَبِّهِمْ	كٰفِرُوْنَ	قُلْ	يَتَوَفّٰىكُمْ	مَلَكُ الْمَوْتِ	الَّذِيْ
بلکہ	وہ	ملاقات سے	اپنا رب	منکر (جمع)	فرما دیں	تمہاری روح قبض کرتا ہے	موت کا فرشتہ	وہ جو کہ

بلکہ وہ اپنے رب کی ملاقات سے منکر ہیں۔ آپ فرما دیں، موت کا فرشتہ تمہاری روح قبض کرتا ہے، جو

وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝١١ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ ع

وُكِّلَ	بِكُمْ	ثُمَّ	اِلٰى رَبِّكُمْ	تُرْجَعُوْنَ	وَلَوْ	تَرٰٓى	اِذِ	الْمُجْرِمُوْنَ
مقرر کیا گیا ہے	تم پر	پھر	تم اپنے رب کی طرف	لوٹائے جاؤ گے	اور اگر	تم دیکھو	جب	مجرم (جمع)

تم پر مقرر کیا گیا ہے، پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور اگر تم دیکھو جب مجرم

نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا

نَاكِسُوْا	رُءُوْسِهِمْ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	رَبَّنَآ	اَبْصَرْنَا	وَسَمِعْنَا	فَارْجِعْنَا	نَعْمَلْ	صَالِحًا
جھکائے ہوں گے	اپنے سر	اپنے رب کے سامنے	اے ہمارے رب	ہم نے دیکھ لیا	اور ہم نے سن لیا	پس ہمیں لوٹا دے	ہم کریں گے	اچھے عمل

(اپنے رب کے سامنے اپنے سر جھکائے ہوں گے (اور کہہ رہے ہونگے) اے ہمارے رب! (اب) ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا، پس ہمیں لوٹا دے کہ ہم اچھے عمل کریں گے

اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۝١٢ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ

اِنَّا	مُوْقِنُوْنَ	وَلَوْ	شِئْنَا	لَاٰتَيْنَا	كُلَّ نَفْسٍ	هُدٰىهَا	وَلٰكِنْ	حَقَّ	الْقَوْلُ
بیشک ہم	یقین کرنے والے	اور اگر	ہم چاہتے	ہم ضرور دیتے	ہر شخص	اس کی ہدایت	اور لیکن	ثابت ہو چکی ہے	بات

بیشک ہم یقین کرنے والے ہیں۔ اور اگر ہم چاہتے تو ضرور ہر شخص کو اس کی ہدایت دے دیتے لیکن (یہ) بات ثابت ہو چکی ہے

مِنِّيْ لَاَمْلَــَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝١٣ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ

مِنِّيْ	لَاَمْلَــَٔنَّ	جَهَنَّمَ	مِنَ	الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ	فَذُوْقُوْا	بِمَا	نَسِيْتُمْ
میری طرف سے	البتہ میں ضرور بھر دوں گا	جہنم	سے	جنوں	اور انسان	اکٹھے	پس چکھو تم	وہ جو	تم نے بھلا دیا تھا

میری طرف سے کہ میں البتہ جہنم کو ضرور بھر دوں گا اکٹھے جنوں اور انسانوں سے۔ پس تم اس کا (مزہ) چکھو جو تم نے بھلا دیا تھا

لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

لِقَآءَ	يَوْمِكُمْ	هٰذَا	اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ	وَذُوْقُوْا	عَذَابَ الْخُلْدِ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
ملاقات	اپنے دن	اس	بیشک ہم نے تمہیں بھلا دیا	اور چکھو تم	ہمیشہ کا عذاب	اس کا بدلہ جو	تم کرتے تھے

اپنے اس دن کی ملاقات (حاضری) کو، ہم نے (بھی) تمہیں بھلا دیا، جو تم کرتے تھے اس کے بدلے ہمیشہ کا عذاب چکھو۔

اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ

اِنَّمَا	يُؤْمِنُ	بِاٰيٰتِنَا	الَّذِيْنَ	اِذَا	ذُكِّرُوْا	بِهَا	خَرُّوْا سُجَّدًا	وَسَبَّحُوْا	بِحَمْدِ	رَبِّهِمْ
اسکے سوا نہیں	ایمان لاتے ہیں	ہماری آیتوں پر	وہ جو	جب	یاد دلائی جاتی ہیں	وہ	گر پڑتے ہیں سجدہ میں	اور پاکیزگی بیان کرتے ہیں	تعریف کے ساتھ	اپنا رب

اسکے سوا نہیں کہ ہماری آیتوں پر وہ لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب انہیں یاد دلائی جاتی ہیں تو وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتے ہیں

وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ السجدة تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ

وَهُمْ	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ	تَتَجَافٰى	جُنُوْبُهُمْ	عَنِ	الْمَضَاجِعِ	يَدْعُوْنَ	رَبَّهُمْ
اور وہ	تکبر نہیں کرتے	الگ رہتے ہیں	ان کے پہلو	سے	خوابگاہوں (بستروں)	وہ پکارتے ہیں	اپنا رب

اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ اُن کے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں، وہ اپنے رب کو پکارتے ہیں

خَوْفًا وَّطَمَعًا ۫ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ

خَوْفًا	وَطَمَعًا	وَمِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	يُنْفِقُوْنَ	فَلَا تَعْلَمُ	نَفْسٌ	مَّآ	اُخْفِيَ
ڈر	اور امید	اور اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	وہ خرچ کرتے ہیں	سو نہیں جانتا	کوئی شخص	جو	چھپا رکھا گیا

ڈر اور امید سے اور جو ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں۔ سو کوئی شخص نہیں جانتا جو چھپا رکھا گیا ہے

لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا

لَهُمْ	مِّنْ	قُرَّةِ اَعْيُنٍ	جَزَآءًۢ	بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اَفَمَنْ	كَانَ	مُؤْمِنًا
ان کے لئے	سے	آنکھوں کی ٹھنڈک	جزا	اس کا	جو وہ کرتے تھے	تو کیا جو	ہو	مومن

ان کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک سے، اس کی جزا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ تو کیا جو مومن ہو وہ

كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ۭ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

كَمَنْ	كَانَ	فَاسِقًا	لَا يَسْتَوٗنَ	اَمَّا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
اسکے مانند جو	ہو	فاسق (نافرمان)	وہ برابر نہیں ہوتے	رہے	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے

اس کے برابر ہے جو نافرمان ہو؟ (نہ فرما دیں) وہ برابر نہیں ہوتے۔ رہے وہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے

فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى نُزُلًا بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا

فَلَهُمْ	جَنّٰتُ الْمَاْوٰى	نُزُلًا	بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَ	اَمَّا	الَّذِيْنَ	فَسَقُوْا
توان کے لئے	باغات رہنے کے	مہمانی	اس کے (صلہ میں) جو	وہ کرتے تھے	اور	رہے	وہ جنہوں نے	نافرمانی کی

تو ان کے لئے رہنے کے باغات ہیں اس کے صلہ میں جو وہ کرتے تھے - اور رہے وہ جنہوں نے نافرمانی کی

فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ كُلَّمَاۤ اَرَادُوْۤا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَاۤ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ

فَمَاْوٰىهُمُ	النَّارُ	كُلَّمَا	اَرَادُوْا	اَنْ يَّخْرُجُوْا	مِنْهَا	اُعِيْدُوْا	فِيْهَا	وَقِيْلَ	لَهُمْ
تو ان کا ٹھکانا	جہنم	جب بھی	وہ ارادہ کریں گے	کہ وہ نکلیں	اس سے	لوٹا دیئے جائیں گے	اس میں	اور کہا جائے گا	انہیں

تو ان کا ٹھکانا جہنم ہے وہ جب بھی اس سے نکلنے کا ارادہ کریں گے وہ اس میں لوٹا دیئے (دھکیل دیئے) جائیں گے، اور انہیں کہا جائے گا

ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ

ذُوْقُوْا	عَذَابَ النَّارِ	الَّذِيْ	كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ	وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ	مِنَ	الْعَذَابِ
تم چکھو	دوزخ کا عذاب	وہ جو	تم تھے	اس کو	جھٹلاتے	اور البتہ ہم انہیں ضرور چکھائیں گے	کچھ	عذاب

دوزخ کا عذاب چکھو، وہ جس کو تم جھٹلاتے تھے - اور البتہ ہم انہیں ضرور چکھائیں گے کچھ عذاب

الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ

الْاَدْنٰى	دُوْنَ	الْعَذَابِ	الْاَكْبَرِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ
نزدیک	سوائے (پہلے)	عذاب	بڑا	شاید وہ	لوٹ آئیں	اور کون	بڑا ظالم	اس سے جو

نزدیک (دنیا) کا (آخرت کے) بڑے عذاب سے پہلے، شاید وہ لوٹ آئیں - اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے؟ جسے

ع ۲ ۱۱ ۱۵

ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَ

ذُكِّرَ	بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ	ثُمَّ	اَعْرَضَ	عَنْهَا	اِنَّا	مِنَ	الْمُجْرِمِيْنَ	مُنْتَقِمُوْنَ	وَ
اسے نصیحت کی گئی	اسکے رب کی آیات سے	پھر	اس نے منہ پھیر لیا	اس سے	بیشک ہم	سے	جمع (مجرم)	انتقام لینے والے	اور

اس کے رب کی آیات سے نصیحت کی گئی، پھر اس نے اُن سے منہ پھیر لیا، بیشک ہم مجرموں سے انتقام (بدلہ) لینے والے ہیں - اور

لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى

لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	فَلَا تَكُنْ	فِيْ مِرْيَةٍ	مِّنْ	لِّقَآئِهٖ	وَجَعَلْنٰهُ	هُدًى
تحقیق ہم نے دی	موسیٰ	کتاب (توریت)	تو تم نہ رہو	شک میں	سے متعلق	اس کا ملنا	اور ہم نے بنایا اسے	ہدایت

تحقیق ہم نے موسیٰ کو توریت عطا کی تو تم اس کے ملنے کے متعلق شک میں نہ رہو، اور ہم نے اسے بنا دیا ہدایت

لِّبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ۚ ﴿٢٣﴾ وَجَعَلۡنَا مِنۡهُمۡ أَئِمَّةٗ يَهۡدُونَ بِأَمۡرِنَا لَمَّا صَبَرُواْ ۖ

لِبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ	وَجَعَلۡنَا	مِنۡهُمۡ	أَئِمَّةٗ	يَهۡدُونَ	بِأَمۡرِنَا	لَمَّا	صَبَرُواْ
بنی اسرائیل کے لئے	اور ہم نے بنایا	ان سے	جمع امام (پیشوا)	وہ رہنمائی کرتے	ہمارے حکم سے	جب	انہوں نے صبر کیا

بنی اسرائیل کے لئے ۔ اور جب ہم نے ان میں سے پیشوا بنائے، وہ ہمارے حکم سے رہنمائی کرتے تھے، جب انہوں نے صبر کیا

وَكَانُواْ بِـَٔايَٰتِنَا يُوقِنُونَ ﴿٢٤﴾ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفۡصِلُ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ فِيمَا

وَ	كَانُواْ	بِـَٔايَٰتِنَا	يُوقِنُونَ	إِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	يَفۡصِلُ	بَيۡنَهُمۡ	يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ	فِيمَا
اور	وہ تھے	ہماری آیتوں پر	یقین کرتے	بیشک	تمہارا رب	وہ	فیصلہ کرے گا	انکے درمیان	قیامت کے دن	اُس میں

اور وہ ہماری آیتوں پر یقین کرتے تھے ۔ بیشک تمہارا رب قیامت کے دن ان کے درمیان فیصلہ کرے گا جس (بات) میں

كَانُواْ فِيهِ يَخۡتَلِفُونَ ﴿٢٥﴾ أَوَلَمۡ يَهۡدِ لَهُمۡ كَمۡ أَهۡلَكۡنَا مِن قَبۡلِهِم مِّنَ ٱلۡقُرُونِ

كَانُواْ	فِيهِ	يَخۡتَلِفُونَ	أَوَ	لَمۡ يَهۡدِ	لَهُمۡ	كَمۡ أَهۡلَكۡنَا	مِن قَبۡلِهِم	مِنَ	ٱلۡقُرُونِ
وہ تھے	اس میں	اختلاف کرتے	کیا	ہدایت نہ ہوئی	انکے لئے	ہم نے کتنی ہلاک کیں	ان سے قبل	سے	اُمتیں

وہ اختلاف کرتے تھے ۔ کیا ان کے لئے (یہ حقیقت) موجبِ ہدایت نہ ہوئی کہ ہم نے ان سے قبل کتنی (ہی) اُمتیں ہلاک کیں

يَمۡشُونَ فِي مَسَٰكِنِهِمۡۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَٰتٍۖ أَفَلَا يَسۡمَعُونَ ﴿٢٦﴾ أَوَلَمۡ يَرَوۡاْ

يَمۡشُونَ	فِي	مَسَٰكِنِهِمۡ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَأٓيَٰتٍ	أَفَلَا يَسۡمَعُونَ	أَوَ	لَمۡ يَرَوۡاْ
وہ چلتے ہیں	میں	ان کے گھر (جمع)	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	تو کیا وہ سنتے نہیں	کیا	انہوں نے نہیں دیکھا

وہ ان کے گھروں میں چلتے (پھرتے) ہیں، بیشک اس میں نشانیاں ہیں تو کیا وہ سنتے نہیں ؟ کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟

أَنَّا نَسُوقُ ٱلۡمَآءَ إِلَى ٱلۡأَرۡضِ ٱلۡجُرُزِ فَنُخۡرِجُ بِهِۦ زَرۡعٗا تَأۡكُلُ مِنۡهُ أَنۡعَٰمُهُمۡ

أَنَّا نَسُوقُ	ٱلۡمَآءَ	إِلَى	ٱلۡأَرۡضِ	ٱلۡجُرُزِ	فَنُخۡرِجُ بِهِۦ زَرۡعٗا	تَأۡكُلُ	مِنۡهُ	أَنۡعَٰمُهُمۡ
کہ ہم چلاتے ہیں	پانی	طرف	زمین	خشک	پھر ہم نکالتے ہیں اس سے کھیتی	کھاتے ہیں	اس سے	ان کے مویشی

کہ ہم خشک زمین کی طرف پانی چلاتے (رواں کرتے) ہیں، پھر اس سے ہم کھیتی نکالتے ہیں، اس سے ان کے مویشی کھاتے ہیں،

وَأَنفُسُهُمۡۖ أَفَلَا يُبۡصِرُونَ ﴿٢٧﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا ٱلۡفَتۡحُ إِن كُنتُمۡ

وَأَنفُسُهُمۡ	أَفَلَا	يُبۡصِرُونَ	وَيَقُولُونَ	مَتَىٰ	هَٰذَا	ٱلۡفَتۡحُ	إِن	كُنتُمۡ
اور وہ خود	تو کیا	دیکھتے نہیں وہ	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ	فتح (فیصلہ)	اگر	تم ہو

اور وہ خود (بھی)، تو کیا وہ دیکھتے نہیں ؟ اور وہ کہتے ہیں یہ فیصلہ کب ہو گا، اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ

صٰدِقِيْنَ	قُلْ	يَوْمَ الْفَتْحِ	لَا يَنْفَعُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اِيْمَانُهُمْ
سچے	فرما دیں	فتح (فیصلے) کے دن	نفع نہ دے گا	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	ان کا ایمان

سچے ہو۔ آپؐ فرما دیں، فیصلے کے دن کافروں کو ان کا ایمان (لانا) نفع نہ دے گا،

ع ۳ ۸ ۱۶

وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾

وَلَا	هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	فَاَعْرِضْ	عَنْهُمْ	وَانْتَظِرْ	اِنَّهُمْ	مُّنْتَظِرُوْنَ
اور نہ	وہ	مہلت دیئے جائیں گے	پس منہ پھیر لو تم	ان سے	اور تم انتظار کرو	بیشک وہ	منتظر ہیں

اور نہ وہ مہلت دیئے جائیں گے۔ پس تم ان سے منہ پھیر لو اور تم انتظار کرو، بیشک وہ بھی منتظر ہیں۔

اٰیاتُھا ۷۳ | ۳۳ = سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ = ۹۰ | رُکُوْعَاتُھا ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	اتَّقِ اللّٰهَ	وَلَا تُطِعِ	الْكٰفِرِيْنَ	وَالْمُنٰفِقِيْنَ	اِنَّ اللّٰهَ
اے نبیؐ!	آپؐ اللہ سے ڈرتے رہیں	اور کہا نہ مانیں	کافروں	اور منافقوں	بیشک اللہ

اے نبیؐ! آپؐ اللہ سے ڈرتے رہیں، اور کافروں اور منافقوں کا کہا نہ مانیں، بیشک اللہ

كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱﴾ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

كَانَ	عَلِيْمًا	حَكِيْمًا	وَاتَّبِعْ	مَا يُوْحٰى	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ
ہے	جاننے والا	حکمت والا	اور پیروی کریں آپ	جو وحی کیا جاتا ہے	آپ کی طرف	آپ کے رب (کی طرف) سے	بیشک اللہ	ہے

جاننے والا، حکمت والا ہے۔ اور جو آپؐ کی طرف آپؐ کے رب کی طرف سے وحی کیا جاتا ہے آپؐ اسکی پیروی کریں، بیشک اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۲﴾ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۳﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرًا	وَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	وَكِيْلًا	مَا جَعَلَ	اللّٰهُ
اس سے جو	تم کرتے ہو	خبردار	اور بھروسہ رکھیں آپؐ	اللہ پر	اور کافی ہے	اللہ	کارساز	نہیں بنائے	اللہ

اس سے خبردار ہے جو تم کرتے ہو۔ اور آپؐ اللہ پر بھروسہ رکھیں، اللہ کافی ہے کارساز۔ اللہ نے نہیں بنائے

لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ

لِرَجُلٍ	مِّنْ قَلْبَيْنِ	فِيْ جَوْفِهٖ	وَمَا جَعَلَ	اَزْوَاجَكُمُ	الّٰٓـِٔيْ	تُظٰهِرُوْنَ	مِنْهُنَّ
کسی آدمی کے لئے	دو دل	اس کے سینے میں	اور نہیں بنایا	تمہاری بیویاں	وہ جنہیں	تم ماں کہہ بیٹھتے ہو	ان سے انہیں

کسی آدمی کے لئے اس کے سینے میں دو دل، اور تمہاری اُن بیویوں کو جنہیں تم ماں کہہ بیٹھتے ہو نہیں بنایا

اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ

اُمَّهٰتِكُمْ	وَمَا جَعَلَ	اَدْعِيَآءَكُمْ	اَبْنَآءَكُمْ	ذٰلِكُمْ	قَوْلُكُمْ	بِاَفْوَاهِكُمْ	وَاللّٰهُ
تمہاری مائیں	اور نہیں بنایا	تمہارے منہ بولے بیٹے	تمہارے بیٹے	یہ تم	تمہارا کہنا	اپنے منہ (جمع)	اور اللہ

تمہاری مائیں، اور نہیں بنایا تمہارے منہ بولے (لے پالکوں کو) (یہ سچ مچ) تمہارے بیٹے، یہ (صرف) تمہارے مُنہ سے کہنے (کی بات ہے) اور اللہ

يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ

يَقُوْلُ	الْحَقَّ	وَهُوَ	يَهْدِي	السَّبِيْلَ	اُدْعُوْهُمْ	لِاٰبَآئِهِمْ	هُوَ	اَقْسَطُ	عِنْدَ اللّٰهِ
فرماتا ہے	حق	اور وہ	ہدایت دیتا ہے	راستہ	اُنہیں پکارو	انکے باپوں کی طرف	یہ	زیادہ انصاف	اللہ کے نزدیک

حق فرماتا ہے، اور وہ راستہ کی ہدایت دیتا ہے۔ انہیں ان ہی کے باپوں کی طرف (منسوب کرکے) پکارو، یہ اللہ کے نزدیک زیادہ (قرین) انصاف ہے

فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ

فَاِنْ	لَّمْ تَعْلَمُوْٓا	اٰبَآءَهُمْ	فَاِخْوَانُكُمْ	فِي الدِّيْنِ	وَمَوَالِيْكُمْ	وَلَيْسَ	عَلَيْكُمْ
پھر اگر	تم نہ جانتے ہو	ان کے باپوں کو	تو وہ تمہارے بھائی	دین میں (دینی)	اور تمہارے رفیق	اور نہیں	تم پر

پھر اگر تم ان کے باپوں کو نہ جانتے ہو تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں، اور تمہارے رفیق ہیں، اور تم پر نہیں

جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

جُنَاحٌ	فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ	بِهٖ	وَلٰكِنْ	مَّا تَعَمَّدَتْ	قُلُوْبُكُمْ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا
کوئی گناہ	اس میں جو تم سے بھول چوک ہو چکی	اس سے	اور لیکن	جو ارادے سے	اپنے دل	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان

اس میں کوئی گناہ جو تم سے بھول چوک ہو چکی لیکن (ہاں) جو اپنے دل کے ارادے سے کرو، اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ ۚ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ

اَلنَّبِيُّ	اَوْلٰى	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	مِنْ	اَنْفُسِهِمْ	وَاَزْوَاجُهٗ	اُمَّهٰتُهُمْ	وَ	اُولُوا الْاَرْحَامِ
نبیؐ	زیادہ (حقدار)	مومنوں کے	سے	ان کی جانیں	اور ان کی بیبیاں	اُن کی مائیں	اور	قرابت دار

نبیؐ مومنوں کے (امور کے تصرف میں) ان کی جانوں سے زیادہ حقدار ہیں اور اُس (نبیؐ) کی بیبیاں (اُن) مومنوں کی مائیں ہیں، اور قرابتدار

بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا

بَعْضُهُمْ	اَوْلٰى	بِبَعْضٍ	فِيْ	كِتٰبِ اللّٰهِ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُهٰجِرِيْنَ	اِلَّآ اَنْ	تَفْعَلُوْٓا
ان میں سے بعض	نزدیک تر	بعض (دوسروں) سے	میں	اللہ کی کتاب	سے	مومنوں	اور مہاجروں	مگر یہ کہ	تم کرو

اللہ کی کتاب میں ان میں سے بعض (عام) مسلمانوں اور مہاجروں کی نسبت ایک دوسرے سے زیادہ نزدیک (قائق) ہیں مگر یہ کہ تم کرو

اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ۭ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا

اِلٰٓى	اَوْلِيٰٓئِكُمْ	مَعْرُوْفًا	كَانَ	ذٰلِكَ	فِي الْكِتٰبِ	مَسْطُوْرًا	وَاِذْ	اَخَذْنَا
طرف (ساتھ)	اپنے دوست (جمع)	حسن سلوک	ہے	یہ	کتاب میں	لکھا ہوا	اور جب	ہم نے لیا

اپنے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک، یہ (اللہ کی) کتاب میں لکھا ہوا ہے۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے لیا

مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۠

مِنَ	النَّبِيّٖنَ	مِيْثَاقَهُمْ	وَمِنْكَ	وَمِنْ نُّوْحٍ	وَّاِبْرٰهِيْمَ	وَمُوْسٰى	وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ
سے	نبیوں	ان کا عہد	اور تم سے	اور نوحؑ سے	اور ابراہیم	اور موسیٰ	اور مریم کے بیٹے عیسیٰؑ

نبیوں سے ان کا عہد، اور تم سے (بھی لیا) اور نوحؑ سے، اور ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور مریمؑ کے بیٹے عیسیٰؑ سے،

وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ

وَاَخَذْنَا	مِنْهُمْ	مِّيْثَاقًا	غَلِيْظًا	لِّيَسْـَٔلَ	الصّٰدِقِيْنَ	عَنْ	صِدْقِهِمْ
اور ہم نے لیا	ان سے	عہد	پختہ	تاکہ وہ سوال کرے	سچے	سے	ان کی سچائی

اور ہم نے ان سے پختہ عہد لیا، تاکہ وہ (ان) سچوں سے اُن کی سچائی (کے بارے میں) سوال کرے،

ع ۱ ۸ ۱۷

وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

وَاَعَدَّ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابًا	اَلِيْمًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اذْكُرُوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ
اور اس نے تیار کیا	کافروں کے لئے	عذاب	دردناک	اے	ایمان والو	یاد کرو	اللہ کی نعمت	اپنے اوپر

اور اس نے کافروں کے لئے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔ اے ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کی نعمت (اس کا احسان) یاد کرو

اِذْ جَاۗءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

اِذْ جَاۗءَتْكُمْ	جُنُوْدٌ	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	رِيْحًا	وَّجُنُوْدًا	لَّمْ تَرَوْهَا	وَكَانَ	اللّٰهُ
جب تم پر (چڑھ) آئے	لشکر (جمع)	ہم نے بھیجی	ان پر	آندھی	اور لشکر	تم نے انہیں نہ دیکھا	اور ہے	اللہ

جب تم پر بہت سے لشکر چڑھ آئے تو ہم نے ان پر آندھی بھیجی اور (ایسے) لشکر جنہیں تم نے نہ دیکھا اور اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۝٩ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرًا	اِذْ	جَآءُوْكُمْ	مِّنْ	فَوْقِكُمْ	وَ	مِنْ اَسْفَلَ	مِنْكُمْ	وَاِذْ
اسے جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا	جب	وہ تم پر آئے	سے	تمہارے اوپر	اور	نیچے سے	تمہارے	اور جب

اسے دیکھنے والا ہے جو تم کرتے ہو۔ جب وہ تم پر (چڑھ) آئے تمہارے اوپر (کی طرف) سے اور تمہارے نیچے (کی طرف) سے، اور جب

زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۝١٠ هُنَالِكَ

زَاغَتِ	الْاَبْصَارُ	وَبَلَغَتِ	الْقُلُوْبُ	الْحَنَاجِرَ	وَتَظُنُّوْنَ	بِاللّٰهِ	الظُّنُوْنَا	هُنَالِكَ
کج ہوئیں (چندھیا گئیں)	آنکھیں	اور پہنچ گئے	دل (جمع)	گلے	اور تم گمان کرتے تھے	اللہ کے بارے میں	بہت سے گمان	یہاں

آنکھیں چندھیا گئیں، اور دل گلوں میں (کلیجے منہ کو) آنے لگے اور تم اللہ کے بارے میں (طرح طرح کے) گمان کر رہے تھے۔ یہاں (اس موقع پر)

ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ۝١١ وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ

ابْتُلِيَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَزُلْزِلُوْا	زِلْزَالًا	شَدِيْدًا	وَاِذْ	يَقُوْلُ	الْمُنٰفِقُوْنَ	وَالَّذِيْنَ
آزمائے گئے	مومن (جمع)	اور وہ ہلائے گئے	ہلایا جانا	شدید	اور جب	کہنے لگے	منافق (جمع)	اور وہ جن کے

مومن آزمائے گئے اور وہ شدید ہلائے (جھنجھوڑے) گئے۔ اور جب کہنے لگے منافق اور وہ جن کے

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ۝١٢ وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ

فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	مَّا وَعَدَنَا	اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗٓ	اِلَّا	غُرُوْرًا	وَاِذْ	قَالَتْ	طَّآئِفَةٌ
دلوں میں	روگ	جو ہم سے وعدہ کیا	اللہ	اور اس کا رسول	مگر (صرف)	دھوکہ دینا	اور جب	کہا	ایک گروہ

دلوں میں روگ ہے ہم سے اللہ اور اس کے رسولؐ نے جو وعدہ کیا وہ صرف دھوکہ تھا۔ اور جب ایک گروہ نے کہا

مِّنْهُمْ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ

مِنْهُمْ	يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ	لَا مُقَامَ	لَكُمْ	فَارْجِعُوْا	وَيَسْتَاْذِنُ	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمُ
ان میں سے	اے یثرب (مدینہ) والو	کوئی جگہ نہیں	تمہارے لئے	لہٰذا تم لوٹ چلو	اور اجازت مانگتا تھا	ایک گروہ	ان میں سے

ان میں سے، اے مدینے والو! تمہارے لئے کوئی جگہ (ٹھکانا) نہیں لہٰذا تم لوٹ چلو، اور ان میں سے ایک گروہ اجازت مانگتا تھا

النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ۝١٣

النَّبِيَّ	يَقُوْلُوْنَ	اِنَّ	بُيُوْتَنَا	عَوْرَةٌ	وَمَا هِيَ	بِعَوْرَةٍ	اِنْ يُّرِيْدُوْنَ	اِلَّا	فِرَارًا
نبی سے	وہ کہتے تھے	بیشک	ہمارے گھر	غیر محفوظ	حالانکہ وہ نہیں	غیر محفوظ	وہ نہیں چاہتے	مگر (صرف)	فرار

نبیؐ سے وہ کہتے تھے کہ ہمارے گھر بے شک غیر محفوظ ہیں، حالانکہ وہ غیر محفوظ نہیں ہیں، وہ تو صرف فرار چاہتے ہیں۔

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَ

وَلَوْ	دُخِلَتْ	عَلَيْهِمْ	مِنْ	اَقْطَارِهَا	ثُمَّ	سُئِلُوا	الْفِتْنَةَ	لَاٰتَوْهَا	وَ
اور اگر	داخل ہو جائیں	ان پر	سے	اس (مدینہ) کے اطراف	پھر	اُن سے چاہا جائے	فساد	تو وہ ضرور اسے دیں گے	اور

اور اگر وہ اُن پر مدینہ کے اطراف سے داخل ہو جائیں (آ گھسیں) پھر اُن سے فساد چاہا جائے (کہا جائے) تو وہ اسے ضرور دیں گے (منظور کر لیں گے) اور

مَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا

مَا تَلَبَّثُوْا	بِهَا	اِلَّا	يَسِيْرًا	وَلَقَدْ	كَانُوْا عَاهَدُوا	اللّٰهَ	مِنْ قَبْلُ	لَا
نہ دیر لگائیں گے	اس (گھر) میں	مگر (صرف)	تھوڑی سی	حالانکہ وہ عہد کر چکے تھے		اللہ	اس سے پہلے	نہ

گھروں میں صرف تھوڑی سی دیر لگائیں گے - حالانکہ وہ اس سے پہلے اللہ سے عہد کر چکے تھے کہ

يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ۭ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ

يُوَلُّوْنَ	الْاَدْبَارَ	وَكَانَ	عَهْدُ اللّٰهِ	مَسْـُٔوْلًا	قُلْ	لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ	الْفِرَارُ
پھیر دیں گے	پیٹھ	اور ہے	اللہ کا وعدہ	پوچھا جانے والا	فرما دیں	تمہیں ہرگز نفع نہ دے گا	فرار

وہ پیٹھ نہ پھیریں گے اور اللہ کا (سے کیا ہوا) وعدہ پوچھا جانے والا ہے۔ آپؐ فرما دیں فرار تمہیں ہرگز نفع نہ دے گا

اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾ قُلْ

اِنْ	فَرَرْتُمْ	مِّنَ الْمَوْتِ	اَوِ	الْقَتْلِ	وَاِذًا	لَّا تُمَتَّعُوْنَ	اِلَّا قَلِيْلًا	قُلْ
اگر	تم بھاگے	موت سے	یا	قتل	اور اس صورت میں	نہ فائدہ دیئے جاؤ گے	مگر (صرف) تھوڑا	فرما دیں

اگر تم موت یا قتل سے بھاگے، اور اس صورت میں تم صرف تھوڑا (چند دن) فائدہ دیئے جاؤ گے۔ آپؐ فرما دیں

مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْۗءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۭ

مَنْ ذَا	الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ	مِنَ اللّٰهِ	اِنْ	اَرَادَ بِكُمْ	سُوْۗءًا	اَوْ	اَرَادَ بِكُمْ	رَحْمَةً
کون جو	وہ جو تمہیں بچائے	اللہ سے	اگر	وہ چاہے تم سے	برائی	یا	چاہے تم سے	مہربانی

وہ کون ہے جو تمہیں اللہ سے بچائے؟ اگر وہ تم سے برائی (کرنا) چاہے یا تم پر مہربانی کرنا چاہے

وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ

وَ	لَا يَجِدُوْنَ	لَهُمْ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	وَلِيًّا	وَّلَا نَصِيْرًا	قَدْ يَعْلَمُ	اللّٰهُ
اور	وہ نہ پائیں گے	اپنے لئے	اللہ کے سوا	کوئی دوست	اور نہ مددگار	خوب جانتا ہے	اللہ

اور وہ اپنے لئے اللہ کے سوا کوئی دوست نہ پائیں گے اور نہ مددگار (پائیں گے)۔ اللہ خوب جانتا ہے

الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ

الْمُعَوِّقِيْنَ	مِنْكُمْ	وَالْقَآئِلِيْنَ	لِاِخْوَانِهِمْ	هَلُمَّ	اِلَيْنَا	وَلَا يَاْتُوْنَ	الْبَاْسَ
روکنے والے	تم میں سے	اور کہنے والے	اپنے بھائیوں سے	آ جاؤ	ہماری طرف	اور نہیں آتے	لڑائی

تم میں سے (دوسروں کو جہاد سے) روکنے والوں کو، اور اپنے بھائیوں سے یہ کہنے والوں کو کہ ہماری طرف آ جاؤ، اور وہ لڑائی میں نہیں آتے

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۸﴾ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ

اِلَّا	قَلِيْلًا	اَشِحَّةً	عَلَيْكُمْ	فَاِذَا جَآءَ	الْخَوْفُ	رَاَيْتَهُمْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَيْكَ
مگر	بہت کم	بخل کرتے ہوئے	تمہارے متعلق	پھر جب آئے	خوف	تم دیکھو گے انہیں	وہ دیکھنے لگتے ہیں	تمہاری طرف

مگر بہت کم۔ تمہارے متعلق بخیلی کرتے ہوئے، پھر جب خوف آئے تو تم انہیں دیکھو گے وہ تمہاری طرف (یوں) دیکھنے لگتے ہیں

تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ

تَدُوْرُ	اَعْيُنُهُمْ	كَالَّذِيْ	يُغْشٰى	عَلَيْهِ	مِنَ الْمَوْتِ	فَاِذَا	ذَهَبَ	الْخَوْفُ	سَلَقُوْكُمْ
گھوم رہی ہیں	انکی آنکھیں	اس شخص کی طرح	غشی آتی ہے	اس پر	موت سے	پھر جب	چلا جائے	خوف	تمہیں طعنے دینے لگیں

(جیسے) ان کی آنکھیں گھوم رہی ہیں اس شخص کی طرح جس پر موت کی غشی (طاری) ہو، پھر جب خوف چلا جائے تو تمہیں طعنے دینے لگیں

بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ

بِاَلْسِنَةٍ	حِدَادٍ	اَشِحَّةً	عَلَى الْخَيْرِ	اُولٰۗىِٕكَ	لَمْ يُؤْمِنُوْا	فَاَحْبَطَ اللّٰهُ
زبانوں سے	تیز	بخیلی (لالچ) کرتے ہوئے	مال پر	یہ لوگ	نہیں ایمان لائے	تو اکارت کر دیئے اللہ نے

تیز زبانوں سے، مال پر بخیلی کرتے ہوئے، یہ لوگ ایمان نہیں لائے، تو اللہ نے اکارت کر دیئے

اَعْمَالَهُمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۱۹﴾ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ

اَعْمَالَهُمْ	وَكَانَ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرًا	يَحْسَبُوْنَ	الْاَحْزَابَ	لَمْ يَذْهَبُوْا
ان کے عمل	اور ہے	یہ	اللہ پر	آسان	وہ گمان کرتے ہیں	لشکر (جمع)	نہیں گئے ہیں

ان کے عمل، اور اللہ پر یہ آسان ہے۔ وہ گمان کرتے ہیں کہ (کافروں کے) لشکر (ابھی) نہیں گئے ہیں،

وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَاۗىِٕكُمْ ۭ

وَاِنْ يَّاْتِ	الْاَحْزَابُ	يَوَدُّوْا	لَوْ اَنَّهُمْ	بَادُوْنَ	فِي الْاَعْرَابِ	يَسْاَلُوْنَ	عَنْ	اَنْۢبَاۗىِٕكُمْ
اور اگر آئیں	لشکر	وہ تمنا کریں	کہ کاش وہ	باہر نکلے ہوئے ہوتے	دیہات میں	پوچھتے رہتے	سے	تمہاری خبریں

(اور اگر لشکر (دوبارہ) آئیں تو وہ تمنا کریں کہ کاش وہ دیہات میں باہر نکلے ہوتے (صحرانشین ہوتے) تمہاری خبریں پوچھتے رہتے

۲ ع ۱۲ ۱۸

وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲۰﴾ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ

وَلَوْ	كَانُوْا	فِيْكُمْ	مَّا قٰتَلُوْٓا	اِلَّا	قَلِيْلًا	لَقَدْ كَانَ	لَكُمْ	فِيْ	رَسُوْلِ اللّٰهِ
اور اگر	ہوں	تمہارے درمیان	جنگ نہ کریں	مگر	بہت کم	البتہ ہے یقیناً	تمہارے لئے	میں	اللہ کا رسولؐ

اور اگر تمہارے درمیان ہوں تو جنگ نہ کریں مگر بہت کم ۔ یقیناً تمہارے لئے ہے اللہ کے رسولؐ میں

اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ﴿۲۱﴾

اُسْوَةٌ	حَسَنَةٌ	لِّمَنْ	كَانَ يَرْجُوا	اللّٰهَ	وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ	وَذَكَرَ اللّٰهَ	كَثِيْرًا
مثال (نمونہ)	اچھا بہترین	اس کے لئے جو	امید رکھتا ہے	اللہ	اور روزِ آخرت	اور اللہ کو یاد کرتا ہے	کثرت سے

ایک بہترین نمونہ (رہبر) اُس شخص کے لئے جو اللہ اور روزِ آخرت پر امید رکھتا ہے، اور اللہ کو بکثرت یاد کرتا ہے ۔

وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

وَلَمَّا	رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ	الْاَحْزَابَ	قَالُوْا	هٰذَا	مَا وَعَدَنَا	اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ
اور جب	مومنوں نے دیکھا	لشکروں کو	وہ کہنے لگے	یہ ہے	جو ہم کو وعدہ دیا	اللہ	اور اس کا رسولؐ

اور جب مومنوں نے لشکروں کو دیکھا تو وہ کہنے لگے یہ ہے جس کا ہمیں اللہ اور اس کے رسولؐ نے وعدہ دیا تھا،

وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۡ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ﴿۲۲﴾ مِنَ

وَصَدَقَ	اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	وَمَا	زَادَهُمْ	اِلَّآ	اِيْمَانًا	وَّتَسْلِيْمًا	مِنَ
اور سچ کہا تھا	اللہ	اور اس کا رسول	اور نہ	ان کا زیادہ کیا	مگر	ایمان	اور فرماں برداری	سے (میں)

اور اللہ اور اس کے رسولؐ نے سچ کہا تھا، اور (اس صورتحال نے) ان میں نہ زیادہ کیا مگر ایمان اور (جذبۂ) فرماں برداری۔

الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ

الْمُؤْمِنِيْنَ	رِجَالٌ	صَدَقُوْا	مَا عَاهَدُوا	اللّٰهَ	عَلَيْهِ	فَمِنْهُمْ	مَّنْ
مومن (جمع)	ایسے آدمی	انہوں نے سچ کر دکھایا	جو انہوں نے عہد کیا	اللہ	اس پر	سو ان میں سے	جو

مومنوں میں کچھ ایسے آدمی ہیں کہ انہوں نے اللہ سے جو عہد کیا تھا وہ سچ کر دکھایا، سو ان میں سے (کچھ ہیں) جو

قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ

قَضٰى	نَحْبَهٗ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّنْتَظِرُ	وَمَا بَدَّلُوْا	تَبْدِيْلًا	لِيَجْزِيَ	اللّٰهُ
پورا کر چکا	نذر اپنی	اور ان میں سے	جو	انتظار میں ہے	اور انہوں نے تبدیلی نہیں کی	کچھ بھی تبدیلی	تاکہ جزا دے	اللہ

اپنی نذر پوری کر چکے، اور ان میں (کچھ ہیں) جو انتظار میں ہیں، اور انہوں نے کچھ بھی تبدیلی نہیں کی (یہ اس لئے ہوا) کہ اللہ جزا دے

الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ

الصّٰدِقِيْنَ	بِصِدْقِهِمْ	وَيُعَذِّبَ	الْمُنٰفِقِيْنَ	اِنْ شَآءَ	اَوْ	يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ
سچے لوگ	ان کی سچائی کی	اور وہ عذاب دے	منافقوں	اگر وہ چاہے	یا	وہ ان کی توبہ قبول کرلے

سچے لوگوں کو ان کی سچائی کی، اور اگر وہ چاہے تو منافقوں کو عذاب دے، یا وہ اُن کی توبہ قبول کرلے،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ

اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	وَرَدَّ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بِغَيْظِهِمْ
بیشک اللہ	ہے	بخشنے والا	مہربان	اور لوٹا دیا	اللہ	ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا (کافر)	ان کے غصے میں بھرے ہوئے

بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اللہ نے کافروں کو لوٹا دیا اُن کے (اپنے) غصہ میں بھرے ہوئے،

لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا

لَمْ يَنَالُوْا	خَيْرًا	وَكَفَى	اللّٰهُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	الْقِتَالَ	وَكَانَ	اللّٰهُ	قَوِيًّا
انہوں نے نہ پائی	کوئی بھلائی	اور کافی ہے	اللہ	مومن (جمع)	جنگ	اور ہے	اللہ	توانا

انہوں نے کوئی بھلائی نہ پائی، اور جنگ (کے معاملہ میں) مومنوں کے لئے اللہ کافی ہے، اور اللہ ہے توانا،

عَزِيْزًا ﴿۲۵﴾ وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ

عَزِيْزًا	وَاَنْزَلَ	الَّذِيْنَ	ظَاهَرُوْهُمْ	مِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	مِنْ	صَيَاصِيْهِمْ
غالب	اور اتار دیا	ان لوگوں کو	جنہوں نے ان کی مدد کی	سے	اہل کتاب	سے	ان کے قلعے

اور غالب۔ اور اہل کتاب میں سے جنہوں نے ان کی مدد کی تھی، اس نے انہیں ان کے قلعوں سے اتار دیا،

وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿۲۶﴾ وَ

وَقَذَفَ	فِيْ	قُلُوْبِهِمُ	الرُّعْبَ	فَرِيْقًا	تَقْتُلُوْنَ	وَتَاْسِرُوْنَ	فَرِيْقًا	وَ
اور ڈال دیا	میں	ان کے دل	رعب	ایک گروہ	تم قتل کرتے ہو	اور تم قید کرتے ہو	ایک گروہ	اور

اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا، ایک گروہ کو تم قتل کرتے ہو، اور ایک گروہ کو قید کرتے ہو۔ اور

اَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

اَوْرَثَكُمْ	اَرْضَهُمْ	وَدِيَارَهُمْ	وَاَمْوَالَهُمْ	وَاَرْضًا	لَّمْ تَطَئُوْهَا	وَكَانَ	اللّٰهُ
تمہیں وارث بنا دیا	ان کی زمین	اور ان کے گھر (جمع)	اور ان کے مال (جمع)	اور وہ زمین	تم نے وہاں قدم نہیں رکھا	اور ہے	اللہ

تمہیں وارث بنا دیا ان کی زمین کا، اور ان کے گھروں کا، اور ان کے مالوں کا، اور اس زمین کا جہاں تم نے قدم نہیں رکھا تھا، اور اللہ ہے

۳ ع ۷ ۱۹

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۷﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ

عَلٰى	كُلِّ شَىْءٍ	قَدِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا النَّبِىُّ	قُلْ	لِّاَزْوَاجِكَ	اِنْ	كُنْتُنَّ
پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	اے نبیؐ	فرمادیں	اپنی بیبیوں سے	اگر	تم ہو

ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے ۔ اے نبیؐ! آپؐ اپنی بیبیوں سے فرمادیں ، اگر تم

تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ

تُرِدْنَ	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	وَزِيْنَتَهَا	فَتَعَالَيْنَ	اُمَتِّعْكُنَّ	وَ	اُسَرِّحْكُنَّ
چاہتی ہو	دنیا کی زندگی	اور اس کی زینت	تو آؤ	میں تمہیں کچھ دے دوں	اور	تمہیں رخصت کردوں

دنیا کی زندگی اور اس کی زینت چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں کچھ دے دوں اور رخصت کر دوں

سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۲۸﴾ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ

سَرَاحًا	جَمِيْلًا	وَاِنْ	كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَ	الدَّارَ الْاٰخِرَةَ
رخصت کرنا	اچھی	اور اگر	تم چاہتی ہو اللہ	اور اس کا رسول	اور	آخرت کا گھر

اچھی طرح رخصت ۔ اور اگر تم اللہ اور اس کا رسولؐ ، اور آخرت کا گھر چاہتی ہو ،

فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِىِّ مَنْ

فَاِنَّ اللّٰهَ	اَعَدَّ	لِلْمُحْسِنٰتِ	مِنْكُنَّ	اَجْرًا عَظِيْمًا	يٰنِسَآءَ النَّبِىِّ	مَنْ
پس بیشک اللہ	تیار کیا ہے	نیکی کرنے والیوں کے لئے	تم میں سے	اجرِ عظیم	اے نبیؐ کی بیبیو	جو کوئی

تو بیشک اللہ نے تم میں سے نیکی کرنے والیوں کے لئے اجرِ عظیم تیار کر رکھا ہے ۔ اے نبیؐ کی بیبیو! جو کوئی

يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ

يَّاْتِ	مِنْكُنَّ	بِفَاحِشَةٍ	مُّبَيِّنَةٍ	يُّضٰعَفْ	لَهَا	الْعَذَابُ	ضِعْفَيْنِ
لائے (مرتکب ہو)	تم میں سے	بیہودگی کے ساتھ	کھلی	بڑھایا جائے گا	اس کے لئے	عذاب	دوچند

تم میں سے کھلی بیہودگی کی مرتکب ہو تو اس کے لئے عذاب دوچند بڑھا دیا جائے گا ،

وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾

وَكَانَ	ذٰلِكَ	عَلَى	اللّٰهِ	يَسِيْرًا
اور ہے	یہ	پر	اللہ	آسان

اور یہ اللہ پر آسان ہے ۔

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ

وَمَنْ	يَّقْنُتْ	مِنْكُنَّ	لِلّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَتَعْمَلْ	صَالِحًا	نُّؤْتِهَآ	اَجْرَهَا	مَرَّتَيْنِ
اور جو	اطاعت کرے	تم میں سے	اللہ کی	اور اس کا رسول	اور عمل کرے	نیک	ہم دیں گے اس کو	اس کا اجر	دوہرا

اور تم میں سے جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اور نیک عمل کرے ہم اسے اس کا دوہرا اجر دیں گے

وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ

وَاَعْتَدْنَا	لَهَا	رِزْقًا كَرِيْمًا	يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ	لَسْتُنَّ	كَاَحَدٍ	مِّنَ النِّسَآءِ	اِنِ
اور ہم نے تیار کیا	اسکے لئے	عزت کا رزق	اے نبیؐ کی بیبیو!	نہیں ہو تم	کسی ایک کی طرح	عورتوں میں سے	اگر

اور ہم نے اس کے لئے عزت کا رزق تیار کیا ہے۔ اے نبیؐ کی بیبیو! عورتوں میں سے تم کسی ایک کی طرح (بھی) نہیں ہو، اگر

اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا

اتَّقَيْتُنَّ	فَلَا تَخْضَعْنَ	بِالْقَوْلِ	فَيَطْمَعَ	الَّذِيْ	فِيْ قَلْبِهٖ	مَرَضٌ	وَّقُلْنَ	قَوْلًا
تم پرہیزگاری کرو	تو ملائمت نہ کرو	گفتگو میں	کہ لالچ کرے	وہ جو	اس کے دل میں	روگ (کھوٹ)	اور بات کرو تم	بات

تم پرہیزگاری اختیار کرو تو گفتگو میں ملائمت نہ کرو کہ جس کے دل میں کھوٹ ہے وہ لالچ (خیال فاسد) کرے اور تم بات کرو

مَّعْرُوْفًا ﴿۳۲﴾ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَ

مَعْرُوْفًا	وَقَرْنَ	فِيْ بُيُوْتِكُنَّ	وَلَا تَبَرَّجْنَ	تَبَرُّجَ	الْجَاهِلِيَّةِ	الْاُوْلٰى	وَ
اچھی (معقول)	اور قرار پکڑو	اپنے گھروں میں	اور بناؤ سنگھار کا اظہار کرتی نہ پھرو	بناؤ سنگھار	(زمانۂ جاہلیت	اگلا	اور

معقول بات۔ اور اپنے گھروں میں قرار پکڑو، اور اگلے زمانۂ جاہلیت کے بناؤ سنگھار کا اظہار کرتی نہ پھرو، اور

اَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ

اَقِمْنَ	الصَّلٰوةَ	وَاٰتِيْنَ	الزَّكٰوةَ	وَاَطِعْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	اِنَّمَا	يُرِيْدُ اللّٰهُ
قائم کرو	نماز	اور دیتی رہو	زکوٰۃ	اور اطاعت کرو	اللہ	اور اس کا رسول	اسکے سوا نہیں	اللہ چاہتا ہے

نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ دیتی رہو، اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرو، اس کے سوا نہیں کہ اللہ چاہتا ہے

لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَاذْكُرْنَ

لِيُذْهِبَ	عَنْكُمُ	الرِّجْسَ	اَهْلَ الْبَيْتِ	وَيُطَهِّرَكُمْ	تَطْهِيْرًا	وَاذْكُرْنَ
کہ دور فرما دے	تم سے	آلودگی	اے اہل بیت	اور تمہیں پاک صاف رکھے	خوب پاک	اور تم یاد رکھو

اے اہل بیت! کہ وہ تم سے آلودگی دور فرما دے، اور تمہیں خوب (ہر طرح سے) پاک و صاف رکھے۔ اور تم یاد رکھو

مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا

مَا يُتْلٰى	فِيْ	بُيُوْتِكُنَّ	مِنْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	وَالْحِكْمَةِ	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	لَطِيْفًا
جو پڑھا جاتا ہے	میں	تمہارے گھر (جمع)	سے	اللہ کی آیتیں	اور حکمت	بیشک اللہ	ہے	باریک بین

جو تمہارے گھروں میں اللہ کی آیتیں اور حکمت (دانائی کی باتیں) پڑھی جاتی ہیں، بیشک اللہ باریک بین،

ع ۴ ۱

خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ

خَبِيْرًا	اِنَّ	الْمُسْلِمِيْنَ	وَالْمُسْلِمٰتِ	وَالْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	وَالْقٰنِتِيْنَ
باخبر	بیشک	مسلمان مرد	اور مسلمان عورتیں	اور مومن مرد	اور مومن عورتیں	اور فرماں بردار مرد

باخبر ہے۔ بے شک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں، اور مومن مرد اور مومن عورتیں، اور فرماں بردار مرد

وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ

وَالْقٰنِتٰتِ	وَالصّٰدِقِيْنَ	وَالصّٰدِقٰتِ	وَالصّٰبِرِيْنَ	وَالصّٰبِرٰتِ	وَالْخٰشِعِيْنَ
اور فرماں بردار عورتیں	اور راست گو مرد	اور راست گو عورتیں	اور صبر کرنے والے مرد	اور صبر کرنے والی عورتیں	اور عاجزی کرنے والے مرد

اور فرماں بردار عورتیں، اور راست گو مرد اور راست گو عورتیں، اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں، اور عاجزی کرنے والے مرد

وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ

وَالْخٰشِعٰتِ	وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ	وَالْمُتَصَدِّقٰتِ	وَالصَّآئِمِيْنَ	وَالصّٰٓئِمٰتِ	وَالْحٰفِظِيْنَ
اور عاجزی کرنے والی عورتیں	اور صدقہ کرنے والے مرد	اور صدقہ کرنے والی عورتیں	اور روزہ رکھنے والے مرد	اور روزہ رکھنے والی عورتیں	اور حفاظت کرنیوالے مرد

اور عاجزی کرنے والی عورتیں، اور صدقہ (وخیرات) کرنیوالے مرد اور صدقہ (وخیرات) کرنیوالی عورتیں، اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں، اور حفاظت کرنیوالے مرد

فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

فُرُوْجَهُمْ	وَالْحٰفِظٰتِ	وَالذّٰكِرِيْنَ	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	وَالذّٰكِرٰتِ	اَعَدَّ اللّٰهُ	لَهُمْ
اپنی شرمگاہیں	اور حفاظت کرنے والی عورتیں	اور یاد کرنے والے	اللہ	بکثرت	اور یاد کرنیوالی عورتیں	اللہ نے تیار کیا	ان کے لئے

اپنی شرمگاہوں کی، اور حفاظت کرنے والی عورتیں، اور اللہ کو بکثرت یاد کرنے والے مرد اور (اللہ کو) یاد کرنیوالی عورتیں، اللہ نے ان (سب) کے لئے تیار کی ہے

مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى

مَغْفِرَةً	وَ	اَجْرًا عَظِيْمًا	وَمَا كَانَ	لِمُؤْمِنٍ	وَّلَا مُؤْمِنَةٍ	اِذَا	قَضَى
بخشش	اور	اجرِ عظیم	اور نہیں ہے	کسی مومن مرد کے لئے	اور کسی مومن عورت کے لئے	جب	فیصلہ کر دیں

بخشش اور اجرِ عظیم۔ اور (گنجائش) نہیں ہے کسی مومن مرد اور نہ کسی مومن عورت کے لئے، کہ جب فیصلہ کر دیں

اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ

اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	اَمْرًا	اَنْ يَّكُوْنَ	لَهُمُ	الْخِيَرَةُ	مِنْ اَمْرِهِمْ	وَمَنْ	يَّعْصِ	اللّٰهَ
اللہ	اور اس کا رسول	کسی کام کا	کہ (باقی) ہو	انکے لئے	کوئی اختیار	ان کے کام میں	اور جو	نافرمانی کرے گا	اللہ

اللہ اور اس کے رسولؐ کسی کام کا، کہ اُن کے لئے ان کے کام میں کوئی اختیار باقی ہو، اور جو نافرمانی کرے گا، اللہ

وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ

وَرَسُوْلَهٗ	فَقَدْ ضَلَّ	ضَلٰلًا	مُّبِيْنًا	وَاِذْ	تَقُوْلُ	لِلَّذِيْۤ	اَنْعَمَ اللّٰهُ
اور اس کا رسول	تو البتہ وہ گمراہی میں جا پڑا	گمراہی	صریح	اور (یاد کرو) جب	آپؐ فرماتے تھے	اس شخص کو	اللہ نے انعام کیا

اور اس کے رسولؐ کی تو البتہ وہ صریح گمراہی میں جا پڑا۔ اور یاد کرو جب آپؐ اس شخص (زیدؓ بن حارثہ) کو فرماتے تھے جس پر اللہ نے انعام کیا

عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ

عَلَيْهِ	وَاَنْعَمْتَ	عَلَيْهِ	اَمْسِكْ	عَلَيْكَ	زَوْجَكَ	وَاتَّقِ اللّٰهَ	وَتُخْفِيْ
اس پر	اور آپؐ نے انعام کیا	اس پر	روکے رکھ	اپنے پاس	اپنی بیوی	اور ڈر اللہ سے	اور آپؐ چھپاتے تھے

اور آپؐ نے (بھی) اس پر انعام کیا کہ اپنی بیوی (زینبؓ) کو اپنے پاس روکے رکھ اور اللہ سے ڈر، اور آپؐ چھپاتے تھے

فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ

فِيْ نَفْسِكَ	مَا اللّٰهُ	مُبْدِيْهِ	وَتَخْشَى	النَّاسَ	وَاللّٰهُ	اَحَقُّ	اَنْ	تَخْشٰىهُ
اپنے دل میں	جو اللہ	اس کو ظاہر کرنے والا	اور آپ ڈرتے تھے	لوگ	اور اللہ	زیادہ حقدار	کہ	تم اس سے ڈرو

اپنے دل میں وہ (بات) جسے اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور آپؐ لوگوں (کے طعن) سے ڈرتے تھے اور اللہ زیادہ حقدار ہے کہ تم اس سے ڈرو

فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ

فَلَمَّا	قَضٰى	زَيْدٌ	مِّنْهَا	وَطَرًا	زَوَّجْنٰكَهَا	لِكَيْ	لَا يَكُوْنَ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	حَرَجٌ
پھر جب	پوری کر لی	زید	اس سے	اپنی حاجت	ہمنے اسے تمہارے نکاح میں دیدیا	تاکہ	نہ رہے	پر	مومنوں	کوئی تنگی

پھر جب زید نے اس (زینبؓ) سے اپنی حاجت پوری کر لی (طلاق دے دی) تو ہم نے اسے آپؐ کے نکاح میں دے دیا، تاکہ مومنوں پر کوئی تنگی نہ رہے

فِيْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾

فِيْۤ اَزْوَاجِ	اَدْعِيَآئِهِمْ	اِذَا	قَضَوْا	مِنْهُنَّ	وَطَرًا	وَكَانَ	اَمْرُ اللّٰهِ	مَفْعُوْلًا
بیویوں میں	اپنے لے پالک	جب وہ	پوری کر چکیں	ان سے	اپنی حاجت	اور ہے	اللہ کا حکم	ہو کر رہنے والا

اپنے لے پالکوں کی بیویوں (سے نکاح کرنے) میں جب وہ اُن سے اپنی حاجت پوری کر لیں (طلاق دیدیں)، اور اللہ کا حکم (پورا ہو کر) رہنے والا ہے۔

مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي

مَا كَانَ	عَلَى النَّبِيِّ	مِنْ حَرَجٍ	فِيمَا	فَرَضَ اللّٰهُ	لَهٗ	سُنَّةَ اللّٰهِ	فِي
نہیں ہے	نبی پر	کوئی حرج	اس میں جو	مقرر کیا اللہ نے	اسکے لئے	اللہ کا دستور	میں

نبی پر اس کام میں کوئی حرج (تنگی) نہیں ہے جو اللہ نے اس کے لئے مقرر کیا اللہ کا (یہی) دستور (رہا ہے) ان میں

الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ﴿۳۸﴾ ۙ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلُ	وَكَانَ	اَمْرُ اللّٰهِ	قَدَرًا	مَقْدُوْرَا	الَّذِيْنَ
وہ جو	گزرے	پہلے	اور ہے	اللہ کا حکم	مقرر کیا ہوا	اندازہ سے	وہ جو

جو پہلے گزرے ہیں اور اللہ کا حکم (صحیح) اندازہ سے مقرر کیا ہوا ہے - وہ جو ﴿۳۹﴾

يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا

يُبَلِّغُوْنَ	رِسٰلٰتِ اللّٰهِ	وَيَخْشَوْنَهٗ	وَلَا يَخْشَوْنَ	اَحَدًا	اِلَّا اللّٰهَ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	حَسِيْبًا
پہنچاتے ہیں	اللہ کے پیغامات	اور اس سے ڈرتے ہیں	اور نہیں ڈرتے	کسی سے	اللہ کے سوا	اور کافی ہے	اللہ	حساب لینے والا

اللہ کے پیغام پہنچاتے ہیں اور وہ اس سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے، اور اللہ کافی ہے حساب لینے والا۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ

مَا كَانَ	مُحَمَّدٌ	اَبَآ	اَحَدٍ	مِّنْ رِّجَالِكُمْ	وَلٰكِنْ	رَسُوْلَ اللّٰهِ	وَخَاتَمَ	النَّبِيّٖنَ
نہیں ہیں	محمد ﷺ	باپ	کسی کے	تمہارے مردوں میں سے	اور لیکن	اللہ کے رسول	اور مہر	نبیوں

محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں، لیکن وہ اللہ کے رسول اور (سب) نبیوں پر مہر (آخری نبی) ہیں

ع ۵ ۶ ۲

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا

وَكَانَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اذْكُرُوا	اللّٰهَ	ذِكْرًا
اور ہے	اللہ	ہر شے کا	جاننے والا	اے	ایمان والو	یاد کرو تم	اللہ	یاد

اور اللہ ہر شے کا جاننے والا ہے - اے ایمان والو! تم اللہ کو یاد کرو

كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ

كَثِيْرًا	وَّسَبِّحُوْهُ	بُكْرَةً	وَّاَصِيْلًا	هُوَ الَّذِيْ	يُصَلِّيْ	عَلَيْكُمْ	وَمَلٰٓئِكَتُهٗ
بکثرت	اور پاکیزگی بیان کرو اسکی	صبح	اور شام	وہی جو	بھیجتا ہے	تم پر	اور اس کے فرشتے

بکثرت - اور صبح و شام اس کی پاکیزگی بیان کرو - وہی ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے (بھی)

لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمْ

لِيُخْرِجَكُمْ	مِنَ	الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ	وَكَانَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	رَحِيْمًا	تَحِيَّتُهُمْ
تاکہ وہ تمہیں نکالے	سے	اندھیروں	نور کی طرف	اور ہے	مومنوں پر	مہربان	اُن کی دعا

تاکہ وہ تمہیں اندھیروں سے نور کی طرف نکال لائے ، اور اللہ مومنوں پر مہربان ہے - ان کی دعا

يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ

يَوْمَ	يَلْقَوْنَهٗ	سَلٰمٌ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	اَجْرًا	كَرِيْمًا	يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ	اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ
جس دن	وہ ملیں گے اس کو	سلام	اور تیار کیا اس نے	انکے لئے	اجر	بڑا اچھا	اے نبیؐ	بیشک ہم نے آپؐ کو بھیجا

جس دن وہ اس کو ملیں گے "سلام" ہوگا، اور اس نے ان کے لئے بڑا اچھا اجر تیار کیا ہے - اے نبیؐ ! بیشک ہم نے آپؐ کو بھیجا ہے

شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾

شَاهِدًا	وَّمُبَشِّرًا	وَّنَذِيْرًا	وَّدَاعِيًا	اِلَى اللّٰهِ	بِاِذْنِهٖ	وَسِرَاجًا	مُّنِيْرًا
گواہی دینے والا	اور خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا	اور بلانے والا	اللہ کی طرف	اس کے حکم سے	اور چراغ	روشن

گواہی دینے والا، اور خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا" اور اس کے حکم سے اللہ کی طرف بلانے والا ، اور روشن چراغ -

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ

وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	بِاَنَّ	لَهُمْ	مِنَ اللّٰهِ	فَضْلًا	كَبِيْرًا	وَلَا تُطِعِ	الْكٰفِرِيْنَ
اور خوشخبری دیں	مومنوں (جمع)	یہ کہ	انکے لئے	(اللہ کی طرف) سے	فضل	بڑا	اور کہا نہ مانیں	کافر (جمع)

اور آپؐ مومنوں کو خوشخبری دیں یہ کہ ان کے لئے اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہے - اور آپؐ کہا نہ مانیں کافروں کا

وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا

وَالْمُنٰفِقِيْنَ	وَدَعْ	اَذٰىهُمْ	وَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	وَكِيْلًا	يٰۤاَيُّهَا
اور منافق (جمع)	اور خیال نہ کریں	ان کا ایذا دینا	اور بھروسہ کریں	اللہ پر	اور کافی	اللہ	کارساز	اے

اور منافقوں کا، اور آپؐ ان کے ایذا دینے کا خیال نہ کریں، اور اللہ پر بھروسہ کریں - اور کافی ہے اللہ کارساز - اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اِذَا	نَكَحْتُمُ	الْمُؤْمِنٰتِ	ثُمَّ	طَلَّقْتُمُوْهُنَّ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ
ایمان والو	جب	تم نکاح کرو	مومن عورتوں	پھر	تم انہیں طلاق دو	پہلے	کہ

ایمان والو! جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرو ، پھر تم انہیں اس سے پہلے طلاق دے دو کہ

تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ

تَمَسُّوْهُنَّ	فَمَا لَكُمْ	عَلَيْهِنَّ	مِنْ عِدَّةٍ	تَعْتَدُّوْنَهَا	فَمَتِّعُوْهُنَّ	وَسَرِّحُوْهُنَّ
تم انہیں ہاتھ لگاؤ	تو نہیں تمہارے لئے	ان پر	کوئی عدت	کہ پوری کراؤ تم اس سے	پس تم انہیں کچھ متاع دو	اور انہیں رخصت کر دو

تم انہیں ہاتھ لگاؤ تو ان پر تمہارا (کوئی حق) نہیں کہ ان کی عدت پوری کراؤ، پس انہیں کچھ متاع دے دو اور رخصت کر دو

سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ

سَرَاحًا	جَمِيْلًا	يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	اِنَّآ اَحْلَلْنَا	لَكَ	اَزْوَاجَكَ	الّٰتِيْٓ
رخصت	اچھی طرح	اے نبیؐ!	ہم نے حلال کیں	تمہارے لئے	تمہاری بیبیاں	وہ جو کہ

اچھی طرح رخصت ۔ اے نبیؐ! ہم نے تمہارے لئے حلال کیں تمہاری وہ بیبیاں جن کو

اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ

اٰتَيْتَ	اُجُوْرَهُنَّ	وَمَا	مَلَكَتْ	يَمِيْنُكَ	مِمَّآ	اَفَآءَ اللّٰهُ	عَلَيْكَ	وَ
تم نے دے دیا	اُن کا مہر	اور جو	مالک ہوا	تمہارا دایاں ہاتھ	ان سے جو	اللہ نے ہاتھ لگا دیں	تمہارے	اور

تم نے ان کا مہر دے دیا، اور تمہاری کنیزیں ان میں سے جو اللہ نے (غنیمت میں سے) تمہارے ہاتھ لگا دیں اور

بَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ

بَنٰتِ عَمِّكَ	وَ	بَنٰتِ عَمّٰتِكَ	وَبَنٰتِ خَالِكَ	وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ	الّٰتِيْ
تمہارے چچا کی بیٹیاں	اور	تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں	اور تمہارے ماموں کی بیٹیاں	اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں	وہ جنہوں نے

تمہارے چچا کی بیٹیاں، اور تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں، اور تمہارے ماموں کی بیٹیاں، اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں، وہ جنہوں نے

هَاجَرْنَ مَعَكَ ۚ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ

هَاجَرْنَ	مَعَكَ	وَامْرَاَةً	مُّؤْمِنَةً	اِنْ	وَهَبَتْ	نَفْسَهَا	لِلنَّبِيِّ	اِنْ
انہوں نے ہجرت کی	تمہارے ساتھ	اور مومن	عورت	اگر	وہ بخشدے (نذر کردے)	اپنے آپ کو	نبیؐ کے لئے	اگر

تمہارے ساتھ ہجرت کی، اور وہ مومن عورت جو اپنے آپ کو نبیؐ کی نذر کر دے، اگر

اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ

اَرَادَ النَّبِيُّ	اَنْ	يَّسْتَنْكِحَهَا	خَالِصَةً	لَّكَ	مِنْ دُوْنِ	الْمُؤْمِنِيْنَ
چاہے نبیؐ	کہ	اسے نکاح میں لے لے	خاص	تمہارے لئے	علاوہ	مومنوں

نبیؐ اسے نکاح میں لینا چاہے، یہ عام مومنوں کے علاوہ خاص تمہارے لئے ہے،

قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

قَدْ عَلِمْنَا	مَا فَرَضْنَا	عَلَيْهِمْ	فِيْٓ	اَزْوَاجِهِمْ	وَمَا	مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ
البتہ ہمیں معلوم ہے	جو ہم نے فرض کیا	ان پر	میں	ان کی عورتیں	اور جو	مالک ہوئے ان کے (اپنے ہاتھ (کنیزیں)

البتہ ہمیں معلوم ہے جو ہم نے ان کی عورتوں اور (کنیزوں (کے بارے) میں ان پر فرض کیا ہے،

لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ تُرْجِيْ مَنْ تَشَاۗءُ

لِكَيْلَا يَكُوْنَ	عَلَيْكَ	حَرَجٌ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	تُرْجِيْ	مَنْ تَشَاۗءُ
تاکہ نہ رہے	تم پر	کوئی تنگی	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان	دُور رکھیں	جس کو آپؐ چاہیں

تاکہ تم پر کوئی تنگی نہ رہے، اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ آپؐ جس کو چاہیں دُور رکھیں

مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ

مِنْهُنَّ	وَتُـْٔوِيْٓ	اِلَيْكَ	مَنْ تَشَاۗءُ	وَمَنِ	ابْتَغَيْتَ	مِمَّنْ	عَزَلْتَ	فَلَا جُنَاحَ
ان میں سے	اور پاس رکھیں	اپنے پاس	جسے آپؐ چاہیں	اور جس کو	آپؐ طلب کریں	ان میں سے جو	دُور کر دیا تھا آپ نے	تو کوئی تنگی نہیں

ان میں سے، اور جسے چاہیں اپنے پاس رکھیں، اور ان میں سے جس کو آپؐ نے دور کر دیا تھا آپ (پھر) طلب کریں تو کوئی تنگی (حرج) نہیں

عَلَيْكَ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ

عَلَيْكَ	ذٰلِكَ اَدْنٰٓى	اَنْ تَقَرَّ	اَعْيُنُهُنَّ	وَلَا يَحْزَنَّ	وَيَرْضَيْنَ	بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ
آپؐ پر	یہ زیادہ قریب ہے	کہ ٹھنڈی رہیں	ان کی آنکھیں	اور وہ آزردہ نہ ہوں	اور وہ راضی رہیں	اس پر جو آپ نے انہیں دیں

آپؐ پر، یہ زیادہ قریب ہے کہ (اس سے) اُن کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور وہ آزردہ نہ ہوں، اور وہ اس پر راضی رہیں جو آپ انہیں دیں

كُلُّهُنَّ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ۝ لَا يَحِلُّ

كُلُّهُنَّ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا	فِيْ قُلُوْبِكُمْ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا	حَلِيْمًا	لَا يَحِلُّ
وہ سب کی سب	اور اللہ	جانتا ہے	جو	تمہارے دلوں میں	اور ہے	اللہ	جاننے والا	بُردبار	حلال نہیں

وہ سب کی سب، اور اللہ جانتا ہے، جو تمہارے دلوں میں ہے، اور اللہ جاننے والا بُردبار ہے۔ حلال نہیں

لَكَ النِّسَاۗءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ

لَكَ	النِّسَاۗءُ	مِنْۢ بَعْدُ	وَلَآ	اَنْ تَبَدَّلَ	بِهِنَّ	مِنْ	اَزْوَاجٍ	وَلَوْ	اَعْجَبَكَ
آپؐ کے لئے	عورتیں	اس کے بعد	اور نہ	یہ کہ بدل لیں	ان سے	سے (اور)	عورتیں	اگرچہ	آپؐ کو اچھا لگے

آپؐ کے لئے اس کے بعد (اور) عورتیں، اور نہ یہ کہ آپؐ اُن سے اور عورتیں بدل لیں، اگرچہ آپؐ کو اچھا لگے،

٦ ع ١٢ ٣

حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿٥٢﴾ ع

حُسْنُهُنَّ	اِلَّا	مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	رَّقِيْبًا
ان کا حسن	سوائے	جس کا مالک ہو تمہارا ہاتھ (کنیزیں)	اور ہے	اللہ	پر	ہر شے	نگہبان

ان کا حسن سوائے آپؐ کی کنیزوں کے، اور اللہ ہر شے پر نگہبان ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَدْخُلُوْا	بُيُوْتَ	النَّبِيِّ	اِلَّآ	اَنْ	يُّؤْذَنَ	لَكُمْ
اے	ایمان والو	تم نہ داخل ہو	گھر (جمع)	نبیؐ	سوائے	یہ کہ	اجازت دی جائے	تمہارے لئے

اے ایمان والو! تم نبیؐ کے گھروں میں داخل نہ ہو، سوائے اس کے کہ تمہیں اجازت دی جائے

اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ

اِلٰى	طَعَامٍ	غَيْرَ نٰظِرِيْنَ	اِنٰىهُ	وَلٰكِنْ	اِذَا	دُعِيْتُمْ	فَادْخُلُوْا	فَاِذَا	طَعِمْتُمْ
طرف (لئے)	کھانا	نہ راہ تکو	اس کا پکنا	اور لیکن	جب	تمہیں بلایا جائے	تو تم داخل ہو	پھر جب	تم کھا لو

کھانے کے لئے، اس کے پکنے کی راہ نہ تکو، لیکن جب تمہیں بلایا جائے تو تم داخل ہو، پھر جب تم کھانا کھا لو،

فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ

فَانْتَشِرُوْا	وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ	لِحَدِيْثٍ	اِنَّ	ذٰلِكُمْ	كَانَ يُؤْذِي	النَّبِيَّ
تو تم منتشر ہو جایا کرو	اور نہ جی لگا کر بیٹھے رہو	باتوں کے لئے	بیشک	یہ تمہاری بات	ایذا دیتی ہے	نبیؐ

تو تم منتشر ہو جایا کرو، اور باتوں کے لئے جی لگا کر نہ بیٹھے رہو۔ بیشک تمہاری یہ بات نبیؐ کو ایذا دیتی ہے

فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا

فَيَسْتَحْيٖ	مِنْكُمْ	وَاللّٰهُ	لَا يَسْتَحْيٖ	مِنَ الْحَقِّ	وَاِذَا	سَاَلْتُمُوْهُنَّ	مَتَاعًا
پس وہ شرماتے ہیں	تم سے	اور اللہ	نہیں شرماتا	حق (بات) سے	اور جب	تم ان سے مانگو	کوئی شے

پس وہ تم سے شرماتے ہیں، اور اللہ حق بات (فرمانے) سے نہیں شرماتا، اور جب تم اُن (نبیؐ کی بیبیوں) سے کوئی شے مانگو

فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ

فَسْـَٔلُوْهُنَّ	مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ	ذٰلِكُمْ	اَطْهَرُ	لِقُلُوْبِكُمْ	وَقُلُوْبِهِنَّ	وَمَا كَانَ	لَكُمْ
تو ان سے مانگو	پردہ کے پیچھے سے	تمہاری یہ بات	زیادہ پاکیزگی	تمہارے دلوں کے لئے	اور ان کے دل	اور (جائز) نہیں	تمہارے لئے

تو ان سے پردے کے پیچھے سے مانگو، یہ بات تمہارے اور ان کے دلوں کے لئے زیادہ پاکیزگی (کا ذریعہ) ہے، اور تمہارے لئے جائز نہیں

اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ؕ

اَنْ تُؤْذُوْا	رَسُوْلَ اللّٰهِ	وَلَآ	اَنْ تَنْكِحُوْا	اَزْوَاجَهٗ	مِنْۢ بَعْدِهٖٓ	اَبَدًا
کہ تم ایذا دو	اللہ کا رسولؐ	اور نہ	یہ کہ تم نکاح کرو	اس کی بیبیاں	ان کے بعد	کبھی

کہ تم اللہ کے رسولؐ کو ایذا دو، اور نہ یہ (جائز ہے) کہ ان کے بعد کبھی بھی ان کی بیبیوں سے نکاح کرو،

اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾ اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ

اِنَّ	ذٰلِكُمْ	كَانَ	عِنْدَ اللّٰهِ	عَظِيْمًا	اِنْ تُبْدُوْا	شَيْـًٔا	اَوْ تُخْفُوْهُ	فَاِنَّ اللّٰهَ
بیشک	تمہاری یہ بات	ہے	اللہ کے نزدیک	بڑا	اگر تم ظاہر کرو	کوئی بات	یا اسے چھپاؤ	تو بیشک اللہ

بیشک تمہاری یہ بات اللہ کے نزدیک بڑا (گناہ) ہے۔ اگر تم کوئی بات ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ تو بیشک اللہ

كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۵۴﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَ

كَانَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمًا	لَا جُنَاحَ	عَلَيْهِنَّ	فِيْٓ	اٰبَآئِهِنَّ	وَلَآ	اَبْنَآئِهِنَّ	وَ
ہے	ہر شے	جاننے والا	گناہ نہیں	عورتوں پر	میں	اپنے باپ	اور نہ	اپنے بیٹوں	اور

ہر شے کو جاننے والا ہے۔ عورتوں پر گناہ نہیں (پردہ نہ کرنے میں) اپنے باپ، اور نہ اپنے بیٹوں اور

لَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ

لَآ اِخْوَانِهِنَّ	وَلَا	اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ	وَلَا	اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ	وَلَا	نِسَآئِهِنَّ
نہ اپنے بھائی	اور نہ	اپنے بھائیوں کے بیٹے	اور نہ	اپنی بہنوں کے بیٹے	اور نہ	اپنی عورتیں

نہ اپنے بھائیوں، اور نہ اپنے بھائیوں کے بیٹوں، اور نہ اپنی بہنوں کے بیٹوں، اور نہ اپنی عورتوں سے،

وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

وَلَا	مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ	وَاتَّقِيْنَ	اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ
اور نہ	جس کے مالک ہوئے ان کے ہاتھ (کنیزیں)	اور ڈرتی رہو	اللہ	بیشک اللہ	ہے	پر	ہر شے

اور نہ اپنی کنیزوں سے (اے عورتو!) تم اللہ سے ڈرتی رہو، بے شک اللہ ہر شے پر

شَهِيْدًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

شَهِيْدًا	اِنَّ اللّٰهَ	وَمَلٰٓئِكَتَهٗ	يُصَلُّوْنَ	عَلَى النَّبِيِّ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
گواہ (موجود)	بیشک اللہ	اور اس کے فرشتے	درود بھیجتے ہیں	نبیؐ پر	اے	ایمان والو

گواہ (موجود) ہے۔ بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبیؐ پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو!

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

صَلُّوْا	عَلَيْهِ	وَسَلِّمُوْا	تَسْلِيْمًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُؤْذُوْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ
درود بھیجو	اس پر	اور سلام بھیجو	خوب سلام	بیشک	جو لوگ	ایذا دیتے ہیں	اللہ	اور اس کا رسولؐ

تم (بھی) اس پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجو۔ بیشک جو لوگ اللہ کو اور اس کے رسولؐ کو ایذا دیتے ہیں

لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ

لَعَنَهُمُ	اللّٰهُ	فِى الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	عَذَابًا مُّهِيْنًا	وَالَّذِيْنَ
ان پر لعنت کی	اللہ	دنیا میں	اور آخرت	اور تیار کیا اس نے	ان کے لئے	رسوا کرنے والا عذاب	اور جو لوگ

اللہ نے ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی (اپنی رحمت سے محروم کر دیا) اور ان کے لئے رسوا کرنے والا عذاب تیار کیا۔ اور جو لوگ

يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا

يُؤْذُوْنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	بِغَيْرِ	مَا اكْتَسَبُوْا	فَقَدِ احْتَمَلُوْا	بُهْتَانًا
ایذا دیتے ہیں	مومن مرد (جمع)	اور مومن عورتیں	بغیر	کہ انہوں نے کمایا (کیا)	البتہ انہوں نے اٹھایا	بہتان

مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ایذا دیتے ہیں، بغیر اس کے کہ انہوں نے کچھ کیا ہو تو البتہ انہوں نے اٹھایا (اپنے سر لیا) بہتان،

وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۸﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ

وَاِثْمًا	مُّبِيْنًا	يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ	قُلْ	لِّاَزْوَاجِكَ	وَبَنٰتِكَ	وَنِسَآءِ
اور گناہ	صریح	اے نبیؐ	فرما دیں	اپنی بیبیوں کو	اور بیٹوں کو	اور عورتوں کو

اور صریح گناہ۔ اے نبیؐ! آپؐ اپنی بیبیوں اور اپنی بیٹیوں کو، اور مومنوں کی عورتوں کو فرما دیں

الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ

الْمُؤْمِنِيْنَ	يُدْنِيْنَ	عَلَيْهِنَّ	مِنْ	جَلَابِيْبِهِنَّ	ذٰلِكَ	اَدْنٰى	اَنْ
مومنوں	ڈال لیا کریں	اپنے اوپر	سے	اپنی چادریں	یہ	قریب تر	کہ

کہ وہ اپنے اوپر اپنی چادریں ڈال لیا کریں (گھونگھٹ نکال لیا کریں) یہ (اس سے) قریب تر ہے کہ وہ

يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۹﴾ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ

يُّعْرَفْنَ	فَلَا يُؤْذَيْنَ	وَكَانَ اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	لَئِنْ	لَّمْ يَنْتَهِ
ان کی پہچان ہو جائے	تو انہیں نہ ستایا جائے	اور اللہ ہے	بخشنے والا	مہربان	اگر	باز نہ آئے

اُن کی پہچان ہو جائے، تو انہیں نہ ستایا جائے، اور اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اگر باز نہ آئے

الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ

الْمُنٰفِقُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	وَّالْمُرْجِفُوْنَ	فِي الْمَدِيْنَةِ
منافق (جمع)	اور وہ جو	ان کے دلوں میں	روگ	اور جھوٹی افواہیں اڑانے والے	میں مدینہ

منافق، اور وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ ہے، اور مدینہ میں جھوٹی افواہیں اڑانے والے،

لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۰﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ

لَنُغْرِيَنَّكَ	بِهِمْ	ثُمَّ	لَا يُجَاوِرُوْنَكَ	فِيْهَا	اِلَّا	قَلِيْلًا	مَّلْعُوْنِيْنَ
ہم ضرور تمہیں پیچھے لگا دیں گے	ان کے	پھر	تمہارے ہمسایہ نہ رہیں گے وہ	اس (شہر) میں	سوائے	چند دن	پھٹکارے ہوئے

تو ہم ضرور تمہیں انکے پیچھے لگا دیں گے، پھر وہ اس شہر (مدینہ) میں چند دن کے سوا تمہارے ہمسایہ (پاس) نہ رہیں گے۔ پھٹکارے ہوئے،

اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿۶۱﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا

اَيْنَمَا	ثُقِفُوْٓا	اُخِذُوْا	وَقُتِّلُوْا	تَقْتِيْلًا	سُنَّةَ اللّٰهِ	فِي الَّذِيْنَ	خَلَوْا
جہاں کہیں	وہ پائے جائیں گے	پکڑے جائیں گے	اور مارے جائیں گے	بُری طرح مارا جانا	اللہ کا دستور	ان لوگوں میں جو	گزرے

وہ جہاں کہیں پائے جائیں گے پکڑے جائیں گے، اور بُری طرح مارے جائیں گے۔ اللہ کا (یہی) دستور رہا ہے، ان لوگوں میں جو گزرے ہیں

مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۶۲﴾ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ

مِنْ قَبْلُ	وَلَنْ تَجِدَ	لِسُنَّةِ اللّٰهِ	تَبْدِيْلًا	يَسْـَٔلُكَ	النَّاسُ	عَنِ	السَّاعَةِ
ان سے پہلے	اور تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تبدیلی	آپ سے سوال کرتے ہیں	لوگ	سے (متعلق)	قیامت

ان سے پہلے، اور تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ آپؐ سے لوگ قیامت کے متعلق سوال کرتے ہیں۔

قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿۶۳﴾

قُلْ	اِنَّمَا	عِلْمُهَا	عِنْدَ اللّٰهِ	وَمَا	يُدْرِيْكَ	لَعَلَّ	السَّاعَةَ	تَكُوْنُ	قَرِيْبًا
فرما دیں	انکے سوا نہیں	اس کا علم	اللہ کے پاس	اور کیا	تمہیں خبر	شاید	قیامت	ہو	قریب

آپؐ فرما دیں اس کے سوا نہیں کہ اس کا علم اللہ کے پاس ہے، اور تمہیں کیا خبر! شاید قیامت قریب (ہی) ہو۔

اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿۶۴﴾ لا خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ

اِنَّ اللّٰهَ	لَعَنَ	الْكٰفِرِيْنَ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	سَعِيْرًا	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	اَبَدًا
بیشک اللہ	لعنت کی	کافروں پر	اور تیار کیا اس نے	ان کے لئے	بھڑکتی ہوئی آگ	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ

بیشک اللہ نے کافروں پر لعنت کی، اور انکے لئے (جہنم) کی بھڑکتی ہوئی آگ تیار کی ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے،

لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ

لَا يَجِدُوْنَ	وَلِيًّا	وَّلَا	نَصِيْرًا	يَوْمَ	تُقَلَّبُ	وُجُوْهُهُمْ	فِي النَّارِ	يَقُوْلُوْنَ
وہ نہ پائیں گے	کوئی دوست	اور نہ	کوئی مددگار	جس دن	الٹ پلٹ کئے جائیں گے	انکے چہرے	آگ میں	وہ کہیں گے

وہ نہ کوئی دوست پائیں گے، اور نہ مددگار۔ جس دن اُن کے چہرے آگ میں اُلٹ پلٹ کئے جائیں گے، وہ کہیں گے

يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا

يٰلَيْتَنَآ	اَطَعْنَا	اللّٰهَ	وَاَطَعْنَا	الرَّسُوْلَا	وَقَالُوْا	رَبَّنَآ	اِنَّآ	اَطَعْنَا	سَادَتَنَا
اے کاش ہم	ہم نے اطاعت کی ہوتی	اللہ	اور اطاعت کی ہوتی	رسول	اور وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	بیشک ہم	ہم نے اطاعت کی	اپنے سردار

اے کاش! ہم نے اطاعت کی ہوتی اللہ کی، اور اطاعت کی ہوتی رسول کی۔ اور وہ کہیں گے، اے ہمارے رب! بیشک ہم نے اطاعت کی اپنے سرداروں کی

وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ

وَكُبَرَآءَنَا	فَاَضَلُّوْنَا	السَّبِيْلَا	رَبَّنَآ	اٰتِهِمْ	ضِعْفَيْنِ	مِنَ الْعَذَابِ	وَالْعَنْهُمْ
اور اپنے بڑوں	تو انہوں نے بھٹکایا ہمیں	راستہ	اے ہمارے رب	دے انہیں	دوگنا	عذاب	اور لعنت کر ان پر

اور اپنے بڑوں کی، تو انہوں نے ہمیں راستہ سے بھٹکایا۔ اے ہمارے رب! انہیں دوگنا عذاب دے اور ان پر

لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ

لَعْنًا	كَبِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	اٰذَوْا	مُوْسٰى	فَبَرَّاَهُ
لعنت	بڑی	اے	ایمان والو	تم نہ ہونا	ان لوگوں کی طرح	انہوں نے ستایا	موسیٰ	تو بری کر دیا اسکو

بڑی لعنت کر۔ اے ایمان والو! اُن لوگوں کی طرح نہ ہونا جنہوں نے موسیٰ کو (الزام لگاکر) ستایا تو انہیں بری کر دیا

اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

اللّٰهُ	مِمَّا	قَالُوْا	وَكَانَ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَجِيْهًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اتَّقُوا اللّٰهَ
اللہ	اس سے جو	انہوں نے کہا	اور وہ تھے	اللہ کے نزدیک	با آبرو	اے	ایمان والو	اللہ سے ڈرو

اللہ نے اس سے جو انہوں نے کہا (الزام لگایا) اور وہ (موسیٰ) اللہ کے نزدیک با آبرو تھے۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو

وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿٧٠﴾ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ

وَقُوْلُوْا	قَوْلًا	سَدِيْدًا	يُّصْلِحْ	لَكُمْ	اَعْمَالَكُمْ	وَيَغْفِرْ	لَكُمْ	ذُنُوْبَكُمْ	وَمَنْ
اور کہو	بات	سیدھی	وہ سنوار دے گا	تمہارے لئے	تمہارے عمل (جمع)	اور بخشدے گا	تمہارے لئے	تمہارے گناہ	اور جو۔ جس

اور سیدھی بات کہو۔ وہ تمہارے لئے تمہارے عمل سنوار دے گا، اور تمہارے گناہ بخش دے گا، اور جس نے

ع ۸ ۱۰ ۵

يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿٧١﴾ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ

يُطِعِ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	فَقَدْ فَازَ	فَوْزًا عَظِيْمًا	اِنَّا	عَرَضْنَا	الْاَمَانَةَ
اللہ کی اطاعت کی	اور اس کا رسول	تو وہ مراد کو پہنچا	بڑی مراد	بیشک ہم	ہم نے پیش کیا	امانت

اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کی تو وہ بڑی مراد کو پہنچا - بیشک ہم نے (اپنی امانت (ذمہ داری) کو پیش کیا

عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا

عَلَى	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَالْجِبَالِ	فَاَبَيْنَ	اَنْ يَّحْمِلْنَهَا	وَاَشْفَقْنَ	مِنْهَا
پر	آسمان (جمع)	اور زمین	اور پہاڑ	تو انہوں نے انکار کیا	کہ وہ اسے اٹھائیں	اور وہ ڈر گئے	اس سے

آسمانوں اور زمین، اور پہاڑوں پر، تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا، اور وہ اس سے ڈر گئے،

وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿٧٢﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ

وَحَمَلَهَا	الْاِنْسَانُ	اِنَّهٗ	كَانَ	ظَلُوْمًا	جَهُوْلًا	لِيُعَذِّبَ اللّٰهُ	الْمُنٰفِقِيْنَ
اور اسے اٹھا لیا	انسان نے	بیشک وہ	تھا	ظالم	بڑا نادان	تاکہ اللہ عذاب دے	منافق مردوں

اور انسان نے اسے اٹھا لیا، بیشک وہ ظالم، بڑا نادان تھا - تاکہ اللہ عذاب دے منافق مردوں

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

وَالْمُنٰفِقٰتِ	وَالْمُشْرِكِيْنَ	وَالْمُشْرِكٰتِ	وَيَتُوْبَ	اللّٰهُ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور منافق عورتوں	اور مشرک مردوں	اور مشرک عورتوں	اور توبہ قبول کرے	اللہ	پر - کی	مومن مردوں

اور منافق عورتوں کو، اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو، اور اللہ توبہ قبول کرے مومن مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٧٣﴾ ع

وَالْمُؤْمِنٰتِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا
اور مومن عورتوں	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان

اور مومن عورتوں کی، بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے -

ع ۹ ۵ ۶

اٰیاتُھا ۵۴ | ۳۴ = سُوْرَۃُ سبَاٍ مَّکِّیَّۃٌ = ۵۸ | رُکُوْعَاتُھا ۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَلَہُ الْحَمْدُ فِی الْاٰخِرَۃِ ط

اَلْحَمْدُ	لِلّٰہِ	الَّذِیْ لَہٗ	مَا	فِی السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِی الْاَرْضِ	وَلَہُ	الْحَمْدُ	فِی الْاٰخِرَۃِ
تمام تعریفیں	اللہ کےلئے	وہ جس کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور اسی کے لئے	ہر تعریف	آخرت میں

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، اسی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور اسی کے لئے ہر تعریف ہے آخرت میں،

وَھُوَ الْحَکِیْمُ الْخَبِیْرُ ① یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْھَا وَمَا

وَھُوَ	الْحَکِیْمُ	الْخَبِیْرُ	یَعْلَمُ	مَا یَلِجُ	فِی الْاَرْضِ	وَمَا	یَخْرُجُ	مِنْھَا	وَمَا
اور وہ	حکمت والا	خبر رکھنے والا	وہ جانتا ہے	جو داخل ہوتا ہے	زمین میں	اور جو	نکلتا ہے	اس سے	اور جو

اور وہ حکمت والا، خبر رکھنے والا ہے۔ وہ جانتا ہے جو زمین میں داخل ہوتا ہے (مثلاً پانی) اور جو اس سے نکلتا ہے، اور جو

یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا یَعْرُجُ فِیْھَا ط وَھُوَ الرَّحِیْمُ الْغَفُوْرُ ② وَقَالَ

یَنْزِلُ	مِنَ السَّمَآءِ	وَمَا	یَعْرُجُ	فِیْھَا	وَھُوَ	الرَّحِیْمُ	الْغَفُوْرُ	وَقَالَ
نازل ہوتا ہے	آسمان سے	اور جو	چڑھتا ہے	اس میں	اور وہ	مہربان	بخشنے والا	اور کہا (کہتے ہیں)

آسمان سے نازل ہوتا ہے، اور جو اس میں چڑھتا ہے، اور وہ مہربان ہے، بخشنے والا - اور کہتے ہیں

الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَا تَاْتِیْنَا السَّاعَۃُ ط قُلْ بَلٰی وَرَبِّیْ لَتَاْتِیَنَّکُمْ عٰلِمِ الْغَیْبِ ج

الَّذِیْنَ کَفَرُوْا	لَا تَاْتِیْنَا	السَّاعَۃُ	قُلْ	بَلٰی	وَرَبِّیْ	لَتَاْتِیَنَّکُمْ	عٰلِمِ	الْغَیْبِ
جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ہم پر نہیں آئے گی	قیامت	فرمادیں	ہاں	قسم میرے رب کی	البتہ تم پر ضرور آئے گی	جاننے والا	غیب

کافر کہ ہم پر قیامت نہیں آئے گی، آپ فرمادیں ہاں! میرے رب کی قسم! البتہ وہ تم پر ضرور آئے گی، اور وہ غیب کا جاننے والا ہے۔

لَا یَعْزُبُ عَنْہُ مِثْقَالُ ذَرَّۃٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ

لَا یَعْزُبُ	عَنْہُ	مِثْقَالُ ذَرَّۃٍ	فِی السَّمٰوٰتِ	وَلَا	فِی الْاَرْضِ	وَلَآ	اَصْغَرُ
کہ وہ اسے پکڑ لیں، اور ناحق جھگڑا کریں تاکہ اس سے حق کو دبا دیں، تو میں نے انہیں پکڑ لیا، سو (دیکھو) کیسا ہوا

عِقَابِ ۝٥ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ

عِقَابِ	وَكَذٰلِكَ	حَقَّتْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ	عَلَى	الَّذِينَ كَفَرُوا	أَنَّهُمْ
میرا عذاب	اور اسی طرح	ثابت ہوگئی	بات	تمہارے رب کی	پر	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کہ وہ

میرا عذاب۔ اور اسی طرح تمہارے رب کی بات کافروں پر ثابت ہو گئی کہ وہ

أَصْحٰبُ النَّارِ ۝٦ الَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ

أَصْحٰبُ النَّارِ	الَّذِينَ	يَحْمِلُونَ	الْعَرْشَ	وَمَنْ حَوْلَهُ	يُسَبِّحُونَ	بِحَمْدِ
دوزخ والے	وہ جو (فرشتے)	اٹھائے ہوئے ہیں	عرش	اور جو اس کے اردگرد	وہ پاکیزگی بیان کرتے ہیں	تعریف کے ساتھ

دوزخ والے ہیں۔ جو فرشتے عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو اس کے اردگرد ہیں وہ تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتے ہیں

رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ ءَامَنُوا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَىْءٍ

رَبِّهِمْ	وَيُؤْمِنُونَ	بِهِ	وَيَسْتَغْفِرُونَ	لِلَّذِينَ	ءَامَنُوا	رَبَّنَا	وَسِعْتَ	كُلَّ شَىْءٍ
اپنا رب	اور ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور مغفرت مانگتے ہیں	ان کے لئے جو	وہ ایمان لائے	اے ہمارے رب	سمو لیا ہے	ہر شے

اپنے رب کی، اور وہ اس پر ایمان لاتے ہیں، اور ایمان لانے والوں کے لئے مغفرت مانگتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہر شے کو سمو لیا ہے

رَّحْمَةً وَعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِينَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ۝٧

رَحْمَةً	وَعِلْمًا	فَاغْفِرْ	لِلَّذِينَ تَابُوا	وَاتَّبَعُوا	سَبِيلَكَ	وَقِهِمْ	عَذَابَ	الْجَحِيمِ
رحمت	اور علم	سو تو بخشدے	وہ لوگ جنہوں نے توبہ کی	اور انہوں نے پیروی کی	تیرا راستہ	اور تو انہیں بچالے	عذاب	جہنم

(تیری) رحمت اور علم نے، سو تو ان لوگوں کو بخشدے جنہوں نے توبہ کی، اور تیرے راستے کی پیروی کی، اور تو انہیں جہنم کے عذاب سے بچالے۔

رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِ الَّتِي وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ ءَابَآئِهِمْ

رَبَّنَا	وَأَدْخِلْهُمْ	جَنّٰتِ عَدْنِ	ِ الَّتِي	وَعَدْتَّهُمْ	وَمَنْ	صَلَحَ	مِنْ	ءَابَآئِهِمْ
اے ہمارے رب	اور انہیں داخل کرنا	ہمیشگی کے باغات	وہ جن کا	تو نے ان سے وعدہ کیا	اور جو	صالح ہیں	سے	انکے باپ دادا

اے ہمارے رب! اور انہیں ہمیشگی کے باغات میں داخل فرما، وہ جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور (انکو بھی) جو صالح ہیں انکے باپ دادا میں سے

وَ اَزْوَاجِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۸ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ

وَ اَزْوَاجِهِمْ	وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ	اِنَّكَ	اَنْتَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَقِهِمُ	السَّيِّاٰتِ
اور اُن کی بیویوں	اور اُن کی اولاد	بیشک تو	تو ہی	غالب	حکمت والا	اور تو انہیں بچالے	بُرائیوں

اور اُن کی بیویوں اور اُن کی اولاد میں سے، بیشک تو ہی غالب حکمت والا ہے - اور انہیں بُرائیوں سے بچا لے

ع ۱ ۹ ۶

وَ مَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹

وَ مَنْ	تَقِ	السَّيِّاٰتِ	يَوْمَئِذٍ	فَقَدْ رَحِمْتَهٗ	وَ ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ
اور جو	بچا	بُرائیوں	اس دن	تو یقیناً تو نے اس پر رحم کیا	اور یہ	وہ (یہی)	کامیابی	عظیم

اور جو اس دن برائیوں سے بچا ، تو یقیناً تو نے اس پر رحم کیا اور یہی عظیم کامیابی ہے -

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ

اِنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	يُنَادَوْنَ	لَمَقْتُ اللّٰهِ	اَكْبَرُ	مِنْ	مَّقْتِكُمْ	اَنْفُسَكُمْ	اِذْ
بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا	وہ پکارے جائیں گے	البتہ اللہ کا بیزار ہونا	بہت بڑا	سے	تمہارا بیزار ہونا	اپنے تئیں	جب

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا وہ پکارے جائیں گے (انہیں پکار کر کہا جائیگا) کہ اللہ کا بیزار ہونا تمہارے اپنے تئیں بیزار ہونے سے بہت بڑا ہے ، جب

تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ۝۱۰ قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَ اَحْيَيْتَنَا

تُدْعَوْنَ	اِلَى الْاِيْمَانِ	فَتَكْفُرُوْنَ	قَالُوْا	رَبَّنَا	اَمَتَّنَا	اثْنَتَيْنِ	وَ اَحْيَيْتَنَا	
تم بلائے جاتے تھے	ایمان کی طرف	تو تم کفر کرتے تھے	وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	تو نے ہمیں مُردہ رکھا	دو بار	اور زندگی بخشی ہمیں تو نے	

تم ایمان کی طرف بلائے جاتے تھے تو تم کفر کرتے تھے - وہ کہیں گے اے ہمارے رب! تو نے ہمیں مُردہ رکھا دو بار، اور ہمیں زندگی بخشی

اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝۱۱ ذٰلِكُمْ

اثْنَتَيْنِ	فَاعْتَرَفْنَا	بِذُنُوْبِنَا	فَهَلْ	اِلٰى	خُرُوْجٍ	مِنْ	سَبِيْلٍ	ذٰلِكُمْ
دو بار	پس ہم نے اعتراف کر لیا	اپنے گناہوں کا	تو کیا	طرف	نکلنا	سے کوئی	سبیل	یہ تم (پر)

دو بار، پس ہم نے اپنے گناہوں کا اعتراف کر لیا، تو کیا (اب یہاں سے) نکلنے کی کوئی سبیل ہے؟ کہا جائے گا یہ تم پر

بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَ اِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ؕ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ

بِاَنَّهٗ	دُعِيَ اللّٰهُ	وَحْدَهٗ	كَفَرْتُمْ	وَ اِنْ	يُّشْرَكْ بِهٖ	تُؤْمِنُوْا	فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ
اس لئے کہ جب	پکارا جاتا اللہ	واحد	تم کفر کرتے	اور اگر	اس کا شریک کیا جاتا	تم مان لیتے	پس حکم اللہ کے لئے

(اس لئے ہے) کہ جب اللہ واحد کو پکارا جاتا تو تم کفر کرتے اور اگر (کسی کو) اس کا شریک کیا جاتا تو تم مان لیتے، پس حکم اللہ کے لئے ہے

الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ ﴿۱۲﴾ هُوَ الَّذِي يُرِيكُمْ آيَاتِهِ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِنَ السَّمَاءِ رِزْقًا ۚ

الْعَلِيِّ	الْكَبِيرِ	هُوَ	الَّذِي	يُرِيكُمْ	آيَاتِهِ	وَيُنَزِّلُ	لَكُمْ	مِنَ السَّمَاءِ	رِزْقًا
بلند	بڑا	وہ	جو کہ	تمہیں دکھاتا ہے	اپنی نشانیاں	اور اتارتا ہے	تمہارے لئے	آسمانوں سے	رزق

جو بلند، بڑا ہے۔ وہ جو تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے، اور تمہارے لئے آسمان سے رزق اُتارتا ہے،

وَمَا يَتَذَكَّرُ إِلَّا مَنْ يُنِيبُ ﴿۱۳﴾ فَادْعُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ

وَمَا يَتَذَكَّرُ	إِلَّا	مَنْ	يُنِيبُ	فَادْعُوا اللَّهَ	مُخْلِصِينَ	لَهُ	الدِّينَ	وَلَوْ
اور نہیں نصیحت قبول کرتا	سوائے	جو	رجوع کرتا ہے	پس پکارو اللہ	خالص کرتے ہوئے	اس کے لئے	عبادت	خواہ

اور اس کے سوا کوئی نصیحت قبول نہیں کرتا جو (اللہ کی طرف) رجوع کرتا ہے پس تم اللہ کو پکارو، اسی کے لئے عبادت خالص کرتے ہوئے، خواہ

كَرِهَ الْكَافِرُونَ ﴿۱۴﴾ رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ يُلْقِي الرُّوحَ مِنْ أَمْرِهِ عَلَىٰ مَنْ

كَرِهَ	الْكَافِرُونَ	رَفِيعُ	الدَّرَجَاتِ	ذُو الْعَرْشِ	يُلْقِي الرُّوحَ	مِنْ أَمْرِهِ	عَلَىٰ مَنْ
بُرا مانیں	کافر (جمع)	بلند	درجے	عرش کا مالک	وہ ڈالتا ہے روح	اپنے حکم سے	جس پر

کافر بُرا مانیں۔ بلند درجوں والا، عرش کا مالک، وہ اپنے حکم سے روح (وحی) ڈالتا ہے (بھیجتا ہے) جس پر

يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ يَوْمَ هُمْ بَارِزُونَ ۖ لَا يَخْفَىٰ

يَشَاءُ	مِنْ عِبَادِهِ	لِيُنْذِرَ	يَوْمَ التَّلَاقِ	يَوْمَ	هُمْ	بَارِزُونَ	لَا يَخْفَىٰ
وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں (میں) سے	تاکہ وہ ڈرائے	ملاقات (قیامت) کا دن	جس دن	وہ	ظاہر ہوں گے	نہ پوشیدہ ہوگی

اپنے بندوں میں سے چاہتا ہے تاکہ وہ قیامت کے دن سے ڈرائے۔ جس دن وہ ظاہر ہوں گے، نہ پوشیدہ ہوگی

عَلَى اللَّهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ۚ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۚ لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾

عَلَى اللَّهِ	مِنْهُمْ	شَيْءٌ	لِمَنِ	الْمُلْكُ	الْيَوْمَ	لِلَّهِ	الْوَاحِدِ	الْقَهَّارِ
اللہ پر	ان سے کی	کوئی شے	کس کے لئے	بادشاہت	آج	اللہ کے لئے	واحد	زبردست قہر والا ہے

اللہ پر ان کی کوئی شے (پوشیدہ نہیں ہوگی) آج کس کے لئے بادشاہت ہے؟ (اعلان ہوگا) "اللہ کے لئے" جو واحد، زبردست قہر والا ہے

الْيَوْمَ تُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ۚ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾

الْيَوْمَ	تُجْزَىٰ	كُلُّ نَفْسٍ	بِمَا كَسَبَتْ	لَا ظُلْمَ	الْيَوْمَ	إِنَّ اللَّهَ	سَرِيعُ	الْحِسَابِ
آج	بدلہ دیا جائے گا	ہر شخص	وہ جو اس نے کمایا (اعمال)	نہیں ظلم	آج	بیشک اللہ	جلد	حساب لینے والا

آج ہر شخص کو اس کے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا، آج کوئی ظلم نہ ہوگا، بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

وَ اَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ؕ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ

وَ اَنْذِرْهُمْ	يَوْمَ الْاٰزِفَةِ	اِذِ الْقُلُوْبُ	لَدَى الْحَنَاجِرِ	كٰظِمِيْنَ	مَا لِلظّٰلِمِيْنَ
اور آپ انہیں ڈرائیں	قریب آنے والا دن (قیامت)	جب دل (جمع)	گلوں کے نزدیک	غم سے بھرے ہوئے	نہیں ظالموں کے لئے

اور انہیں قریب آنیوالے روزِ قیامت سے ڈرائیں، جب دل غم سے بھرے گلوں کے نزدیک (کلیجے منہ کو) آ رہے ہوں گے۔ ظالموں کے لئے نہیں

مِنْ حَمِيْمٍ وَّ لَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ؕ ﴿۱۸﴾ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَ مَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ﴿۱۹﴾

مِنْ	حَمِيْمٍ	وَّ لَا شَفِيْعٍ	يُّطَاعُ	يَعْلَمُ	خَآئِنَةَ	الْاَعْيُنِ	وَ مَا	تُخْفِي	الصُّدُوْرُ
سے۔کوئی	دوست	اور نہ کوئی سفارشی کرنیوالا	جسکی بات مانی جائے	وہ جانتا ہے	خیانت	آنکھوں	اور جو	چھپاتے ہیں	سینے (جمع)

کوئی دوست، نہ کوئی سفارش کرنے والا، جس کی بات مانی جائے۔ وہ جانتا ہے آنکھوں کی خیانت اور جو وہ سینوں میں چھپاتے ہیں۔

وَ اللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ؕ وَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ؕ

وَ اللّٰهُ	يَقْضِيْ	بِالْحَقِّ	وَ الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	لَا يَقْضُوْنَ	بِشَيْءٍ
اور اللہ	فیصلہ کرتا ہے	حق کے ساتھ	اور جو لوگ	پکارتے ہیں	اس کے سوا	نہیں فیصلے کرتے	کچھ بھی

اور اللہ حق کے ساتھ فیصلے کرتا ہے، اور جو لوگ اس کے سوا پکارتے ہیں، وہ کچھ بھی فیصلے نہیں کرتے،

ع ۲ ۱۱ ۷

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۲۰﴾ اَوَ لَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ

اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْبَصِيْرُ	اَوَ	لَمْ يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ
بیشک	اللہ	وہی	سننے والا	دیکھنے والا	کیا	وہ چلے پھرے نہیں	زمین میں	تو وہ دیکھتے	کیسا

بیشک اللہ ہی سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں؟ تو وہ دیکھتے کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً

كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيْنَ	كَانُوْا	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَانُوْا	هُمْ	اَشَدَّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً
ہوا	انجام	ان لوگوں کا جو	تھے	ان سے پہلے	وہ تھے	وہ	زیادہ سخت	ان سے	قوت

انجام ہوا ان لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے، وہ قوت میں اُن سے بہت زیادہ سخت تھے،

وَّ اٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَ مَا كَانَ لَهُمْ

وَ اٰثَارًا	فِي الْاَرْضِ	فَاَخَذَهُمُ	اللّٰهُ	بِذُنُوْبِهِمْ	وَ مَا	كَانَ	لَهُمْ
اور آثار	زمین میں	تو انہیں پکڑا	اللہ	انکے گناہوں کے سبب	اور نہیں	ہے	ان کے لئے

اور زمین میں آثار (نشانیوں کے اعتبار سے بھی)، تو اللہ نے انہیں گناہوں کے سبب پکڑا، اور اُن کے لئے نہیں ہے،

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۲۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

مِنَ اللّٰهِ	مِنْ	وَّاقٍ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَانَتْ تَاْتِيْهِمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ
اللہ سے	سے کوئی	بچانے والا	یہ	اس لئے کہ وہ	ان کے پاس آتے تھے	ان کے رسول	کھلی نشانیوں کے ساتھ

کوئی اللہ سے بچانے والا۔ اس لیے کہ ان کے پاس اُن کے رسول کھلی نشانیاں لے کر آتے تھے،

فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى

فَكَفَرُوْا	فَاَخَذَهُمُ	اللّٰهُ	اِنَّهٗ	قَوِيٌّ	شَدِيْدُ الْعِقَابِ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى
تو انہوں نے کفر کیا	پس پکڑا اُنہیں	اللہ	بے شک وہ	قوی	سخت عذاب والا	اور تحقیق ہم نے بھیجا	موسیٰ ؑ

تو انہوں نے کفر کیا، پس اُنہیں اللہ نے پکڑا، بیشک وہ قوی، سخت عذاب دینے والا ہے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰ ؑ کو بھیجا

بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ

بِاٰيٰتِنَا	وَسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	اِلٰى فِرْعَوْنَ	وَهَامٰنَ	وَقَارُوْنَ	فَقَالُوْا	سٰحِرٌ
اپنی نشانیوں کے ساتھ	اور سند	روشن	فرعون کی طرف	اور ہامان	اور قارون	تو انہوں نے کہا	جادوگر

اپنی نشانیوں اور روشن سند کے ساتھ فرعون، اور ہامان، اور قارون، کی طرف تو انہوں نے کہا (موسیٰ ؑ تو) جادوگر،

كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ

كَذَّابٌ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	بِالْحَقِّ	مِنْ عِنْدِنَا	قَالُوا	اقْتُلُوْٓا	اَبْنَآءَ	الَّذِيْنَ
بڑا جھوٹا	پھر جب	وہ آئے انکے پاس	حق کے ساتھ	ہمارے پاس (طرف) سے	انہوں نے کہا	تم قتل کر دو	ان کے بیٹے	وہ جو

بڑا جھوٹا ہے۔ پھر جب وہ ان کے پاس ہماری طرف سے حق کے ساتھ آئے، تو انہوں نے کہا ان کے بیٹوں کو قتل کر ڈالو جو

اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ۭ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾

اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	وَاسْتَحْيُوْا	نِسَآءَهُمْ	وَ	مَا كَيْدُ	الْكٰفِرِيْنَ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ
ایمان لائے	اس کے ساتھ	اور زندہ رہنے دو	ان کی عورتیں (بیٹیاں)	اور	اور نہیں داؤ	کافروں	سوائے	گمراہی میں

اس کے ساتھ ایمان لائے، اور ان کی بیٹیوں کو زندہ رہنے دو، اور کافروں کا داؤ گمراہی کے سوا (کچھ) نہیں۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ

وَقَالَ	فِرْعَوْنُ	ذَرُوْنِيْٓ	اَقْتُلْ	مُوْسٰى	وَلْيَدْعُ	رَبَّهٗ	اِنِّىْٓ اَخَافُ	اَنْ يُّبَدِّلَ
اور کہا	فرعون	مجھے چھوڑ دو	میں قتل کروں	موسیٰ ؑ	اور اسے پکارنے دو	اپنا رب	بیشک میں ڈرتا ہوں	کہ وہ بدل دے

اور فرعون نے کہا مجھے چھوڑ دو، کہ میں موسیٰ ؑ کو قتل کر دوں اور اسے اپنے رب کو پکارنے دو، بیشک میں ڈرتا ہوں کہ وہ بدل دے گا

دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ عُذْتُ

دِيْنَكُمْ	اَوْ	اَنْ يُّظْهِرَ	فِي الْاَرْضِ	الْفَسَادَ	وَقَالَ	مُوْسٰٓى	اِنِّيْ	عُذْتُ
تمہارا دین	یا	یہ کہ ظاہر کردے (پھیلادے)	زمین میں	فساد	اور کہا	موسیٰ ؑ	بیشک میں	پناہ لے لی

تمہارا دین، یا زمین میں فساد پھیلائے گا - اور موسیٰ ؑ نے کہا، بیشک میں نے پناہ لے لی ہے

۳ ع ۷ ۸

بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾ وَقَالَ

بِرَبِّيْ	وَرَبِّكُمْ	مِنْ	كُلِّ	مُتَكَبِّرٍ	لَا يُؤْمِنُ	بِيَوْمِ الْحِسَابِ	وَقَالَ
اپنے رب سے - کی	اور تمہارے رب سے - کی	سے	ہر	معزور	(جو) ایمان نہیں رکھتا	روزِ حساب پر	اور کہا

اپنے اور تمہارے رب کی ، ہر معزور سے جو روز حساب پر ایمان نہیں رکھتا - اور کہا

رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا

رَجُلٌ	مُّؤْمِنٌ	مِنْ	اٰلِ فِرْعَوْنَ	يَكْتُمُ	اِيْمَانَهٗٓ	اَتَقْتُلُوْنَ	رَجُلًا
ایک مرد	مؤمن	سے	فرعون کے لوگ	وہ چھپائے ہوئے تھا	اپنا ایمان	کیا تم قتل کرتے ہو	ایک آدمی

فرعون کے لوگوں میں سے ایک مومن مرد نے (جو) اپنا ایمان چھپائے ہوئے تھا، کیا تم ایک آدمی کو (محض اس بات پر) قتل کرتے ہو

اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا

اَنْ يَّقُوْلَ	رَبِّيَ اللّٰهُ	وَ قَدْ جَآءَكُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	مِنْ رَّبِّكُمْ	وَاِنْ	يَّكُ	كَاذِبًا
کہ وہ کہتا ہے	میرا رب اللہ	اور وہ تمہارے پاس آیا ہے	کھلی نشانیوں کے ساتھ	تمہارے رب کی طرف سے	اور اگر	وہ ہے	جھوٹا

کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے اور وہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے کھلی نشانیوں کے ساتھ آیا ہے اور اگر (بالفرض محال) وہ جھوٹا ہے

فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

فَعَلَيْهِ	كَذِبُهٗ	وَاِنْ يَّكُ	صَادِقًا	يُّصِبْكُمْ	بَعْضُ	الَّذِيْ	يَعِدُكُمْ	اِنَّ اللّٰهَ
تو اس پر	اس کا جھوٹ	اور اگر ہے وہ	سچا	تمہیں پہنچے گا	کچھ	وہ جو	تم سے وعدہ کرتا ہے	بیشک اللہ

تو اس کے جھوٹ (کا وبال) اسی پر ہوگا، اور اگر وہ سچا ہے تو وہ جو تم سے وعدہ کر رہا ہے اس کا کچھ (عذاب) تم پر (ضرور) پہنچے گا، بیشک اللہ

لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾ يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ

لَا يَهْدِيْ	مَنْ هُوَ	مُسْرِفٌ	كَذَّابٌ	يٰقَوْمِ	لَكُمُ	الْمُلْكُ	الْيَوْمَ	ظٰهِرِيْنَ
ہدایت نہیں دیتا	جو ہو	حد سے گزرنے والا	سخت جھوٹا	اے میری قوم	تمہارے لئے	بادشاہت	آج	غالب

(اسے) ہدایت نہیں دیتا جو حد سے گزرنے والا، سخت جھوٹا۔ اے میری قوم آج بادشاہت تمہاری ہے ، تم غالب ہو

فِي الْاَرْضِ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ؕ قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ

فِي الْاَرْضِ	فَمَنْ	يَّنْصُرُنَا	مِنْ	بَاْسِ اللّٰهِ	اِنْ جَآءَنَا	قَالَ	فِرْعَوْنُ	مَآ
زمین میں	تو کون	ہماری مدد کریگا	سے	اللہ کا عذاب	اگر وہ آجائے ہم پر	کہا	فرعون	نہیں

زمین میں، اگر اللہ کا عذاب ہم پر آجائے تو اس سے بچانے کے لئے کون ہماری مدد کرے گا؟ فرعون نے کہا، میں

اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الَّذِيْٓ

اُرِيْكُمْ	اِلَّا	مَآ اَرٰى	وَمَآ اَهْدِيْكُمْ	اِلَّا	سَبِيْلَ	الرَّشَادِ	وَقَالَ	الَّذِيْٓ
میں دکھاتا رائے دیتا تمہیں	مگر	جو میں دیکھتا ہوں	اور راہ نہیں دکھاتا تمہیں	مگر	راہ	بھلائی	اور کہا	وہ شخص جو

تمہیں رائے نہیں دیتا مگر جو میں دیکھتا ہوں اور میں تمہیں راہ نہیں دکھاتا مگر بھلائی کی راہ۔ اور اس شخص نے کہا جو

اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿۳۰﴾ مِثْلَ دَاْبِ

اٰمَنَ	يٰقَوْمِ	اِنِّيْٓ اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	مِثْلَ	يَوْمِ الْاَحْزَابِ	مِثْلَ	دَاْبِ
ایمان لے آیا	اے میری قوم	میں ڈرتا ہوں	تم پر	مانند	(سابقہ) گروہوں کا دن	جیسے	حال

ایمان لے آیا تھا، اے میری قوم! میں تم پر سابقہ گروہوں کے دن کے مانند (عذاب نازل ہونے سے) ڈرتا ہوں، جیسے حال ہوا

قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ

قَوْمِ نُوْحٍ	وَعَادٍ	وَثَمُوْدَ	وَالَّذِيْنَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	وَمَا	اللّٰهُ	يُرِيْدُ
قوم نوح	اور عاد	اور ثمود	اور جو لوگ	ان کے بعد	اور نہیں	اللہ	چاہتا

قوم نوح اور عاد اور ثمود کا اور جو ان کے بعد (ہوئے) اور اللہ نہیں چاہتا

ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾ وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿۳۲﴾ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ

ظُلْمًا	لِّلْعِبَادِ	وَيٰقَوْمِ	اِنِّيْٓ اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	يَوْمَ التَّنَادِ	يَوْمَ	تُوَلُّوْنَ
کوئی ظلم	اپنے بندوں کے لئے	اور اے میری قوم	میں ڈرتا ہوں	تم پر	من چیخ و پکار	جس دن	تم پھر جاؤ گے (بھاگو گے)

اپنے بندوں کے لئے کوئی ظلم۔ اور اے میری قوم! میں تم پر چیخ و پکار کے دن سے ڈرتا ہوں۔ جس دن تم بھاگو گے

مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

مُدْبِرِيْنَ	مَا لَكُمْ	مِنَ اللّٰهِ	مِنْ	عَاصِمٍ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ
پیٹھ پھیر کر	نہیں تمہارے لئے	اللہ سے	کوئی	بچانے والا	اور جس کو	گمراہ کردے	اللہ	تو نہیں اس کے لئے

پیٹھ پھیر کر، تمہارے لئے اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہوگا،، اور جس کو اللہ گمراہ کر دے گا اس کے لئے کوئی نہیں

مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ

مِنْ هَادٍ	وَ لَقَدْ جَآءَكُمْ	يُوْسُفُ	مِنْ قَبْلُ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا زِلْتُمْ	فِيْ شَكٍّ
کوئی ہدایت دینے والا	اور تحقیق آئے تمہارے پاس	یوسف ؑ	اس سے قبل	(واضح) دلائل کے ساتھ	سو تم ہمیشہ رہے	شک میں

ہدایت دینے والا۔ اور تحقیق تمہارے پاس اس سے قبل یوسف ؑ واضح دلائل کے ساتھ آئے، سو تم ہمیشہ شک میں رہے

مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ

مِمَّا جَآءَكُمْ	بِهٖ	حَتّٰۤى	اِذَا	هَلَكَ	قُلْتُمْ	لَنْ يَّبْعَثَ	اللّٰهُ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	رَسُوْلًا
اس سے آئے تمہارے پاس	اسکے ساتھ	یہاں تک	جب	وہ فوت ہوگئے	تم نے کہا	ہرگز نہ بھیجے گا	اللہ	اس کے بعد	کوئی رسول

اس (کے بارہ میں) جس کے ساتھ وہ تمہارے پاس آئے، یہاں تک کہ جب وہ فوت ہوگئے تو تم نے کہا اس کے بعد اللہ ہرگز کوئی رسول نہ بھیجے گا

كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ﴿۳۴﴾ ۚ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ

كَذٰلِكَ	يُضِلُّ اللّٰهُ	مَنْ هُوَ	مُسْرِفٌ	مُّرْتَابُ	الَّذِيْنَ	يُجَادِلُوْنَ	فِيْۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ
اسی طرح	گمراہ کرتا ہے اللہ	جو وہ	حد سے گزرنے والا	شک میں رہنے والا	جو لوگ	جھگڑا کرتے ہیں	میں اللہ کی آیتیں

اسی طرح اللہ (اسے) گمراہ کرتا ہے جو حد سے گزرنے والا، شک میں رہنے والا ہو۔ جو لوگ اللہ کی آیتوں (کے بارے) میں جھگڑتے ہیں

بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ

بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ	اَتٰىهُمْ	كَبُرَ مَقْتًا	عِنْدَ اللّٰهِ	وَعِنْدَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
بغیر کسی دلیل	آئی اُن کے پاس	سخت ناپسند	اللہ کے نزدیک	اور نزدیک	ان لوگوں کے جو	ایمان لائے

کسی دلیل کے بغیر جو اُن کے پاس آئی ہو (انکی یہ کج بحثی) سخت ناپسند ہے، اللہ کے نزدیک اور ان کے نزدیک جو ایمان لائے

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ

كَذٰلِكَ	يَطْبَعُ اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ قَلْبِ	مُتَكَبِّرٍ	جَبَّارٍ	وَقَالَ	فِرْعَوْنُ	يٰهَامٰنُ
اسی طرح	مُہر لگا دیتا ہے اللہ	پر	ہر دل	مغرور	سرکش	اور کہا	فرعون	اے ہامان

اسی طرح اللہ ہر مغرور، سرکش کے دل پر مہر لگا دیتا ہے۔ اور فرعون نے کہا اے ہامان!

ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْۤ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿۳۶﴾ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوْسٰى

ابْنِ	لِيْ	صَرْحًا	لَّعَلِّيْۤ	اَبْلُغُ	الْاَسْبَابَ	اَسْبَابَ	السَّمٰوٰتِ	فَاَطَّلِعَ	اِلٰۤى اِلٰهِ	مُوْسٰى
بنا دے تو	میرے لئے	ایک (بلند) محل	شاید کہ میں	پہنچ جاؤں	راستے	راستے	آسمانوں	پس جھانک لوں	طرف۔کو معبود	موسیٰ ؑ

میرے لئے ایک بلند عمارت بنا، شاید کہ میں راستوں تک پہنچ جاؤں۔ آسمانوں کے راستے، پس میں موسیٰ ؑ کے معبود کو جھانک لوں،

وَ اِنِّیْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَ كَذٰلِكَ زُیِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَ صُدَّ

وَ اِنِّیْ	لَاَظُنُّهٗ	كَاذِبًا	وَ كَذٰلِكَ	زُیِّنَ	لِفِرْعَوْنَ	سُوْٓءُ عَمَلِهٖ	وَ صُدَّ
اور بیشک میں	اسے البتہ گمان کرتا ہوں	جھوٹا	اور اسی طرح	آراستہ دکھائے گئے	فرعون کو	اس کے بُرے عمل	اور وہ روک دیا گیا

اور بیشک میں اسے البتہ جھوٹا گمان کرتا ہوں، اور اسی طرح فرعون کو اس کے بُرے عمل آراستہ دکھائے گئے اور وہ روک دیا گیا

ع ۴ ۱۰ ۹

عَنِ السَّبِیْلِ ؕ وَ مَا كَیْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِیْ تَبَابٍ ﴿۳۷﴾ وَ قَالَ الَّذِیْٓ اٰمَنَ یٰقَوْمِ

عَنِ	السَّبِیْلِ	وَ مَا كَیْدُ	فِرْعَوْنَ	اِلَّا	فِیْ تَبَابٍ	وَ قَالَ	الَّذِیْٓ اٰمَنَ	یٰقَوْمِ
سے	سیدھا، راستہ	اور نہیں تدبیر	فرعون	مگر صرف	تباہی میں	اور کہا	وہ جو ایمان لے آیا تھا	اے میری قوم

سیدھے راستے سے، اور فرعون کی تدبیر صرف تباہی ہی تھی - اور جو شخص ایمان لے آیا تھا، اس نے کہا اے میری قوم!

اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِیْلَ الرَّشَادِ ﴿۳۸﴾ یٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا مَتَاعٌ ۫

اتَّبِعُوْنِ	اَهْدِكُمْ	سَبِیْلَ	الرَّشَادِ	یٰقَوْمِ	اِنَّمَا	هٰذِهِ	الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا	مَتَاعٌ
تم میری پیروی کرو	میں تمہیں راہ دکھاؤں گا	راستہ	بھلائی	اے میری قوم	اسکے سوا نہیں	یہ	دنیا کی زندگی	(تھوڑا) فائدہ

تم میری پیروی کرو، میں تمہیں بھلائی کا راستہ دکھا دوں گا- اے میری قوم! اس کے سوا نہیں کہ یہ دنیا کی زندگی تھوڑا سا فائدہ ہے،

وَّ اِنَّ الْاٰخِرَةَ هِیَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿۳۹﴾ مَنْ عَمِلَ سَیِّئَةً فَلَا یُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ

وَ اِنَّ	الْاٰخِرَةَ	هِیَ	دَارُ الْقَرَارِ	مَنْ	عَمِلَ	سَیِّئَةً	فَلَا یُجْزٰٓى	اِلَّا	مِثْلَهَا
اور بیشک	آخرت	یہ	(ہمیشہ) رہنے کا گھر	جو۔جس	عمل کیا	بُرا	اسے بدلہ نہ دیا جائیگا	مگر	اسی جیسا

اور آخرت بیشک ہمیشہ رہنے کا گھر ہے- جس شخص نے بُرا عمل کیا اُسے اُس جیسا بدلہ دیا جائے گا،

وَ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ یَدْخُلُوْنَ

وَ مَنْ	عَمِلَ	صَالِحًا	مِنْ	ذَكَرٍ	اَوْ اُنْثٰى	وَ هُوَ مُؤْمِنٌ	فَاُولٰٓئِكَ	یَدْخُلُوْنَ
اور جو۔جس	عمل کیا	اچھا	سے۔خواہ	مرد	یا عورت	اور (بشرطیکہ) وہ مومن	تو یہی لوگ	داخل ہوں گے

اور جس نے اچھا عمل کیا، خواہ مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ وہ مومن ہو، تو یہی لوگ داخل ہوں گے

الْجَنَّةَ یُرْزَقُوْنَ فِیْهَا بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾ وَ یٰقَوْمِ مَا لِیْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ

الْجَنَّةَ	یُرْزَقُوْنَ	فِیْهَا	بِغَیْرِ حِسَابٍ	وَ یٰقَوْمِ	مَا لِیْٓ	اَدْعُوْكُمْ	اِلَى النَّجٰوةِ
جنت	وہ رزق دیئے جائیں گے	اس میں	بے حساب	اور اے میری قوم	کیا ہوا مجھے	میں بلاتا ہوں تمہیں	طرف	نجات

جنت میں، اس میں انہیں بے حساب رزق دیا جائے گا- اور اے میری قوم! مجھے کیا ہوا ہے کہ میں تمہیں نجات کی طرف بلاتا ہوں،

وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿۴۱﴾ تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا

وَتَدْعُوْنَنِيْ	اِلَى	النَّارِ	تَدْعُوْنَنِيْ	لِاَكْفُرَ	بِاللّٰهِ	وَاُشْرِكَ	بِهٖ	مَا
اور بلاتے ہو تم مجھے	طرف	آگ (جہنم)	تم بلاتے ہو مجھے	کہ میں انکار کروں	اللہ کا	اور میں شریک ٹھہراؤں	اسکے ساتھ	جو

اور تم مجھے جہنم کی طرف بلاتے ہو۔ تم مجھے بلاتے ہو کہ میں اللہ کا انکار کروں اور اس کے ساتھ اُسے شریک ٹھہراؤں

لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّمَا

لَيْسَ	لِيْ	بِهٖ	عِلْمٌ	وَاَنَا	اَدْعُوْكُمْ	اِلَى	الْعَزِيْزِ	الْغَفَّارِ	لَا جَرَمَ	اَنَّمَا
نہیں	مجھے	اس کا	کوئی علم	اور میں	بلاتا ہوں تمہیں	طرف	غالب	بخشنے والا	کوئی شک نہیں	یہ کہ

جس کا مجھے کوئی علم نہیں اور میں تمہیں غالب بخشنے والے (اللہ) کی طرف بلاتا ہوں۔ کوئی شک نہیں کہ

تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ

تَدْعُوْنَنِيْٓ	اِلَيْهِ	لَيْسَ لَهٗ	دَعْوَةٌ	فِي الدُّنْيَا	وَلَا	فِي الْاٰخِرَةِ	وَاَنَّ	مَرَدَّنَآ
تم بلاتے ہو مجھے	اس کی طرف	نہیں اسکے لئے	بُلانا	دنیا میں	اور نہ	آخرت میں	اور یہ کہ	پھر جانا ہے ہمیں

تم مجھے جس کی طرف بلاتے ہو اس کا دنیا میں اور آخرت میں (کچھ بھی) نہیں اور یہ کہ ہمیں پھر جانا ہے

اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ

اِلَى اللّٰهِ	وَاَنَّ	الْمُسْرِفِيْنَ	هُمْ	اَصْحٰبُ النَّارِ	فَسَتَذْكُرُوْنَ
اللہ کی طرف	اور یہ کہ	حد سے بڑھنے والے	وہ۔ وہی	آگ والے (جہنمی)	سو تم جلد یاد کرو گے

اللہ کی طرف، اور یہ کہ حد سے بڑھ جانے والے ہی جہنمی ہیں۔ سو تم جلدی یاد کرو گے

مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾

مَآ اَقُوْلُ	لَكُمْ	وَاُفَوِّضُ	اَمْرِيْٓ	اِلَى اللّٰهِ	اِنَّ اللّٰهَ	بَصِيْرٌۢ	بِالْعِبَادِ
جو میں کہتا ہوں	تمہیں	اور میں سونپتا ہوں	اپنا کام	اللہ کو	بیشک اللہ	دیکھنے والا	بندوں کو

جو میں تمہیں کہتا ہوں اور میں اپنا کام (معاملہ) اللہ کو سونپتا ہوں، بیشک اللہ بندوں کو دیکھنے والا ہے۔

فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾

فَوَقٰىهُ	اللّٰهُ	سَيِّاٰتِ	مَا مَكَرُوْا	وَحَاقَ	بِاٰلِ فِرْعَوْنَ	سُوْٓءُ الْعَذَابِ
سو اسے بچا لیا	اللہ	بُرائیاں	داؤ جو وہ کرتے تھے	اور گھیر لیا	فرعون والوں کو	بُرا عذاب

سو اللہ نے اسے بچا لیا (اُن) بُرے داؤ سے جو وہ کرتے تھے، اور فرعون والوں کو بُرے عذاب نے گھیر لیا۔

اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۫ اَدْخِلُوْٓا

اَلنَّارُ	يُعْرَضُوْنَ	عَلَيْهَا	غُدُوًّا	وَعَشِيًّا	وَيَوْمَ	تَقُوْمُ	السَّاعَةُ	اَدْخِلُوْٓا
آگ	وہ حاضر کئے جاتے ہیں	اس پر	صبح	اور شام	اور جس دن	قائم ہوگی	قیامت	داخل کرو تم

(جہنم کی) آگ جس پر وہ صبح و شام پیش کئے جاتے ہیں، اور جس دن قیامت قائم ہوگی (حکم ہوگا) تم داخل کرو

اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿۴۶﴾ وَ اِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِى النَّارِ فَيَقُوْلُ

اٰلَ فِرْعَوْنَ	اَشَدَّ	الْعَذَابِ	وَاِذْ	يَتَحَآجُّوْنَ	فِى النَّارِ	فَيَقُوْلُ
فرعون والے	شدید ترین	عذاب	اور جب	وہ باہم جھگڑیں گے	آگ (جہنم) میں	تو کہیں گے

فرعون والوں کو شدید ترین عذاب میں - اور وہ جہنم میں باہم جھگڑیں گے تو کہیں گے

الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ

الضُّعَفٰٓؤُا	لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْٓا	اِنَّا كُنَّا	لَكُمْ	تَبَعًا	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّغْنُوْنَ
کمزور	ان لوگوں کو جو	وہ بڑے بنتے تھے	بیشک ہم تھے	تمہارے	تابع	تو کیا	تم	دُور کردو گے

کمزور ان لوگوں کو جو بڑے بنتے تھے، بیشک ہم (دنیا میں) تمہارے تابع تھے تو کیا (اب) تم دُور کردو گے

عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ

عَنَّا	نَصِيْبًا	مِّنَ	النَّارِ	قَالَ	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْٓا	اِنَّا	كُلٌّ	فِيْهَآ
ہم سے	کچھ حصہ	سے۔ کا	آگ	کہیں گے	وہ لوگ جو	بڑے بنتے تھے	بیشک ہم	سب	اس میں

ہم سے آگ کا کچھ حصہ؟ وہ لوگ جو بڑے بنتے تھے کہیں گے، بیشک ہم سب اس میں ہیں

اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾ وَ قَالَ الَّذِيْنَ فِى النَّارِ لِخَزَنَةِ

اِنَّ اللّٰهَ	قَدْ حَكَمَ	بَيْنَ الْعِبَادِ	وَ قَالَ	الَّذِيْنَ	فِى النَّارِ	لِخَزَنَةِ
بیشک اللہ	فیصلہ کرچکا ہے	بندوں کے درمیان	اور کہیں گے	وہ لوگ جو	آگ میں	نگہبان۔ داروغہ (جمع) کو

بیشک اللہ بندوں کے درمیان فیصلہ کرچکا ہے - اور وہ لوگ جو آگ میں ہوں گے وہ کہیں گے داروغوں

جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾ قَالُوْٓا اَوَ

جَهَنَّمَ	ادْعُوْا	رَبَّكُمْ	يُخَفِّفْ	عَنَّا	يَوْمًا	مِّنَ الْعَذَابِ	قَالُوْٓا	اَوَ
جہنم	تم دعا کرو	اپنے رب سے	ہلکا کردے	ہم سے	ایک دن	سے۔ کا عذاب	وہ کہیں گے	کیا

جہنم (کے نگہبان فرشتوں) کو اپنے رب سے دُعا کرو، ایک دن کا عذاب ہم سے ہلکا کردے - وہ کہیں گے، کیا

لَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ قَالُوْا بَلٰى ؕ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا

لَمْ تَكُ	تَاْتِيْكُمْ	رُسُلُكُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	قَالُوْا	بَلٰى	قَالُوْا	فَادْعُوْا	وَمَا
نہیں تھے	تمہارے پاس آتے	تمہارے رسول	نشانیوں کے ساتھ	وہ کہیں گے	ہاں	وہ کہیں گے	تو تم پکارو	اور نہ

تمہارے پاس تمہارے رسول کھلی نشانیوں کے ساتھ نہیں آئے تھے؟ وہ کہیں گے ہاں! (کیوں نہیں) وہ کہیں گے تو تم پکارو، اور نہ ہو گی

۵ ع ۱۳ ۱۰

دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

دُعٰٓؤُا	الْكٰفِرِيْنَ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ	اِنَّا	لَنَنْصُرُ	رُسُلَنَا	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
پکار	(جمع) کافر	مگر	گمراہی میں (بے سود)	بیشک ہم	ضرور مدد کرتے ہیں	اپنے رسول (جمع)	اور جو لوگ	ایمان لائے

کافروں کی پکار مگر بے سود - بیشک ہم ضرور مدد کرتے ہیں اپنے رسولوں کی اور ان لوگوں کی جو ایمان لائے

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ﴿۵۱﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ

فِي	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَيَوْمَ	يَقُوْمُ	الْاَشْهَادُ	يَوْمَ	لَا يَنْفَعُ	الظّٰلِمِيْنَ
میں	زندگی	دنیا	اور جس دن	کھڑے ہونگے	گواہی دینے والے	جس دن	نفع نہ دے گی	جمع ظالم

دنیا کی زندگی میں اور (اس دن بھی) جس دن گواہی دینے والے کھڑے ہوں گے - جس دن ظالموں کو نفع نہ دے گی

مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى

مَعْذِرَتُهُمْ	وَلَهُمُ	اللَّعْنَةُ	وَلَهُمْ	سُوْٓءُ الدَّارِ	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْهُدٰى
ان کی عذر خواہی	اور ان کے لئے	لعنت	اور ان کے لئے	بُرا گھر (ٹھکانا)	اور تحقیق ہم نے دی	موسیٰ ؑ	ہدایت

ان کی عذر خواہی، اور اُن کے لئے لعنت (اللہ کی رحمت سے دُوری) ہے اور انکے لئے بُرا گھر ہے - اور تحقیق ہم نے موسیٰ ؑ کو ہدایت (توریت) دی

وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿۵۳﴾ هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۵۴﴾

وَاَوْرَثْنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	الْكِتٰبَ	هُدًى	وَذِكْرٰى	لِاُولِي الْاَلْبَابِ
اور ہم نے وارث بنایا	بنی اسرائیل	کتاب (توریت)	ہدایت	اور نصیحت	عقل مندوں کے لئے

اور ہم نے بنی اسرائیل کو توریت کا وارث بنایا (جو) عقلمندوں کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے -

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

فَاصْبِرْ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	وَاسْتَغْفِرْ	لِذَنْۢبِكَ	وَسَبِّحْ	بِحَمْدِ رَبِّكَ
پس آپ صبر کریں	بیشک	اللہ کا وعدہ	سچا	اور مغفرت طلب کریں	اپنے گناہوں کے لئے	اور پاکیزگی بیان کریں	اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ

پس آپ صبر کریں بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور اپنے (ناکردہ) گناہوں کیلئے مغفرت طلب کریں، اور اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کریں

بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ﴿٥٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ

بِالْعَشِيِّ	وَالْإِبْكَارِ	إِنَّ	الَّذِينَ	يُجَادِلُونَ	فِي	آيَاتِ اللَّهِ	بِغَيْرِ
شام	اور صبح	بیشک	وہ لوگ جو	جھگڑتے ہیں	میں	اللہ کی آیات	بغیر

شام اور صبح ۔ بیشک جو لوگ اللہ کی آیات میں جھگڑتے ہیں بغیر

سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ ۙ إِنْ فِي صُدُورِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَا هُمْ بِبَالِغِيهِ ۚ

سُلْطَانٍ	أَتَاهُمْ	إِنْ	فِي	صُدُورِهِمْ	إِلَّا	كِبْرٌ	مَا هُمْ	بِبَالِغِيهِ
کسی سند	ان کے پاس آئی ہو	نہیں	میں	ان کے سینے (دل)	سوائے	تکبر	نہیں وہ	اس تک پہنچنے والے

کسی سند کے جو ان کے پاس آئی ہو، ان کے دلوں میں تکبر (بڑائی کی ہوس) کے سوا کچھ نہیں، جس تک وہ کبھی پہنچنے والے نہیں۔

فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ﴿٥٦﴾ لَخَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

فَاسْتَعِذْ	بِاللَّهِ	إِنَّهُ	هُوَ السَّمِيعُ	الْبَصِيرُ	لَخَلْقُ	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ
پس آپ پناہ چاہیں	اللہ کی	بیشک وہ	وہی سننے والا	دیکھنے والا	یقیناً پیدا کرنا	آسمانوں	اور زمین

پس آپ اللہ کی پناہ چاہیں، بیشک وہی سننے والا دیکھنے والا ہے۔ یقیناً آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنا

أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٥٧﴾ وَمَا يَسْتَوِي

أَكْبَرُ	مِنْ	خَلْقِ النَّاسِ	وَلَٰكِنَّ	أَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُونَ	وَمَا يَسْتَوِي
بہت بڑا	سے	لوگوں کو پیدا کرنا	اور لیکن	اکثر لوگ	جانتے (سمجھتے) نہیں	اور برابر نہیں

لوگوں کے پیدا کرنے سے بہت بڑا ہے، لیکن اکثر لوگ سمجھتے نہیں۔ اور برابر نہیں

الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَلَا الْمُسِيءُ ۚ قَلِيلًا

الْأَعْمَىٰ	وَالْبَصِيرُ	وَالَّذِينَ آمَنُوا	وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ	وَلَا الْمُسِيءُ	قَلِيلًا
نابینا	اور بینا	اور جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے اچھے عمل کئے	اور نہ بدکار	بہت کم

نابینا اور بینا، اور (نہ) وہ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے، اور نہ وہ جو بدکار ہیں۔ بہت کم

مَا تَتَذَكَّرُونَ ﴿٥٨﴾ إِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيهَا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ

مَا تَتَذَكَّرُونَ	إِنَّ	السَّاعَةَ	لَآتِيَةٌ	لَا رَيْبَ	فِيهَا	وَلَٰكِنَّ	أَكْثَرَ
جو تم غور و فکر کرتے ہو	بیشک	قیامت	ضرور آنے والی	نہیں شک	اس میں	اور لیکن	اکثر

تم غور و فکر کرتے ہو۔ بے شک قیامت ضرور آنے والی ہے، اس میں کوئی شک نہیں، لیکن اکثر

النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٥٩﴾ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ ۚ إِنَّ الَّذِينَ

النَّاسِ	لَا يُؤْمِنُونَ	وَقَالَ	رَبُّكُمُ	ادْعُونِي	أَسْتَجِبْ	لَكُمْ	إِنَّ	الَّذِينَ
لوگ	ایمان نہیں لاتے	اور کہا	تمہارے رب نے	تم دعا کرو مجھ سے	میں قبول کروں گا	تمہاری	بیشک	جو لوگ

لوگ ایمان نہیں لاتے - اور تمہارے رب نے کہا تم مجھ سے دعا کرو، میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا، بیشک جو لوگ

ع ۶ ۱۰ ۱۱

يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ ﴿٦٠﴾ اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ

يَسْتَكْبِرُونَ	عَنْ	عِبَادَتِي	سَيَدْخُلُونَ	جَهَنَّمَ	دَاخِرِينَ	اللَّهُ	الَّذِي	جَعَلَ
تکبر کرتے ہیں	سے	میری عبادت	عنقریب وہ داخل ہوں گے	جہنم	خوار ہو کر	اللہ	وہ جس نے	بنائی

میری عبادت سے تکبر (سرتابی) کرتے ہیں عنقریب خوار ہو کر وہ جہنم میں داخل ہوں گے - اللہ وہ ہے جس نے بنائی

لَكُمُ اللَّيْلَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ

لَكُمُ	اللَّيْلَ	لِتَسْكُنُوا	فِيهِ	وَالنَّهَارَ	مُبْصِرًا	إِنَّ	اللَّهَ	لَذُو فَضْلٍ
تمہارے لئے	رات	تاکہ تم سکون حاصل کرو	اس میں	اور دن	دکھانے کو	بیشک	اللہ	فضل والا

تمہارے لئے رات تاکہ تم اس میں سکون حاصل کرو اور دن دکھانے کو (روشن بنایا) بیشک اللہ فضل والا ہے

عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٦١﴾ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ

عَلَى النَّاسِ	وَلَٰكِنَّ	أَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَشْكُرُونَ	ذَٰلِكُمُ	اللَّهُ	رَبُّكُمْ
لوگوں پر	اور لیکن	اکثر لوگ	شکر نہیں کرتے	یہ ہے	اللہ	تمہارا پروردگار

لوگوں پر، لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے - یہ ہے اللہ تمہارا پروردگار

الربع المجیب

خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ﴿٦٢﴾ كَذَٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِينَ

خَالِقُ	كُلِّ شَيْءٍ	لَا	إِلَٰهَ	إِلَّا هُوَ	فَأَنَّىٰ	تُؤْفَكُونَ	كَذَٰلِكَ	يُؤْفَكُ	الَّذِينَ
پیدا کرنیوالا	ہر شے	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	تو کہاں تم	اُلٹے پھرے جاتے ہو	اسی طرح	اُلٹے پھر جاتے ہیں	وہ لوگ جو

ہر شے کا پیدا کرنے والا، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، تو تم کہاں اُلٹے پھرے جاتے ہو؟ اسی طرح وہ لوگ الٹے پھر جاتے ہیں جو

كَانُوا بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ﴿٦٣﴾ اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ قَرَارًا

كَانُوا	بِآيَاتِ اللَّهِ	يَجْحَدُونَ	اللَّهُ	الَّذِي	جَعَلَ	لَكُمُ	الْأَرْضَ	قَرَارًا
تھے	اللہ کی آیات سے - کا	وہ انکار کرتے	اللہ	وہ جس نے	اس کو بنایا	تمہارے لئے	زمین	قرار گاہ

اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہیں - اللہ ہے، جس نے تمہارے لئے زمین کو قرار گاہ بنایا،

وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً وَّ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَ رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ

وَ السَّمَآءَ	بِنَآءً	وَ صَوَّرَكُمْ	فَاَحْسَنَ	صُوَرَكُمْ	وَ رَزَقَكُمْ	مِنَ الطَّيِّبٰتِ
اور آسمان	چھت	اور تمہیں صورت دی	تو بہت ہی حسین	تمہیں صورت دی	اور تمہیں رزق دیا	سے پاکیزہ چیزیں

اور آسمان کو چھت (بنایا) اور تمہیں صورت دی تو بہت ہی حسین صورت دی، اور تمہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ هُوَ الْحَيُّ لَاۤ اِلٰهَ

ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	فَتَبٰرَكَ	اللّٰهُ	رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ	هُوَ	الْحَيُّ	لَاۤ	اِلٰهَ
یہ ہے	اللہ	تمہارا پروردگار	سو برکت والا	اللہ	پروردگار	سارے جہان	وہی	زندہ رہنے والا	نہیں	کوئی معبود

یہ ہے اللہ تمہارا پروردگار، سو برکت والا ہے اللہ، سارے جہان کا پروردگار۔ وہی زندہ رہنے والا ہے، نہیں کوئی معبود

اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۵﴾ قُلْ

اِلَّا هُوَ	فَادْعُوْهُ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ الدِّيْنَ	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	قُلْ
سوائے اس کے	پس تم پکارو اسے	خالص کرکے	اس کے لئے عبادت	تمام تعریفیں اللہ کے لئے	پروردگار	سارے جہان	آپ فرمادیں

اس کے سوا پس تم اس کے لئے عبادت خالص کرکے اُسی کو پکارو، تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں سارے جہان کا پروردگار۔ آپ فرمادیں

اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ

اِنِّيْ	نُهِيْتُ	اَنْ اَعْبُدَ	الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	لَمَّا جَآءَنِيَ
بیشک میں	مجھے منع کر دیا گیا ہے	کہ پرستش کروں میں	وہ جن کی	تم پوجا کرتے ہو	اللہ کے سوا	جب وہ میرے پاس آگئیں

بیشک مجھے منع کر دیا گیا ہے کہ میں ان کی پرستش کروں جن کی تم اللہ کے سوا پوجا کرتے ہو، جب میرے پاس آگئیں

الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ وَ اُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۶﴾ هُوَ الَّذِيْ

الْبَيِّنٰتُ	مِنْ رَّبِّيْ	وَ اُمِرْتُ	اَنْ اُسْلِمَ	لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	هُوَ الَّذِيْ
کھلی نشانیاں	میرے رب سے	اور مجھے حکم دیا گیا	کہ میں اپنی گردن جھکادوں	پروردگار کے لئے	تمام جہان	وہ جس نے

میرے رب (کی طرف) سے کھلی نشانیاں، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ تمام جہانوں کے پروردگار کے لئے اپنی گردن جھکا دوں" وہ جس نے

خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ

خَلَقَكُمْ	مِنْ تُرَابٍ	ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ	مِنْ عَلَقَةٍ	ثُمَّ	يُخْرِجُكُمْ
پیدا کیا تمہیں	مٹی سے	پھر	نطفہ سے	پھر	لوتھڑے سے	پھر	تمہیں نکالتا ہے وہ

تمہیں مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفہ سے، پھر لوتھڑے سے، پھر وہ تمہیں نکالتا ہے (ماں کے پیٹ سے)

طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى

طِفْلًا	ثُمَّ	لِتَبْلُغُوْٓا	اَشُدَّكُمْ	ثُمَّ	لِتَكُوْنُوْا	شُيُوْخًا	وَمِنْكُمْ	مَّنْ يُّتَوَفّٰى
بچہ سا	پھر	تاکہ تم پہنچو	اپنی جوانی	پھر	تاکہ تم ہو جاؤ	بوڑھے	اور تم میں سے	جو فوت ہو جاتا ہے

بچہ سا، پھر (تمہیں باقی رکھتا ہے) تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچو، پھر (زندہ رکھتا ہے) تاکہ تم بوڑھے ہو جاؤ اور تم میں سے (کوئی ہے) جو فوت ہو جاتا ہے

مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ

مِنْ قَبْلُ	وَلِتَبْلُغُوْٓا	اَجَلًا مُّسَمًّى	وَلَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	هُوَ الَّذِيْ	يُحْيٖ
اس سے قبل	اور تاکہ پہنچو تم	وقتِ مقررہ	اور تاکہ تم	سمجھو	وہی ہے جو	زندگی عطا کرتا ہے

اس سے قبل، اور تاکہ تم سب (اپنے اپنے) وقتِ مقررہ کو پہنچو (مقصد یہ ہے) تاکہ تم سمجھو۔ وہی ہے جو زندگی عطا کرتا ہے

ع ۸ ۱۲

وَيُمِيْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۶۸﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ

وَيُمِيْتُ	فَاِذَا	قَضٰى	اَمْرًا	فَاِنَّمَا	يَقُوْلُ لَهٗ	كُنْ	فَيَكُوْنُ	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ
اور مارتا ہے	پھر جب	وہ فیصلہ کرتا ہے	کسی امر	تو اسکے سوا نہیں	وہ کہتا ہے اسکے لئے	تو ہو جا	سو وہ ہو جاتا ہے	کیا نہیں دیکھا تم نے	طرف	جو لوگ

اور مارتا ہے، پھر جب وہ کسی امر کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کے سوا نہیں کہ وہ اس کو کہتا ہے "ہو جا" سو وہ ہو جاتا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو

يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ﴿۶۹﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ

يُجَادِلُوْنَ	فِيْٓ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	اَنّٰى	يُصْرَفُوْنَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِالْكِتٰبِ	وَبِمَآ
جھگڑتے ہیں	میں	اللہ کی آیات	کہاں	پھیرے جاتے ہیں	جن لوگوں نے	جھٹلایا	کتاب کو	اور اس کو جو

اللہ کی آیات میں جھگڑتے ہیں؟ وہ کہاں پھیرے جاتے (بھٹکتے) ہیں؟ جن لوگوں نے کتاب کو جھٹلایا اور اسے

اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۭ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۰﴾ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَ

اَرْسَلْنَا	بِهٖ	رُسُلَنَا	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ	اِذِ	الْاَغْلٰلُ	فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ	وَ
ہم نے بھیجا	اس کے ساتھ	اپنے رسول	پس جلد	وہ جان لیں گے	جب	طوق (جمع)	ان کی گردنوں میں	اور

جس کے ساتھ ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا، پس وہ جلد جان لیں گے۔ جب ان کی گردنوں میں طوق اور

السَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ﴿۷۱﴾ فِي الْحَمِيْمِ ۙ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ ثُمَّ قِيْلَ

السَّلٰسِلُ	يُسْحَبُوْنَ	فِي الْحَمِيْمِ	ثُمَّ	فِي النَّارِ	يُسْجَرُوْنَ	ثُمَّ	قِيْلَ
زنجیریں	وہ گھسیٹے جائیں گے	کھولتے ہوئے پانی میں	پھر	آگ میں	وہ جھونک دیئے جائیں گے	پھر	کہا جائے گا

زنجیریں ہوں گی، وہ گھسیٹے جائیں گے۔ کھولتے ہوئے پانی میں پھر وہ آگ (جہنم) میں جھونک دیئے جائیں گے۔ پھر کہا جائے گا،

لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۳﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ

لَهُمْ	اَيْنَ	مَا كُنْتُمْ	تُشْرِكُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	قَالُوْا	ضَلُّوْا	عَنَّا	بَلْ
ان کو	کہاں	جن کو تم تھے	شریک کرتے	اللہ کے سوا	وہ کہیں گے	وہ گم ہو گئے	ہم سے	بلکہ

ان کو، کہاں ہیں وہ جن کو تم اللہ کے سوا شریک کرتے تھے؟ وہ کہیں گے وہ تو ہم سے گم ہو گئے (کہیں نظر نہیں آتے)، بلکہ

لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَيْـًٔا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ ذٰلِكُمْ

لَمْ	نَكُنْ نَّدْعُوْا	مِنْ قَبْلُ	شَيْـًٔا	كَذٰلِكَ	يُضِلُّ	اللّٰهُ	الْكٰفِرِيْنَ	ذٰلِكُمْ
نہیں	پکارتے تھے ہم	اس سے قبل	کوئی چیز	اسی طرح	گمراہ کرتا ہے	اللہ	کافروں	یہ

ہم تو اس سے قبل کسی چیز کو پکارتے ہی نہ تھے، اسی طرح اللہ کافروں کو گمراہ کرتا ہے۔ یہ

بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾

بِمَا	كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ	فِى الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَبِمَا	كُنْتُمْ	تَمْرَحُوْنَ
اس کا بدلہ جو	تم خوش ہوتے تھے	زمین میں	ناحق	اور بدلہ اس کا جو	تم تھے	اِتراتے

اس کا بدلہ ہے جو تم زمین میں ناحق خوش ہوتے (پھرتے) تھے، اور بدلہ ہے اس کا جس پر تم اِتراتے تھے۔

اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾

اُدْخُلُوْا	اَبْوَابَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	فَبِئْسَ	مَثْوَى	الْمُتَكَبِّرِيْنَ
تم داخل ہو جاؤ	دروازے	جہنم	ہمیشہ رہنے کو	اس میں	سو بُرا	ٹھکانا	تکبر کرنے (بڑا بننے) والوں کا

تم جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ، ہمیشہ اس میں رہنے کو، سو بڑا بننے والوں کا بُرا ہے ٹھکانا۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ اَوْ

فَاصْبِرْ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	فَاِمَّا	نُرِيَنَّكَ	بَعْضَ	الَّذِىْ	نَعِدُهُمْ	اَوْ
پس آپ صبر کریں	بیشک	اللہ کا وعدہ	سچا	پس اگر	ہم آپ کو دکھا دیں	بعض (کچھ حصہ)	وہ جو	ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں	یا

پس آپ صبر کریں، بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے پس اگر ہم آپ کو اس (عذاب) کا کچھ حصہ دکھا دیں جو ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں یا (اس سے قبل)

نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ

نَتَوَفَّيَنَّكَ	فَاِلَيْنَا	يُرْجَعُوْنَ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	رُسُلًا	مِنْ قَبْلِكَ	مِنْهُمْ	مَّنْ
ہم آپ کو وفات دیدیں	پس ہماری طرف	وہ لوٹائے جائیں گے	اور تحقیق ہم نے بھیجے	بہت سے رسول	آپ سے پہلے	ان میں سے	جن

ہم آپ کو وفات دیدیں (بہرصورت)، وہ ہماری ہی طرف لوٹائے جائیں گے۔ اور تحقیق ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے ان میں سے کچھ ہیں، جن کا

قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ

قَصَصْنَا	عَلَيْكَ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	لَّمْ نَقْصُصْ	عَلَيْكَ	وَمَا كَانَ	لِرَسُوْلٍ
ہم نے حال بیان کیا	آپ پر سے	اور ان میں سے	جو۔جن	ہم نے حال نہیں بیان کیا	آپ پر۔ سے	اور نہ تھا	کسی رسول کے لئے

حال ہم نے آپؐ سے بیان کیا اور ان میں سے (کچھ ہیں) جن کا حال ہم نے آپؐ سے بیان نہیں کیا، اور کسی رسول کے لئے (مقدور) نہ تھا

اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَ

اَنْ	يَّاْتِيَ	بِاٰيَةٍ	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	فَاِذَا	جَآءَ	اَمْرُ اللّٰهِ	قُضِيَ	بِالْحَقِّ وَ
کہ	وہ لائے	کوئی نشانی	مگر۔بغیر	اللہ کے حکم سے	سو جب	آ گیا	اللہ کا حکم	فیصلہ کر دیا گیا	حق کے ساتھ اور

کہ وہ کوئی نشانی اللہ کے حکم کے بغیر لے آئے، سو جب اللہ کا حکم آ گیا، حق کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا، اور

خَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا

خَسِرَ	هُنَالِكَ	الْمُبْطِلُوْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَنْعَامَ	لِتَرْكَبُوْا
گھاٹے میں رہ گئے	اس وقت	اہلِ باطل	اللہ	وہ جس نے	بنائے	تمہارے لئے	چوپائے	تاکہ تم سوار ہو

اہلِ باطل اس وقت گھاٹے میں رہ گئے۔ اللہ (ہی) ہے جس نے تمہارے لئے چوپائے بنائے تاکہ تم سوار ہو

مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ

مِنْهَا	وَمِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ	وَلَكُمْ	فِيْهَا	مَنَافِعُ	وَلِتَبْلُغُوْا	عَلَيْهَا	حَاجَةً	فِيْ صُدُوْرِكُمْ
ان سے	اور ان سے	تم کھاتے ہو	اور تمہارے لئے	ان میں	بہت سے فائدے	اور تاکہ تم پہنچو	ان پر	حاجت	تمہارے سینوں (دلوں) میں

ان میں سے (بعض پر) اور ان میں سے (بعض) تم کھاتے ہو اور تمہارے لئے ان میں بہت سے فائدے ہیں اور تاکہ تم ان پر (سوار ہو کر) اپنے دلوں کی مراد (منزلِ مقصود) کو پہنچو

وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾ ۝ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ

وَعَلَيْهَا	وَ	عَلَى الْفُلْكِ	تُحْمَلُوْنَ	وَيُرِيْكُمْ	اٰيٰتِهٖ	فَاَيَّ	اٰيٰتِ اللّٰهِ
اور ان پر	اور	کشتیوں پر	لدے پھرتے ہو	اور وہ دکھاتا ہے تمہیں	اپنی نشانیاں	تو کن کن	اللہ کی نشانیوں کا

اور اُن پر اور کشتیوں پر تم لدے پھرتے ہو۔ اور وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے، تم اللہ کی کن کن نشانیوں کا

تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

تُنْكِرُوْنَ	اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ
تم انکار کرو گے	پس کیا وہ چلے پھرے نہیں	زمین میں	تو وہ دیکھتے	کیسا	ہوا	انجام

انکار کرو گے؟ پس کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں؟ تو وہ دیکھتے کہ کیسا ہوا انجام

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِى الْاَرْضِ

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَانُوْا	اَكْثَرَ	مِنْهُمْ	وَاَشَدَّ	قُوَّةً	وَّاٰثَارًا	فِى الْاَرْضِ
ان لوگوں کا جو	ان سے قبل	وہ تھے	بہت زیادہ	اُن سے	اور بہت زیادہ	قوت	اور آثار	زمین میں

ان لوگوں کا جو اُن سے قبل تھے، وہ تعداد اور قوت میں اُن سے بہت زیادہ تھے، اور وہ زمین میں (ان سے بڑھ چڑھ کر) آثار (چھوڑ گئے)

فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

فَمَآ	اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	فَلَمَّا	جَآءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ
سو نہ	وہ کام آیا	اُن کے	جو	وہ کماتے (کرتے) تھے	پھر جب	ان کے پاس آئے	ان کے رسول	کھلی نشانیوں کے ساتھ

سو جو وہ کرتے تھے ان کے (کچھ) کام نہ آیا۔ پھر جب ان کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیوں کے ساتھ آئے

فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾

فَرِحُوْا	بِمَا	عِنْدَهُمْ	مِّنَ الْعِلْمِ	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ
خوش ہوئے (اترانے لگے) اس پر جو	ان کے پاس	علم سے	اور گھیر لیا	انہیں	جو وہ	تھے	اس کا	مذاق اڑاتے

تو وہ اس علم پر اترانے لگے جو ان کے پاس تھا اور انہیں اس (عذاب) نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔

فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ

فَلَمَّا	رَاَوْا	بَاْسَنَا	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَحْدَهٗ	وَكَفَرْنَا	بِمَا	كُنَّا بِهٖ
پھر جب	انہوں نے دیکھا	ہمارا عذاب	وہ کہنے لگے	ہم ایمان لائے	اللہ پر	وہ واحد	اور ہم منکر ہوئے	وہ جس	اس کے ساتھ ہم تھے

پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھا تو وہ کہنے لگے ہم اللہ واحد پر ایمان لائے اور ہم اس کے منکر ہوئے جس کو ہم اس کے ساتھ

مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ اللّٰهِ

مُشْرِكِيْنَ	فَلَمْ يَكُ	يَنْفَعُهُمْ	اِيْمَانُهُمْ	لَمَّا رَاَوْا	بَاْسَنَا	سُنَّتَ اللّٰهِ
شریک کرتے	تو نہ ہوا	ان کو نفع دیتا	ان کا ایمان	جب انہوں نے دیکھ لیا	ہمارا عذاب	اللہ کا دستور

شریک کرتے تھے۔ تو (اب ایسا) نہ ہوا کہ ان کا ایمان ان کو نفع دیتا جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا، اللہ کا دستور ہے

الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ ع ۹ ۷ ۱۴

الَّتِيْ	قَدْ خَلَتْ	فِيْ عِبَادِهٖ	وَخَسِرَ	هُنَالِكَ	الْكٰفِرُوْنَ
وہ جو	گزر چکا ہے	اس کے بندوں میں	اور گھاٹے میں رہ گئے	اس وقت	کافر (جمع)

جو اس کے بندوں میں گزر چکا (ہونا چلا آیا ہے) اور اس وقت کافر گھاٹے میں رہ گئے۔

اٰیاتُھا ۵۴ | ۴۱ = سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ = ۶۱ | رُكُوْعَاتُھا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

حٰمٓ ① تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ② كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا

حٰمٓ	تَنْزِيْلٌ	مِنَ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	كِتٰبٌ	فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ	قُرْاٰنًا
حٰمٓ	نازل کیا ہوا	سے	نہایت رحم کرنے والا	مہربان	ایک کتاب	جُدا جُدا واضح کردی گئیں اسکی آیتیں	قرآن

حٰمٓ (یہ کلام) نازل کیا ہوا ہے، نہایت رحم کرنیوالے مہربان (اللہ کی طرف) سے۔ یہ ایک کتاب ہے اس کی آیتیں واضح کردی گئی ہیں، قرآن

عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۙ ③ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ

عَرَبِيًّا	لِّقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ	بَشِيْرًا	وَّنَذِيْرًا	فَاَعْرَضَ	اَكْثَرُهُمْ	فَهُمْ
عربی (زبان) میں	ان لوگوں کے لئے	وہ جانتے ہیں	خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا	سو منہ پھیر لیا	ان میں سے اکثر	پس وہ

عربی زبان میں ہے ان لوگوں کے لئے جو جانتے ہیں۔ خوشخبری دینے والا، اور ڈر سنانے والا، سو ان میں سے اکثر نے منہ پھیر لیا، پس وہ

لَا يَسْمَعُوْنَ ④ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَ

لَا يَسْمَعُوْنَ	وَقَالُوْا	قُلُوْبُنَا	فِيْٓ اَكِنَّةٍ	مِّمَّا	تَدْعُوْنَآ	اِلَيْهِ	وَ
وہ سنتے نہیں	اور انہوں نے کہا	ہمارے دل	پردوں میں	اس سے جو	تم بلاتے ہو ہمیں	اس کی طرف	اور

سنتے نہیں۔ اور انہوں نے کہا اس (بات) سے جس کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو ہمارے دل پردوں میں ہیں، اور

فِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ⑤

فِيْٓ اٰذَانِنَا	وَقْرٌ	وَّمِنْ بَيْنِنَا	وَبَيْنِكَ	حِجَابٌ	فَاعْمَلْ	اِنَّنَا	عٰمِلُوْنَ
ہمارے کانوں میں	بوجھ۔ گرانی	اور ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان	ایک پردہ	سو تم کام کرو	بیشک ہم	کام کرتے ہیں

ہمارے کانوں میں گرانی ہے، اور ہمارے اور تمہارے درمیان ایک پردہ ہے، سو تم اپنا کام کرو، بیشک ہم اپنا کام کرتے ہیں۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا

قُلْ	اِنَّمَآ	اَنَا بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ	يُوْحٰٓى	اِلَيَّ	اَنَّمَآ	اِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَاسْتَقِيْمُوْٓا
فرمادیں	اسکے سوا نہیں	کہ میں ایک بشر	تم جیسا	وحی کی جاتی ہے	میری طرف	یہ کہ	تمہارا معبود	معبود	یکتا	پس سیدھے رہو

آپ فرمادیں، اس کے سوا نہیں کہ میں تم جیسا ایک بشر ہوں، میری طرف یہ وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود، معبود یکتا ہے، پس سیدھے رہو

إِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوهُ ۗ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ ۝٦ الَّذِينَ لَا يُؤْتُونَ الزَّكَاةَ

إِلَيْهِ	وَاسْتَغْفِرُوهُ	وَوَيْلٌ	لِّلْمُشْرِكِينَ	الَّذِينَ	لَا يُؤْتُونَ	الزَّكَاةَ
اسکی طرف (اس کے حضور)	اور اس سے مغفرت مانگو	اور خرابی	مشرکوں کے لئے	وہ جو	نہیں دیتے	زکوٰۃ

اس کے حضور، اور اس سے مغفرت مانگو، اور خرابی ہے مشرکوں کے لئے ۔ وہ جو زکوٰۃ نہیں دیتے

وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ ۝٧ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ

وَهُم	بِالْآخِرَةِ	هُمْ	كَافِرُونَ	إِنَّ	الَّذِينَ	آمَنُوا	وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ	لَهُمْ	أَجْرٌ
اور وہ	آخرت کا	وہ	منکر ہیں	بیشک	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے اچھے	انکے لئے	اجر

اور وہ آخرت کے منکر ہیں ۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے ، اور انہوں نے اچھے عمل کئے، اُن کے لئے اجر ہے

غَيْرُ مَمْنُونٍ ۝٨ قُلْ أَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُونَ بِالَّذِي خَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ

غَيْرُ مَمْنُونٍ	قُلْ	أَئِنَّكُمْ	لَتَكْفُرُونَ	بِالَّذِي	خَلَقَ	الْأَرْضَ	فِي يَوْمَيْنِ
ختم نہ ہونے والا	فرمادیں	کیا تم	انکار کرتے ہو	اس کا جس نے	پیدا کیا	زمین	دو دنوں میں

نہ ختم ہونے والا ۔ آپؐ فرمادیں کیا تم اس کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دِنوں میں پیدا کیا

وَتَجْعَلُونَ لَهُ أَندَادًا ۚ ذَٰلِكَ رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝٩ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ مِن فَوْقِهَا

وَتَجْعَلُونَ	لَهُ	أَندَادًا	ذَٰلِكَ	رَبُّ الْعَالَمِينَ	وَجَعَلَ	فِيهَا	رَوَاسِيَ	مِن فَوْقِهَا
اور تم ٹھہراتے ہو	اس کے	شریک (جمع)	یہ	سارے جہانوں کا رب	اور اس نے بنائے	اس میں	پہاڑ (جمع)	اس کے اوپر

اور تم اس کے شریک ٹھہراتے ہو، یہی ہے سارے جہانوں کا رب ۔ اور اس نے اس (زمین) میں اس کے اوپر پہاڑ بنائے،

وَبَارَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَا أَقْوَاتَهَا فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ ۖ سَوَاءً لِّلسَّائِلِينَ ۝١٠

وَبَارَكَ	فِيهَا	وَقَدَّرَ	فِيهَا	أَقْوَاتَهَا	فِي	أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ	سَوَاءً	لِّلسَّائِلِينَ
اور برکت رکھی	اس میں	اور مقرر کیں	اس میں	انکی خوراکیں	میں	چار دن (جمع)	یکساں	تمام سوال کرنیوالوں کے لئے

اور اس میں برکت رکھی، اور اس میں چار دنوں میں ان کی خوراکیں مقرر کیں ، یکساں تمام سوال کرنے والوں کے لئے ۔

ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا

ثُمَّ اسْتَوَىٰ	إِلَى السَّمَاءِ	وَهِيَ	دُخَانٌ	فَقَالَ	لَهَا	وَلِلْأَرْضِ	ائْتِيَا	طَوْعًا
پھر اس نے توجہ فرمائی	آسمان کی طرف	اور وہ	ایک دھواں	تو اس نے کہا	اس سے	اور زمین سے	تم دونوں آؤ	خوشی سے

پھر اس نے آسمان کی طرف توجہ فرمائی، اور وہ ایک دھواں تھا، تو اس نے اس سے اور زمین سے کہا تم دونوں آؤ خوشی سے

اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَاۤ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ﴿۱۱﴾ فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ

اَوْ	كَرْهًا	قَالَتَا	اَتَيْنَا	طَآئِعِيْنَ	فَقَضٰىهُنَّ	سَبْعَ سَمٰوٰتٍ	فِيْ يَوْمَيْنِ
یا	ناخوشی سے	ان دونوں نے کہا	ہم دونوں آئے (حاضر ہیں)	خوشی سے	پھر اس نے بنائے	سات آسمان	دو دنوں میں

یا ناخوشی سے ان دونوں نے کہا، ہم دونوں خوشی سے حاضر ہیں۔ پھر اس نے دو دنوں میں سات آسمان بنائے

وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ؕ وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖ۟ صلے

وَاَوْحٰى	فِيْ	كُلِّ سَمَآءٍ	اَمْرَهَا	وَزَيَّنَّا	السَّمَآءَ	الدُّنْيَا	بِمَصَابِيْحَ
اور وحی کر دی	میں	ہر آسمان	اس کا کام	اور ہم نے زینت دی	آسمان	دنیا	چراغوں (ستاروں) سے

اور ہر آسمان میں اس کے کام کی وحی کر دی، اور ہم نے آسمانِ دنیا کو ستاروں سے زینت دی،

وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۱۲﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ

وَحِفْظًا	ذٰلِكَ	تَقْدِيْرُ	الْعَزِيْزِ	الْعَلِيْمِ	فَاِنْ	اَعْرَضُوْا	فَقُلْ	اَنْذَرْتُكُمْ
اور حفاظت کے لئے	یہ	اندازہ (فیصلہ)	غالب	علم والا	پھر اگر	وہ منہ موڑ لیں	تو فرما دیں	میں ڈراتا ہوں تمہیں

اور حفاظت کے لئے (بھی) یہ غالب، علم والے (اللہ کا) فیصلہ ہے۔ پھر اگر وہ منہ موڑ لیں تو آپ فرما دیں میں تمہیں ڈراتا ہوں،

صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ﴿۱۳﴾ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ

صٰعِقَةً	مِّثْلَ	صٰعِقَةِ	عَادٍ وَّثَمُوْدَ	اِذْ جَآءَتْهُمُ	الرُّسُلُ	مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ
ایک چنگھاڑ	جیسی	چنگھاڑ	عاد اور ثمود	جب آئے انکے پاس	رسول	ان کے آگے سے

ایک چنگھاڑ سے، جیسی چنگھاڑ سے عاد و ثمود (پر عذاب آیا تھا) جب ان کے پاس رسول آئے، اُن کے آگے سے

وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً

وَمِنْ خَلْفِهِمْ	اَلَّا تَعْبُدُوْا	اِلَّا اللّٰهَ	قَالُوْا	لَوْ شَآءَ	رَبُّنَا	لَاَنْزَلَ	مَلٰٓئِكَةً
اور ان کے پیچھے سے	کہ تم نہ عبادت کرو	سوائے اللہ	انہوں نے جواب دیا	اگر چاہتا	ہمارا رب	تو ضرور اتارتا	فرشتے

اور اُن کے پیچھے سے کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، تو انہوں نے جواب دیا کہ اگر ہمارا رب چاہتا تو ضرور فرشتے اتارتا

فَاِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ

فَاِنَّا	بِمَاۤ	اُرْسِلْتُمْ	بِهٖ	كٰفِرُوْنَ	فَاَمَّا	عَادٌ	فَاسْتَكْبَرُوْا	فِي الْاَرْضِ
پس بیشک	اس کا جو	تم بھیجے گئے ہو	اس کے ساتھ	منکر ہیں	پھر جو	عاد	تو وہ تکبر (غرور) کرنے لگے	زمین (ملک) میں

پس تم جس (پیغام) کے ساتھ بھیجے گئے ہو، ہم بیشک اس کے منکر ہیں۔ پھر جو عاد تھے وہ ملک میں غرور کرنے لگے،

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ

بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَقَالُوْا	مَنْ	اَشَدُّ	مِنَّا	قُوَّةً	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	اَنَّ اللّٰهَ	الَّذِيْ
ناحق	اور وہ کہنے لگے	کون	بہت زیادہ	ہم سے	قوت	کیا	وہ نہیں دیکھتے	کہ اللہ	وہ جس نے

ناحق، اور وہ کہنے لگے ہم سے زیادہ قوت میں کون ہے؟ کیا وہ نہیں دیکھتے؟ کہ اللہ ہے جس نے

خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ فَاَرْسَلْنَا

خَلَقَهُمْ	هُوَ	اَشَدُّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً	وَكَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يَجْحَدُوْنَ	فَاَرْسَلْنَا
پیدا کیا انہیں	وہ	بہت زیادہ	ان سے	قوت	اور وہ تھے	ہماری آیتوں کا	انکار کرتے	پس ہم نے بھیجی

انہیں پیدا کیا ہے، وہ قوت میں ان سے بہت زیادہ ہے، اور وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے۔ پس ہم نے بھیجی

عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ

عَلَيْهِمْ	رِيْحًا	صَرْصَرًا	فِيْٓ اَيَّامٍ	نَّحِسَاتٍ	لِّنُذِيْقَهُمْ	عَذَابَ	الْخِزْيِ
ان پر	ہوا	تند و تیز	دنوں میں	نحوست	تاکہ ہم چکھائیں انہیں	عذاب	رسوائی

ان پر نحوست کے دنوں میں تند و تیز ہوا، تاکہ ہم انہیں رسوائی کا عذاب چکھائیں،

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَاَمَّا

فِي	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَلَعَذَابُ	الْاٰخِرَةِ	اَخْزٰى	وَهُمْ	لَا يُنْصَرُوْنَ	وَاَمَّا
میں	دنیا کی زندگی	اور البتہ عذاب	آخرت	زیادہ رسوا کرنیوالا	اور وہ	مدد نہ کئے جائیں گے	اور رہے

دنیا کی زندگی میں، اور البتہ آخرت کا عذاب زیادہ رسوا کرنے والا ہے، اور نہ وہ مدد کئے جائیں گے۔ اور رہے

ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ

ثَمُوْدُ	فَهَدَيْنٰهُمْ	فَاسْتَحَبُّوا	الْعَمٰى	عَلَى الْهُدٰى	فَاَخَذَتْهُمْ	صٰعِقَةُ
ثمود	سو ہم نے راستہ دکھایا انہیں	تو انہوں نے پسند کیا	اندھا رہنا	ہدایت پر	تو انہیں آپکڑا	چنگھاڑ

ثمود، سو ہم نے انہیں راستہ دکھایا تو انہوں نے ہدایت (کے مقابلے) پر اندھا رہنا پسند کیا، تو انہیں چنگھاڑ نے آپکڑا

الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

الْعَذَابِ	الْهُوْنِ	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	وَنَجَّيْنَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ
عذاب	ذلت	اسکی سزا میں جو	وہ کماتے (کرتے) تھے	اور ہم نے بچا لیا	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور

(یعنی) ذلت کے عذاب نے، اس کی سزا میں جو وہ کرتے تھے۔ اور ہم نے ان لوگوں کو بچا لیا جو ایمان لائے، اور

۲ ع ۱۶

كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾

كَانُوْا يَتَّقُوْنَ	وَيَوْمَ	يُحْشَرُ	اَعْدَآءُ اللّٰهِ	اِلَى النَّارِ	فَهُمْ	يُوْزَعُوْنَ
وہ پرہیزگاری کرتے تھے	اور جس دن	جمع کئے جائیں گے	اللہ کے دشمن	جہنم کی طرف	تو وہ	گروہ گروہ کئے جائیں گے

وہ پرہیزگاری کرتے تھے۔ اور جس دن اللہ کے دشمن جہنم کی طرف جمع کئے (ہانکے) جائیں گے تو وہ گروہ در گروہ (تقسیم) کر دیئے جائیں گے۔

حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ

حَتّٰى	اِذَا	مَا جَآءُوْهَا	شَهِدَ	عَلَيْهِمْ	سَمْعُهُمْ	وَاَبْصَارُهُمْ	وَجُلُوْدُهُمْ
یہانتک کہ	جب	وہ آئینگے اسکے پاس	گواہی دیں گے	ان پر	ان کے کان	اور ان کی آنکھیں	اور انکی جلدیں (گوشت پوست)

یہانتک کہ جب وہ اس کے پاس آئیں گے تو اُن پر اُن کے کان، اور اُن کی آنکھیں، اور اُن کے گوشت پوست گواہی دیں گے

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ

بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَقَالُوْا	لِجُلُوْدِهِمْ	لِمَ	شَهِدْتُّمْ	عَلَيْنَا
اس پر	جو وہ کرتے تھے	اور وہ کہیں گے	اپنی جلدوں (گوشت پوست) سے	کیوں	تم نے گواہی دی	ہم پر (ہمارے خلاف)

اس پر جو وہ کرتے تھے۔ اور وہ اپنے گوشت پوست سے کہیں گے، تم نے ہمارے خلاف گواہی کیوں دی؟

قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ

قَالُوْٓا	اَنْطَقَنَا	اللّٰهُ	الَّذِيْٓ	اَنْطَقَ	كُلَّ شَيْءٍ	وَهُوَ	خَلَقَكُمْ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	وَ
وہ جواب دیں گے	ہمیں گویائی دی	اللہ	وہ جس نے	گویا فرمایا	ہر شے	اور وہ۔ اس	تمہیں پیدا کیا	پہلی بار	اور

وہ جواب دیں گے، ہمیں اسی اللہ نے گویائی دی، جس نے ہر شے کو گویا فرمایا ہے اور اسی نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا، اور

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ

اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَمَا	كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ	اَنْ يَّشْهَدَ	عَلَيْكُمْ	سَمْعُكُمْ
اسی کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور جو	تم چھپاتے تھے	کہ گواہی دیں گے	تم پر (تمہارے خلاف)	تمہارے کان

اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور جو تم چھپاتے تھے کہ تمہارے خلاف گواہی دیں گے تمہارے کان

وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا

وَلَآ	اَبْصَارُكُمْ	وَلَا جُلُوْدُكُمْ	وَلٰكِنْ	ظَنَنْتُمْ	اَنَّ اللّٰهَ	لَا يَعْلَمُ	كَثِيْرًا	مِّمَّا
اور نہ	تمہاری آنکھیں	اور نہ تمہاری جلدیں (گوشت پوست)	اور لیکن (بلکہ)	تم نے گمان کر لیا تھا	کہ اللہ	نہیں جانتا	بہت کچھ	اس کے

اور نہ تمہاری آنکھیں، اور نہ تمہارے گوشت پوست، بلکہ تم نے گمان کر لیا تھا کہ اللہ اس سے (اس کے متعلق) بہت کچھ نہیں جانتا جو

تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ

تَعْمَلُوْنَ	وَذٰلِكُمْ	ظَنُّكُمُ	الَّذِيْ	ظَنَنْتُمْ	بِرَبِّكُمْ	اَرْدٰىكُمْ	فَاَصْبَحْتُمْ
تم کرتے ہو	اور اس	تمہارا گمان	وہ جو	تم نے گمان کیا تھا	اپنے پروردگار کے متعلق	ہلاک کیا تمہیں	سو تم ہو گئے

تم کرتے ہو۔ تمہارے اس گمان (خیالِ باطل) نے، جو تم نے اپنے رب کے متعلق کیا تھا تمہیں ہلاک کیا، سو تم ہو گئے

مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا

مِنَ	الْخٰسِرِيْنَ	فَاِنْ	يَّصْبِرُوْا	فَالنَّارُ	مَثْوًى	لَّهُمْ	وَاِنْ	يَّسْتَعْتِبُوْا
سے	خسارہ پانے والے	پھر اگر	وہ صبر کریں	تو جہنم	ٹھکانہ	ان کے لئے	اور اگر	وہ معافی چاہیں

خسارہ پانے والوں میں سے۔ پھر اگر وہ صبر کریں تو (بھی) جہنم ان کے لئے ٹھکانا ہے، اور اگر وہ (اب) معافی چاہیں،

فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا

فَمَا هُمْ	مِنَ	الْمُعْتَبِيْنَ	وَقَيَّضْنَا	لَهُمْ	قُرَنَآءَ	فَزَيَّنُوْا لَهُمْ	مَا
تو نہ وہ	سے	معافی قبول کئے جانے والے	اور ہم نے مقرر کئے	ان کے لئے	کچھ ہم نشین	تو انہوں نے آراستہ کر دکھایا انکے لئے	جو

تو وہ معافی قبول کئے جانے والوں میں سے نہ ہوں گے۔ اور ہم نے ان کے کچھ ہم نشین مقرر کئے، تو انہوں نے ان کے لئے آراستہ کر دکھایا جو

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَ	مَا خَلْفَهُمْ	وَحَقَّ	عَلَيْهِمُ	الْقَوْلُ	فِيْٓ اُمَمٍ	قَدْ خَلَتْ
اُن کے آگے	اور	جو اُن کے پیچھے	اور پورا ہو گیا	ان پر	قول	ان اُمتوں میں	جو گزر چکیں

اُن کے آگے اور جو اُن کے پیچھے تھا اور اُن پر (عذاب کی وعید کا) قول پورا ہو گیا۔ ان امتوں میں جو گزر چکی ہیں،

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

مِنْ قَبْلِهِمْ	مِنَ الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا خٰسِرِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ
ان سے قبل	جنّات میں سے۔ کی	اور انسان	بیشک وہ	خسارہ پانے والے تھے	اور کہا	ان لوگوں نے جو

ان سے متعلق جنّات اور انسانوں کی، بے شک وہ خسارہ پانے والے تھے۔ اور ان لوگوں نے کہا جنہوں نے

كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿۲۶﴾

كَفَرُوْا	لَا تَسْمَعُوْا	لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ	وَالْغَوْا	فِيْهِ	لَعَلَّكُمْ	تَغْلِبُوْنَ
انہوں نے کفر کیا	تم مت سنو	اس قرآن کو	اور غل مچاؤ	اس میں	شاید کہ تم	تم غالب آ جاؤ

کفر کیا (کافروں نے)، کہ تم اس قرآن کو سنو ہی مت، اور اگر (سنانے لگیں) تو اس میں غل مچاؤ، شاید کہ تم غالب آ جاؤ۔

ع ۳ ۱۷

فَلَنُذِيقَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا عَذَابًا شَدِيدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۲۷﴾

فَلَنُذِيقَنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا	عَذَابًا شَدِيدًا	وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ	اَسْوَاَ	الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ
پس ہم ضرور چکھائیں گے	ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا (کافر)	سخت عذاب	اور ہم انہیں ضرور بدلہ دیں گے	بدترین	وہ جو	وہ کرتے تھے (اعمال)

پس ہم کافروں کو ضرور سخت عذاب چکھائیں گے، اور البتہ ہم ان کے بدترین اعمال کا انہیں ضرور بدلہ دیں گے۔

ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ ۭ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوا بِاٰيٰتِنَا

ذٰلِكَ	جَزَآءُ	اَعْدَآءِ اللّٰهِ	النَّارُ	لَهُمْ	فِيهَا	دَارُ الْخُلْدِ	جَزَآءً	بِمَا	كَانُوا بِاٰيٰتِنَا
یہ	بدلہ	اللہ کے دشمن (جمع)	جہنم	انکے لئے	اس میں	ہمیشگی کا گھر	بدلہ	اس کا جو	وہ تھے	ہماری آیتوں کا

یہ ہے اللہ کے دشمنوں کا بدلہ جہنم، اور ان کے لئے ہے اس میں ہمیشگی کا گھر، اس کا بدلہ جو وہ ہماری آیتوں کا

يَجْحَدُونَ ﴿۲۸﴾ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَ

يَجْحَدُونَ	وَقَالَ	الَّذِينَ كَفَرُوا	رَبَّنَا	اَرِنَا	الَّذَيْنِ	اَضَلّٰنَا	مِنَ الْجِنِّ وَ
انکار کرتے	اور کہیں گے	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	اے ہمارے رب	ہمیں دکھا دے	وہ دونوں	جنہوں نے گمراہ کیا ہمیں	جنات میں سے	اور

انکار کرتے تھے۔ اور کافر کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں وہ دونوں دکھا دے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا جنّات میں سے اور

الْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُونَا مِنَ الْاَسْفَلِينَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِينَ

الْاِنْسِ	نَجْعَلْهُمَا	تَحْتَ	اَقْدَامِنَا	لِيَكُونَا	مِنَ	الْاَسْفَلِينَ	اِنَّ	الَّذِينَ
انسانوں	ہم ان دونوں کو ڈالیں	تلے	اپنے پاؤں	تاکہ وہ ہوں	سے	انتہائی ذلیل (جمع)	بیشک	وہ جنہوں نے

انسانوں میں سے کہ ہم ان دونوں کو اپنے پاؤں تلے روند ڈالیں تاکہ وہ انتہائی ذلیلوں میں سے ہوں۔ بے شک جن لوگوں نے

قَالُوا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا

قَالُوا	رَبُّنَا اللّٰهُ	ثُمَّ	اسْتَقَامُوا	تَتَنَزَّلُ	عَلَيْهِمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	اَلَّا تَخَافُوا	وَلَا تَحْزَنُوا
انہوں نے کہا	ہمارا رب اللہ	پھر	وہ ثابت قدم رہے	اُترتے ہیں	ان پر	فرشتے	کہ نہ تم خوف کھاؤ	اور نہ غمگین ہو

کہا ہمارا رب اللہ ہے، پھر اس پر ثابت قدم رہے، ان پر فرشتے اترتے ہیں کہ نہ تم خوف کھاؤ اور نہ تم غمگین ہو،

وَاَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ﴿۳۰﴾ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ

وَاَبْشِرُوا	بِالْجَنَّةِ	الَّتِي	كُنْتُمْ تُوعَدُونَ	نَحْنُ	اَوْلِيٰٓؤُكُمْ	فِي الْحَيٰوةِ
اور تم خوش ہو	جنت پر	وہ جو	تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا	ہم	تمہارے رفیق	زندگی میں

اور تم اس جنّت پر خوش ہو جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا۔ ہم تمہارے رفیق تھے زندگی میں

الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِيٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيهَا مَا

الدُّنْيَا	وَفِي الْاٰخِرَةِ	وَلَكُمْ	فِيهَا	مَا تَشْتَهِيٓ	اَنْفُسُكُمْ	وَلَكُمْ	فِيهَا	مَا
دنیا	اور آخرت میں	اور تمہارے لئے	اس میں	جو چاہیں	تمہارے دل	اور تمہارے لئے	اس میں	جو

دنیا کی اور آخرت میں (بھی) اور تمہارے لئے اس میں (موجود ہے) جو تمہارے دل چاہیں، اور تمہارے لئے اس میں (موجود) ہے جو

تَدَّعُونَ ﴿۳۱﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُورٍ رَّحِيمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ

تَدَّعُونَ	نُزُلًا	مِنْ	غَفُورٍ	رَحِيمٍ	وَمَنْ	اَحْسَنُ	قَوْلًا	مِّمَّنْ	دَعَآ
تم مانگو گے	ضیافت	سے	بخشنے والا	مہربان	اور کس	بہترین	قول	اس سے جو	بلائے

تم مانگو گے۔ (یہ) ضیافت ہے بخشنے والے، مہربان (اللہ) کی طرف سے۔ اور اس سے بہترین کس کا قول؟ جو بلائے

اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا تَسْتَوِي

اِلَى اللّٰهِ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	وَّقَالَ	اِنَّنِيْ	مِنَ	الْمُسْلِمِيْنَ	وَلَا تَسْتَوِي
اللہ کی طرف	اور عمل کرے	اچھے	اور وہ کہے	بیشک میں	سے	مسلمانوں	اور برابر نہیں ہوتی

اللہ کی طرف، اور اچھے عمل کرے اور کہے بیشک میں مسلمانوں میں سے ہوں۔ اور برابر نہیں ہوتی

الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَ

الْحَسَنَةُ	وَلَا السَّيِّئَةُ	اِدْفَعْ	بِالَّتِيْ	هِيَ	اَحْسَنُ	فَاِذَا	الَّذِيْ	بَيْنَكَ	وَ
نیکی	اور نہ برائی	دور کردیں آپ	اس سے جو	وہ	بہترین	تو یکایک	وہ جو شخص	آپ کے درمیان	اور

نیکی اور برائی، آپ (برائی کو) اس (انداز سے) دور کریں جو بہترین ہو تو یکایک وہ شخص کہ آپ کے درمیان اور

بَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ

بَيْنَهٗ	عَدَاوَةٌ	كَاَنَّهٗ	وَلِيٌّ	حَمِيْمٌ	وَمَا يُلَقّٰىهَآ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	صَبَرُوْا
اس کے درمیان	عداوت	گویا کہ وہ	دوست	قرابتی (جگری)	اور نہیں ملتی یہ	مگر	وہ جنہوں نے	صبر کیا

اس کے درمیان عداوت تھی (ایسے ہوجائے گا) گویا وہ جگری دوست ہے۔ اور یہ (بات) نہیں ملتی مگر انہیں جنہوں نے صبر کیا

وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۳۵﴾ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ

وَمَا	يُلَقّٰىهَآ	اِلَّا	ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ	وَاِمَّا	يَنْزَغَنَّكَ	مِنَ	الشَّيْطٰنِ
اور نہیں	ملتی یہ	مگر	بڑے نصیب والے	اور اگر	تمہیں وسوسہ آئے	سے	شیطان

اور یہ نہیں ملتی مگر بڑے نصیب والے کو۔ اور اگر تمہیں شیطان کی طرف سے آئے

نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۶﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ

نَزْغٌ	فَاسْتَعِذْ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	وَمِنْ	اٰيٰتِهِ	الَّيْلُ	وَالنَّهَارُ
کوئی وسوسہ	تو پناہ چاہیں	اللہ کی	بیشک وہ	وہی	سننے والا	جاننے والا	اور سے	اسکی نشانیاں	رات	اور دن

کوئی وسوسہ تو اللہ کی پناہ چاہیں، بیشک وہ سُننے والا، جاننے والا ہے - اور اس کی نشانیوں میں سے ہیں رات اور دن،

وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ؕ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ

وَالشَّمْسُ	وَالْقَمَرُ	لَا تَسْجُدُوْا	لِلشَّمْسِ	وَلَا	لِلْقَمَرِ	وَاسْجُدُوْا	لِلّٰهِ
اور سورج	اور نہ چاند	تم نہ سجدہ کرو	سورج کو	اور نہ	چاند کو	اور تم سجدہ کرو	اللہ کو

اور سورج اور چاند، تم نہ سورج کو سجدہ کرو، نہ چاند کو، اور تم اللہ کو سجدہ کرو،

الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا

الَّذِيْ	خَلَقَهُنَّ	اِنْ	كُنْتُمْ	اِيَّاهُ	تَعْبُدُوْنَ	فَاِنِ	اسْتَكْبَرُوْا
وہ جس نے	پیدا کیا انہیں	اگر	تم ہو	صرف اس کی	عبادت کرتے	پس اگر وہ	تکبّر کریں

وہ جس نے ان (سب) کو پیدا کیا، اگر تم صرف اس کی عبادت کرتے ہو- پس اگر وہ تکبّر کریں (تو اس سے کیا فرق پڑتا ہے)

فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ ﴿۳۸﴾ السجدة

فَالَّذِيْنَ	عِنْدَ رَبِّكَ	يُسَبِّحُوْنَ	لَهٗ	بِالَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	وَهُمْ	لَا يَسْـَٔمُوْنَ
سو وہ جو	آپ کے رب کے نزدیک	وہ تسبیح کرتے ہیں	اسکی	رات	اور دن	اور وہ	نہیں اکتاتے

سو وہ (فرشتے)، جو آپ کے رب کے نزدیک ہیں وہ رات دن اس کی تسبیح کرتے ہیں، اور وہ اُکتانے نہیں -

وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ

وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖۤ	اَنَّكَ	تَرَى	الْاَرْضَ	خَاشِعَةً	فَاِذَاۤ	اَنْزَلْنَا	عَلَيْهَا	الْمَآءَ
اور	اسکی نشانیوں میں سے	کہ تو	تو دیکھتا ہے	زمین	دبی ہوئی (سنسان)	پھر جب	ہم نے اتارا	اس پر	پانی

اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ تو زمین کو سنسان دیکھتا ہے، پھر جب ہم نے اس پر پانی اُتارا

اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِيْۤ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾

اهْتَزَّتْ	وَرَبَتْ	اِنَّ	الَّذِيْۤ	اَحْيَاهَا	لَمُحْيِ الْمَوْتٰى	اِنَّهٗ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ
وہ لہلہانے لگتی ہے	اور پھولتی ہے	بیشک	وہ جس نے	اس کو زندہ کیا	البتہ زندہ کرنیوالا مُردوں کو	بیشک وہ	ہر شے پر	قدرت رکھنے والا

تو وہ لہلہانے لگتی ہے اور پھولتی ہے، بیشک وہ جس نے اس کو زندہ کیا، البتہ وہ مردوں کو زندہ کرنے والا ہے، بیشک وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے

إِنَّ الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۗ أَفَمَن يُلْقَىٰ فِي النَّارِ خَيْرٌ

إِنَّ	الَّذِينَ	يُلْحِدُونَ	فِي آيَاتِنَا	لَا يَخْفَوْنَ	عَلَيْنَا	أَفَمَن	يُلْقَىٰ	فِي النَّارِ	خَيْرٌ
بیشک	جو لوگ	کج روی کرتے ہیں	ہماری آیات میں	وہ پوشیدہ نہیں	ہم پر	تو کیا جو	ڈالا جائے	آگ میں	بہتر

بیشک جو لوگ ہماری آیات میں کج روی کرتے ہیں وہ ہم پر (ہم سے) پوشیدہ نہیں، تو کیا جو شخص آگ میں ڈالا جائے بہتر ہے

أَم مَّن يَأْتِي آمِنًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ ۖ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٤٠﴾

أَم مَّن	يَأْتِي	آمِنًا	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	اعْمَلُوا	مَا شِئْتُمْ	إِنَّهُ	بِمَا تَعْمَلُونَ	بَصِيرٌ
یا جو	آئے	امان کے ساتھ	روزِ قیامت	تم کرو	جو تم چاہو	بیشک وہ	جو تم کرتے ہو	دیکھنے والا

یا جو روزِ قیامت امان کے ساتھ آئے؟ تم جو چاہو کرو، بیشک تم جو کچھ کرتے ہو وہ دیکھنے والا ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ ﴿٤١﴾ لَّا يَأْتِيهِ

إِنَّ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	بِالذِّكْرِ	لَمَّا	جَاءَهُمْ	وَإِنَّهُ	لَكِتَابٌ	عَزِيزٌ	لَّا يَأْتِيهِ
بیشک	وہ جنہوں نے	انکار کیا	ذکر (قرآن) کا	جب	وہ آیا ان کے پاس	اور بیشک یہ	البتہ کتاب ہے	گرامی قدر	اسکے پاس نہیں آتا

بیشک جن لوگوں نے قرآن کا انکار کیا جب وہ ان کے پاس آیا (وہ اپنا انجام دیکھ لیں گے)، بیشک یہ گرامی قدر ہے۔ اس کے پاس نہیں آتا

الْبَاطِلُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ ۖ تَنزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ ﴿٤٢﴾

الْبَاطِلُ	مِن بَيْنِ يَدَيْهِ	وَلَا	مِنْ خَلْفِهِ	تَنزِيلٌ	مِنْ	حَكِيمٍ	حَمِيدٍ
باطل	اس کے سامنے سے	اور نہ	اس کے پیچھے سے	نازل کیا گیا	سے	حکمت والے	سزاوار حمد

باطل اس کے سامنے سے اور نہ اس کے پیچھے سے (قرآن) نازل کیا گیا۔ حکمت والے سزاوار حمد (اللہ کی طرف) سے۔

مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِن قَبْلِكَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ

مَا يُقَالُ	لَكَ	إِلَّا	مَا قَدْ قِيلَ	لِلرُّسُلِ	مِن قَبْلِكَ	إِنَّ	رَبَّكَ	لَذُو مَغْفِرَةٍ
نہیں کہا جاتا	آپ کو	سوائے	جو کہا جا چکا ہے	رسولوں کو	آپؐ سے قبل	بیشک	آپؐ کا رب	بڑی مغفرت والا

آپؐ کو اس کے سوا نہیں کہا جاتا جو آپؐ سے پہلے رسولوں کو کہا جا چکا ہے، بیشک آپؐ کا رب بڑی مغفرت والا،

وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ ﴿٤٣﴾ وَلَوْ جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا أَعْجَمِيًّا لَّقَالُوا لَوْلَا فُصِّلَتْ آيَاتُهُ ۖ

وَذُو عِقَابٍ	أَلِيمٍ	وَلَوْ جَعَلْنَاهُ	قُرْآنًا	أَعْجَمِيًّا	لَّقَالُوا	لَوْ	لَا فُصِّلَتْ	آيَاتُهُ
اور سزا دینے والا	دردناک	اور اگر ہم بناتے اُسے	قرآن کو	عجمی (زبان کا)	تو وہ کہتے	کیوں	نہ صاف بیان کی گئیں	اسکی آیتیں

اور دردناک سزا دینے والا ہے۔ اور اگر ہم قرآن کو عجمی زبان کا بناتے تو وہ کہتے اس کی آیتیں کیوں نہ صاف صاف بیان کی گئیں؟

ءَاَعۡجَمِیٌّ وَّعَرَبِیٌّ ؕ قُلۡ هُوَ لِلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا هُدًی وَّشِفَآءٌ ؕ وَالَّذِیۡنَ

ءَاَعۡجَمِیٌّ	وَّعَرَبِیٌّ	قُلۡ	هُوَ	لِلَّذِیۡنَ	اٰمَنُوۡا	هُدًی	وَّشِفَآءٌ	وَالَّذِیۡنَ
کیا عجمی (کتاب)	اور عربی (رسول)	فرمادیں	وہ - یہ	ان لوگوں کے لئے جو	ایمان لائے	ہدایت	اور شفاء	اور جو لوگ

کیا کتاب عجمی اور رسول عربی؟ آپؐ فرمادیں جو ایمان لائے یہ ان لوگوں کے لئے ہدایت اور شفا ہے، اور جو لوگ

لَا یُؤۡمِنُوۡنَ فِیۡۤ اٰذَانِهِمۡ وَقۡرٌ وَّهُوَ عَلَیۡهِمۡ عَمًی ؕ اُولٰٓئِكَ یُنَادَوۡنَ

لَا یُؤۡمِنُوۡنَ	فِیۡۤ اٰذَانِهِمۡ	وَقۡرٌ	وَّهُوَ	عَلَیۡهِمۡ	عَمًی	اُولٰٓئِكَ	یُنَادَوۡنَ
ایمان نہیں لائے	ان کے کانوں میں	گرانی	اور وہ - یہ	ان پر	اندھاپن	یہ لوگ	پکارے جاتے ہیں

ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں گرانی ہے، اور یہ ان کے لئے اندھاپن ہے، (گویا) یہ لوگ پکارے جاتے ہیں

ع ۵ ۱۲ ۱۹

مِنۡ مَّكَانٍۭ بَعِیۡدٍ ﴿۴۴﴾ وَلَقَدۡ اٰتَیۡنَا مُوۡسَی الۡكِتٰبَ فَاخۡتُلِفَ فِیۡهِ ؕ وَلَوۡ

مِنۡ	مَّكَانٍۭ	بَعِیۡدٍ	وَلَقَدۡ اٰتَیۡنَا	مُوۡسَی	الۡكِتٰبَ	فَاخۡتُلِفَ	فِیۡهِ	وَلَوۡ
سے	کسی جگہ	دُور	اور تحقیق ہم نے دی	موسیٰ ؑ	کتاب	تو اختلاف کیا گیا	اس میں	اور اگر

کسی دُور جگہ سے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰ ؑ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر

لَا كَلِمَةٌ سَبَقَتۡ مِنۡ رَّبِّكَ لَقُضِیَ بَیۡنَهُمۡ ؕ وَاِنَّهُمۡ لَفِیۡ شَكٍّ مِّنۡهُ

لَا كَلِمَةٌ	سَبَقَتۡ	مِنۡ رَّبِّكَ	لَقُضِیَ	بَیۡنَهُمۡ	وَاِنَّهُمۡ	لَفِیۡ شَكٍّ	مِّنۡهُ
نہ ہوتی ایک بات	پہلے ٹھہر چکی	آپؐ کے رب کی طرف سے	تو فیصلہ ہو چکا ہوتا	ان کے درمیان	اور بیشک وہ	ضرور شک میں	اس سے

آپؐ کے رب کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ٹھہر چکی ہوتی تو ان کے درمیان فیصلہ ہو چکا ہوتا، اور بیشک وہ ضرور اس سے

مُرِیۡبٍ ﴿۴۵﴾ مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ اَسَآءَ فَعَلَیۡهَا ؕ

مُرِیۡبٍ	مَنۡ	عَمِلَ	صَالِحًا	فَلِنَفۡسِهٖ	وَمَنۡ	اَسَآءَ	فَعَلَیۡهَا
تردد میں ڈالنے والے شک میں	جو - جس	عمل کئے	اچھے	تو اپنی ذات کے لئے	اور جس	بُرائی کی	تو اس پر (اس کا وبال)

تردد میں ڈالنے والے شک میں ہیں - جس نے اچھے عمل کئے تو اپنی ذات کے لئے (کئے)، اور جس نے بُرائی کی اس کا وبال اسی پر ہوگا،

وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلۡعَبِیۡدِ ﴿۴۶﴾

وَمَا	رَبُّكَ	بِظَلَّامٍ	لِّلۡعَبِیۡدِ
اور نہیں	آپؐ کا رب	مطلق ظلم کرنے والا	اپنے بندوں پر

اور آپؐ کا رب اپنے بندوں پر مطلق ظلم کرنے والا نہیں۔

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا

اِلَيْهِ	يُرَدُّ	عِلْمُ السَّاعَةِ	وَمَا تَخْرُجُ	مِنْ	ثَمَرٰتٍ	مِنْ اَكْمَامِهَا
اس کی طرف	لوٹایا (حوالے کیا) جاتا ہے	قیامت کا علم	اور نہیں نکلتا	کوئی	پھل (جمع)	سے (اسکے غلافوں (گابھوں)

قیامت کا علم اسی کے حوالے کیا جاتا ہے، اور کوئی پھل اپنے گابھوں سے نہیں نکلتا

وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ؕ قَالُوْٓا

وَمَا تَحْمِلُ	مِنْ اُنْثٰى	وَلَا تَضَعُ	اِلَّا	بِعِلْمِهٖ	وَيَوْمَ	يُنَادِيْهِمْ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيْ	قَالُوْٓا
اور نہیں حاملہ ہوتی ہے	کوئی عورت	اور نہ وہ بچہ جنتی ہے	مگر	اس کے علم میں	اور جس دن	وہ پکارے گا انہیں	کہاں	میرے شریک	وہ کہیں گے

اور کوئی عورت (مادہ) حاملہ نہیں ہوتی، اور وہ بچہ نہیں جنتی مگر (یہ سب) اسکے علم میں ہوتا ہے۔ اور جس دن وہ انہیں پکارے گا کہاں ہیں میرے شریک؟ وہ کہیں گے

اٰذَنّٰكَ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ۝۴۷ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا

اٰذَنّٰكَ	مَا مِنَّا	مِنْ شَهِيْدٍ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَا كَانُوْا يَدْعُوْنَ	مِنْ قَبْلُ	وَظَنُّوْا
اطلاع دیدی ہمنے تجھے	نہیں ہم سے	کوئی شاہد	اور کھو یا گیا	ان سے	جو وہ پکارتے تھے	اس سے قبل	اور انہوں نے سمجھ لیا

ہم نے تجھے اطلاع دیدی کہ ہم میں سے کوئی (اس کا) شاہد (گواہ) نہیں۔ اور وہ جسے اس سے قبل (اللہ کے سوا) پکارتے تھے اُن سے کھو یا گیا، اور انہوں نے سمجھ لیا

مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ۝۴۸ لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ۫ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ

مَا لَهُمْ	مِنْ مَّحِيْصٍ	لَا يَسْـَٔمُ	الْاِنْسَانُ	مِنْ	دُعَآءِ الْخَيْرِ	وَاِنْ	مَّسَّهُ	الشَّرُّ
نہیں ان کے لئے	کوئی بچاؤ (خلاصی)	نہیں تھکتا	انسان	سے	بھلائی مانگنے	اور اگر	اسے لگ جائے	برائی

کہ (اب) ان کے لئے کوئی خلاصی نہیں۔ انسان بھلائی مانگنے سے نہیں تھکتا، اور اگر اسے کوئی برائی لگ جائے

فَيَئُوْسٌ قَنُوْطٌ ۝۴۹ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ

فَيَئُوْسٌ	قَنُوْطٌ	وَلَئِنْ	اَذَقْنٰهُ	رَحْمَةً	مِّنَّا	مِنْ بَعْدِ	ضَرَّآءَ	مَسَّتْهُ	لَيَقُوْلَنَّ
تو مایوس ہو جاتا ہے	ناامید	اور البتہ اگر	ہم چکھائیں اسے	رحمت	اپنی طرف سے	کے بعد	کسی تکلیف	جو اس کو پہنچی	تو وہ ضرور کہے گا

تو وہ ناامید ہو کر مایوس ہو جاتا ہے۔ اور البتہ اگر اُسے کوئی تکلیف پہنچنے کے بعد ہم اپنی طرف سے اپنی رحمت کا مزہ چکھائیں تو وہ ضرور کہے گا

هٰذَا لِيْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ

هٰذَا لِيْ	وَمَآ اَظُنُّ	السَّاعَةَ	قَآئِمَةً	وَّلَئِنْ	رُّجِعْتُ	اِلٰى رَبِّيْٓ	اِنَّ	لِيْ	عِنْدَهٗ
یہ میرے لئے	اور میں خیال نہیں رکھتا	قیامت	قائم ہونے والی	اور البتہ اگر	مجھے لوٹایا گیا	اپنے رب کی طرف	بیشک	میرے لئے	اس کے پاس

یہ میرے لئے ہے، اور میں خیال نہیں رکھتا کہ قیامت قائم ہونے والی ہے، اور اگر مجھے اپنے رب کی طرف لوٹایا گیا تو بیشک اس کے پاس میرے لئے

لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ

لَلْحُسْنٰى	فَلَنُنَبِّئَنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بِمَا عَمِلُوْا	وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ	مِّنْ	عَذَابٍ
البتہ بھلائی	پس ہم ضرور آگاہ کر دیں گے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اس سے جو انہوں نے کیا (اعمال)	اور البتہ ہم ضرور چکھائیں گے انہیں	سے	ایک عذاب

البتہ بھلائی ہے، پس ہم کافروں کو اُن کے اعمال سے ضرور آگاہ کریں گے، اور البتہ ہم انہیں ضرور چکھائیں گے ایک عذاب

غَلِيْظٍ ﴿۵۰﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

غَلِيْظٍ	وَاِذَآ	اَنْعَمْنَا	عَلَى الْاِنْسَانِ	اَعْرَضَ	وَنَاٰ	بِجَانِبِهٖ	وَاِذَا	مَسَّهُ	الشَّرُّ
سخت	اور جب	ہم انعام کرتے ہیں	انسان پر	وہ منہ موڑ لیتا ہے	اور بدل لیتا ہے	اپنا پہلو	اور جب	آ لگے اسے	برائی

سخت۔ اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں تو وہ منہ موڑ لیتا ہے، اور اپنا پہلو بدل لیتا ہے، اور جب اُسے (ذرا) برائی لگے

فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ﴿۵۱﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ

فَذُوْ دُعَآءٍ	عَرِيْضٍ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ كَانَ	مِنْ	عِنْدِ اللّٰهِ	ثُمَّ	كَفَرْتُمْ بِهٖ
تو دعاؤں والا	(لمبی) چوڑی	آپ کہہ فرما دیں	کیا تم نے دیکھا	اگر ہو	سے	اللہ کے پاس	پھر	تم نے کفر کیا اس سے

تو لمبی چوڑی دعاؤں والا (بن جاتا ہے)۔ آپ فرما دیں کیا تم نے دیکھا (یہ تو بتلاؤ) اگر (یہ قرآن) اللہ کے پاس سے ہو، پھر تم نے اس سے کفر کیا

مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

مَنْ	اَضَلُّ	مِمَّنْ	هُوَ	فِيْ	شِقَاقٍ	بَعِيْدٍ	سَنُرِيْهِمْ	اٰيٰتِنَا	فِي الْاٰفَاقِ	وَ	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ
کون	بڑا گمراہ	اس سے جو	وہ	میں	ضد	دُور دراز	ہم جلد دکھا دیں گے انہیں اپنی آیات		اطرافِ عالم میں	اور	ان کی ذات میں

تو اس سے بڑا گمراہ کون جو دُور دراز کی ضد میں ہو؟ ہم جلد اپنی آیات انہیں اطرافِ عالم میں اور (خود) اُن کی ذات میں دکھا دیں گے

حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ۭ اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۵۳﴾

حَتّٰى	يَتَبَيَّنَ	لَهُمْ	اَنَّهُ	الْحَقُّ	اَوَلَمْ يَكْفِ	بِرَبِّكَ	اَنَّهٗ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ
یہاں تک	ظاہر ہو جائے	انکے لئے	کہ وہ	حق	کیا کافی نہیں	آپ کے رب کے لئے	کہ وہ	پر کا	ہر شے	شاہد

یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہو جائے گا کہ وہ (قرآن) حق ہے، کیا آپ کے رب کے لئے کافی نہیں کہ وہ ہر شے کا شاہد ہے۔

ع ۶ ۱

اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗءِ رَبِّهِمْ ۭ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ﴿۵۴﴾

اَلَآ	اِنَّهُمْ	فِيْ مِرْيَةٍ	مِّنْ لِّقَاۗءِ	رَبِّهِمْ	اَلَآ	اِنَّهٗ	بِكُلِّ شَيْءٍ	مُّحِيْطٌ
خوب یاد رکھو	بیشک وہ	شک میں	ملاقات سے	اپنا رب	یاد رکھو	بیشک وہ	ہر شے پر کا	احاطہ کئے ہوئے

خوب یاد رکھو! بیشک وہ اپنے رب کی ملاقات (رُو برو حاضری) سے شک میں ہیں، یاد رکھو! بیشک وہ ہر شے کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔

اٰیاتُها ۵۳ | ۴۲ = سُوْرَةُ الشُّوْرٰی مَکِّیَّةٌ = ۶۲ | رُکُوْعاتُها ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

حٰمٓ ① عٓسٓقٓ ② كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ

حٰمٓ	عٓسٓقٓ	كَذٰلِكَ	يُوْحِيْ	اِلَيْكَ	وَاِلَى	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكَ	اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ
حا۔میم۔	عین۔سین۔قاف۔	اسی طرح	وحی فرماتا ہے	آپؐ کی طرف	اور طرف	وہ جو	آپ سے پہلے	اللہ	غالب

حا۔میم ۔ عین۔سین۔ق ۔ اسی طرح آپؐ کی طرف اور آپؐ کے پہلوں کی طرف اللہ وحی فرماتا ہے، غالب

الْحَكِيْمُ ③ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ④ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ

الْحَكِيْمُ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَلِيُّ	الْعَظِيْمُ	تَكَادُ	السَّمٰوٰتُ
حکمت والا	اسی کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور وہ	بلند	عظمت والا	قریب ہے	آسمانوں (جمع)

حکمت والا۔ اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں اور زمین میں ہے، اور وہ بلند، عظمت والا ہے۔ قریب ہے کہ آسمان

يَّتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ

يَّتَفَطَّرْنَ	مِنْ فَوْقِهِنَّ	وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ	يُسَبِّحُوْنَ	بِحَمْدِ رَبِّهِمْ	وَيَسْتَغْفِرُوْنَ	لِمَنْ
پھٹ پڑیں	ان کے اوپر سے	اور فرشتے	تسبیح کرتے ہیں	اپنے رب کی تعریف کے ساتھ	اور وہ مغفرت طلب کرتے ہیں	اس کے لئے جو

اُن کے اوپر سے پھٹ پڑیں، اور فرشتے اپنے رب کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں، اور ان کے لئے مغفرت طلب کرتے ہیں جو

فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ⑤ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ

فِي الْاَرْضِ	اَلَآ	اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ ⑤	وَالَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ
زمین میں	یاد رکھو	بیشک اللہ	وہ۔وہی	بخشنے والا	مہربان	اور جو لوگ	ٹھہراتے ہیں	اس کے سوا

زمین میں ہیں، یاد رکھو! بیشک اللہ ہی بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور جو لوگ ٹھہراتے ہیں اللہ کے سوا (دوسروں کو)

اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ۡ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ⑥ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

اَوْلِيَاۗءَ	اللّٰهُ	حَفِيْظٌ - عَلَيْهِمْ	وَمَآ اَنْتَ	عَلَيْهِمْ	بِوَكِيْلٍ	وَكَذٰلِكَ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ
رفیق	اللہ	دیکھنے والا۔ان پر (انہیں دیکھ رہا ہے)	اور آپؐ نہیں	اُن پر	ذمہ دار	اور اسی طرح	ہم نے وحی کیا	آپؐ کی طرف

رفیق، اللہ انہیں دیکھ رہا ہے، آپؐ اُن پر ذمہ دار نہیں۔ اور اسی طرح ہم نے آپؐ کی طرف وحی کیا

قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰی وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ یَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَیْبَ

قُرْاٰنًا	عَرَبِیًّا	لِّتُنْذِرَ	اُمَّ الْقُرٰی	وَمَنْ	حَوْلَهَا	وَتُنْذِرَ	یَوْمَ الْجَمْعِ	لَا رَیْبَ
قرآن	عربی زبان	تاکہ آپؐ ڈرائیں	اُمّ القریٰ (اہلِ مکہ)	اور جو	اس کے اِردگرد	اور آپؐ ڈرائیں	جمع ہونے کا دن	نہیں شک

قرآن عربی زبان میں تاکہ آپؐ ڈرائیں اہلِ مکہ کو اور انہیں جو اس کے اِردگرد ہیں، اور آپؐ ڈرائیں جمع ہونے کے دن سے، کوئی شک نہیں

فِیْهِ ؕ فَرِیْقٌ فِی الْجَنَّةِ وَفَرِیْقٌ فِی السَّعِیْرِ ۝۷ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

فِیْهِ	فَرِیْقٌ	فِی الْجَنَّةِ	وَفَرِیْقٌ	فِی السَّعِیْرِ	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	لَجَعَلَهُمْ	اُمَّةً وَّاحِدَةً
اس میں	ایک فریق	جنت میں	اور ایک فریق	دوزخ میں	اور اگر	چاہتا اللہ	ضرور بنا دیتا انہیں	ایک امت

اس میں، ایک فریق جنت میں ہوگا، اور ایک فریق دوزخ میں۔ اور اگر اللہ چاہتا تو ضرور انہیں ایک امت بنا دیتا

وَّلٰكِنْ یُّدْخِلُ مَنْ یَّشَآءُ فِیْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ۝۸

وَلٰكِنْ	یُّدْخِلُ	مَنْ یَّشَآءُ	فِیْ رَحْمَتِهٖ	وَالظّٰلِمُوْنَ	مَا لَهُمْ	مِّنْ	وَّلِیٍّ	وَّلَا نَصِیْرٍ
اور لیکن	وہ داخل کرتا ہے	جسے چاہتا ہے	اپنی رحمت میں	اور ظالم (جمع)	نہیں انکے لئے	کوئی	کارساز	اور نہ مددگار

اور لیکن وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے، اور ظالموں کے لئے نہ کوئی کارساز ہے، اور نہ مددگار۔

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِیُّ وَهُوَ یُحْیِ الْمَوْتٰی ۫ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ

اَمِ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖ	اَوْلِیَآءَ	فَاللّٰهُ	هُوَ الْوَلِیُّ	وَهُوَ	یُحْیِ	الْمَوْتٰی	وَهُوَ	عَلٰی	كُلِّ
کیا	انہوں نے ٹھہرا لئے	اس کے سوا	کارساز (جمع)	پس اللہ	وہی کارساز	اور وہی	زندہ کرتا ہے	مُردوں	اور وہ	پر	ہر

کیا انہوں نے اللہ کے سوا کارساز ٹھہرا لئے ہیں؟ پس اللہ ہی کارساز ہے، وہی مُردوں کو زندہ کرتا ہے، اور وہی

ع ۱ ۹ ۲

شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝۹ وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِیْهِ مِنْ شَیْءٍ فَحُكْمُهٗۤ اِلَی اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّیْ

شَیْءٍ	قَدِیْرٌ	وَمَا	اخْتَلَفْتُمْ	فِیْهِ	مِنْ شَیْءٍ	فَحُكْمُهٗ	اِلَی اللّٰهِ	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ	رَبِّیْ
چیز	قدرت رکھنے والا	اور جو جس	اختلاف کرتے ہو تم	اس میں	کسی چیز	تو اس کا فیصلہ	طرف پاس اللہ	وہی ہے اللہ	میرا رب

ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اور جس بات میں تم اختلاف کرتے ہو تو اس کا فیصلہ اللہ کے پاس ہے، وہی ہے اللہ میرا رب

عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَیْهِ اُنِیْبُ ۝۱۰ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ

عَلَیْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَاِلَیْهِ	اُنِیْبُ	فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِنْ اَنْفُسِكُمْ
اس پر	بھروسہ کیا میں نے	اور اس کی طرف	میں رجوع کرتا ہوں	پیدا کرنے والا آسمانوں	اور زمین	اس نے بنائے	تمہارے لئے	تمہاری ذات (جنس) سے

اس پر میں نے بھروسہ کیا، اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا، اس نے تمہاری جنس سے تمہارے لئے بنائے

اَزۡوَاجًا ؕ وَمِنَ الۡاَنۡعَامِ اَزۡوَاجًا ۚ یَذۡرَؤُکُمۡ فِیۡهِ ؕ لَیۡسَ کَمِثۡلِهٖ شَیۡءٌ ۚ وَهُوَ

اَزۡوَاجًا	وَمِنَ	الۡاَنۡعَامِ	اَزۡوَاجًا	یَذۡرَؤُکُمۡ	فِیۡهِ	لَیۡسَ	کَمِثۡلِهٖ	شَیۡءٌ	وَهُوَ
جوڑے	اور سے۔ کے	چوپایوں	جوڑے	وہ پھیلاتا ہے تمہیں	اس (دنیا) میں	نہیں	اس کی مثل	کوئی شے	اور وہ

جوڑے اور چوپایوں کے جوڑے، وہ تمہیں اس دنیا میں پھیلاتا ہے۔ اس کے مثل کوئی شے نہیں اور وہ

السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ ﴿۱۱﴾ لَهٗ مَقَالِیۡدُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ یَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ

السَّمِیۡعُ	الۡبَصِیۡرُ	لَهٗ	مَقَالِیۡدُ	السَّمٰوٰتِ	وَالۡاَرۡضِ	یَبۡسُطُ	الرِّزۡقَ	لِمَنۡ
سننے والا	دیکھنے والا	اسی کے لئے۔ پاس	کنجیاں	آسمانوں	اور زمین	وہ فراخ کرتا ہے	رزق	جس کے لئے

سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ اسی کے پاس ہیں آسمانوں اور زمین کی کنجیاں، وہ رزق فراخ کرتا ہے جس کے لئے

یَّشَآءُ وَیَقۡدِرُ ؕ اِنَّهٗ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿۱۲﴾ شَرَعَ لَکُمۡ مِّنَ الدِّیۡنِ مَا وَصّٰی بِهٖ

یَّشَآءُ	وَیَقۡدِرُ	اِنَّهٗ	بِکُلِّ شَیۡءٍ	عَلِیۡمٌ	شَرَعَ	لَکُمۡ	مِّنَ الدِّیۡنِ	مَا وَصّٰی	بِهٖ
وہ چاہتا ہے	اور تنگ کرتا ہے	بیشک وہ	ہر شے کو	جاننے والا	اس نے مقرر کیا	تمہارے لئے	وہی دین	اس نے جس کا حکم دیا	اس کا

وہ چاہتا ہے (اور جس پر چاہے) تنگ کر دیتا ہے، بیشک وہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔ اس نے تمہارے لئے وہی دین مقرر کیا ہے جس کے قائم کرنے کا اس نے حکم دیا تھا

نُوۡحًا وَّالَّذِیۡۤ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡکَ وَمَا وَصَّیۡنَا بِهٖۤ اِبۡرٰهِیۡمَ وَمُوۡسٰی وَعِیۡسٰۤی

نُوۡحًا	وَّالَّذِیۡ	اَوۡحَیۡنَاۤ	اِلَیۡکَ	وَمَا وَصَّیۡنَا	بِهٖ	اِبۡرٰهِیۡمَ	وَمُوۡسٰی	وَعِیۡسٰی
نوحؑ	اور وہ جس	ہم نے وحی کی	آپ کی طرف۔ کو	اور جس کا حکم دیا ہم نے	اس کا	ابراہیمؑ	اور موسیٰؑ	اور عیسیٰؑ

نوحؑ کو اور جس کی ہم نے آپؐ کی طرف وحی کی، اور جس کا حکم ہم نے ابراہیمؑ، اور موسیٰؑ، اور عیسیٰؑ کو دیا تھا

اَنۡ اَقِیۡمُوا الدِّیۡنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوۡا فِیۡهِ ؕ کَبُرَ عَلَی الۡمُشۡرِکِیۡنَ مَا تَدۡعُوۡهُمۡ اِلَیۡهِ ؕ اَللّٰهُ

اَنۡ اَقِیۡمُوا	الدِّیۡنَ	وَلَا تَتَفَرَّقُوۡا	فِیۡهِ	کَبُرَ	عَلَی الۡمُشۡرِکِیۡنَ	مَا تَدۡعُوۡهُمۡ	اِلَیۡهِ	اَللّٰهُ
کہ تم قائم کرو	دین	اور تفرقہ نہ ڈالو تم	اس میں	گراں	مشرکوں پر	جس کی طرف آپ انہیں بلاتے ہیں	اس کی طرف	اللہ

کہ تم دین قائم کرو، اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو، آپؐ جس کی طرف انہیں بلاتے ہیں، وہ مشرکوں پر گراں گزرتی ہے، اللہ

یَجۡتَبِیۡۤ اِلَیۡهِ مَنۡ یَّشَآءُ وَیَهۡدِیۡۤ اِلَیۡهِ مَنۡ یُّنِیۡبُ ﴿۱۳﴾ وَمَا تَفَرَّقُوۡۤا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ

یَجۡتَبِیۡۤ	اِلَیۡهِ	مَنۡ یَّشَآءُ	وَیَهۡدِیۡۤ	اِلَیۡهِ	مَنۡ یُّنِیۡبُ	وَمَا تَفَرَّقُوۡۤا	اِلَّا	مِنۡۢ بَعۡدِ
چن لیتا ہے	اپنی طرف	جسے وہ چاہتا ہے	اور ہدایت دیتا ہے	اس کی طرف	جو رجوع کرتا ہے	اور انہوں نے تفرقہ نہ ڈالا	مگر	اس کے بعد

اپنی طرف (اپنے قرب کے لئے) جس کو چاہتا ہے چن لیتا ہے۔ اور جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے اسے اپنی طرف سے ہدایت دیتا ہے۔ اور انہوں نے تفرقہ نہ ڈالا مگر اس کے بعد

مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى

مَا جَآءَهُمُ	الْعِلْمُ	بَغْيًۢا	بَيْنَهُمْ	وَلَوْلَا	كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ رَّبِّكَ	اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى
کر آگیا اُن کے پاس	علم	ضد	آپس کی	اور اگر نہ	فیصلہ	گزر چکا ہوتا	آپ کے رب کی طرف سے	تک	ایک مدّتِ مقررہ

کہ ان کے پاس علم (وحی) آگیا، آپس کی ضد کی وجہ سے، اور اگر آپؐ کے رب کی طرف سے ایک مدت مقررہ تک مہلت دینے کا فیصلہ نہ گزر چکا ہوتا

لَّقُضِىَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِىْ شَكٍّ مِّنْهُ

لَّقُضِىَ	بَيْنَهُمْ	وَاِنَّ	الَّذِيْنَ	اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	لَفِىْ شَكٍّ	مِّنْهُ
تو فیصلہ کر دیا جاتا	ان کے درمیان	اور بیشک	جو لوگ	کتاب کے وارث بنائے گئے	ان کے بعد	البتہ وہ شک میں	اس سے

تو ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا، اور بیشک جو لوگ ان کے بعد کتاب کے وارث بنائے گئے البتہ وہ اس سے

مُرِيْبٍ ﴿۱۴﴾ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ

مُرِيْبٍ	فَلِذٰلِكَ	فَادْعُ	وَاسْتَقِمْ	كَمَآ اُمِرْتَ	وَلَا تَتَّبِعْ	اَهْوَآءَهُمْ	وَقُلْ
تردّد میں ڈالنے والے	پس اسی کے لئے	آپ بلائیں	اور قائم رہیں	جیسا کہ ہے حکم دیا آپؐ کو	اور آپ نہ چلیں	ان کی خواہشات	اور کہیں

تردّد میں ڈالنے والے شک میں ہیں۔ پس آپؐ اسی کے لئے بلائیں اور اس پر قائم رہیں جیسا کہ ہے آپ کو حکم دیا ہے اور آپؐ ان کی خواہشات پر نہ چلیں، اور کہیں

اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ

اٰمَنْتُ	بِمَآ	اَنْزَلَ اللّٰهُ	مِنْ كِتٰبٍ	وَاُمِرْتُ	لِاَعْدِلَ	بَيْنَكُمْ	اَللّٰهُ	رَبُّنَا	وَرَبُّكُمْ
میں ایمان لے آیا	اس پر جو	نازل کی اللہ نے	سے ہر کتاب	اور مجھے حکم دیا گیا	کہ میں انصاف کروں	تمہارے درمیان	اللہ	ہمارا رب	اور تمہارا رب

میں ایمان لے آیا ہر کتاب پر جو اللہ نے نازل کی اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں، اللہ ہمارا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے۔

لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ

لَنَآ	اَعْمَالُنَا	وَلَكُمْ	اَعْمَالُكُمْ	لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا	وَبَيْنَكُمْ	اَللّٰهُ	يَجْمَعُ	بَيْنَنَا	وَاِلَيْهِ
ہمارے لئے	ہمارے اعمال	اور تمہارے لئے	تمہارے اعمال	کوئی حجت (جھگڑا) نہیں ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان	اللہ	جمع کریگا	ہمارے درمیان	اور اسی کی طرف

ہمارے لئے ہمارے اعمال اور تمہارے لئے تمہارے اعمال، ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں، اللہ ہمیں جمع کرے گا، اور اسی کی طرف

الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾ وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِى اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ

الْمَصِيْرُ	وَالَّذِيْنَ	يُحَآجُّوْنَ	فِى اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ	حُجَّتُهُمْ
بازگشت (لوٹنا)	اور جو لوگ	جھگڑا کرتے ہیں	اللہ کے بارے میں	اس کے بعد	کہ قبول کر لیا گیا اسی کے لئے، اس کو	اُن کی حجت

بازگشت ہے۔ اور جو لوگ اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں اس کے بعد کہ اس کو قبول کر لیا گیا، ان کی حجت (جھگڑا)

دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۶﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ

دَاحِضَةٌ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	وَعَلَيْهِمْ	غَضَبٌ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِيْدٌ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ
لغو	ہاں	ان کا رب	اور اُن پر	غضب	اور ان کے لئے	عذاب	سخت	اللہ	وہ جس نے

ان کے رب کے ہاں لغو ہے (بے ثبات) اور ان پر غضب ہے ، اور ان کے لئے سخت عذاب ہے ۔ اللہ ہے جس نے

اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ﴿۱۷﴾

اَنْزَلَ	الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ	وَالْمِيْزَانَ	وَمَا	يُدْرِيْكَ	لَعَلَّ	السَّاعَةَ	قَرِيْبٌ
نازل کی	کتاب	حق کے ساتھ	اور میزان	اور کیا	تجھے خبر	شاید	قیامت	قریب

کتاب حق کے ساتھ نازل کی ، اور میزان (بھی) اور تجھے کیا خبر شاید قیامت قریب ہو ۔

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَيَعْلَمُوْنَ

يَسْتَعْجِلُ	بِهَا	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِهَا	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مُشْفِقُوْنَ	مِنْهَا	وَيَعْلَمُوْنَ
وہ جلدی مچاتے ہیں	اسکی	وہ لوگ جو	ایمان نہیں رکھتے	اس پر	اور جو لوگ	ایمان لائے	وہ ڈرتے ہیں	اس سے	اور وہ جانتے ہیں

اس کی وہ لوگ جلدی مچاتے ہیں جو اس پر ایمان نہیں رکھتے ۔ اور جو لوگ ایمان لائے وہ اس سے ڈرتے ہیں ، اور وہ جانتے ہیں

اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَآ اِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ لَفِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۱۸﴾ اَللّٰهُ

اَنَّهَا	الْحَقُّ	اَلَآ	اِنَّ الَّذِيْنَ	يُمَارُوْنَ	فِي السَّاعَةِ	لَفِيْ ضَلٰلٍ	بَعِيْدٍ	اَللّٰهُ
کہ یہ	حق	یاد رکھو	بیشک جو لوگ	جھگڑتے ہیں	قیامت کے بارے میں	البتہ گمراہی میں	دُور	اللہ

کہ یہ حق ہے ، یاد رکھو ! بیشک جو لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑتے ہیں وہ دُور (بڑی) گمراہی میں ہیں ۔ اللہ

لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ

ع ۲ ۱۰ ۳

لَطِيْفٌ	بِعِبَادِهٖ	يَرْزُقُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَهُوَ	الْقَوِيُّ	الْعَزِيْزُ	مَنْ	كَانَ يُرِيْدُ	حَرْثَ
مہربان	اپنے بندوں پر	وہ رزق دیتا ہے	جس کو چاہے	اور وہ	قوی	غالب	جو شخص	چاہتا ہے	کھیتی

اپنے بندوں پر مہربان ہے ، وہ جسے چاہتا ہے رزق دیتا ہے ، اور وہ قوی ، غالب ہے ۔ جو شخص چاہتا ہے کھیتی

الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ

الْاٰخِرَةِ	نَزِدْ لَهٗ	فِيْ حَرْثِهٖ	وَمَنْ	كَانَ يُرِيْدُ	حَرْثَ الدُّنْيَا	نُؤْتِهٖ	مِنْهَا	وَمَا لَهٗ
آخرت	ہم اضافہ کر دیتے ہیں اس کے لئے	کھیتی میں اس کی	اور جو	چاہتا ہے	دنیا کی کھیتی	ہم اسے دیتے ہیں	اس میں سے	اور نہیں اس کے لئے

آخرت کی ، ہم اس کی کھیتی میں اس کے لئے اضافہ کر دیتے ہیں ، اور جو دنیا کی کھیتی چاہتا ہے ہم اسے اس میں سے کچھ دیتے ہیں اور اس کے لئے نہیں

فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ﴿۲۰﴾ اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ

فِي الْاٰخِرَةِ	مِنْ نَّصِيْبٍ	اَمْ لَهُمْ	شُرَكٰٓؤُا	شَرَعُوْا	لَهُمْ	مِنَ	الدِّيْنِ	مَا لَمْ
آخرت میں	کوئی حصہ	کیا ان کے لئے	کچھ شریک (جمع)	انہوں نے مقرر کیا	ان کے لئے	سے۔ایسا	دین	جو جس نہیں

آخرت میں کوئی حصہ۔ کیا ان کے کچھ شریک ہیں جنہوں نے ان کے لئے ایسا دین مقرر کیا ہے، جس کی

يَاْذَنْ بِهِ اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ

يَاْذَنْ	بِهِ	اللّٰهُ	وَلَوْ	لَا	كَلِمَةُ الْفَصْلِ	لَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	وَاِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	لَهُمْ	عَذَابٌ
اجازت دی	اس کی	اللہ	اور اگر	نہ	ایک قولِ فیصل	تو فیصلہ ہو جاتا	انکے درمیان	اور بیشک	ظالموں	انکے لئے	عذاب

اللہ نے اجازت نہیں دی)، اور اگر ایک قولِ فیصل نہ ہوتا تو ان کے درمیان (یہیں) فیصلہ ہو جاتا، اور بیشک ظالموں کے لئے عذاب ہے

اَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اَلِيْمٌ	تَرَى	الظّٰلِمِيْنَ	مُشْفِقِيْنَ	مِمَّا كَسَبُوْا	وَهُوَ	وَاقِعٌ	بِهِمْ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
دردناک	تم دیکھو گے	ظالموں	ڈرتے ہوں گے	اس سے جو انہوں نے کمایا (اعمال)	اور وہ	واقع ہونیوالا	اُن پر	اور جو لوگ	ایمان لائے

دردناک۔ تم ظالموں کو دیکھو گے وہ اپنے اعمال (کے وبال) سے ڈرتے ہوں گے، اور وہ اُن پر واقع ہونے والا ہے، اور جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ هُوَ

وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فِيْ	رَوْضٰتِ	الْجَنّٰتِ	لَهُمْ	مَا يَشَاۗءُوْنَ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	ذٰلِكَ	هُوَ
اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	میں	باغات	جنتوں	ان کے لئے	جو وہ چاہیں گے	ان کے رب کے ہاں	یہ	وہ۔یہی

اور انہوں نے اچھے عمل کئے، وہ جنتوں کے باغات میں ہوں گے، وہ جو چاہیں گے ان کے رب کے ہاں (ملے گا)، یہی ہے

الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۲۲﴾ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ

الْفَضْلُ	الْكَبِيْرُ	ذٰلِكَ	الَّذِيْ	يُبَشِّرُ اللّٰهُ	عِبَادَهُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
فضل	بڑا	یہی	وہ جس	اللہ بشارت دیتا ہے	اپنے بندے	وہ جو ایمان لائے	اور انہوں نے اچھے عمل کئے

بڑا فضل۔ یہی ہے وہ جس کی اللہ اپنے اُن بندوں کو بشارت دیتا ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ۭ وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً

قُلْ	لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	اَجْرًا	اِلَّا	الْمَوَدَّةَ	فِي الْقُرْبٰى	وَمَنْ	يَّقْتَرِفْ	حَسَنَةً
فرمادیں	میں تم سے نہیں مانگتا	اس پر	کوئی اجر	سوائے	محبت	قرابتداری میں۔کی	اور جو	کمائے گا	کوئی نیکی

آپ فرمادیں میں تم سے قرابت کی محبت کے سوا اس پر کوئی اجر نہیں مانگتا، اور جو شخص کوئی نیکی کمائے گا (کرے گا)

نَزِدْ لَهٗ فِیْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۲۳﴾ اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ

نَزِدْ لَهٗ	فِیْهَا	حُسْنًا	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	شَكُوْرٌ	اَمْ	یَقُوْلُوْنَ	افْتَرٰی	عَلَی اللّٰهِ
ہم بڑھادینگے اسکے لئے	اس میں	خوبی	بیشک اللہ	بخشنے والا	قدردان	کیا	وہ کہتے ہیں	اس نے باندھا	اللہ پر

ہم اس کے لئے اس میں خوبی بڑھادیں گے، بیشک اللہ بخشنے والا قدردان ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اللہ پر باندھا ہے

كَذِبًا ۚ فَاِنْ یَّشَاِ اللّٰهُ یَخْتِمْ عَلٰی قَلْبِكَ ؕ وَیَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَیُحِقُّ الْحَقَّ

كَذِبًا	فَاِنْ	یَّشَاِ اللّٰهُ	یَخْتِمْ	عَلٰی قَلْبِكَ	وَیَمْحُ	اللّٰهُ	الْبَاطِلَ	وَیُحِقُّ	الْحَقَّ
جھوٹ	سو اگر	چاہتا اللہ	وہ مُہر لگادیتا	تمہارے دل پر	اور مٹاتا ہے	اللہ	باطل	اور ثابت کرتا ہے	حق

جھوٹ، سو اگر اللہ چاہتا تو وہ تمہارے دل پر مُہر لگادیتا، اور اللہ باطل کو مٹاتا ہے، اور حق کو ثابت کرتا ہے

بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۴﴾ وَهُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ

بِكَلِمٰتِهٖ	اِنَّهٗ	عَلِیْمٌۢ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	وَهُوَ	الَّذِیْ یَقْبَلُ	التَّوْبَةَ	عَنْ عِبَادِهٖ
اپنے کلمات سے	بیشک وہ	جاننے والا	دلوں کی باتوں کو	اور وہی	جو قبول فرماتا ہے	توبہ	اپنے بندوں سے

اپنے کلمات سے، بیشک وہ دلوں کی باتوں کو جاننے والا ہے۔ اور وہی ہے جو اپنے بندوں سے توبہ قبول فرماتا ہے

وَیَعْفُوْا عَنِ السَّیِّاٰتِ وَیَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَیَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ

وَیَعْفُوْا	عَنِ	السَّیِّاٰتِ	وَیَعْلَمُ	مَا تَفْعَلُوْنَ	وَیَسْتَجِیْبُ	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	وَ
اور معاف کردیتا ہے	سے۔کو	برائیاں	اور وہ جانتا ہے	جو تم کرتے ہو	اور قبول کرتا ہے	وہ جو	ایمان لائے	اور

اور برائیوں کو معاف کردیتا ہے، اور وہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اور وہ ان کی دُعائیں، قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَیَزِیْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ﴿۲۶﴾

عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَیَزِیْدُهُمْ	مِنْ فَضْلِهٖ	وَالْكٰفِرُوْنَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِیْدٌ
انہوں نے عمل کئے	اچھے	اور ان کو زیادہ دیتا ہے	اپنے فضل سے	اور کافروں	ان کے لئے	عذاب	سخت

انہوں نے اچھے عمل کئے، اور وہ ان کو اپنے فضل سے اور زیادہ دیتا ہے، اور کافروں کے لئے سخت عذاب ہے۔

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِی الْاَرْضِ وَلٰكِنْ یُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا یَشَآءُ ؕ

وَلَوْ	بَسَطَ اللّٰهُ	الرِّزْقَ	لِعِبَادِهٖ	لَبَغَوْا	فِی الْاَرْضِ	وَلٰكِنْ	یُّنَزِّلُ	بِقَدَرٍ	مَّا یَشَآءُ
اور اگر	کشادہ کردیتا اللہ	رزق	اپنے بندوں کے لئے	تو وہ سرکشی کرتے	زمین میں	اور لیکن	وہ اتارتا ہے	اندازے سے	جس قدر وہ چاہتا ہے

اور اگر اللہ اپنے بندوں کے لئے رزق کشادہ کردیتا، تو وہ زمین میں سرکشی کرتے لیکن وہ اندازے سے جس قدر چاہتا ہے اُتارتا ہے،

اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِیۡرٌۢ بَصِیۡرٌ ﴿۲۷﴾ وَهُوَ الَّذِیۡ یُنَزِّلُ الۡغَیۡثَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا قَنَطُوۡا

اِنَّهٗ	بِعِبَادِهٖ	خَبِیۡرٌۢ	بَصِیۡرٌ	وَهُوَ	الَّذِیۡ	یُنَزِّلُ	الۡغَیۡثَ	مِنۡۢ بَعۡدِ	مَا قَنَطُوۡا
بیشک وہ	اپنے بندوں سے	باخبر	دیکھنے والا	اور وہی	وہ جو	نازل فرماتا ہے	بارش	بعد	جب وہ مایوس ہو گئے

بیشک وہ اپنے بندوں (کی ضرورتوں) سے باخبر ہے، دیکھنے والا ہے۔ اور اس کے بعد جب وہ ناامید ہو گئے تو وہی ہے جو بارش نازل فرماتا ہے،

وَیَنۡشُرُ رَحۡمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الۡوَلِیُّ الۡحَمِیۡدُ ﴿۲۸﴾ وَمِنۡ اٰیٰتِهٖ خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ

وَیَنۡشُرُ	رَحۡمَتَهٗ	وَهُوَ	الۡوَلِیُّ	الۡحَمِیۡدُ	وَمِنۡ	اٰیٰتِهٖ	خَلۡقُ	السَّمٰوٰتِ
اور پھیلاتا ہے	اپنی رحمت	اور وہی	کارساز	ستودہ صفات	اور سے	اس کی نشانیاں	پیدا کرنا	آسمانوں

اور اپنی رحمت پھیلاتا ہے، اور وہی ہے کارساز، ستودہ صفات۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے پیدا کرنا آسمانوں کا

۳ ع ۱۰ ۴

وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَثَّ فِیۡهِمَا مِنۡ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰی جَمۡعِهِمۡ اِذَا یَشَآءُ قَدِیۡرٌ ﴿۲۹﴾

وَالۡاَرۡضِ	وَمَا	بَثَّ	فِیۡهِمَا	مِنۡ دَآبَّةٍ	وَهُوَ	عَلٰی جَمۡعِهِمۡ	اِذَا یَشَآءُ	قَدِیۡرٌ
اور زمین	اور جو	اس نے پھیلائے	ان کے درمیان	جو پائے	اور وہ	ان کے جمع کرنے پر	جب وہ چاہے	قدرت رکھنے والا

اور زمین کا، اور جو اس نے ان کے درمیان جو پائے پھیلائے، اور وہ جب چاہے ان کے جمع کرنے پر قدرت رکھتا ہے۔

وَمَاۤ اَصَابَكُمۡ مِّنۡ مُّصِیۡبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتۡ اَیۡدِیۡكُمۡ وَیَعۡفُوۡا عَنۡ كَثِیۡرٍ ؕ ﴿۳۰﴾

وَمَاۤ اَصَابَكُمۡ	مِّنۡ مُّصِیۡبَةٍ	فَبِمَا	كَسَبَتۡ	اَیۡدِیۡكُمۡ	وَیَعۡفُوۡا	عَنۡ كَثِیۡرٍ
اور جو پہنچی تمہیں	کوئی مصیبت	تو اس کے سبب جو	کمایا	تمہارے ہاتھوں	اور وہ معاف فرما دیتا ہے	بہت سے

اور تمہیں جو کوئی مصیبت پہنچی تو وہ اس کے سبب (پہنچی) جو تمہارے ہاتھوں نے کمایا (کیا) اور وہ بہت سے (گناہ) معاف (ہی) کر دیتا ہے۔

وَمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ۖ وَمَا لَكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِیٍّ وَّ

وَمَاۤ	اَنۡتُمۡ	بِمُعۡجِزِیۡنَ	فِی الۡاَرۡضِ	وَمَا لَكُمۡ	مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ	مِنۡ وَّلِیٍّ وَّ
اور نہیں	تم	عاجز کرنے والے	زمین میں	اور نہیں تمہارے لئے	اللہ کے سوا	کوئی کارساز اور

اور تم (زمین میں (اللہ تعالیٰ کو) عاجز کرنے والے نہیں ہو، اور اللہ کے سوا تمہارے لئے نہ کوئی کارساز ہے اور

لَا نَصِیۡرٌ ﴿۳۱﴾ وَمِنۡ اٰیٰتِهِ الۡجَوَارِ فِی الۡبَحۡرِ كَالۡاَعۡلَامِ ﴿۳۲﴾ اِنۡ یَّشَاۡ یُسۡكِنِ الرِّیۡحَ

لَا نَصِیۡرٌ	وَمِنۡ اٰیٰتِهِ	الۡجَوَارِ	فِی الۡبَحۡرِ	كَالۡاَعۡلَامِ	اِنۡ یَّشَاۡ	یُسۡكِنِ	الرِّیۡحَ
نہ کوئی مددگار	اور اس کی نشانیوں سے	جہاز	سمندر میں	پہاڑوں جیسے	اگر وہ چاہے	وہ ٹھہرا دے	ہوا

نہ کوئی مددگار۔ اور اس کی نشانیوں میں سے سمندر میں پہاڑوں جیسے جہاز ہیں۔ اگر وہ چاہے تو ہوا کو ٹھہرا دے

فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۳﴾ اَوْ

فَيَظْلَلْنَ	رَوَاكِدَ	عَلٰى ظَهْرِهٖ	اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ	اَوْ
تو وہ رہ جائیں	کھڑے ہوئے	اس کی پیٹھ (سطح) پر	بیشک اس میں	البتہ نشانیاں	ہر صبر کرنے والے کیلئے	شکر کرنے والے	یا

تو اس کی سطح پر وہ کھڑے ہوئے رہ جائیں، بیشک اس میں نشانیاں ہیں ہر صبر کرنے والے، شکر کرنے والے کے لئے - یا

يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۴﴾ وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا ؕ

يُوْبِقْهُنَّ	بِمَا كَسَبُوْا	وَيَعْفُ	عَنْ كَثِيْرٍ	وَيَعْلَمَ	الَّذِيْنَ	يُجَادِلُوْنَ	فِيْٓ اٰيٰتِنَا
وہ انہیں ہلاک کر دے	ان کے اعمال کے سبب	اور (یا) معاف کر دے	بہتوں کو	اور جان لیں	وہ لوگ جو	جھگڑتے ہیں	ہماری آیات میں

وہ انہیں ان کے اعمال کے سبب ہلاک کر دے یا بہتوں کو معاف کر دے - اور جان لیں وہ لوگ جو ہماری آیات میں جھگڑتے ہیں،

مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۵﴾ فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ

مَا لَهُمْ	مِنْ	مَّحِيْصٍ	فَمَآ اُوْتِيْتُمْ	مِّنْ شَيْءٍ	فَمَتَاعُ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَمَا	عِنْدَ اللّٰهِ
نہیں ان کے لئے	کوئی	خلاصی	پس جو کچھ دی گئی تمہیں	کوئی شے	تو فائدہ	دُنیاوی زندگی	اور جو	اللہ کے پاس

کہ ان کے لئے کوئی خلاصی (چھٹکارا) نہیں، پس تمہیں جو کچھ کوئی شے دی گئی ہے تو وہ دُنیاوی زندگی کا (ناپائیدار) فائدہ ہے، اور جو اللہ کے پاس ہے

خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ

خَيْرٌ	وَّاَبْقٰى	لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَلٰى رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يَجْتَنِبُوْنَ
بہتر	اور ہمیشہ باقی رہنے والا	ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائے	اور اپنے رب پر وہ	بھروسہ کرتے ہیں	اور جو لوگ	وہ بچتے ہیں

وہ بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے، ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائے اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں - اور جو لوگ بچتے ہیں

كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا

كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ	وَالْفَوَاحِشَ	وَاِذَا	مَا غَضِبُوْا هُمْ	يَغْفِرُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	اسْتَجَابُوْا
کبیرہ (بڑے) گناہ	اور بے حیائیاں	اور جب	وہ غصے میں ہوتے ہیں	وہ معاف کر دیتے ہیں	اور جن لوگوں نے	قبول کیا

بڑے گناہوں سے اور بے حیائیوں سے اور جب وہ غصے میں ہوتے تو معاف کر دیتے ہیں - اور جن لوگوں نے قبول کیا

لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۪ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۪ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۸﴾

لِرَبِّهِمْ	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَاَمْرُهُمْ	شُوْرٰى	بَيْنَهُمْ	وَمِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	يُنْفِقُوْنَ
اپنے رب کا (فرمان)	اور انہوں نے قائم کی		اور ان کا کام	مشورہ	باہم	اور اس سے جو	ہم نے عطا کیا انہیں	وہ خرچ کرتے ہیں

اپنے رب کا فرمان اور انہوں نے نماز قائم کی، اور ان کا کام باہم مشورہ (پر مبنی ہوتا ہے) اور جو ہم نے انہیں دیا اس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں

وَالَّذِیۡنَ اِذَاۤ اَصَابَهُمُ الۡبَغۡیُ هُمۡ یَنۡتَصِرُوۡنَ ﴿۳۹﴾ وَجَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ سَیِّئَةٌ مِّثۡلُهَا

وَالَّذِیۡنَ	اِذَا	اَصَابَهُمُ	الۡبَغۡیُ	هُمۡ	یَنۡتَصِرُوۡنَ	وَجَزٰٓؤُا	سَیِّئَةٍ	سَیِّئَةٌ	مِّثۡلُهَا
اور جو لوگ	جب	انہیں پہنچے	کوئی ظلم و تعدی	وہ	بدلہ لیتے ہیں	اور بدلہ	برائی	برائی	اس جیسی

اور جو لوگ (ایسے ہیں کہ) جب ان پر کوئی ظلم و تعدی پہنچے تو وہ بدلہ لیتے ہیں۔ اور برائی کا بدلہ اُسی جیسی برائی ہے

فَمَنۡ عَفَا وَاَصۡلَحَ فَاَجۡرُهٗ عَلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۴۰﴾ وَلَمَنِ انۡتَصَرَ

فَمَنۡ	عَفَا	وَاَصۡلَحَ	فَاَجۡرُهٗ	عَلَی اللّٰهِ	اِنَّهٗ	لَا یُحِبُّ	الظّٰلِمِیۡنَ	وَلَمَنِ	انۡتَصَرَ
سو جس	معاف کر دیا	اور اصلاح کر دی	تو اس کا اجر	اللہ پر ہے	بیشک وہ	دوست نہیں رکھتا	(جمع) ظالم	اور البتہ جس	اس نے بدلہ لیا

سو جس نے معاف کر دیا اور اصلاح (درستی) کر دی تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے، بیشک وہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور البتہ جس نے بدلہ لیا

بَعۡدَ ظُلۡمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَیۡهِمۡ مِّنۡ سَبِیۡلٍ ﴿۴۱﴾ ؕ اِنَّمَا السَّبِیۡلُ عَلَی الَّذِیۡنَ

بَعۡدَ ظُلۡمِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	مَا عَلَیۡهِمۡ	مِنۡ سَبِیۡلٍ	اِنَّمَا	السَّبِیۡلُ	عَلَی	الَّذِیۡنَ
اپنے اوپر ظلم کے بعد	سو یہ لوگ	نہیں ان پر	کوئی راہ	اس کے سوا نہیں	راہ (الزام)	پر	وہ لوگ جو

اپنے اوپر ظلم کے بعد، سو یہ لوگ ہیں جن پر کوئی راہِ (الزام) نہیں۔ اس کے سوا نہیں کہ الزام اُن پر ہے جو

یَظۡلِمُوۡنَ النَّاسَ وَیَبۡغُوۡنَ فِی الۡاَرۡضِ بِغَیۡرِ الۡحَقِّ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ﴿۴۲﴾

یَظۡلِمُوۡنَ	النَّاسَ	وَیَبۡغُوۡنَ	فِی الۡاَرۡضِ	بِغَیۡرِ الۡحَقِّ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمۡ	عَذَابٌ اَلِیۡمٌ
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا يَسْخَرْ	قَوْمٌ	مِّنْ قَوْمٍ	عَسٰى	اَنْ يَّكُوْنُوْا	خَيْرًا	مِّنْهُمْ
اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	نہ مذاق اڑائے	ایک گروہ	(دوسرے) گروہ کا	کیا عجب	کہ وہ ہوں	بہتر	ان سے

اے مومنو! (تم سے) ایک گروہ (کچھ مرد) دوسرے گروہ (کچھ مردوں) کا مذاق نہ اڑائیں، کیا عجب! کہ وہ ان سے بہتر ہوں،

وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَ

وَلَا نِسَآءٌ	مِّنْ نِّسَآءٍ	عَسٰٓى	اَنْ يَّكُنَّ	خَيْرًا	مِّنْهُنَّ	وَلَا تَلْمِزُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	وَ
اور نہ عورتیں	عورتوں سے۔ کا	کیا عجب	کہ وہ ہوں	بہتر	ان سے	اور نہ عیب لگاؤ	باہم (ایک دوسرے)	اور

اور نہ عورتیں عورتوں کا (مذاق) اڑائیں کیا عجب! کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور ایک دوسرے پر عیب نہ لگاؤ، اور

لَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ

لَا تَنَابَزُوْا	بِالْاَلْقَابِ	بِئْسَ الِاسْمُ	الْفُسُوْقُ	بَعْدَ الْاِيْمَانِ	وَمَنْ	لَّمْ يَتُبْ
باہم نہ چڑاؤ	بُرے القاب سے	بُرا نام	گناہ	ایمان کے بعد	اور جو۔ جس	توبہ کی (باز نہ آیا)

باہم بُرے القاب سے نہ چڑاؤ (نام نہ بگاڑو) ایمان کے بعد گناہ (کا نام) بُرا نام ہے، اور جو باز نہ آیا

فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۱۱ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۠

فَاُولٰۗىِٕكَ	هُمُ الظّٰلِمُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اجْتَنِبُوْا	كَثِيْرًا	مِّنَ الظَّنِّ
تو یہی لوگ	وہ ظالم (جمع)	اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	بچو	بہت سے	گمانوں سے

تو یہی لوگ ظالم ہیں۔ اے مومنو! بہت سے گمانوں سے بچو؛

اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ

اِنَّ	بَعْضَ الظَّنِّ	اِثْمٌ	وَّلَا تَجَسَّسُوْا	وَلَا يَغْتَبْ	بَعْضُكُمْ	بَعْضًا	اَيُحِبُّ
بیشک	بعض گمان	گناہ	اور ٹوہ میں نہ رہا کرو ایک دوسرے کی	اور غیبت نہ کرے	تم میں سے (ایک)	بعض (دوسرے) کی	کیا پسند کرتا ہے؟

بیشک بعض گمان گناہ ہوتے ہیں اور ایک دوسرے کی ٹوہ میں نہ رہا کرو، اور تم میں سے کوئی ایک دوسرے کی غیبت نہ کرے، کیا پسند کرتا ہے یہ

اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ

اَحَدُكُمْ	اَنْ يَّاْكُلَ	لَحْمَ اَخِيْهِ	مَيْتًا	فَكَرِهْتُمُوْهُ	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	تَوَّابٌ
تم میں سے کوئی	کہ وہ کھائے	اپنے بھائی کا گوشت	مُردہ کا	تو اس سے تم گھن کرو گے	اور اللہ سے ڈرو تم	بیشک اللہ	توبہ قبول کرنیوالا

تم میں سے کوئی کہ وہ اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھائے؟ تو تم اس سے گھن کرو گے، اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا،

رَّحِيْمٌ ۝۱۲ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا

رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ	مِّنْ ذَكَرٍ	وَّاُنْثٰى	وَجَعَلْنٰكُمْ	شُعُوْبًا
نہایت مہربان	اے لوگو!	بے شک ہم نے پیدا کیا تمہیں	ایک مرد سے	اور ایک عورت	اور بنایا تمہیں	ذاتیں

نہایت مہربان ہے۔ اے لوگو! بے شک ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا، اور ہم نے تمہیں بنایا ذاتیں

وَّقَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۳﴾

وَقَبَآىِٕلَ	لِتَعَارَفُوْا	اِنَّ	اَكْرَمَكُمْ	عِنْدَ اللّٰهِ	اَتْقٰىكُمْ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	خَبِيْرٌ
اور قبیلے	تاکہ تم ایکدوسرے کی شناخت کرو	بیشک تم میں سب سے زیادہ عزت والا	اللہ کے نزدیک	تم میں سب سے بڑا پرہیزگار	بیشک اللہ	جاننے والا	باخبر

اور قبیلے تاکہ تم ایکدوسرے کی شناخت کرو، بیشک اللہ کے نزدیک تم میں سب سے بڑا عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے، اللہ بیشک جاننے والا، خبردار ہے۔

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ

قَالَتِ	الْاَعْرَابُ	اٰمَنَّا	قُلْ	لَّمْ تُؤْمِنُوْا	وَلٰكِنْ	قُوْلُوْٓا	اَسْلَمْنَا	وَلَمَّا	يَدْخُلِ
کہتے ہیں	دیہاتی	ہم ایمان لائے	فرمادیں	تم ایمان نہیں لائے	اور لیکن	تم کہو	ہم اسلام لائے ہیں	اور ابھی نہیں	داخل ہوا

دیہاتی کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے، آپ فرمادیں تم ایمان نہیں لائے ہو، بلکہ تم کہو کہ ہم اسلام لائے ہیں، اور ابھی داخل نہیں ہوا

الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ

الْاِيْمَانُ	فِيْ قُلُوْبِكُمْ	وَاِنْ	تُطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	لَا يَلِتْكُمْ	مِّنْ	اَعْمَالِكُمْ
ایمان	تمہارے دلوں میں	اور اگر	تم اطاعت کرو گے	اللہ	اور اس کا رسول	تمہیں کمی نہ کرے گا	سے	تمہارے اعمال

تمہارے دلوں میں ایمان اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو گے تو اللہ تمہارے اعمال سے کمی نہ کرے گا،

شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

شَيْـًٔا	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	اِنَّمَا	الْمُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ
کچھ بھی	بے شک اللہ	بخشنے والا	مہربان	اسکے سوا نہیں	مومن (جمع)	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اللہ پر	اور اس کا رسول ﷺ

کچھ بھی، بیشک اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اس کے سوا نہیں مومن وہ لوگ، ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے

ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

ثُمَّ	لَمْ يَرْتَابُوْا	وَجٰهَدُوْا	بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ
پھر	نہ پڑے شک میں وہ	اور انہوں نے جہاد کیا	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانوں سے	میں	اللہ کی راہ	یہی لوگ	وہ

پھر وہ شک میں نہ پڑے، اور انہوں نے اپنے مالوں اور جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا، یہی لوگ ہیں

الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۵﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

الصّٰدِقُوْنَ	قُلْ	اَتُعَلِّمُوْنَ	اللّٰهَ	بِدِيْنِكُمْ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا
سچے	فرمادیں	کیا تم جتلاتے ہو؟	اللہ	اپنا دین	اور اللہ	جانتا ہے	جو	آسمانوں میں	اور جو

سچے۔ آپ فرمادیں کیا تم اللہ کو اپنا دین (دینداری) جتلاتے ہو؟ اور اللہ جانتا ہے جو آسمانوں میں اور جو

فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۶﴾ يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ

فِي الْاَرْضِ	وَاللّٰهُ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	يَمُنُّوْنَ	عَلَيْكَ	اَنْ	اَسْلَمُوْا	قُلْ
زمین میں	اور اللہ	ہر ایک	چیز	جاننے والا	وہ احسان رکھتے ہیں	آپؐ پر	کہ	وہ اسلام لائے	فرما دیں

زمین میں ہے، اور اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ وہ آپؐ پر احسان رکھتے ہیں کہ وہ اسلام لائے، آپؐ فرما دیں

لَا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ

لَا تَمُنُّوْا	عَلَيَّ	اِسْلَامَكُمْ	بَلِ اللّٰهُ	يَمُنُّ	عَلَيْكُمْ	اَنْ هَدٰىكُمْ	لِلْاِيْمَانِ	اِنْ
نہ احسان رکھو تم	مجھ پر	اپنے اسلام لانے کا	بلکہ اللہ	احسان رکھتا ہے	تم پر	کہ اس نے ہدایت دی تمہیں	ایمان کی طرف	اگر

تم مجھ پر اپنے اسلام لانے کا احسان نہ رکھو، بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کی طرف ہدایت دی، اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	اِنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُ	غَيْبَ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَاللّٰهُ
تم ہو	سچے	بیشک اللہ	وہ جانتا ہے	پوشیدہ باتیں آسمانوں کی	اور زمین	اور اللہ

تم سچے ہو۔ بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں جانتا ہے، اور اللہ

ع ۲ ۸ ۱۴

بَصِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾

بَصِيْرٌ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
دیکھنے والا	وہ جو	تم کرتے ہو

وہ (سب کچھ) دیکھنے والا ہے جو تم کرتے ہو۔

اٰیاتُھا ۴۵ | سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ = ۵۰ = ۳۴ | رُكُوْعاتُھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

الجزء ۲۶

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ﴿۱﴾ ۚ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا

قٓ	وَالْقُرْاٰنِ	الْمَجِيْدِ	بَلْ	عَجِبُوْٓا	اَنْ	جَآءَهُمْ	مُّنْذِرٌ	مِّنْهُمْ	فَقَالَ	الْكٰفِرُوْنَ	هٰذَا
قاف	قسم ہے قرآن	مجید	بلکہ	انہوں نے تعجب کیا	کہ	انکے پاس آیا	ایک ڈر سنانے والا	ان میں سے	تو کہا	کافروں	یہ

قاف۔ قسم ہے قرآن مجید کی۔ بلکہ انہوں نے تعجب کیا کہ ان کے پاس ان میں سے ایک ڈر سنانے والا آیا، تو کافروں نے کہا یہ

شَيْءٌ عَجِيبٌ ﴿۲﴾ ءَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۖ ذَٰلِكَ رَجْعٌ بَعِيدٌ ﴿۳﴾ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنقُصُ

شَيْءٌ	عَجِيبٌ	ءَإِذَا مِتْنَا	وَكُنَّا	تُرَابًا	ذَٰلِكَ	رَجْعٌ	بَعِيدٌ	قَدْ عَلِمْنَا	مَا تَنقُصُ
شے	عجیب	کیا جب ہم مرگئے	اور ہوگئے	مٹی	یہ	(دوبارہ لوٹنا	دُور	تحقیق ہم جانتے ہیں	جو کچھ کم کرتی ہے

عجیب شے ہے۔ کیا جب ہم مرگئے اور مٹی ہو گئے (پھر جی اٹھیں گے) یہ دوبارہ لوٹنا دور (از عقل) ہے۔ تحقیق ہم جانتے ہیں جو کچھ کم کرتی ہو

الْأَرْضُ مِنْهُمْ ۖ وَعِندَنَا كِتَابٌ حَفِيظٌ ﴿۴﴾ بَلْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ فَهُمْ

الْأَرْضُ	مِنْهُمْ	وَعِندَنَا	كِتَابٌ حَفِيظٌ	بَلْ كَذَّبُوا	بِالْحَقِّ	لَمَّا جَاءَهُمْ	فَهُمْ
زمین	ان میں سے	اور ہمارے پاس	محفوظ رکھنے والی کتاب	بلکہ انہوں نے جھٹلایا	حق کو	جب وہ آیا ان کے پاس	پس وہ

اُن (کے اجسام) میں سے زمین اور ہمارے پاس محفوظ رکھنے والی کتاب (لوحِ محفوظ) ہے۔ بلکہ اُنہوں نے حق کو جھٹلایا۔ جب وہ ان کے پاس آیا پس وہ

فِي أَمْرٍ مَّرِيجٍ ﴿۵﴾ أَفَلَمْ يَنظُرُوا إِلَى السَّمَاءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنَاهَا وَزَيَّنَّاهَا وَمَا لَهَا

فِي أَمْرٍ	مَّرِيجٍ	أَفَلَمْ يَنظُرُوا	إِلَى السَّمَاءِ	فَوْقَهُمْ	كَيْفَ	بَنَيْنَاهَا	وَزَيَّنَّاهَا	وَمَا لَهَا
ایک بات میں	اُلجھی ہوئی	تو کیا وہ نہیں دیکھتے؟	آسمان کی طرف	ان کے اوپر	کیسے	بنایا اس کو	اور اس کو آراستہ کیا	اور اس میں نہیں

ایک اُلجھی ہوئی بات میں (پڑے ہیں) تو کیا وہ اپنے اوپر آسمان کی طرف نہیں دیکھتے؟ کہ ہمنے اسکو کیسے بنایا! اور ہمنے اس کو (ستاروں سے) آراستہ کیا اور اس میں

مِن فُرُوجٍ ﴿۶﴾ وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ

مِن	فُرُوجٍ	وَالْأَرْضَ	مَدَدْنَاهَا	وَأَلْقَيْنَا	فِيهَا	رَوَاسِيَ	وَأَنبَتْنَا	فِيهَا	مِن كُلِّ زَوْجٍ
کوئی	شگاف	اور زمین	ہم نے پھیلایا	اور ڈالے (جمائے)	اس میں	پہاڑ (جمع)	اور اُگائے	اس میں	سے کے ہر قسم

کوئی شگاف تک نہیں۔ اور زمین کو ہم نے پھیلایا، اور اس میں پہاڑ جمائے، اور ہمنے اس میں اُگائیں ہر قسم کی

بَهِيجٍ ﴿۷﴾ تَبْصِرَةً وَذِكْرَىٰ لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيبٍ ﴿۸﴾ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً مُّبَارَكًا

بَهِيجٍ	تَبْصِرَةً	وَذِكْرَىٰ	لِكُلِّ	عَبْدٍ مُّنِيبٍ	وَنَزَّلْنَا	مِنَ السَّمَاءِ	مَاءً	مُّبَارَكًا
خوشنما	ذریعہ بینائی	اور نصیحت	لئے ہر	رجوع کرنے والا بندہ	اور ہم نے اتارا	آسمان سے	پانی	بابرکت

خوشنما (چیزیں)۔ ہر رجوع کرنے والے بندے کے لئے ذریعہ بینائی و نصیحت۔ اور ہم نے آسمان سے بابرکت پانی اُتارا

فَأَنبَتْنَا بِهِ جَنَّاتٍ وَحَبَّ الْحَصِيدِ ﴿۹﴾ وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيدٌ ﴿۱۰﴾ رِّزْقًا

فَأَنبَتْنَا	بِهِ	جَنَّاتٍ	وَحَبَّ	الْحَصِيدِ	وَالنَّخْلَ	بَاسِقَاتٍ	لَّهَا	طَلْعٌ	نَّضِيدٌ	رِّزْقًا
پھر ہم نے اگائے	اس سے	باغات	اور دانہ (غلّہ)	کاٹنے (کھیتی)	اور کھجور کے درخت	بلند و بالا	جن کے	خوشے	تہ بہ تہ	رزق

پھر ہم نے اس سے باغات اُگائے اور کھیتی کا غلّہ۔ اور بلند و بالا کھجور کے درخت، جن کے تہ بہ تہ (خوب گندھے ہوئے) خوشے ہیں۔ رزق

لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ؕ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ﴿۱۱﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّ

لِلْعِبَادِ	وَاَحْيَيْنَا	بِهٖ	بَلْدَةً	مَّيْتًا	كَذٰلِكَ	الْخُرُوْجُ	كَذَّبَتْ	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ	وَّ
بندوں کے لئے	اور ہم نے زندہ کیا	اس سے	شہر (زمین)	مُردہ	اسی طرح	نکلنا	جھٹلایا	ان سے قبل	نوحؑ کی قوم	اور

بندوں کے لئے، اور ہم نے اس سے مردہ زمین کو زندہ کیا، اسی طرح (قبر سے) نکلنا ہوگا - ان سے قبل جھٹلایا نوحؑ کی قوم، اور

اَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ﴿۱۲﴾ وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ﴿۱۳﴾ وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ

اَصْحٰبُ الرَّسِّ	وَثَمُوْدُ	وَعَادٌ	وَفِرْعَوْنُ	وَاِخْوَانُ	لُوْطٍ	وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ
اہلِ رَسّ	اور ثمود	اور عاد	اور فرعون	اور بھائی (برادری)	لوطؑ	اور اہلِ ایکہ (بن کے رہنے والے)

اہل رَس اور ثمود نے اور عاد اور فرعون اور لوطؑ کے بھائیوں نے - اور بن کے رہنے والوں نے،

وَقَوْمُ تُبَّعٍ ؕ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ بَلْ هُمْ

وَقَوْمُ تُبَّعٍ	كُلٌّ كَذَّبَ	الرُّسُلَ	فَحَقَّ	وَعِيْدِ	اَفَعَيِيْنَا	بِالْخَلْقِ	الْاَوَّلِ	بَلْ هُمْ
اور قومِ تُبّع	سب نے جھٹلایا	رسولوں	پس ثابت ہوگیا	وعدۂ عذاب	تو کیا ہم تھک گئے	پیدا کرنے سے	پہلی بار	بلکہ وہ

اور قومِ تُبّع نے، سب نے رسولوں کو جھٹلایا، پس وعدۂ عذاب ثابت ہوگیا - تو کیا ہم پہلی بار پیدا کرنے سے تھک گئے ہیں؟ بلکہ وہ

فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۵﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ

فِيْ لَبْسٍ	مِّنْ	خَلْقٍ جَدِيْدٍ	وَلَقَدْ خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	وَنَعْلَمُ	مَا تُوَسْوِسُ	بِهٖ
شک میں	سے	پیدا کرنا از سرِنو	اور تحقیق ہم نے پیدا کیا	انسان	اور ہم جانتے ہیں	جو وسوسے گزرتے ہیں	اس کے

از سرِنو پیدا کرنے (کی طرف) سے شک میں ہیں - اور تحقیق ہم نے انسان کو پیدا کیا اور ہم جانتے ہیں جو وسوسے گزرتے ہیں

نَفْسُهٗ ۚ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿۱۶﴾ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ

نَفْسُهٗ	وَنَحْنُ	اَقْرَبُ	اِلَيْهِ	مِنْ	حَبْلِ الْوَرِيْدِ	اِذْ يَتَلَقَّى	الْمُتَلَقِّيٰنِ	عَنِ الْيَمِيْنِ
اس کا جی	اور ہم	بہت قریب	اس کے	سے	رگِ گردن (شہ رگ)	جب لیتے (لکھ لیتے) ہیں	دو لینے (لکھ لینے) والے	دائیں سے

اس کے جی میں، اور ہم اس کی شہ رگ سے (بھی) بہت قریب ہیں - جب (وہ کوئی کام کرتا ہے) تو لکھنے والے لکھ لیتے ہیں (ایک) دائیں سے

وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿۱۷﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿۱۸﴾ وَ

وَ	عَنِ الشِّمَالِ	قَعِيْدٌ	مَا يَلْفِظُ	مِنْ قَوْلٍ	اِلَّا	لَدَيْهِ	رَقِيْبٌ	عَتِيْدٌ	وَ
اور	بائیں سے	بیٹھا ہوا	اور نہیں نکالتا	کوئی بات	مگر	اس کے پاس	ایک نگہبان	تیار بیٹھا ہوا	اور

اور (ایک) بائیں سے بیٹھا ہوا، اور وہ کوئی بات (زبان سے) نہیں نکالتا مگر اس کے پاس (لکھنے کو) ایک نگہبان تیار بیٹھا ہے - اور

جَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿١٩﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ؕ

جَآءَتْ	سَكْرَةُ الْمَوْتِ	بِالْحَقِّ	ذٰلِكَ	مَا كُنْتَ	مِنْهُ	تَحِيْدُ	وَنُفِخَ	فِي الصُّوْرِ
آگئی	موت کی بے بیہوشی	حق کے ساتھ	یہ	جس سے تو تھا	اس سے	بھاگتا (بدکتا)	اور پھونکا گیا	صور میں

حق کے ساتھ موت کی بیہوشی آگئی، یہ وہ ہے جس سے تو بدکتا تھا - اور صور پھونکا گیا

ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿٢٠﴾ وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ﴿٢١﴾ لَقَدْ كُنْتَ

ذٰلِكَ	يَوْمُ الْوَعِيْدِ	وَجَآءَتْ	كُلُّ نَفْسٍ	مَّعَهَا	سَآئِقٌ	وَ	شَهِيْدٌ	لَقَدْ كُنْتَ
یہ	وعید کا دن	اور آئیگا (حاضر ہوگا	ہر شخص	اس کے ساتھ	ایک چلانے والا	اور	گواہی دینے والا	تحقیق تو تھا

یہ وعید کا دن ہے - اور ہر شخص (ہمارے حضور) حاضر ہوگا، اس کے ساتھ ایک چلانے والا اور ایک گواہی دینے والا ہوگا - تحقیق تو

فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾ وَقَالَ

فِيْ غَفْلَةٍ	مِّنْ هٰذَا	فَكَشَفْنَا	عَنْكَ	غِطَآءَكَ	فَبَصَرُكَ	الْيَوْمَ	حَدِيْدٌ	وَقَالَ
غفلت میں	اس سے	تو ہم نے ہٹا دیا	تجھ سے	تیرا پردہ	پس تیری نظر	آج	بڑی تیز	اور کہے گا

اس سے غفلت میں تھا، تو ہم نے تجھ سے تیرا (غفلت کا) پردہ ہٹا دیا - پس تیری نظر آج بڑی تیز ہے - اور کہے گا

قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿٢٣﴾ اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿٢٤﴾ مَّنَّاعٍ

قَرِيْنُهٗ	هٰذَا	مَا لَدَيَّ	عَتِيْدٌ	اَلْقِيَا	فِيْ جَهَنَّمَ	كُلَّ كَفَّارٍ	عَنِيْدٍ	مَّنَّاعٍ
اس کا ہم نشین	یہ	جو میرے پاس	حاضر	تم دونوں ڈالدو	جہنم میں	ہر ناشکرے	سرکش	منع کرنے والا

اس کا ہم نشین (فرشتہ) جو میرے پاس (اعمالنامہ تھا) یہ حاضر ہے (حکم ہوگا) تم دونوں جہنم میں ڈال دو ہر ناشکرے سرکش کو، منع کرنیوالے کو (بخیلی کرنے والے

لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِ ﴿٢٥﴾ اِلَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ

لِلْخَيْرِ	مُعْتَدٍ	مُرِيْبِ	اِلَّذِيْ	جَعَلَ	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰهًا	اٰخَرَ	فَاَلْقِيٰهُ	فِي الْعَذَابِ
مال کے لئے	حد سے گزرنے والا	شبہات ڈالنے والا	وہ جس	ٹھہرایا	اللہ کے ساتھ	معبود	دوسرا	پس اسے ڈالدو تم	عذاب میں

مال میں حد سے گزرنے والے، اور شبہات ڈالنے والے کو - جس نے اللہ کے ساتھ دوسرا معبود ٹھہرایا، پس تم اسے ڈال دو

الشَّدِيْدِ ﴿٢٦﴾ قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ﴿٢٧﴾ قَالَ

الشَّدِيْدِ	قَالَ	قَرِيْنُهٗ	رَبَّنَا	مَآ اَطْغَيْتُهٗ	وَلٰكِنْ	كَانَ	فِيْ ضَلٰلٍ	بَعِيْدٍ	قَالَ
سخت	کہے گا	اس کا ہم نشین	اے ہمارے رب	میں نے اسے سرکش نہیں بنایا	اور لیکن وہ	تھا	گمراہی میں	پرلے درجے کی	فرمائے گا

سخت عذاب میں - اس کا ہم نشین (شیطان) کہے گا اے ہمارے رب! میں نے اسے سرکش نہیں بنایا، بلکہ وہ پرلے درجے کی گمراہی میں تھا - اللہ فرمائے گا

لَا تَخْتَصِمُوا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ إِلَيْكُمْ بِالْوَعِيدِ ﴿٢٨﴾ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَ

لَا تَخْتَصِمُوا	لَدَيَّ	وَقَدْ قَدَّمْتُ	إِلَيْكُمْ	بِالْوَعِيدِ	مَا يُبَدَّلُ	الْقَوْلُ	لَدَيَّ	وَ
تم نہ جھگڑو	میرے پاس سامنے	اور میں پہلے بھیج چکا ہوں	تمہاری طرف	وعدۂ عذاب	نہیں بدلی جاتی	بات	میرے پاس ہاں	اور

تم میرے سامنے نہ جھگڑو، اور میں تمہاری طرف پہلے وعدۂ عذاب بھیج چکا ہوں۔ میرے پاس بات نہیں بدلی جاتی، اور

ع ۲ ۱۴ ۱۶

مَا أَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٢٩﴾ يَوْمَ نَقُولُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُولُ هَلْ مِن

مَا أَنَا	بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيدِ	يَوْمَ	نَقُولُ	لِجَهَنَّمَ	هَلِ امْتَلَأْتِ	وَتَقُولُ	هَلْ	مِن
نہیں میں	ظلم کرنے والا	بندوں پر	جس دن	ہم کہیں گے	جہنم سے	کیا تو بھر گئی؟	اور وہ کہے گی	کیا	سے۔ کچھ

میں بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔ جس دن ہم جہنم سے کہیں گے کیا تو بھر گئی؟ اور وہ کہے گی کیا کچھ

مَّزِيدٍ ﴿٣٠﴾ وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ غَيْرَ بَعِيدٍ ﴿٣١﴾ هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ لِكُلِّ أَوَّابٍ

مَّزِيدٍ	وَأُزْلِفَتِ	الْجَنَّةُ	لِلْمُتَّقِينَ	غَيْرَ بَعِيدٍ	هَٰذَا	مَا تُوعَدُونَ	لِكُلِّ أَوَّابٍ
مزید ہے	اور نزدیک کر دی جائیگی	جنت	پرہیزگاروں کے لئے	نہ دور	یہ	جو تم سے وعدہ کیا جاتا تھا	ہر رجوع کرنیوالے کے لئے

(اور) مزید ہے؟ اور جنت پرہیزگاروں کے نزدیک کر دی جائے گی، نہ ہوگی دور۔ یہ ہے جو تم سے وعدہ کیا جاتا تھا، ہر رجوع کرنے والے

حَفِيظٍ ﴿٣٢﴾ مَّنْ خَشِيَ الرَّحْمَٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَاءَ بِقَلْبٍ مُّنِيبٍ ﴿٣٣﴾ ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ

حَفِيظٍ	مَّنْ	خَشِيَ	الرَّحْمَٰنَ	بِالْغَيْبِ	وَجَاءَ	بِقَلْبٍ مُّنِيبٍ	ادْخُلُوهَا	بِسَلَامٍ
نگہداشت کرنے والے	جو	ڈرا	رحمٰن (اللہ)	بن دیکھے	اور آیا	رجوع کرنیوالے دل کے ساتھ	تم اس میں داخل ہو جاؤ	سلامتی کے ساتھ

نگہداشت کرنے والے کے لئے۔ جو اللہ رحمٰن سے بن دیکھے ڈرا، اور رجوع کرنے والے دل کے ساتھ آیا۔ (ہم فرمائیں گے) اس میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ

ذَٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُودِ ﴿٣٤﴾ لَهُم مَّا يَشَاءُونَ فِيهَا وَلَدَيْنَا مَزِيدٌ ﴿٣٥﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم

ذَٰلِكَ	يَوْمُ الْخُلُودِ	لَهُم	مَا يَشَاءُونَ	فِيهَا	وَلَدَيْنَا	مَزِيدٌ	وَكَمْ أَهْلَكْنَا	قَبْلَهُم
یہ	ہمیشہ رہنے کا دن	ان کے لئے	جو وہ چاہیں گے	اس میں	اور ہمارے پاس	اور بھی زیادہ	اور کتنی ہلاک کیں ہم نے	ان سے قبل

یہ ہمیشہ رہنے کا دن ہے۔ اس میں ان کے لئے ہے جو وہ چاہیں گے اور ہمارے پاس اور بھی زیادہ ہے۔ اور ہم نے ان (اہل مکہ) سے قبل کتنی (ہی) ہلاک کیں

مِن قَرْنٍ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُم بَطْشًا فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِن مَّحِيصٍ ﴿٣٦﴾ إِنَّ فِي

مِن قَرْنٍ	هُمْ أَشَدُّ	مِنْهُم	بَطْشًا	فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ	هَلْ	مِن	مَّحِيصٍ	إِنَّ	فِي
اُمتیں	وہ زیادہ سخت	ان سے	پکڑ میں	پس گھومے پھرے (لگے) شہروں میں	کیا	سے (کہیں)	بھاگنے کی جگہ	بیشک	میں

اُمتیں، وہ پکڑ (قوت) میں ان سے زیادہ سخت تھیں، پس وہ شہروں میں گشت کرنے لگے، کیا کہیں بھاگنے کی جگہ ہے؟ بے شک

ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ

ذٰلِكَ	لَذِكْرٰى	لِمَنْ	كَانَ	لَهٗ	قَلْبٌ	اَوْ	اَلْقَى السَّمْعَ	وَهُوَ	شَهِيْدٌ	وَلَقَدْ
اس	نصیحت	اسکے لئے جو	ہو	اس کا	دل	یا	ڈالے (لگائے) کان	اور وہ	متوجہ	اور تحقیق

اس میں نصیحت (بڑی عبرت) ہے اس کے لئے جس کا دل (بیدار) ہو، یا کان لگائے، اور وہ متوجہ ہو۔ اور تحقیق

خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾

خَلَقْنَا	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَمَا بَيْنَهُمَا	فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ	وَ	مَا مَسَّنَا	مِنْ لُّغُوْبٍ
ہم نے پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان	چھ دن میں	اور	نہیں چھوا ہمیں	کسی تکان نے

ہم نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، اور جو ان کے درمیان ہے، چھ دن میں، اور ہمیں کسی تکان نے نہیں چھوا۔

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿۳۹﴾

فَاصْبِرْ	عَلٰى	مَا يَقُوْلُوْنَ	وَسَبِّحْ	بِحَمْدِ رَبِّكَ	قَبْلَ	طُلُوْعِ الشَّمْسِ	وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ
پس صبر کرو تم	پر	جو وہ کہتے ہیں	اور پاکیزگی بیان کرو	اپنے رب کی تعریف کے ساتھ	قبل	سورج کا طلوع	اور غروب ہونے سے قبل

پس جو وہ کہتے ہیں تم اس پر صبر کرو، اور اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرو، سورج کے طلوع اور غروب سے قبل۔

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿۴۰﴾ وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۴۱﴾

وَمِنَ الَّيْلِ	فَسَبِّحْهُ	وَاَدْبَارَ	السُّجُوْدِ	وَاسْتَمِعْ	يَوْمَ	يُنَادِ الْمُنَادِ	مِنْ	مَّكَانٍ قَرِيْبٍ
اور رات میں	پس اسکی پاکیزگی بیان کرو	اور بعد	سجدوں (نماز)	اور سنو تم	جس دن	پکارنے والا پکارے گا	سے	جگہ قریب

اور رات میں پس اس کی پاکیزگی بیان کرو، اور نمازوں کے بعد بھی، اور کان لگا کر سنو جس دن پکارنے والا قریب جگہ سے پکارے گا۔

يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ

يَوْمَ	يَسْمَعُوْنَ	الصَّيْحَةَ	بِالْحَقِّ	ذٰلِكَ	يَوْمُ الْخُرُوْجِ	اِنَّا نَحْنُ	نُحْيٖ	وَنُمِيْتُ
جس دن	وہ سنیں گے	چیخ	حق کے ساتھ	یہ	باہر نکلنے کا دن	بیشک ہم	زندگی دیتے ہیں	اور مارتے ہیں

جس دن وہ حق کے ساتھ چیخ سنیں گے، یہ (قبروں سے) باہر نکلنے کا دن ہوگا، بیشک ہم زندگی دیتے ہیں، اور ہم ہی مارتے ہیں،

وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿۴۳﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۭ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾

وَاِلَيْنَا	الْمَصِيْرُ	يَوْمَ تَشَقَّقُ	الْاَرْضُ	عَنْهُمْ	سِرَاعًا	ذٰلِكَ	حَشْرٌ	عَلَيْنَا	يَسِيْرٌ
اور ہماری طرف	پھر لوٹ کر آنا ہے	جس دن شق ہو جائے گی	زمین	اُن سے	جلدی کرتے ہوئے	یہ	حشر	ہمارے لئے	آسان

اور ہماری طرف (ہی) لوٹ کر آنا ہے۔ جس دن زمین اُن سے شق ہو جائے گی جلدی کرتے ہوئے نکلیں گے، یہ حشر ہمارے لئے آسان ہے۔

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۣ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ

نَحْنُ اَعْلَمُ	بِمَا	يَقُوْلُوْنَ	وَمَآ اَنْتَ	عَلَيْهِمْ	بِجَبَّارٍ	فَذَكِّرْ	بِالْقُرْاٰنِ	مَنْ
ہم خوب جانتے ہیں	وہ جو	وہ کہتے ہیں	اور نہیں آپؐ	ان پر	جبر کرنے والے	پس نصیحت کریں	قرآن سے	جو

جو وہ کہتے ہیں ہم خوب جانتے ہیں، اور تم ان پر جبر کرنے والے نہیں، پس آپؐ (اُس کو) قرآن سے نصیحت کریں، جو

۳ ع ۱۶ ۱۷

يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿۴۵﴾ ع

يَّخَافُ	وَعِيْدِ
وہ ڈرتا ہے	میری وعید

میری وعید (وعدہ عذاب) سے ڈرتا ہے۔

اٰيَاتُهَا ۶۰ | ۵۱ = سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ = ۶۷ | رُكُوْعَاتُهَا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ﴿۱﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ﴿۲﴾ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ﴿۳﴾ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ﴿۴﴾ اِنَّمَا

وَالذّٰرِيٰتِ	ذَرْوًا	فَالْحٰمِلٰتِ	وِقْرًا	فَالْجٰرِيٰتِ	يُسْرًا	فَالْمُقَسِّمٰتِ	اَمْرًا	اِنَّمَا
قسم ہے پراگندہ کرنیوالی (ہواؤں)	اُڑا کر	پھر اٹھانے والی	بوجھ	لیکر چلنے والی	نرمی سے	پھر تقسیم کرنے والے	حکم سے	اس کے سوا نہیں

قسم ہے (خاک) اُڑا کر پراگندہ کرنیوالی ہواؤں کی، پھر (بارش کا) بوجھ اٹھانیوالی ہواؤں کی، پھر نرمی سے چلنے والی (کشتیوں کی)، پھر حکم سے تقسیم کرنیوالے (فرشتوں کی)، اسکے سوا نہیں کہ

تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ﴿۵﴾ وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ﴿۷﴾ اِنَّكُمْ

تُوْعَدُوْنَ	لَصَادِقٌ	وَّاِنَّ	الدِّيْنَ	لَوَاقِعٌ	وَالسَّمَآءِ	ذَاتِ الْحُبُكِ	اِنَّكُمْ
تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے	البتہ سچ ہے	اور بیشک	جزا و سزا	البتہ واقع ہونیوالی	اور قسم کی آسمان کی	راستوں والے	بیشک تم

تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے البتہ سچ ہے۔ اور بیشک جزا و سزا البتہ واقع ہونے والی ہے۔ اور قسم ہے راستوں والے آسمان کی۔ بے شک تم

لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ﴿۸﴾ يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ﴿۹﴾ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ

لَفِيْ	قَوْلٍ	مُّخْتَلِفٍ	يُّؤْفَكُ	عَنْهُ	مَنْ اُفِكَ	قُتِلَ	الْخَرّٰصُوْنَ	الَّذِيْنَ
البتہ میں	بات	جھگڑے والی	پھیرا جاتا ہے	اس سے	جو پھیرا جاتا ہے	مارے گئے	اٹکل دوڑانے والے	وہ جو

البتہ جھگڑنے والی بات میں ہو۔ اس (قرآن) سے وہی پھیرا جاتا ہے جو (اللہ کی طرف سے) پھیرا جاتا ہے۔ اٹکل دوڑانے والے مارے گئے۔ جو

هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ﴿۱۱﴾ يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ

هُمْ	فِيْ غَمْرَةٍ	سَاهُوْنَ	يَسْـَٔلُوْنَ	اَيَّانَ	يَوْمُ الدِّيْنِ	يَوْمَ	هُمْ	عَلَى النَّارِ
وہ	غفلت میں	بھولے ہوئے ہیں	وہ پوچھتے ہیں	کب؟	جزا و سزا کا دن	اس دن	وہ	آگ پر

وہ غفلت میں بھولے ہوئے ہیں۔ وہ پوچھتے ہیں جزا و سزا کا دن کب ہوگا؟ (ہاں) اس دن وہ آگ پر

يُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ؕ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ

يُفْتَنُوْنَ	ذُوْقُوْا	فِتْنَتَكُمْ	هٰذَا	الَّذِيْ	كُنْتُمْ بِهٖ	تَسْتَعْجِلُوْنَ	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ
اُلٹے سیدھے پڑیں گے	تم چکھو	اپنی شرارت	یہ	وہ جو	تم تھے اس کی	جلدی کرتے	بیشک	متقی (جمع)

اُلٹے سیدھے پڑیں گے۔ (اب) تم اپنی شرارت (کا مزہ) چکھو، یہ ہے وہ جس کی تم جلدی کرتے تھے۔ بے شک متقی

فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾

فِيْ جَنّٰتٍ	وَ	عُيُوْنٍ	اٰخِذِيْنَ	مَآ اٰتٰىهُمْ	رَبُّهُمْ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَبْلَ	ذٰلِكَ	مُحْسِنِيْنَ
باغات میں	اور	چشمے	لینے والے	جو دیا انہیں	ان کا رب	بیشک وہ	تھے	قبل	اس	نیکوکار

باغات اور چشموں میں ہوں گے۔ جو ان کے رب نے انہیں دیا وہ اس کے لینے والے ہوں گے، بیشک وہ اس سے قبل نیکوکار تھے۔

كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَ

كَانُوْا	قَلِيْلًا	مِّنَ الَّيْلِ	مَا يَهْجَعُوْنَ	وَبِالْاَسْحَارِ	هُمْ	يَسْتَغْفِرُوْنَ	وَ
وہ تھے	تھوڑا	رات سے۔ میں	وہ سوتے	اور وقتِ صبح	وہ	استغفار کرتے	اور

وہ رات میں تھوڑا سوتے تھے۔ اور وقتِ صبح وہ استغفار کرتے (بخشش مانگتے) تھے۔ اور

فِيْ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۱۹﴾ وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَ

فِيْ	اَمْوَالِهِمْ	حَقٌّ	لِّلسَّآئِلِ	وَالْمَحْرُوْمِ	وَفِي الْاَرْضِ	اٰيٰتٌ	لِّلْمُوْقِنِيْنَ	وَ
میں	ان کے مال (جمع)	حق	سوالی کے لئے	اور تنگدست (غیر سوالی)	اور زمین میں	نشانیاں	یقین کرنیوالوں کے لئے	اور

ان کے مالوں میں حق ہے سوالی اور غیر سوالی (تنگدست) کے لئے۔ اور زمین میں یقین کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور

فِيْ اَنْفُسِكُمْ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَوَرَبِّ

فِيْ اَنْفُسِكُمْ	اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ	وَفِي	السَّمَآءِ	رِزْقُكُمْ	وَمَا تُوْعَدُوْنَ	فَوَرَبِّ
تمہاری ذات میں	تو کیا تم دیکھتے نہیں؟	اور میں	آسمانوں	تمہارا رزق	اور جو تم سے وعدہ کیا جاتا ہے	قسم ہے رب کی

تمہاری ذات میں (بھی) تو کیا تم دیکھتے نہیں؟ اور آسمانوں میں تمہارا رزق ہے، اور جو تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ قسم ہے رب کی

السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿۲۳﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ

السَّمَآءِ	وَ	الْاَرْضِ	اِنَّهٗ	لَحَقٌّ	مِّثْلَ	مَآ اَنَّكُمْ	تَنْطِقُوْنَ	هَلْ	اَتٰىكَ	حَدِيْثُ
آسمانوں	اور	زمین	بیشک یہ	حق ہے	جیسے	جو تم	بولتے ہو	کیا	آئی تمہارے پاس	بات (خبر)

آسمانوں اور زمین کے، بیشک یہ (قرآن) حق ہے جیسے تم بولتے ہو۔ کیا آپؐ کے پاس خبر آئی

ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۴﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ

ضَيْفِ	اِبْرٰهِيْمَ	الْمُكْرَمِيْنَ	اِذْ	دَخَلُوْا	عَلَيْهِ	فَقَالُوْا	سَلٰمًا	قَالَ	سَلٰمٌ	قَوْمٌ
مہمان	ابراہیمؑ	معزز	جب	وہ آئے	اس کے پاس	تو انہوں نے کہا	سلام	اس نے کہا	سلام	لوگ

ابراہیمؑ کے معزز مہمانوں کی؟ جب وہ اس کے پاس آئے تو انہوں نے "سلام" کہا، اس (ابراہیمؑ) نے (بھی) سلام کہا، وہ لوگ

مُّنْكَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ﴿۲۶﴾ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۷﴾

مُّنْكَرُوْنَ	فَرَاغَ	اِلٰٓى اَهْلِهٖ	فَجَآءَ	بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ	فَقَرَّبَهٗٓ	اِلَيْهِمْ	قَالَ	اَلَا تَاْكُلُوْنَ
ناشناسا سا	پھر وہ متوجہ ہوا	اپنے اہل خانہ کی طرف	پس لایا	فربہ بچھڑا	پھر وہ سامنے رکھا	ان کے	کیا	کیا تم کھاتے نہیں؟

ناشناسا سا تھے۔ پھر وہ اپنے اہل خانہ کی طرف متوجہ ہوئے پھر ایک فربہ گوسالہ (کے کباب) لے آئے۔ پھر ان کے سامنے رکھا (اور) کہا کیا تم کھاتے نہیں؟

فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ ؕ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ

فَاَوْجَسَ	مِنْهُمْ	خِيْفَةً	قَالُوْا	لَا تَخَفْ	وَبَشَّرُوْهُ	بِغُلٰمٍ	عَلِيْمٍ	فَاَقْبَلَتِ	امْرَاَتُهٗ
تو اس نے محسوس کیا	ان سے	کچھ ڈر	وہ بولے	تم ڈرو نہیں	اور انہوں نے بشارت دی	ایک بیٹے کی	دانش مند	پھر آگے آئی	اس کی بیوی

تو اس (ابراہیمؑ) نے ان سے (دل میں) ڈر محسوس کیا، وہ بولے تم ڈرو نہیں، اور انہوں نے اسے ایک دانشمند بیٹے کی بشارت دی۔ پھر اس کی بیوی آگے آئی

فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ

فِيْ صَرَّةٍ	فَصَكَّتْ	وَجْهَهَا	وَقَالَتْ	عَجُوْزٌ	عَقِيْمٌ	قَالُوْا	كَذٰلِكِ	قَالَ
حیرت سے بولتی ہوئی	اس نے ہاتھ مارا	اپنا چہرہ	اور بولی	بڑھیا	بانجھ	انہوں نے کہا	یونہی	فرمایا

حیرت سے بولتی ہوئی، اس نے اپنے چہرہ پر (ہاتھ) مارا اور بولی (میں) بڑھیا (اور اوپر سے) بانجھ۔ انہوں نے کہا یوں ہی فرمایا ہے

رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۰﴾

رَبُّكِ	اِنَّهٗ	هُوَ	الْحَكِيْمُ	الْعَلِيْمُ
تیرا رب	بیشک	وہ	حکمت والا	جاننے والا

تیرے رب نے، بیشک وہ حکمت والا، جاننے والا ہے۔

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾

قَالَ	فَمَا	خَطْبُكُمْ	اَيُّهَا	الْمُرْسَلُوْنَ	قَالُوْا	اِنَّآ اُرْسِلْنَآ	اِلٰى	قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ
اس نے کہا	تو کیا	مقصد تمہارا	اے	بھیجے ہوئے (فرشتو)	انہوں نے جواب دیا	بیشک ہم بھیجے گئے ہیں	طرف	مجرم قوم (مجرموں کی قوم)

اس (ابراہیمؑ) نے کہا اے فرشتو! تمہارا مقصد کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا، بیشک ہم مجرموں کی قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں۔

لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿۳۳﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۴﴾ فَاَخْرَجْنَا

لِنُرْسِلَ	عَلَيْهِمْ	حِجَارَةً	مِنْ طِيْنٍ	مُّسَوَّمَةً	عِنْدَ رَبِّكَ	لِلْمُسْرِفِيْنَ	فَاَخْرَجْنَا
تاکہ ہم بھیجیں (برسائیں)	اُن پر	پتھر	سنگِ گل	نشان کئے ہوئے	تمہارے رب کے ہاں	حد سے گزر جانیوالوں کے لئے	پس ہم نے نکال لیا

تاکہ ہم ان پر سنگِ گل کے پتھر (سنگریزے) برسائیں۔ تمہارے رب کے ہاں حد سے گزر جانے والوں کے لئے نشان کئے ہوئے۔ پس ہم نے نکال لیا

مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَتَرَكْنَا

مَنْ كَانَ	فِيْهَا	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	فَمَا وَجَدْنَا	فِيْهَا	غَيْرَ بَيْتٍ	مِنَ	الْمُسْلِمِيْنَ	وَتَرَكْنَا
جو تھا	اس میں	سے	ایمان والے	پس ہم نے نہ پایا	اس میں	ایک گھر کے سوا	سے۔کا	مسلمانوں	اور ہم نے چھوڑ دی

(انہیں) جو اس (شہر) میں ایمان والے تھے۔ پس ہم نے اس (شہر) میں مسلمانوں کا (کوئی) گھر ایک (لوطؑ) کے گھر کے سوا نہ پایا۔ اور ہم نے چھوڑ دی

فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۳۷﴾ وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ

فِيْهَآ	اٰيَةً	لِّلَّذِيْنَ	يَخَافُوْنَ	الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ	وَ	فِيْ مُوْسٰى	اِذْ اَرْسَلْنٰهُ	اِلٰى فِرْعَوْنَ
اس میں	ایک نشانی	ان لوگوں کے لئے	جو ڈرتے ہیں	دردناک عذاب	اور	موسیٰ میں	جب ہم نے اسے بھیجا	فرعون کی طرف

دردناک عذاب سے ڈرنے والوں کے لئے اس شہر میں ایک نشانی۔ اور موسیٰؑ میں (بھی ایک نشانی) ہے، جب ہم نے اسے فرعون کی طرف بھیجا

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ	فَتَوَلّٰى	بِرُكْنِهٖ	وَقَالَ	سٰحِرٌ	اَوْ مَجْنُوْنٌ	فَاَخَذْنٰهُ	وَجُنُوْدَهٗ	فَنَبَذْنٰهُمْ
روشن دلیل (معجزہ) کے ساتھ	تو اس نے تعاقب کی	اپنی قوت کے ساتھ	اور کہا	جادوگر	یا دیوانہ	پس ہم نے اسے پکڑا	اور اس کا لشکر	پھر ہم نے انہیں پھینک دیا

روشن معجزے کے ساتھ۔ تو اس (فرعون نے) (ارکانِ سلطنت) کے ساتھ سرتابی کی اور کہا یہ جادوگر یا دیوانہ ہے۔ پس ہم نے اسے اور اسکے لشکر کو پکڑا پھر ہم نے انہیں پھینک دیا

فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾ وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿۴۱﴾ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ

فِي الْيَمِّ	وَهُوَ	مُلِيْمٌ	وَفِيْ عَادٍ	اِذْ اَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمُ	الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ	مَا تَذَرُ	مِنْ شَيْءٍ
دریا میں	اور وہ	ملامت زدہ	اور عاد میں	جب ہم نے بھیجی	ان پر	نامبارک آندھی	وہ نہ چھوڑتی تھی	کسی شے کو

دریا میں اور وہ ملامت زدہ (رہ گیا)۔ اور عاد کی سرگزشت میں بھی ایک نشانی ہے، جب ہم نے ان پر نامبارک آندھی بھیجی۔ وہ کسی شے کو نہ چھوڑتی تھی

اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿۴۲﴾ وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۴۳﴾

اَتَتْ	عَلَيْهِ	اِلَّا جَعَلَتْهُ	كَالرَّمِيْمِ	وَفِيْ ثَمُوْدَ	اِذْ قِيْلَ	لَهُمْ	تَمَتَّعُوْا	حَتّٰى حِيْنٍ
آتی	جس پر	مگر اُسے کر دیتی	گلی سڑی ہڈی کی طرح	اور ثمود میں	جب کہا گیا	اُن کو	فائدہ اٹھالو	ایک رات تک

جس پر وہ آتی، مگر اُسے ایک گلی سڑی ہڈی کی طرح کر دیتی۔ اور ثمود میں (بھی ایک نشانی ہے) جب انہیں کہا گیا ایک (تھوڑی) مدت اور فائدہ اٹھالو۔

فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ

فَعَتَوْا	عَنْ	اَمْرِ رَبِّهِمْ	فَاَخَذَتْهُمُ	الصّٰعِقَةُ	وَهُمْ	يَنْظُرُوْنَ	فَمَا اسْتَطَاعُوْا	مِنْ قِيَامٍ
تو انہوں نے سرکشی کی	سے	اپنے رب کا حکم	پس انہیں پکڑا	بجلی کی کڑک	اور وہ	دیکھتے تھے	پس ان میں سکت نہ رہی	کھڑا ہونے کی

تو انہوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی، پس انہیں بجلی کی کڑک نے آپکڑا، اور وہ دیکھتے تھے۔ پس ان میں کھڑا ہونے کی سکت نہ رہی

وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا

وَمَا كَانُوْا	مُنْتَصِرِيْنَ	وَقَوْمَ نُوْحٍ	مِنْ قَبْلُ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا فٰسِقِيْنَ	وَالسَّمَآءَ	بَنَيْنٰهَا
اور وہ نہ تھے	بدلہ لینے والے	اور نوحؑ کی قوم	اس سے قبل	بیشک وہ	تھے	لوگ نافرمان	اور آسمان	ہم نے اسے بنایا

اور وہ ہم سے بدلہ لینے والے نہ تھے۔ اور نوحؑ کی قوم کو اس سے قبل (ہم نے ہلاک کیا) بیشک وہ نافرمان لوگ تھے۔ اور ہم نے آسمان کو بنایا

بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ

بِاَيْدٍ	وَّاِنَّا	لَمُوْسِعُوْنَ	وَالْاَرْضَ	فَرَشْنٰهَا	فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ	وَمِنْ	كُلِّ شَيْءٍ
ہاتھ (قوت) سے	اور بیشک ہم	وسیع القدرت ہیں	اور زمین	ہم نے فرش بنایا اسے	پس ہم کیسا اچھا بچھانے والے ہیں	اور سے	ہر شے

قوت سے، اور بیشک ہم وسیع القدرت ہیں۔ اور ہم نے زمین کو (بطور) فرش بنایا، اور ہم کیسا اچھا بچھانے والے ہیں۔ اور ہر شے سے

خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾

خَلَقْنَا	زَوْجَيْنِ	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ	فَفِرُّوْا	اِلَى اللّٰهِ	اِنِّيْ	لَكُمْ	مِنْهُ	نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ
ہم نے پیدا کئے	دو جوڑے (قسم)	تاکہ تم	نصیحت پکڑو	پس تم دوڑو	اللہ کی طرف	بیشک میں	تمہارے لئے	اس سے	ڈر سنانے والا	واضح

ہم نے دو قسم پیدا کیں تاکہ تم نصیحت پکڑو۔ پس تم اللہ کی طرف دوڑو، بیشک میں تمہارے لئے اس (کی طرف) سے واضح ڈرانے والا ہوں۔

وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۱﴾ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ

وَلَا تَجْعَلُوْا	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰهًا اٰخَرَ	اِنِّيْ	لَكُمْ	مِنْهُ	نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ	كَذٰلِكَ	مَآ اَتَى	الَّذِيْنَ
اور تم نہ ٹھہراؤ	اللہ کے ساتھ	کوئی دوسرا معبود	بیشک میں	تمہارے لئے	اس سے	واضح ڈر سنانے والا	اسی طرح	نہیں آیا	وہ جو

اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو معبود نہ ٹھہراؤ، میں بیشک تمہارے لئے اس (کی طرف) سے واضح ڈر سنانے والا ہوں۔ اسی طرح (انکے پاس) نہیں آیا

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۵۳﴾

مِنْ قَبْلِهِمْ	مِنْ	رَّسُوْلٍ	اِلَّا	قَالُوْا	سَاحِرٌ	اَوْ مَجْنُوْنٌ	اَتَوَاصَوْا بِهٖ بَلْ هُمْ	قَوْمٌ	طَاغُوْنَ
ان سے پہلے	کوئی	رسول	مگر	انہوں نے کہا	جادوگر	یا دیوانہ	کیا انہوں نے ایکدوسرے کو وصیت کی اسکی بلکہ وہ	لوگ	سرکش

کوئی رسول جو اُن سے پہلے تھے مگر انہوں نے (اسے) جادوگر یا دیوانہ کہا۔ کیا انہوں نے ایکدوسرے کو اس کی وصیت کی ہے؟ بلکہ وہ سرکش لوگ ہیں۔

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿۵۴﴾ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَمَا خَلَقْتُ

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ	فَمَآ اَنْتَ	بِمَلُوْمٍ	وَّذَكِّرْ	فَاِنَّ	الذِّكْرٰى	تَنْفَعُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَمَا خَلَقْتُ
پس آپ منہ موڑ لیں ان سے	تو نہیں آپ	کوئی الزام	آپ سمجھائیں	تو بیشک	سمجھانا	نفع دیتا ہے	ایمان لانے والے	اور نہیں پیدا کیا میں نے

پس آپ ان سے منہ موڑ لیں تو آپ پر کوئی الزام نہیں۔ اور آپ سمجھائیں، بیشک سمجھانا ایمان لانے والوں کو نفع دیتا ہے۔ اور میں نے پیدا کئے

الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿۵۷﴾

الْجِنَّ	وَالْاِنْسَ	اِلَّا	لِيَعْبُدُوْنِ	مَآ اُرِيْدُ	مِنْهُمْ	مِّنْ رِّزْقٍ	وَمَآ اُرِيْدُ	اَنْ	يُّطْعِمُوْنِ
جنّ	اور انسان	مگر صرف	اس لئے کہ وہ میری عبادت کریں	میں نہیں مانگتا	ان سے	کوئی رزق	اور میں نہیں چاہتا	کہ	وہ مجھے کھلائیں

جنّ اور انسان صرف اس لئے کہ وہ میری عبادت (بندگی اور فرمانبرداری) کریں۔ میں اُن سے کوئی رزق نہیں مانگتا، اور میں نہیں چاہتا کہ وہ مجھے کھلائیں۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾ فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ

اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ	الرَّزَّاقُ	ذُو الْقُوَّةِ	الْمَتِيْنُ	فَاِنَّ	لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	ذَنُوْبًا	مِثْلَ	ذَنُوْبِ
بیشک اللہ	وہ	رزاق	قوت والا	نہایت قدرت والا	پس بیشک	ان لوگوں کے لئے جنہوں نے ظلم کیا	ڈول (حصّہ)	جیسے	پیمانے

بیشک اللہ ہی رزاق ہے، قوت والا، نہایت قدرت والا۔ پس بیشک جن لوگوں نے ظلم کیا ان کے لئے (عذاب کے) پیمانے ہیں، جیسے پیمانے

ع ۳ ع ۱۴ ۲

اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۵۹﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۶۰﴾

اَصْحٰبِهِمْ	فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْ	يَّوْمِهِمُ	الَّذِيْ	يُوْعَدُوْنَ
ان کے ساتھی	پس وہ جلدی نہ کریں	سو بربادی	ان لوگوں کے لئے جنہوں نے انکار کیا	سے، کا	ان کا دن	وہ جس	ان سے وعدہ کیا جاتا ہے

ان کے ساتھیوں کے لئے تھے، پس وہ جلدی نہ کریں۔ سو ان لوگوں کے لئے بربادی ہے جنہوں نے اس دن کا انکار کیا، جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

اٰيَاتُهَا ۴۹ | ۵۲ = سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ = ۷۶ | فِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

وَالطُّوْرِ ۙ﴿۱﴾ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۙ﴿۲﴾ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۙ﴿۳﴾ وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۙ﴿۴﴾ وَالسَّقْفِ

وَالطُّوْرِ	وَكِتٰبٍ	مَّسْطُوْرٍ	فِيْ رَقٍّ	مَّنْشُوْرٍ	وَ	الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ	وَالسَّقْفِ
قسم طورِ (سینا)	اور کتاب	لکھی ہوئی	اوراق میں	کھلے	اور	بیتِ معمور	اور چھت

قسم ہے طور (سینا) کی۔ اور کھلے اوراق میں، لکھی ہوئی کتاب کی، اور بیتِ معمور (فرشتوں کے کعبۂ آسمانی) کی۔ اور چھت

الْمَرْفُوْعِ ۙ﴿۵﴾ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۙ﴿۶﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۙ﴿۷﴾ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۙ﴿۸﴾ يَّوْمَ تَمُوْرُ

الْمَرْفُوْعِ	وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ	اِنَّ	عَذَابَ رَبِّكَ	لَوَاقِعٌ	مَّا لَهٗ	مِنْ دَافِعٍ	يَّوْمَ تَمُوْرُ
بلند	اور دریا جو جوش مارتا	بیشک	تیرے رب کا عذاب	ضرور واقع ہونیوالا	نہیں اس کو	کوئی ٹالنے والا	جس دن تھرتھرائے گا

بلند کی، اور جوش مارتے دریا کی، بیشک تیرے رب کا عذاب ضرور واقع ہونے والا ہے۔ اسے کوئی ٹالنے والا نہیں۔ جس دن تھرتھرائے گا

السَّمَآءُ مَوْرًا ۙ﴿۹﴾ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ؕ﴿۱۰﴾ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۙ﴿۱۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ

السَّمَآءُ	مَوْرًا	وَتَسِيْرُ	الْجِبَالُ	سَيْرًا	فَوَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	الَّذِيْنَ	هُمْ
آسمان	تھرتھرا کر	اور چلیں گے	پہاڑ	چلنے کی طرح	سو بربادی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	وہ جو	وہ

آسمان (بُری طرح) تھرتھرا کر، اور پہاڑ چلنے کی طرح چلیں گے (اُڑے پھریں گے)۔ سو اس دن جھٹلانے والوں کے لئے بربادی ہے۔ وہ جو

فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ۘ﴿۱۲﴾ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ؕ﴿۱۳﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ

فِيْ خَوْضٍ	يَّلْعَبُوْنَ	يَوْمَ	يُدَعُّوْنَ	اِلٰى	نَارِ جَهَنَّمَ	دَعًّا	هٰذِهِ	النَّارُ الَّتِيْ	كُنْتُمْ
مشغلہ میں	کھیلتے ہیں	جس دن	وہ دھکیلے جائیں گے	طرف	جہنم کی آگ	دھکے دیکر	یہ ہے	وہ آگ جو	تم تھے

مشغلے میں (بیہودگی سے) کھیلتے ہیں۔ جس دن وہ جہنم کی آگ کی طرف دھکے دے کر دھکیلے جائیں گے۔ یہ ہے وہ آگ جس کو تم

بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ

بِهَا	تُكَذِّبُوْنَ	اَفَسِحْرٌ	هٰذَآ	اَمْ اَنْتُمْ	لَا تُبْصِرُوْنَ	اِصْلَوْهَا	فَاصْبِرُوْٓا	اَوْ
اس کو	جھٹلاتے	تو کیا جادو ؟	یہ	یا تم	دکھائی نہیں دیتا تمہیں	اس میں داخل ہو جاؤ	پھر تم صبر کرو	یا

جھٹلاتے تھے، تو کیا یہ جادو ہے؟ یا تم کو دکھائی نہیں دیتا؟ تم اس میں داخل ہو جاؤ، پھر تم صبر کرو، یا

لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ

لَا تَصْبِرُوْا	سَوَآءٌ	عَلَيْكُمْ	اِنَّمَا تُجْزَوْنَ	مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ جَنّٰتٍ
نہ صبر کرو	برابر	تم پر	سوا کے سوا نہیں تمہیں بدلہ دیا جائے گا	جو تم کرتے تھے	بیشک متقی (جمع)	باغوں میں

نہ صبر کرو، تمہارے لئے برابر ہے، اس کے سوا نہیں جو تم کرتے تھے تمہیں (اس کا) بدلہ دیا جائے گا۔ بیشک متقی (بہشت کے) باغوں

وَّنَعِيْمٍ ﴿۱۷﴾ فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۱۸﴾ كُلُوْا

وَ نَعِيْمٍ	فٰكِهِيْنَ	بِمَآ اٰتٰىهُمْ	رَبُّهُمْ	وَوَقٰىهُمْ	رَبُّهُمْ	عَذَابَ	الْجَحِيْمِ	كُلُوْا
اور نعمتوں	خوش ہوں گے	اس کے ساتھ جو دیا انہیں	ان کے رب نے	اور بچایا انہیں	ان کے رب نے	عذاب	دوزخ	تم کھاؤ

اور نعمتوں میں ہوں گے۔ اس کے ساتھ خوش ہوں گے جو ان کے رب نے انہیں دیا، اور ان کے رب نے انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لیا۔ تم کھاؤ

وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا ۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ

وَاشْرَبُوْا	هَنِيْٓـًٔا	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	مُتَّكِـِٕيْنَ	عَلٰى	سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ	وَزَوَّجْنٰهُمْ
اور تم پیو	رچتے پچتے	اسکے بدلے میں	جو تم کرتے تھے	تکیہ لگاتے ہوئے	تختوں پر	صف بستہ	اور انکی زوجیت میں دیا ہم نے

اور پیو رچتے پچتے (جی بھر کر) اس کے بدلے میں جو تم کرتے تھے۔ تختوں پر صف بستہ تکیہ لگائے ہوئے۔ اور ہم نے ان کی زوجیت میں دیا

بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ

بِحُوْرٍ عِيْنٍ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَاتَّبَعَتْهُمْ	ذُرِّيَّتُهُمْ	بِاِيْمَانٍ	اَلْحَقْنَا	بِهِمْ	ذُرِّيَّتَهُمْ	وَمَا
بڑی آنکھوں والی حوریں	اور جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے پیروی کی	اُن کی اولاد	ایمان کے ساتھ	ہم نے ملا دیا	انکے ساتھ	اُن کی اولاد	اور

بڑی آنکھوں والی حوروں کو۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد نے ایمان کے ساتھ ان کی پیروی کی، ہم نے ان کی اولاد کو ان کے ساتھ ملا دیا، اور

اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿۲۱﴾ وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ

اَلَتْنٰهُمْ	مِنْ عَمَلِهِمْ	مِنْ شَيْءٍ	كُلُّ امْرِئٍۢ	بِمَا	كَسَبَ	رَهِيْنٌ	وَاَمْدَدْنٰهُمْ	بِفَاكِهَةٍ
کمی نہیں کی ہم نے	ان کے عمل سے	کوئی چیز (کچھ)	ہر آدمی	اس میں جو	اس نے کمایا (اعمال)	رہن	اور ہم ان کی مدد کریں گے	پھلوں کے ساتھ

ہم نے ان کے عمل سے کچھ کمی نہیں کی، ہر آدمی اپنے اعمال میں رہن ہے۔ اور ہم پھلوں کے ساتھ ان کی مدد کریں گے

وَلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿۲۳﴾ وَيَطُوْفُ

وَلَحْمٍ	مِمَّا	يَشْتَهُوْنَ	يَتَنَازَعُوْنَ	فِيْهَا	كَاْسًا	لَّا لَغْوٌ	فِيْهَا	وَلَا تَاْثِيْمٌ	وَيَطُوْفُ
اور گوشت	اس سے	جو ان کا جی چاہے گا	چھینا جھپٹی کریں گے	اس میں	وہ پیالہ	نہ بکواس	اس میں	اور نہ گناہ کی بات	اور ادھر گھومیں گے

اور گوشت (سے) جو ان کا جی چاہے گا وہ اس میں اس پیالے کی چھینا جھپٹی کریں گے جس میں نہ بکواس ہوگی نہ گناہ کی بات۔ اور

عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ

عَلَيْهِمْ	غِلْمَانٌ	لَّهُمْ	كَاَنَّهُمْ	لُؤْلُؤٌ	مَّكْنُوْنٌ	وَاَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ
ان پر۔ کے	خدمتگار لڑکے	ان کے لئے	گویا وہ	موتی	چھپا کر رکھے ہوئے	اور متوجہ ہوگا	ان میں سے بعض (ایک)	بعض پر (دوسرے کی طرف)

ان کے اِرد گرد پھریں گے خدمت کار لڑکے۔ گویا وہ چھپا کر رکھے ہوئے موتی ہیں۔ اور ان میں سے ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوگا

يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا

يَتَسَآءَلُوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّا كُنَّا	قَبْلُ	فِيْٓ اَهْلِنَا	مُشْفِقِيْنَ	فَمَنَّ اللّٰهُ	عَلَيْنَا	وَوَقٰىنَا
آپس میں پوچھتے ہوئے	وہ کہیں گے	بیشک ہم تھے	پہلے	اپنے اہل خانہ میں	ڈرتے تھے	تو احسان کیا اللہ نے	ہم پر	اور ہمیں بچا لیا

آپس میں پوچھتے ہوئے۔ وہ کہیں گے بیشک ہم اس سے پہلے اپنے اہل خانہ میں ڈرتے تھے۔ تو اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں بچا لیا

ع ۱ ۱۶ ۳

عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿۲۸﴾

عَذَابَ	السَّمُوْمِ	اِنَّا كُنَّا	مِنْ قَبْلُ	نَدْعُوْهُ	اِنَّهٗ	هُوَ	الْبَرُّ	الرَّحِيْمُ
عذاب	گرم ہوا (لُو)	بیشک ہم تھے	اس سے قبل	ہم اس کو پکارتے	بیشک وہ	وہی	احسان کرنیوالا	رحم کرنے والا

لُو کے عذاب سے۔ بیشک اس سے قبل ہم اس کو پکارتے تھے، بے شک وہی احسان کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿۲۹﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ

فَذَكِّرْ	فَمَآ اَنْتَ	بِنِعْمَتِ	رَبِّكَ	بِكَاهِنٍ	وَّلَا	مَجْنُوْنٍ	اَمْ	يَقُوْلُوْنَ	شَاعِرٌ
پس آپ نصیحت کریں	تو آپ نہیں	فضل سے	اپنا رب	کاہن	اور نہ	دیوانہ	کیا	وہ کہتے ہیں	شاعر

پس آپ نصیحت کرتے رہیں، پس آپ اپنے رب کے فضل سے نہ کاہن ہیں، نہ دیوانے۔ کیا وہ کہتے ہیں یہ شاعر ہے،

نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿۳۱﴾

نَتَرَبَّصُ	بِهٖ	رَيْبَ	الْمَنُوْنِ	قُلْ	تَرَبَّصُوْا	فَاِنِّيْ	مَعَكُمْ	مِنَ	الْمُتَرَبِّصِيْنَ
ہم منتظر ہیں	اس کے ساتھ	حوادث	زمانہ	فرما دیں	تم انتظار کرو	بیشک میں	تمہارے ساتھ	سے	انتظار کرنے والے

ہم اس کے ساتھ حوادثِ زمانہ کے منتظر ہیں۔ آپ فرما دیں تم انتظار کرو، بیشک میں (بھی) تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں۔

اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۳۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ

اَمْ تَاْمُرُهُمْ	اَحْلَامُهُمْ	بِهٰذَآ	اَمْ هُمْ	قَوْمٌ طَاغُوْنَ	اَمْ يَقُوْلُوْنَ	تَقَوَّلَهٗ	بَلْ
کیا حکم دیتی (سکھاتی) ہیں انہیں	ان کی عقلیں	یہی	یا وہ	سرکش لوگ	کیا وہ کہتے ہیں؟	اپنے اسے گھڑ لیا ہے	بلکہ

کیا ان کی عقلیں انہیں یہی سکھاتی ہیں؟ یا وہ سرکش لوگ ہیں۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے (قرآن) کو گھڑ لیا ہے (نہیں) بلکہ

لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۳۴﴾ اَمْ خُلِقُوْا مِنْ

لَا يُؤْمِنُوْنَ	فَلْيَاْتُوْا	بِحَدِيْثٍ	مِّثْلِهٖ	اِنْ كَانُوْا	صٰدِقِيْنَ	اَمْ خُلِقُوْا	مِنْ
وہ ایمان نہیں لاتے	تو چاہیئے کہ وہ لے آئیں	ایک بات	اس جیسی	اگر وہ ہیں	سچے	کیا وہ پیدا کئے گئے ہیں	سے

وہ ایمان نہیں لاتے۔ تو چاہیئے کہ وہ اس جیسی ایک بات لے آئیں اگر وہ سچے ہیں۔ کیا وہ پیدا کئے گئے ہیں

غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ ﴿٣٥﴾ أَمْ خَلَقُوا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ ۚ بَل لَّا يُوقِنُونَ ﴿٣٦﴾

غَيْرِ شَيْءٍ	أَمْ هُمُ	الْخَالِقُونَ	أَمْ خَلَقُوا	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضَ	بَل لَّا يُوقِنُونَ
بغیر کسی شے	یا وہ	پیدا کرنے والے	کیا انہوں نے پیدا کئے؟	آسمان (جمع)	اور زمین	بلکہ وہ یقین نہیں رکھتے

بغیر کسی شے (بنانے والے) کے، یا وہ (خود) پیدا کرنے والے ہیں۔ کیا انہوں نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو؟ (نہیں) بلکہ وہ یقین نہیں رکھتے۔

أَمْ عِندَهُمْ خَزَائِنُ رَبِّكَ أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُونَ ﴿٣٧﴾ أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَسْتَمِعُونَ فِيهِ

أَمْ عِندَهُمْ	خَزَائِنُ	رَبِّكَ	أَمْ هُمُ	الْمُصَيْطِرُونَ	أَمْ لَهُمْ	سُلَّمٌ	يَسْتَمِعُونَ	فِيهِ
کیا ان کے پاس	خزانے	تیرا رب	یا وہ	داروغے	کیا انکے لئے پاس	کوئی سیڑھی	وہ سنتے ہیں	اس میں پر

کیا ان کے پاس تیرے رب (کی رحمت) کے خزانے ہیں؟ یا وہ داروغے ہیں؟ کیا ان کے پاس کوئی سیڑھی ہے؟ جس پر (چڑھ کر) وہ سنتے ہیں

فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُم بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿٣٨﴾ أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ وَلَكُمُ الْبَنُونَ ﴿٣٩﴾ أَمْ تَسْأَلُهُمْ

فَلْيَأْتِ	مُسْتَمِعُهُم	بِسُلْطَانٍ	مُّبِينٍ	أَمْ لَهُ	الْبَنَاتُ	وَلَكُمُ	الْبَنُونَ	أَمْ تَسْأَلُهُمْ
تو چاہیئے کہ لائے	ان کا سننے والا	کوئی سند	کھلی	کیا اس کے لئے	بیٹیاں	اور تمہارے لئے	بیٹے	کیا تم ان سے مانگتے ہو

تو چاہیئے کہ ان کا سننے والا کوئی کھلی سند لائے۔ کیا اس کے بیٹیاں ہیں اور تمہارے لئے بیٹے ہیں؟ کیا آپ ان سے مانگتے ہیں

أَجْرًا فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ ﴿٤٠﴾ أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ﴿٤١﴾ أَمْ يُرِيدُونَ

أَجْرًا	فَهُم	مِّن مَّغْرَمٍ	مُّثْقَلُونَ	أَمْ عِندَهُمُ	الْغَيْبُ	فَهُمْ يَكْتُبُونَ	أَمْ يُرِيدُونَ
کوئی اجر	تو وہ	تاوان سے	دبے جاتے ہیں	کیا ان کے پاس	غیب	پس وہ لکھ لیتے ہیں	کیا وہ ارادہ رکھتے ہیں

کوئی اجر؟ کہ وہ تاوان (کے بوجھ) سے دبے جاتے ہوں۔ کیا ان کے پاس (علم) غیب ہے؟ کہ وہ لکھ لیتے ہیں۔ کیا وہ ارادہ رکھتے ہیں ﴿۴۳﴾

كَيْدًا ۖ فَالَّذِينَ كَفَرُوا هُمُ الْمَكِيدُونَ ﴿٤٢﴾ أَمْ لَهُمْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ

كَيْدًا	فَالَّذِينَ كَفَرُوا	هُمُ	الْمَكِيدُونَ	أَمْ لَهُمْ	إِلَٰهٌ	غَيْرُ اللَّهِ	سُبْحَانَ اللَّهِ	عَمَّا يُشْرِكُونَ
کسی داؤ	تو جن لوگوں نے کفر کیا	وہی	داؤ میں گرفتار ہونگے	کیا ان کے لئے	کوئی معبود	اللہ کے سوا	پاک ہے اللہ	اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں

کسی داؤ کا؟ تو جن لوگوں نے کفر کیا وہی داؤ میں گرفتار ہوں گے۔ کیا ان کے لئے اللہ کے سوا کوئی معبود ہے؟ اللہ اس سے پاک ہے جو وہ شرک کرتے ہیں

وَإِن يَرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَاءِ سَاقِطًا يَقُولُوا سَحَابٌ مَّرْكُومٌ ﴿٤٤﴾ فَذَرْهُمْ حَتَّىٰ يُلَاقُوا

وَإِن	يَرَوْا	كِسْفًا	مِّنَ السَّمَاءِ	سَاقِطًا	يَقُولُوا	سَحَابٌ	مَّرْكُومٌ	فَذَرْهُمْ	حَتَّىٰ	يُلَاقُوا
اور اگر	وہ دیکھیں	کوئی ٹکڑا	آسمان سے	گرتا ہوا	وہ کہتے ہیں	بادل	تہ بہ تہ (جما ہوا)	پس چھوڑ دو ان کو	یہانتک کہ	وہ ملیں

اور اگر وہ آسمان سے کوئی ٹکڑا گرتا ہوا دیکھیں تو وہ کہتے ہیں تہ بہ تہ جما ہوا بادل ہے۔ پس تم ان کو چھوڑ دو یہاں تک کہ وہ ملیں (دیکھ لیں)

يَوْمَهُمُ الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ﴿٤٥﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٤٦﴾

يَوْمَهُمُ	الَّذِيْ	فِيْهِ	يُصْعَقُوْنَ	يَوْمَ	لَا يُغْنِيْ	عَنْهُمْ	كَيْدُهُمْ	شَيْئًا	وَّلَا هُمْ	يُنْصَرُوْنَ
اپنا دن	وہ جو	اس میں	بیہوش کر دیئے جائیں گے	جس دن	نہ کام آئے گا	ان سے۔ کے	ان کا داؤ	کچھ بھی	اور نہ وہ	مدد کئے جائیں گے

اپنا وہ دن جس میں وہ بیہوش کر دیئے جائیں گے۔ جس دن ان کا داؤ کچھ بھی ان کے کام نہ آئے گا، اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔

وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ

وَاِنَّ	لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	عَذَابًا	دُوْنَ ذٰلِكَ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَاصْبِرْ	لِحُكْمِ رَبِّكَ
اور بیشک	ان لوگوں کے لئے جنہوں نے ظلم کیا	عذاب	ورے۔ علاوہ اس	اور لیکن	ان میں سے اکثر	نہیں جانتے	اور آپ صبر کریں	اپنے رب کے حکم پر

اور بیشک جن لوگوں نے ظلم کیا ان کے لئے اس کے علاوہ عذاب ہے۔ لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے۔ اور آپ اپنے رب کے حکم پر صبر کریں

فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿٤٨﴾ وَمِنَ الَّيْلِ

فَاِنَّكَ	بِاَعْيُنِنَا	وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ	حِيْنَ	تَقُوْمُ	وَمِنَ	الَّيْلِ
بیشک آپ	ہماری آنکھوں (حفاظت) میں	اور آپ پاکیزگی بیان کریں اپنے رب کی تعریف کے ساتھ	جس وقت	آپ اٹھیں	اور سے (میں)	رات

بیشک آپ ہماری حفاظت میں ہیں اور آپ اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کریں۔ جس وقت آپ اٹھیں اور رات میں (بھی)،

ع ٢ ٢١ ٤

فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ﴿٤٩﴾

فَسَبِّحْهُ	وَاِدْبَارَ	النُّجُوْمِ
پس اس کی پاکیزگی بیان کریں	اور پیٹھ پھیرنے	ستاروں

پس اس کی پاکیزگی بیان کریں اور ستاروں کے پیٹھ پھیرنے (غائب ہوتے) وقت (بھی)۔

اٰیَاتُهَا ٦٢ | ٥٣ = سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ = ٢٣ | رُكُوْعَاتُهَا ٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ﴿١﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ﴿٢﴾ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ﴿٣﴾

وَالنَّجْمِ	اِذَا	هَوٰى	مَا ضَلَّ	صَاحِبُكُمْ	وَمَا	غَوٰى	وَمَا يَنْطِقُ	عَنِ	الْهَوٰى
ستارے کی قسم	جب	وہ غائب ہونے لگے	نہ بہکے	تمہارے رفیق	اور نہ	وہ بھٹکے	اور وہ نہیں بات کرتے	سے	خواہش

ستارے کی قسم! جب وہ غائب ہونے لگے، تمہارے رفیق (محمدؐ) نہ بہکے اور نہ وہ بھٹکے۔ اور وہ اپنی خواہش سے بات نہیں کرتے۔

إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ﴿٤﴾ عَلَّمَهُ شَدِيدُ الْقُوَىٰ ﴿٥﴾ ذُو مِرَّةٍ ۖ فَاسْتَوَىٰ ﴿٦﴾ وَهُوَ

إِنْ	هُوَ	إِلَّا	وَحْيٌ	يُوحَىٰ	عَلَّمَهُ	شَدِيدُ الْقُوَىٰ	ذُو مِرَّةٍ	فَاسْتَوَىٰ	وَهُوَ
نہیں	وہ - یہ	مگر صرف	وحی	بھیجی جاتی ہے	اس نے اسے سکھایا	سخت قوتوں والا	طاقتوں والا	پھر اس نے قصد کیا	اور وہ

وہ صرف وحی ہے جو بھیجی جاتی ہے۔ اس کو سکھایا اس سخت قوت والے طاقتوں والے (فرشتہ) نے پھر اس نے قصد کیا (رسول کے سامنے آیا)۔ اور وہ

بِالْأُفُقِ الْأَعْلَىٰ ﴿٧﴾ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلَّىٰ ﴿٨﴾ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَىٰ ﴿٩﴾ فَأَوْحَىٰ إِلَىٰ

بِالْأُفُقِ	الْأَعْلَىٰ	ثُمَّ دَنَا	فَتَدَلَّىٰ	فَكَانَ	قَابَ	قَوْسَيْنِ	أَوْ أَدْنَىٰ	فَأَوْحَىٰ	إِلَىٰ
کنارے پر	سب سے بلند	پھر وہ نزدیک ہوا	پھر اور نزدیک ہوا	تو وہ ٹھہرا رہ گئی	کمان	دو کناروں	یا اس سے کم	تو اس نے وحی کی	طرف

سب سے بلند کنارے پر تھا۔ پھر وہ نزدیک ہوا، پھر اور نزدیک ہوا تو وہ کمان کے دو کناروں کے (فاصلے کے) برابر رہ گیا یا اس سے بھی کم۔ تو اس نے وحی کی

عَبْدِهِ مَا أَوْحَىٰ ﴿١٠﴾ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَىٰ ﴿١١﴾ أَفَتُمَارُونَهُ عَلَىٰ مَا يَرَىٰ ﴿١٢﴾ وَلَقَدْ

عَبْدِهِ	مَا أَوْحَىٰ	مَا كَذَبَ	الْفُؤَادُ	مَا رَأَىٰ	أَفَتُمَارُونَهُ	عَلَىٰ	مَا يَرَىٰ	وَلَقَدْ
اپنا بندہ	جو اس نے وحی کی	نہ جھوٹ کہا	دل	جو اس نے دیکھا	تو کیا تم جھگڑتے ہو اس سے	پر	جو اس نے دیکھا	اور تحقیق

اپنے بندے کی طرف جو وحی کی۔ جو اس نے (آنکھوں سے) دیکھا (اس کے) دل نے تصدیق کی۔ کیا جو اس نے دیکھا تم اس سے اس پر جھگڑتے ہو؟ اور تحقیق

ہم	ہم نے مقرر کیا	تمہارے درمیان	موت	اور نہیں ہم	اس سے عاجز	پر	کہ ہم بدل دیں	تم جیسے	اور

ہم نے تمہارے درمیان موت (کا وقت) مقرر کیا ہے، اور ہم اس سے عاجز نہیں - کہ ہم (تمہاری جگہ) تم جیسی (اور قوم) بدل دیں، اور

نُنشِئَكُمْ فِي مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ الْأُولَىٰ فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٦٢﴾

نُنشِئَكُمْ	فِي	مَا	لَا تَعْلَمُونَ	وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ	النَّشْأَةَ الْأُولَىٰ	فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ
ہم پیدا کر دیں تمہیں	میں	جو	تم نہیں جانتے	یقیناً تم جان چکے ہو	پیدائش پہلی	تو کیوں	تم غور نہیں کرتے

ہم تمہیں (ایسے عالم) میں پیدا کر دیں، جو تم نہیں جانتے اور یقیناً تم پہلی پیدائش جان چکے ہو تو تم کیوں غور نہیں کرتے ؟

أَفَرَأَيْتُم مَّا تَحْرُثُونَ ﴿٦٣﴾ ءَأَنتُمْ تَزْرَعُونَهُۥٓ أَمْ نَحْنُ الزَّٰرِعُونَ ﴿٦٤﴾ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَٰهُ

أَفَرَأَيْتُم	مَّا تَحْرُثُونَ	ءَأَنتُمْ	تَزْرَعُونَهُۥٓ	أَمْ	نَحْنُ	الزَّٰرِعُونَ	لَوْ نَشَآءُ	لَجَعَلْنَٰهُ
بھلا تم دیکھو تو	جو تم بوتے ہو	کیا تم	اس کی کاشت کرتے ہو	یا	ہم	کاشت کرنیوالے	اگر ہم چاہیں	البتہ ہم اسے کر دیں

بھلا تم دیکھو تو جو تم بوتے ہو۔ کیا تم اس کی کاشت کرتے ہو؟ یا ہم کاشت کرنے والے ہیں؟ اگر ہم چاہیں تو البتہ ہم اسے کر دیں

حُطَٰمًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ ﴿٦٥﴾ إِنَّا لَمُغْرَمُونَ ﴿٦٦﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ ﴿٦٧﴾ أَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ

حُطَٰمًا	فَظَلْتُمْ	تَفَكَّهُونَ	إِنَّا	لَمُغْرَمُونَ	بَلْ	نَحْنُ	مَحْرُومُونَ	أَفَرَءَيْتُمُ	الْمَآءَ
ریزہ ریزہ	پھر تم ہو جاؤ	باتیں بناتے	بیشک ہم	تاوان پڑ جانے والے	بلکہ	ہم	محروم رہ جانیوالے	بھلا تم دیکھو تو	پانی

(ریزہ ریزہ، پھر تم باتیں بناتے ہو جاؤ (رہ جاؤ) کہ بیشک ہم تاوان پڑ جانے والے ہو گئے بلکہ ہم محروم رہ جانے والے، میں، بھلا تم دیکھو تو پانی

الَّذِى تَشْرَبُونَ ﴿٦٨﴾ ءَأَنتُمْ أَنزَلْتُمُوهُ مِنَ الْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ الْمُنزِلُونَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَآءُ

الَّذِى	تَشْرَبُونَ	ءَأَنتُمْ	أَنزَلْتُمُوهُ	مِنَ	الْمُزْنِ	أَمْ نَحْنُ	الْمُنزِلُونَ	لَوْ	نَشَآءُ
جو	تم پیتے ہو	کیا تم	تم نے اسے اتارا	سے	بادل	یا ہم	اُتارنے والے	اگر	ہم چاہیں

جو تم پیتے ہو۔ کیا تم نے اسے بادل سے اُتارا؟ یا ہم اُتارنے والے ہیں؟ اگر ہم چاہیں

جَعَلْنَٰهُ أُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُونَ ﴿٧٠﴾ أَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِى تُورُونَ ﴿٧١﴾ ءَأَنتُمْ

جَعَلْنَٰهُ	أُجَاجًا	فَلَوْلَا	تَشْكُرُونَ	أَفَرَءَيْتُمُ	النَّارَ	الَّتِى	تُورُونَ	ءَأَنتُمْ
ہم کر دیں اسے	کڑوا	تو کیوں	تم شکر نہیں کرتے	بھلا تم دیکھو تو	آگ	جو	تم سُلگاتے ہو	کیا تم

تو ہم اسے کڑوا (کھاری) کر دیں، تو تم کیوں شکر نہیں کرتے؟ بھلا تم دیکھو تو جو آگ تم سُلگاتے ہو، کیا تم نے

ج

أَنشَأْتُمْ شَجَرَتَهَآ أَمْ نَحْنُ الْمُنشِـُٔونَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنَٰهَا تَذْكِرَةً وَمَتَٰعًا لِّلْمُقْوِينَ ﴿٧٣﴾

أَنشَأْتُمْ	شَجَرَتَهَآ	أَمْ نَحْنُ	الْمُنشِـُٔونَ	نَحْنُ	جَعَلْنَٰهَا	تَذْكِرَةً	وَمَتَٰعًا	لِّلْمُقْوِينَ
تم نے پیدا کئے	اس کے درخت	یا ہم	پیدا کرنے والے	ہم	ہم نے بنایا اسے	نصیحت	اور منفعت	مسافروں کے لئے

اس کے درخت پیدا کئے ہیں؟ یا ہم پیدا کرنے والے ہیں؟ ہم نے اسے نصیحت بنایا، اور مسافروں کے لئے منفعت۔

۲ ع ۲۶ ۱۵

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿٧٤﴾ فَلَا أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ ﴿٧٥﴾ وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَّوْ

فَسَبِّحْ	بِاسْمِ	رَبِّكَ	الْعَظِيمِ	فَلَا أُقْسِمُ	بِمَوَاقِعِ	النُّجُومِ	وَإِنَّهُ	لَقَسَمٌ	لَّوْ
پس تو پاکیزگی بیان کر	نام سے۔ کی	اپنے رب	عظمت والے	سو میں قسم کھاتا ہوں	گرنے کی	ستارے (جمع)	اور بیشک یہ	ایک قسم ہے	اگر

پس تو اپنے عظمت والے رب کے نام کی پاکیزگی بیان کر۔ سو میں ستاروں کے گرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اور بیشک یہ ایک قسم ہے اگر

تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ ﴿٧٦﴾ إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ ﴿٧٧﴾ فِي كِتَابٍ مَّكْنُونٍ ﴿٧٨﴾ لَّا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ ﴿٧٩﴾

تَعْلَمُونَ	عَظِيمٌ	إِنَّهُ	لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ	فِي	كِتَابٍ	مَّكْنُونٍ	لَّا يَمَسُّهُ	إِلَّا	الْمُطَهَّرُونَ
تم جانو (غور کرو)	بڑی	بیشک یہ	قرآن ہے گرامی قدر	میں	ایک کتاب	پوشیدہ	اُسے ہاتھ نہیں لگاتے	سوائے	پاک لوگ

تم غور کرو بڑی (قسم) بیشک یہ قرآن گرامی قدر ہے۔ یہ ایک پوشیدہ کتاب (لوح محفوظ) میں ہے۔ اسے پاک لوگوں کے سوا ہاتھ نہیں لگاتے۔

تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٨٠﴾ أَفَبِهَٰذَا الْحَدِيثِ أَنتُم مُّدْهِنُونَ ﴿٨١﴾ وَتَجْعَلُونَ

تَنزِيلٌ	مِّن	رَّبِّ	الْعَالَمِينَ	أَفَبِهَٰذَا	الْحَدِيثِ	أَنتُمْ	مُّدْهِنُونَ	وَتَجْعَلُونَ
اتارا ہوا	سے	رب	تمام جہانوں	تو کیا اس	بات	تم	سُستی کرنیوالے (منکر)	اور تم بناتے ہو

تمام جہانوں کے رب (کی طرف) سے اتارا ہوا ہے۔ تو کیا تم اس بات کے منکر ہو؟ اور تم بناتے ہو

رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُونَ ﴿٨٢﴾ فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ ﴿٨٣﴾ وَأَنتُمْ حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ ﴿٨٤﴾

رِزْقَكُمْ	أَنَّكُمْ	تُكَذِّبُونَ	فَلَوْلَا	إِذَا	بَلَغَتِ	الْحُلْقُومَ	وَأَنتُمْ	حِينَئِذٍ	تَنظُرُونَ
اپنا رزق (وظیفہ)	کہ تم	جھٹلاتے ہو	پھر کیوں نہیں	جب	پہنچتی ہے	حلق کو	اور تم	اس وقت	تکتے ہو

جھٹلانے کو اپنا وظیفہ۔ پھر کیوں نہیں! جب (کسی کی جان) حلق کو پہنچتی ہے، اور اس وقت تم تکتے ہو۔

وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنكُمْ وَلَٰكِن لَّا تُبْصِرُونَ ﴿٨٥﴾ فَلَوْلَا إِن كُنتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ ﴿٨٦﴾

وَنَحْنُ	أَقْرَبُ	إِلَيْهِ	مِنكُمْ	وَلَٰكِن	لَّا تُبْصِرُونَ	فَلَوْلَا	إِن كُنتُمْ	غَيْرَ مَدِينِينَ
اور ہم	زیادہ قریب	اس کے	تم سے	اور لیکن	تم نہیں دیکھتے	تو کیوں نہیں	اگر تم	کسی کے قہر میں نہ آنیوالے (خود مختار)

اور ہم تم سے بھی زیادہ اس سے قریب (ہوتے ہیں) لیکن تم نہیں دیکھتے۔ تو کیوں نہیں؟ اگر تم خود مختار ہو۔

تَرْجِعُونَهَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٨٧﴾ فَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿٨٨﴾ فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ

تَرْجِعُونَهَا	إِن كُنتُمْ	صَادِقِينَ	فَأَمَّا	إِن كَانَ	مِنَ	الْمُقَرَّبِينَ	فَرَوْحٌ	وَرَيْحَانٌ
تم اسے لوٹالو	اگر تم	سچے (جمع)	پس جو	اگر ہو	سے	مقرب لوگوں	تو راحت	اور خوشبودار پھول

تم اسے (روح کو) لوٹالو اگر تم سچے ہو۔ پس جو (مرنے والا) اگر مقرب لوگوں میں سے ہو تو (اس کے لئے) راحت، اور خوشبودار پھول

وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿٨٩﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩٠﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ

وَجَنَّتُ	نَعِيْمٍ	وَاَمَّا	اِنْ كَانَ	مِنْ	اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ	فَسَلٰمٌ	لَّكَ	مِنْ
اور باغ	نعمتوں کے	اور البتہ	اگر وہ ہو	سے	دائیں ہاتھ والے	تو سلامتی	تیرے لئے	سے

اور نعمتوں کے باغ ہیں - اور البتہ اگر وہ دائیں ہاتھ والوں میں سے ہو - تو تیرے لئے سلامتی ہے

اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩١﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٩٢﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٩٣﴾

اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ	وَاَمَّا	اِنْ كَانَ	مِنَ	الْمُكَذِّبِيْنَ	الضَّآلِّيْنَ	فَنُزُلٌ	مِّنْ	حَمِيْمٍ
دائیں ہاتھ والوں	اور البتہ	اگر وہ ہو	سے	جھٹلانے والوں	گمراہ (جمع)	تو مہمانی	سے	کھولتا ہوا پانی

دائیں ہاتھ والوں سے - اور البتہ اگر گمراہ، جھٹلانے والوں میں سے ہو تو (اس کی) مہمانی کھولتا ہوا پانی ہے،

وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿٩٤﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿٩٥﴾ فَسَبِّحْ

وَتَصْلِيَةُ	جَحِيْمٍ	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ	حَقُّ الْيَقِيْنِ	فَسَبِّحْ
اور اسے ڈالدیا	دوزخ	بیشک	یہ	البتہ یہ	یقینی بات	پس آپ پاکیزگی بیان کریں

اور اسے دوزخ میں ڈال دینا ہے - بیشک یہ البتہ یقینی بات ہے - پس آپ پاکیزگی بیان کریں

بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٩٦﴾

بِاسْمِ	رَبِّكَ	الْعَظِيْمِ
نام کی	اپنے رب	عظمت والے

اپنے عظمت والے رب کے نام کی -

اٰیاتھا ۲۹ | ۵۷ = سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ = ۹۴ | رکوعاتھا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١﴾ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

سَبَّحَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ
پاکیزگی سے یاد کرتا ہے	اللہ کو	جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور وہ	غالب	حکمت والا	اسی کے لئے	بادشاہت	آسمانوں

اللہ کو پاکیزگی سے یاد کرتا ہے، جو (بھی) آسمانوں میں اور زمین میں ہے، اور وہ غالب، حکمت والا ہے - اسی کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی

وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۲ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَ

وَالْاَرْضِ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	وَهُوَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	هُوَ	الْاَوَّلُ	وَالْاٰخِرُ	وَ
اور زمین	وہ زندگی دیتا ہے	وہ موت دیتا ہے	اور وہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	وہی	اوّل	اور آخر	اور

اور زمین کی، وہی زندگی دیتا ہے، اور وہی موت دیتا ہے، اور وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے اور وہی اوّل ہے (وہی) آخر ہے، اور (وہی)

الظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۳ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

الظَّاهِرُ	وَالْبَاطِنُ	وَهُوَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ
ظاہر	اور باطن	اور وہ	ہر شے کو	خوب جاننے والا	وہی	جس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور

ظاہر اور باطن ہے، اور وہ ہر شے کو خوب جاننے والا ہے - وہی جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور

الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَ

الْاَرْضَ	فِيْ	سِتَّةِ اَيَّامٍ	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ	يَعْلَمُ	مَا يَلِجُ	فِي الْاَرْضِ	وَ
زمین	میں	چھ دن	پھر	اس نے قرار پکڑا	عرش پر	وہ جانتا ہے	جو داخل ہوتا ہے	زمین میں	اور

زمین کو، چھ دن میں، پھر اس نے عرش پر قرار پکڑا، وہ جانتا ہے جو زمین میں داخل ہوتا ہے، اور

مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا

مَا يَخْرُجُ	مِنْهَا	وَمَا يَنْزِلُ	مِنَ السَّمَآءِ	وَمَا يَعْرُجُ	فِيْهَا	وَهُوَ	مَعَكُمْ	اَيْنَ مَا
جو نکلتا ہے	اس سے	اور جو اترتا ہے	آسمانوں سے	اور جو چڑھتا ہے	اس میں	اور وہ	تمہارے ساتھ	جہاں کہیں

جو اس سے نکلتا ہے، اور جو آسمانوں سے اترتا ہے، اور جو اس میں چڑھتا ہے، اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں (بھی)

كُنْتُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۴ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ

كُنْتُمْ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	لَهٗ	مُلْكُ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَاِلَى اللّٰهِ
تم ہو	اور اللہ	اسے جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا ہے	اسی کے لئے	بادشاہت آسمانوں	اور زمین	اور اللہ کی طرف

تم ہو، اور جو تم کرتے ہو اللہ اسے دیکھنے والا ہے - اسی کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت، اور اللہ کی طرف ہے

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۵ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۭ وَهُوَ عَلِيْمٌ

تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	يُوْلِجُ	الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ	وَيُوْلِجُ	النَّهَارَ	فِي الَّيْلِ	وَهُوَ	عَلِيْمٌ
بازگشت	تمام کاموں	وہ داخل کرتا ہے	رات	دن میں	اور داخل کرتا ہے	دن	رات میں	اور وہ	جاننے والا

تمام کاموں کی بازگشت - وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے، اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے، اور وہ خوب جاننے والا ہے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۶﴾ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَاَنْفِقُوْا	مِمَّا	جَعَلَكُمْ	مُّسْتَخْلَفِيْنَ
دلوں کی بات کو	تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول	اور خرچ کرو	اس سے جو	اس نے تمہیں بنایا	جانشین

دلوں کی بات (تک) کو۔ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس (مال) میں سے خرچ کرو جس میں اس نے تمہیں جانشین بنایا ہے

فِيْهِ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿۷﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ

فِيْهِ	فَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَاَنْفَقُوْا	لَهُمْ	اَجْرٌ كَبِيْرٌ	وَمَا لَكُمْ	لَا تُؤْمِنُوْنَ
اس میں	پس جو لوگ	وہ ایمان لائے	تم میں سے	اور انہوں نے خرچ کیا	ان کے لئے	بڑا اجر	اور کیا (ہو گیا ہے) تمہیں	تم ایمان نہیں لاتے

پس تم میں سے جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے خرچ کیا، ان کے لئے بڑا اجر ہے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ کہ تم ایمان نہیں لاتے

بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

بِاللّٰهِ	وَالرَّسُوْلُ	يَدْعُوْكُمْ	لِتُؤْمِنُوْا	بِرَبِّكُمْ	وَقَدْ اَخَذَ	مِيْثَاقَكُمْ	اِنْ كُنْتُمْ
اللہ پر	اور رسول	وہ تمہیں بلاتے ہیں	کہ تم ایمان لاؤ	اپنے رب پر	اور یقیناً وہ لے چکا ہے	تم سے عہد	اگر تم ہو

اللہ پر اور اس کا رسول تمہیں بلاتا ہے کہ تم اپنے رب کے ساتھ ایمان لے آؤ، اور وہ یقیناً تم سے عہد لے چکا ہے، اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸﴾ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ

مُّؤْمِنِيْنَ	هُوَ الَّذِيْ	يُنَزِّلُ	عَلٰى	عَبْدِهٖۤ	اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ	لِّيُخْرِجَكُمْ	مِّنَ
ایمان والے	وہی ہے جو	نازل فرماتا ہے	پر	اپنا بندہ	واضح آیات	تاکہ وہ تمہیں نکالے	سے

ایمان والے ہو۔ وہی ہے جو اپنے بندے پر واضح آیات نازل فرماتا ہے، تاکہ وہ تمہیں نکالے

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹﴾ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ

الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	بِكُمْ	لَرَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	وَمَا لَكُمْ	اَلَّا تُنْفِقُوْا	فِيْ سَبِيْلِ
اندھیروں سے	روشنی کی طرف	اور بیشک	اللہ	تم پر	شفقت کرنیوالا	نہایت مہربان	اور کیا (ہو گیا ہے) تمہیں	تم خرچ نہیں کرتے	راستہ میں

اندھیروں سے روشنی کی طرف، اور اللہ بے شک تم پر شفقت کرنے والا مہربان ہے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ کہ تم خرچ نہیں کرتے راستے میں

اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ

اللّٰهِ	وَلِلّٰهِ	مِيْرَاثُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	لَا يَسْتَوِيْ	مِنْكُمْ	مَّنْ اَنْفَقَ	مِنْ قَبْلِ
اللہ	اور اللہ کے لئے	میراث	آسمانوں	اور زمین	برابر نہیں	تم میں سے	جس نے خرچ کیا	پہلے

اللہ کے، اور آسمانوں اور زمین کی میراث (باقی رہ جانے والا سب) اللہ کے لئے ہے، تم میں سے برابر نہیں، وہ جس نے خرچ کیا پہلے

الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ؕ

الْفَتْحِ	وَقٰتَلَ	اُولٰٓئِكَ	اَعْظَمُ	دَرَجَةً	مِّنَ	الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا	مِنْۢ بَعْدُ	وَقٰتَلُوْا
فتح	اور قتال کیا	یہ لوگ	بڑے	درجہ میں	سے	جنہوں نے خرچ کیا	بعد میں	اور انہوں نے قتال کیا

فتح (مکہ) سے، اور قتال کیا، یہ لوگ درجے میں (اُن سے) بڑے ہیں جنہوں نے بعد میں خرچ کیا، اور انہوں نے قتال کیا

ع ۱ ۱۰ ۱۷

وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۰﴾ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ

وَكُلًّا	وَعَدَ	اللّٰهُ	الْحُسْنٰى	وَاللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	مَنْ ذَا الَّذِيْ	يُقْرِضُ اللّٰهَ
اور ہر ایک	وعدہ کیا	اللہ نے	اچھا	اور اللہ	اس سے جو تم کرتے ہو	باخبر	کون ہے جو	قرض دے اللہ کو

اور اللہ نے ہر ایک سے اچھا وعدہ کیا ہے اور تم جو کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ کون ہے جو اللہ کو قرض دے؟

قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۱﴾ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

قَرْضًا حَسَنًا	فَيُضٰعِفَهٗ	لَهٗ	وَلَهٗٓ	اَجْرٌ كَرِيْمٌ	يَوْمَ	تَرَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ
قرض حسنہ	پھر وہ اس کا دوچند دے	اس کو	اور اس کے لئے	اجر بڑا عمدہ	جس دن	تم دیکھو گے	مومن مردوں	اور مومن عورتوں

قرض حسنہ (اچھا قرض) اور وہ اس کو اس کا دوچند دے، اور اس کے لئے بڑا عمدہ اجر ہے۔ جس دن تم مومن مردوں اور مومن عورتوں کو دیکھو گے

يَّسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

يَّسْعٰى	نُوْرُهُمْ	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَبِاَيْمَانِهِمْ	بُشْرٰىكُمُ	الْيَوْمَ	جَنّٰتٌ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا
دوڑتا ہوگا	ان کا نور	ان کے سامنے	اور ان کے دائیں	خوشخبری ہے تمہیں	آج	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے

اُن کا نُور اُن کے سامنے اور اُن کے دائیں دوڑتا ہوگا، تمہیں آج خوشخبری ہے باغات کی جن کے نیچے بہتی ہیں

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ

الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ	يَوْمَ يَقُوْلُ	الْمُنٰفِقُوْنَ	وَ
نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	یہ	وہ - یہ	کامیابی بڑی	جس دن کہیں گے	منافق مرد (جمع)	اور

نہریں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، یہ بڑی کامیابی ہے۔ جس دن کہیں گے منافق مرد اور

الْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ

الْمُنٰفِقٰتُ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	انْظُرُوْنَا	نَقْتَبِسْ	مِنْ	نُّوْرِكُمْ	قِيْلَ	ارْجِعُوْا	وَرَآءَكُمْ
منافق عورتیں	ان لوگوں کو جو	وہ ایمان لائے	ہماری طرف نگاہ کرو	ہم حاصل کرلیں	سے	تمہارا نور	کہا جائے گا	لوٹ جاؤ تم	اپنے پیچھے

منافق عورتیں، ان لوگوں کو جو ایمان لائے، ہماری طرف نگاہ کرو، ہم تمہارے نور سے (کچھ) حاصل کرلیں، کہا جائیگا اپنے پیچھے لوٹ جاؤ

فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَ

فَالْتَمِسُوْا	نُوْرًا	فَضُرِبَ	بَيْنَهُمْ	بِسُوْرٍ	لَّهٗ	بَابٌ	بَاطِنُهٗ	فِيْهِ	الرَّحْمَةُ	وَ
پھر تم تلاش کرو	نور	پھر ماری (کھڑی) کر دی جائیگی	انکے درمیان	ایک دیوار	اس کا	ایک دروازہ	اس کے اندر	اس میں	رحمت۔	اور

پس (وہاں) نور تلاش کرو۔ پھر ان کے درمیان ایک دیوار کھڑی کر دی جائے گی، اس کا ایک دروازہ ہوگا، اس کے اندر رحمت اور

ظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ؕ ﴿۱۳﴾ يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ

ظَاهِرُهٗ	مِنْ قِبَلِهِ	الْعَذَابُ	يُنَادُوْنَهُمْ	اَلَمْ نَكُنْ	مَّعَكُمْ	قَالُوْا	بَلٰى	وَلٰكِنَّكُمْ
اس کے باہر	اس کی طرف سے	عذاب	وہ انہیں پکاریں گے	کیا ہم نہ تھے	تمہارے ساتھ	وہ کہیں گے	ہاں	اور لیکن تم

اور اس کے باہر کی طرف عذاب ہوگا۔ وہ (منافق) اُن (مسلمانوں) کو پکاریں گے کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ وہ کہیں گے ہاں (کیوں نہیں!) لیکن

فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ

فَتَنْتُمْ	اَنْفُسَكُمْ	وَتَرَبَّصْتُمْ	وَارْتَبْتُمْ	وَغَرَّتْكُمُ	الْاَمَانِيُّ	حَتّٰى	جَآءَ	اَمْرُ اللّٰهِ
تم نے فتنہ میں ڈالا	اپنی جانوں کو	اور تم انتظار کرتے	اور تم شک کرتے تھے	اور تمہیں دھوکے میں ڈالا	تمہاری جھوٹی آرزوؤں نے	یہاں تک کہ	آ گیا	اللہ کا حکم

تم نے اپنی جانوں کو فتنے میں ڈالا اور تم (مسلمانوں پر آفتکا) انتظار کرتے تھے، اور شک کرتے تھے اور تمہیں تمہاری جھوٹی آرزوؤں نے دھوکے میں ڈالا، یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ گیا

وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ

وَغَرَّكُمْ	بِاللّٰهِ	الْغَرُوْرُ	فَالْيَوْمَ	لَا يُؤْخَذُ	مِنْكُمْ	فِدْيَةٌ	وَّلَا	مِنَ	الَّذِيْنَ
اور تمہیں دھوکے میں ڈالا	اللہ کے بارے میں	دھوکہ دینے والے	سو آج	نہ لیا جائے گا	تم سے	کوئی فدیہ	اور نہ	سے	وہ لوگ جنہوں نے

اور اللہ کے بارے میں تمہیں دھوکہ دینے والے (شیطان) نے دھوکہ میں ڈالا، سو آج نہ تم سے کوئی فدیہ لیا جائے گا، نہ اُن لوگوں سے

كَفَرُوْا ؕ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

كَفَرُوْا	مَاْوٰىكُمُ	النَّارُ	هِيَ	مَوْلٰىكُمْ	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	اَلَمْ يَاْنِ	لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
کفر کیا	تمہارا ٹھکانہ	جہنم	یہ	تمہارا رفیق	اور بُری	جائے بازگشت	کیا نزدیک (وقت) نہیں آیا	اُن لوگوں کے لئے جو ایمان لائے (مومن)

جنہوں نے کفر کیا، تمہارا ٹھکانہ جہنم ہے، یہ تمہارا رفیق ہے اور بُری جائے بازگشت ہے۔ کیا مومنوں کے لئے ابھی وقت نہیں آیا؟

اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

اَنْ	تَخْشَعَ	قُلُوْبُهُمْ	لِذِكْرِ اللّٰهِ	وَمَا نَزَلَ	مِنَ	الْحَقِّ	وَلَا يَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ
کہ	جھک جائیں	ان کے دل	اللہ کی یاد کے لئے	اور جو نازل ہوا	سے	حق	اور وہ نہ ہو جائیں	ان لوگوں کی طرح

کہ ان کے دل اللہ کی یاد کے لئے جھک جائیں اور (اس کے لئے) جو حق تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا ہے، اور وہ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں

أُوتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ

أُوتُوا الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلُ	فَطَالَ	عَلَيْهِمُ	الْاَمَدُ	فَقَسَتْ	قُلُوْبُهُمْ	وَكَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ
جنہیں کتاب دی گئی	اس سے قبل	تو دراز ہوگئی	ان پر	مدت	پھر سخت ہوگئے	ان کے دل	اور اکثر	ان میں سے

جنہیں اس سے قبل کتاب دی گئی، تو ان پر مدت دراز ہوگئی۔ پھر ان کے دل سخت ہوگئے، اور ان میں سے اکثر

فٰسِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ

فٰسِقُوْنَ	اِعْلَمُوْٓا	اَنَّ اللّٰهَ	يُحْيِ	الْاَرْضَ	بَعْدَ مَوْتِهَا	قَدْ بَيَّنَّا	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ
(جمع) فاسق (نافرمان)	تم جان لو	کہ اللہ	زندہ کرتا ہے	زمین	اس کے مرنے کے بعد	تحقیق ہم نے بیان کردی	تمہارے لئے	نشانیاں

نافرمان ہیں۔ (خوب) جان لو اللہ زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے۔ تحقیق ہم نے تمہارے لئے نشانیاں بیان کردی ہیں

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	اِنَّ	الْمُصَّدِّقِيْنَ	وَالْمُصَّدِّقٰتِ	وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ	قَرْضًا	حَسَنًا
تاکہ تم	سمجھو	بیشک	خیرات کرنے والے مرد	اور خیرات کرنے والی عورتیں	اور جنہوں نے قرض دیا اللہ	قرض	حسنہ (اچھا)

تاکہ تم سمجھو۔ بیشک خیرات کرنے والے مرد، اور خیرات کرنے والی عورتیں، اور جنہوں نے اللہ کو قرض حسنہ (اچھا قرض) دیا،

يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ

يُضٰعَفُ	لَهُمْ	وَلَهُمْ	اَجْرٌ	كَرِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرُسُلِهٖٓ
وہ دوچند کردیا جائے گا	ان کے لئے	اور ان کے لئے	اجر	بڑا عمدہ	اور جو لوگ	ایمان لائے	اللہ پر	اور اسکے رسول (جمع)

وہ ان کے لئے دوچند کر دیا جائے گا، اور ان کے لئے بڑا عمدہ اجر ہے۔ اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے

اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۚ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَ

اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الصِّدِّيْقُوْنَ	وَالشُّهَدَآءُ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	لَهُمْ	اَجْرُهُمْ	وَ
یہی لوگ	وہی	(جمع) صدیق	اور (جمع) شہید	اپنے رب کے نزدیک	ان کے لئے	ان کا اجر	اور

یہی لوگ ہیں اپنے رب کے نزدیک صدیق (سچے) اور شہید ان کے لئے ان کا اجر ہے، اور

ع ۲ ۹ ۱۸

نُوْرُهُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۹﴾ اِعْلَمُوْٓا

نُوْرُهُمْ ؕ	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ	اِعْلَمُوْٓا
ان کا نور	اور جنہوں نے	کفر کیا	اور جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	یہی لوگ	دوزخ والے	تم جان لو

ان کا نور ہے اور جنہوں نے کفر کیا، اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا، یہی لوگ دوزخ والے ہیں۔ تم (خوب) جان لو

اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ وَّ زِيْنَةٌ وَّ تَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَ تَكَاثُرٌ

اَنَّمَا	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَّ لَهْوٌ	وَّ زِيْنَةٌ	وَّ تَفَاخُرٌۢ	بَيْنَكُمْ	وَ تَكَاثُرٌ
اسکے سوا نہیں	دنیا کی زندگی	کھیل	اور کود	اور زینت	اور فخر کرنا	باہم	اور کثرت کی خواہش

اس کے سوا نہیں کہ دنیا کی زندگی (محض) کھیل کود ہے، اور ایک زینت، اور باہم فخر (خود ستائی) کرنا اور کثرت کی خواہش کرنا

فِي الْاَمْوَالِ وَ الْاَوْلَادِ ؕ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ

فِي الْاَمْوَالِ	وَ الْاَوْلَادِ	كَمَثَلِ غَيْثٍ	اَعْجَبَ	الْكُفَّارَ	نَبَاتُهٗ	ثُمَّ يَهِيْجُ	فَتَرٰىهُ
مالوں میں	اور اولاد	بارش کی طرح	بھلی لگی	کاشتکار	اسکی پیداوار	پھر وہ زور پکڑتی ہے	سو تو اس کو دیکھتا ہے

مالوں میں اور اولاد میں، بارش کی طرح کہ کاشتکار کو اس کی پیداوار بھلی لگی، پھر وہ زور پکڑتی ہے پھر تو اس کو دیکھتا ہے

مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ؕ وَ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّ مَغْفِرَةٌ مِّنَ

مُصْفَرًّا	ثُمَّ	يَكُوْنُ	حُطَامًا	وَ فِي الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ شَدِيْدٌ	وَّ مَغْفِرَةٌ	مِّنَ
زرد	پھر	وہ ہو جاتی ہے	چورا چورا	اور آخرت میں	سخت عذاب	اور مغفرت	سے

زرد، پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے، اور آخرت میں سخت عذاب بھی ہے، اور مغفرت بھی ہے

اللّٰهِ وَ رِضْوَانٌ ؕ وَ مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۲۰﴾ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ

اللّٰهِ	وَ رِضْوَانٌ	وَ مَا	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ	اِلَّا	مَتَاعُ الْغُرُوْرِ	سَابِقُوْٓا	اِلٰى مَغْفِرَةٍ
اللہ	اور رضامندی	اور نہیں	دنیا کی زندگی	مگر صرف	دھوکے کا سامان	تم دوڑو	طرف مغفرت

اللہ کی (طرف) سے اور رضامندی، اور دنیا کی زندگی دھوکے کے سامان کے سوا کچھ نہیں۔ تم دوڑو مغفرت کی طرف

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ جَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

مِنْ رَّبِّكُمْ	وَ جَنَّةٍ	عَرْضُهَا	كَعَرْضِ السَّمَآءِ	وَ الْاَرْضِ	اُعِدَّتْ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اپنے رب کی طرف سے	اور جنت	اسکی چوڑائی (وسعت)	جیسی آسمان کی چوڑائی (وسعت)	اور زمین	وہ تیار کی گئی	ان لوگوں کے لئے جو	ایمان لائے

اپنے رب کی، اور اس جنت کی طرف، جس کی وسعت آسمانوں اور زمین کی وسعت جیسی (برابر) ہے اور ان لوگوں کے لئے تیار کی گئی ہے جو ایمان لائے

بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۱﴾

بِاللّٰهِ	وَ رُسُلِهٖ	ذٰلِكَ	فَضْلُ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ يَّشَآءُ	وَ اللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ
اللہ پر	اور اسکے رسولوں	یہ	اللہ کا فضل	وہ اسکو دیتا ہے	جسے وہ چاہے	اور اللہ	فضل والا	بڑے

اللہ اور اس کے رسولوں پر، یہ اللہ کا فضل ہے، وہ اس کو دیتا ہے جسے وہ چاہتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ

مَآ اَصَابَ	مِنْ مُّصِيْبَةٍ	فِى الْاَرْضِ	وَلَا	فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ	اِلَّا	فِىْ كِتٰبٍ	مِّنْ قَبْلِ
نہیں پہنچتی	کوئی مصیبت	زمین میں	اور نہ	تمہاری جانوں میں	مگر	کتاب میں	اس سے قبل

کوئی مصیبت نہیں پہنچتی زمین میں اور نہ تمہاری جانوں میں مگر کتاب (لوحِ محفوظ) میں (درج) ہے، اس سے پہلے کہ

اَنْ نَّبْرَاَهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۲۲ۙ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰي مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا

اَنْ نَّبْرَاَهَا	اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ	لِّكَيْلَا تَاْسَوْا	عَلٰى	مَا فَاتَكُمْ	وَلَا تَفْرَحُوْا
کہ ہم پیدا کریں اس کو	بیشک	یہ	اللہ پر	آسان	تاکہ تم غم نہ کھاؤ	پر	جو تم سے جاتی رہے	اور نہ تم خوش ہو

ہم اس کو پیدا کریں، بیشک یہ اللہ پر آسان ہے۔ تاکہ تم اس پر غم نہ کھاؤ، جو تم سے جاتی رہے، اور نہ خوش ہو

بِمَآ اٰتٰىكُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِۨ ۝۲۳ۙ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ

بِمَآ اٰتٰىكُمْ	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ	كُلَّ	مُخْتَالٍ	فَخُوْرِ	الَّذِيْنَ	يَبْخَلُوْنَ	وَيَاْمُرُوْنَ
اس پر جو اس نے تمہیں دیا	اور اللہ	پسند نہیں کرتا	ہر ایک (کسی)	اترانے والا	فخر کرنے والا	جو لوگ	بخل کرتے ہیں	اور حکم (ترغیب) دیتے ہیں

اس پر جو اس نے تمہیں دیا، اور اللہ کسی اترانے والے، فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا۔ جو لوگ بخل کرتے ہیں اور ترغیب دیتے ہیں

النَّاسَ بِالْبُخْلِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۲۴ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا

النَّاسَ	بِالْبُخْلِ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّ	فَاِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	رُسُلَنَا
لوگ	بخل کا	اور جو	منہ پھیر لے	تو بیشک اللہ	وہ بے نیاز	سزاوار حمد	تحقیق ہم نے بھیجا	اپنے رسولوں

لوگوں کو بخل کی، اور جو منہ پھیر لے تو بے شک اللہ بے نیاز، سزاوارِ حمد (ستودہ صفات) ہے۔ تحقیق ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا

بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَ

بِالْبَيِّنٰتِ	وَاَنْزَلْنَا	مَعَهُمُ	الْكِتٰبَ	وَالْمِيْزَانَ	لِيَقُوْمَ النَّاسُ	بِالْقِسْطِ	وَ
واضح دلائل کے ساتھ	اور ہم نے اتاری	ان کے ساتھ	کتاب	اور میزان (عدل)	تاکہ لوگ قائم رہیں	انصاف پر	اور

واضح دلائل کے ساتھ اور ہم نے ان کے ساتھ اتاری کتاب اور میزانِ عدل تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں، اور

اَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَ

اَنْزَلْنَا	الْحَدِيْدَ	فِيْهِ	بَاْسٌ شَدِيْدٌ	وَّمَنَافِعُ	لِلنَّاسِ	وَلِيَعْلَمَ	اللّٰهُ	مَنْ يَّنْصُرُهٗ	وَ
ہم نے اتارا	لوہا	اس میں	لڑائی (خطرہ) سختی	اور منافع	لوگوں کے لئے	اور تاکہ معلوم کرے	اللہ	کون مدد کرتا ہے اس کی	اور

ہم نے لوہا اُتارا، اس میں سخت خطرہ (بلا کی سختی) ہے اور لوگوں کے لئے کئی منافع ہیں اور تاکہ اللہ معلوم کرلے کون اس کی مدد کرتا ہے، اور

رُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ

رُسُلَهٗ	بِالْغَيْبِ	اِنَّ اللّٰهَ	قَوِيٌّ	عَزِيْزٌ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	وَ اِبْرٰهِيْمَ
اوراسکے رسول	بن دیکھے	بیشک اللہ	قوی	غالب	اور تحقیق ہم نے بھیجا	نوح	اور ابراہیمؑ

اوراس کے رسولوں کی، بن دیکھے، بیشک اللہ قوی، غالب ہے۔ اور تحقیق ہم نے نوحؑ اور ابراہیمؑ کو بھیجا

وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ

وَجَعَلْنَا	فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا	النُّبُوَّةَ	وَالْكِتٰبَ	فَمِنْهُمْ	مُهْتَدٍ	وَكَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ
اور ہم نے رکھی	ان کی اولاد میں	نبوت	اور کتاب	سوان میں سے کچھ	ہدایت یافتہ	اور اکثر	ان میں سے

اور ہم نے ان کی اولاد میں نبوت اور کتاب رکھی۔ سوان میں سے کچھ ہدایت یافتہ ہیں، اور ان میں سے اکثر

فٰسِقُوْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ

فٰسِقُوْنَ	ثُمَّ	قَفَّيْنَا	عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ	بِرُسُلِنَا	وَقَفَّيْنَا	بِعِيْسَى	ابْنِ مَرْيَمَ
نافرمان	پھر	ہم انکے پیچھے لائے	ان کے قدموں کے نشانات پر	اپنے رسول	اور ہم ان کے پیچھے لائے	عیسیٰؑ	ابن مریم

نافرمان ہیں۔ پھر ہم ان کے قدموں کے نشانات پر (ان کے پیچھے) ہم اپنے رسول لائے، اور انکے پیچھے ہم عیسیٰؑ ابن مریمؑ کو لائے

وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ؕ

وَاٰتَيْنٰهُ	الْاِنْجِيْلَ	وَجَعَلْنَا	فِيْ قُلُوْبِ	الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُ	رَاْفَةً	وَرَحْمَةً
اور ہم نے اسے دی	انجیل	اور ہم نے ڈال دی	دلوں میں	وہ لوگ جنہوں نے	اسکی پیروی کی	نرمی	اور رحمت

اور ہم نے اسے انجیل دی، اور جن لوگوں نے اس کی پیروی کی ان کے دلوں میں نرمی اور محبت ڈال دی۔

وَرَهْبَانِيَّةَ ِۨ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا

وَرَهْبَانِيَّةَ	ِۨ ابْتَدَعُوْهَا	مَا كَتَبْنٰهَا	عَلَيْهِمْ	اِلَّا	ابْتِغَآءَ	رِضْوَانِ اللّٰهِ	فَمَا
اور ترکِ دنیا	جو انہوں نے خود نکالی	ہم نے وہ واجب نہیں کی	ان پر	مگر	چاہنا	اللہ کی رضا	تو نہ

اور ترکِ دنیا (جس کی رسم) خود انہوں نے نکالی ہم نے ان پر واجب نہ کی تھی، مگر (انہوں نے) اللہ کی رضا چاہنے کے لئے (اختیار کی) تو

رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ

رَعَوْهَا	حَقَّ رِعَايَتِهَا	فَاٰتَيْنَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	مِنْهُمْ	اَجْرَهُمْ	وَكَثِيْرٌ
اس کو نباہا	اس کو نباہنے کا حق	تو ہم نے دیا	ان لوگوں کو جو ایمان لائے	ان میں سے	ان کا اجر	اور اکثر

اس کو نہ نباہا (جیسے) اس کے نباہنے کا حق تھا، تو ان میں سے جو لوگ ایمان لائے ہم نے انہیں ان کا اجر دیا، اور اکثر

مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ

مِنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اتَّقُوا اللّٰهَ	وَاٰمِنُوْا	بِرَسُوْلِهٖ
ان میں سے	نافرمان	اے	جو لوگ ایمان لائے	ڈرو اللہ سے تم	اور ایمان لاؤ	اس کے رسولوں پر

ان میں سے نافرمان ہیں۔ اے ایمان والو! تم اللہ سے ڈرو اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ

يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ

يُؤْتِكُمْ	كِفْلَيْنِ	مِنْ	رَّحْمَتِهٖ	وَيَجْعَلْ	لَّكُمْ	نُوْرًا	تَمْشُوْنَ	بِهٖ	وَيَغْفِرْ
وہ تمہیں عطا کرے گا	دو حصے	سے	اپنی رحمت	اور کر دے گا	تمہارے لئے	ایسا نور	تم چلو گے	اس کے ساتھ	اور وہ بخشدے گا

وہ تمہیں اپنی رحمت سے (ثواب کے) دو حصے عطا کرے گا، اور تمہارے لئے ایسا نور کر دے گا کہ تم اس کے ساتھ چلو گے اور وہ بخش دے گا

لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۸﴾ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ

لَكُمْ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	لِّئَلَّا يَعْلَمَ	اَهْلُ الْكِتٰبِ
تمہیں	اور اللہ	بخشنے والا	مہربان	تاکہ نہ جانیں (جان لیں)	اہل کتاب

تمہیں، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ تاکہ اہل کتاب جان لیں

اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰي شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ

اَلَّا يَقْدِرُوْنَ	عَلٰي شَيْءٍ	مِنْ	فَضْلِ اللّٰهِ	وَاَنَّ
کہ وہ قدرت نہیں رکھتے	کسی شے پر	سے	اللہ کا فضل	اور یہ کہ

کہ وہ اللہ کے فضل میں سے کسی شے پر قدرت نہیں رکھتے، اور یہ کہ

الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

الْفَضْلَ	بِيَدِ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ يَّشَاۗءُ
فضل	اللہ کے ہاتھ میں	وہ دیتا ہے اسے	جس کو وہ چاہتا ہے

فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے، وہ اسے دیتا ہے، جس کو وہ چاہے

۴ ع ۴ ۳۰

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ ع

وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ
اور اللہ	فضل والا	بڑا

اور اللہ بڑے فضل والا ہے

اٰیاتُھا ۲۲ | ۵۸ : سُوْرَۃُ الْمُجَادِلَۃِ مَدَنِیَّۃٌ : ۱۰۵ | رُکُوْعَاتُھا ۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

قَدْ سَمِعَ اللّٰہُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُكَ فِیْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِیْۤ اِلَى اللّٰہِ ۖۗ وَاللّٰہُ یَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ؕ

قَدْ سَمِعَ	اللّٰہُ	قَوْلَ	الَّتِیْ	تُجَادِلُكَ	فِیْ زَوْجِهَا	وَتَشْتَكِیْ	اِلَى	اللّٰہِ	وَاللّٰہُ	یَسْمَعُ	تَحَاوُرَكُمَا
یقیناً سُن لی	اللہ	بات	وہ عورت جو	آپ سے بحث کرتی تھی	اپنے خاوند کے بارے میں	اور شکایت کرتی تھی	طرف کی	اللہ	اور اللہ	سنتا تھا	تم دونوں کی گفتگو

یقیناً اللہ نے اُس عورت (خولہ) کی بات سُن لی جو آپ سے اپنے شوہر کے بارے میں بحث کرتی تھی اور اللہ سے (اپنے غم کی) شکایت کرتی تھی، اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سنتا تھا۔

اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ ۝۱ اَلَّذِیْنَ یُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآىِٕهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ؕ

اِنَّ اللّٰہَ	سَمِیْعٌ	بَصِیْرٌ	اَلَّذِیْنَ	یُظٰهِرُوْنَ	مِنْكُمْ	مِّنْ نِّسَآىِٕهِمْ	مَا هُنَّ	اُمَّهٰتِهِمْ
بیشک اللہ	سُننے والا	دیکھنے والا	جو لوگ	ظہار کرتے ہیں	تم میں سے	اپنی بیویوں سے	وہ نہیں	ان کی مائیں

بیشک اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں (انہیں ماں کہہ دیتے ہیں) تو وہ ان کی مائیں نہیں (ہو جاتیں)

اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـِٔیْ وَلَدْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَیَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ؕ وَاِنَّ

اِنْ	اُمَّهٰتُهُمْ	اِلَّا	الّٰٓـِٔیْ	وَلَدْنَهُمْ	وَاِنَّهُمْ	لَیَقُوْلُوْنَ	مُنْكَرًا	مِّنَ الْقَوْلِ	وَزُوْرًا	وَاِنَّ
نہیں	اُن کی مائیں	مگر صرف	وہ عورتیں	جنہوں نے جنا ہے	اور بیشک وہ	البتہ کہتے ہیں	نامعقول	بات سے	اور جھوٹ	اور بیشک

ان کی مائیں صرف وہی ہیں جنہوں نے انہیں جنا ہے، اور بے شک وہ ایک نامعقول بات اور جھوٹ کہتے ہیں، اور بے شک

اللّٰہَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝۲ وَالَّذِیْنَ یُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآىِٕهِمْ ثُمَّ یَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِیْرُ

اللّٰہَ	لَعَفُوٌّ	غَفُوْرٌ	وَالَّذِیْنَ	یُظٰهِرُوْنَ	مِنْ نِّسَآىِٕهِمْ	ثُمَّ	یَعُوْدُوْنَ	لِمَا قَالُوْا	فَتَحْرِیْرُ
اللہ	البتہ معاف کرنیوالا	بخشنے والا	اور جو لوگ	ظہار کرتے ہیں	اپنی بیویوں سے	پھر	وہ رجوع کرلیں	اس سے جو انہوں نے کہا (قول)	تو آزاد کرنا (لازم ہے)

اللہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔ اور جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں (انہیں مائیں کہہ دیتے ہیں) پھر وہ اپنے قول سے رجوع کرلیں تو (ان پر) لازم ہے آزاد کرنا

رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ۝۳ فَمَنْ

رَقَبَةٍ	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ یَّتَمَآسَّا	ذٰلِكُمْ	تُوْعَظُوْنَ	بِهٖ	وَاللّٰہُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِیْرٌ	فَمَنْ
ایک غلام	اس سے قبل	کہ ایکدوسرے کو ہاتھ لگائیں	یہ	تمہیں نصیحت کی جاتی ہے	اس سے کی	اور اللہ	اس سے جو تم کرتے ہو	باخبر ہے	تو جو کوئی

ایک غلام کو اس سے قبل کہ وہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں (باہم اختلاط کریں) یہ ہے جس کی تمہیں نصیحت کی جاتی ہے، اور اللہ اس سے باخبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ تو جو کوئی

لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ

لَمْ يَجِدْ	فَصِيَامُ	شَهْرَيْنِ	مُتَتَابِعَيْنِ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ يَّتَمَآسَّا	فَمَنْ	لَّمْ يَسْتَطِعْ
نہ پائے	تو روزے	۲ دو مہینے	لگاتار	اس سے قبل	کہ وہ ایکدوسرے کو ہاتھ لگائیں	پھر جس	اسے مقدور نہ ہو

بہ (غلام) نہ پائے تو لگاتار ۲ دو مہینے روزے (رکھے) اس سے قبل کہ وہ ایکدوسرے کو ہاتھ لگائیں (اختلاط کریں) پھر جس کو (اس کا بھی) مقدور نہ ہو

فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ۭ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَ

فَاِطْعَامُ	سِتِّيْنَ	مِسْكِيْنًا	ذٰلِكَ	لِتُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَتِلْكَ	حُدُوْدُ اللّٰهِ	وَ
تو کھانا کھلائے	۶۰ ساٹھ	مسکین کو	یہ	اس لئے کہ تم ایمان رکھو	اللہ پر	اور اس کا رسول	اور یہ	اللہ کی حدیں	اور

تو ۶۰ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے، یہ اس لئے ہے کہ تم اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان رکھو، اور یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدیں ہیں، اور

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۴ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ

لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُحَآدُّوْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	كُبِتُوْا	كَمَا كُبِتَ
نہ ماننے والوں کے لئے	دردناک عذاب	بیشک	جو لوگ	وہ مخالفت کرتے ہیں	اللہ	اور اس کا رسول	وہ ذلیل کئے جائیں گے	جیسے ذلیل کئے گئے

نہ ماننے والوں کے لئے دردناک عذاب ہے۔ بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کرتے ہیں وہ ذلیل کئے جائیں گے، جیسے ذلیل کئے گئے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۵ ۚ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَقَدْ اَنْزَلْنَا	اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ	وَلِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ	يَوْمَ	يَبْعَثُهُمُ
وہ لوگ جو	ان سے پہلے	اور یقیناً ہم نے نازل کیں	واضح آیتیں	اور کافروں کے لئے	عذاب	ذلت کا	جس دن	وہ انہیں اٹھائے گا

وہ لوگ جو ان سے پہلے تھے، اور یقیناً ہم نے واضح آیتیں نازل کی ہیں، اور کافروں کے لئے ذلت کا عذاب ہے جس دن (جلا) اٹھائے گا ع ۶

اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ

اللّٰهُ	جَمِيْعًا	فَيُنَبِّئُهُمْ	بِمَا عَمِلُوْا	اَحْصٰىهُ	اللّٰهُ	وَنَسُوْهُ	وَاللّٰهُ	عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ
اللہ	سب	تو وہ انہیں آگاہ کرے گا	وہ جو انہوں نے کیا	اس نے اسے گن رکھا تھا	اللہ	اور وہ اسے بھول گئے تھے	اور اللہ	ہر شے پر	نگران

اللہ ان سب کو، تو جو کچھ انہوں نے کیا وہ انہیں آگاہ کرے گا، اسے اللہ نے گن (محفوظ) رکھا تھا اور وہ اسے بھول گئے تھے اور اللہ ہر شے پر نگران ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ

اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	مَا يَكُوْنُ	مِنْ نَّجْوٰى	ثَلٰثَةٍ
کیا آپ نے نہیں دیکھا	کہ اللہ	وہ جانتا ہے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	نہیں ہوتی	کوئی سرگوشی	تین لوگوں میں

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ جانتا ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے۔ تین لوگوں میں کوئی سرگوشی نہیں ہوتی،

إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَا أَدْنَىٰ مِن ذَٰلِكَ وَلَا أَكْثَرَ

إِلَّا	هُوَ	رَابِعُهُمْ	وَلَا	خَمْسَةٍ	إِلَّا هُوَ	سَادِسُهُمْ	وَلَا	أَدْنَىٰ	مِن ذَٰلِكَ	وَلَا أَكْثَرَ
مگر	وہ	ان میں چوتھا	اور نہ	پانچ کی	مگر وہ	ان میں چھٹا	اور نہ (خواہ)	کم	اس سے	اور نہ زیادہ

مگر وہ ان میں چوتھا ہوتا ہے اور نہ پانچ (کی سرگوشی) مگر وہ ان میں چھٹا ہوتا ہے، اور خواہ اس سے کم ہوں یا زیادہ

إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا ۖ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ

إِلَّا هُوَ	مَعَهُمْ	أَيْنَ مَا	كَانُوا	ثُمَّ	يُنَبِّئُهُم	بِمَا عَمِلُوا	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	إِنَّ اللَّهَ	بِكُلِّ
مگر وہ	ان کے ساتھ	جہاں کہیں	وہ ہوں	پھر	وہ انہیں بتلائے گا	جو کچھ انہوں نے کیا	قیامت کے دن	بیشک اللہ	ہر

مگر جہاں کہیں وہ ہوں وہ (اللہ) ان کے ساتھ ہوتا ہے، جو کچھ انہوں نے کیا پھر قیامت کے دن وہ انہیں بتلا دے گا، بیشک اللہ ہر

شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٧﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نُهُوا عَنِ النَّجْوَىٰ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا نُهُوا

شَيْءٍ	عَلِيمٌ	أَلَمْ تَرَ	إِلَى	الَّذِينَ	نُهُوا	عَنِ النَّجْوَىٰ	ثُمَّ	يَعُودُونَ	لِمَا نُهُوا
شے کا	جاننے والا	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف کو	وہ جنہیں	منع کیا گیا	سرگوشی سے	پھر	وہ (وہی) کرتے ہیں	جس سے منع کیا گیا انہیں

شے کا جاننے والا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں سرگوشی سے منع کیا گیا (مگر) وہ پھر وہی کرتے ہیں جس سے انہیں منع کیا گیا

عَنْهُ وَيَتَنَاجَوْنَ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ ۖ وَإِذَا جَاءُوكَ حَيَّوْكَ

عَنْهُ	وَيَتَنَاجَوْنَ	بِالْإِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ	وَمَعْصِيَتِ	الرَّسُولِ	وَإِذَا	جَاءُوكَ	حَيَّوْكَ
اس سے	وہ باہم سرگوشی کرتے ہیں	گناہ سے کی	اور سرکشی	اور نافرمانی	رسول	اور جب	وہ آتے ہیں آپ کے	آپکو سلام دعا دیتے ہیں

اور وہ گناہ اور سرکشی کی اور رسول کی نافرمانی (کے بارے میں) باہم سرگوشی کرتے ہیں، اور جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ کو سلام دعا دیتے ہیں

بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللَّهُ وَيَقُولُونَ فِي أَنفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللَّهُ بِمَا نَقُولُ ۚ حَسْبُهُمْ

بِمَا	لَمْ يُحَيِّكَ	بِهِ	اللَّهُ	وَيَقُولُونَ	فِي أَنفُسِهِمْ	لَوْلَا يُعَذِّبُنَا	اللَّهُ	بِمَا نَقُولُ	حَسْبُهُمْ
جس سے	آپ کو دعا نہیں دی	اس (لفظ) سے	اللہ	وہ کہتے ہیں	اپنے دل (جمع) میں	کیوں ہمیں عذاب نہیں دیتا	اللہ	اس کی جو ہم کہتے ہیں	انکے لئے کافی ہے

اس لفظ سے جس سے اللہ نے آپ کو دعا نہیں دی، اور وہ اپنے دلوں میں کہتے ہیں اللہ ہمیں اس کی کیوں سزا نہیں دیتا جو ہم کہتے ہیں، ان کے لئے کافی ہے

جَهَنَّمَ ۖ يَصْلَوْنَهَا ۖ فَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَنَاجَيْتُمْ

جَهَنَّمَ	يَصْلَوْنَهَا	فَبِئْسَ	الْمَصِيرُ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	إِذَا	تَنَاجَيْتُمْ
جہنم	وہ ڈالے جائیں گے اس میں	سو برا	ٹھکانا	اے	ایمان والو	جب	تم باہم سرگوشی کرو

جہنم وہ اس میں ڈالے جائیں گے، سو (یہ کیسا) برا ٹھکانا ہے! اے ایمان والو! جب تم باہم سرگوشی کرو

فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۭ وَ

فَلَا تَتَنَاجَوْا	بِالْاِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ	وَمَعْصِيَتِ	الرَّسُوْلِ	وَتَنَاجَوْا	بِالْبِرِّ	وَالتَّقْوٰى	وَ
تو سرگوشی نہ کرو	گناہ کی	اور سرکشی	اور نافرمانی	رسولؐ	اور سرگوشی کرو	نیکی میں	اور پرہیزگاری	اور

تو گناہ اور سرکشی کی اور رسولؐ کی نافرمانی کے (بارے میں) سرگوشی نہ کرو، اور (بلکہ) نیکی اور پرہیزگاری کی سرگوشی کرو، اور

اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۹ اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ

اتَّقُوا اللّٰهَ	الَّذِيْٓ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	اِنَّمَا	النَّجْوٰى	مِنَ الشَّيْطٰنِ	لِيَحْزُنَ	الَّذِيْنَ
اللہ سے ڈرو	وہ جو	اسکی طرف۔ پاس	تم جمع کئے جاؤ گے	اسکے سوا نہیں	سرگوشی	شیطان سے	تاکہ وہ غمگین کرے	ان لوگوں کو جو

اللہ سے ڈرو جس کے پاس تم جمع کئے جاؤ گے۔ اس کے سوا نہیں کہ سرگوشی شیطان (کی طرف) سے ہے، تاکہ وہ ان لوگوں کو غمگین کر دے

اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَاۗرِّهِمْ شَيْـــًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰

اٰمَنُوْا	وَلَيْسَ	بِضَاۗرِّهِمْ	شَيْـــًٔا	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ
ایمان لائے	اور نہیں	وہ ان کا بگاڑ سکتا	کچھ	بغیر	اللہ کے حکم کے	اور	اللہ پر	تو بھروسہ کرنا چاہیئے	مومن (جمع)

جو ایمان لائے، اور وہ اللہ کے حکم کے بغیر ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا، اور مومنوں کو اللہ پر (ہی) بھروسہ کرنا چاہیئے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اِذَا قِيْلَ	لَكُمْ	تَفَسَّحُوْا	فِي الْمَجٰلِسِ	فَافْسَحُوْا	يَفْسَحِ اللّٰهُ	لَكُمْ	وَ
اے	مومنو!	جب کہا جائے	تمہیں	تم کھل کر بیٹھو	مجلسوں میں	تو تم کھل کر بیٹھ جایا کرو	کشادگی بخشے گا اللہ	تمہیں	اور

اے مومنو! جب تمہیں کہا جائے کہ تم مجلسوں میں کھل کر بیٹھو، تو تم کھل کر بیٹھ جایا کرو، اللہ تمہیں کشادگی بخشے گا، اور

اِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

اِذَا قِيْلَ	انْشُزُوْا	فَانْشُزُوْا	يَرْفَعِ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَالَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ
جب کہا جائے	تم اٹھ کھڑے ہو	تو اٹھ جایا کرو	بلند کردے گا اللہ	جو لوگ ایمان لائے	تم میں سے	اور جن لوگوں کو	علم عطا کیا گیا

جب کہا جائے کہ تم اٹھ کھڑے ہو، تو اٹھ جایا کرو، تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اللہ (انکے درجے) بلند کردیگا، اور جن لوگوں کو علم عطا کیا گیا

دَرَجٰتٍ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۱۱ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ

دَرَجٰتٍ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِذَا	نَاجَيْتُمُ	الرَّسُوْلَ
درجے	اور اللہ	اس سے جو کچھ	تم کرتے ہو	باخبر	اے	مومنو	جب	تم کان میں بات کرو	رسولؐ

(ان کے) درجے ہیں، اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ اے مومنو! جب تم رسولؐ سے کان میں بات کرو (سرگوشی کرو)

فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

فَقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيْ	نَجْوٰىكُمْ	صَدَقَةً	ذٰلِكَ	خَيْرٌ لَّكُمْ	وَاَطْهَرُ	فَاِنْ	لَّمْ تَجِدُوْا	فَاِنَّ اللّٰهَ
تو تم دے دو	پہلے	اپنی سرگوشی	کچھ صدقہ	یہ	بہتر تمہارے لئے	اور زیادہ پاکیزہ	پھر اگر	تم نہ پاؤ	تو بیشک اللہ

تو تم اپنی سرگوشی سے پہلے کچھ صدقہ دو، یہ تمہارے لئے بہتر اور زیادہ پاکیزہ ہے، پھر اگر تم (مقدور) نہ پاؤ تو بیشک اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا

غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	ءَاَشْفَقْتُمْ	اَنْ تُقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيْ	نَجْوٰىكُمْ	صَدَقٰتٍ	فَاِذْ	لَمْ تَفْعَلُوْا
بخشنے والا	رحم کرنے والا	کیا تم ڈر گئے	کہ تم دے دو	پہلے	اپنی سرگوشی	صدقات	سو جب	تم نہ کر سکے

بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ کیا تم اس سے ڈر گئے کہ اپنی سرگوشی سے پہلے صدقہ دو، سو جب تم نہ کر سکے،

وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ وَاللّٰهُ

وَتَابَ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمْ	فَاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتُوا الزَّكٰوةَ	وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَاللّٰهُ
اور درگزر فرمایا	اللہ	تم پر	تو قائم کرو تم	نماز	اور	ادا کرو زکوٰۃ	اور تم اطاعت کرو	اللہ	اور اس کا رسول	اور اللہ

اور اللہ نے تم پر درگزر فرمایا تو تم نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ ادا کرو، اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو، اور اللہ

خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ مِّنْكُمْ

خَبِيْرٌۢ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا	قَوْمًا	غَضِبَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مَا هُمْ	مِّنْكُمْ
باخبر	اس سے جو تم کرتے ہو	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف کو	جو لوگ دوستی کرتے ہیں	ان لوگوں سے	اللہ نے غضب کیا	ان پر	نہ وہ	تم میں سے

اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جو ان لوگوں سے دوستی کرتے ہیں جن پر اللہ نے غضب کیا، وہ نہ تم میں سے ہیں

وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ

وَلَا	مِنْهُمْ	وَيَحْلِفُوْنَ	عَلَى الْكَذِبِ	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	اَعَدَّ اللّٰهُ	لَهُمْ	عَذَابًا	شَدِيْدًا
اور نہ	ان میں سے	اور وہ قسم کھا جاتے ہیں	جھوٹ پر	حالانکہ وہ	جانتے ہیں	تیار کیا اللہ نے	انکے لئے	عذاب	سخت

اور نہ ان میں سے ہیں، اور وہ جھوٹ پر قسم کھا جاتے ہیں، حالانکہ وہ جانتے ہیں۔ اللہ نے ان کے لئے سخت عذاب تیار کیا ہے،

اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اِنَّهُمْ	سَآءَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اِتَّخَذُوْا	اَيْمَانَهُمْ	جُنَّةً	فَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ
بیشک وہ	برا	جو کچھ	وہ کرتے تھے	انہوں نے بنا لیا	اپنی قسمیں	ڈھال	پس انہوں نے روک دیا	سے	اللہ کا راستہ

بے شک وہ برے کام کرتے تھے۔ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا، پس انہوں نے (لوگوں کو) اللہ کے راستہ سے روکا

فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿١٦﴾ لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا

فَلَهُمْ	عَذَابٌ	مُّهِينٌ	لَن تُغْنِيَ	عَنْهُمْ	أَمْوَالُهُمْ	وَلَا	أَوْلَادُهُم	مِّنَ اللَّهِ	شَيْئًا
تو ان کے لئے	عذاب	ذلت کا	ہرگز نہ بچا سکیں گے	ان سے کو	ان کے مال	اور نہ	ان کی اولاد	اللہ سے	کچھ ذرا

تو ان کے لئے ذلت کا عذاب ہے۔ انہیں ان کے مال اور نہ ان کی اولاد اللہ سے ہرگز ذرا بھی نہ بچا سکیں گے۔

أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿١٧﴾ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعًا فَيَحْلِفُونَ لَهُ

أُولَٰئِكَ	أَصْحَابُ النَّارِ	هُمْ	فِيهَا	خَالِدُونَ	يَوْمَ	يَبْعَثُهُمُ	اللَّهُ	جَمِيعًا	فَيَحْلِفُونَ	لَهُ
یہی لوگ	دوزخ والے۔ جہنمی	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	جس دن	انہیں اٹھائے گا	اللہ	سب	تو وہ قسمیں کھائیں گے	اس کے لئے

یہی لوگ جہنمی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ جس دن اللہ ان سب کو (دوبارہ) اٹھائے گا تو اس کے لئے (اس کے حضور) قسمیں کھائیں گے

كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ عَلَىٰ شَيْءٍ ۚ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْكَاذِبُونَ ﴿١٨﴾ اسْتَحْوَذَ

كَمَا	يَحْلِفُونَ	لَكُمْ	وَيَحْسَبُونَ	أَنَّهُمْ	عَلَىٰ شَيْءٍ	أَلَا	إِنَّهُمْ	هُمُ	الْكَاذِبُونَ	اسْتَحْوَذَ
جیسے	وہ قسمیں کھاتے ہیں	تمہارے لئے سامنے	اور وہ گمان کرتے ہیں	کہ وہ	کسی شے پر	یاد رکھو	بیشک وہ	وہی	جھوٹے	غالب آگیا

جیسے وہ تمہارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں، اور وہ گمان کرتے ہیں کہ وہ کسی شے پر (بھلی راہ پر) ہیں یاد رکھو! بیشک وہی جھوٹے ہیں۔ غالب آگیا ہے

عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَأَنسَاهُمْ ذِكْرَ اللَّهِ ۚ أُولَٰئِكَ حِزْبُ الشَّيْطَانِ ۚ أَلَا إِنَّ حِزْبَ الشَّيْطَانِ

عَلَيْهِمُ	الشَّيْطَانُ	فَأَنسَاهُمْ	ذِكْرَ اللَّهِ	أُولَٰئِكَ	حِزْبُ الشَّيْطَانِ	أَلَا	إِنَّ	حِزْبَ الشَّيْطَانِ
ان پر	شیطان	تو اس نے انہیں بھلا دی	اللہ کی یاد	یہی لوگ	شیطان کا گروہ	یاد رکھو	بیشک	شیطان کا گروہ

ان پر شیطان، تو اس نے انہیں اللہ کی یاد بھلا دی، یہی لوگ شیطان کا گروہ ہیں، خوب یاد رکھو، بے شک شیطان کے گروہ

هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿١٩﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَٰئِكَ فِي الْأَذَلِّينَ ﴿٢٠﴾

هُمُ	الْخَاسِرُونَ	إِنَّ	الَّذِينَ	يُحَادُّونَ اللَّهَ	وَرَسُولَهُ	أُولَٰئِكَ	فِي الْأَذَلِّينَ
وہی	گھاٹا پانے والے	بیشک	جو لوگ	مخالفت کرتے ہیں اللہ کی	اور اس کے رسول	یہی لوگ	میں ذلیل ترین لوگ

ہی گھاٹا پانے والے ہیں۔ بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں، یہی لوگ ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں۔

كَتَبَ اللَّهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي ۚ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ ﴿٢١﴾ لَّا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ

كَتَبَ اللَّهُ	لَأَغْلِبَنَّ	أَنَا	وَرُسُلِي	إِنَّ اللَّهَ	قَوِيٌّ	عَزِيزٌ	لَّا تَجِدُ	قَوْمًا	يُؤْمِنُونَ
لکھ دیا (فیصلہ کر دیا) اللہ	میں ضرور غالب آؤں گا	میں	اور میرے رسول	بیشک اللہ	قوی	غالب	تم نہ پاؤ گے	وہ قوم (لوگ)	وہ ایمان رکھتے ہیں

اللہ نے فیصلہ کر دیا ہے کہ میں اور میرے رسول ضرور غالب آئیں گے، بیشک اللہ قوی (توانا) غالب ہے۔ تم نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو ایمان رکھتے ہیں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ

بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	يُوَآدُّوْنَ	مَنْ	حَآدَّ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَلَوْ	كَانُوْٓا	اٰبَآءَهُمْ	اَوْ
اللہ پر	اور آخرت کا دن	وہ دوستی رکھتے ہوں	جو جس	مخالفت کی اللہ کی	اور اس کے رسول کی	خواہ	وہ ہوں	انکے باپ دادا	یا

اللہ پر اور آخرت کے دن پر کہ وہ اس سے دوستی رکھتے ہوں، جس نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی، خواہ وہ ان کے باپ دادا ہوں یا

اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ

اَبْنَآءَهُمْ	اَوْ	اِخْوَانَهُمْ	اَوْ	عَشِيْرَتَهُمْ	اُولٰٓئِكَ	كَتَبَ	فِيْ قُلُوْبِهِمُ	الْاِيْمَانَ	وَاَيَّدَهُمْ
انکے بیٹے	یا	ان کے بھائی	یا	ان کا کنبہ	یہی لوگ	لکھ دیا ثبت کر دیا	ان کے دلوں میں	ایمان	اور ان کی مدد کی

ان کے بیٹے ہوں، یا ان کے بھائی ہوں، یا ان کے کنبے والے ہوں، یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان ثبت کر دیا ہے اور ان کی مدد کی ہے

بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ

بِرُوْحٍ	مِّنْهُ	وَيُدْخِلُهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	رَضِيَ
روح (غیبی فیض) سے	اپنے سے	اور وہ داخل کریگا انہیں	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	ان میں	راضی ہوا

اپنے غیبی فیض سے، اور وہ انہیں (ان) باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، راضی ہوا ع ۳

اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع ۹ ۳

اللّٰهُ	عَنْهُمْ	وَرَضُوْا	عَنْهُ	اُولٰٓئِكَ	حِزْبُ اللّٰهِ	اَلَآ اِنَّ	حِزْبَ اللّٰهِ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ
اللہ	ان سے	اور وہ راضی	اُس سے	یہی لوگ	اللہ کا گروہ	خوب یاد رکھو بیشک	اللہ کا گروہ	وہی	کامیاب ہونیوالے

اُن سے اللہ، اور وہ اس سے راضی، یہی لوگ ہیں اللہ کا گروہ، خوب یاد رکھو! اللہ کا گروہ ہی (دو جہان میں) کامیاب ہونے والے ہیں۔

آیاتها ۲۴ | ۵۹ = سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ = ۱۰۱ | رکوعاتها ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ

سَبَّحَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	هُوَ الَّذِيْٓ	اَخْرَجَ
پاکیزگی بیان کرتا ہے	اللہ کی	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور وہ	غالب	حکمت والا	وہی ہے جس نے	نکالا

اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے جو بھی آسمانوں میں اور جو بھی زمین میں ہے، اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔ وہی ہے جس نے نکالا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	مِنْ	دِيَارِهِمْ	لِاَوَّلِ الْحَشْرِ	مَا ظَنَنْتُمْ	اَنْ يَّخْرُجُوْا
جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	سے۔ کے	اہلِ کتاب	سے	ان کے گھروں	پہلے اجتماع (لشکر) پر	تمہیں گمان نہ تھا	کہ وہ نکلیں گے

اہلِ کتاب کے کافروں کو ان کے گھروں سے (ان کے) پہلے ہی اجتماعِ لشکر پر، تمہیں گمان (بھی) نہ تھا کہ وہ نکلیں گے

وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۗ

وَظَنُّوْا	اَنَّهُمْ	مَّانِعَتُهُمْ	حُصُوْنُهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	فَاَتٰىهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا
اور وہ خیال کرتے تھے	کہ وہ	انہیں بچالیں	ان کے قلعے	اللہ سے	تو ان پر آیا	اللہ	جہاں سے انہیں گمان نہ تھا

اور وہ خیال کرتے تھے کہ ان کے قلعے انہیں اللہ سے بچالیں گے، تو ان پر اللہ کا غضب ایسی جگہ سے آیا، جس کا انہیں گمان (بھی) نہ تھا

وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ

وَقَذَفَ	فِيْ قُلُوْبِهِمُ	الرُّعْبَ	يُخْرِبُوْنَ	بُيُوْتَهُمْ	بِاَيْدِيْهِمْ	وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ
اور اس نے ڈالا	ان کے دلوں میں	رُعب	وہ برباد کرنے لگے	اپنے گھر	اپنے ہاتھوں سے	اور ہاتھوں مومنوں

اور اللہ نے ان کے دلوں میں رعب ڈالا، اور وہ اپنے ہاتھوں سے اور مومنوں کے ہاتھوں سے اپنے گھر برباد کرنے لگے،

فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ۝۲ وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ؕ

فَاعْتَبِرُوْا	يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ	وَلَوْلَا	اَنْ	كَتَبَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمُ	الْجَلَآءَ	لَعَذَّبَهُمْ	فِي الدُّنْيَا
تو تم عبرت پکڑو	اے آنکھوں والو	اور اگر نہ	یہ کہ	اللہ نے لکھ رکھا ہوتا	ان پر	جلاوطن ہونا	تو وہ انہیں عذاب دیتا	دنیا میں

تو اے (بصیرت کی) آنکھوں والو عبرت پکڑو۔ اور اگر یہ نہ ہوتا کہ اللہ نے ان پر جلاوطن ہونا لکھ رکھا ہوتا، تو وہ انہیں دنیا میں عذاب دیتا

وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ۝۳ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ

وَلَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	عَذَابُ النَّارِ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	شَآقُّوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَمَنْ	يُّشَآقِّ اللّٰهَ
اور ان کے لئے	آخرت میں	جہنم کا عذاب	یہ	اس لئے کہ وہ	انہوں نے مخالفت کی	اللہ	اور اس کا رسول	اور جو	مخالفت کرے اللہ کی

اور ان کے لئے آخرت میں جہنم کا عذاب ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی، اور جو اللہ کی مخالفت کرے

فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۴ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا

فَاِنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	مَا قَطَعْتُمْ	مِّنْ	لِّيْنَةٍ	اَوْ	تَرَكْتُمُوْهَا	قَآئِمَةً	عَلٰٓى اُصُوْلِهَا
تو بیشک اللہ	سخت	سزا دینے والا	جو تم نے کاٹ ڈالے	سے	درخت کے تنے	یا	تم نے اسکو چھوڑ دیا	کھڑا	اس کی جڑوں پر

تو بیشک اللہ (اس کو) سخت سزا دینے والا ہے۔ جو تم نے درختوں کے تنے کاٹ ڈالے، یا انہیں ان کی جڑوں پر کھڑا چھوڑ دیا،

فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ۝٥ وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ

فَبِاِذْنِ اللّٰهِ	وَلِيُخْزِيَ	الْفٰسِقِيْنَ	وَمَا	اَفَآءَ اللّٰهُ	عَلٰى رَسُوْلِهٖ	مِنْهُمْ	فَمَآ
تو اللہ کے حکم سے	اور تاکہ وہ رسوا کرے	نافرمانوں	اور جو	دلوایا اللہ نے	اپنے رسولؐ کو	ان سے	تو نہ

تو (یہ) اللہ کے حکم سے تھا، اور تاکہ وہ نافرمانوں کو رسوا کردے۔ اور اللہ نے اپنے رسولؐ کو ان (بنو نضیر) سے جو (مال) دلوایا تو نہ

اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ

اَوْجَفْتُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ خَيْلٍ	وَّلَا	رِكَابٍ	وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ	يُسَلِّطُ	رُسُلَهٗ	عَلٰى	مَنْ يَّشَآءُ
تم نے دوڑائے تھے	ان پر	گھوڑے	اور نہ	اونٹ	اور لیکن (بلکہ) اللہ	مسلط فرماتا ہے	اپنے رسولوں	پر	جس پر وہ چاہتا ہے

تم نے ان پر گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ، بلکہ اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے مسلّط فرما دیتا ہے،

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٦ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ

وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	مَآ اَفَآءَ	اللّٰهُ	عَلٰى رَسُوْلِهٖ	مِنْ	اَهْلِ الْقُرٰى	فَلِلّٰهِ
اور اللہ	پر	ہر شے	قدرت رکھتا ہے	جو دلوادے	اللہ	اپنے رسولؐ کو	سے	بستیوں والے	تو اللہ کے لئے

اور اللہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔ اللہ نے بستیوں والوں سے جو (مال) اپنے رسولؐ کو دلوائے تو وہ اللہ کے لئے ہے

وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ

وَلِلرَّسُوْلِ	وَلِذِي الْقُرْبٰى	وَالْيَتٰمٰى	وَالْمَسٰكِيْنِ	وَابْنِ السَّبِيْلِ	كَيْ	لَا يَكُوْنَ
اور رسولؐ کے لئے	اور قرابت داروں کے لئے	اور یتیموں	اور مسکینوں	اور مسافروں	تاکہ	نہ رہے

اور رسولؐ کے لئے اور (رسولؐ کے) قرابت داروں کے لئے، اور یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لئے تاکہ (دولت) نہ رہے

دُوْلَةً بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ؕ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ

دُوْلَةً	بَيْنَ	الْاَغْنِيَآءِ	مِنْكُمْ	وَمَآ	اٰتٰىكُمُ	الرَّسُوْلُ	فَخُذُوْهُ	وَمَا	نَهٰىكُمْ	عَنْهُ
ہاتھوں ہاتھ لینا (گردش)	درمیان	مال داروں	تم میں سے تمہارے	اور جو	تمہیں عطا فرمائے	رسولؐ	تو وہ لے لو	اور جس	تمہیں منع کرے	اس سے

تمہارے مال داروں کے ہاتھوں کے درمیان (ہی) گردش کرتی، اور تمہیں رسولؐ جو عطا فرمائیں وہ لے لو اور وہ تمہیں جس سے منع کریں اس سے

وقف لازم

فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝٧ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا

فَانْتَهُوْا	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ الْعِقَابِ	لِلْفُقَرَآءِ	الْمُهٰجِرِيْنَ	الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا
تو تم باز رہو	اور تم ڈرو	اللہ	بیشک اللہ	سخت سزا دینے والا	محتاجوں کے لئے	مہاجروں	وہ جو نکالے گئے

تم باز رہو، اور تم اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔ محتاج مہاجروں کے لئے (خاص طور پر) جو نکالے گئے

مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ

مِنْ دِيَارِهِمْ	وَاَمْوَالِهِمْ	يَبْتَغُوْنَ	فَضْلًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَرِضْوَانًا	وَيَنْصُرُوْنَ	اللّٰهَ
اپنے گھروں سے	اور اپنے مالوں	وہ چاہتے ہیں	فضل	اللہ کا	سے اور رضا	اور وہ مدد کرتے ہیں	اللہ

اپنے گھروں سے اور اپنے مالوں سے (محروم کئے گئے) وہ اللہ کا فضل اور (اس کی) رضا چاہتے ہیں اور وہ مدد کرتے ہیں اللہ

وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۚ﴿۸﴾ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُو الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ

وَرَسُوْلَهٗ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الصّٰدِقُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	تَبَوَّءُو	الدَّارَ	وَالْاِيْمَانَ	مِنْ قَبْلِهِمْ
اور اس کا رسول	اور یہی لوگ	وہ	سچے	اور جو لوگ	مقیم رہے	اس گھر	اور ایمان	ان سے قبل

اور اس کے رسول کی، یہی لوگ سچے ہیں۔ اور جو لوگ (انصار) اس گھر (دار الہجرت مدینہ میں) ان سے قبل مقیم رہے اور ایمان (میں پختہ) رہے

يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ

يُحِبُّوْنَ	مَنْ	هَاجَرَ	اِلَيْهِمْ	وَلَا يَجِدُوْنَ	فِيْ	صُدُوْرِهِمْ	حَاجَةً	مِّمَّا	اُوْتُوْا	وَيُؤْثِرُوْنَ
وہ محبت کرتے ہیں	جس	ہجرت کی	انکی طرف	اور وہ نہیں پاتے	میں	اپنے سینوں (دلوں)	کوئی حاجت	اس کی	دیا گیا انہیں	اور وہ اختیار کرتے ہیں

(اور وہ (ان سے) محبت کرتے ہیں جنہوں نے انکی طرف ہجرت کی، اور جو انہیں (مہاجرین کو) دیا گیا اسکی اپنے دلوں میں کوئی حاجت نہیں پاتے۔ اور وہ اختیار کرتے ہیں

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ؕ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

عَلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	وَلَوْ كَانَ	بِهِمْ	خَصَاصَةٌ	وَمَنْ	يُّوْقَ	شُحَّ	نَفْسِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ
پر	اپنی جانوں	اور خواہ ہو	انہیں	تنگی	اور جو جس	بچایا	بخل	اپنی ذات	تو یہی لوگ	وہ

(وہ انہیں ترجیح دیتے ہیں) اپنی جانوں پر خواہ (خود) انہیں تنگی (ضرورت) ہو، اور جس نے اپنی ذات کو بخل سے بچایا تو یہی لوگ

الْمُفْلِحُوْنَ ۚ﴿۹﴾ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا

الْمُفْلِحُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	جَآءُوْ	مِنْ بَعْدِهِمْ	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَا	اغْفِرْ لَنَا	وَلِاِخْوَانِنَا
فلاح پانے والے	اور جو لوگ	وہ آئے	ان کے بعد	وہ کہتے ہیں	اے ہمارے رب	ہمیں بخشدے	اور ہمارے بھائیوں کو

فلاح پانے والے ہیں۔ اور جو لوگ ان کے بعد آئے، وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے بھائیوں کو بخشش دے

الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ

الَّذِيْنَ	سَبَقُوْنَا	بِالْاِيْمَانِ	وَلَا تَجْعَلْ	فِيْ قُلُوْبِنَا	غِلًّا	لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	رَبَّنَآ	اِنَّكَ
وہ جنہوں نے	ہم سے سبقت کی	ایمان میں	اور نہ ہونے دے	ہمارے دلوں میں	کوئی کینہ	ان لوگوں کے لئے جو	وہ ایمان لائے	اے ہمارے رب	بیشک تو

وہ جنہوں نے ایمان میں ہم سے سبقت کی، اور جو ایمان لائے ہمارے دلوں میں ان لوگوں کے لئے کوئی کینہ نہ ہونے دے، اے ہمارے رب! بیشک تو

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

رَءُوْفٌ	رَحِيْمٌ	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ نَافَقُوْا	يَقُوْلُوْنَ	لِاِخْوَانِهِمُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
شفقت کرنیوالا	رحم کرنیوالا	کیا آپ نے نہیں دیکھا	طرف۔کو	وہ لوگ جنہوں نے نفاق کیا، منافق	وہ کہتے ہیں	اپنے بھائیوں کو	جن لوگوں نے کفر کیا۔کافر

شفقت کرنے والا، رحم کرنے والا ہے کیا آپؐ نے منافقوں کو نہیں دیکھا؟ وہ اپنے بھائیوں کو کہتے ہیں جو کافر ہوئے،

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ

مِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	لَئِنْ	اُخْرِجْتُمْ	لَنَخْرُجَنَّ	مَعَكُمْ	وَلَا نُطِيْعُ	فِيْكُمْ	اَحَدًا	اَبَدًا
سے	اہلِ کتاب	البتہ اگر	تم نکالے گئے	تو ہم ضرور نکل جائیں گے	تمہارے ساتھ	اور نہ مانیں گے ہم	تمہارے بارے میں	کسی کا	کبھی

اہلِ کتاب میں سے، البتہ اگر تم نکالے (جلاوطن کئے) گئے تو ہم ضرور تمہارے ساتھ نکل جائیں گے اور تمہارے بارے میں کبھی ہم کسی کا حکم نہ مانیں گے،

وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۱﴾ لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ

وَاِنْ	قُوْتِلْتُمْ	لَنَنْصُرَنَّكُمْ	وَاللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	لَئِنْ	اُخْرِجُوْا	لَا يَخْرُجُوْنَ
اور اگر	تم سے لڑائی ہوئی	تو ہم ضرور تمہاری مدد کریں گے	اور اللہ	گواہی دیتا ہے	بیشک وہ	البتہ جھوٹے ہیں	اگر	وہ جلاوطن کئے گئے	وہ نہ نکلیں گے

اور اگر تم سے لڑائی ہوئی تو ہم ضرور تمہاری مدد کریں گے اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بیشک وہ جھوٹے ہیں۔ اور اگر وہ جلاوطن کئے گئے تو یہ نہ نکلیں گے

مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ

مَعَهُمْ	وَلَئِنْ	قُوْتِلُوْا	لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ	وَلَئِنْ	نَّصَرُوْهُمْ	لَيُوَلُّنَّ	الْاَدْبَارَ	ثُمَّ
ان کے ساتھ	اور اگر	ان سے لڑائی ہوئی	وہ ان کی مدد نہ کریں گے	اور اگر	وہ اُنکی مدد کریں گے	تو وہ یقیناً پھیر دیں گے	پیٹھ (جمع)	پھر

ان کے ساتھ، اور اگر اُن سے لڑائی ہوئی تو یہ ان کی مدد نہ کریں گے، اور اگر مدد کریں گے (بھی) تو وہ یقیناً پیٹھ پھیر دیں گے (بھاگ جائیں گے) پھر

لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

لَا يُنْصَرُوْنَ	لَاَنْتُمْ	اَشَدُّ	رَهْبَةً	فِيْ صُدُوْرِهِمْ	مِّنَ اللّٰهِ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ
وہ مدد نہ کئے جائیں گے	یقیناً تم تمہارا	بہت زیادہ	ڈر	ان کے سینوں (دلوں) میں	اللہ سے	یہ	اس لئے کہ وہ

(کہیں بھی) وہ مدد نہ کئے جائیں گے۔ یقیناً ان کے دلوں میں تمہارا ڈر اللہ سے بہت زیادہ ہے، یہ اس لئے ہے کہ وہ

قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۳﴾ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ؕ

قَوْمٌ	لَا يَفْقَهُوْنَ	لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ	جَمِيْعًا	اِلَّا	فِيْ قُرًى	مُّحَصَّنَةٍ	اَوْ	مِنْ وَّرَآءِ	جُدُرٍ
ایسے لوگ	کہ وہ سمجھتے نہیں	وہ تم سے نہ لڑیں گے	اکٹھے سب مل کر	مگر	بستیوں میں	قلعہ بند	یا	پیچھے سے	دیواریں

ایسے لوگ ہیں جو سمجھتے نہیں۔ وہ سب مل کر بھی تم سے نہ لڑیں گے، مگر بستیوں میں قلعہ بند ہو کر یا دیواروں (فصیل) کے پیچھے سے

بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ ۚ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَّقُلُوبُهُمْ شَتّٰى ۚ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

بَأْسُهُمْ	بَيْنَهُمْ	شَدِيدٌ	تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا	وَقُلُوبُهُمْ	شَتّٰى	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ
ان کی لڑائی	انکے آپس میں	بہت سخت	تم گمان کرتے ہو انہیں اکٹھے	حالانکہ ان کے دل	الگ الگ	یہ	اس لئے کہ وہ	ایسے لوگ

آپس میں ان کی لڑائی بہت سخت ہے، تم انہیں اکٹھے گمان کرتے ہو، حالانکہ ان کے دل الگ الگ ہیں، یہ اس لئے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں

لَا يَعْقِلُونَ ﴿۱۴﴾ كَمَثَلِ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيبًا ذَاقُوا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ

لَا يَعْقِلُونَ	كَمَثَلِ	الَّذِينَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	قَرِيبًا	ذَاقُوا	وَبَالَ	اَمْرِهِمْ	وَلَهُمْ
وہ عقل نہیں رکھتے	حال جیسا	جو لوگ	ان سے قبل	قریبی زمانہ	انہوں نے چکھ لیا	وبال	اپنے کام	اور ان کے لئے

جو عقل نہیں رکھتے - ان کا حال ان لوگوں جیسا ہے جو قریبی زمانے میں ان سے قبل ہوئے ہیں، انہوں نے اپنے کام کا وبال چکھ لیا اور ان کے لئے

عَذَابٌ اَلِيمٌ ۚ ﴿۱۵﴾ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّي

عَذَابٌ	اَلِيمٌ	كَمَثَلِ	الشَّيْطٰنِ	اِذْ	قَالَ	لِلْاِنْسَانِ	اكْفُرْ	فَلَمَّا كَفَرَ	قَالَ	اِنِّي
عذاب	دردناک	حال جیسا	شیطان	جب	اس نے کہا	انسان سے	تو کفر اختیار کر	تو جب اس نے کفر کیا	اس نے کہا	بیشک میں

دردناک عذاب ہے - شیطان کے حال جیسا، جب اس نے انسان سے کہا تو کفر اختیار کر، پھر جب اس نے کفر کیا تو اس نے کہا بیشک میں

بَرِيٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِينَ ﴿۱۶﴾ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ

بَرِيٓءٌ	مِّنْكَ	اِنِّيٓ اَخَافُ	اللّٰهَ	رَبَّ	الْعٰلَمِينَ	فَكَانَ	عَاقِبَتَهُمَا	اَنَّهُمَا	فِي النَّارِ
لاتعلق	تجھ سے	تحقیق میں ڈرتا ہوں	اللہ	رب	تمام جہانوں	پس ہوا	ان دونوں کا انجام	بیشک وہ دونوں	آگ میں

تجھ سے لاتعلق ہوں، تحقیق میں تمام جہانوں کے رب اللہ سے ڈرتا ہوں - پس دونوں کا انجام (یہ ہے) کہ وہ دونوں آگ میں ہوں گے،

۳ ع ۵

خَالِدَيْنِ فِيهَا ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِينَ ﴿۱۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ

خَالِدَيْنِ	فِيهَا	وَذٰلِكَ	جَزٰٓؤُا	الظّٰلِمِينَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِينَ اٰمَنُوا	اتَّقُوا اللّٰهَ	وَلْتَنْظُرْ
وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور یہ	جزا-سزا	ظالموں	اے	ایمان والو	تم اللہ سے ڈرو	اور چاہیئے کہ دیکھے

وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے، اور یہ سزا ہے ظالموں کی - اے ایمان والو! تم اللہ سے ڈرو اور چاہیئے کہ دیکھے (سوچے)

نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿۱۸﴾ وَلَا تَكُونُوا

نَفْسٌ	مَّا قَدَّمَتْ	لِغَدٍ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	خَبِيرٌ	بِمَا تَعْمَلُونَ	وَلَا تَكُونُوا
ہر شخص	کیا اس نے آگے بھیجا	کل کے لئے	اور تم ڈرو	اللہ	بیشک اللہ	باخبر	اس سے جو تم کرتے ہو	اور نہ ہو جاؤ تم

ہر شخص کہ اس نے کل کے لئے کیا آگے بھیجا ہے! اور تم اللہ سے ڈرو، بیشک جو تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے - اور تم نہ ہو جاؤ

كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾ لَا يَسْتَوِيْٓ

كَالَّذِيْنَ	نَسُوا اللّٰهَ	فَاَنْسٰىهُمْ	اَنْفُسَهُمْ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	لَا يَسْتَوِيْٓ
ان لوگوں کی طرح	جنہوں نے اللہ کو بھلا دیا	تو اللہ نے بھلا دیا انہیں	خود انہیں	یہی لوگ	وہ	نافرمان (جمع)	برابر نہیں

ان لوگوں کی طرح جنہوں نے اللہ کو بھلا دیا، تو اللہ نے (ایسا کر دیا کہ) انہوں نے خود اپنے آپ کو بھلا دیا، یہی نافرمان لوگ ہیں - برابر نہیں

اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا

اَصْحٰبُ النَّارِ	وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	هُمُ	الْفَآئِزُوْنَ	لَوْ اَنْزَلْنَا	هٰذَا
دوزخ والے	اور جنت والے	جنت والے	وہی ہیں	مراد کو پہنچنے والے	اگر ہم نازل کرتے	یہ

دوزخ والے اور جنت والے، جنت والے ہی مراد کو پہنچنے والے ہیں - اگر ہم نازل کرتے یہ

الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ

الْقُرْاٰنَ	عَلٰى جَبَلٍ	لَّرَاَيْتَهٗ	خَاشِعًا	مُّتَصَدِّعًا	مِّنْ	خَشْيَةِ اللّٰهِ	وَتِلْكَ	الْاَمْثَالُ
قرآن	پہاڑ پر	تو تم دیکھتے اس کو	دبا ہوا	ٹکڑے ٹکڑے ہوا	سے	اللہ کا خوف	اور یہ	مثالیں

قرآن کسی پہاڑ پر تو تم اس کو اللہ کے خوف سے دبا (جھکا) ہوا ٹکڑے ٹکڑے دیکھتے، اور یہ مثالیں

نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ

نَضْرِبُهَا	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَفَكَّرُوْنَ	هُوَ اللّٰهُ	الَّذِيْ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	عٰلِمُ الْغَيْبِ
ہم وہ بیان کرتے ہیں	لوگوں کے لئے	تاکہ وہ	غور و فکر کریں	وہ اللہ	وہ جس	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	جاننے والا پوشیدہ کا

ہم لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور و فکر کریں - وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، جاننے والا پوشیدہ کا

وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ

وَالشَّهَادَةِ	هُوَ الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ	هُوَ اللّٰهُ	الَّذِيْ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	اَلْمَلِكُ
اور آشکارا کا	وہ بڑا مہربان	رحم کرنے والا	وہ اللہ	وہ جس	نہیں کوئی معبود	اس کے سوا	بادشاہ

اور آشکارا کا، وہ بڑا مہربان، رحم کرنے والا ہے - وہ اللہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہ حقیقی) بادشاہ ہے،

الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

الْقُدُّوْسُ	السَّلٰمُ	الْمُؤْمِنُ	الْمُهَيْمِنُ	الْعَزِيْزُ	الْجَبَّارُ	الْمُتَكَبِّرُ	سُبْحٰنَ	اللّٰهِ
نہایت پاک	سلامتی والا	امن دینے والا	نگہبان	غالب	جبّار	بڑائی والا	پاک	اللہ

(ہر عیب سے) نہایت پاک ہے - سلامتی والا، امن دینے والا، نگہبان، غالب، زبردست، بڑائی والا، اللہ پاک ہے،

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ

عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	هُوَ اللّٰهُ	الْخَالِقُ	الْبَارِئُ	الْمُصَوِّرُ	لَهُ	الْاَسْمَآءُ	الْحُسْنٰى	يُسَبِّحُ	لَهٗ
اس سے جو	وہ شریک کرتے ہیں	وہ اللہ	خالق	ایجاد کرنیوالا	صورتیں بنانیوالا	اسکے لئے	نام (جمع)	اچھے	پاکیزگی بیان کرتا ہے	اسکی

اس سے جو وہ شریک کرتے ہیں۔ وہ اللہ ہے خالق، ایجاد کرنے والا، صورتیں بنانیوالا، اسی کے ہیں (سب) اچھے نام، اس کی پاکیزگی بیان کرتا ہے

۳ ع ۶

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾

مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ
جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور وہ	غالب	حکمت والا

جو آسمانوں اور زمین میں ہے، اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

اٰيَاتُهَا ۱۳ | سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ = ۹۱ | فِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوْا	عَدُوِّيْ	وَعَدُوَّكُمْ	اَوْلِيَآءَ	تُلْقُوْنَ	اِلَيْهِمْ	بِالْمَوَدَّةِ
اے	ایمان والو	تم نہ بناؤ	میرا دشمن	اور اپنے دشمن	دوست	تم پیغام بھیجتے ہو	ان کی طرف	دوستی سے۔ کا

اے ایمان والو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ، تم ان کی طرف دوستی کا پیغام بھیجتے ہو،

وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

وَقَدْ كَفَرُوْا	بِمَا جَآءَكُمْ	مِّنَ الْحَقِّ	يُخْرِجُوْنَ	الرَّسُوْلَ	وَاِيَّاكُمْ	اَنْ	تُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ
اور وہ منکر ہو چکے ہیں	اس کے جو تمہارے پاس آیا	حق سے	وہ نکالتے (جلاوطن کرتے) ہیں	رسول	اور تمہیں بھی	کہ	تم ایمان لاتے ہو	اللہ پر

اور تمہارے پاس جو حق آیا ہے وہ اس کے منکر ہو چکے ہیں، وہ رسول کو اور تمہیں بھی جلاوطن کرتے ہیں (محض اس لئے) کہ تم اللہ پر ایمان لاتے ہو،

رَبِّكُمْ ؕ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ ۚ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ

رَبِّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ	جِهَادًا	فِيْ سَبِيْلِيْ	وَابْتِغَآءَ	مَرْضَاتِيْ	تُسِرُّوْنَ	اِلَيْهِمْ
تمہارا رب	اگر	تم نکلتے ہو	جہاد کے لئے	میرے راستے میں	اور چاہنے کے لئے	میری رضا	تم چھپا کر (بھیجتے ہو)	ان کی طرف

(جو) تمہارا رب ہے، اگر تم نکلتے ہو میرے راستے میں جہاد کے لئے، اور میری رضا چاہنے کے لئے، تم ان کی طرف چھپا کر بھیجتے ہو،

بِالْمَوَدَّةِ ۖ وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنْتُمْ ۗ وَمَنْ يَفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ

بِالْمَوَدَّةِ	وَأَنَا	أَعْلَمُ	بِمَا	أَخْفَيْتُمْ	وَمَا	أَعْلَنْتُمْ	وَمَنْ	يَفْعَلْهُ	مِنْكُمْ	فَقَدْ
دوستی (کا پیغام)	اور میں	خوب جانتا ہوں	وہ جو	تم چھپاتے ہو	اور جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور جو	یہ کرے گا	تم میں سے	تو تحقیق

دوستی (کا پیغام) اور میں خوب جانتا ہوں وہ جو تم چھپاتے ہو، اور جو تم ظاہر کرتے ہو، اور تم میں سے جو کوئی یہ کرے گا تو (جان لو) کہ تحقیق

ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ﴿١﴾ إِنْ يَثْقَفُوكُمْ يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَاءً وَيَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ

ضَلَّ	سَوَاءَ	السَّبِيلِ	إِنْ	يَثْقَفُوكُمْ	يَكُونُوا	لَكُمْ	أَعْدَاءً	وَيَبْسُطُوا	إِلَيْكُمْ
وہ بھٹک گیا	سیدھا	راستہ	اگر	وہ تمہیں پائیں	وہ ہو جائیں	تمہارے	دشمن	اور وہ کھولیں	تم پر

وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔ اگر وہ تمہیں پائیں (تم پر دسترس پالیں) تو وہ تمہارے دشمن ہو جائیں اور تم پر کھولیں

أَيْدِيَهُمْ وَأَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوءِ وَوَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ ﴿٢﴾ لَنْ تَنْفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ وَ

أَيْدِيَهُمْ	وَأَلْسِنَتَهُمْ	بِالسُّوءِ	وَوَدُّوا	لَوْ تَكْفُرُونَ	لَنْ تَنْفَعَكُمْ	أَرْحَامُكُمْ	وَ
اپنے ہاتھ	اور اپنی زبانیں	برائی کے ساتھ	اور وہ چاہتے ہیں	کاش تم کافر ہو جاؤ	تمہیں ہرگز نفع نہ دیں گے	تمہارے رشتے	اور

برائی کے ساتھ اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں (دست درازی اور زبان درازی کریں) اور وہ چاہتے ہیں کہ کاش تم کافر ہو جاؤ۔ تمہیں ہرگز نفع نہ دیں گے تمہارے رشتے اور

لَا أَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٣﴾ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ

لَا	أَوْلَادُكُمْ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	يَفْصِلُ	بَيْنَكُمْ	وَاللَّهُ	بِمَا تَعْمَلُونَ	بَصِيرٌ	قَدْ كَانَتْ	لَكُمْ
نہ	تمہاری اولاد	قیامت کے دن	وہ (اللہ) فیصلہ کر دے گا	تمہارے درمیان	اور اللہ	جو تم کرتے ہو	دیکھتا ہے	بیشک ہے	تمہارے لئے

نہ تمہاری اولاد قیامت کے دن، اللہ تمہارے درمیان فیصلہ کر دے گا، اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ دیکھتا ہے۔ بے شک تمہارے لئے ہے

أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُ ۚ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَآءُ مِنْكُمْ وَ

أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ	فِي	إِبْرَاهِيمَ	وَالَّذِينَ	مَعَهُ	إِذْ قَالُوا	لِقَوْمِهِمْ	إِنَّا بُرَآءُ	مِنْكُمْ	وَ
چال (نمونہ) بہترین	میں	ابراہیمؑ	اور جو	اس کے ساتھ	جب انہوں نے کہا	اپنی قوم کو	بیشک ہم لاتعلق	تم سے	اور

بہترین نمونہ ابراہیمؑ اور ان لوگوں میں ہے جو ان کے ساتھ تھے، جب انہوں نے اپنی قوم کو کہا بیشک ہم تم سے بیزار ہیں، اور

مِمَّا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَ

مِمَّا	تَعْبُدُونَ	مِنْ دُونِ اللَّهِ	كَفَرْنَا	بِكُمْ	وَبَدَا	بَيْنَنَا	وَ	بَيْنَكُمُ	الْعَدَاوَةُ	وَ
ان سے جن کی	تم بندگی کرتے ہو	اللہ کے سوا	ہم منکر ہیں	تمہارے	اور ظاہر ہو گئی	ہمارے درمیان	اور	تمہارے درمیان	عداوت	اور

ان سے جن کی تم اللہ کے سوا بندگی کرتے ہو، ہم تمہارے منکر ہیں، اور ظاہر ہو گئی ہمارے اور تمہارے درمیان عداوت اور

الْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ

الْبَغْضَآءُ	اَبَدًا	حَتّٰى	تُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَحْدَهٗ	اِلَّا قَوْلَ	اِبْرٰهِيْمَ	لِاَبِيْهِ	لَاَسْتَغْفِرَنَّ
بُغض (دشمنی)	ہمیشہ کے لئے	یہانتک کہ	تم ایمان لے آؤ	اللہ پر	واحد	مگر کہنا	ابراہیمؑ	اپنے باپ سے	البتہ میں ضرور مغفرت مانگوں گا

اور دشمنی ہمیشہ کے لئے، یہاں تک کہ تم اللہ واحد پر ایمان لے آؤ، مگر ابراہیمؑ کا اپنے باپ سے یہ کہنا کہ میں ضرور مغفرت مانگوں گا

لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ

لَكَ	وَمَآ	اَمْلِكُ	لَكَ	مِنَ اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	رَبَّنَا	عَلَيْكَ	تَوَكَّلْنَا	وَاِلَيْكَ	اَنَبْنَا	وَاِلَيْكَ
تمہارے لئے	اور نہیں	میں اختیار رکھتا	تمہارے لئے	اللہ سے آگے	کچھ بھی	اے ہمارے رب	تجھ پر	ہم نے بھروسہ کیا	اور تیری طرف	ہم نے رجوع کیا	اور تیری طرف

تمہارے لئے، اور اللہ کے آگے میں تمہارے لئے کچھ بھی اختیار نہیں رکھتا، اے ہمارے رب! ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا، اور تیری طرف ہم نے رجوع کیا، اور تیری طرف

الْمَصِيْرُ ۝۴ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ

الْمَصِيْرُ	رَبَّنَا	لَا تَجْعَلْنَا	فِتْنَةً	لِّلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَاغْفِرْ	لَنَا	رَبَّنَا	اِنَّكَ	اَنْتَ
بازگشت	اے ہمارے رب	ہمیں نہ بنا	آزمائش (تختۂ مشق)	اُنکے لئے جنہوں نے	کفر کیا، کافر	اور بخش دے	ہمیں	اے ہمارے رب	بیشک تو	تو ہی

بازگشت ہے۔ اے ہمارے رب! ہمیں کافروں کا تختہ مشق نہ بنا، اور اے ہمارے رب! تو ہمیں بخش دے، بیشک تو ہی

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۵ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ

الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	لَقَدْ كَانَ	لَكُمْ	فِيْهِمْ	اُسْوَةٌ	حَسَنَةٌ	لِّمَنْ	كَانَ يَرْجُوا	اللّٰهَ
غالب	حکمت والا	تحقیق (یقیناً) ہے	تمہارے لئے	ان میں	چال (نمونہ)	بہترین	اس کے لئے جو	امید رکھتا ہے	اللہ

غالب حکمت والا ہے۔ یقیناً تمہارے لئے ان میں بہترین نمونہ ہے (یعنی) اس کے لئے جو امید رکھتا ہے اللہ (سے ملاقات) کی

ع ۱ ۶ ۷

وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۶ عَسَى اللّٰهُ اَنْ

وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّ	فَاِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ	عَسَى اللّٰهُ	اَنْ
اور آخرت کا دن	اور جو۔ جس	روگردانی کریگا	تو بیشک اللہ	وہ بے نیاز	ستودہ صفات	قریب ہے کہ اللہ	کہ

اور آخرت کے دن کی، اور جس نے روگردانی کی، تو بے شک اللہ بے نیاز ستودہ صفات ہے۔ قریب ہے کہ اللہ

يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ

يَجْعَلَ	بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَ	الَّذِيْنَ	عَادَيْتُمْ	مِّنْهُمْ	مَّوَدَّةً	وَاللّٰهُ	قَدِيْرٌ	وَاللّٰهُ
وہ کردے	تمہارے درمیان	اور درمیان	ان لوگوں کے	تم عداوت رکھتے ہو	ان سے	دوستی	اور اللہ	قدرت رکھنے والا	اور اللہ

تمہارے درمیان اور ان لوگوں کے درمیان دوستی کر دے جن سے تم عداوت رکھتے ہو، اور اللہ قدرت رکھنے والا ہے، اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٧ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ

غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	لَا يَنْهٰىكُمُ	اللّٰهُ	عَنِ	الَّذِيْنَ	لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ	فِي الدِّيْنِ	وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ
بخشنے والا	رحم کرنے والا	تحقیق منع نہیں کرتا	اللہ	سے	جو لوگ	تم سے نہیں لڑتے	دین میں	اور انہوں نے تمہیں نہیں نکالا

بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے - اللہ تمہیں منع نہیں کرتا کہ ان لوگوں سے جو تم سے دین (کے بارے میں) نہیں لڑے اور انہوں نے تمہیں نہیں نکالا

مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝٨

مِنْ	دِيَارِكُمْ	اَنْ تَبَرُّوْهُمْ	وَتُقْسِطُوْٓا	اِلَيْهِمْ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُقْسِطِيْنَ
سے	تمہارے گھر (جمع)	کہ تم دوستی کرو ان سے	اور تم انصاف کرو	ان سے	بیشک اللہ	محبوب رکھتا ہے	انصاف کرنے والے

تمہارے گھروں سے، کہ تم ان سے دوستی کرو، اور ان سے انصاف کرو، بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے۔

اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَ

اِنَّمَا	يَنْهٰىكُمُ	اللّٰهُ	عَنِ	الَّذِيْنَ	قٰتَلُوْكُمْ	فِي الدِّيْنِ	وَاَخْرَجُوْكُمْ	مِّنْ	دِيَارِكُمْ	وَ
اسکے سوا نہیں	تمہیں منع کرتا ہے	اللہ	سے	جو لوگ	تم سے لڑے	دین میں	اور انہوں نے تمہیں نکالا	سے	تمہارے گھر	اور

اس کے سوا نہیں کہ اللہ تمہیں منع کرتا ہے کہ جو لوگ تم سے دین (کے بارے) میں لڑے، اور انہوں نے تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا، اور

ظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝٩

ظٰهَرُوْا	عَلٰٓى	اِخْرَاجِكُمْ	اَنْ تَوَلَّوْهُمْ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّهُمْ	فَاُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ
انہوں نے مدد کی		تمہارے نکالنے پر	کہ تم دوستی کرو ان سے	اور	ان کے دوستی رکھے گا	تو وہی لوگ	وہ	ظالم (جمع)

تمہارے نکالنے میں (نکالنے والوں کی) مدد کی، تم ان سے دوستی کرو، اور جو ان سے دوستی رکھے گا تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَاۗءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِذَا جَاۗءَكُمُ	الْمُؤْمِنٰتُ	مُهٰجِرٰتٍ	فَامْتَحِنُوْهُنَّ	اَللّٰهُ	اَعْلَمُ
اے	ایمان والو	جب تمہارے پاس آئیں	مومن عورتیں	مہاجر عورتیں	تو ان کا امتحان کر لیا کرو	اللہ	خوب جانتا ہے

اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن مہاجر عورتیں آئیں تو ان کا امتحان کر لیا کرو، اللہ خوب جانتا ہے

بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ۭ لَا هُنَّ حِلٌّ

بِاِيْمَانِهِنَّ	فَاِنْ	عَلِمْتُمُوْهُنَّ	مُؤْمِنٰتٍ	فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ	اِلَى	الْكُفَّارِ	لَا هُنَّ	حِلٌّ
ان کے ایمان کو	پس اگر	تم انہیں جان لو	مومن عورتیں	تو تم انہیں واپس نہ کرو	طرف	کافروں	وہ عورتیں نہیں	حلال

ان کے ایمان کو، پس اگر تم انہیں جان لو کہ مومن ہیں تو تم انہیں کافروں کی طرف واپس نہ کرو، وہ (مومن مہاجرات) حلال نہیں ہیں

لَهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ ۖ وَآتُوهُم مَّا أَنفَقُوا ۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَن تَنكِحُوهُنَّ

لَهُمْ	وَلَا هُمْ	يَحِلُّونَ	لَهُنَّ	وَآتُوهُم	مَّا أَنفَقُوا	وَلَا جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	أَن تَنكِحُوهُنَّ
اُن کے لئے	اور نہ وہ مرد	وہ حلال ہیں	ان عورتوں کے لئے	اور تم انکو دیدو	جو انہوں نے خرچ کیا	اور کوئی گناہ نہیں	تم پر	کہ تم ان عورتوں سے نکاح کرلو

اُن (کافروں) کے لئے اور وہ (کافر) اُن عورتوں کیلئے حلال نہیں، اور تم اِن (کافر شوہروں) کو دیدو جو انہوں نے خرچ کیا ہو اور تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم ان مہاجر عورتوں سے نکاح کرلو

إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۚ وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْأَلُوا مَا أَنفَقْتُمْ وَ

إِذَا	آتَيْتُمُوهُنَّ	أُجُورَهُنَّ	وَلَا تُمْسِكُوا	بِعِصَمِ	الْكَوَافِرِ	وَاسْأَلُوا	مَا أَنفَقْتُمْ	وَ
جب	تم انہیں دے دو	ان کے مہر	اور تم نہ قبضہ رکھو	ناموس	کافر عورتیں	اور تم مانگ لو	جو تم نے خرچ کیا	اور

جب تم انہیں ان کے مہر دے دو، اور تم کافر عورتوں کی ناموس کو قبضے میں نہ رکھو اور تم (کفار سے) مانگ لو جو تم نے خرچ کیا ہو، اور

وَلْيَسْأَلُوا مَا أَنفَقُوا ۚ ذَٰلِكُمْ حُكْمُ اللَّهِ ۖ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٠﴾ وَ

لْيَسْأَلُوا	مَا أَنفَقُوا	ذَٰلِكُمْ	حُكْمُ اللَّهِ	يَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ	وَاللَّهُ	عَلِيمٌ	حَكِيمٌ	وَ
چاہیئے کہ وہ مانگ لیں	جو انہوں نے خرچ کیا	یہ	اللہ کا حکم	وہ فیصلہ کرتا ہے	تمہارے درمیان	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور

چاہیئے کہ وہ (کافر) تم سے مانگ لیں جو انہوں نے خرچ کیا ہو، یہ اللہ کا حکم ہے، وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرتا ہے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے اور

وَإِن فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِينَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُم

وَإِن	فَاتَكُمْ	شَيْءٌ	مِّنْ	أَزْوَاجِكُمْ	إِلَى الْكُفَّارِ	فَعَاقَبْتُمْ	فَآتُوا	الَّذِينَ	ذَهَبَتْ	أَزْوَاجُهُم
اگر	تمہارے ہاتھ سے نکل جائے	کوئی	سے	تمہاری بیویاں	کفار کی طرف	تو ان (کفار) کو سزا دو	پس دو	انکو جن کی	جاتی رہیں	ان کی عورتیں

اگر کفار کی طرف (رہ جانے سے) تمہاری بیویوں میں سے کوئی تمہارے ہاتھ سے نکل جائے تو کفار کو سزا دو، پس جن کی عورتیں جاتی رہیں ان کو دو

مِّثْلَ مَا أَنفَقُوا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ ﴿١١﴾ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ

مِّثْلَ	مَا أَنفَقُوا	وَاتَّقُوا	اللَّهَ	الَّذِي	أَنتُم	بِهِ	مُؤْمِنُونَ	يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ	إِذَا	جَاءَكَ
اس قدر	جو انہوں نے خرچ کیا	اور ڈرو	اللہ	وہ جس	تم	اس پر	ایمان رکھتے ہو	اے نبیؐ	جب	آپ کے پاس آئیں

جس قدر انہوں نے خرچ کیا ہو، اور اللہ سے ڈرو، جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔ اے نبیؐ! جب آپؐ کے پاس آئیں

الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَىٰ أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ

الْمُؤْمِنَاتُ	يُبَايِعْنَكَ	عَلَىٰ أَن	لَّا يُشْرِكْنَ	بِاللَّهِ	شَيْئًا	وَلَا يَسْرِقْنَ	وَلَا يَزْنِينَ	وَلَا يَقْتُلْنَ
مومن عورتیں	آپ سے بیعت کرنے کے لئے	اس پر کہ	وہ شریک نہ کریں گی	اللہ کے ساتھ	کسی شے کو	اور نہ وہ چوری کریں گی	اور نہ زنا کریں گی	اور نہ وہ قتل کریں گی

مومن عورتیں آپؐ سے اس پر بیعت کرنے کیلئے کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی شے کو شریک نہ کریں گی، اور نہ چوری کریں گی، اور نہ زنا کریں گی، اور نہ وہ قتل کریں گی،

اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ

اَوْلَادَهُنَّ	وَلَا يَاْتِيْنَ	بِبُهْتَانٍ	يَّفْتَرِيْنَهٗ	بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ	وَاَرْجُلِهِنَّ	وَلَا يَعْصِيْنَكَ
اپنی اولاد	اور نہ لائیں گی	بہتان سے	جو انہوں نے باندھا ہو	اپنے ہاتھوں کے درمیان	اور اپنے پاؤں	اور نہ آپؐ کی نافرمانی کریں گی

اپنی اولاد کو، اور نہ بہتان (کی اولاد) لائیں گی جو انہوں نے اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان باندھا ہو (شوہر کے نطفہ سے ہونے کا دعویٰ کیا ہو) اور وہ آپؐ کی نافرمانی کریں گی

فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ يٰۤاَيُّهَا

فِيْ مَعْرُوْفٍ	فَبَايِعْهُنَّ	وَاسْتَغْفِرْ	لَهُنَّ	اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يٰۤاَيُّهَا
نیک کاموں میں	تو آپؐ ان سے بیعت لے لیں	اور مغفرت مانگیں	ان کے لئے	اللہ	بیشک اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	اے

نیک کاموں (شریعت) میں، تو آپؐ ان سے بیعت لے لیں، اور ان کے لئے اللہ سے مغفرت مانگیں، بے شک اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَتَوَلَّوْا	قَوْمًا	غَضِبَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	قَدْ يَئِسُوْا	مِنَ	الْاٰخِرَةِ	كَمَا
ایمان والو	تم دوستی نہ رکھو	وہ لوگ	اللہ نے غضب کیا	ان پر	وہ ناامید ہو چکے	سے	آخرت	جیسے

اے ایمان والو! تم ان لوگوں سے دوستی نہ رکھو جن پر اللہ نے غضب کیا، وہ آخرت سے ناامید ہو چکے ہیں، جیسے

ع ۲ ۷ ۸

يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾

يَئِسَ	الْكُفَّارُ	مِنْ	اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ
مایوس ہیں	کافر (جمع)	سے	قبروں والوں (مُردے)

کافر مُردوں (کے جی اُٹھنے) سے مایوس ہیں۔

اٰيَاتُهَا ۱۴ | ۶۱ = سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ = ۱۰۹ | فِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ يٰۤاَيُّهَا

سَبَّحَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	يٰۤاَيُّهَا
پاکیزگی بیان کرتا ہے	اللہ کی	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور وہ	غالب	حکمت والا	اے

جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے، اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝۲ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لِمَ	تَقُوْلُوْنَ	مَا	لَا تَفْعَلُوْنَ	كَبُرَ	مَقْتًا	عِنْدَ اللّٰهِ	اَنْ تَقُوْلُوْا
ایمان والو	کیوں	تم کہتے ہو	جو	تم کرتے نہیں	بڑی	ناپسندیدہ	اللہ کے نزدیک	کہ تم کہو

اے ایمان والو! تم کیوں کہتے ہو؟ وہ جو تم کرتے نہیں - اللہ کے نزدیک بڑی ناپسندیدہ بات ہے کہ تم وہ کہو

مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝۳ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ

مَا	لَا تَفْعَلُوْنَ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ	الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِهٖ	صَفًّا	كَاَنَّهُمْ	بُنْيَانٌ
جو	تم کرتے نہیں	بیشک اللہ	دوست رکھتا ہے	جو لوگ لڑتے ہیں	اس کے راستہ میں	صف بستہ ہو کر	گویا کہ وہ	ایک عمارت

جو تم کرتے نہیں - بے شک اللہ ان لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو اس کے راستے میں صف بستہ ہو کر لڑتے ہیں، گویا کہ وہ ایک عمارت ہیں

مَّرْصُوْصٌ ۝۴ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ

مَرْصُوْصٌ	وَاِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	يٰقَوْمِ	لِمَ	تُؤْذُوْنَنِيْ	وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ
سیسہ پلائی ہوئی	اور جب	کہا	موسیٰ	اپنی قوم سے	اے میری قوم	کیوں	تم مجھے ایذا پہنچاتے ہو	اور یقیناً تم جان چکے ہو

سیسہ پلائی ہوئی - اور (یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم! تم مجھے کیوں ایذا پہنچاتے ہو اور یقیناً تم جان چکے ہو

اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

اَنِّيْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	اِلَيْكُمْ	فَلَمَّا	زَاغُوْا	اَزَاغَ اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ
کہ میں	اللہ کا رسول	تمہاری طرف	پس جب	انہوں نے کج روی کی	اللہ نے کج کر دیئے	ان کے دل	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ

کہ میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں، پس جب انہوں نے کج روی کی تو اللہ نے ان کے دلوں کو کج کر دیا، اور اللہ ہدایت نہیں دیتا

الْفٰسِقِيْنَ ۝۵ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

الْفٰسِقِيْنَ	وَاِذْ	قَالَ	عِيْسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اِنِّيْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ
نافرمان (جمع)	اور جب	کہا	عیسیٰ	مریم کا بیٹا	اے بنی اسرائیل	بیشک میں	اللہ کا رسول

نافرمان لوگوں کو - اور (یاد کرو) جب مریمؑ کے بیٹے عیسیٰؑ نے کہا اے بنی اسرائیل! بیشک میں اللہ کا رسول ہوں

اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي

اِلَيْكُمْ	مُّصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيَّ	مِنَ	التَّوْرٰىةِ	وَمُبَشِّرًا	بِرَسُوْلٍ	يَّاْتِيْ	مِنْۢ بَعْدِي
تمہاری طرف	تصدیق کرنے والا	اس کی جو	مجھ سے پہلے	سے	توریت	اور خوشخبری دینے والا	ایک رسول کی	وہ آئے گا	میرے بعد

تمہاری طرف، اس کی تصدیق کرنے والا ہوں جو مجھ سے پہلے توریت (آئی) اور ایک رسولؐ کی خوشخبری دینے والا ہوں جو میرے بعد آئے گا

اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٦ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

اسْمُهٗ	اَحْمَدُ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	قَالُوْا	هٰذَا	سِحْرٌ مُّبِيْنٌ	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ
اس کا نام	احمدؐ	پھر جب	وہ آئے ان کے پاس	واضح دلائل کے ساتھ	انہوں نے کہا	یہ	کھلا جادو	اور کون	بڑا ظالم	اس سے جو

اس کا نام احمدؐ ہوگا پھر جب وہ ان کے پاس واضح دلائل کے ساتھ آئے تو انہوں نے کہا یہ تو کھلا جادو ہے۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے؟

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰۤى اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٧

افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَهُوَ	يُدْعٰۤى	اِلَى الْاِسْلَامِ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِى	الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ
وہ بہتان باندھے	اللہ پر	جھوٹ	جبکہ وہ	بلایا جاتا ہے	اسلام کی طرف	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	ظالم لوگوں

جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے، جبکہ وہ اسلام کی طرف بلایا جاتا ہے، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝٨ هُوَ الَّذِىْۤ

يُرِيْدُوْنَ	لِيُطْفِـُٔوْا	نُوْرَ اللّٰهِ	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَاللّٰهُ	مُتِمُّ	نُوْرِهٖ	وَلَوْ	كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ	هُوَ الَّذِىْۤ
وہ چاہتے ہیں	کہ بجھا دیں	اللہ کا نور	اپنے مونہوں سے	اور اللہ	پورا کرنیوالا	اپنا نور	خواہ	کافر ناخوش ہوں	وہی جس نے

وہ چاہتے ہیں کہ وہ اللہ کا نور اپنے مونہوں (کی پھونکوں) سے بجھا دیں، اور اللہ اپنا نور پورا کرنے والا ہے خواہ کافر ناخوش ہوں۔ وہی ہے جس نے

ع ۱ ۹ ۹

اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝٩

اَرْسَلَ	رَسُوْلَهٗ	بِالْهُدٰى	وَدِيْنِ الْحَقِّ	لِيُظْهِرَهٗ	عَلَى الدِّيْنِ	كُلِّهٖ	وَلَوْ كَرِهَ	الْمُشْرِكُوْنَ
اس نے بھیجا	اپنا رسولؐ	ہدایت کے ساتھ	اور دین حق	تاکہ وہ اغلبہ کر دے	دین پر	تمام	اور خواہ ناخوش ہوں	مشرک (جمع)

اپنے رسولؐ کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اسے تمام دینوں پر غالب کر دے اور خواہ مشرک ناخوش ہوں۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝١٠ تُؤْمِنُوْنَ

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	هَلْ	اَدُلُّكُمْ	عَلٰى تِجَارَةٍ	تُنْجِيْكُمْ	مِّنْ	عَذَابٍ اَلِيْمٍ	تُؤْمِنُوْنَ
اے	ایمان والو	کیا	میں تمہیں بتلاؤں	تجارت پر	تمہیں نجات دے	سے	دردناک عذاب	تم ایمان لاؤ

اے ایمان والو! کیا میں تمہیں ایسی تجارت بتلاؤں؟ جو تمہیں دردناک عذاب سے نجات دے۔ تم ایمان لاؤ

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَتُجَاهِدُوْنَ	فِىْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	بِاَمْوَالِكُمْ	وَاَنْفُسِكُمْ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ لَّكُمْ
اللہ پر	اور اس کا رسولؐ	اور تم جہاد کرو	میں	اللہ کا راستہ	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانوں	یہ	تمہارے لئے بہتر

اللہ پر اور اس کے رسولؐ پر، اور تم اللہ کے راستے میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کرو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے،

إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿۱۱﴾ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ

إِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ	يَغْفِرْ	لَكُمْ	ذُنُوبَكُمْ	وَيُدْخِلْكُمْ	جَنَّاتٍ	تَجْرِي	مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ
اگر	تم جانتے ہو	وہ بخشدے گا	تمہیں	تمہارے گناہ	اور وہ تمہیں داخل کرے گا	باغات	جاری ہیں	ان کے نیچے سے نہریں

اگر تم جانتے ہو - وہ تمہیں تمہارے گناہ بخشدے گا، اور تمہیں باغات میں داخل کرے گا، جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں -

وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿۱۲﴾ وَأُخْرَىٰ تُحِبُّونَهَا ۖ

وَمَسَاكِنَ	طَيِّبَةً	فِي	جَنَّاتِ	عَدْنٍ	ذَٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيمُ	وَأُخْرَىٰ تُحِبُّونَهَا
اور مکانات	پاکیزہ	میں	باغات	ہمیشہ	یہ	کامیابی	بڑی	اور ایک اور تم اسے بہت چاہتے ہو

اور ہمیشہ کے باغات میں پاکیزہ مکانات میں، یہ بڑی کامیابی ہے - اور ایک اور (بات بھی) جسے تم بہت چاہتے ہو (یعنی)

نَصْرٌ مِنَ اللَّهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۳﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا

نَصْرٌ	مِنَ اللَّهِ	وَفَتْحٌ	قَرِيبٌ	وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِينَ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	كُونُوا
مدد	اللہ سے	اور فتح	قریب	اور خوشخبری دیں	مومنوں	اے	ایمان والو	تم ہو جاؤ

اللہ سے مدد اور قریبی فتح، اور آپ مومنوں کو خوشخبری دیجئے - اے ایمان والو! تم ہو جاؤ

أَنْصَارَ اللَّهِ كَمَا قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيِّينَ مَنْ أَنْصَارِي إِلَى اللَّهِ ۖ قَالَ

أَنْصَارَ اللَّهِ	كَمَا	قَالَ	عِيسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	لِلْحَوَارِيِّينَ	مَنْ	أَنْصَارِي	إِلَى اللَّهِ	قَالَ
اللہ کے مددگار	جیسے	کہا	عیسیٰ ؑ	مریم کا بیٹا ؑ	حواریوں کو	کون	میرا مددگار	اللہ کی طرف	کہا

اللہ کے مددگار، جیسے مریم کے بیٹے عیسیٰ ؑ نے حواریوں کو کہا کون ہے اللہ کی طرف میرا مددگار؟ تو کہا

الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنْصَارُ اللَّهِ فَآمَنَتْ طَائِفَةٌ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَكَفَرَتْ

الْحَوَارِيُّونَ	نَحْنُ	أَنْصَارُ اللَّهِ	فَآمَنَتْ	طَائِفَةٌ	مِنْ	بَنِي إِسْرَائِيلَ	وَكَفَرَتْ
حواریوں	ہم	اللہ کے مددگار	تو ایمان لایا	ایک گروہ	سے کا	بنی اسرائیل	اور کفر کیا

حواریوں نے ہم اللہ کے مددگار ہیں، تو بنی اسرائیل کا ایک گروہ ایمان لے آیا اور کفر کیا

ع ۲ ۵ ۱۰

طَائِفَةٌ ۚ فَأَيَّدْنَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَىٰ عَدُوِّهِمْ فَأَصْبَحُوا ظَاهِرِينَ ﴿۱۴﴾ ع

طَائِفَةٌ	فَأَيَّدْنَا	الَّذِينَ آمَنُوا	عَلَىٰ عَدُوِّهِمْ	فَأَصْبَحُوا	ظَاهِرِينَ
ایک گروہ	تو ہم نے مدد کی	ایمان والے	ان کے دشمنوں پر	سو وہ ہو گئے	غالب

ایک گروہ نے، تو ہم نے ان کے دشمنوں پر ایمان والوں کی مدد کی، سو وہ غالب ہو گئے -

اٰیاتُھا ۱۱ | ۶۲ = سُوْرَۃُ الْجُمُعَۃِ مَدَنِیَّۃٌ = ۱۱۰ | رُکُوْعُھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ①

يُسَبِّحُ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	الْمَلِكِ	الْقُدُّوْسِ	الْعَزِيْزِ	الْحَكِيْمِ
پاکیزگی بیان کرتا ہے	اللہ کی	جو کچھ	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	بادشاہ حقیقی	کمال پاک	غالب	حکمت والا

جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے، جو بادشاہ حقیقی، کمال درجہ پاک، غالب، حکمت والا ہے۔

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ

هُوَ الَّذِيْ	بَعَثَ	فِي الْاُمِّيّٖنَ	رَسُوْلًا	مِّنْهُمْ	يَتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِهٖ	وَيُزَكِّيْهِمْ	وَيُعَلِّمُهُمُ
وہی جس نے	اٹھایا (بھیجا)	اَن پڑھوں میں	ایک رسول	ان میں سے	پڑھ کر سناتا ہے	اُنہیں	اسکی آیتیں	اور وہ انہیں پاک کرتا ہے	اور انہیں سکھاتا ہے

وہی ہے جس نے اَن پڑھوں میں ایک رسول ان ہی میں سے بھیجا وہ انہیں اس کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور انہیں (برائیوں سے) پاک کرتا ہے، اور انہیں سکھاتا ہے

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ② وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ

الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَاِنْ كَانُوْا	مِنْ قَبْلُ	لَفِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	وَّاٰخَرِيْنَ	مِنْهُمْ
کتاب	اور حکمت (دانشمندی کی باتیں)	اور تحقیق وہ تھے	اس سے قبل	البتہ گمراہی میں	کھلی	اور علاوہ	ان کے

کتاب اور دانشمندی کی باتیں، اور بالتحقیق یہ لوگ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔ اور ان کے علاوہ (ان کو بھی)

لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ③ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

لَمَّا يَلْحَقُوْا	بِهِمْ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	ذٰلِكَ	فَضْلُ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ	يَّشَاۗءُ
کہ وہ ابھی نہیں ملے	ان سے	اور وہ	غالب	حکمت والا	یہ	اللہ کا فضل	وہ دیتا ہے اسے	جس کو	وہ چاہتا ہے

جو ابھی ان سے نہیں ملے، وہ غالب، حکمت والا ہے۔ یہ اللہ کا فضل ہے، وہ (اس) کو چاہتا ہے اُسے دیتا ہے،

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ④ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا

وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ	مَثَلُ	الَّذِيْنَ	حُمِّلُوا	التَّوْرٰىةَ	ثُمَّ	لَمْ يَحْمِلُوْهَا
اور اللہ	فضل والا	بڑے	مثال	جن لوگوں پر	ان پر لادی گئی	توریت	پھر	انہوں نے نہ اٹھایا اسے

اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ ان لوگوں کی مثال جن پر توریت لادی (اُتاری) گئی پھر انہوں نے اُسے نہ اٹھایا (اس پر کاربند نہ ہوئے)

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ ۭ

كَمَثَلِ	الْحِمَارِ	يَحْمِلُ	أَسْفَارًا	بِئْسَ	مَثَلُ	الْقَوْمِ	الَّذِينَ	كَذَّبُوا	بِآيَاتِ اللَّهِ
مثال کی طرح	گدھا	وہ لادے ہوئے ہے	کتابیں	بُری	مثال (حالت)	وہ لوگ	جنہوں نے	انہوں نے جھٹلایا	اللہ کی آیتوں کو

گدھے کی طرح ہے جو کتابیں لادے ہوئے ہے، ان لوگوں کی حالت بُری ہے جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا،

وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿٥﴾ قُلْ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ هَادُوا إِنْ زَعَمْتُمْ

وَاللَّهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ	قُلْ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ هَادُوا	إِنْ	زَعَمْتُمْ
اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	ظالم لوگوں	آپؐ فرمادیں	اے	یہودیو	اگر	تمہیں زعم (گھمنڈ) ہے

اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ آپؐ فرما دیں اے یہودیو! اگر تمہیں گھمنڈ ہے

أَنَّكُمْ أَوْلِيَاءُ لِلَّهِ مِنْ دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٦﴾

أَنَّكُمْ	أَوْلِيَاءُ	لِلَّهِ	مِنْ	دُونِ النَّاسِ	فَتَمَنَّوُا	الْمَوْتَ	إِنْ	كُنْتُمْ	صَادِقِينَ
کہ تم	دوست	اللہ کے لئے	سے	دوسرے لوگوں کے علاوہ	تو تم تمنا کرو	موت	اگر	تم ہو	سچے

کہ تم دوسرے لوگوں کے علاوہ (بلاشرکتِ غیرے) اللہ کے دوست ہو، تو موت کی تمنا کرو، اگر تم سچے ہو۔

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ﴿٧﴾ قُلْ

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهُ	أَبَدًا	بِمَا	قَدَّمَتْ	أَيْدِيهِمْ	وَاللَّهُ	عَلِيمٌ	بِالظَّالِمِينَ	قُلْ
اور وہ اس کی تمنا نہ کریں گے	کبھی بھی	اسکے سبب جو	بھیجا آگے	ان کے ہاتھوں	اور اللہ	خوب جانتا ہے	ظالموں کو	آپؐ فرمادیں

اور اس کے سبب جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے وہ کبھی بھی موت کی تمنا نہ کریں گے اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ آپؐ فرما دیں

إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِي تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِيكُمْ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ

إِنَّ الْمَوْتَ	الَّذِي	تَفِرُّونَ	مِنْهُ	فَإِنَّهُ	مُلَاقِيكُمْ	ثُمَّ	تُرَدُّونَ	إِلَىٰ	عَالِمِ الْغَيْبِ
بیشک موت	جس سے	تم بھاگتے ہو	اس سے	تو بیشک وہ	تمہیں ملنے والی	پھر	تم لوٹائے جاؤ گے	طرف سامنے	جاننے والا پوشیدہ

بیشک جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ تو یقیناً تمہیں ملنے والی ہے (آپکڑے گی) پھر تم اس کے سامنے لوٹائے جاؤ گے جو جاننے والا ہے پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ

وَالشَّهَادَةِ	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	إِذَا	نُودِيَ
اور ظاہر	پھر وہ تمہیں آگاہ کردے گا	اس سے جو	تم کرتے تھے	اے	ایمان والو	جب	پکارا جائے

اور ظاہر کا، وہ تمہیں اُس سے آگاہ کردے گا جو تم کرتے تھے۔ اے ایمان والو! جب پکارا جائے (اذان دی جائے)

لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ

لِلصَّلٰوةِ	مِنْ	يَّوْمِ الْجُمُعَةِ	فَاسْعَوْا	اِلٰى	ذِكْرِ اللّٰهِ	وَذَرُوا	الْبَيْعَ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ
نماز کے لئے	سے۔کی	جمعہ کا دن	تو تم لپکو	طرف	اللہ کی یاد	اور تم چھوڑ دو	خرید و فروخت	یہ	بہتر

جمعہ کے دن نمازِ (جمعہ) کے لئے تو تم (فوراً) اللہ کی یاد کے لئے لپکو، اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ بہتر ہے

لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹﴾ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِى الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا

لَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	فَاِذَا	قُضِيَتِ	الصَّلٰوةُ	فَانْتَشِرُوْا	فِى الْاَرْضِ	وَابْتَغُوْا
تمہارے لئے	اگر	تم جانتے ہو	پھر جب	پوری ہو چکے	نماز	تو تم پھیل جاؤ	زمین میں	اور تم تلاش کرو

تمہارے لئے اگر تم جانتے ہو۔ پھر جب نماز پوری ہو چکے تو تم زمین میں پھیل جاؤ اور تم تلاش کرو

مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰﴾ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ

مِنْ	فَضْلِ اللّٰهِ	وَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	لَّعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَاِذَا	رَاَوْا	تِجَارَةً	اَوْ
سے	اللہ کا فضل	اور تم یاد کرو	اللہ	بکثرت	تاکہ تم	فلاح پاؤ	اور جب	وہ دیکھتے ہیں	تجارت	یا

اللہ کا فضل (روزی)، اور تم اللہ کو بکثرت یاد کرو، تاکہ تم فلاح پاؤ۔ اور جب وہ دیکھتے ہیں تجارت، یا

لَهْوَا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَ

لَهْوَا	انْفَضُّوْٓا	اِلَيْهَا	وَتَرَكُوْكَ	قَآئِمًا	قُلْ	مَا	عِنْدَ اللّٰهِ	خَيْرٌ	مِنَ	اللَّهْوِ	وَ
کھیل تماشہ	وہ دوڑ جاتے ہیں	اس کی طرف	اور آپ کو چھوڑ جاتے ہیں	کھڑا	فرما دیں	جو	اللہ کے پاس	بہتر	سے	کھیل تماشہ	اور

کھیل تماشہ، تو وہ اس کی طرف دوڑ جاتے ہیں اور آپ کو کھڑا چھوڑ جاتے ہیں، آپ فرما دیں جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر ہے کھیل تماشے سے اور

مِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾

مِنَ	التِّجَارَةِ	وَاللّٰهُ	خَيْرُ	الرّٰزِقِيْنَ
سے	تجارت	اور اللہ	بہتر	رزق دینے والا

تجارت سے، اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

اٰيَاتُهَا ۱۱ | ۶۳ = سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ = ۱۰۴ | فَيُهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

إِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ

اِذَا جَآءَكَ	الْمُنٰفِقُوْنَ	قَالُوْا	نَشْهَدُ	اِنَّكَ	لَرَسُوْلُ اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	اِنَّكَ	لَرَسُوْلُهٗ
جب آپ کے پاس آتے ہیں	منافق	وہ کہتے ہیں	ہم گواہی دیتے ہیں	بیشک آپ	البتہ اللہ کے رسول	اور اللہ	وہ جانتا ہے	یقیناً آپ	البتہ اس کے رسول

جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ بیشک آپ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ یقیناً آپ اس کے رسول ہیں

وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۝١ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا

وَاللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	لَكٰذِبُوْنَ	اِتَّخَذُوْا	اَيْمَانَهُمْ	جُنَّةً	فَصَدُّوْا
جبکہ اللہ	گواہی دیتا ہے	بیشک	(جمع) منافق	البتہ جھوٹے	انہوں نے پکڑا (بنا لیا)	اپنی قسموں کو	ڈھال	پس وہ روکتے ہیں

جبکہ اللہ گواہی دیتا ہے بیشک منافق جھوٹے ہیں۔ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا ہے، پس وہ (دوسروں کو بھی) روکتے ہیں،

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٢ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ

عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	اِنَّهُمْ	سَآءَ مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	اٰمَنُوْا	ثُمَّ كَفَرُوْا	فَطُبِعَ
سے	اللہ کا راستہ	بیشک وہ	بُرا جو	وہ کرتے ہیں	یہ	اس لئے کہ وہ	ایمان لائے	پھر انہوں نے کفر کیا	تو مہر لگا دی گئی

اللہ کے راستے سے، بیشک بُرا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ یہ اس لئے ہے کہ وہ ایمان لائے، پھر انہوں نے کفر کیا، تو مُہر لگا دی گئی

عَلٰي قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝٣ وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ۭ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا

عَلٰي	قُلُوْبِهِمْ	فَهُمْ	لَا يَفْقَهُوْنَ	وَاِذَا	رَاَيْتَهُمْ	تُعْجِبُكَ	اَجْسَامُهُمْ	وَ	اِنْ يَّقُوْلُوْا
پر	ان کے دل	پس وہ	نہیں سمجھتے	اور جب	آپ انہیں دیکھیں	تو آپکو خوشنما معلوم ہوں	ان کے جسم	اور	اگر وہ بات کریں

ان کے دلوں پر پس وہ نہیں سمجھتے۔ اور جب آپ انہیں دیکھیں تو ان کے جسم آپ کو خوشنما معلوم ہوں، اور اگر وہ بات کریں

تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ۭ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ۭ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ۭ هُمُ

تَسْمَعْ	لِقَوْلِهِمْ	كَاَنَّهُمْ	خُشُبٌ	مُّسَنَّدَةٌ	يَحْسَبُوْنَ	كُلَّ صَيْحَةٍ	عَلَيْهِمْ	هُمُ
آپ سنیں	ان کی باتوں کو	گویا کہ وہ	لکڑیاں	دیوار سے لگائی ہوئی	وہ گمان کرتے ہیں	ہر بلند آواز	اپنے اوپر	وہ

تو آپ ان کی باتوں کو (غور سے) سنیں گویا کہ وہ لکڑیاں ہیں دیوار (کے سہارے) لگائی ہوئی، وہ ہر بلند آواز کو اپنے اوپر گمان کرتے ہیں، وہ

الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝٤ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ

الْعَدُوُّ	فَاحْذَرْهُمْ	قٰتَلَهُمُ	اللّٰهُ	اَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ	وَاِذَا	قِيْلَ لَهُمْ	تَعَالَوْا	يَسْتَغْفِرْ
دشمن	پس آپ اُن سے بچیں	انہیں مارے (غارت کرے)	اللہ	کہاں	وہ پھیرے جاتے ہیں	اور جب	کہا جائے ان سے	تم آؤ	بخشش کی دعا کریں

دشمن ہیں، آپ اُن سے بچیں، اللہ انہیں غارت کرے، وہ کہاں پھیرے جاتے ہیں۔ اور جب ان سے کہا جائے آؤ، بخشش کی دُعا کریں

لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝٥

لَكُمْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	لَوَّوْا	رُءُوْسَهُمْ	وَرَاَيْتَهُمْ	يَصُدُّوْنَ	وَهُمْ	مُّسْتَكْبِرُوْنَ
تمہارے لئے	رسول اللہ	وہ پھیر لیتے ہیں	اپنے سروں کو	اور آپ انہیں دیکھیں	وہ منہ پھیر لیتے ہیں	اور وہ	بڑا ہی تکبر کرنے والے ہیں

رسول اللہ تمہارے لئے تو وہ اپنے سروں کو پھیر لیتے ہیں اور آپ انہیں دیکھیں تو وہ منہ پھیر لیتے ہیں اور وہ بڑا ہی تکبر کرنے والے ہیں۔

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ

سَوَآءٌ	عَلَيْهِمْ	اَسْتَغْفَرْتَ	لَهُمْ	اَمْ	لَمْ تَسْتَغْفِرْ	لَهُمْ	لَنْ يَّغْفِرَ	اللّٰهُ	لَهُمْ	اِنَّ
برابر	اُن پر	آپ بخشش مانگیں	ان کے لئے	یا	آپ نہ بخشش مانگیں	ان کے لئے	ہرگز نہیں بخشے گا	اللہ	ان کو	بیشک

اُن پر (اُن کے حق میں) برابر ہے آپ ان کے لئے بخشش مانگیں یا نہ مانگیں اللہ انہیں ہرگز نہ بخشے گا، بیشک

اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝٦ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ

اللّٰهَ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ	هُمُ	الَّذِيْنَ	يَقُوْلُوْنَ	لَا تُنْفِقُوْا	عَلٰى	مَنْ	عِنْدَ	رَسُوْلِ
اللہ	ہدایت نہیں دیتا	نافرمان لوگوں	وہی	وہ لوگ جو	وہ کہتے ہیں	نہ تم خرچ کرو	پر	جو	پاس	رسول

اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ وہی لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ تم ان لوگوں پر خرچ نہ کرو جو اللہ کے رسول کے پاس ہیں

اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

اللّٰهِ	حَتّٰى	يَنْفَضُّوْا	وَلِلّٰهِ	خَزَآئِنُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَلٰكِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ
اللہ	یہاں تک کہ	وہ منتشر ہو جائیں	اور اللہ کے لئے	خزانے	آسمانوں	اور زمین	اور لیکن	منافق (جمع)

یہاں تک کہ وہ منتشر (پریشان) ہو جائیں، اور آسمانوں اور زمین کے خزانے اللہ (ہی) کے لئے ہیں اور لیکن منافق

لَا يَفْقَهُوْنَ ۝٧ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ

مِن	رَّبِّكَ	عَطَآءً	حِسَابًا	رَّبِّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا	الرَّحْمٰنِ
سے	تمہارا رب	انعام	حساب سے (کافی)	رب	آسمانوں	اور زمین	اور جو انکے درمیان	بہت مہربان

ہے تمہارے رب کا انعام حساب سے (کافی) رب آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے بہت مہربان

لَا يَمْلِكُونَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿٣٧﴾ يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا

لَا يَمْلِكُونَ	مِنْهُ	خِطَابًا	يَوْمَ	يَقُومُ الرُّوحُ	وَالْمَلٰٓئِكَةُ	صَفًّا
وہ قدرت نہیں رکھتے	اس سے	بات کرنا	دن	کھڑے ہونگے روح	اور فرشتے	صف باندھے

وہ اس سے بات کرنے کی قدرت نہیں رکھتے۔ جس دن روح اور فرشتے صف باندھے کھڑے ہونگے

لَّا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿٣٨﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ

لَا يَتَكَلَّمُونَ	إِلَّا	مَنْ	أَذِنَ	لَهُ	الرَّحْمٰنُ	وَقَالَ	صَوَابًا	ذٰلِكَ	الْيَوْمُ	الْحَقُّ
نہ بول سکیں گے	مگر	جو۔جس	اجازت دی	اسکو	رحمٰن	اور بولا	ٹھیک بات	یہ	دن	برحق

نہ بول سکیں گے مگر جس کو رحمٰن نے اجازت دی اور بولے گا ٹھیک بات۔ یہ دن برحق ہے

فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾ اِنَّاۤ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ

فَمَنْ	شَآءَ	اتَّخَذَ	اِلٰى رَبِّهٖ	مَاٰبًا	اِنَّاۤ اَنْذَرْنٰكُمْ	عَذَابًا	قَرِيْبًا
پس جو	چاہے	وہ بنائے	اپنے رب کے پاس	ٹھکانا	بیشک ہم نے ڈرایا تمہیں	عذاب	قریب کے

پس جو کوئی چاہے وہ اپنے رب کے پاس ٹھکانا بنائے۔ بیشک ہم نے تمہیں قریب آنے والے عذاب سے ڈرایا ہے،

ع ۱ ۱۰ ۲

يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾

يَوْمَ	يَنْظُرُ	الْمَرْءُ	مَا	قَدَّمَتْ يَدٰهُ	وَيَقُوْلُ	الْكٰفِرُ	يٰلَيْتَنِيْ	كُنْتُ	تُرٰبًا
جس دن	دیکھے گا	آدمی	جو	آگے بھیجا اس کا ہاتھ	اور کہے گا	کافر	کاش میں	ہوتا	مٹی

جس دن آدمی دیکھ لے گا، جو اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا، اور کافر کہے گا کاش میں مٹی ہوتا!

اٰیاتُھا ۴۶ | ۷۹ = سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ = ۸۱ | فِيْھا رُكُوْعُھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے، جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿۱﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ﴿۲﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿۳﴾

وَالنّٰزِعٰتِ	غَرْقًا	وَالنّٰشِطٰتِ	نَشْطًا	وَالسّٰبِحٰتِ	سَبْحًا
قسم کھینچ کر کھینچنے والے	غوطا لگا کر (دشمن کے)	اور چھڑانے والے	کھول کر	اور تیرنے والے	تیزی سے

قسم ہے کھینچ کر (دشمن سے جان) کھینچنے والے (فرشتوں) کی اور کھول کر چھڑانے والوں کی، اور تیزی سے تیرنے والوں کی،

وقف لازم

فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿۴﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿۵﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿۶﴾

فَالسّٰبِقٰتِ	سَبْقًا	فَالْمُدَبِّرٰتِ	اَمْرًا	يَوْمَ	تَرْجُفُ	الرَّاجِفَةُ
پھر آگے بڑھنے والے	دوڑ کر	پھر تدبیر کرنے والے	حکم کے مطابق	دن	کانپے	کانپنے والی

پھر دوڑ کر آگے بڑھنے والوں کی، پھر حکم کے مطابق تدبیر کرنے والوں کی، جس دن کانپنے والی کانپے۔

وقف لازم

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ﴿۷﴾ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ﴿۸﴾ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ﴿۹﴾

تَتْبَعُهَا	الرَّادِفَةُ	قُلُوْبٌ	يَّوْمَئِذٍ	وَّاجِفَةٌ	اَبْصَارُهَا	خَاشِعَةٌ
اسکے پیچھے آئے	پیچھے آنے والی	کتنے دل	اس دن	دھڑکنے والے	ان کی نگاہیں	جھکی ہوئی

اور اس کے پیچھے آئے پیچھے آنے والی۔ کتنے دل اُس دن دھڑکتے ہوں گے، ان کی نگاہیں جھکی ہوئی۔

يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ﴿١٠﴾ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ﴿١١﴾

يَقُوْلُوْنَ	ءَاِنَّا	لَمَرْدُوْدُوْنَ	فِي	الْحَافِرَةِ	ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	نَّخِرَةً
وہ کہتے ہیں	کیا ہم	لوٹائے جائیں گے	میں	پہلی حالت	کیا جب	ہم ہونگے	ہڈیاں	کھوکھلی

وہ کہتے ہیں کیا ہم پہلی حالت میں لوٹائے جائیں گے ؟ کیا جب ہم کھوکھلی ہڈیاں ہو چکے ہوں گے ؟

قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ﴿١٢﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿١٣﴾

قَالُوْا	تِلْكَ	اِذًا	كَرَّةٌ	خَاسِرَةٌ	فَاِنَّمَا	هِيَ	زَجْرَةٌ	وَّاحِدَةٌ
وہ بولے	یہ	پھر	واپسی	خسارہ والی	پھر تو صرف	وہ	ڈانٹ	ایک

وہ بولے یہ پھر خسارے والی واپسی ہے ۔ پھر وہ تو صرف ایک ڈانٹ ہے

فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ﴿١٤﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿١٥﴾ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ

فَاِذَا	هُمْ	بِالسَّاهِرَةِ	هَلْ	اَتٰىكَ	حَدِيْثُ	مُوْسٰى	اِذْ نَادٰىهُ	رَبُّهٗ
پھر اس وقت	وہ	میدان میں	کیا	پہنچی تیرے پاس	بات	موسیٰؑ	جب پکارا اسے	اس کا رب

پھر وہ اس وقت میدان میں (آ رہے ہیں) ۔ کیا تمہارے پاس موسیٰؑ کی بات پہنچی ؟ جب اس کو اس کے رب نے پکارا

بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٦﴾ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿١٧﴾ فَقُلْ

بِالْوَادِ	الْمُقَدَّسِ	طُوًى	اِذْهَبْ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	اِنَّهٗ	طَغٰى	فَقُلْ
میدان	مقدس	طویٰ	جاؤ تم	طرف (پاس)	فرعون	بیشک اس	سرکشی کی	پس کہو تم

طُویٰ کے مقدس میدان میں کہ فرعون کے پاس جاؤ ، بیشک اس نے سرکشی کی ہے ، پس تم کہو

هَلْ لَّكَ اِلٰى اَنْ تَزَكّٰى ﴿١٨﴾ وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿١٩﴾ فَاَرٰىهُ

هَلْ	لَّكَ	اِلٰى	اَنْ	تَزَكّٰى	وَاَهْدِيَكَ	اِلٰى	رَبِّكَ	فَتَخْشٰى	فَاَرٰىهُ
کیا	تجھ کو	طرف	کہ	تو سنور جائے	اور تجھے راہ دکھاؤں	طرف	تیرا رب	پس تو ڈرے	اس کو دکھائی

کیا تجھ کو (خواہش ہے) کہ تو سنور جائے اور میں تجھے تیرے رب کی طرف راہ دکھاؤں پس تو ڈر (موسیٰؑ نے) اسکو دکھائی

الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ﴿٢٠﴾ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿٢١﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ﴿٢٢﴾ فَحَشَرَ فَنَادٰى ﴿٢٣﴾

الْاٰيَةَ	الْكُبْرٰى	فَكَذَّبَ	وَعَصٰى	ثُمَّ اَدْبَرَ	يَسْعٰى	فَحَشَرَ	فَنَادٰى
نشانی	بڑی	اس نے جھٹلایا	اور نافرمانی کی	پھر پیٹھ پھیر کر چلا	دوڑتا ہوا	پھر جمع کیا	پھر پکارا

بڑی نشانی ۔ اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی ، پھر دوڑتا ہوا پیٹھ پھیر کر چلا پھر (لوگوں کو) جمع کیا ، پھر پکارا

فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿۲۴﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾

فَقَالَ	اَنَا	رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى	فَاَخَذَهُ	اللّٰهُ	نَكَالَ	الْاٰخِرَةِ	وَالْاُوْلٰى
پھر اس نے کہا	میں	تمہارا رب سب سے بڑا	تو اس کو پکڑا	اللہ	سزا	آخرت	اور دنیا

پھر کہا میں تمہارا سب سے بڑا رب ہوں ۔ تو اللہ نے اس کو دنیا اور آخرت کی سزا میں پکڑا

ع ۱ ۲۶ ۳

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۲۶﴾ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ؕ

اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَعِبْرَةً	لِّمَنْ	يَّخْشٰى	ءَاَنْتُمْ	اَشَدُّ	خَلْقًا	اَمِ السَّمَآءُ
بیشک	میں	اس	عبرت	اس کے لئے جو	ڈرے	کیا تم	زیادہ مشکل	بنانا	یا آسمان

بیشک اس میں اس کے لئے عبرت ہے جو ڈرے ۔ کیا تمہارا بنانا زیادہ مشکل ہے یا آسمان کا

بَنٰىهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾ وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ

بَنٰىهَا	رَفَعَ	سَمْكَهَا	فَسَوّٰىهَا	وَاَغْطَشَ	لَيْلَهَا	وَاَخْرَجَ
اس کو بنایا	بلند کیا	اس کی چھت	پھر اس کو درست کیا	تاریک کر دیا	اس کی رات	اور نکالی

اس نے اس کو بنایا ۔ اس کی چھت کو بلند کیا پھر اس کو درست کیا ، اس کی رات کو تاریک کر دیا ، اور نکالی

ضُحٰىهَا ﴿۲۹﴾ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿۳۰﴾ اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَ

ضُحٰىهَا	وَالْاَرْضَ	بَعْدَ	ذٰلِكَ	دَحٰىهَا	اَخْرَجَ	مِنْهَا	مَآءَهَا	وَ
دن کی روشنی	اور زمین	بعد	اس	اس کو بچھایا	نکالا	اس سے	اس کا پانی	اور

دن کی روشنی ، اور اس کے بعد زمین کو بچھایا ۔ اس سے اس کا پانی نکالا ، اور

مَرْعٰىهَا ﴿۳۱﴾ وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿۳۲﴾ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ؕ ﴿۳۳﴾ فَاِذَا

مَرْعٰىهَا	وَالْجِبَالَ	اَرْسٰىهَا	مَتَاعًا	لَّكُمْ	وَلِاَنْعَامِكُمْ	فَاِذَا
اس کا چارہ	اور پہاڑ	قائم کیا اس کو	فائدہ	تمہارے لئے	اور تمہارے چوپایوں کیلئے	پھر جب

اس کا چارہ ، اور پہاڑ کو قائم کیا تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدہ کے لئے ۔ پھر جب

جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿۳۵﴾

جَآءَتِ	الطَّآمَّةُ	الْكُبْرٰى	يَوْمَ	يَتَذَكَّرُ	الْاِنْسَانُ	مَا	سَعٰى
وہ آئے	ہنگامہ	بڑا	دن	یاد کرے گا	انسان	جو	اس نے کمایا

وہ بڑا ہنگامہ آئے گا (قیامت) ، اس دن انسان یاد کرے گا جو اس نے کمایا (اپنے اعمال) ۔

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿٣٦﴾ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿٣٧﴾ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٣٨﴾

بُرِّزَتِ	الْجَحِيْمُ	لِمَنْ	يَّرٰى	فَاَمَّا	مَنْ	طَغٰى	وَاٰثَرَ	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا
ظاہر کردی جائے گی	جہنم	اسکے لئے جو	وہ دیکھے گا	پس	جو جس	سرکشی کی	ترجیح دی	زندگی	دنیا

اور جہنم اس کے لئے ظاہر کردی جائے گی ہر اس کے لئے جو دیکھے گا۔ پس جس نے سرکشی کی اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی

فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿٣٩﴾ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى

فَاِنَّ	الْجَحِيْمَ	هِيَ	الْمَاْوٰى	وَاَمَّا	مَنْ	خَافَ	مَقَامَ	رَبِّهٖ	وَنَهَى
تو یقیناً	جہنم	وہ	ٹھکانہ	اور جو	جو	ڈرا	کھڑا ہونا	اپنے رب	اور روکا

تو یقیناً اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ اور جو اپنے رب (کے سامنے) کھڑا ہونے سے ڈرا، اور اس نے روکا

النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿٤٠﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿٤١﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ

النَّفْسَ	عَنِ	الْهَوٰى	فَاِنَّ	الْجَنَّةَ	هِيَ	الْمَاْوٰى	يَسْـَٔلُوْنَكَ
جی۔ دل	سے	خواہش	یقیناً	جنت	وہ	ٹھکانہ	وہ آپ سے پوچھتے ہیں

اپنے دل کی خواہش سے، تو یقیناً اس کا ٹھکانہ جنت ہے۔ وہ آپ سے پوچھتے ہیں

عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ﴿٤٢﴾ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿٤٣﴾ اِلٰى رَبِّكَ

عَنِ	السَّاعَةِ	اَيَّانَ	مُرْسٰىهَا	فِيْمَ	اَنْتَ	مِنْ	ذِكْرٰىهَا	اِلٰى	رَبِّكَ
سے (بابت)	قیامت	کب	اس کا ٹھہرنا (قیام)	کیا	تو	سے	اُس کا ذکر	طرف	تمہارا رب

قیامت کی بابت کہ کب (ہوگا) اس کا قیام؟ تمہیں کیا کام اس کے ذکر سے؟ تمہارے رب کی طرف ہے

مُنْتَهٰىهَا ﴿٤٤﴾ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿٤٥﴾ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا

مُنْتَهٰىهَا	اِنَّمَا	اَنْتَ	مُنْذِرُ	مَنْ	يَّخْشٰىهَا	كَاَنَّهُمْ	يَوْمَ	يَرَوْنَهَا
اُس کی انتہا	صرف	آپ	ڈرانے والے	جو	اس سے ڈرے	گویا وہ	دن	دیکھیں گے اس کو

اُس کی انتہا۔ آپ صرف اس کو ڈرانے والے ہیں جو اس سے ڈرے۔ گویا وہ جس دن اس کو دیکھیں گے

لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿٤٦﴾

لَمْ	يَلْبَثُوْا	اِلَّا	عَشِيَّةً	اَوْ	ضُحٰىهَا
نہیں	ٹھہرے وہ	مگر	ایک شام	یا	اس کی ایک صبح

(ایسا لگے گا) وہ نہیں ٹھہرے مگر ایک شام یا اس کی ایک صبح

ع ۲ ۲۰ ۴

آیاتُھا ۴۲ | ۸۰ = سُوْرَۃُ عَبَسَ مَکِّیَّۃٌ = ۲۴ | رُکُوْعُھَا ۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓی ۝۱ اَنْ جَآءَہُ الْاَعْمٰی ۝۲ وَمَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّہٗ یَزَّكّٰٓی ۝۳

عَبَسَ	وَتَوَلّٰی	اَنْ	جَآءَہُ	الْاَعْمٰی	وَمَا	یُدْرِیْكَ	لَعَلَّہٗ	یَزَّكّٰٓی
تیوری چڑھائی	اور منہ موڑ لیا	کہ	آیا اسکے پاس	ایک نابینا	اور کیا	خبر آپؐ کو	شاید وہ	سنور جاتا

تیوری چڑھائی اور منہ موڑ لیا کہ اس کے پاس ایک نابینا آیا، اور آپؐ کو کیا خبر شاید وہ سنور جاتا،

اَوْ یَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَہُ الذِّكْرٰی ۝۴ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰی ۝۵ فَاَنْتَ لَہٗ

اَوْ	یَذَّكَّرُ	فَتَنْفَعَہُ	الذِّكْرٰی	اَمَّا	مَنِ	اسْتَغْنٰی	فَاَنْتَ	لَہٗ
یا	نصیحت مانتا	اسے نفع پہنچاتا	نصیحت کرنا	اور جو	جس	بے پروائی کی	تو آپؐ	اس کے لئے

یا نصیحت مانتا تو نصیحت کرنا اسے نفع پہنچاتا۔ اور جس نے بے پروائی کی آپؐ اس کے لئے

تَصَدّٰی ۝۶ وَمَا عَلَیْكَ اَلَّا یَزَّكّٰی ۝۷ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ یَسْعٰی ۝۸ وَھُوَ

تَصَدّٰی	وَمَا	عَلَیْكَ	اَلَّا	یَزَّكّٰی	وَاَمَّا	مَنْ	جَآءَكَ	یَسْعٰی	وَھُوَ
فکر کرتے ہو	اور نہیں	آپؐ پر	اگر نہ	وہ سنورے	اور جو	جو	آیا آپؐ کے پاس	دوڑتا	اور وہ

فکر کرتے ہیں۔ اور آپؐ پر (کوئی الزام) نہیں اگر وہ نہ سنورے۔ اور جو آپؐ کے پاس دوڑتا ہوا آیا، اور وہ

یَخْشٰی ۝۹ فَاَنْتَ عَنْہُ تَلَھّٰی ۝۱۰ كَلَّآ اِنَّھَا تَذْكِرَۃٌ ۝۱۱ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَہٗ ۝۱۲

یَخْشٰی	فَاَنْتَ	عَنْہُ	تَلَھّٰی	كَلَّآ	اِنَّھَا	تَذْكِرَۃٌ	فَمَنْ	شَآءَ	ذَكَرَہٗ
ڈرتا ہے	تو آپؐ	اس سے	تغافل کرتے ہو	ہرگز نہیں	یہ تو	نصیحت	سو جو	چاہے	اس سے نصیحت قبول کرے

ڈرتا بھی ہے تو آپؐ اس سے تغافل کرتے ہیں۔ ہرگز نہیں یہ تو (کتاب) نصیحت ہے۔ سو جو چاہے اس سے نصیحت قبول کرے

فِیْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَۃٍ ۝۱۳ مَّرْفُوْعَۃٍ مُّطَھَّرَۃٍ ۝۱۴ بِاَیْدِیْ سَفَرَۃٍ ۝۱۵

فِیْ	صُحُفٍ	مُّكَرَّمَۃٍ	مَّرْفُوْعَۃٍ	مُّطَھَّرَۃٍ	بِاَیْدِیْ	سَفَرَۃٍ
میں	صحیفے (اوراق)	باعزت	بلند مرتبہ	انتہائی پاکیزہ	ہاتھوں میں	لکھنے والے

باعزت اوراق میں، بلند مرتبہ، انتہائی پاکیزہ، لکھنے والے ہاتھوں میں

كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿١٦﴾ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿١٧﴾ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿١٨﴾

كِرَامٍ	بَرَرَةٍ	قُتِلَ	الْاِنْسَانُ	مَآ اَكْفَرَهٗ	مِنْ	اَيِّ	شَيْءٍ	خَلَقَهٗ
بزرگ	نیکوکار	مارا جائے	انسان	کیسا ناشکرا	سے	کس	چیز	اسے پیدا کیا

بزرگ، نیکوکار لوگ - انسان مارا جائے کیسا ناشکرا ہے۔ اس (اللہ) نے اسے کس چیز سے پیدا کیا؟

مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿١٩﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ﴿٢٠﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿٢١﴾

مِنْ	نُّطْفَةٍ	خَلَقَهٗ	فَقَدَّرَهٗ	ثُمَّ	السَّبِيْلَ	يَسَّرَهٗ	ثُمَّ	اَمَاتَهٗ	فَاَقْبَرَهٗ
سے	نطفہ	اسکو پیدا کیا	اسے اندازہ پر رکھا	پھر	راہ	اسکو آسان کر دیا	پھر	اسے مُردہ کیا	پھر اسے قبر میں رکھوایا

اس کو ایک نُطفہ سے پیدا کیا، پھر اُسے اندازہ پر رکھا، پھر اس کی راہ آسان کر دی، پھر اس کو مُردہ کیا، پھر اسے قبر میں رکھوایا

ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿٢٢﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿٢٣﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ

ثُمَّ	اِذَا	شَآءَ	اَنْشَرَهٗ	كَلَّا	لَمَّا	يَقْضِ	مَا	اَمَرَهٗ	فَلْيَنْظُرِ	الْاِنْسَانُ
پھر	جب	چاہا	اسے نکالا	ہرگز نہیں	ابھی تک	پورا کیا	جو	اس کو حکم دیا	پس چاہیئے کہ دیکھے	انسان

پھر جب چاہا اس کو نکالا۔ اس نے ہرگز پورا نہ کیا جو اس نے اس کو حکم دیا۔ پس چاہیئے کہ انسان دیکھ لے

اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿٢٤﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿٢٥﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿٢٦﴾

اِلٰى	طَعَامِهٖٓ	اَنَّا	صَبَبْنَا	الْمَآءَ	صَبًّا	ثُمَّ	شَقَقْنَا	الْاَرْضَ	شَقًّا
طرف (کو)	اپنا کھانا	کہ ہم	اوپر سے ڈالا	پانی	گرتا ہوا	پھر	پھاڑا (چیرا)	زمین	پھاڑ کر

اپنے کھانے کو، ہم نے اوپر سے گرتا ہوا پانی ڈالا، پھر زمین کو پھاڑ کر چیرا،

فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿٢٧﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿٢٨﴾ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿٢٩﴾ وَّحَدَآئِقَ

فَاَنْۢبَتْنَا	فِيْهَا	حَبًّا	وَّعِنَبًا	وَّقَضْبًا	وَّزَيْتُوْنًا	وَّنَخْلًا	وَّحَدَآئِقَ
پھر ہم نے اُگایا	اس میں	غلّہ	اور انگور	اور ترکاری	اور زیتون	اور کھجور	اور باغات

پھر ہم نے اس میں اُگایا غلّہ، اور انگور، اور ترکاری، اور زیتون، اور کھجور، اور باغات

غُلْبًا ﴿٣٠﴾ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿٣١﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿٣٢﴾ فَاِذَا جَآءَتِ

غُلْبًا	وَّفَاكِهَةً	وَّاَبًّا	مَّتَاعًا	لَّكُمْ	وَلِاَنْعَامِكُمْ	فَاِذَا	جَآءَتِ
گھنے	اور میوہ	اور چارہ	فائدہ	تمہارے لئے	اور تمہارے چوپایوں کے لئے	پھر جب	آئے

گھنے، اور میوہ، اور چارہ تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدہ کے لئے پھر جب آئے

الصَّآخَّةُ ﴿٣٣﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿٣٤﴾ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ﴿٣٥﴾ وَصَاحِبَتِهٖ

الصَّآخَّةُ	يَوْمَ	يَفِرُّ	الْمَرْءُ	مِنْ	اَخِيْهِ	وَاُمِّهٖ	وَاَبِيْهِ	وَصَاحِبَتِهٖ
کان پھوڑنے والی	جس دن	بھاگے	آدمی	سے	اپنے بھائی	اور اپنی ماں	اور اپنا باپ	اور اپنی بیوی

کان پھوڑنے والی جس دن بھاگے آدمی اپنے بھائی، اپنی ماں، اور اپنے باپ، اور اپنی بیوی سے

وَبَنِيْهِ ﴿٣٦﴾ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿٣٧﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ

وَبَنِيْهِ	لِكُلِّ	امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	يَوْمَئِذٍ	شَاْنٌ	يُّغْنِيْهِ	وُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ
اور اپنے بیٹے	واسطے ہر ایک	آدمی	اُن سے	اُس دن	حالت (فکر)	اسے کافی ہوگی	بہت چہرے	اُس دن

اور اپنے بیٹے سے۔ اس دن اُن میں سے ہر ایک آدمی کو ایک فکر ہے جو اسے کافی ہوگا۔ اس دن بہت سے چہرے

مُّسْفِرَةٌ ﴿٣٨﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿٣٩﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿٤٠﴾

مُّسْفِرَةٌ	ضَاحِكَةٌ	مُّسْتَبْشِرَةٌ	وَوُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ	عَلَيْهَا	غَبَرَةٌ
چمکتے	ہنستے	خوشیاں مناتے	اور بہت چہرے	اس دن	اُن پر	غبار

چمکتے، ہنستے اور خوشیاں مناتے ہوں گے، اور اس دن بہت سے چہروں پر غبار ہوگا

تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿٤١﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿٤٢﴾

تَرْهَقُهَا	قَتَرَةٌ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْكَفَرَةُ	الْفَجَرَةُ
چھائی ہوئی	سیاہی	یہی لوگ	وہ	کافر	گنہگار

سیاہی چھائی ہوئی (ہوگی) یہی لوگ ہیں کافر گنہگار۔

اٰیاتُھا ۲۹ | ۸۱ = سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ = ۷ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ﴿١﴾ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ﴿٢﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ﴿٣﴾

اِذَا	الشَّمْسُ	كُوِّرَتْ	وَاِذَا	النُّجُوْمُ	انْكَدَرَتْ	وَاِذَا	الْجِبَالُ	سُيِّرَتْ
جب	سورج	لپیٹ دیا جائے	اور جب	ستارے	ماند پڑ جائیں	اور جب	پہاڑ	چلائے جائیں

جب سورج لپیٹ دیا جائے، اور جب ستارے ماند پڑ جائیں، اور جب پہاڑ چلائے جائیں،

وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۴ وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ۵ وَاِذَا الْبِحَارُ

وَاِذَا	الْعِشَارُ	عُطِّلَتْ	وَاِذَا	الْوُحُوْشُ	حُشِرَتْ	وَاِذَا	الْبِحَارُ
اور جب	دس ماہ کی گابھن اونٹنیاں	چھوٹی پھریں	اور جب	وحشی جانور	اکٹھے کئے جائیں	اور جب	دریا

اور جب دس ماہ کی گابھن اونٹنیاں چھوٹی پھریں، اور جب وحشی جانور اکٹھے کئے جائیں، اور جب دریا

سُجِّرَتْ ۶ وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۷ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۸

سُجِّرَتْ	وَاِذَا	النُّفُوْسُ	زُوِّجَتْ	وَاِذَا	الْمَوْءٗدَةُ	سُئِلَتْ
بھڑکائے جائیں	اور جب	جانیں	جوڑے باندھے جائیں	اور جب	زندہ گاڑی ہوئی لڑکی	پوچھا جائے

بھڑکائے جائیں، اور جب جانوں کے جوڑے باندھے جائیں، اور جب زندہ گاڑی ہوئی (زندہ درگور) لڑکی سے پوچھا جائے

بِاَیِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۹ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۱۰ وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۱۱

بِاَیِّ	ذَنْۢبٍ	قُتِلَتْ	وَاِذَا	الصُّحُفُ	نُشِرَتْ	وَاِذَا	السَّمَآءُ	كُشِطَتْ
کس	گناہ	ماری گئی	اور جب	اعمال نامے	کھولے جائیں	اور جب	آسمان	کھال کھینچ لی جائے

وہ کس گناہ میں ماری گئی؟ اور جب اعمالنامے کھولے جائیں، اور جب آسمان کی کھال کھینچ لی جائے

وَاِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ۱۲ وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۱۳ عَلِمَتْ نَفْسٌ

وَاِذَا	الْجَحِيْمُ	سُعِّرَتْ	وَاِذَا	الْجَنَّةُ	اُزْلِفَتْ	عَلِمَتْ	نَفْسٌ
اور جب	جہنم	بھڑکائی جائے	اور جب	جنت	قریب لائی جائے	جان لے گا	ہر شخص

اور جب جہنم بھڑکائی جائے، اور جب جنت قریب لائی جائے ہر شخص جان لے گا

مَّآ اَحْضَرَتْ ۱۴ فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۱۵ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۱۶ وَالَّيْلِ

مَآ	اَحْضَرَتْ	فَلَآ اُقْسِمُ	بِالْخُنَّسِ	الْجَوَارِ	الْكُنَّسِ	وَالَّيْلِ
جو کچھ	وہ لایا	سو میں قسم کھاتا ہوں	پیچھے ہٹ جانے والے	سیدھے چلنے والے	چھپ جانے والے	اور رات

وہ جو کچھ لایا ہے۔ سو میں قسم کھاتا ہوں (ستارے کی) پیچھے ہٹ جانے والے، سیدھے چلنے والے، چھپ جانے والے اور رات کی

اِذَا عَسْعَسَ ۱۷ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ۱۸ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۱۹

اِذَا	عَسْعَسَ	وَالصُّبْحِ	اِذَا	تَنَفَّسَ	اِنَّهٗ	لَقَوْلُ	رَسُوْلٍ	كَرِيْمٍ
جب	پھیل جائے	اور صبح	جب	دم بھرے	بیشک یہ	کلام	قاصد	عزت والا

جب وہ پھیل جائے، اور صبح کی جب دم بھرے (نمودار ہو) بیشک یہ (قرآن) کلام ہے عزت والے قاصد (فرشتہ) کا

ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ﴿۲۰﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ﴿۲۱﴾ وَمَا صَاحِبُكُمْ

ذِيْ قُوَّةٍ	عِنْدَ	ذِي الْعَرْشِ	مَكِيْنٍ	مُطَاعٍ	ثَمَّ اَمِيْنٍ	وَمَا صَاحِبُكُمْ
قوت والا	نزدیک	عرش کے مالک	بلند مرتبہ	سب کا مانا ہوا	وہاں کا امانتدار	اور نہیں تمہارا رفیق

قوت والا، عرش کے مالک کے نزدیک بلند مرتبہ، سب کا مانا ہوا، وہاں کا امانتدار۔ اور تمہارے رفیق (حضرت محمدؐ)

بِمَجْنُوْنٍ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿۲۳﴾ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿۲۴﴾

بِمَجْنُوْنٍ	وَلَقَدْ رَاٰهُ	بِالْاُفُقِ	الْمُبِيْنِ	وَمَا هُوَ	عَلَى الْغَيْبِ	بِضَنِيْنٍ
دیوانہ	اور اس نے اس کو دیکھا ہے	کنارہ پر	کھلا	اور نہیں وہ	غیب پر	بخل کرنے والا

کچھ دیوانے نہیں اور اُس (محمدؐ) نے اِس (فرشتہ) کو کھلے (آسمان) کے کنارہ پر دیکھا اور وہ غیب پر بخل کرنے والے نہیں۔

وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۲۵﴾ فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

وَمَا هُوَ	بِقَوْلِ	شَيْطٰنٍ	رَّجِيْمٍ	فَاَيْنَ	تَذْهَبُوْنَ	اِنْ هُوَ	اِلَّا ذِكْرٌ
اور نہیں	کہا ہوا	شیطان	مردود	پھر کدھر	تم جا رہے ہو	نہیں وہ	مگر نصیحت

اور یہ (قرآن) شیطان مردود کا کہا ہوا نہیں، پھر تم کدھر جا رہے ہو؟ یہ نہیں ہے مگر (کتاب) نصیحت

لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ﴿۲۸﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ

لِلْعٰلَمِيْنَ	لِمَنْ	شَآءَ	مِنْكُمْ	اَنْ	يَّسْتَقِيْمَ	وَمَا تَشَآءُوْنَ
تمام جہانوں کے لئے	لئے + جو	چاہے	تم سے	کہ	وہ سیدھا چلے	اور تم نہ چاہو گے

تمام جہانوں کے لئے، تم میں سے جو بھی چاہے کہ وہ سیدھا راستہ چلے، اور تم نہ چاہو گے

ا ع ۲۹ ۶

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۹﴾

اِلَّا	اَنْ	يَّشَآءَ	اللّٰهُ	رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ
مگر	یہ کہ	چاہے	اللہ	رب	تمام جہان

مگر یہ کہ جو تمام جہانوں کا رب چاہے۔

اٰيَاتُهَا ۱۹ | سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ = ۸۲ | ۸۲ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

إِذَا السَّمَآءُ انفَطَرَتْ ۝١ وَإِذَا الْكَوَاكِبُ انتَثَرَتْ ۝٢ وَإِذَا الْبِحَارُ

إِذَا	السَّمَآءُ	انفَطَرَتْ	وَإِذَا	الْكَوَاكِبُ	انتَثَرَتْ	وَإِذَا	الْبِحَارُ
جب	آسمان	پھٹ جائے	اور جب	ستارے	جھڑ پڑیں	اور جب	دریا

جب آسمان پھٹ جائے ، اور جب ستارے جھڑ پڑیں ، اور جب دریا

فُجِّرَتْ ۝٣ وَإِذَا الْقُبُورُ بُعْثِرَتْ ۝٤ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ

فُجِّرَتْ	وَإِذَا	الْقُبُورُ	بُعْثِرَتْ	عَلِمَتْ	نَفْسٌ	مَا	قَدَّمَتْ
اُبل پڑیں (بہہ نکلیں)	اور جب	قبریں	کریدی جائیں	جان لے	ہر شخص	کیا	اس نے آگے بھیجا

اُبل پڑیں ، اور جب قبریں کریدی جائیں ، ہر شخص جان لے گا اس نے آگے کیا بھیجا ؟

وَأَخَّرَتْ ۝٥ يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ ۝٦ الَّذِي

وَأَخَّرَتْ	يَا أَيُّهَا	الْإِنسَانُ	مَا غَرَّكَ	بِرَبِّكَ	الْكَرِيمِ	الَّذِي
اور پیچھے چھوڑا	اے	انسان	کس چیز نے تجھے دھوکہ دیا	اپنے رب سے	کریم	جس نے

اور پیچھے (کیا) چھوڑا ؟ اے انسان تجھے اپنے رب کریم کے بارہ میں کس چیز نے دھوکہ دیا جس نے

خَلَقَكَ فَسَوَّاكَ فَعَدَلَكَ ۝٧ فِي أَيِّ صُورَةٍ مَّا شَاءَ رَكَّبَكَ ۝٨ كَلَّا

خَلَقَكَ	فَسَوَّاكَ	فَعَدَلَكَ	فِي	أَيِّ صُورَةٍ	مَا شَاءَ	رَكَّبَكَ	كَلَّا
تجھے پیدا کیا	پھر تجھے ٹھیک کیا	پھر برابر کیا	میں	جس صورت	چاہا	تجھے جوڑ دیا	ہرگز نہیں

تجھے پیدا کیا، پھر ٹھیک کیا، پھر برابر کیا، جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا ۔ ہرگز نہیں ،

بَلْ تُكَذِّبُونَ بِالدِّينِ ۝٩ وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ ۝١٠ كِرَامًا كَاتِبِينَ ۝١١

بَلْ	تُكَذِّبُونَ	بِالدِّينِ	وَإِنَّ	عَلَيْكُمْ	لَحَافِظِينَ	كِرَامًا	كَاتِبِينَ
بلکہ	تم جھٹلاتے ہو	جزا و سزا کا دن	اور بیشک	تم پر	نگہبان	عزت والے	لکھنے والے

بلکہ تم جزا و سزا کے دن (قیامت) کو جھٹلاتے ہو، اور بیشک تم پر نگہبان (مقرر) ہیں عزت والے (اعمال) لکھنے والے

يَعْلَمُونَ مَا تَفْعَلُونَ ۝١٢ إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ۝١٣ وَإِنَّ الْفُجَّارَ

يَعْلَمُونَ	مَا تَفْعَلُونَ	إِنَّ	الْأَبْرَارَ	لَفِي	نَعِيمٍ	وَإِنَّ	الْفُجَّارَ
وہ جانتے ہیں	جو تم کرتے ہو	بیشک	نیک لوگ	میں	جنت	اور بیشک	گنہگار

جو تم کرتے ہو وہ جانتے ہیں ۔ بیشک نیک لوگ جنت میں ہوں گے ۔ اور بیشک گنہگار

لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿١٤﴾ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿١٥﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ﴿١٦﴾

لَفِيْ	جَحِيْمٍ	يَّصْلَوْنَهَا	يَوْمَ الدِّيْنِ	وَمَا هُمْ	عَنْهَا	بِغَآئِبِيْنَ
میں	جہنم	ڈالے جائیں گے اس میں	روزِ جزا و سزا (قیامت)	اور وہ نہیں	اس سے	غائب (جدا ہونے والے)

جہنم میں ہوں گے۔ اس میں روزِ جزا و سزا (قیامت کے دن) ڈالے جائیں گے اور وہ اس سے جدا ہونے والے نہ ہوں گے۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿١٧﴾ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿١٨﴾

وَ مَآ اَدْرٰىكَ	مَا	يَوْمُ الدِّيْنِ	ثُمَّ	مَا	اَدْرٰىكَ	مَا	يَوْمُ الدِّيْنِ
اور تمہیں کیا خبر	کیا	روزِ جزا و سزا	پھر	کیا	تمہیں خبر	کیا	روزِ جزا و سزا

اور تمہیں کیا خبر روزِ جزا و سزا کیا ہے؟ پھر تمہیں کیا خبر روزِ جزا و سزا کیا ہے؟

ع ۱ ۱۹ ۷

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ؕ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿١٩﴾

يَوْمَ	لَا تَمْلِكُ	نَفْسٌ	لِّنَفْسٍ	شَيْـًٔا	وَالْاَمْرُ	يَوْمَئِذٍ	لِّلّٰهِ
جس دن	مالک نہ ہوگا	کوئی شخص	کسی شخص کے لئے	کچھ	اور حکم	اس دن	اللہ کے لئے

جس دن کوئی شخص کسی شخص کا مالک نہ ہوگا (کچھ بھلا نہ کر سکے گا) اس دن حکم اللہ ہی کا ہوگا۔

اٰیاتُھا ۳۶ | ۸۳ = سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ مَكِّيَّةٌ = ۸۶ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، اور رحم کرنے والا ہے

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ﴿١﴾ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ﴿٢﴾

وَيْلٌ	لِّلْمُطَفِّفِيْنَ	الَّذِيْنَ	اِذَا اكْتَالُوْا	عَلَى	النَّاسِ	يَسْتَوْفُوْنَ
خرابی	کمی کرنے والوں کے لئے	وہ جو کہ	جب ماپ کر لیں	(پر دسے)	لوگ	پورا بھر لیں

خرابی ہے کمی کرنے والوں کے لئے، جو (لوگوں سے) ماپ کر لیں تو پورا بھر کر لیں،

وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ﴿٣﴾ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ

وَاِذَا	كَالُوْهُمْ	اَوْ	وَّزَنُوْهُمْ	يُخْسِرُوْنَ	اَلَا	يَظُنُّ	اُولٰٓئِكَ	اَنَّهُمْ
اور جب	ماپ کر دیں	وہ	یا تول کر دیں	گھٹا کر دیں	کیا نہیں	خیال کرتے	یہ لوگ	کہ وہ

اور جب (دوسروں کو) ماپ کر یا تول کر دیں تو گھٹا کر دیں۔ کیا یہ لوگ خیال نہیں کرتے کہ وہ

مَّبْعُوْثُوْنَ ۙ﴿۴﴾ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۙ﴿۵﴾ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ﴿۶﴾

مَبْعُوْثُوْنَ	لِيَوْمٍ	عَظِيْمٍ	يَوْمَ	يَقُوْمُ	النَّاسُ	لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
اٹھائے جانے والے ہیں	ایک دن	بڑا	دن	کھڑے ہونگے	لوگ	رب کے سامنے	تمام جہان

اٹھائے جانے والے ہیں ایک بڑے دن، جس دن لوگ کھڑے ہوں گے تمام جہانوں کے رب کے سامنے۔

كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ؕ﴿۷﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ؕ﴿۸﴾

كَلَّآ	اِنَّ	كِتٰبَ	الْفُجَّارِ	لَفِيْ	سِجِّيْنٍ	وَمَا	اَدْرٰىكَ	مَا سِجِّيْنٌ
ہرگز نہیں	بیشک	اعمال نامہ	بدکار	البتہ میں	سجین	اور کیا	خبر ہے تجھے	کیا ہے سجین

ہرگز نہیں، بیشک بدکاروں کا اعمال نامہ سجین میں ہے۔ اور تجھے کیا خبر سجین کیا ہے؟

كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ؕ﴿۹﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۙ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ

كِتٰبٌ	مَّرْقُوْمٌ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	الَّذِيْنَ	يُكَذِّبُوْنَ
ایک دفتر	لکھا ہوا	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	جو لوگ	جھٹلاتے ہیں

ایک لکھا ہوا دفتر (نوشتہ) اس دن خرابی ہے جھٹلانے والوں کے لئے، جو لوگ جھٹلاتے ہیں

بِيَوْمِ الدِّيْنِ ؕ﴿۱۱﴾ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۙ﴿۱۲﴾ اِذَا تُتْلٰى

بِيَوْمِ الدِّيْنِ	وَمَا يُكَذِّبُ	بِهٖ	اِلَّا	كُلُّ	مُعْتَدٍ	اَثِيْمٍ	اِذَا	تُتْلٰى
روزِ جزا و سزا کو	اور نہیں جھٹلاتا	اس کو	مگر	ہر	حد سے بڑھ جانیوالا	گنہگار	جب	پڑھی جائیں

روزِ جزا و سزا کو۔ اور اُسے نہیں جھٹلاتا مگر ہر حد سے بڑھ جانے والا گنہگار، جب پڑھی جاتی ہیں

عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ؕ﴿۱۳﴾ كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

عَلَيْهِ	اٰيٰتُنَا	قَالَ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	كَلَّا	بَلْ	رَانَ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ
اس پر	ہماری آیتیں	کہے	کہانیاں	پہلے	ہرگز نہیں	بلکہ	زنگ پکڑ گیا ہے	پر	اُن کے دل

اُس پر ہماری آیتیں تو کہے یہ پہلوں کی کہانیاں ہیں۔ ہرگز نہیں، بلکہ زنگ پکڑ گیا ہے ان کے دلوں پر

مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ؕ﴿۱۴﴾ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ؕ﴿۱۵﴾ ثُمَّ

مَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	كَلَّآ	اِنَّهُمْ	عَنْ	رَّبِّهِمْ	يَوْمَئِذٍ	لَّمَحْجُوْبُوْنَ	ثُمَّ
جو	وہ کماتے تھے	ہرگز نہیں	بیشک وہ	سے	اپنا رب	اس دن	روک دیئے جائیں گے	پھر

جو وہ کماتے تھے۔ ہرگز نہیں، وہ اس دن اپنے رب سے روک دیئے جائیں گے۔ پھر

إِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيمِ ﴿١٦﴾ ثُمَّ يُقَالُ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿١٧﴾

إِنَّهُمْ	لَصَالُوا	الْجَحِيمِ	ثُمَّ	يُقَالُ	هَٰذَا	الَّذِي	كُنتُم	بِهِ	تُكَذِّبُونَ
بیشک وہ	داخل ہونیوالے	جہنم	پھر	کہا جائیگا	یہ	وہ جو کہ	تم تھے	اس کو	تم جھوٹ جانتے

بیشک وہ جہنم میں داخل ہونے والے ہیں۔ پھر کہا جائے گا یہ وہی ہے جس کو تم جھوٹ جانتے تھے۔

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ ﴿١٨﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ ﴿١٩﴾ كِتَابٌ

كَلَّا	إِنَّ	كِتَابَ	الْأَبْرَارِ	لَفِي	عِلِّيِّينَ	وَمَا	أَدْرَاكَ	مَا عِلِّيُّونَ	كِتَابٌ
ہرگز نہیں	بیشک	اعمالنامہ	نیک لوگ	البتہ ہیں	علیین	اور کیا	تجھے خبر	کیا علیین	ایک دفتر

ہرگز نہیں، بیشک نیک لوگوں کا اعمالنامہ "علیین" میں ہے۔ اور تجھے کیا خبر علیین کیا ہے؟ ایک دفتر ہے

مَّرْقُومٌ ﴿٢٠﴾ يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢١﴾ إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ﴿٢٣﴾

مَّرْقُومٌ	يَشْهَدُهُ	الْمُقَرَّبُونَ	إِنَّ	الْأَبْرَارَ	لَفِي نَعِيمٍ	عَلَى	الْأَرَائِكِ	يَنظُرُونَ
لکھا ہوا	دیکھتے ہیں	نزدیک والے	بیشک	نیک بندے	البتہ نعمت آرام میں	پر	تخت (جمع)	دیکھتے ہوں گے

لکھا ہوا (اسے) دیکھتے ہیں (اللہ کے) مقرب (نزدیک والے) بیشک نیک بندے آرام میں تختوں (مسندوں) پر دیکھتے ہوں گے،

تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ ﴿٢٥﴾

تَعْرِفُ	فِي	وُجُوهِهِمْ	نَضْرَةَ	النَّعِيمِ	يُسْقَوْنَ	مِن	رَّحِيقٍ	مَّخْتُومٍ
تو پہچان لے گا	میں	ان کے چہرے	تروتازگی	نعمت کی	انہیں پلائی جاتی ہے	سے	خالص شراب	سربمہر

تو ان کے چہروں پر نعمت کی تروتازگی پائے گا۔ انہیں پلائی جاتی ہے خالص شراب، سربمہر،

خِتَامُهُ مِسْكٌ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهُ مِن

خِتَامُهُ	مِسْكٌ	وَفِي	ذَٰلِكَ	فَلْيَتَنَافَسِ	الْمُتَنَافِسُونَ	وَمِزَاجُهُ	مِن
اُس کی مہر	مشک	اور میں	اس	چاہیئے رغبت کریں	رغبت کرنے والے	اس کی آمیزش	سے

اس کی مہر مشک پر جمی ہوئی، اور چاہیئے کہ رغبت کرنے والے اس میں رغبت کریں۔ اور اس میں آمیزش ہے

تَسْنِيمٍ ﴿٢٧﴾ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا

تَسْنِيمٍ	عَيْنًا	يَشْرَبُ	بِهَا	الْمُقَرَّبُونَ	إِنَّ	الَّذِينَ	أَجْرَمُوا
تسنیم	ایک چشمہ	پیتے ہیں	اس سے	مقرب	بیشک	وہ لوگ جو	جرم کیا انہوں نے

"تسنیم" کی، یہ ایک چشمہ ہے جس سے مقرب پیتے ہیں۔ بیشک جن لوگوں نے جرم کیا (گنہگار)

كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَاِذَا

كَانُوْا	مِنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	يَضْحَكُوْنَ	وَاِذَا	مَرُّوْا	بِهِمْ	يَتَغَامَزُوْنَ	وَاِذَا
وہ تھے	سے (پر)	جو ایمان لائے (مومن)	ہنستے	اور جب	گزرتے	اُن سے	آنکھ مارتے	اور جب

وہ مومنوں پر ہنستے تھے ۔ اور جب اُن سے ہو کر گزرتے تو آنکھ مارتے ۔ اور جب

انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

انْقَلَبُوْا	اِلٰى	اَهْلِهِمُ	انْقَلَبُوْا	فَكِهِيْنَ	وَاِذَا	رَاَوْهُمْ	قَالُوْٓا	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ
وہ لوٹتے	طرف	اپنے گھر والے	لوٹتے	ہنستے (باتیں بناتے)	اور جب	اُنہیں دیکھتے	کہتے	بیشک	یہ لوگ

وہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹتے تو ہنستے (باتیں بناتے) لوٹتے ۔ اور جب اُنہیں دیکھتے تو کہتے بیشک یہ لوگ

لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۲﴾ وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ

لَضَآلُّوْنَ	وَمَآ اُرْسِلُوْا	عَلَيْهِمْ	حٰفِظِيْنَ	فَالْيَوْمَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	مِنَ	الْكُفَّارِ
گمراہ (جمع)	اور نہیں بھیجے گئے	ان پر	نگہبان	پس آج	ایمان والے	سے (پر)	کافر (جمع)

گمراہ ہیں، اور وہ اُن پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجے گئے ۔ پس آج ایمان والے کافروں پر ﴿۳۴﴾

ع ۱ ۳۶ ۸ يَضْحَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ

يَضْحَكُوْنَ	عَلَى	الْاَرَآئِكِ	يَنْظُرُوْنَ	هَلْ	ثُوِّبَ	الْكُفَّارُ	مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ
ہنستے ہیں	پر	تخت	دیکھتے ہیں	کیا	بدلہ دیا گیا	کافر (جمع)	جو وہ کرتے تھے

ہنستے ہیں تختوں (مسہریوں) پر بیٹھے دیکھتے ہیں ۔ کافروں نے اب بدلہ پایا ہے جیسا کہ وہ کرتے تھے ۔

اٰیاتُھا ۲۵ | ۸۴ = سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ = ۸۳ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿۳﴾

اِذَا	السَّمَآءُ	انْشَقَّتْ	وَاَذِنَتْ	لِرَبِّهَا	وَحُقَّتْ	وَاِذَا	الْاَرْضُ	مُدَّتْ
جب	آسمان	پھٹ جائے گا	اور سُن لے گا	اپنے رب کا	اور اسی لائق ہے	اور جب	زمین	پھیلا دی جائے گی

جب آسمان پھٹ جائے گا اور وہ اپنے رب کا (حکم) سُن لے گا اور وہ اسی لائق ہے، اور جب زمین پھیلا دی جائے گی،

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝٤ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝٥ يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ

وَاَلْقَتْ	مَا فِيْهَا	وَتَخَلَّتْ	وَاَذِنَتْ	لِرَبِّهَا	وَحُقَّتْ	يٰٓاَيُّهَا	الْاِنْسَانُ
اور نکال ڈالے گی	جو اس میں ہے	اور خالی ہو جائے گی	اور سن لے گا	اپنے رب کا	اور اسی لائق ہے	اے	انسان

اور جو کچھ اس میں ہے وہ اسے نکال ڈالے گی، اور خالی ہو جائے گی، اور اپنے رب کا (حکم) سن لے گی اور اسی لائق ہے، اے انسان

اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۝٦ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۝٧

اِنَّكَ	كَادِحٌ	اِلٰى	رَبِّكَ	كَدْحًا	فَمُلٰقِيْهِ	فَاَمَّا	مَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيْنِهٖ
بیشک تو	تکلیف اٹھانے والا	طرف	اپنا رب	خوب تکلیف	پھر اس کو ملنا ہے	پس	جو	دیا گیا	اسکا اعمالنامہ	اس کے دائیں ہاتھ میں

بیشک تو اپنے رب کی طرف (پہنچنے میں) خوب تکلیف اٹھانے والا ہے پھر اسکو ملنا ہے پس جس کو اس کا اعمالنامہ دائیں ہاتھ میں دیا گیا

فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۝٨ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝٩ وَاَمَّا

فَسَوْفَ	يُحَاسَبُ	حِسَابًا	يَّسِيْرًا	وَّيَنْقَلِبُ	اِلٰٓى	اَهْلِهٖ	مَسْرُوْرًا	وَاَمَّا
پس عنقریب	حساب لیا جائے گا	حساب	آسان	اور لوٹے گا	طرف	اپنے اہل	خوش خوش	اور وہ

پس اس سے عنقریب آسان حساب لیا جائے گا، اور وہ اپنے اہل کی طرف خوش خوش لوٹے گا - اور

مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۝١٠ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۝١١ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ۝١٢

مَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	وَرَآءَ	ظَهْرِهٖ	فَسَوْفَ	يَدْعُوْا	ثُبُوْرًا	وَّيَصْلٰى	سَعِيْرًا
جو	دیا گیا	اس کا اعمالنامہ	پیچھے	اس کی پشت	پس عنقریب	مانگے گا	موت	اور داخل ہوگا	آگ

جس کو اس کا اعمالنامہ اس کی پیٹھ پیچھے سے دیا گیا، وہ عنقریب موت مانگے گا، اور جہنم میں داخل ہوگا -

اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝١٣ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۝١٤ بَلٰٓى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ

اِنَّهٗ	كَانَ	فِيْٓ	اَهْلِهٖ	مَسْرُوْرًا	اِنَّهٗ	ظَنَّ	اَنْ	لَّنْ يَّحُوْرَ	بَلٰٓى	اِنَّ رَبَّهٗ
بیشک وہ	تھا	میں	اپنے اہل	خوش وخرم	بیشک اس	گمان کیا	کہ	ہرگز نہ لوٹے گا	کیوں نہیں	بیشک اس کا رب

بیشک وہ اپنے اہل میں خوش وخرم تھا - اس نے گمان کیا تھا کہ وہ ہرگز نہ لوٹے گا - کیوں نہیں؟ اس کا رب بیشک

كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ۝١٥ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝١٦ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝١٧ وَالْقَمَرِ اِذَا

كَانَ	بِهٖ	بَصِيْرًا	فَلَآ اُقْسِمُ	بِالشَّفَقِ	وَالَّيْلِ	وَمَا	وَسَقَ	وَالْقَمَرِ	اِذَا
تھا	اس کو	دیکھنے والا	سو میں قسم کھاتا ہوں	شام کی سرخی	اور رات	اور جو	سمٹ آتی ہے	اور چاند	جب

اسے دیکھتا تھا - سو میں قسم کھاتا ہوں شام کی سرخی کی اور رات کی اور جو اس میں سمٹ آتی ہے اور چاند کی جب

معانقہ ۱۷

اتَّسَقَ ﴿۱۸﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿۱۹﴾ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۲۰﴾

اتَّسَقَ	لَتَرْكَبُنَّ	طَبَقًا	عَنْ	طَبَقٍ	فَمَا	لَهُمْ	لَا يُؤْمِنُونَ
وہ مکمل ہو جائے	تم کو ضرور چڑھنا ہے	ایک درجہ	سے	درجہ	سو کیا	انہیں	وہ ایمان نہیں لاتے

وہ مکمل ہو جائے، تم کو درجہ بدرجہ ضرور چڑھنا ہے۔ سو انہیں کیا ہو گیا ہے کہ وہ ایمان نہیں لاتے ؟

وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ ﴿۲۱﴾ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا

وَإِذَا	قُرِئَ	عَلَيْهِمُ	الْقُرْآنُ	لَا يَسْجُدُونَ	بَلِ	الَّذِينَ كَفَرُوا
اور جب	پڑھا جاتا ہے	ان پر	قرآن	وہ سجدہ نہیں کرتے	بلکہ	جن لوگوں نے کفر کیا (منکر)

اور جب اُن پر قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ سجدہ نہیں کرتے، بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا (منکر)

يُكَذِّبُونَ ﴿۲۲﴾ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ ﴿۲۳﴾ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿۲۴﴾

يُكَذِّبُونَ	وَاللَّهُ	أَعْلَمُ	بِمَا	يُوعُونَ	فَبَشِّرْهُمْ	بِعَذَابٍ	أَلِيمٍ
وہ جھٹلاتے ہیں	اور اللہ	خوب جانتا ہے	جو	بھر رکھتے ہیں	سو انہیں خوشخبری سُنا	عذاب کی	دردناک

وہ جھٹلاتے ہیں، اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ (دلوں میں) بھر رکھتے ہیں، سو انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سُنا

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿۲۵﴾

إِلَّا	الَّذِينَ آمَنُوا	وَعَمِلُوا	الصَّالِحَاتِ	لَهُمْ	أَجْرٌ	غَيْرُ مَمْنُونٍ
سوائے	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے کام کئے	اچھے	انکیلئے	اجر	نہ ختم ہونے والا

سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے ان کے لئے ختم نہ ہونے والا اجر ہے۔

سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ مَكِّيَّةٌ = ۸۵

اٰيَاتُهَا ۲۲ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ ﴿۱﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ ﴿۲﴾ وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ ﴿۳﴾

وَالسَّمَاءِ	ذَاتِ الْبُرُوجِ	وَالْيَوْمِ	الْمَوْعُودِ	وَشَاهِدٍ	وَمَشْهُودٍ
قسم آسمان کی	بُرجوں والا	اور دن کی	وعدہ کئے ہوئے	اور حاضر ہونیوالا	اور جہاں حاضر ہوتے ہیں

بُرجوں والے آسمان کی قسم، اور وعدہ کئے ہوئے دن کی اور حاضر ہونے والے (دن) کی اور جہاں حاضر ہوتے ہیں،

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ﴿۴﴾ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۙ﴿۵﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۙ﴿۶﴾

قُتِلَ	اَصْحٰبُ	الْاُخْدُوْدِ	النَّارِ	ذَاتِ	الْوَقُوْدِ	اِذْ هُمْ	عَلَيْهَا	قُعُوْدٌ
ہلاک کردیئے گئے	والے	خندق (جمع)	آگ	والی	ایندھن	جب وہ	اس پر	بیٹھے تھے

ہلاک کر دیئے گئے خندقوں والے، ایندھن والی آگ والے، جب وہ اس پر بیٹھے تھے،

وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ؕ﴿۷﴾ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّاۤ اَنْ

وَهُمْ	عَلٰى	مَا	يَفْعَلُوْنَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	شُهُوْدٌ	وَمَا نَقَمُوْا	مِنْهُمْ	اِلَّاۤ	اَنْ
اور وہ	پر	جو	وہ کرتے تھے	مومنوں کے ساتھ	دیکھتے	اور نہیں بدلہ لیا	ان سے	مگر	کہ

اور وہ جو مومنوں کے ساتھ کرتے (اپنی آنکھوں سے) دیکھتے۔ اور انہوں نے (مومنوں سے) بدلہ نہیں لیا مگر اس بات کا

يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿۸﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

يُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ	الَّذِيْ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
وہ ایمان لائے	اللہ پر	غالب	تعریفوں والا	وہ جو کہ	اسکے لئے	بادشاہت	آسمان (جمع)	اور زمین

کہ اللہ پر ایمان لائے جو غالب ہے تعریفوں والا، جس کی بادشاہت ہے آسمانوں اور زمین میں،

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ؕ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	شَهِيْدٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	فَتَنُوا	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ
اور اللہ	پر	ہر	چیز	سامنے (باخبر)	بیشک	وہ جو	تکلیفیں دیں	مومن (جمع) مرد	مومن عورتیں

اور اللہ ہر چیز پر باخبر ہے۔ بیشک جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو تکلیفیں دیں

ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ؕ﴿۱۰﴾ اِنَّ

ثُمَّ	لَمْ يَتُوْبُوْا	فَلَهُمْ	عَذَابُ	جَهَنَّمَ	وَلَهُمْ	عَذَابُ	الْحَرِيْقِ	اِنَّ
پھر	انہوں نے توبہ نہ کی	تو ان کیلئے	عذاب	جہنم	اور ان کے لئے	عذاب	جلنا	بیشک

پھر انہوں نے توبہ نہ کی تو ان کے لئے جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لئے جلنے کا عذاب ہے۔ بیشک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	جَنّٰتٌ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهَا
جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	ان کے لئے	باغات	جاری ہیں	سے	ان کے نیچے

جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے اچھے عمل کئے، ان کے لئے باغات ہیں، جن کے نیچے جاری ہیں

الْاَنْهٰرُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ؕ﴿۱۱﴾ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ؕ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ

الْاَنْهٰرُ	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْكَبِيْرُ	اِنَّ	بَطْشَ	رَبِّكَ	لَشَدِيْدٌ	اِنَّهٗ
نہریں	یہ	کامیابی	بڑی	بیشک	پکڑ	تمہارا رب	بڑی سخت	بیشک وہ

نہریں، یہ بڑی کامیابی ہے۔ بیشک تمہارے رب کی پکڑ بڑی سخت ہے ، بیشک ﴿۱۵﴾

هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۚ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۙ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ

هُوَ	يُبْدِئُ	وَيُعِيْدُ	وَهُوَ	الْغَفُوْرُ	الْوَدُوْدُ	ذُو الْعَرْشِ	الْمَجِيْدُ
وہی	پہلی بار پیدا کرتا ہے	اور لوٹاتا ہے	اور وہ	بخشنے والا	محبت والا	عرش والا (مالک)	بڑی بزرگی والا

وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے اور (وہی) لوٹاتا ہے اور وہی بخشنے والا، محبت کرنیوالا ہے، عرش کا مالک بڑی بزرگی والا ہے ،

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ؕ﴿۱۶﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ۙ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ؕ﴿۱۸﴾

فَعَّالٌ	لِّمَا	يُرِيْدُ	هَلْ	اَتٰىكَ	حَدِيْثُ	الْجُنُوْدِ	فِرْعَوْنَ	وَثَمُوْدَ
کر ڈالنے والا	جو	وہ چاہے	کیا	تجھ تک آئی (پہنچی)	بات	لشکر (جمع)	فرعون	اور ثمود

جو وہ چاہے کر ڈالنے والا ہے۔ کیا تمہارے پاس لشکروں کی بات (خبر) پہنچی، فرعون اور ثمود کی

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ۙ﴿۱۹﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ۚ﴿۲۰﴾

بَلِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فِيْ	تَكْذِيْبٍ	وَاللّٰهُ	مِنْ	وَّرَآئِهِمْ	مُّحِيْطٌ
بلکہ	وہ جو کہ	انہوں نے کفر کیا	میں	جھٹلانا	اور اللہ	سے	ان کے ہر طرف	گھیرے ہوئے

بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا (کافر) جھٹلانے میں (لگے ہوئے ہیں) اور اللہ انہیں ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۙ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾

بَلْ	هُوَ	قُرْاٰنٌ	مَّجِيْدٌ	فِيْ	لَوْحٍ	مَّحْفُوْظٍ
بلکہ	وہ	قرآن	بڑی بزرگی والا	میں	لوح	محفوظ

بلکہ یہ قرآن بڑی بزرگی والا ہے، لوح محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے۔

اٰيَاتُهَا ۲۲ | سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ = ۸۶ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝١ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۝٢ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝٣

وَالسَّمَآءِ	وَالطَّارِقِ	وَمَآ اَدْرٰىكَ	مَا الطَّارِقُ	النَّجْمُ	الثَّاقِبُ
قسم آسمان کی	اور رات کو آنے والے کی	اور تم نے کیا سمجھا	کیا ہے طارق ؟	ستارا	چمکتا ہوا

قسم ہے آسمان کی، اور "طارق" (رات کو آنے والے کی) اور تم نے کیا سمجھا "طارق" کیا ہے ؟ چمکتا ہوا ستارا۔

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝٤ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝٥

اِنْ	كُلُّ	نَفْسٍ	لَّمَّا	عَلَيْهَا	حَافِظٌ	فَلْيَنْظُرِ	الْاِنْسَانُ	مِمَّ	خُلِقَ
نہیں	کوئی	جان	مگر	اس پر	نگہبان	چاہیئے کہ دیکھے	انسان	کس چیز سے	پیدا کیا گیا

کوئی جان نہیں جس پر (کوئی) نگہبان نہ ہو۔ اور انسان کو چاہیئے کہ دیکھے وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ؟

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝٦ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝٧ اِنَّهٗ

خُلِقَ	مِنْ	مَّآءٍ	دَافِقٍ	يَّخْرُجُ	مِنْ	بَيْنِ	الصُّلْبِ	وَالتَّرَآئِبِ	اِنَّهٗ
وہ پیدا کیا گیا	سے	پانی	اُچھلتا ہوا	نکلتا ہے	سے	درمیان	پیٹھ	اور سینہ	بیشک وہ

وہ پیدا کیا گیا اُچھلتے ہوئے پانی سے، وہ نکلتا ہے پیٹھ اور سینے کے درمیان سے۔ بیشک وہ (اللہ)

عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝٨ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝٩ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝١٠

عَلٰى	رَجْعِهٖ	لَقَادِرٌ	يَوْمَ	تُبْلَى	السَّرَآئِرُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ	قُوَّةٍ	وَّلَا	نَاصِرٍ
پر	اسکو دوبارہ لوٹانا	قادر	دن	جانچے جائینگے	راز	تو نہ	اسکے لئے	سے	قوت	اور نہ	مددگار

اسکو دوبارہ لوٹانے پر قادر ہے جس دن (لوگوں کے) راز جانچے جائیں گے، تو نہ اسے (انسان) کو کوئی قوت ہوگی اور نہ مددگار۔

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝١١ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝١٢ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝١٣

وَالسَّمَآءِ	ذَاتِ الرَّجْعِ	وَالْاَرْضِ	ذَاتِ الصَّدْعِ	اِنَّهٗ	لَقَوْلٌ	فَصْلٌ
قسم آسمان کی	بارش والا	اور زمین کی	پھٹ جانے والی	بیشک وہ	کلام	فیصلہ کر دینے والا

قسم آسمان کی بارش والا، اور زمین کی پھٹ جانے والی بیشک وہ کلام ہے فیصلہ کر دینے والا،

وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝١٤ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝١٥ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝١٦ فَمَهِّلِ

وَمَا	هُوَ	بِالْهَزْلِ	اِنَّهُمْ	يَكِيْدُوْنَ	كَيْدًا	وَّاَكِيْدُ	كَيْدًا	فَمَهِّلِ
اور نہیں	وہ	بیہودہ بات	بیشک وہ	تدبیر کرتے ہیں	تدبیر	اور میں تدبیر کرتا ہوں	ایک تدبیر	پس ڈھیل دو

اور وہ بیہودہ بات نہیں۔ بیشک وہ (طرح طرح کی) تدبیریں کرتے ہیں، اور میں (بھی) ایک تدبیر کرتا ہوں۔ پس ڈھیل دو

الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾ ع ۱ ۱۷ ۱۱

الْكٰفِرِيْنَ	اَمْهِلْهُمْ	رُوَيْدًا	
کافر (جمع)	ڈھیل دو انہیں	تھوڑی	

کافروں کو تھوڑی ڈھیل ۔

اٰیاتُھا ۱۹ | ۸۷ = سُوْرَةُ الْاَعْلٰی مَکِّیَّةٌ = ۸ | رُکُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اور اللہ کے نام سے جو بہت مہربان رحم کرنے والا ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ﴿۱﴾ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۲﴾ وَالَّذِيْ قَدَّرَ

سَبِّحِ	اسْمَ	رَبِّكَ	الْاَعْلَى	الَّذِيْ	خَلَقَ	فَسَوّٰى	وَالَّذِيْ	قَدَّرَ
پاکیزگی بیان کر	نام	اپنا رب	سب سے بلند	جس نے	پیدا کیا	پھر ٹھیک کیا	اور جس نے	اندازہ ٹھہرایا

پاکیزگی بیان کر اپنے سب سے بلند رب کے نام کی، جس نے پیدا کیا پھر ٹھیک کیا ، اور جس نے اندازہ ٹھہرایا

فَهَدٰى ﴿۳﴾ وَالَّذِيْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ﴿۴﴾ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ﴿۵﴾

فَهَدٰى	وَالَّذِيْ	اَخْرَجَ	الْمَرْعٰى	فَجَعَلَهٗ	غُثَآءً	اَحْوٰى
پھر راہ دکھائی	اور جس نے	نکالا (اگایا)	چارا	پھر اسے کر دیا	خشک	سیاہ

پھر راہ دکھائی ، اور جس نے چارا اُگایا ، پھر اسے خشک سیاہ کر دیا۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ﴿۶﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ﴿۷﴾

سَنُقْرِئُكَ	فَلَا تَنْسٰى	اِلَّا	مَا	شَآءَ اللّٰهُ	اِنَّهٗ	يَعْلَمُ	الْجَهْرَ	وَمَا	يَخْفٰى
ہم جلد پڑھائیں گے آپ کو	پھر نہ بھولیں گے آپ	مگر	جو	اللہ چاہے	بیشک وہ	جانتا ہے	ظاہر	اور جو	پوشیدہ

ہم جلد آپ کو پڑھائیں گے، پھر آپ نہ بھولیں گے، مگر جو اللہ چاہے، بیشک وہ جانتا ہے ظاہر بھی اور پوشیدہ بھی۔

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ﴿۸﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ﴿۹﴾ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۰﴾

وَنُيَسِّرُكَ	لِلْيُسْرٰى	فَذَكِّرْ	اِنْ	نَّفَعَتِ	الذِّكْرٰى	سَيَذَّكَّرُ	مَنْ	يَّخْشٰى
اور ہم آپکو سہولت دینگے	آسان طریقہ	پس سمجھا دیں	اگر	نفع دے	سمجھانا	جلد سمجھ جائے گا	جو	ڈرتا ہے

اور ہم آپ کو آسان طریقہ کی سہولت دیں گے، پس آپ سمجھا دیں اگر سمجھانا نفع دے، جو ڈرتا ہے وہ جلد سمجھ جائے گا،

وَيَتَجَنَّبُهَا الْأَشْقَى ﴿١١﴾ الَّذِي يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَىٰ ﴿١٢﴾ ثُمَّ لَا يَمُوتُ

وَيَتَجَنَّبُهَا	الْأَشْقَى	الَّذِي	يَصْلَى	النَّارَ	الْكُبْرَىٰ	ثُمَّ	لَا يَمُوتُ
اور پہلو تہی کرے گا اس سے	بدبخت	جو	داخل ہوگا	آگ	بہت بڑی	پھر	نہ مرے گا وہ

اور اس سے بدبخت پہلو تہی کرے گا ، جو بہت بڑی آگ میں داخل ہوگا - پھر نہ مرے گا وہ

فِيهَا وَلَا يَحْيَىٰ ﴿١٣﴾ قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكَّىٰ ﴿١٤﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّىٰ ﴿١٥﴾

فِيهَا	وَلَا يَحْيَىٰ	قَدْ أَفْلَحَ	مَن	تَزَكَّىٰ	وَذَكَرَ	اسْمَ	رَبِّهِ	فَصَلَّىٰ
اس میں	اور نہ جیئے گا	یقیناً اس نے فلاح پائی	جو	پاک ہوا	اور یاد کیا	نام	اپنا رب	پھر نماز پڑھی

اس میں اور نہ جیئے گا - یقیناً اس نے فلاح پائی جو پاک ہوا اور اس نے اپنے رب کا نام یاد کیا ، پھر نماز پڑھی -

بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ﴿١٦﴾ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿١٧﴾ إِنَّ هَٰذَا

بَلْ	تُؤْثِرُونَ	الْحَيَاةَ	الدُّنْيَا	وَالْآخِرَةُ	خَيْرٌ	وَأَبْقَىٰ	إِنَّ	هَٰذَا
بلکہ	بڑھاتے ہو (ترجیح)	زندگی	دنیا	اور آخرت	بہتر	اور باقی رہنے والی	بیشک	وہ (یہ)

بلکہ تم دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو - اور (جبکہ) آخرت بہتر اور باقی رہنے والی ہے - بیشک یہ

لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ ﴿١٨﴾ صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ ﴿١٩﴾

لَفِي	الصُّحُفِ الْأُولَىٰ	صُحُفِ	إِبْرَاهِيمَ	وَمُوسَىٰ
میں	پہلے صحیفے	صحیفے	ابراہیمؑ	اور موسیٰؑ

پہلے صحیفوں میں ، ابراہیمؑ اور موسیٰؑ کے صحیفوں میں (لکھی ہوئی) ہے -

ع ۱ ۱۹ ۱۲

اٰیاتُھا ۲۶ | ۸۸ = سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ = ۶۸ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اور اللہ کے نام سے ، جو بہت مہربان ، رحم کرنے والا ہے

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ ﴿١﴾ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿٢﴾ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ﴿٣﴾

هَلْ أَتَاكَ	حَدِيثُ	الْغَاشِيَةِ	وُجُوهٌ	يَوْمَئِذٍ	خَاشِعَةٌ	عَامِلَةٌ	نَّاصِبَةٌ
کیا تمہارے پاس آئی	بات	ڈھانپنے والی	کتنے منہ	اُس دن	ذلیل و عاجز	عمل کرنے والے	مشقت اٹھانیوالے

کیا تمہارے پاس ڈھانپنے والی (قیامت) کی بات پہنچی ، کتنے ہی منہ اُس دن ذلیل و عاجز ہوں گے ، عمل کرنیوالے ، مشقت اٹھانے والے

تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۙ﴿۴﴾ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ؕ﴿۵﴾ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ

تَصْلٰى	نَارًا	حَامِيَةً	تُسْقٰى	مِنْ	عَيْنٍ	اٰنِيَةٍ	لَيْسَ	لَهُمْ	طَعَامٌ
داخل ہوں گے	آگ	دہکتی ہوئی	پلائے جائیں گے	سے	چشمہ	کھولتا ہوا	نہیں	ان کے لئے	کھانا

دہکتی ہوئی آگ میں داخل ہوں گے، ایک کھولتے ہوئے چشمے سے (پانی) پلائے جائیں گے، نہ ان کے لئے کھانا ہوگا

اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۙ﴿۶﴾ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ؕ﴿۷﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ

اِلَّا	مِنْ	ضَرِيْعٍ	لَا يُسْمِنُ	وَلَا يُغْنِيْ	مِنْ	جُوْعٍ	وُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ
مگر	سے	خاردار گھاس	نہ موٹا کرے گی	اور نہ بے نیاز کرے گی	سے	بھوک	کتنے منہ	اس دن

مگر خاردار گھاس سے، جو نہ موٹا کرے گی، نہ بھوک سے بے نیاز کرے گی۔ کتنے ہی منہ اس دن

نَّاعِمَةٌ ۙ﴿۸﴾ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۙ﴿۹﴾ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۙ﴿۱۰﴾ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا

نَّاعِمَةٌ	لِّسَعْيِهَا	رَاضِيَةٌ	فِيْ	جَنَّةٍ	عَالِيَةٍ	لَا تَسْمَعُ	فِيْهَا
تروتازہ	اپنی کوشش سے	خوش خوش	میں	باغ	بلند	وہ نہ سنیں گے	اس میں

تروتازہ ہوں گے اپنی کوشش (کمائی) سے خوش خوش، بلند باغ میں، اس میں وہ نہ سنیں گے

لَاغِيَةً ؕ﴿۱۱﴾ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۙ﴿۱۲﴾ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ۙ﴿۱۳﴾ وَّاَكْوَابٌ

لَاغِيَةً	فِيْهَا	عَيْنٌ	جَارِيَةٌ	فِيْهَا	سُرُرٌ	مَّرْفُوْعَةٌ	وَّاَكْوَابٌ
بیہودہ بکواس	اس میں	چشمہ	بہتا ہوا	اس میں	تخت	اونچے اونچے	اور آبخورے

بیہودہ بکواس، اس میں ایک بہتا ہوا چشمہ ہے۔ اس میں اونچے اونچے تخت ہیں، اور آبخورے

مَّوْضُوْعَةٌ ۙ﴿۱۴﴾ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ۙ﴿۱۵﴾ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ؕ﴿۱۶﴾ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ

مَوْضُوْعَةٌ	وَّنَمَارِقُ	مَصْفُوْفَةٌ	وَّزَرَابِيُّ	مَبْثُوْثَةٌ	اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ
چنے ہوئے	اور غالیچے	برابر بچھے ہوئے	اور گدّے	بکھرے ہوئے	کیا وہ نہیں دیکھتے؟

چنے ہوئے، اور غالیچے برابر بچھے ہوئے، اور گدّے بکھرے ہوئے (بچھے ہوئے) - کیا وہ نہیں دیکھتے؟

اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ۙ﴿۱۷﴾ وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ۙ﴿۱۸﴾ وَاِلَى الْجِبَالِ

اِلَى	الْاِبِلِ	كَيْفَ	خُلِقَتْ	وَ	اِلَى	السَّمَآءِ	كَيْفَ	رُفِعَتْ	وَاِلَى	الْجِبَالِ
طرف	اونٹ	کیسے	وہ پیدا کیا گیا	اور	طرف	آسمان	کیسے	بلند کیا گیا	اور طرف	پہاڑ (جمع)

اونٹ کی طرف کہ وہ کیسے پیدا کیا گیا اور (نہیں دیکھتے) آسمان کی طرف کیسے بلند کیا گیا؟ اور پہاڑ کی طرف (نہیں دیکھتے)

كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿١٩﴾ وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿٢٠﴾ فَذَكِّرْ ۖ إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿٢١﴾

كَيْفَ	نُصِبَتْ	وَ	إِلَى	الْأَرْضِ	كَيْفَ	سُطِحَتْ	فَذَكِّرْ	إِنَّمَا	أَنْتَ	مُذَكِّرٌ
کیسے	نصب کئے گئے	اور	طرف	زمین	کیسے	بچھائی گئی	پس سمجھاتے رہیں	صرف	آپ	سمجھانے والے

کیسے نصب کئے گئے؟ اور زمین کی طرف (نہیں دیکھتے) کیسے بچھائی گئی؟ پس آپ سمجھاتے رہیں آپ صرف سمجھانے والے ہیں۔

لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿٢٢﴾ إِلَّا مَنْ تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ ﴿٢٣﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ

لَسْتَ	عَلَيْهِمْ	بِمُصَيْطِرٍ	إِلَّا	مَنْ	تَوَلَّىٰ	وَكَفَرَ	فَيُعَذِّبُهُ	اللَّهُ
نہیں آپ	ان پر	داروغہ	مگر	جو۔جس	مُنہ موڑا	اور کفر کیا	پھر اسے عذاب دے گا	اللہ

آپ اُن پر داروغہ نہیں، مگر جس نے مُنہ موڑا اور کفر کیا (مُنکر ہو گیا) پھر اللہ اسے عذاب دے گا

ع ۱ ۲۶ ۱۳ النصف

الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ ﴿٢٤﴾ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿٢٦﴾

الْعَذَابَ	الْأَكْبَرَ	إِنَّ	إِلَيْنَا	إِيَابَهُمْ	ثُمَّ	إِنَّ	عَلَيْنَا	حِسَابَهُمْ
عذاب	بہت بڑا	بیشک	ہماری طرف	ان کا لوٹنا	پھر	بیشک	ہم پر	ان کا حساب

بہت بڑا عذاب۔ بیشک انہیں ہماری طرف لوٹنا ہے، پھر بیشک ہم پر ہے (ہمارا کام ہے) اُن کا حساب لینا۔

آیاتُہا ۳۰ | ۸۹ = سُورَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ = ۱۰ | رُكُوعُہا ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالْفَجْرِ ﴿١﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿٢﴾ وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴿٣﴾ وَاللَّيْلِ إِذَا يَسْرِ ﴿٤﴾ هَلْ

وَالْفَجْرِ	وَلَيَالٍ	عَشْرٍ	وَالشَّفْعِ	وَالْوَتْرِ	وَاللَّيْلِ	إِذَا	يَسْرِ	هَلْ
قسم فجر کی	اور راتوں کی	دس	اور جفت کی	اور طاق کی	اور رات کی	جب	چلے	کیا

قسم فجر کی، اور دس راتوں کی، اور جفت اور طاق کی، اور رات کی جب وہ چلے، کیا اس میں

فِي ذَٰلِكَ قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ ﴿٥﴾ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ﴿٦﴾ إِرَمَ

فِي	ذَٰلِكَ	قَسَمٌ	لِذِي حِجْرٍ	أَلَمْ تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِعَادٍ	إِرَمَ
میں	اس	قسم	ہر عقل مند کے نزدیک	کیا تم نے نہیں دیکھا	کیسا	معاملہ کیا	تمہارا رب	عاد کے ساتھ	اِرم

(ان چیزوں کی) قسم ہر عقلمند کے نزدیک معتبر ہے؟ کیا تم نے نہیں دیکھا تمہارے رب نے کیا معاملہ کیا؟ عاد کے ساتھ، اِرم کے

ذَاتِ الْعِمَادِ ۝٧ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۝٨ وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ

